اس کتاب کے تمام حق حقوق بموجب ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۴ء ملک چنن الدین کے نام محفوظ ہیں

سلسلہ تصوف نمبر ۹

العشق نار یحرق ماسوی اللہ

الحمد للہ کہ کتاب بےنظیر نظم و نثر دلپذیر گلدستہ گلستان یقین چراغ کاشانہ دین متین

موسوم بہ مثنوی

تحفۃ العاشقین

مع

تحفۃ العارفین

من تصنیف لطیف سالک حق پرست بادہ الست مقبول بارگاہ احد حضرت شاہ عبد الصمد قدس سرہ

جسے
اللہ والے کی قومی دکان مالک ملک چنن الدین خلف الرشید ملک فضل الدین کے تاجران کتب قومی
منزل نقشبندیہ
کوچہ کے زئیاں ــــــــ بازار کشمیری
منصور سٹیم پریس لاہور میں باہتمام سید لال شاہ پرنٹر کے چھپوایا
بار سوم قیمت فی جلد ایک روپیہ

- حاجی نامدار - سنجال شریف ضلع اٹک -

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد نامحدود و درود نامعدود معبودے را سزاست که جانِ عارفان را گلزارِ عرفان ساخت و شجرهٔ طیبهٔ شریعت و طریقت را بمولے اَصْلُهَا فِی الْاَرْضِ وَفَرْعُهَا فِی السَّمَآءِ سر باوج کمال افراخت دردمندانش بترنم این

این رباعی پرداخته رباعی

عشق ست که آن معزولِ دل و جانِ من است | برگِ من و عیشِ من و سامانِ من است
رمزے که توانم ز ثنائش گفتن | این است که دردِ من و درمانِ من است

و روح عاشقانش باین ترانه درساخته رباعی

نے جاہ و جلالِ کبریائے خواہم | نے دردِ ترا ہیچ دوائے خواہم
ہر کس ز درِ تو مطلبے مے خواہد | ما خسته دلاں ز تو ترا مے خواہیم

جمالش را در ہر ذرّہ جلوهٔ دیگر است و نورِ ذاتش را ہمه اشیاء مظہر بیت

ناقص و کامل مبیں اندر جہاں | مظہرش ہر جز و ہر کل مے شود

و تحیاتِ وافیات و صلواتِ ذاکیات محمودے را که ذاتِ کامل الصفاتش نور الانوار است و بہترین ظہرش ہر ذرّہ گار سینهٔ پاکان از تربیت و ہدایتش نورِ الٰہی و دل سالکان بتائیدِ ارشادش مخزنِ اسرارِ کماہی و رحمت و رضوان حضرت ایزد منّان بر آل و اصحاب والاشانش که پروانهٔ جمالِ باکمالِ او بیند و مناقب بآداب خصال او۔ اما بعد میگوید پشت بدیوار زاویهٔ خمول ضراعت و خاکساری حصول مجمع منقصتہاے بیحد و عد محمد عبد الصمد عفا عنه الاحد که من شکسته بال سرگشته حال مدتے مدید و زمانے بعید بمقتضاے این بیت

شو ہمدم پروانه تا سوختن آموزی | یا سوختگاں بنشیں شاید که تو ہم سوزی

پروانهٔ شمع دلاں و سوختهٔ وادی طلب درد حاصلاں بودم و میندم سینه بریاں و بے پایاں در صحراے طلب پویاں و صحبت کیمیا خاصیت سیماب دلاں جویاں تا دل را ازیں کار صبرے نه از تماشاے فیض دلے بارش ابرے تا اینکه بگوش دلم خبر رسید که مطلوب تو حاصل نتواند شد الّا از افادات و افاضات ہماے سالکین قدوة العارفین مخزنِ اسرارِ کماہی مطلعِ انوارِ الٰہی ہادیِ منازلِ طریقت بدرقهٔ مراحلِ حقیقت شاہبازِ اوجِ تجرید عنقاے قافِ تفرید

Marfat.com

برگزیدۂ اہلِ دل امامِ رہرواں بمنزل وصل سرحلقۂ عاشقانِ دلفگار حضرت شاہ نامدار کہ اکسیر سیماب دلاں ہمگی اضطراب اندوز رونق بخشِ سرزمین پنجاب بمجرد شنیدنِ ایں خبر شوق از عالم برنگے دیگر و شوقم بیشتر از بیشتر گردیدہ دلم برعزم جازم شد و در غایتِ شوق بایں قطعہ مترنّم قطعہ

آتشِ عشق کو کہ از اثرش	عقل را آتش بدفتر اندازد
کو عقابِ جنون کہ از سہمش	مرغِ ادراک شہپر اندازد
مستیٔ شور کو کہ نعرۂ من	واعظاں را از منبر اندازد
دلم از زہد درگذشت کنوں	طرح طورِ قلندر اندازد
عمرے کو کہ داد رُوح دہد	سرِ نفسِ ستمگر اندازد
لشکر آراست نفس کافرکیش	تا بملکِ کلم نگاور اندازد
کو علی تا بقتلِ ایں کفار	شور اللہ اکبر اندازد
مستیٔ عشق کو کہ از اثرش	عقل دستار از سر اندازد
یارب آں شاہ نامدار کجاست	کہ ز مشِ جاں بہ پیکر اندازد
نفسے گر بجسم مردہ دمد	نعرہ اش قصرِ قیصر اندازد
نعرۂ ھُو اگر زند در دل	گنبدِ چرخِ اخضر اندازد
وقت آں شد کہ از کرم نظرے	بر دل و جانِ مضطر اندازد
وقت آں شد کہ بر دلِ مردہ	نفسِ روح پرور اندازد
واصف ایں رہ زوکہ در قدمش	تحفۂ ایں محقّر اندازد
یعنی ایں تنگدست درپائش	از تہی مائگی سر اندازد

الحاصل در راہ آں مطلوب عاشقاں دویدم و از حصول خدمت سعادت آئینش بمقصود دل رسیدم از انجا کہ طبعِ من بر شیوۂ از خود رمیدگان مستانہ و متوحش از خویش و بیگانہ بود از صحبتِ خلق تجرد و از یار و اغیار رو تفرد میجستم تعلیم و ارشاد باینکارے و اندیشہ اخذ بیعت را و در دلم بارے بود آنجناب بوجہے از وجوہ در دلم ریختند کہ بتعلیم آنچہ درتست چرائے کوشی و از طالبانِ صداقت کیش ارادت اندیش چشم التفات چرا مے پوشی در اشاعت آئین مریدباش و بر فیض مبدار فیاض بمقتضائے وجوب طاعت امر خود را بکار اہل ارادت مصروف ساختم و طورِ قلندری و شیوۂ آزادی برانداختم و خواستم کہ برائے یاراں و محباں چیزے از آداب طریقت بزبان اُردو بطرز مثنوی بیان نمائم و بہ تبیین آنچہ از ضروریات است گرائیم تا دوستاں را یادگار و اہل شوق را معین و دستیار باشد و ایں مثنوی را تحفۃ العاشقین نام نہادم و برائے قبول دست دعا کشادم امید کہ صاحبدلان معنی بین و بزرگان کرم آئین چشم بر الفاظ و قوافی نکشایند و نظر عنایت منظر بمعنی نمایند و باللہِ التَّوْفِیْقُ وَ بِیَدِہٖ اَزِمَّۃُ التَّحْقِیْقِ +

Marfat.com

آغاز مثنوی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دستگیری کیجو اے میرے خدا
تا کہ کوئی دم نہ ہوں تجھ سے جدا

دمبدم ہوتا ہوں تجھ پر فدا
آرزو تجھ سے یہی ہے اے خدا

ہو زبان پر ذکر دل میں ہو حضور
ماسوا تیرے یہ دل ہو سب سے دور

بے حضورِ دل نہ لوں میں تیرا نام
جبکہ لوں میں ہو حضورِ دل تمام

ہر گھڑی ہر لحظہ ہو تیرا حضور
بیجہت بے کیف مجھ کو اے غفور

التجا کس سے کروں تیرے سوا
کون بر لاوے گا میرا مدّعا

نورِ وحدت کرے مجھ پر آشکار
بس یہی ہے مدّعا پروردگار

بیان وحدت و گفتن اَنا و لولۂ اوّل در سلوک

ماسوا تیرے ہو فانی سب خیال
یاں تلک ہستی کا رہنا ہو محال

معرفت کا جوش ہو منصور وار
پر نہ نکلے لفظ اَنا زینہار

اس دُعائے مست کو کیجو قبول
از برائے آل و اصحابِ رسول

جس پہ ظاہر رازِ لا ہو اے عزیز
پھر کہاں اثبات کا اس کو تمیز

بیشک اظہارِ یکی بھی ہے دوئی
مدّعی یہاں پر نہیں ہوتا کوئی

لا و الا سے بھی ہے نزدیک تر
پر نہیں تجھ کو خبر اے بے خبر

جس نے کی گفتار اس میں اے حبیب
وہ ہوا دونوں جہاں سے بے نصیب

کیونکہ ہے یہ خودپسندی ہوش کی
یہ نہیں ہے بات واں کے جوش کی

گر نہیں ہے وہم ہستی اے پسر — پھر انا سے کیا وہ توڑے بیخبر
جس کو ہو کچھ وہم ہستی کا گماں — وہ نہیں عارف ہے ہرگز اے جواں
بلکہ اس میں وہم ہے شرکِ خدا — عین جانے وہم سے ہو کر جدا
وہم ہستی کا ہے بس ایسا حجاب — یہ نہ ٹوٹے وار بن عالی جناب
مولوی نے بلکہ اس میں یوں لکھا — رازِ مخفی کُل دیا سب کو بتا
وہم کی کیا بات ہے اے بیخبر — مولوی کے قول پر کر ٹک نظر
جملہ معشوق است و عاشق پردۂ — زندہ معشوق است و عاشق مردۂ
چاہیئے کرنا تجھے یاں پر سکوت — یہ حدیث مُصطفےٰ سے ہے ثبوت
مَنْ سَکَتَ[۱] کو دل سے پڑھ تو اے عزیز — تجھ کو تا رمزِ خفی پر ہو تمیز
یعنی جس نے بند کی اپنی زبان — پا گیا اندھوں کے ہاتھوں سے امان
دیکھ کیا فرماتے ہیں عالی جناب — یعنی حضرت مصطفےٰ اے فیضیاب
قول[۲] اس کی عقل پر کر اے جواں — تا نہ ہو وہ رازِ حق سے بدگماں
دوسرا فرمان سُن اُس پاک کا — مرتبہ ہے جس کے باعث خاک کا
جس[۳] پہ کُھل جاتا ہے رازِ حق نہاں — بند ہو جاتی ہے بس اُس کی زباں
یاد رکھ اس بات کو اے جانِ من — خامشی اس جا پہ ہے گویا سخن
یوں کہو ہاتوں کو اپنے تخم اُٹھا — ماسوا اپنے تو مولا سب مٹا
سر بسر ہر شئے میں دیکھوں تیرا نور — دیکھ اُس کو سوختہ ہوں مثلِ طور
نیست تیرے روبرو ہوں اس قدر — جیسے پیشِ شمس ہوتا ہے قمر

[۱] حدیث شریف مَنْ سَکَتَ سَلِمَ وَمَنْ سَلِمَ نَجَا ✦ ترجمہ جو چپ رہا وہ سلامت رہا اور جو سلامت رہا اُس نے چھٹی پائی ✦
[۲] ایضاً کَلِّمُوا النَّاسَ مِمَّا یَعْرِفُوْنَ وَدَعُوْا مَا یُنْکِرُوْنَ تُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّکَذَّبَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ترجمہ لوگوں سے گفتگو ایسی چیز کی کرو کہ جس کو وہ جانتے ہوں اور جسکو وہ نہ جانتے ہوں اور جس کے وہ منکر ہوں اُسے چھوڑ دو کیا تم یہ چاہتے ہو کہ خدا اور رسول کی تکذیب ہو ✦
[۳] حدیث شریف۔ مَنْ عَرَفَ رَبَّہٗ کَلَّ لِسَانُہٗ ✦ ترجمہ جس نے اپنے رب کو پہچانا اُس کی زبان بند ہو جاتی ہے ✦

اس سے زائد تو نہ کیجو کچھ کلام ۔۔۔ نیست تو باقی خدا ہو والسلام
بھید یہ ہے فہم انسانی سے دور ۔۔۔ چاہیے خاموش رہنا ذی شعور
دیکھ فرماتے ہیں دانائے علوم ۔۔۔ مثنوی میں یعنی مولانائے روم
علم حق در علم صوفی گم شود ۔۔۔ این سخن کے باور مردم شود
راز حق کا گر ہے طالب اے پسر ۔۔۔ نیست کر ہستی کو جب ہو باخبر

در بیان انتشار دل و وسوسہ شیطان باز داشتن ازو

غیر کا دل میں نہ آنے دے خیال ۔۔۔ تا کہ ہووے نفس کافر پائمال
یاد رکھ اس بات کو اے ہوشیار ۔۔۔ جب تلک ہے غیر کب ہو وصل یار
یہ ہے کافر بلکہ اکفر ذی شعور ۔۔۔ روز و شب رکھتا ہے حق سے تجھ کو دور
دیکھ فرماتے ہیں یوں اہل عمل ۔۔۔ نفس نے ڈالا ہے دل میں کیا خلل
کاشکے ہرگز نہ زادے مادرم ۔۔۔ تا نہ کردے کشتہ نفس کافرم
کاشکے ہرگز نہ بودے نام من ۔۔۔ تا نبودے جنبش و آرام من
غیریت ہے سد انوار خدا ۔۔۔ دور کر اس کو شتاب اے باصفا
یوں کرو ہر وقت حق سے تم دعا ۔۔۔ تا کہ حاصل دل کا ہووے مدعا
نفس و شیطاں نے کیا ہم کو اسیر ۔۔۔ تو چھڑا ہم کو ہمارے دستگیر
سخت تر دشمن ہے شیطان لعیں ۔۔۔ مکر سے ہم اس کے کچھ واقف نہیں
جس کو ہم جانیں کہ ہے بیشک بھلا ۔۔۔ اس میں کرتا ہے ہمیں پھر مبتلا
یہ ہوا ہے انبیا سے دو بدو ۔۔۔ کیا بھلا پھر ہم ہیں اس کے روبرو
دام سے اس کے نہیں کوئی بچا ۔۔۔ ہووے گر دہ لاکھ دانا پر پھنسا
کیونکہ بچینگے مگر شیطاں کے فریق ۔۔۔ کب بچیں جب تک نہ ہووے توفیق

Marfat.com

گر تو آگہ اس سے ہم کو اے کریم ۔۔۔ تا سمجھ لیں مکر شیطان الرجیم
گر کریں نیکی تو بد دیوے رلا ۔۔۔ یا کریں کچھ بد تو کر دیوے بھلا
جس کا دشمن سخت ایسا ہو لعین ۔۔۔ ماسوا تیرے پناہ اُس کو نہیں
یا الٰہ العالمین بہرِ رسولؐ ۔۔۔ اس دُعا کو کیجیو میری قبول
گنجِ وحدت کا یہ مانع ہے لعین ۔۔۔ بند رکھتا ہے یہی چشمِ یقین
خود نمائی سے یہ پُر ہے بدگہر ۔۔۔ ماسوا اپنے نہیں کرتا نظر
اس سبب سے نورِ وحدت ہے چھپا ۔۔۔ ورنہ دیکھو تو وہی ہے جابجا
کونسا دل ہے کہ جس میں وہ نہیں ۔۔۔ پر نہیں ہے چشم تیری نور بیں
غور سے اس قول پر کر تو نظر ۔۔۔ مولوی فرماتے ہیں کیا با اثر

دربیانِ آیت نحن اقرب [1]

آنچہ تو گم کردہ رہ کرشہ کردۂ ۔۔۔ ہست اندر تو تو خود را پردۂ
پاسبانی دل کی کر تو اس قدر ۔۔۔ ماسوا حق کے نہ آوے کچھ نظر
غرق بحرِ وحدت ایسا ہو عزیز ۔۔۔ تا نہ ہو پھر این و آں کی کچھ تمیز
عارفانِ حق کی یہ ہے گفتگو ۔۔۔ جب تلک تو ہے نہیں ہے نورِ ہُو
اس کو کہتے معرفت ہیں عارفاں ۔۔۔ وہ عیاں ہو تو نہاں ہو اے جواں
سُن یہ فرماتے ہیں شاہِ بوعلی ۔۔۔ محرمِ رازِ خفی و ہم جلی
تا توئی کے یار گردد یارِ تو ۔۔۔ چوں نباشی یار باشد یارِ تو
جب تلک تو ہے نشاں اس کا کہاں ۔۔۔ نیست کر ہستی کو تا پاوے نشاں
گر تو پروانہ کی ہمت پر نظر ۔۔۔ واصلِ جاناں ہے جل کر سر بسر
ہے یہ پردہ تجھ سے اے محبوبِ من ۔۔۔ دُور کر خود کو تو دیکھے ذوالمنن

[1] ہم انسان کی رگِ گردن سے بھی زیادہ قریب ہیں +

وہ تو ہو نزدیک تو ہو اُس سے دور
یہ عجب ہے حال تیرا بے شعور

کیوں پڑا ہے دُور ہو نزدیک تو
دل ہی اُس کی کر ذرا تو جستجو

گرچہ ڈھونڈے عرش سے لے تا زمیں
راہِ حق دل کے سوا پائے نہیں

کیونکہ راہ اُس کی ہے دل ہی آشکار
دیکھ تو دل میں ذرا اے ہوشیار

دیکھ لے کیا لکھتے ہیں یہ مولوی
واقفِ ہر رمز و اسرارِ خفی

اے کماں از تیر ہا پر ساختہ
صید نزدیک ست دور انداختہ

نحن اقرب[1] کو نہیں سمجھا مگر
اس لئے اس بھید سے ہے بے خبر

عقلِ ظاہر بیں کو کر تو دل سے دُور
دیکھ تو پھر ہر طرف اُس کا ظہُور

عقلِ جزوی عقلِ ظاہر اے جواں
عقلِ کُلی عقلِ باطن بے گماں

عقلِ کُلی تھی نبی میں بس تمام
دیکھ فرماتے ہیں کیا خیر الانام

در بیان حدیث قدسی سمعہ الذی یسمع بہ

بعد فرض و واجب اے والا مقام
نفل پر جو لوگ کرتے ہیں مدام

حق[2] نے فرمایا ہے اُن کے واسطے
کان اور چشم و زباں ہو بر ملا

یہ مجرو معنیٰ لفظِ حدیث
کچھ نہیں تاویل اس میں اے خبیث

---

[1] قولہ تعالیٰ۔ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ٭ ترجمہ ہم انسان کی رگ گردن سے زیادہ قریب ہیں ٭

[2] حدیث قدسی۔ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْهِ وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اَحْبَبْتُهٗ فَکُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِهٖ وَبَصَرَهُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِهٖ وَیَدَهُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِهَا وَاِنْ سَاَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّهٗ وَلَئِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّهٗ وَمَا تَرَدَّدْتُ عَنْ شَیْءٍ اَنَا فَاعِلُهٗ تَرَدُّدِیْ عَنْ نَفْسِ الْمُؤْمِنِ یَکْرَهُ الْمَوْتَ وَاَنَا اَکْرَهُ مَسَاءَتَهٗ لَا بُدَّ لَهٗ مِنْهُ۔ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ ترجمہ جن چیزوں کو میں نے اپنے بندہ پر فرض کیا ہے ان سے بڑھکر کسی محبوب تر چیز سے میری طرف بندہ تقرب نہیں کرتا ہے اور نوافل سے میرا بندہ مدام مقرب ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو چاہنے لگتا ہوں پس ہو جاتا ہوں اس کا کان جس سے وہ سنتا ہے اور آنکھ جس سے وہ دیکھتا ہے اور ہاتھ جس سے وہ پکڑتا ہے اور پاؤں جس سے وہ چلتا ہے اور اگر مجھ سے کچھ مانگتا ہے تو میں یقیناً اس کو دیتا ہوں اور اگر پناہ چاہتا ہے تو پناہ دیتا ہوں اور مجھ کو کسی امر کے کرنے میں تردد نہیں ہوتا جتنا مومن کی جان کا تردد ہوتا ہے کہ اس کو موت بُری معلوم ہوتی ہے اور اس کی بُرائی مجھ کو بڑی معلوم ہوتی ہے اور موت بھی اس کیلئے ضرور ہے ٭

Marfat.com

یہ حدیثِ مصطفےٰ ہے تیغِ لا
نیست کرتی ہے دوئی کو اے فتا

یوں لکھا خاصانِ حق نے اپنا حال
فہم کر دل میں نہ کر کچھ قیل و قال

بحرِ وحدت میں ترے جو ہیں جواں
یہ وہ لا ہے وردِ وحدت بیگماں

لام میں جیسے الف اے بیخبر
اس طرح کثرت میں وحدت سربسر

یعنی کثرت نیست ہے وحدت بقا
ہے الف جیسے نہیں ہوتا ہے لا

لام لا اِلّا الف ہے اے جواں
لا ہے کثرت وحدت اِلّا بیگماں

لا فنا اِلّا بقا اے زشت خو
ہو کے لا پھر دیکھ جاناں سُو بسُو

پردہ اِلّا ہے لا اے بے خبر
توڑ اس کو دیکھ اِلّا سربسر

عین کثرت میں ہے یوں وحدت عیاں
جس طرح ہوتی ہے گُل میں بُو نہاں

بس ضمیرِ لا ہے لا معبود غیر
ہو کے حق میں تو ذرا کر دل کی سیر

لا کے قائل مشرکیں اے مردِ دیں
ہیں مقرِ اِلّا کے مومن بالیقیں

اس لیے واقع ہے اِلّا اے پسر
تا کہ ہووے کفر ان سے دور تر

لا کو اِلّا جانتے وہ بے نصیب
یہ تھا باعث کفر کا اُن کے حبیب

یعنی اِلّا کو کیا لا سے نہاں
اس قدر تھے محو لا وہ بدگماں

جو کرے اِلّا کو لا اے بے خبر
وہ ہے کافر دینِ حق میں سربسر

جو کریں اِلّا کو لا سے بس نہاں
وہ ہیں ذاتِ حق کے عارف بیگماں

ان کی ضد میں جو ہوا کافر ہوا
اُن کی ضد میں مومن ظاہر ہوا

فرق حالِ کافر و مغفور کا
ہے یہی فرعون اور منصور کا

تھا انا فرعون سے لا کی بقا
تھا انا منصور سے لا کی فنا

دیکھ فرماتے ہیں مولانا یہ راز
یعنی حضرت مولوئے پاکباز

گفت فرعونے انا الحق گشت پست
گفت منصورے انا الحق او برست

Marfat.com

این انا را رحمت اللہ اے محب ۔۔۔ واں انا را لعنت اللہ در عقب

زانکہ او سنگِ سیہ بود این عقیق ۔۔۔ آں عدوے نور بود و این عشیق

این انا گفت و زخود آزاد شد ۔۔۔ واں انا گفت و زخود برباد شد

جیسے پیشِ مشرکیں اِلّا نہاں ۔۔۔ ویسے نزدِ عارفاں اِلّا عیاں

جیسے نزدِ مشرکیں لا ہے عیاں ۔۔۔ ویسے نزدِ عارفاں لا ہے نہاں

لا کو لا جانتے ہیں مومن اے فتا ۔۔۔ لیک اِلّا سے سوا لا کا فنا

یعنی اِلّا کا ہے اُن پر یہ اثر ۔۔۔ غیر اِلّا ہے نہیں اُن کو خبر

مولوی نے کیا تاسف سے لکھا ۔۔۔ سُن کے گر پتھر ہو تُو تو ہے بجا

از چہ مہجوری و دُوری اے فلاں ۔۔۔ آہ از دستِ تو دارم صد فغاں

سنگ سے بھی ہے ترا دل سخت تر ۔۔۔ پھر بھلا ہو تجھ کو کیا پتھر اثر

چشمِ باطن میں نہیں ہے نیر نُور ۔۔۔ پھر بھلا ہو کس طرح تجھ کو حضور

دربیانِ درست کردنِ دل بوجہ حدیثِ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ

دل کو کر آراستہ اے مردِ دیں ۔۔۔ ماسوا اس کے نہیں راہِ متیں

جو عمل ہے دل سے بس بہتر ہے وہ ۔۔۔ گر نہیں دل سے تو بس اَبتر ہے وہ

گر نہیں دل پر ترے دیں کا اثر ۔۔۔ کیسے ہوں اعمال ظاہر معتبر

یوں[1] ہُوا فرمانِ حق اے ہوشمند ۔۔۔ ماسوا دل کے نہیں ہم کو پسند

جو عمل دل سے نہیں ہیں سب تلف ۔۔۔ لکھ گئے ہیں اس بیاں کو سب سلف

بلکہ[2] فرمایا نبی نے اے دغل ۔۔۔ جس کے دل میں ہے خلل سب ہیں خلل

[1] حدیث قدسی اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلَا اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ ترجمہ اللہ نہیں دیکھتا ہے تمہاری صورتوں کو اور عملوں کو بلکہ دیکھتا ہے تمہارے دلوں اور نیتوں کو۔ [2] وَاِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَاِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ کُلُّہٗ اَلَا وَھِیَ الْقَلْبُ ترجمہ جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے جب وہ اچھا ہوتا ہے تو تمام جسم اچھا ہو جاتا ہے اور جب وہ خراب ہوتا ہے تو تمام جسم خراب ہو جاتا ہے سنو وہ دل ہے

Marfat.com

دیکھ فرماتے ہیں مولانائے دین
مومنوں کو جس سے ہوتا ہے یقین

ما زباں را ننگریم و قال را
ما دروں را بنگریم و حال را

دل نہیں جب تک ترا ہو تا صفا
سب عبادت ہے تری بس ناروا

صاف دل کہتے ہیں اُس کو باکمال
ماسوا حق کے نہ ہو جس میں خیال

یعنی جو کچھ ہو وہ ہو بہرِ خدا
غیر سے دل میں نہ ہو چون و چرا

پھر کریں جو کچھ کہ وہ سب ہے درست
عشقِ حق سے وہ ہوئے چالاک و چست

ہر عبادت میں ہو پھر رنگ دگر
رنگ وہ عالم ہو جس سے بیخبر

دربیانِ ترجیح نمازِ اہلِ باطن بر اہلِ ظاہر

اُن کی دو رکعت ہوں تیری صد ہزار
بلکہ بہتر اس سے بھی اے نابکار

کیونکہ تو ہے اسم خوان و بے بصر
وہ ہیں بینائے مسمّٰے سر بسر

اُن سے کیا نسبت ہے تجھ کو اے ذلیل
تو انیس نفس وہ حق کے خلیل

تیرا ہمدم نفس و شیطانِ لعین
اُن کا ہمدم نورِ وحدت بالیقین

اُن کا سونا تیری بیداری سے پسر
روز و شب کا فرق ہے باہمدگر

گرسنہ ہوں وہ تو ہوں جبریل وار
ہو اگر تو مثل سگ ہو بدشعار

گر ہوں آسودہ تو ہوں شاغل برب
ہو اگر تو سگ ہو اے بے ادب

ہیں ترے ہمشکل لیکن وہ عزیز
بے ادب اُس سے ہوا تو بے تمیز

لاکھوں کافر پیشتر اس سے ہوئے
انبیا کو آپ سا جانا کئے

انبیا اور اولیا کو اے پسر
کہتے تھے مجنوں و ساحر یہ بتر

دیکھ کر یہ انبیا کا معجزا
کہتے تھے یہ سحر ہے سب برملا

ہو کرامت جب ولی سے اے عزیز
سحر جب جانا کئے یہ بے تمیز

Marfat.com

عشق حق سے منتشر ہو جس کا حال
یہ کہیں مجنون اُس کو بدخصال

راست فرماتے ہیں وہ عالی جناب
یعنی حضرت مولوی لے فیضیاب

اشقیا را دیدۂ بینا نبود
دید شاں در نیک و بد یکساں نبود

ہمسر بنے انبیا سے یہ تباہ
ہو گئے درگاہِ حق سے روسیاہ

آب و خور پر اُن کے تھا اُن کو خیال
بالباس ظاہری پر ذی خصال

یعنی جیسے وہ ہیں ویسے ہم ہیں سب
پھر کہاں سے آیا اُن پر فضلِ رب

مغز باطن پر نہ ہے اُن کو نظر
مثل سگ کے استخواں پر کی گذر

یہ نہ سمجھے دل میں اپنے بے بصر
علم باطن سے نہیں ہم کو خبر

کیونکہ علمِ غیب ہے علمِ خدا
غیر پر ہوتا نہیں ہرگز یہ وا

لفظ فضّلنا[1] سے غافل یہ لعیں
ہو گئے افضال حق سے بے یقیں

عقل کے نزدیک بھی اُن کی خصال
کُل کا ہونا ایک سا بس ہے محال

باوجود اِس کے شقی و مرتدین
مثل اپنے اُن کو جانیں بالیقیں

مثل اپنے جو اُنہیں جانے جواں
یہ شقاوت کا نشاں ہے بیگماں

دیکھ کیا لکھتے ہیں وہ عالی مقام
یعنی حضرت مولویِ نیک نام

کار پاکاں را قیاس از خود مگیر
گرچہ ماند در نبشتن شیر و شیر

یعنی صورت میں ہو مثلِ ہم وگر
فرق ہے اخلاص میں لیکن بسر

تیرے جو حسنات ہیں اے بے ادب
سیئات اُن کے ہیں بیشک سب کے سب

یعنی[2] ظالم مقتصد تم اے بتر
سابق الخیرات وہ ہیں سربسر

بے ادب ہونے سے تم پر یہ وبال
یعنی غالب نفس تم پر باکمال

[1] قولہ تعالیٰ۔ فَضَّلْنَا بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۔ ترجمہ ہم نے بزرگی دی ہے تم میں سے بعض کو بعض پر ۔

[2] قولہ تعالیٰ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ ۔ ترجمہ پس بعض ان میں سے اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں اور بعضے میانہ رو ہیں اور بعضے امور نیک کی طرف سبقت کرتے ہیں ۔

ہے شرف انساں کو از علم ادب — بے ادب ہوتے ہیں کب عالی نسب
۵۱ کیا نہیں ہے یہ حدیث مصطفےٰ — ظن ہو مومن کا ہو مومن سے بھلا
نفس نے لیکن کیا تم کو خراب — حشر میں دیکھو گے تم اس کا عذاب
۵۲ دوستی سے اُن کی ہو جنت نصیب — دشمنی سے اُن کے دوزخ ہو حبیب
یوں ہوا فرمان حق اے خوبرو — جو لڑا اُن سے وہ مجھ سے زشت خو
۵۳ دوستی اُن کی ہے جنت کی کلید — یہ حدیث مصطفےٰ ہے اے سعید
ہمنشیں ہو ایک دم گر با ادب — دیکھ کیا ہوتا ہے تجھ پر فضلِ رب
بے ادب پر فضلِ حق ہوتا نہیں — یاد رکھ اس بات کو اے مردِ دیں
بے ادب تنہا نہ ہووے بے ادب — باز رکھّے خلق کو از فضلِ رب
کیا لکھا ہے مولوی نے وعظ و پند — بے ادب کے حق میں سن اے ہوشمند
بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد — بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد
از خدا خواہیم توفیقِ ادب — بے ادب محروم گشت از فضلِ رب
ختم کر عاجز ادب کی گفتگو — بے ادب سنتا ہے کب اے نیکخو

۵۳ حدیث حُبُّ الْفُقَرَاءِ مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ + ت فقرا کی دوستی جنت کی کنجی ہے +

دربیان ادب

اب بیاں کر فرق ان دونوں کا تو — بے ادب اور با ادب کا ہو بہو
فعل دونوں ایک کرتے ہیں مدام — فرق اس میں سے نکال اے نیکنام
کیونکہ وہ ہے بے ادب اس کے سبب — جانتا ہے میں ہی کرتا ہوں سب
یعنی یہ جو دین کا کرتے ہیں کام — میں بھی کرتا ہوں ادا اس کو تمام

۵۱ حدیث ظَنُّوا الْمُؤْمِنِيْنَ خَيْرًا + ت مومن کو اچھا گمان کرو + ۵۲ حدیث قدسی عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلعم اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی قَالَ مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ الْحَرْبَ + ت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے جو کوئی کسی دوست میرے سے عداوت کرتا ہے تو میں اس سے لڑائی کرتا ہوں +

Marfat.com

یہ نہ سمجھے بے ادب وہ بے بصر ۔۔۔ کام وہ پر ہم نہیں ویسے بشر

یعنی جیسے ہے مرغن یہ طعام ۔۔۔ کھانے سے جس کے ہو قوت بس تمام

ایک کھاوے تو مرض ہیں اے پسر ۔۔۔ سم قاتل تجھ کو ہوا بے خبر

بلکہ جیسے تخم ہو اچھا بھلا ۔۔۔ پر زمین سخت میں بووے فتا

تخم ہو برباد محنت رائگاں ۔۔۔ پھر شجر کا ذکر کیا اے نیک دان

بس زمین دل ہے اُس سے سخت تر[۱] ۔۔۔ دیکھ فرماتا ہے حق اے بے خبر

یعنی پتھر سے زیادہ سخت ہے ۔۔۔ دل جو تیرا دیکھ یہ بدبخت ہے

یعنی بعضیں نہریں ہیں اُن سے مدام ۔۔۔ تو بھی ہے کچھ چشم تر اے نیکنام

شق ہو کر آب ہو اُن سے رواں ۔۔۔ خوف حق سے پھر گریں وہ بیگماں

سچ بتا ہوتا ہے دل پر کچھ اثر ۔۔۔ نام حق سنتا ہے جب اے بیخبر

دیکھ تو یہ گرتے ہیں سنگ عظیم ۔۔۔ کیوں نہیں گرتا ہے تو مرد سلیم

کیونکہ وہ ہے خوف واحد پر اثر ۔۔۔ پر نہیں تجھ پر اثر کیوں بے خبر

خوف حق میں کچھ نہیں ہرگز قصور ۔۔۔ لیک تیرے دل میں ہے اے بے شعور

سخت دل تیرا ہے یعنی کالحجر ۔۔۔ پھر بھلا ہو کس طرح تجھ پر اثر

دیکھ فرماتے یہ حضرت رسول[۲] ۔۔۔ گوش دل سے سن ذرا اے بوالفضول

قلب میں جس کے قساوت ہو پسر ۔۔۔ وہ خدا سے دور از بس دور تر

قلب قاسی توڑ لے مرد خدا ۔۔۔ نور وحدت دیکھ تو پھر جا بجا

---

[۱] قولہ تعالیٰ۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۔ ت پھر سخت ہو گئے تمہارے دل اس کے بعد تو وہ مثل پتھر کے ہیں یا اس سے بھی کڑے اور پتھروں میں بھی تو بعض میں سے نہریں نکلتی ہیں اور بعضوں میں سے پھٹ کر پانی نکلتا ہے اور بعضے خدا کے خوف سے گر پڑتے ہیں اور اللہ تمہارے کاموں سے غافل نہیں ۔

[۲] حدیث شریف وعن عمرؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْثِرُوا الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَسْوَةٌ لِّلْقَلْبِ اِنَّ اَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِيْ رواہ الترمذی ۔ ت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بغیر ذکر خدا کے بہت کلام مت کیا کرو کیونکہ بہت کلام کرنا بدوں ذکر خدا کے دل کو سخت کرتا ہے اور سب سے دور لوگوں میں اللہ سے

Marfat.com

جب تلک قسوت ہے تجھ میں اے جواں — گنج وحدت کا نہ ہو تجھ پر عیاں

مولوی کی یہ ہدایت اے پسر — سن کے اس کو کر عمل اے بے خبر

صورت سرکش گداراں کن بسنج — تا بہ بینی زیر او وحدت چو گنج

فرق تجھ میں اور اُن میں ہے عظیم — تو ہے با قسوت وہ ہیں مرد حلیم

لیک تُو ہے چشم دل سے بے بصر — اُن کے نورِ دل سے ہے تُو بے خبر

صاف دل روشن ہیں وہ با آب و تاب — نورِ ایماں کے ہیں گویا آفتاب

یعنی روشن دیں ہے اُن سے اے جواں — لیک ہیں وہ چشم شپر سے نہاں

ہو زمیں کی جس قدر ناپاک خاک — شمس کے پرتو سے ہو جاتی ہے پاک

آفتاب آسماں سے اے پسر — آفتاب معرفت ہے تیز تر

اُس سے جلتی ہے نجاست ظاہری — اِس سے خبث باطنی اے متقی

وہ کرے ہے دور ظلمات زمیں — یہ منور دل کرے اے نازنیں

اس کا پرتو گر تو لے اے زشت خو — دین کا تو بھی ہو پھر ایک ماہرو

لیک تو خفاش ہے اے بدشعار — آفتاب معرفت سے تجھ کو عار

یعنی باطن کی نجاست یہ تمام — اُس کے پرتو سے جلے اے نیکنام

جانتا ہے کون ہے وہ آفتاب — جس کی یہ ہے گفتگو عالی جناب

دیکھ وہ ہے نورِ حق اور نور بیں — یعنی وہ ہے رحمت للعالمین

فیض اُس کا خاص ہے ایک عام ہے — فرق اس میں مثل صبح و شام ہے

عام سے حاصل نجات نار ہے — خاص سے حاصل وصال یار ہے

عام کے حامل ہیں عالم ظاہری — خاص کے ارباب باطن اے ولی

جو کہ دونوں وصف سے موصوف ہو — عالم راسخ وہ جب معروف ہو

عام کو چاہے تو پڑھ لے تو کتاب — خاص گر چاہے وسیلہ لے شتاب

Marfat.com

قولہ تعالیٰ یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ وجاہدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون

دربیان آیۃ وابتغوا الیہ الوسیلۃ

اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور اس کی طرف کوئی وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ فلاح پاؤ

وابتغوا ہے حکم رب اے بےخبر — کیوں ہے غافل اس سے تو عالی گہر
جس قدر گذرے ہیں مردان خدا — تجھے وسیلہ سے جدا کوئی بنا
کیونکہ بے اس کے نہیں ہو دل درست — گرچہ ظاہر ہو مگر باطن میں سست
ظاہری پر حق نہیں کرتا نظر — بلکہ نیت پر کرے اے بےخبر
اس لئے ہے واسطہ تجھ کو ضرور — تاکہ ہووے ہر عبادت میں حضور
اب حقیقت واسطہ کی سن جواں — تاکہ اس کا بھید ہو تجھ پر عیاں
یعنی رکھ تو واسطہ اس سے پسر — عشق حق سے جو جلا ہو سربسر
زاہدوں کے قال پر مت کر خیال — نور باطن کا تو حاصل کر کمال
ہے تو لائق واسطہ گر اے جواں — جلد ہووے فائدہ پھر بیگماں
گر نہیں تو اس کے لائق اے پسر — واسطہ سے کچھ نہ ہو تجھ پر اثر
یعنی وہ جو نور وحدت ہے نہاں — واسطہ سے وہ نہ ہو ہرگز عیاں
پیشتر ہو صاف دل اے مرد دیں — مثل پنبہ کے سبک ہو بالیقین
یعنی ایسا ہو کہ ہو آتش پذیر — جب تو قابل فیض کے ہو اے فقیر
بعد اس کے پیر کی کر جستجو — مثل شیشہ دل ہو جس کا ہو بہو
شمس وحدت سے ہو جس کو واسطہ — کر چکا حاصل ہو اس سے رابطہ
یعنی جب چاہے شعاع آفتاب — اور حرارت دل میں کر لے اکتساب
منتقل کرنے پہ قادر ہو مگر — شعلہ زن ہو غیر پر تا سربسر
جب ملے ایسا تجھے کوئی بشر — پنبہ دل کو تو اس کے نذر کر
دل میں بھر کر وہ شعاع آفتاب — ڈال دے تل دل پر ترے با التہاب

حدیث انما الاعمال بالنیات سے اعمال نیتوں سے ہی ہیں +

یعنی دل پر جب پڑے وہ نور بسر
تو جلے پھر مثل پنبہ سربسر

پیر کی نسبت سے جب ہو یہ اثر
رابطہ رکھ پیر سے اے ذی سیر

لفظ کونوا[۱] دیکھ لے قرآن میں
حق نے فرمایا ہے اُن کی شان میں

کثرت و قلت نہ ہو لیکن ذرا
دین میں ناقص ہیں دونوں اے فتا

رابطہ کیا ہے یہ عینک ہے پسر
نور وحدت صاف آتا ہے نظر

لفظ فی خلق السماء[۲] کہتا ہے حق
عالم راسخ سے پڑھ اس کا سبق

رابطہ کیا ہی دوا ہے لے پسر
دے شفا دل کے مرض کو یہ مگر

مانع وسواس ہے یہ رابطہ
ماسوا حق کے نہ دے یہ راستہ

ہے غزائے باطنی کا یہ امام
نفس امارہ کو کردے یہ تمام

ہے غزا یہ جان و دل سے اے پسر
وہ غزا ہے مال و تن سے سربسر

یہ غزا فی الوحدت ہے اے مرد دیں
وہ غزا ہے اجتماع مومنین

وہ غزا ہو خنجر و تلوار سے
یہ غزا ہو دست بے ہتیار سے

وہ غزا ہو بر زمین و بر نشاں
یہ غزا ہے بر مکان و لامکاں

ظاہری سامان ہے ظاہر کا معین
باطنی کا باطنی اے مرد دیں

علم اُس کا اور ہے اے بے خبر
سن حدیث مصطفٰی یہ معتبر

بوہریرہؓ[۳] کی روایت دیکھ تو
دیکھ کر خاموش ہو اے زشت خو

پائے ہیں نے علم دو حضرت سے یار
ایک اُن میں سے کروں میں آشکار

یعنی وہ ہے علم ظاہر سربسر
جو ہدایت تم کو کرتا ہوں پسر

دوسرے کا گر کروں میں کچھ بیاں
نرخرا کاٹو میرا تم اے جواں

۱؎ قولہ تعالیٰ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ ط اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور ہو جاؤ سچوں کے ساتھ +

۲؎ قولہ تعالیٰ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ + ترجمہ اور سوچتے ہیں پیدائش آسمان و زمین کی + ۳؎ حدیث عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضہ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وِعَائَیْنِ فَاَمَّا اَحَدُھُمَا فَبَثَثْتُہٗ فِیْکُمْ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَلَوْ بَثَثْتُہٗ قُطِعَ ھٰذَا الْبُلْعُوْمُ یَعْنِیْ مَجْرَی الطَّعَامِ رَوَاہُ الْبُخَارِیْ + ترجمہ ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو یادگار ایک ان میں سے تو میں نے تم میں پھیلا دیا اور دوسرا اگر میں پھیلاؤں تو کاٹا جاوے یہ گلا +

Marfat.com

یعنی وہ ہے علمِ خاصّانِ خدا — فہم میں کب غیر کے آوے فنا
کیا ہوا اگر پڑھ لیئے حرفِ کتاب — بے وسیلہ کے نہ ہو تو فیضیاب
جس کو ظاہر ہو مگر باطن نہ ہو — رہزنِ باطن ہے وہ اے نیکخو
یعنی فرماتے ہیں مولانائے روم — مثنوی میں دیکھ لے یہ ہے عموم
علم رسمی رہزن ہر سالک است — ایں عقیدہ حنبل و ہم مالک ست
ہر کہ او در بند قال و قیل شد — ہمچو فرعوں غرق اندر نیل شد
لوح دل از فضلۂ شیطاں بشوے — اے مدرّس درس عشقے ہم بگوے
چند چند از حکمتِ یونانیاں — حکمتِ ایمانیاں را ہم بخواں
دل منوّر کن با نوارِ جلی — چند باشی کاسہ لیسِ بو علی
علمِ باطن خاص ہے علمِ خدا — غیر کی شرکت نہیں اس میں ذرا
ہے یہ بس تعلیمِ حق اے بے خبر — مولوی کے قول پر کر تو نظر
ایں ہمہ علمے ز تعلیمِ حق است — نے ز جد و جہد نے از لق لق است
علمِ حق وہ ہے کرے حق پر فدا — ماسوا حق کے کرے سب کو فنا
علم جس کو یہ ہے حاصل اے جواں — یعنی مومن خاص ہے وہ بیگماں
دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ با خدا — مولوئے معنوئے با صفا
صاحبِ ایماں ہماں باشد ہماں — کو نباشد غافل از وے یک زماں

دربیان نماز کامل

دیکھ یہ اُن کی نماز اے ذی رہبر — حق سے واصل غیر سے ہیں بے خبر
جب کریں تکبیر اولے وہ تمام — نور وحدت دیکھ لیں اے نیکنام
بعد اس کے جب پڑھیں اُمّ الکتاب — جلوہ گر ہو معرفت کا آفتاب

Marfat.com

دیکھ کر انوار اُس کے ذی بصیر
سوختہ ہوتے ہیں عاشق سربسر

جب پڑھیں اخلاص کو باصدقِ دل
نورِ وحدت سے وہیں جاتے ہیں مل

یعنی ہستی نیست کرتے ہیں عزیز
ماسوا حق کے نہیں رکھتے تمیز

کیا لکھا ہے دیکھ تو اے بے نصیب
مولوی نے جو کہ ہے دیں کا طبیب

چونکہ با تکبیر ما مقروں شوند
ہمچو قرباں از جہاں بیروں شوند

جس کی ہستی نیست ہو پیشِ خدا
اُس کو کہتے ہیں ملائک مرحبا

خوب پہچانا خدا کو اے بشر
ماسوا حق کے گیا سب سے گزر

یعنی یہ ہے وہ صلوٰۃ اے خوش سیر[عہ]
جو کہ ہے معراج مومن سربسر

اس کو کہتے ہیں نمازِ باحضور
سعی کر اس میں اگر ہے ذی شعور

سعی جو کرتا نہیں اس میں بشر
وہ ہے بدتر خر سے احمق بے خبر

دیکھ فرماتے ہیں یہ حضرت علیؓ
گوش دل سے سُن ذرا تو اے اخی

بار سے اس کے زمین و آسماں
کھینچتے ہیں الاماں و الاماں

زرد ہو جاتا تھا رنگِ مرتضےٰ
جب کہ فرض و نفل کرتے تھے ادا

خوفِ حق سے مومنِ ہوتے تھے خوار
یعنی کپڑے پھاڑ کر ہوتے تھے پار

یوں ادا کرتے تھے وہ شیرِ خدا
پنجگانہ بس صلوٰۃ اے باصفا

ایک دن کا حال سن اے بیخبر
دل پہ تیرے تا ہو کچھ اُس سے اثر

تیر تن میں چُبھ گیا اُن کے چوں
جلد میں جا کر ہوا مطلق نہاں

جب نکالیں درد ہو اُن کو حبیب
دشمنوں کو بھی نہ ہو ایسا نصیب

اس سبب سے دیر تک تن میں رہا
شاہ بھی اُس درد میں تھے مبتلا

درد تھا یا تھی بلائے دو جہاں
رنگ حضرت کا تھا اس سے زعفراں

دیکھ کر عاشق ہوئے سب بیقرار
تیر اُن کے تن میں اُن کے دل میں خار

[عہ] حدیث شریف الصلوٰۃ معراج المؤمنین + نماز ہے مومنوں کی معراج ہے +

فکر کی سب نے نکالیں جلد تر ۔۔۔ پر نہ ہو حضرت کو اس سے کچھ خبر

فکر میں تھے تا ہوئے وہ بانماز ۔۔۔ اور گئے سجدہ میں باعجز و نیاز

پیچھے سے اُس کو لیا سب نے نکال ۔۔۔ ہو گیا پھر سب مُصلا خوں سے لال

جب ہوئے فارغ وہ شاہِ اولیا ۔۔۔ یوں کہا ہو ملتفت با اتقیا

غرق کیوں خوں سے مُصلا ہے یہ سب ۔۔۔ دوستو اس کا بتاؤ تم سبب

پھر حقیقت سب نے کی اُس کی بیاں ۔۔۔ جب ہوا اُس شاہِ دیں پر یہ عیاں

دیکھ لے یہ ہے صلوٰۃ باحضور ۔۔۔ ہو مقلد اس کا گر ہے ذی شعور

ایک شب حضرت کو آیا یہ خیال ۔۔۔ چلکے دیکھوں اپنی اُمت کا میں حال

کون سوتا کون اب بیدار ہے ۔۔۔ سوزِ دل سے کون روتا زار ہے

جب گئے مسجد میں دیکھے تین یار ۔۔۔ عشقِ حق سے ہو رہے ہیں بیقرار

یعنی ہیں صدیقؓ بعد اُن کے عمرؓ ۔۔۔ تیسرے حضرت علیؓ والا گہر

یہ کھڑے تینوں اکابر با نیاز ۔۔۔ کرتے تھے اپنی ادا واں پر نماز

اس قدر روتے تھے وہ صدیقؓ پاک ۔۔۔ تر ہوئی تھی اشک سے اُس جا کی خاک

شمع ساں جلتے کھڑے تھے پُر خموش ۔۔۔ دیگ ساں نکلے مگر سینہ سے جوش

دیکھ کر صدیقؓ کا یہ وجد حال ۔۔۔ خوش ہوئے اور کچھ نہ کی واں قیل و قال

یہ ندا آئی فلک سے اے رسول ۔۔۔ دردِ دل اِن کا ہوا ہم کو قبول

کچھ طوالت پر نہیں ہم کو نظر ۔۔۔ ہے مگر اخلاص پر عالی گہر

گر پڑھے اخلاص سے کوئی صلوٰۃ ۔۔۔ ایک بہتر لاکھ سے اے نیکذات

یہ لکھا ہے دیکھ تو اے جانِ من ۔۔۔ مولوی نے از برائے مرد و زن

پیشِ حق یک نعرہ از روئے نیاز ۔۔۔ بہ کہ عمرے بے نیاز اندر نماز

یہ نہ حاصل تجھ کو ہو اے بیخبر ۔۔۔ تا قیامت ہو وسیلہ سے مگر

کیونکہ ہے یہ رازِ دل اے مردِ دیں ۔ علم سینہ ہے سفینہ یہ نہیں
سوختہ دل سے ہو حاصل یہ ادب ۔ یاد رکھ اس بات کو عالی نسب

[illegible]

دربیانِ صحبتِ اولیاء

[illegible]

ایک ساعت صحبتِ دل سوختہ ۔ تجھ کو کر دے مثلِ گل افروختہ
دیکھ فرماتے ہیں مولانائے پاک ۔ قدر جانے اس کی کب ہر مشتِ خاک
صحبتِ مرداں اگر یک ساعت است ۔ بہتر از صد خلوت و صد طاعت است
سوختہ دل کون یعنی اولیاء ۔ اُن کو حاصل ہے ودادِ انبیاء
ہے تخلق پر عمل ان کا قوی ۔ دین حق کے دیکھ یہ ہیں متقی
کا انبیا کے لفظ سے موصوف ہیں ۔ عارفِ باللہ یہ معروف ہیں
اقتدیت سے مشرف یہ بشر ۔ یہ مبصر اور سب ہیں کور و کر
نفس ہے مغلوب شیطاں ان سے دور ۔ حق سے رکھتے دمبدم ہیں یہ حضور
اس لئے فرماتا ہے ربِ جلیل ۔ نیک ہے ان کی رفاقت اے خلیل
کیا رفاقت یعنی ہے ظلِ الٰہ ۔ دُور جو اس سے ہوا وہ ہے تباہ
ان کی صحبت مردہ کو زندہ کرے ۔ زندہ ایسا ہو نہ پھر ہرگز مرے
ان کی صحبت دیو کو کر دے ملک ۔ ہے اثر صحبت میں ان کے یاں تلک
ان کی صحبت میں ہوں عالم جاہلاں ۔ یعنی وہ ہوں بہتر از صد عالماں
ان کی صحبت میں نہیں آتا شقی ۔ یہ خبر دی مصطفےٰ نے اے تقی
گر تو چاہے ہمنشینی با خدا ۔ ہمنشیں ان کا تو ہو اے باصفا
دیکھ یہ فرماتا ہے حق اے حبیب ۔ جو شکستہ دل ہیں ہوں اُن کے قریب

لہ حدیث شریف تخلقوا باخلاق اللہ یعنی خدا کے سے خُلق اختیار کرو + [illegible]

سلہ قولہ تعالیٰ ۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿ ترجمہ ﴾ جو اطاعت کرے اللہ کی اور رسول کی تو وہ اُن لوگوں کے ساتھ ہو گا جن پر خدا نے انعام

مولوی نے مثنوی میں یہ سخن
کیا لکھا ہے دیکھ تو اے جانِ من

ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا
او نشیند در حضورِ اولیا

ایک نقل آئی ہے مجھ کو خوب یاد
گوش دل سے تم سنو عالی نژاد

حکایت بایزید رحمۃ اللہ علیہ

شیخِ کامل بایزید پارسا
مانگتے حق سے بدل تھے یہ دعا

وصل اپنا دے مجھے پروردگار
ہجر سے تیرے ہوں میں اب بیقرار

یہ ہوا فرمان حق اے بایزید
گرچہ خدمت تیری ہے از بس مزید

پر نہ ہووے وصل سے بہرہ تجھے
جب تلک لاوے نہ تو تحفہ مجھے

یعنی لا وہ چیز جو مجھ میں نہ ہو
دوں تجھے وہ چیز جو تجھ میں نہ ہو

سن کے یہ الہام روئے زار زار
پھر کہا یوں اے مرے پروردگار

تجھ سے سب شے جانتا ہوں اے خدا
تجھ سے کوئی شے نہیں پاتا جدا

روزہ رکھتا اور پڑھتا ہوں صلوٰۃ
حج کرتا اور دیتا ہوں زکوٰۃ

علم تیرے واسطے میں نے پڑھا
وعظ و پند اس سے سدا کہتا رہا

رات دن کرتا رہا میں تیرا ذکر
اور آنے دی نہ کوئی دل میں فکر

ہر بلا پر صبر میں کرتا رہا
شکر تیری نعمتوں کا بھی کیا

مال و جاں تجھ پر کیا میں نے فدا
پیروی سنت کی بھی کرتا رہا

یہ بھی ہے توفیق تجھ سے اے الٰہ
ورنہ شیطاں کرے ایک دم میں تباہ

کہہ چکے جب رازِ حق وہ باصفا
پھر ہوئی حق کی طرف سے یہ ندا

یعنی یہ اعمال جو تو نے کئے
حور و غلماں اس کے بدلے ہیں لئے

ان عباداتوں سے اے عالی گہر
ہیں بھرے لاکھوں خزانے سر بسر

Marfat.com

سُن کے یہ الہام رویا وہ فقیر
اور کہا وے علم اُس کا دستگیر

میں نہیں واقف ہوں کچھ اس سے خدا
تو ہی مجھ کو دے بتا اے رہنما

پھر ہوا یوں حکم ربّ دو جہاں
گوش دل سے سُن ذرا اے نیکداں

یعنی وہ ہے درد و سوز و انکسار
ہم منزّہ جس سے ہیں اے باوقار

درد کیا ہے وصل کا پیغام ہے
عجز کیا ہے وصل کا انجام ہے

وصف ان دونوں کا سُن اے باخدا
مولوی رومی نے بھی ہے لکھا

کیست فرعوں آنکہ او خود را بدید
کیست موسےٰ آنکہ از خود وارہید

دیدۂ یعقوب بیند روے او
خویش را قرباں کند بر بوے او

گر تو فریاد ے کنی یعقوب وار
تا بتو بوے رسد از نزدِ یار

یوسفِ کنعاں نہاں در چاہِ دل
تو ورا جوئی ہمیں در آب و گل

تو ہے غافل نورِ حق سے بے بصر
پھر بھلا ہو کس طرح تجھ پر اثر

ہر عبادت میں ہے یہ نقشِ عظیم
پر نہیں واقف ہے تو مردِ سلیم

دربیان نماز باحضور

جب کھڑا ہوتا ہے تو بہرِ نماز
سچ بتا ہوتا ہے دل میں کچھ نیاز

چاہیئے وقتِ نماز ایسا نیاز
جس سے حالِ دل کو ہو سوز و گداز

عشقِ حق سے دل جلے جیسے کباب
یا کہ جیسے برف پیشِ آفتاب

گر نہیں کچھ خوفِ حق دل میں ذرا
پھر کہاں تیری نماز اے بیحیا

مولوی نے مثنوی میں یوں لکھا
پڑھ اسے گر ہے تجھے فہم و ذکا

بر زباں تسبیح و در دل گاؤ خر
ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

ماسوا حق کے جو دل میں ہو خیال
بُت سے وہ کچھ کم نہیں صاحب کمال

۲۲۳۲۳

Marfat.com

جب تلک اس کو نہ توڑے اے پسر
تو رِ وحدت سے ہے تو بے خبر

بے حضورِ دل اگر ہووے صلوٰت
وہ نہیں ہرگز صلوٰۃ اے نیک ذات

کیونکہ یہ ہے بس حدیثِ مصطفےٰ
بے حضورِ دل نہیں ہوتی ادا

کر ذرا تو فکرِ باطل دل سے دور
تاکہ ہووے یہ نمازِ باحضور

فکرِ باطل نے کیا تجھ کو تباہ
ہو گیا درگاہِ حق سے روسیاہ

کیا ہے باطل فکر اے مردِ خدا
یعنی ہووے غیرِ حق جو مدعا

روز و شب کرتا ہے جس کی جستجو
تیرا تو اس میں ضرر ہے موبمو

گفتگو میں عمر ضائع تو نے کی
راہِ عقبیٰ کی نہ تو نے دل سے لی

فخرِ دنیا پر کیا تو نے خیال
یہ نہ سمجھا دین میں یہ ہے وبال

طالبِ شہرت رہا تو روز و شب
دل سے کچھ چاہا نہ تو نے فضلِ رب

علم وہ سیکھا کہ جس میں کچھ ہو دھوم
اور جانیں مولوی مجھ کو عموم

پردۂ دیں میں ہوا رونق پذیر
عالموں سے جا کے دی اپنی نظیر

جو ملا ہم سے ملا وہ بارشول
فخر کر کہنے لگا مردِ فضول

یعنی وہ سیکھا کہ جس میں کچھ ہو نام
اور نکلے سو طرح کا اس سے کام

دربیان علمِ حقیقت

وہ نہ سیکھا چشمِ دل جس سے ہو وا
تا قیامت کو نہ اٹھے ہول بھلا

وہ نہ سیکھا خلق سے جو ہو نہاں
قربِ حق لیکن ہو اس سے بیگماں

وہ نہ سیکھا ہیبتِ حق جس سے ہو
ماسوا اپنے وہ دیوے سب کو کھو

وہ نہ سیکھا جس سے ہو دنیا ذلیل
دین سکے تا لوگ ہوں تجھ کو خلیل

وہ نہ سیکھا جس سے ہو عشقِ الٰہ
تاکہ ہو یہ نفسِ امارہ تباہ

وہ نہ سیکھا ہو رہا جس سے یہ دُور — تاکہ ہو اخلاص سے دل کو سرور
وہ نہ سیکھا جس سے ہو یادِ خدا — تا رہوں میں دمبدم حق پر فدا
وہ نہ سیکھا عیب ہوں جس سے عیاں — یعنی وہ جو اپنے دل میں ہیں نہاں
وہ نہ سیکھا سینۂ احمد کا نور — تاکہ ہووے یہ نمازِ باحضور
وہ نہ سیکھا جس سے ہو عجز و نیاز — تا تکبر دور ہووے حیلہ ساز
وہ نہ سیکھا جس سے ہووے چشم تر — تا پڑے پھر روئے جاناں پر نظر
جس کے دل میں ہو مرض ایسا نہاں — نورِ وحدت وہ نہ دیکھیں بیگماں
اصل وحدت کی نہ پی جس نے شراب — یا نہ کھائے نفس کافر کے کباب
پیر جی ہوں یا کہ عالم بے بدل — تُف ہے دونوں پر کہیں یہ بےعمل
علم تو تُو نے پڑھا بیشک حبیب — علتِ غائی سے کیوں ہے بے نصیب
علم ظاہر شرط باطن اے پسر — شرط بے مشروط باطل سربسر
یعنی جیسے ہے وضو شرطِ صلوٰۃ — بے نمازی کا وضو کیا نیک ذات
مولوی کی یہ نصیحت لے شتاب — تاکہ ہووے دین کا تو آفتاب
صد کتاب و صد ورق در نار کن — جان و دل را جانب دلدار کن
بے نشاں راکس نیابد از فصوص — ہم نیابد از فتوحات و نصوص
عمر را ضائع مکن در گفتگو — گفتگو چوں پردہاے تو بتو
پردہاے تو بتو در دم بسوز — تا بہ بینی روئے آں فیروزہ روز
جہد کن تا تو بچشم دل عیاں — بے دلیل و بے اشارت بے بیاں
ہر کہ روئے یار در دُنیا ندید — ہم نہ بیند رو بہ عقبیٰ اے مرید
مولوی گشتی و آگہ نیستی — خود کجائی از کجا و کیستی
از خود آگہ چوں نۂ اے بے شعور — پس نیابد بر چنیں علمت غرور

علم سے تجھ کو جہالت ہوگئی ‏ | ‏ عقل جو تھی نور بیں وہ کھو گئی

دربیان حقیقت جہل

جہل کیا ہے یعنی مس ہے اے پسر ‏ | ‏ تو مہوس ہے مگر ہے بے خبر
اس کو زر خالص بنا پھر کر جواں ‏ | ‏ یہ تو نسخہ یاد رکھ اے مہربان
جہل کو دے علم سے اپنے شکست ‏ | ‏ جب یہ ٹوٹن ہو تو دے اس کو نشست
بوتۂ اخلاص میں عالی گہر ‏ | ‏ کر تو گل حکمت سخاوت کی مگر
اسمِ اعظم کی تو دے بوٹی ملا ‏ | ‏ عشق کی آتش سے دے پھر تو جلا
جلکے جب یہ خاک ہوں سب اے پسر ‏ | ‏ تب یہ ہوں اکسیر اعظم سربسر
علم جس نے اس طرح روشن کیا ‏ | ‏ ظلمتِ باطن کو اُس نے کھو دیا
دین احمدؐ کا ہے بیشک یہ طبیب ‏ | ‏ جو پھرا اس سے ہوا وہ بے نصیب
جو ملا اس سے ملا با مُصطفٰے ‏ | ‏ جو لڑا اس سے لڑا با مُصطفٰے
کیونکہ ہے نائب نبی کا مردِ دیں ‏ | ‏ اسکی صحبت میں ہے رحمت یا یقیں
جس کو دیکھے اس سے کچھ بھی برخلاف ‏ | ‏ وہ نہ عالم پر ہے عالم کا غلاف
مولوی نے بھی لکھا ہے اے عزیز ‏ | ‏ مثنوی میں اس طرح اے پُر تمیز
آنکہ مے بینی خلافِ آدم اند ‏ | ‏ نیستند آدم غلافِ آدم اند
علم اس کا شرط دنیا اے عزیز ‏ | ‏ اس لئے دیں سے رہا یہ بے تمیز
گر نہیں ہے شرط دنیا بے ادب ‏ | ‏ کیوں نہیں کرتا بھلا حق کی طلب
جس طرح اس شرط کو لایا بجا ‏ | ‏ اس طرح مشروط کو بھی کر ادا

کیونکہ اس سے ہر عبادت ہو بقا
گر نہیں ہے یہ تو گویا ہے قضا

Marfat.com

دربیان نماز بے حضور

بلکہ فرمایا نبی نے اے وغل — جسکے دل میں ہے خلل سب میں خلل
گر پڑھے کوئی نماز بے حضور — نور وحدت سے وہ ہوجاتا ہے دُور
[1] یہ ندا اُس وقت کرتا ہے خدا — کیوں نہیں ہوتا ہے تو مجھ پر فدا
کون بہتر مجھ سے ہے اے بے بصر — جس کی خاطر ہم سے ہے تو بیخبر
کر ذرا انصاف دل سے بے نصیب — مجھ سے بہتر کون تیرا ہے حبیب
جب نہیں سنتا یہ بندہ وہ ندا — حکم حق ہوتا ہے پھر یہ بر ملا
یعنی دل میں جس کا رکھتا ہے خیال — وہ ہی ہے معبود تیرا بد خصال
اس کو کر دو نور وحدت سے جدا — یہ نہیں قابل ابھی اس کے ہوا
پھر فرشتے کہتے ہیں عالی نسب — کیوں رہا آداب حق سے بے ادب
[2] یعنی ہو آداب حق ایسا پسر — جز خدا دل پر نہ ہو جس سے اثر
دیکھ فرماتے ہیں یہ خیر الوریٰ — جسم و دل دونوں ہوں حاضر با خدا
یعنی جیسے تن کیا ہے قبلہ رُو — دل بھی ویسے کر خدا کے روبرو
کیونکہ وہ ہے بیحجاب وجلوہ گر — اس زمان اے بیخبر اے بے بصر

[1] حدیث شریف اِنَّ العَبْدَ اِذَا قَامَ فَاِنَّہٗ بَیْنَ یَدَیِ الرَّحْمٰنِ فَاِذَا الْتَفَتَ قَالَ لَہُ الرَّبُّ اِلٰی مَنْ تَلْتَفِتُ اِلٰی مَنْ ھُوَ خَیْرٌ لَّکَ مِنِّیْ اِبْنَ اٰدَمَ اَقْبِلْ اِلَیَّ فَاِنِّیْ خَیْرٌ لَّکَ مِمَّنْ تَلْتَفِتُ اِلَیْہِ الحدیث۔

ترجمہ جب بندہ کھڑا ہوتا ہے تو خدا کے سامنے ہوتا ہے پس اگر کسی طرف کو التفات کرتا ہے تو خدا فرماتا ہے کہ تو کس طرف متوجہ ہوتا ہے کیا تیرے حق میں وہ مجھ سے بہتر ہے اے آدم زاد میری طرف دھیان کر میں تیرے لئے بہتر ہوں اس شخص سے کہ تو اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

[2] حدیث شریف قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُقْبَلُ صَلٰوۃُ امْرَاۡیٍ لَا یَشْہَدُ فِیْمَا قَلْبُہٗ کَمَا یَشْہَدُ بَدَنُہٗ وَاِنَّ الرَّجُلَ عَلٰی صَلٰوتِہٖ دَائِمٌ وَلَا یُکْتَبُ لَہٗ عُشْرُھَا اِذَا کَانَ قَلْبُہٗ سَاھِیًا لَاھِیًا۔

ترجمہ فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ نہیں قبول کرتا ہے نماز اس شخص کی کہ جس کا دل اس میں حاضر نہ ہو جس طرح بدن حاضر ہے آدمی ہمیشہ نماز پڑھتا ہے اور اس کے لئے اُس کا دسواں حصہ بھی نہیں لکھا جاتا جبکہ دل میں بھول یا کھیل ہو۔

Marfat.com

وہ قریب[۱] اور بیحجاب اور تو ہے دُور — پھر بھلا کیا ہو نماز ایسے نشعُور

غور کر انصاف کر دل میں ذرا — کیا پڑھا اور کیا لکھا تو نے بھلا

جلوہ گر تو دیکھ وہ محبوب ہے — تو خودی سے اپنی پُر محجوب ہے

نور افشانی کریں سارے مَلَک — آفریں دیویں زمین و نہ فلک

سو سو جلوے خود کرے وہ باکرم — پھر بھی تو دیکھے نہ اُس کو ایک دم

جب وہ فرماتا ہے تجھ کو بت پرست — یعنی تو ہے بت پرست و خود پرست

یہ ہوا القاب پھر بھی بے خبر — نفس نے غارت کیا تجھ کو پسر

ذبح[۴] اُس کو کر بہ تکبیر خدا — معنئے تکبیر یہ ہیں اے فتا

تن کو قربان کر تو اے مردِ جلیل — مثل اسمٰعیل کے تا ہو خلیل

ہو تو بسم اللّٰہ[۵] سے بسمل شتاب — تا شہادت کا ملے حق سے خطاب

پھر کھڑا ہو کر تو پڑھ حمد و ثنا[۲] — یہ دعا کر حق سے پھر با التجا

میرا دشمن[۳] سخت بدکردار ہے — یعنی شیطان بالغ الوار ہے

کر نظر مجھ پر ذرا میرے الٰہ — تا نہ کر دے یہ نمازوں کو تباہ

جب کرے رحمت سے وہ تجھ پر نظر — ماسوا حق کے نہ ہو پھر کچھ خبر

حمد حامد محو با محمود ہوں — عرض و جوہر یعنے با مقصود ہوں

حمد میں حامد فنا ہو اے جواں — حمد ہو محمود میں پھر یکساں

دربیان نماز کہ کامل حاصل نشود مگر توجہ مرشد کامل

لیک اس میں شرط ہے نیکنام — چشم روشن ہو گر کوئی امام

ت اللّٰہُ اَکْبَرُ ت۔ اللہ بہت بڑا ہے +

ت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ت شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا مہربان ہے +

[۱] حدیث شریف وَفِی الْخَبَرِ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا قَامَ اِلَی الصَّلٰوۃِ رَفَعَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَلْحِجَابَ بَیْنَهٗ وَجْهَهٗ بِوَجْهِهِ الْكَرِیْمِ

ت حدیث میں ہے کہ جب بندہ نماز میں کھڑا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے اپنے بیچ کا پردہ اُٹھا کر اس کی بذات خاص متوجہ ہوتا ہے + [۲] سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ ت الٰہی تو پاک ہے اور تیری حمد شروع کرتا ہوں اور تیرا نام برکت والا ہے اور تیرا مرتبہ برتر ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں + [۳] اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ت پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ اللہ کے شیطان مردود سے +

جب یہ تیری ہو نماز با ادب　　یاد رکھ اس بات کو عالی نسب
دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ مولوی　　یعنی جو ہیں مولوئے معنوی
چوں امامِ چشم روشن در صلٰوۃ　　چشم روشن باید اندر پیش راہ
ایں نماز آمد سلوکِ معنوی　　بے دلیلے در نمازت چوں روی
در شریعت ہست مکروہ اے کیا　　در امامت پیش کردن کور را
گرچہ حافظ باشد و چست و فقیہ　　چشم روشن بہ اگر باشد سفیہ
کور را پرہیز نبود از قذر　　چشم باشد اصل پرہیز و حذر
او پلیدی را نہ بیند در عبور　　ہیچ مومن را مبادا چشم کور
کور ظاہر در نجاست ظاہر است　　کور باطن در نجاست ابتر است
کور ظاہر کا سنا تو نے بیاں　　کور باطن کا بھی سن لے ایجواں
وہ تو ہے معذور از طرف خدا　　تو نہیں معذور اس سے اے فتا
کیونکہ اس میں تو مکلّف ہے عزیز　　اس حدیث مصطفےٰ سے کر تمیز
جب تلک تیرا نہیں اس پر عمل　　کور بہتر تجھ سے اے مرد دغل
کیونکہ وہ تو کور اور معذور ہے　　دیدہ و دانستہ تو تو کور ہے
یہ حدیث[له] مصطفےٰ ہے معتبر　　اس سے کیوں غافل ہے تو اے بیخبر

له حدیث شریف۔ طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَةٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَةٍ یعنی علم فرض ہے ہر مسلمان مرد و عورت پر

در بیان نماز کامل کہ بغیر ارکان ظاہری اخلاص دل نمی شود

دو طرح کا علم تجھ پر ہے ضرور　　حاصل اس کو کر اگر ہے ذی شعور
ایک تو ہے علم ارکانِ صلوٰت　　دوسرا اخلاص دل اے نیکذات
ایک بھی ہو ترک ان میں سے اگر　　پھر کہاں تیری نماز اے بے خبر
پیشتر کر تو عقائد کو درست　　بعد اس کے ذہن میں ہو چالاک و چست

کیونکہ ہے جس کے عقائد میں قصور
دینِ حق سے وہ بشر از بس ہے دور

کر چکے کامل عقائد جب جواں
بعد اس کے یاد رکھ اے نیکداں

امرِ حق کر عشق سے ایسا ادا
جیسے ہو معشوق پر عاشق فدا

پُر حذر ہو نہی سے تو اس قدر
جیسے ہووے شیر سے بکری پسر

بلکہ زائد اس سے ہو تو اے حبیب
کیونکہ ایماں سے کرے یہ بے نصیب

دشمنِ جاں شیر گرچہ لے جواں
دشمنِ ایماں نہیں وہ بیگماں

سب سے بدتر نہی دشمن ہے قوی
یاد رکھ اس بات کو اے متقی

در بیان علمِ دین یعنی تفسیر و حدیث و فقہ و علم تصوف این ہمہ با ہمدیگر لازم و ملزوم اند

آئے ہم اس پر کریں تجھ سے بیاں
یعنی جس سے رازِ مخفی ہو بیاں

ایک تو ہے علمِ ظاہر مردِ دیں
دوسرا ہے علمِ باطن بالیقین

علمِ ظاہر کو تو کر دل کا رفیق
روح کا کر علمِ باطن کو شفیق

جب کھلے یہ سرِ حق تجھ پر پسر
علمِ باطن سے ذرا ہو با خبر

گرچہ ظاہر علم حاصل ہو عزیز
پر نہ ہووے علمِ باطن کچھ تمیز

یہ ہیں دونوں علم مثلِ جان و تن
ایک بن دونوں ہیں ناقص جانِ من

جاں بغیر از جسم کب پکڑے قرار
جسم ہو بیجاں خراب اے دلفگار

جو نہ جانے اس کو حق سے ہے دور
یہ ہے تمثیلِ شریعت ذی شعور

علمِ ظاہر اور باطن سے پسر
شرعِ احمد ہے مرکب سر بسر

ایک جان ہے ایک تن اے بے نصیب
جان و تن بے زیست کب ہووے حبیب

شرع دونوں سے مرکب اے فتیٰ
ماسوا اس کے نہیں مردِ خدا

۱؎ قال مالک رحمۃ اللہ علیہ من تصوف ولم یتفقہ فقد تزندق ومن تفقہ ولم یتصوف فقد تفسق ومن جمع بینہما فقد تحقق ٭ ت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جس نے تصوف دیکھا اور فقہ نہ جانی وہ زندیق ہے اور جس نے ۲ فقہ سیکھی اور تصوف نہ سیکھا وہ فاسق ہے اور جس نے دونوں کو سیکھا وہ محقق ہے ٭

Marfat.com

جو کہ منکر ایک سے بھی ہے حبیب — وہ ہوا دونوں سے منکر بے نصیب
ایک بھی گر ترک ہو تجھ سے پسر — دین حق سے کچھ نہ ہو تجھ کو خبر
جس کو ظاہر ہو مگر باطن نہ ہو — اُس نے اپنی عمر دی ناحق ہیں کھو
علم ظاہر ہے سبب باطن کا دوست — علم باطن مغز اُس کا وہ ہے پوست
علم ظاہر سے ہو بس ظاہر درست — علم باطن سے ہو دل چالاک و چست
علم ظاہر فخر دے انسان کو — علم باطن فخر دے ایمان کو
علم ظاہر نفس کو کر دے بقا — علم باطن نفس کو کر دے فنا
علم ظاہر سے گرے تو خاک پر — علم باطن سے اُڑے افلاک پر
علم ظاہر سے ہو حاصل قیل و قال — علم باطن سے ہو حاصل وجد و حال
علم ظاہر مبدء کبر و حسد — علم باطن معدنِ نور احد
علم ظاہر علت و بنیاد دیں — علم باطن علتِ حق الیقین
علم ظاہر موجب کبر و ریا — علم باطن دافع ان کا اے فتا
علم ظاہر تجھ کو کر دے بس تباہ — گر نہ رکھے نور باطن سے نگاہ
دیکھ فرماتے ہیں کیا اے بیخبر — یعنی حضرت مولوی والا گہر
علم گر بر تن زنی مارے بود — علم گر بر دل زنی یارے بود
علم باطن کیا ہے بس اخلاصِ دل — جس سے جاتا ہے خدا ہر اک سے مل
جلتا ہے اخلاص سے نفس لعیں — بھاگتا شیطان ہے اُس سے خوار و مہیں
وہ ہی ہے علم خدا علم نبیؐ — جس سے ہو مغلوب شیطان دنی
ماسوا اس کے نہیں علم و عمل — جو پڑھے اس کے سوا وہ ہے دغل
دیکھ فرماتے ہیں حضرت مولوی — مثنوی میں اس طرح پر اے اخی
علم دیں فقہ است و تفسیر و حدیث — ہر کہ خواند غیر ازیں گردد خبیث

Marfat.com

ماسوا اس کے نہ پڑھ تو اے پسر — تا کہ آوے نورِ حق تجھ کو نظر
صاف ہو تفسیر کے پڑھنے سے جاں — وے جلاؤں کو حدیث اے نیکداں
فقہ کردے بند تیری گفتگو — تا عیاں ہو خیر و شر پھر مو بمو

دربیان اخلاص

لیک ہے اخلاصِ دل شرط اے پسر — کچھ نہ ہو اخلاص بن ہرگز اثر
کیونکہ دشمن تیرے اندر ہے قوی — یہ نہ جاوے بے خلوص اے متقی
دُور کرتا ہے اسے عشق خدا — ماسوا اس کے نہیں اس کی دوا
عشق افلاطون و جالینوس ہے — یہ دوائے نخوت و ناموس ہے
عشق ہے آبحیات اے بے خبر — گر نہ ہو یہ موت ہے پھر سر بسر
جس نے اس کا ایک بھی قطرہ پیا — وہ مسیحا کی طرح جیتا رہا
عشق ڈالے ذرّہ پر گر ایک بات — دیکھ کر بیتاب ہووے آفتاب
عشق کا پرتو پڑا جس خاک پر — خاک وہ اڑتی ہے پھر افلاک پر
عشق حق سے سب مرض ہوتے ہیں دُور — یاد رکھ اس بات کو اے ذی شعور
مولوی کی گفتگو پر کر نظر — تا کہ ہووے عشق سے تجھ کو خبر
ہر کرا جامہ ز عشقے چاک شد — او ز حرص و عیب کلّی پاک شد
شاد باش اے عشق خوش سودائے ما — اے طبیب جملہ علتہائے ما
جسم خاک از عشق بر افلاک شد — کوہ در رقص آمد و چالاک شد
عشق جان را طور آمد عاشقا — طُور مست و خرّ موسےٰ صاعقاً

ہر دلے کز عشق یزداں زندہ شد
از حیات معنوی پائندہ شد

Marfat.com

دربیانِ سوزِ دل

عشق کیا ہے سوزِ دل اے ذی بصر ‏— نفس کو دیوے جلا یہ سر بسر
دیکھ ابراہیم کا تو سوزِ دل ‏— روبرو جس کے تھی آتش آب و گل
سوزِ داؤدؑ نبی کا سُن پسر ‏— جس سے آہن موم تھا اے بیخبر
سوزِ دل رکھتے تھے وہ خیر الانام ‏— کفر کی ظلمت جلی جس سے تمام
ماسوا مطلوب کے اے مردِ دیں ‏— سوختہ کر دے یہ سب کو بالیقیں
اس کو حاصل کر ذرا مردِ خدا ‏— تا جلے یہ نفس کافر بے حیا
جب تلک یہ نفس تجھ پر ہے قوی ‏— راہِ حق ہرگز نہ پاوے اے اخی
دمبدم رکھتا ہے وہ تجھ پر نظر ‏— تا نہ ہووے دین سے تُو باخبر
جو پڑے انوار کی تجھ پر جھلک ‏— یہ نہ آنے دے اسے بس تجھ تلک
تو ہے غافل اس قدر اس سے عزیز ‏— اُس کی بدیوں سے نہیں تجھ کو تمیز
جانتا ہے کیوں ہے غافل اے پسر ‏— روزِ محشر پر نہیں تجھ کو نظر
خوفِ حق سے گر ہو کچھ تجھ پر اثر ‏— نفس کیا تو خود نہ ہوئے ذی بصر
گر نہیں دل میں ترے خوف و رجا ‏— نورِ ایماں پھر کہاں اے بیحیا
حق نے اُس کی دی خبر اے نابکار ‏— باوجود اس کے نہیں تُو ہوشیار
خندہ کم کر گریہ زیادہ اے پسر ‏— تاکہ لطفِ حق سے ہو تجھ پر اثر
خندہ سے مردہ ہو دل اے باتمیز ‏— یہ حدیثِ مصطفےٰ ہے اے عزیز
دیکھ کیا وہ مولوی عالی جناب ‏— مثنوی میں لکھ گئے باسوز و تاب
تا نگرید ابر کے خندد چمن ‏— تا نگرید طفل کے جوشد لبن
با تضرع باش تا شاداں شوی ‏— گریہ کن تا بے دہاں خنداں شوی

ے قولہ تعالیٰ فلیضحکوا قلیلاً ولیبکوا کثیراً جزاءً بما کانوا یکسبون + [illegible] +

کے برابر مے نہد شاہِ مجید — اشک را در روزن با خونِ شہید
زانکہ گریاں باغ سبز و تر شود — زانکہ شمع از گریہ روشن تر بود
در پئے ہر گریہ آخر خندہ ایست — مرد آخر بیں مبارک بندہ ایست
طفل یک روزہ ہمی داند طریق — تا بگریم تا شود دایہ شفیق
تو ہے ناداں طفل سے زیادہ پسر — گریہ کی تاثیر سے ہے بے خبر
کر تو حاصل خوف حق عالی جناب — تا کہ ہووے نور حق سے فیضیاب

دربیان نماز مومن کامل

١ [illegible] دن قیامت کا

٢ سبحان ربی العظیم — پاک ہے رب میرا بہت عظمت والا

پنجگانہ تُو جو پڑھتا ہے نماز — مومنوں کا حشر یہ اے با نیاز
جب ادا کرتے ہیں وہ اپنی صلوٰت — حشر برپا ان پہ ہو اے نیک ذات
یعنی وہ دربار ہے قہار کا — سامنا ہے دیکھ واں جبار کا
صبح سے لے تا عشا و تا سحر — حشر کا میداں یہ ہے اے بے خبر
ہے بجائے پرسشِ حق یہ خطاب — یعنی وہ ہے باصواب و باجواب
دیکھ[1] فرماتا ہے یہ ربِ جہاں — تیرا ہوں ہر وقت محسن بیگماں
اس کے بدلے میں تو کیا لایا مجھے — میں نے مہلت دی جو دنیا میں تجھے
عُمر اپنی صرف کی کس کام میں — اور رہا پابند تو کس دام میں
چشم روشن دی جو تجھ کو نور میں — وہ گنوائی کس جگہ اے خوردہ بیں
عقل جو دی تھی تجھے بہرِ خدا — وہ تلف کس شے پہ کی اے بیحیا
ہم نے حسیں دی تھیں تجھ کو پانچ جا — صرف کیں کس کام میں اے نابکار
جس کا دل ہوتا ہے حق سے کچھ رجوع[2] — جب وہ کرتا ہے رکوعِ باخشوع
سر کو اپنی شرم سے واں پر جھکا — یوں لگا کہنے کہ تو سب سے بڑا

پھر ہوا فرمان حق اے محترم — سر اٹھا کر دیکھ تو میرا کرم

سر اٹھاتا ہے یہ پڑھ کر وہ بشر[۱] — یعنی سنتا ہے خدا تو سر بسر

حمد تیری جس نے کی دل سے ادا — نفس شیطاں سے لیا اس کو بچا

سر اٹھا کر دیکھنا کیا ہے جواں — نور وحدت جو نہاں تھا ہے عیاں

پڑھ کے پھر تکبیر[۲] بسمل ہو گیا — ہو کے بسمل جاں سے اپنی کھو گیا

پھر کہا سجدے[۳] میں اس نے اے خلیل — تو جلیلوں کا جلیل ہے اے جلیل

ہو چکا اس کا تذلل جب تمام — پھر ہوا حق کی طرف سے یہ پیام

یعنی ہو کہ ہمنشیں تو دید کر — غرق ہو پھر نور میں تو سر بسر

دیکھ کر انوار یہ عالی نسب — یوں لگا کہنے زباں سے باادب

یعنی[۴] ہے سب بندگی تجھ کو الٰہ — مال کی ہو یا بدن کی بادشاہ

پھر کہا اس نے نبیؐ پہ یوں سلام — مہربانی حق کی ہو تم پر مدام

یعنی تم پر اور امت پر سدا — رحمتِ حق ہو سدا تم پر فدا

ہو کے[۵] لا پھر لا کیا حق کے سوا — جب ہوا اثبات حق اے باخدا

یعنی روشن چشم دل اس کی ہوئی — ہٹ گئی پھر من و تو کی واں دوئی

یہ ہے آدابِ صلوٰت اے بےخبر — جن کے باعث ہے مشرف یہ بشر

علم اس کا سیکھ اے عالی نسب — ہے شرف انساں کو از علم و ادب

علم[۶] یہ اور وہ ادب اے ذی بسیر — فرض یہ دونوں ہیں تجھ پر سر بسر

---

۱ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ ۔ ت سنتا ہے اللہ اس کی جو اس کو سراہتا ہے ۔ ۲ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ ت اللہ بہت بڑا ہے ۔ ۳ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ۔ ت پاک ہے میرا پروردگار برتر ۔ ۴ اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ ۔ ت پاک چیزیں اللہ کے لئے ہیں سلام تم پر اے نبی اور رحمت خدا کی اور برکتیں ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ۔ ۵ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۔ ت میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے خدا کے اور محمد اس کے بندے اور رسول ہیں ۔ ۶ قولہ تعالیٰ حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ ۔ ت سب نمازوں کی حفاظت کرو اور بیچ کی نماز کی اور کھڑے ہو اللہ کے واسطے خشوع کرتے ہوئے ۔

Marfat.com

ایک بھی گر ترک ہو تجھ سے حبیب — تو اٹھے محشر میں اعمےٰ بے نصیب
کیونکہ یہ صلوات ہے جانِ وصال — گر نہ ہو یاں پھر کہاں اے بدخصال
دیکھ یہ فرمانِ حق اے مردِ دیں — یاں جو اعمےٰ واں بھی اعمےٰ بالیقیں
جاننا کیا ہے نماز اے بے خبر — یعنی ہے معراجِ مومن سربسر
شرط یہ مشروط اس کا وصلِ حق — پڑھ کسی عاشق سے جا اس کا سبق
لفظ ہے معراج کا اس پر یہ دال — یعنی ہووے وصلِ حق اس سے کمال
گر نہیں ہے وصلِ حق اس سے پسر — پھر کہاں معراج یہ اے بے خبر
یہ تو ہے معراج پر تو بے بصر — اس لئے آتا نہیں تجھ کو نظر
اسم خواں ہے پر مسمّٰی سے ہے دور — پھر بھلا ہو کس طرح تجھ کو حضور
یہ لکھا ہے بوعلی نے اے حبیب — دیکھ کر ہو بانصیب اے بے نصیب
اسم گر خوانی مسمّٰے را بجوے — بے مسمّٰی اسم کے باشد نکو
گر خدا خواہی خدا جوئی بکن — ورنہ جوئی مخواں اسمِ کہن
رو بقبلہ دل بدنیا اے مرید — پھر کہاں تیری نماز اے ناسعید
گر نہیں حق کی طلب اے بےحیا — دین میں اس کو بھی کہتے ہیں ریا
اے مصلّی گر ہے غافل از خدا — پھر یہ سجدہ کس کا ہے سچ تو بتا
خشت ہے یا سنگ ہے یا خاک و آب — دے جواب اس کا مجھے تو باصواب
جو پڑھے کوئی بغیرِ حق صلوات — وہ ہے بیشک بت پرست اے نیکذات

قال اللہ تعالیٰ من کان فی ھٰذہٖ اعمیٰ فھو فی الاخرۃ اعمیٰ واضل سبیلا

در بیان ریا

جو شخص دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں بھی اندھا اور زیادہ گمراہ ہوگا

جو عمل ہے بے طلب معبود کے — وہ عمل ہے با ریا تو جان لے
جاننا ہے کیا ریا ہے اے جواں — یعنی یہ ہے شرکِ اصغر بے گماں

Marfat.com

جس کے دل میں یہ ریا ہے اے حبیب — بت پرستوں میں ہے وہ بے نصیب
پیر جی ہوں یا کہ عالم اے پسر — خر سے بدتر یہ ہیں دونوں سربسر
کیا ہوا اگر ہو گئے لاکھوں مرید — اور کہتے ہیں انہیں وہ بایزید
وہ ہے شیطاں یہ شیاطینِ لعین — خلق کو کرتے ہیں حق سے بے یقین
صدق کو دیں کذب سے اپنے چھپا — یہ ہیں دونو اس قدر کے بیحیا
اس سے شوکت دین کی ہوتی ہے کم — کذب سے گر اس میں مارے کوئی دم

دربیان پیر صادق

جب تلک حاصل نہ ہو تجھ کو کمال — خلق سے بیعت نہ لے اے خوش خصال
کس کو کہتے ہیں کمال اے نیکنام — ماسوا حق کے محبت ہو حرام
نورِ وحدت کا ہو دل پر یہ اثر — ماسوا حق کے نہ آوے کچھ نظر
جس کو دیکھے چشم دل سے اے حبیب — نورِ وحدت سے وہیں ہو بانصیب
یا کہ دیوے درد حق جس کو عزیز — ماسوا حق کے نہ ہو اُس کو تمیز
جب تلک تجھ میں نہ ہو ایسا اثر — تیری پیری مکر ہو گی سربسر
دیکھ تو اس کو ذرا مردِ خدا — مولوئے روم نے یہ کیا لکھا
کار مرداں روشنی و گرمی است — کار دوناں حیلہ و بے شرمی است
لیکن اس میں شرط یہ عالی گہر — ہو شریعت کے موافق یہ بشر
جو خلاف شرع ہووے اے سعید — جانیو اس کو تو بس دیو مرید
یا طریقت کے مخالف ہو اگر — وہ نہیں ہادی ہے دیں کا سربسر
پیر جی ہوں یا کہ عالم بے نظیر — یہ نہیں پیری کے قابل اے فقیر
گوش دل سے سن ذرا یہ گفتگو — کام آویگی خدا کے روبرو

Marfat.com

راہ سنت ہے صراط المستقیم — راہ بدعت راہ شیطان الرجیم
دیکھ فرماتے ہیں عطار ولی — گوش دل سے سن ذرا اس کو اخی
اہل بدعت شیخِ سنت چوں بود — رہ ندیدہ کے ترا رہبر بود
رہبر راہ طریقت او بود — کو باحکامِ شریعت می رود
دیکھ کیا لکھتے ہیں شمس العارفین — یعنی مولانا کے مرشد مرد دیں
باش ثابت در شریعت اے عزیز — تا حقیقت کشف گردد بر تو نیز

در بیان منقعہ منقشف

یا کہ جو پابند صورت ہو بشر — وہ بتر اس سے ہے زاہد سربسر
گر نہیں باطن تو ظاہر سب خراب — دیکھ لے تو یہ حدیث باصواب
ظاہر و باطن ہو مثل جان و تن — وہ ولی اللہ ہے بیشک جانِ من
ایک ہیں بھی ضعف گر ہوئے عزیز — وہ نہیں پیری کے قابل بے تمیز
کیا لکھا عطار نے یہ اے حبیب — پڑھ ذرا دل سے کہ تا ہو بانصیب
آنکہ باشد دائما صورت پرست — دامنِ معنی کجا گیرد بدست
صد فسوں و مکر دارد در دروں — مخلص و صادق نماید از بروں
مولوی نے بھی لکھا کیا دلپذیر — مثنوی میں اپنی دے کر یوں نظیر
جان بے معنی دریں تن بیخلاف — ہست ہمچوں تیغ چوبیں در غلاف
طاعتش نغز است معنی نغز نے — جوز ہا بسیار در وے مغز نے

دانۂ بے مغز کے گردد نہال
صورت بے جاں نباشد جز خیال

Marfat.com

در بیان مرید شدن باحتیاط تمام و محترز شدن از صحبت غیر اہلِ باطن

تو نہ پھنسا دام میں اُن کے پسر
جھونٹی دیتے ہیں صفیریں سربسر

یہ نہیں ہیں مُرغ قُدسی بیگماں
چُغد ہیں یا بُوم یہ اندر جہاں

قول سُن یہ عارفِ باللہ کا
نور دیکھا جس نے تھا اللہ کا

زانکہ صیّاد آورد بانگِ صفیر
تا فریبد مرغ را زاں مرغ گیر

بشنود آں مُرغ بانگِ جنس خویش
از ہوا آید بیابد دام پیش

تو نہ ہو ان کا مقیّد ذی سیر
یہ ہیں شیطان شکل انساں سربسر

کیا ہوا اگر ریش کی اس نے بلند
ڈالی ہے اس نے ریا کی یہ کمند

پھانس لے اس سے سلیموں کو پسر
مولوی نے اس لئے دی یہ خبر

حرف درویشاں بدزد مرد دوں
تا بخواند بر سلیمے آں فسوں

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست
پس بہر دستے نباید داد دست

جو ہوا اُن کا مقیّد اے حبیب
نورِ وحدت سے ہُوا وہ بے نصیب

یہ لکھا عطار نے اے باصفا
گوش دل سے سُن ذرا یہ برملا

ہر کہ باور کرد آں مکر و دروغ
ماند از نورِ ولایت بے فروغ

گم شد و ہرگز بمنزل رہ نبرد
در بیابانِ ہلاکت زار مُرد

اشقیا از اولیا نشناختی
دین و دنیا را ازاں در باختی

رہزناں چوں رہنما پنداشتی
احمد و بوجہل چوں ہم داشتی

ساختی دجّال را مہدی و پیر
خر ز عیسےٰ چوں ندانی اے فقیر

خود نہ پیر است او کہ شیطانِ رہ است
از طریقِ رہ رواں کے آگہ است

غول را کردی تصوّر رہنما
تا کہ گشتی منکرِ اہلِ خدا

Marfat.com

تو نہ جا نز دیک ان کے اے عزیز — تا کہ پاوے نورِ ایماں سے تمیز
ان کی صحبت نار سے بھی ہے بتر — یوں لکھا ہے مولوی نے اے پسر
حق ذات پاک اللہ الصمد — کہ بود بہ نار بد از یار بد
نار بد جانت ستاند اے سلیم — یار بد آرد سوے نار جحیم
زہر قاتل سے ہے شمر صحبت بعام — ہست صحبت را اثر ہا ے تمام
جیسے قرب اولیا سے ہو اثر — ویسے قرب اشقیا سے ہو ضرر
دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ با خدا — یعنی حضرت مولوی اے باصفا
صحبتِ صالح ترا صالح کند — صحبتِ طالح ترا طالح کند
اس[1] حدیث پاک پر کر تو نظر — تا کہ بد صحبت سے ہو تجھ کو ضرر
ان کی صحبت سے ہو حق سے بے نصیب — اُن کی صحبت سے ہو حق کا تو حبیب

[1] حدیث شریف الصحبت تاثیر صحبت اثر کرتی ہے

در بیان اقسام سالک

جستجو کر سالکوں کی اے پسر — تا کہ ہووے دینِ حق سے باخبر
چار ہیں اقسام سالک اے جواں — یاد رکھ اس بات کو اے نیک داں
پیشتر مجذوب سالک اے حبیب — سب سے بہتر دینِ حق کا وہ طبیب
حق نے بھیجا ہے اُسے بس زود تر — تا کرے مخلوق کو یہ باخبر
لیک مشکل سے میسر ہو یہ پیر — یہ لکھا عطار نے سُن اے فقیر
اوّلیں مجذوب سالک آمدہ است — کو ز اول با خدا واصل شدہ است
حق فرستادش بسوے خلق زود — تا کہ خلقانِ جہاں را رہنمود
سالہا باید فلک بر سر زود — تا کہ پیرے اینچنیں پیدا شود
اس کو پیدا کر اگر ہے باخبر — دیکھ دم میں کیا ہو پھر تجھ کو اثر

سالک مجذوب ثانی اے حبیب
محنتوں سے جذب اس کو ہو نصیب

سالہا محنت کرے جب وہ جواں
تب ہو قابل جذب کے اے نیکداں

یہ لکھا عطار نے اے ذی سیر
چشم دل سے کر ذرا اس پر نظر

واں دوم را سالک مجذوب داں
کو سلوکے کردہ باشد رہرواں

در ریاضت در عبادت سالہا
کرد سعی و گشتہ قابل جذب را

چوں دل او قابل انوار شد
جانِ پاکش قابلِ اسرار شد

شاہبازِ جذبہ اُو را در ربود
جانِ او شد محرمِ بزمِ شہود

تیسرا مجذوب مطلق اے پسر
نور حق کے ماسوا وہ بے خبر

دائما حیران از عشقِ خدا
عقل و دانش سے وہ ہے اپنے جُدا

وہ ہُوا ہے عشق حق سے بیخبر
غیر کا پھر کیا بھلا ہو راہبر

یہ لکھا عطار نے اے ہوشمند
ہوشمندوں نے کیا اس کو پسند

پس سوم مجذوب مطلق مے شمر
کو ز تاب نور حق شد بے خبر

او ز مستی گشت از خود بے خبر
دیگراں را چوں بود او راہبر

او چو مست و بیخود و لایعقل است
کردن تکلیف با وے باطل است

رہبری ناید ز مجذوباں یقیں
اتفاق کاملاں اینست و ایں

رہ ز مجذوباں مجو اے پُر ہنر
اندریں رہ ہیچ نبود جز خطر

گرچہ آں مجذوب از حق آگہ است
تابع مجذوب بیشک گمرہ است

چارمیں بے جذب سالک اے حبیب
عشق حق سے وہ ہُوا ہے بے نصیب

عقل مطلق سے وہ کرتا ہے طلب
اس لئے واصل نہیں وہ بے ادب

جو کہ تابع اس کا ہے اے مرد دیں
وہ ہے منکر عشق حق سے بالیقیں

درد حق سے کچھ نہ ہو اُس کو خبر
بلکہ ہو اس راہِ حق سے دُور تر

Marfat.com

عام ان سے بلکہ بہتر اے جواں — یہ ہے بدتر عام سے بھی بیگماں
یہ لکھا عطّار نے اے متقی — جو کہ پیرو اس کا ہے وہ ہے غوی
چار ہیں سالک کے اوپے جذبہ است — کو سلوکے کرد از ہستی پرست
سالکِ بیجذب چوں واصل نشد — در طریقت لاجرم کامل نشد
سالکِ بیجذب خود آگاہ نیست — واقفِ ایں منزل وایں راہ نیست
از رہ و منزل چو واقف نیست او — رہنمائی چوں کند آخر بگو
چوں نشد واصل نباشد رہنما — زو مجو چیزے کہ ہست او پیشوا
اینچنیں گستاخ گر تابع شوی — رہ نیابی عاقبت گردی غوی
اس سے بچنا فرض ہے تجھ کو جواں — تا نہ ہو تو عشقِ حق سے بدگماں
کیونکہ یہ ہیں دور حق سے بےنصیب — بےنصیبوں کو نہیں ملتا حبیب

در بیان اطاعت پیر کامل

گر تو چاہے وصلِ حق اے بیخبر — کاملوں کا خاک پا ہو سربسر
اس صفت کا گر ملے تجھ کو گدا — اُس کے اوپر جان و دل سے ہو فدا
سب سے ہو آزاد اِن کا ہو غلام — جب ملے دیں کا مزا تجھ کو تمام
جب تلک ان کا نہ ہووے خاکپا — رازِ حق ہرگز نہ ہووے تجھ پہ وا
یہ لکھا عطّار نے اے بےشعور — پڑھ کے کر دل سے تکبر اپنے دور
منکہ دامن از جہاں برچیدہ ام — عشقِ اہلِ حق زجاں بگزیدہ ام
منکہ دارم از ہمہ عالم فراغ — مہرِ کامل کردہ ام در سینہ داغ
منکہ از سیرِ دو عالم رستہ ام — بر درِ اہلِ دلاں خاکِ درم
منکہ بر فرقِ سلاطیں افسرم — پیشِ ایشاں از گدایاں کمترم

Marfat.com

منکہ عرش و فرش بر دم زیر پا ۔۔۔ مے کنم از خاکِ ایشاں توتیا
منکہ از آدم زقیدِ ہرچہ ہست ۔۔۔ پیشِ ایشاں گشتہ ام چوں خاک پست
منکہ از دنیا و عقبےٰ فارغم ۔۔۔ در سپہرِ وصل چوں ماہ پارہ ام
روئے مے مالم زعجز و افتقار ۔۔۔ دائما بر آستانِ ایں کبار
خوشہ چینِ خرمنِ اہلِ دلم ۔۔۔ خاکِ راہِ کاملانِ منزلم
اِن کے ظاہر پہ نہ کر ہرگز نظر ۔۔۔ نورِ باطن ان سے حاصل کر پسر
یعنی ظاہر سے بُری ہے اِن کی چال ۔۔۔ پر نہیں واقف ہے تو اے خوشخصال
ان کے ظاہر ہیں اگر ہو کچھ خلل ۔۔۔ تو نہ کرنا اُس پہ کچھ ہرگز عمل
دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ اے عزیز ۔۔۔ یعنی حضرت مولوئے پُر تمیز
ملّتِ عشق از ہمہ دینہا جُدا ست ۔۔۔ عاشقاں را ملّت و مذہب جُدا ست
وسوسہ بد دے جو شیطانِ لعین ۔۔۔ دل میں تیرے اس کا کچھ اے مردِ دیں
خضر و موسےٰ کا تو قصّہ پڑھ عزیز[ل] ۔۔۔ تاکہ ہو اسرار سے تجھ کو تمیز
تیری نیکی ہے بدی اُن کی حبیب ۔۔۔ فرق یہ ہے یاد رکھ اے بےنصیب
دیکھ تو یہ مولوی نے کیا لکھا ۔۔۔ پڑھ ذرا اِس کو تو اے مردِ خدا
طاعتِ عاماں گناہِ خاصگاں ۔۔۔ وصلتِ عامہ حجابِ خاصہ داں
عام را باشد نظر بر فعل و اسم ۔۔۔ پیشِ خاصہ محو گردد وصفِ اسم
عام را با شیشہ و نقش و نگار ۔۔۔ خاص را با روشنی گردد قرار
گر نظر در شیشہ داری گم شوی ۔۔۔ زانکہ از شیشہ ست اعداد دوئی
مولوی کی سن نصیحت یہ پسر ۔۔۔ اولیا کا جب ہو منظورِ نظر
خاک شو در پیشِ شیخِ باصفا ۔۔۔ تا ز خاکِ تو بر وید کیمیا
ہیچ نہ کُشد نفس را جز ظلِّ پیر ۔۔۔ دامنِ آں نفس کُش را سخت گیر

[ل] قولہ تعالیٰ قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا ترجمہ: کہا یہ جدائی ہے میرے اور تجھ میں اب میں بتاؤں گا تجھ کو معنی ان باتوں کے جن پر تو صبر نہ کر سکا*

چوں بگیری سخت آں توفیق ہوست ۔۔۔ ورنہ تو ہر قوت کہ آید جذب اوست

دربیان صفت مجذوب سالک

اب تو سُن مجذوب سالک کا بیاں ۔۔۔ تاکہ تجھ پر نیک و بد سب ہو عیاں
یعنی وہ مجذوب سالک فی سیر ۔۔۔ جس کی صحبت سے ہو جذب اوّل پسر
بعد اس کے ہو سلوک ایسا جواں ۔۔۔ ماسوا حق کے ہو سب پردہ نہاں
یاں تلک پوشیدہ ہووے فی سیر ۔۔۔ قدسیوں کو بھی نہ ہو اصلا خبر
منتہی کا یہ ہے جذب اے نیکبخت ۔۔۔ یہ طریقہ سب طریقوں سے ہے سخت
حکم اس کو ہے کہ رہ سب سے بہم ۔۔۔ پر نہ ہووے عشق سے باہر قدم
یعنی ہو مخلوق میں جوں جان و تن ۔۔۔ جان ہو حق کی طرف پر جان من
جس کا یہ ہے حال اے عالی گہر ۔۔۔ صُحبتِ بد سے نہیں اُس کو خبر
حق نے بھیجا اس لئے اُس کو شتاب ۔۔۔ تاکہ ہووے خلق اُس سے فیضیاب
جس کا ایسا ہو سلوک اے مرد دیں ۔۔۔ وہ گدا ہے عشق کا شہ بالیقیں
اُس کی صحبت سے ہو جذب اے باخدا ۔۔۔ پر ارادت تیری صادق ہو ذرا
بے[1] ارادت کے نہیں ہوتا اثر ۔۔۔ انبیا کی کر ہدایت پر نظر
یعنی ہو اخلاص مرشد سے تمام ۔۔۔ جب تجھے ہو جذب حق اے نیکنام

[1] قولہ تعالیٰ انک لا تہدی من احببت ولکن اللہ یہدی من یشاء الخ تو ہدایت نہیں کر سکتا جس کو چاہے لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے

دربیان اقسام جذب

دو طرح کا جذب ہے اے نیکمرد ۔۔۔ جس کو یہ حاصل ہے وہ عالم میں فرد
ایک تو ہے خاص دیگر عام ہے ۔۔۔ خاص یہ بس عام کا انجام ہے
عام کہتے ہیں اُسے عالی گہر ۔۔۔ جس کو نسبت پیر سے ہو سربسر

Marfat.com

خاص یہ ہے یاد رکھ عالی جناب — نسبتِ احمد سے جو ہو فیضیاب
نسبتِ پیر اُس کی ہے لیکن غلاف — یعنی نسبتِ احمدی کے بخلاف
جس کو نسبت پیر کی ہو بوالفضول — ہے وہ عینِ نسبتِ ذاتِ رسول
نسبتِ احمدؐ احد کی ہے پسر — غرض یہ جوہر ہے وہ اے بے خبر
مخزنِ نسبت ہے مرشد اے حبیب — اس کو حاصل کر اگر ہے بانصیب
جس سے نسبت تجھ کو ہو اے نیکداں — یاد رکھ وہ ہی ہے نسبت بیگماں
اس مثل کو سُن ذرا اے خوش خصال — اس میں کچھ لکھتا ہوں اک عابد کا حال
اِک گدا پڑھتا تھا صحرا میں صلوٰت — وقت مغرب کے سنو اے نیک ذات
زن وہاں آئی چلی اک اے سعید — پا رکھا اُس نے مصلّے پر پلید
دیکھ یہ زاہد ہوا زن سے خفا — (یعنی پاؤں) اور کہا زن سے کہ سُن اے بےحیا
بیں ادا کرتا تھا یاں پر فرضِ رب — تو نے پا رکھا یہاں کیوں بے ادب
سُن کے یہ زاہد سے زن نے کھینچ آہ — یہ کہا کہنے ہو کیا ہادیئے راہ
فسق کی زینت سے جاتی تھی چلی — تجھ کو دیکھا نے مصلّے اے تقی
فسق نے دل پر کیا تھا یہ اثر — تن بدن کی کچھ نہ تھی مجھ کو خبر
حیف ہے صد حیف تجھ پر اے گدا — تو نمازِ حق میں دیکھے جز خدا
سُن کے زن سے یہ نصیحت پُر اثر — گر پڑا زاہد زمیں پر بے خبر
بے خبر تھا پر یہ کہتا کردگار — نورِ وحدت زن پہ کر دے آشکار
یہ ہے مرشد میں ہوں بس اس کا مرید — تو دکھا اس کو خدا راہ سعید
یعنی اپنا عشق دے اس کو خدا — دمبدم جس سے ہو تجھ پر یہ فدا
التجا زاہد کی حق نے کی قبول — زن گئی افعالِ بد سب اپنے بھول
عارفِ حق وہ ہوئی ایسی عزیز — ماسوا حق کے نہ تھا اُس کو تمیز

Marfat.com

جب ہوازن کا یہ رتبہ اے پسر — دیکھ کر زاہد کو زن نے آہ بھر
یوں کہا اے خالقِ کون و مکاں — ظاہر و باطن ہے سب تجھ پہ عیاں
اس کے باعث سے کیا مجھ کو قبول — کر قبول اس کو خدا بہرِ رسول
یہ ہوازن کی دعا کا پھر اثر — ہو گیا زاہد بھی عارف باخبر
حق پسندی حق کو ہے از بس پسند — یاد رکھ اس بات کو اے ہوشمند
راست گوئی سے یہ رتبہ اے سلیم — زن کو حاصل ہو گیا از بس عظیم
حق پسندی سے نہ غافل ہو عزیز — مثلِ زاہد تاکہ ہو تو باتمیز
یہ پسندِ حق ہیں دونوں اے حبیب — جو کہ خالی اِن سے ہے وہ بے نصیب
خود پسندی شیوۂ شیطان ہے — کذب گوئی غارتِ ایمان ہے
یہ ہیں دونوں فعل بد ایسے پلید — کر دیا لاکھوں کو غارت اے سعید
تو نگہباں اِس کا رہ ہر روز و شب — مثلِ شیطاں تا نہ ہو تو بے ادب
زن نمط بیخود ہو نسبت ہیں فنا — جب یہ تیری ہو نماز اے باخدا

در بیان صلوٰت حضرت سفیان ثوریؒ

دیکھ سُفیاں کو کہ پڑھتے تھے صلوٰت — شام کی مسجد میں سُن اے نیک ذات
جبکہ پہنچے نستعین پر اے پسر — گر پڑے بیتاب ہو کر بے خبر
جبکہ فارغ وہ ہوئے عالی جناب — اُن سے پوچھا ایک نے اے فیضیاب
کیوں گرے بیتاب تم اے باصفا — بھید اس کا دو ذرا مجھ کو بتا
پھر یہ سفیاں نے کہا اے بے خبر — روبرو حق کے نہ ٹوٹے کیوں جگر
وہاں کھڑا کہتا ہوں حق سے باادب — پس مدد مانگوں ہوں تجھ سے روز و شب
گر یہ فرمائے خدا اے کذب گو — پھر امیروں سے کرے کیوں جستجو

Marfat.com

کیونکہ تو پابند ہے تدبیر کا
یہ تصوّر دل میں جب آیا پسر
سُن چکا غافل یہ اب تو گفتگو
جب حضورِ دل ہو حاصل اے پسر
دیکھ تو یہ کیا لکھا ہے آشکار
اے کہ ترکِ تن بود اصلِ نماز
مے نیرزد آں نمازِ او دو جو
ہر گھڑی[له] ہر لحظہ حق سے رکھ نیاز
دمبدم جس کو نہ ہو حق کا حضور
کیونکہ غفلت میں یہ کھویا روز و شب
اس لئے لازم ہے تجھ کو اے پسر
دیکھ فرماتے ہیں یہ حضرت نبیؐ
چشم میری بند دل بیدار ہے
تیری بیداری ہے سونے سے بتر
اس حدیثِ مصطفٰے سے اے زبوں
یعنی جب یہ پنجگانہ ہو ادا
مولوئے روم نے اے بے خبر
صاحبِ ایماں ہماں باشد ہماں
پس ترا باید کنی ہر دم سجود
ہر سرے کو سجدہ سُبحاں نکرد
جب تلک ایسی نہیں پڑھتا نماز

کیوں نہ تو شاکر رہا تقدیر کا
شرم اس کی سے گرا میں خاک پر
ترک کر حق کے سوا سب کو تو تو
ورنہ کیا ہے نان و حلوا بے خبر
مولوئے روم نے اے نابکار
ترکِ خویش و ترکِ فرزندان و آز
آنکہ با اغیار دارد دل گرو
جب ادا ہو پنجگانہ یہ نماز
پھر کہاں اس کی نماز اے ذی شعور
پھر خیال رب بھلا آتا ہے کب
حق سے کوئی دم نہ ہو تو بے خبر
گوش دل سے سُن ذرا تو اے اخی
یعنی دل یہ خواب میں ہشیار ہے
خواب کا کیا ذکر ہے اے بیخبر
صاف ثابت ہے صلوٰۃ دائموں
پیشتر اس کو ادا کر باخدا
کیا لکھا ہے دیکھ تو یہ پُر اثر
کو نباشد غافل از وے یک زماں
عارف از وے یک زماں غافل نبود
حق مرا اور اصاحبِ ایماں نکرد
پھر کہاں تیری نماز اے حیلہ ساز

[له] قوله تعالیٰ اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِکْرِیْ ترجمہ میں تو وہ خدا ہوں کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو میری عبادت کر اور میری نماز برپا رکھ۔

Marfat.com

دربیان مذمت خیال الفت ماسوائے حق

دل میں تیرے یہ مرض ایسا پلید ۔۔۔ حشر تک چھوڑے نہ تجھ کو اے سعید
دل میں تیرے جس کی نسبت ہو کمال ۔۔۔ حشر اُسکے ساتھ ہو اے ذی خصال
یہ حدیثِ مصطفٰے ہے اے جواں ۔۔۔ حشر ہو نیت پہ تیرے بیگماں
مولوئے روم نے بھی اے پسر ۔۔۔ کیا لکھا ہے دیکھ کر ہو باخبر
ہرچہ در دنیا خیالت آں بود ۔۔۔ تا ابد راہِ وصالت آں بود
جز خدا کچھ فکر مت رکھ اے پسر ۔۔۔ یہ کریگی خوار تجھ کو سربسر

دربیان کشت آخرت

حدیث شریف الدنیا مزرعۃ الآخرۃ

قیامت کے دن آدمی اپنا بیجوں کا پھل پاوے گا

دل ترا ہے کشت مرشد کاشتکار ۔۔۔ جو وہ بوئے وہ ہی نکلے ہوشدار
عشق ہے اس کشت کا جوتا پسر ۔۔۔ ہل ہے اس کا فکرِ حق اے ذی بصر
بیل ہیں اس کشت کے اے نیکدل ۔۔۔ یعنی تنہائی و بیداری جواں
ہے بجائے چاہ چشم اشک ریز ۔۔۔ ہے بجائے شاہ شاہِ رستخیز
ہے بجائے تخم نام ذوالجلال ۔۔۔ کشت دل میں اس کو بوئے باکمال
ہیں بجائے پاسباں ظاہر عمل ۔۔۔ گر نہ ہوں یہ کشت میں آوے خلل
جب یہ کامل تیری ہووے کشت زار ۔۔۔ عجز کے آلہ سے کاٹ اے فی شعار
لا کے میداں میں تو رکھ خرمن پسر ۔۔۔ دے ہوا اثبات کی پھر سربسر
برق سے خرمن کو رکھنا تو بچا ۔۔۔ برق یعنی شرک ہے اے باخدا
جب نکالے خوشہ سے دانہ عزیز ۔۔۔ پھر نگہباں اس کا رہ اے باتمیز
کیونکہ دشمن اسکے ہیں لاکھوں جواں ۔۔۔ بے نگہبانی نہ چھوڑیں بیگماں

Marfat.com

بند کر غلے کو اُس جا ہوشمند
جس جگہ پہنچے نہ موشوں کا گزند

جب تلک ان کی نہیں کرتا دوا
کشت تیرا سب خراب اے باخدا

دیکھ کیا فرماتے ہیں یہ باصواب
یعنی حضرت مولوی عالی جناب

اوّل اے جاں دفعِ شرِّ موش کن
بعد ازاں در جمعِ گندم جوش کن

جانتا ہے وہ مکاں اے بیخبر
جس جگہ پہنچے نہ موشوں سے ضرر

یعنی وہ دل جوہرِ جاں ایجواں
واں نہیں موشوں کا ہرگز کچھ نشاں

موش کیا ہے جانتا ہے اے حبیب
یعنی شیطانِ لعینِ بدنصیب

یہ پھرے ہر رگ میں تیرے مثلِ خوں
پر نہیں دل میں گذر اے ذوفنوں

کیونکہ اس میں نورِ حق ہے آشکار
ہو گریزاں دیکھ شیطاں نابکار

در بیانِ اوصافِ دل

دیکھ فرماتے ہیں عطارِ ولی
گوش دل سے سُن ذرا اس کو اخی

دل چہ باشد غیرِ نفسِ ناطقہ
آنکہ از حق تافت بروے بارقہ

دل بمعنی جوہرِ روحانی است
دل نہ از جسم ست و نہ جسمانی است

کس نداند قدرِ دل جز اہلِ دل
نیست دل را نسبتے با آب و گل

اہلِ دل شو اہلِ دل شو اہلِ دل
ورنہ ہمچوں خر فرومانی بگل

مقصدِ مقصود خلوتِ این دل است
ہرچہ میخواہی ازیں دل حاصل است

ہرچہ عارف داند از دل خواندہ است
از کتاب و درس و ست افشاندہ است

اینچنیں دل را تو از عارف طلب
دل مجو زیں مستِ جام اے اوب

بے تعلّم حق دہد او را علوم
علمہاے برتر از درکِ فہوم

دل یہ کیا ہے شاہدِ مقصود ہے
دل یہ کیا ہے ساجدِ مسجود ہے

Marfat.com

دل یہ کیا ہے مخزن الاسرار ہے ❊ دل یہ کیا ہے مطلع الانوار ہے

دل یہ کیا ہے مرأتِ اہلِ دلاں ❊ دیکھتے ہیں نورِ حق اس سے عیاں

دل یہ کیا ہے جامِ جم اے بے بصر ❊ نیک و بد آتا ہے اس سے سب نظر

دل کو فرمایا[ل] کہ ہے عرش خدا ❊ صاحبِ لولاک نے اے باخدا

دل ہوا ہے خاک از عشقِ خدا ❊ آئینہ رو لیتے ہیں اس سے جلا

دل نہیں ہے یہ ہے بحرِ بیکنار ❊ دُرِّ وحدت اس میں رخشاں بیشمار

عرش و کرسی ہفت اقلیمِ دگر ❊ اس کے اندر دیکھ لے اے بیخبر

دل نہیں ہے لحم و شحم و گوشت پوست ❊ دل ہے وہ حاصل ہو جس سے بوئے دوست

وہ صفت سے خاص ہے موصوف دل ❊ کیجیو اس جا تمیزِ اہلِ دل

یا کہ ناظر یا کہ وہ منظور ہے ❊ وہ نہیں دل جو کہ اس سے دُور ہے

کیا لکھوں اوصافِ دل اے مشتِ خاک ❊ گوش دل سے گر سُنے ہو سینہ چاک

یعنی فرماتے ہیں کیا وہ باخدا ❊ مثنوی میں مولوئے باصفا

دل گذرگاہِ جلیلِ اکبر است ❊ کعبہ بُنگاہِ خلیلِ آذر است

دل بدست آور کہ حجِ اکبر است ❊ از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است

سُن ذرا عطار کی یہ گفتگو ❊ تاکہ واقف اس سے ہو اے زشت خو

دل چو شد بر یادِ غیر او حرام ❊ گر بدانی او بود بیت الحرام

دردِ حق ہے جانِ دل اے اہلِ دل ❊ پر نہیں واقف جو خود ہے آب و گل

دربیان دردِ حق کہ از کلام اللہ ثابت است

یوں کہو ہاتھوں کو تم کرکے دراز ❊ از طفیلِ مصطفٰے اے کارساز

ایسی آتش کر مرے دل میں نہاں ❊ ہو اگر ظاہر جلے کون و مکاں

ل حدیث: قلوب المؤمنین عرش اللہ تعالیٰ ۱۲ ف ایمان والوں کے دل اللہ تعالیٰ کے تخت ہیں۔

Marfat.com

آہ جب نکلے تو ہو سب پر اثر
کوہ تڑپے گر پڑے میری نظر

بیقراری سے مجھے بس ہو قرار
بلکہ زائد اس سے ہو پروردگار

سوز و درد خاص ہو افسردگی
زندگی عاشق کی ہو پژمردگی

اس قدر دے سوز دل پروردگار
چشم دل سے خوں بہے لیل و نہار

کیونکہ حاصل جن کو تیرا درد ہے
دو جہاں میں وہ بلاشک فرد ہے

باعث ایجاد عالم ہے یہ درد
سرفرازی بخش آدم ہے یہ درد

جس کا دل با درد ہو عالی نسب
اس سے ملتے ہیں فرشتے باادب

جو کہ دل وابستہ ہے اس کی کلید
درد ہے یہ درد ہے مرد سعید

جس کو درد حق نہ ہو عالی گہر
وہ نہیں ہرگز بشر اے باخبر

جو کہ ہے بے درد وہ حیوان ہے
گرچہ ظاہر شکل میں انسان ہے

درد ہے اخلاص حق از بس لطیف
تو نہیں واقف ہے اس سے اے کثیف

یہ سخن با درد سن عطار کے
عاشق صادق تھے وہ ستار کے

ذرۂ درد خدا حاصل ترا
بہتر از ہر دو سرا حاصل ترا

ذرۂ عشق از ہمہ آفاق بہ
ذرۂ درد از ہمہ عشاق بہ

درد حاصل کن کہ درماں درد تست
در دو عالم داروئے جاں درد تست

درگذر از زاہدی و سادگی
درد باید درد کار افتادگی

ہر کرا درد ست درمانش مباد
وانکہ درماں خواہد او جانش مباد

مولوی فرماتے ہیں اے بیخبر
اس کلام آتشیں پر کر نظر

آتش است ایں بانگ نائے و نیست باد
ہر کہ ایں آتش ندارد نیست باد

درد سے انکار جس کو ہے وہ خر
بلکہ بدتر اس سے ہے وہ بدگہر

یہ کہا عطار نے کیا ہی عجب
دیکھ کر انسان کو ہوتا تاب تب

حق ہمیگوید کہ انسان فی المثل ‏ ہمچو گاوست و چو خر بل ہم اضل

رو باسفل وار داو چوں گاو و خر ‏ نیستش کارے بغیر از خواب و خور

بے نصیب از ہر کمال است آں گروہ ‏ غافل از ارباب حال است آں گروہ

مولوی کی سن تو یہ طرز کلام ‏ دیکھ کیا ہوتا ہے ثابت نیکنام

بر محمدؐ چوں ابوبکرؓ نکو ‏ دید صدقش گفت ہذا صادق قوا

چوں نبود از بو جہل اصحاب درد ‏ دید صد شق القمر باور نکرد

نقص تھا بو جہل میں یہ اے پسر ‏ اس لئے دیں سے رہا وہ بے خبر

یعنی تھا بے درد وہ زشت و پلید ‏ کس طرح ہوتا بھلا پاک و سعید

سن حقیقت درد کی اے جان من ‏ تا نہ ہو با درد پر تو طعنہ زن

یہ کلام پاک رب دو جہاں[۱] ‏ گوش دل سے تم سنو اے مومناں

جبکہ سنتے ذکر حق ہیں مومنیں[۲] ‏ خوف حق ہوتا ہے دل میں جانشیں

یا کہ کرتے ذکر حق ہیں با حضور ‏ دل کو اس سے ہوتا ہے از بس سرور

یعنی ہستی نیست ہوتی ہے عزیز ‏ ماسوا حق کے نہیں رکھتی تمیز

جانتا ہے نیستی کیا ہے پسر ‏ غیر حق یعنی نہ ہو دل پر اثر

در بیان سبب جذب اہل حال صادق

جس گھڑی ہو اس اثر کا کچھ ظہور ‏ نفس عاجز روح ہووے ذی شعور

لیک تن سے جان کو نسبت اے پسر ‏ اس سبب سے وہ عاجز سخت تر

[۱] قولہ تعالیٰ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ ت ایمان والے وہی ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاوے تو ان کے دل ڈر جاویں ۔ [۲] اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابًا مُتَشَابِهًا مَثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ت اللہ تعالیٰ نے عمدہ کتاب اتاری ہے ایک دوسرے سے ملتی ہوئی اور مکرر جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے رونگٹے اٹھتے ہیں اور پھر ان کا چمڑا اور دل خدا کی یاد پر نرم ہوتے ہیں یہ اللہ کی ہدایت ہے اس سے جس کو چاہے راہ دکھاوے م اور جس کو خدا گمراہ کرے اس کا کوئی ہادی نہیں +

Marfat.com

یعنی جاں ہی پاک چاہے پاک کو ۔ تن نجس ہے خاک چاہے خاک کو
تن کی خواہش ہے نہ چھوڑوں جائے خاک ۔ جاں کی خواہش ہے ملوں با اصل پاک
تن یہ کہتا ہے نہ جاؤں عرش پر ۔ جاں یہ کہتی ہے رہوں کیوں فرش پر
جان اور تن میں نزاع و شور ہے ۔ مقتضا ہر اک کا دائم اور ہے
روح[له] کہتی ہے کہ میں ہوں امر رب ۔ ہیں مقید آب و گل کی ہونگی کب
تن یہ کہتا ہے کہ میں ہوں آب و خاک ۔ تو کہاں اور میں کہاں اے اصل پاک
پر نہ چھوڑوں گا تجھے اے نیکنام ۔ تجھ سے روشن ہے مرا خانہ تمام
قید تن سے جاں نہیں ہوتی رہا ۔ تا کہ حاصل ہووے اس کو مدعا
کھینچتا ہے اس کو تن اپنی طرف ۔ اس سبب سے جاں کو ہوتا ہے شغف
اس تخالف کی سبب سے عاشقیں ۔ وست و پا کو مارتے ہیں بر زمیں
مولوی کو یہ کلام اے اہل دل ۔ ہے اسی مضمون پہ بیشک مشتمل
روح می پرُوت سوئے چرخ بریں ۔ سوے آب و گل شدے در اسفلیں
اس قدر ہیں وست و پا زن خاک پر ۔ شور و غل پڑ جاتا ہے افلاک پر
مولوی فرماتے ہیں اے کور و کر ۔ مثنوی میں اس طرح پر کر نظر
جسم بر خاک است جاں بر لامکاں ۔ لامکان فوق وہم سالکاں
لامکانے نہ کہ درو ہم آیدت ۔ ہر دمے درو سے خیالے زائدت
از نیستاں تا مرا ببریدہ اند ۔ از نفیرم مرد و زن نالیدہ اند
درد سے تڑپیں جو انساں خاک پر ۔ رشک سے روتے ہیں ملک افلاک پر
یہ کہا عطار نے سن اے حبیب ۔ قدسیوں کو یہ نہیں رتبہ نصیب
قدسیاں را عشق ہست و درد نیست ۔ درد را جز آدمی درخور نیست
درد اس کو کہتے ہیں اہل عقول ۔ ماسوا اس کے نہیں سن اے جہول

له قُلِ الرُّوحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّي + ت تو کہدے کہ روح یعنی جان میرے پروردگار کا حکم ہے +

جاہلوں کے قول پر مت کر نظر — حاصل اس کو کر اگر ہے باخبر
سُن امامِ اولیا عطار سے — مانگتے تھے یہ سدا ستار سے
کفر کافر را و دیں دیندار را — ذرۂ دردے دلِ عطار را
دیکھ فرماتے ہیں مولانائے روم — قدر کب جانے ہے اس کی چغد و بوم
اے خنک چشمے کہ آں گریانِ اوست — وے ہمایوں دل کہ آں بریانِ اوست

در بیان آنکہ بغیر محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیچ فائدہ نکند

ہو مگر جو شرعِ احمد کا نثار — درد اُس کا راست ہے اے باوقار
جو خلافِ آں جنابِ پاک ہے — درد اُس کا سر بسر سب خاک ہے
جو فدا اُن کا وہ مولا کا فدا[۵۱] — پڑھا طاع اللہ فرمانِ خدا
جس نے کی ان سے محبت اے حبیب — نورِ وحدت ہو گیا اس کے نصیب
جس زمیں پر نقش ہوں ان کے قدم — اُس کو چومیں سب ملائک و مدام
ہوئے جس جا پر لکھا حضرت کا نام — اولیا آنکھیں ملیں ہر صبح و شام
حُبِّ احمد سے ہے بس وصلِ خدا — کیوں نہیں ہوتا دلا اُن پر فدا
مصقلہ ہے دل کا حُبِّ مصطفےٰ — بے محبت کے نہ ہو دل پر جلا
جس کو حُبِّ مصطفےٰ حاصل نہیں — بالیقیں وہ ہے لعیں وہ ہے لعیں
گرچہ وحدت کا کرے سو سو قرار — بے محبت کے نہیں ہوتا شمار
حُبّ[۵۲] اُن کی شرطِ ایماں اے پسر — ہے یہ مضمونِ حدیثِ معتبر
[۵۳] من رآنی کو تو پڑھ دل سے عزیز — جب تجھے ہو شانِ احمد سے تمیز

۵۱ قولہ تعالیٰ وَمَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ ترجمہ جو اطاعت کرے رسول کی وہ مطیع ہے اللہ کا +

۵۲ حدیث لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ترجمہ تم میں سے کوئی مومن نہیں ہوگا جبتک کہ میں محبوب نہ ہو جاؤں اُس کے نزدیک اس کے والد و فرزند اور سب لوگوں سے ۔ مسلم اور بخاری نے روایت کی +
۵۳ مَنْ رَآنِي فَقَدْ رَأَى الْحَقَّ ترجمہ جس نے مجھ کو دیکھا اس نے حق کو دیکھا +

پر نہ بے نسبت کے ہو اس سے شعور — کیونکہ حائل ہیں تیرے دل کے خطور

یہ خطورِ دل نہ جائیں اے حبیب — جب تلک کامل نہ ہو نسبت نصیب

لیک نسبت نین ہیں اے نازنین — جس کو حاصل یہ ہیں وہ ہے مردِ دین

ایک بھی گر ترک تجھ سے ہو حبیب — نورِ وحدت سے رہے تو بے نصیب

اِن کو لاوے جب بجا جی جان سے — پھر تو پاوے کچھ مزا ایمان سے

ماسوا اس کے نہیں ہوتا حصول — جو کرے اس کے سوا وہ ہے فضول

چوب کو بھی دیکھ نسبت بارسولؐ — ہجر سے رویا وہ مثلِ ذی العقول

تھا ستونِ چوب حنّانہ بنام — اُس سے لگ کر بیٹھتے خیر الانام

ہجر سے حضرت کے رویا اس قدر — جیسے روئے طفل مادر بے پدر

سسکیاں بھر بھر کے کہتا میں فدا — یا نبی اللہ نہ ہو مجھ سے جُدا

جب ستونِ چوب کو یہ درد ہو — حیف ہے انسان اگر تو سرد ہو

چوب میں تاثیر ہے اب تک پسر — مولوی کے قول پر کر تو نظر

بشنو از نے چوں حکایت میکند — وز جدائیہا شکایت میکند

وائے بدتر چوب سے ہم ہیں پسر — جنس اپنی سے نہیں رکھتے خبر

خاص نسبت ہے ہمیں اُس سے سلیم — بحرِ وحدت کے جو ہیں دُرِ یتیم

باوجود اس کے نہیں ہم میں اثر — جیسے رکھتی چوب ہے عالی گہر

کیونکہ جب پوچھا نَے نے اے ستوں — چاہتا ہے کیا بتا اے ذی فنون

تب کہا اس نے کہ ہوں سب سے جدا — اور بقا ہوں بابقائے مُصطفا

دیکھ ہمت چوب کی اے بے بصر — ہو گئی طالب بقا کی سر بسر

گر نہیں نسبت تجھے با مُصطفا — تو ہے بدتر چوب سے اے بے حیا

لیک اس میں نکتہ ہے باریک تر — یاد رکھ اس بات کو عالی گہر

Marfat.com

یعنی طاعت اور محبت اور ہے | گرچہ ظاہر سب کا ایک ہی طور ہے
یا کہ قولی یا کہ فعلی اے پسر | بے محبت ذات کے سب بے اثر
یہ محبت کی ہے صورت اے حبیب | جان ہے لیکن یہ صورت بے نصیب
یہ ہیں دونوں پوست بے مغز اے فتا | گر نہیں نسبت تجھے با مصطفا
اس کو پیدا کر اگر ہے ذی شعور | جب تجھے ہو نورِ وحدت سے حضور
دیکھ حنانہ کو تھا عشقِ رسولؐ | ہجر سے رویا وہ مثل ذی العقول
دیکھ تھا یعقوبؑ کو یوسفؑ کے ساتھ | روتے روتے دھوئے بینائی سے ہاتھ
دیکھ تھا صدیقؓ کو با مصطفا | جان و مال اپنا کیا ان پر فدا
دیکھ تھے عاشق عمرؓ عالی وقار | کر دیا بیٹے کو سنت پر نثار
دیکھ تھے عثمانؓ با حلم و حیا | قتل تک وہ عشقِ احمد ہی رہا
دیکھ تھے حضرت علیؓ والا گہر | جان جانے پر نہ کی کچھ بھی نظر
دیکھ تھے حضرت بلالؓ ذی عقول | جان دیکر کی قدمبوسی حصول
گوش دل سے یہ حکایت سن عجیب | تا کہ ہووے دردِ دل سے با نصیب
ایک صحابی نبی والا تبار | نام تھا ان کا بلالؓ با وقار
عاشقِ احمد وہ والا شان تھے | جان و دل سے اُن پہ وہ قربان تھے
کوئی دم حضرت سے گر ہوتے جدا | سر زمیں پر مارتے وہ جا بجا
اِس قدر نسبت تھی اُن کو با رسولؐ | گوش دل سے سن ذرا اے بو الفضول
بعد وصل رحمۃٌ للعالمین | آئے زیارت کیلئے وہ پاک دین
جب پڑی اُن کی مدینہ پر نظر | گر پڑے بیتاب دل سے آہ بھر
خاک میں غلطاں مگر با درد و غم | یہ ندا کرتے تھے اے شاہِ امم
ہے تیری نعلین میری نور عین | دیکھنے سے جن کے عشاق کو چین

Marfat.com

دے دکھا مجھ کو ذرا میرے حبیب
آنکھ کو اُن سے ملوں میں بے نصیب

یعنی وہ اپنی کفِ پا تم دکھا
تا کروں میں جان و دل اُس پر فدا

کہکے یہ پھر رو اُٹھا وہ بھر کے آہ
کس طرح حاصل ہو یہ اُمت پناہ

میری قسمت ہے کہاں ایسی بھلا
تیری نعلینوں پہ ہوں جاں سے فدا

گفتگو یہ کرکے باسمتِ مزار
پس رواں واں سے ہوا با چشمِ زار

جب کہ پہنچا وہ مزارِ پاک پر
گر پڑا بیتاب ہو کر خاک پر

آب بن ماہی ہو جیسے بیقرار
اس طرح سے وہ تڑپتا دلفگار

دیکھ کر یہ حال اصحابی تمام
گرد و پیش اُس کے ہوئے سب خاص و عام

کوئی کہتا اے بلالؓ دردمند
صبر کر اس جا پہ تو اے ہوشمند

کوئی کہتا اے بلالؓ پُر اثر
حال سے اپنے ذرا دے تو خبر

کوئی کہتا اے بلالؓ ذی شعور
کیا چلا تو بھی پیمبر کے حضور

تب لگا کہنے یہ وہ اندوہگیں
کچھ نہ پوچھو حال اے اہلِ یقیں

کیونکہ جل جاویں زمین و آسماں
گر کروں میں سوزِ دل کا کچھ بیاں

تین دن تک وہ رہا با وجد و حال
پھر گیا مسجد کو واں سے باکمال

پیشتر تھا وہ مؤذن نامدار
بانگ پر جس کے ملک تھے جاں نثار

جب گیا مسجد میں یاروں نے کہا
بانگ اب پھر دیجئے بہرِ خدا

وہ زمانہ پاک جس میں تھے رسول
آج پھر ہم کو میسر تو ہو حصول

کہکے سب یہ رو اُٹھے اے مصطفا
وصل اپنا دیجئے بہرِ خدا

زندگی ایسی ہے اب تم بن خراب
ناریوں کو بھی نہ ہوگا یہ عذاب

جب سے تم پوشیدہ ہو شمس جمال
ماہ کی مانند اپنا ہے زوال

کوئی پرساں ہی نہیں اس درد کا
کوئی پرساں ہی نہیں اس وجد کا

گفتگو کرتے تھے جب یہ ہمدگر — شق ہوتے تھے جگر اُن کے پسر
یہ شکایت جاں سے کرتے تھے بلالؓ — دوست بن آتی ہے کب خوش قیل و قال
جاں سے کہتے کیوں رہی تو بیخبر — چشم ایمان کا گیا نور البصر
یہ کیا تُو نے غضب اے بے نصیب — کس طرح یاں پر رہے تو بے حبیب
کیا کروں میں حکم حضرت کا نہیں — ورنہ کرتا ذبح میں تجھ کو وہیں
تو نے کی مجھ سے دغا کیا بے وفا — حشر میں پاوے گی تُو اس کی سزا
نورِ احمدؐ پر فنا ہوتی اگر — زندہ ہوتی با بقا اے بے خبر
سخت حیران ہو گیا پھر اے الٰہ — تُو دکھا اس کو جو ہے اُمت پناہ
کیجیو تو عفو کی مجھ پر نظر — روسیہ مجھ سا نہیں کوئی بشر
یا الٰہ العالمین میں ہوں غلام — جاں یہ نکلے میری با خیر الانام
جب کہا یہ عاشقِ معبود نے — رُو دکھایا شاہدِ مقصود نے
غیب سے آئی ندا سُن اے بلالؓ — یہ مقامِ قرب ہے مت کر ملال
کوئی دم باقی ہے تیرے فصل کا — ورنہیں ہے یہ زمانہ وصل کا
الغرض دی بانگ باوردو حزن — روپڑے سارے وہاں کے مرد و زن
پڑھ سکے لا کو یوں کہا پروردگار — تجھ سوا کوئی نہیں ہے کردگار
پھر کیا الّا کا ظاہر جب بیاں — نورِ وحدت ہو گیا سب پر عیاں
جب کہ پہنچے نامِ احمد پاک پر — شمع ساں جلکر گرے پھر خاک پر
دیکھ کر تھرا گیا عرشِ بریں — عاشقِ صادق گرا جب بر زمیں
عرش کے ساکن یہ دیتے تھے ندا — قَالُوْا اِنَّا تم پڑھو سب برملا
دیکھ کر یہ حالِ اصحابِ کبار — گر پڑے فرشِ زمیں پر بے قرار
یوں لگے کرنے دعائے ذوالجلال — دردِ ہم کو کر عطا مثلِ بلالؓ

Marfat.com

اب نہ لکھ عاجز وہاں کا سوز و درد — رقص میں آوے کہیں زاہد نہ سرد
درد سے انکار جس نے ہے کیا — وہ ہے شیطاں شکلِ انساں بیچا

دربیانِ درد و سوزِ خلیفۂ برحق آنحضرت صلعم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

سوزِ دلِ صدیق کا سُن لے پسر — تا کہ ہووے دردِ دل سے باخبر
اس قدر تھا درد و سوز و اضطراب — دل سے آتی تھی صدا جلوے کباب
زاہدانِ خشک پر مت کر نظر — دردِ دل حاصل تُو کر لے باخبر

دربیانِ درد و سوزِ خلیفۂ برحق حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ

دیکھ کیا با درد تھے حضرت علیؓ — یہ لکھا عطار نے سن اے اخی
مصطفٰے جائے فرود آمد براہ — گفت آب آرید لشکر را ز چاہ
رفت مردے باز آمد با شتاب — گفت پُر خون است چاہ و نیست آب
مصطفٰے چوں ایں سخن از وے شنید — آزماں انگشت با دنداں گزید
گفت پندارم ز دردِ کارِ خویش — مرتضٰے با چاہ گفت اسرارِ خویش
چاہ چوں بشنود زاں تابش نبود — لاجرم پُر خوں شدہ آبش نبود

دربیانِ سوز و درد خلیفۂ برحق حضرت عمر رضی اللہ عنہ

درد سے موصوف تھے ایسے عمرؓ — سُن لَوَاقِعٌ گر پڑے وہ آہ بھر
خشیتِ حق کا ہوا ایسا اثر — اک مہینے تک رہے وہ بے خبر
تھا یہی ابن عمرؓ کا حالِ زار — پڑھ کے یَوْمَ گر پڑے وہ آہ مار
اک صحابی تھے ز راہ باوقار — پڑھ کے قرآں ہو گئے حق پر نثار

Marfat.com

ہے یہ نخعی کی روایت جانِ من / قریۂ کوفہ میں تھی اک پیرہ زن
وہ کھڑی پڑھتی تھی واں حق کی صلوٰۃ / عشقِ حق سے وہ ستودہ نیکذات
پڑھ چکی جب وہ نمازِ کبریا / عجز سے میں نے سلام اُس کو کیا
مجھ سے پوچھا تجھ کو قرآں یاد ہے / پڑھ ذرا اُس سے مرا دل شاد ہے
جب سنایا میں نے قرآنِ مجید / آہ بھر کر گر پڑی ہو کر شہید
اِس نمط کے دیکھ اصحابِ رسولؐ / جا کے احیا میں تو اے مردِ فضول
اُس میں ہے تفصیل سے سب اُن کا حال / دیکھ کر اُس میں نہ کر کچھ قیل و قال
تو نہیں قائل ہے اس کا نابکار / رو برو حق کے تو ہوگا شرمسار
کیونکہ یہ ہے معجزہ قرآن کا / ہو شکستہ سُن کے دل انسان کا
بلکہ تاثیراتِ قرآں بالیقیں / سُن کے بیخود ہوتے کُفّارِ لعیں
منحرف اِس کا جو ہے شیطان ہے / کیونکہ منکر عظمتِ رحمان ہے
بلکہ بدتر کافروں سے وہ لعیں / سخت دل اُن سے زیادہ بالیقیں
وہ نہیں مومن حقیقت میں پسر / عظمتِ حق سے جو خالی ہو بشر
اِنّما ہے مومنوں کی شان میں / آیا بہرِ حصر ہے قرآن میں
عاجزا کر تو دُعا بہرِ خدا / تاکہ حاصل درد ہو تجھ کو ذرا
جستجو کر دیکھ کیا ہے سوز و ساز / یہ کھُلے ہے راز کب بے اہلِ راز

حکایت حضرت موسیٰؑ و درویش عاشق

ایک دن موسیٰؑ نے حق سے کی دعا / خاص بندے اپنے دے مجھ کو دکھا
تب ندا آئی کہ موسیٰؑ کر سفر / جا فلانے کوہ پر کر تو نظر
جب گئے موسیٰؑ تو دیکھا ایک مرد / تن برہنہ کوہ پر آلودہ گرد

Marfat.com

تھا زبان دل پہ اُس کے ذکرِ ہُو — شور تھا ہو کا وہاں ہر سو بسو

جب کہ موسےٰ نے کیا اُسکو سلام — کچھ نہ پایا ہُو سوا اُس سے کلام

پھر کہا موسےٰ نے اے مستِ خدا — ہُو سے ہے دیدار تیرا مُدعا

یا کہ اس میں راز ہے کچھ اے جوان — راستی سے کرو ذرا ہم پر عیاں

ہم کریں تیرے لئے حق سے دعا — تا کہ حاصل ہووے تیرا مُدعا

نام حق سُن عاشقِ حیران نے — جاں سے دھوئے ہاتھ اُس بیجان نے

آہ بھر کر گر پڑا وہ خاک پر — روح نے پرواز کی افلاک پہ

دیکھ کر یہ عاشقِ صادق کا حال — پھر کہا موسےٰ نے حق سے یہ سوال

ایسا عاشق اور بھی ہے اے خدا — نام سُن تجھ پر کرے جاں کو فدا

حکم آیا ہیں بہت اے باوقار — نام پر کردیں وہ میرے جان نثار

جو کہ ہیں دیدار کے مشتاق تر — درد اُن کی ہے غذا اے باخبر

درد کیا ہے وصل کا پیغام ہے — درد کیا ہے وصل کا انجام ہے

یا الٰہی درد کر مجھ کو عطا — جیسے رکھتا درد یہ تیرا گدا

کیونکہ جس کے دل میں ہو اس کا اثر — اُس سے بھاگیں سب جہنم پر شرر

حکایت حضرت خلیل الرحمٰن علیہ الصلوٰۃ والسلام

یہ حکایت گوش دل سے سُن پسر — جب تجھے ہو درد حق سے کچھ اثر

جب خلیلؑ اللہ کے عاشق ہوئے — عشق بازی میں بڑے صادق ہوئے

آگ میں نمرود نے پھینکا اُنہیں — آتشِ سوزاں میں پھر رکھا اُنہیں

آگ پر جس دم معلق تھے خلیلؑ — آئے اُن کے پاس اس دم جبرئیلؑ

یوں کہا اُن سے کہ کچھ فرمائیے — آپ کو حاجت جو ہو بتلائیے

Marfat.com

ہم کریں رب سے تمہارے پھر دعا — تا کہ تم کو نار سے لے وہ بچا

یوں دیا پھر عاشق حق نے جواب — حضرت جبریل سے کر کے خطاب

میرے دل میں شعلہ زن وہ نار ہے — آتش نمرود کیا مردار ہے

ایک دم اُس کا اگر پھونکو کبھی — عرش سے تا فرش جل جاوے سبھی

ماسوا حق کے نہیں رکھتا اُمید — رب میرا سب جانتا ہے دل کا بھید

آخرش کو جب وہ پہنچے نار پر[٥] — جا کے بیٹھے تختۂ گلزار پر

[٥] [illegible] قلنا یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراہیم [illegible]

در صفت ورد

[illegible] نمرود [illegible] نقصان [illegible]

ورد کیا ہے مایۂ پیغمبراں — ورد کیا ہے ہادئ صاحبدلاں

ورد کیا ہے رہبر ایمان ہے — ورد کیا ہے قاتلِ شیطان ہے

ورد کیا ہے۔ ہے سلیمانِ جہاں — رب پری رویوں کا شہ بیگماں

ورد کیا ہے قاصدِ دلدار ہے — ورد کیا ہے رازدارِ یار ہے

ورد کیا ہے مہ رخوں کی شان ہے — ورد کیا ہے عاشقوں کی جان ہے

ورد کیا ہے بحرِ وحدت کا ہے دُر — آسمانِ معرفت کا ہے یہ خور

ورد کیا ہے نورِ ایماں اے عزیز — اس کو حاصل کر اگر ہے باتمیز

ورد کا کیا وصف ہو مجھ سے بیاں — ہے کہاں ایسی بھلا اپنی زباں

یہ لکھا عطار نے عالی سخن — گوشِ دل سے سُن ذرا اے جانِ من

ہر کجا این آتش آید کارگر — زآتشِ دوزخ کجا ماند اثر

ورد حاصل کر اگر ہے ہوشمند — معرفت کے بام کا ہے یہ کمند

زاہدوں کے قال پر مت کر خیال — ان کو پکڑا نفس نے با صد ضلال

ان کے دل پر زنگ ہے ایسی عزیز — حق و باطل کا نہیں ان کو تمیز

Marfat.com

دیکھ تو بل ران کو قرآن میں — حق نے فرمایا ہے ان کی شان میں

كلا بل ران على قلوبهم ما كانوا يكسبون

دربیانِ مذمّتِ زاہدِ خشک

دیکھ زاہد یہ حدیثِ مُصطفا — سخت دل ہیں دور از قربِ خدا

زاہدو انصاف سے دیکھو اگر — مکر ہیں دعوے تمہارے سربسر

کیونکہ تم اخلاص سے ازبس ہو دور — جان و دل سے بلکہ ہو اس سے نفور

تم فقط اک نقشۂ تصویر ہو — سادہ دل ہو اور بڑے بے پیر ہو

درد کی لذّت سے ہو نا آشنا — سچ ہے خر کو زعفراں کی قدر کیا

کیا ہوا گر ریش کی تو نے دراز — خود پسندی سے نہیں آتا ہے باز

کیا ہوا گر عابد و زاہد ہے تُو — پر نہیں اخلاص دل اے زشت خو

کیا ہوا گر صاحبِ تدریس ہے — دل پہ قادر گر ترے ابلیس ہے

کیا ہوا گر حافظِ قرآن ہے — خلق میں تیری بڑی کچھ شان ہے

کیا ہوا گر حج کر حاجی ہوا — شہر کا یا مفتی و قاضی ہوا

کیا ہوا گر تُو ہے عالی خاندان — مثلِ شیطاں فخر کیا اے بدگماں

کیا ہوا گر تُو ہوا پیر و مرید — اور کہتے ہیں تجھے سب بایزید

گر مطیع نفس ہے اے بے خبر — سب یہ حاصل تیرا غارت سربسر

نفس نے اعمٰی کیا تجھ کو نہاں — ضد حق تجھ پر کیا اس نے عیاں

جو شکستہ دل ہیں یاں بہرِ رسول — اُن پہ خندہ زن ہے کیوں اے بوالفضول

یہ نہ سمجھا دل ہیں تو اے بے بصر — درد سے خالی نہیں کوئی بشر

سُن لے سعدی کا کلامِ پُر اثر — ہوئے قدر درد سے تُو باخبر

ہے یہ عالم سربسر ہستی و شور — لیک کب دیکھیں جو ہو وے چشم کور

درد سے خالی نہیں کوئی یہاں — لیک نسبت میں تفاوت بیگماں
یعنی نسبت جس کی ہو جس سے بسر — درد اُس کو اُس سے ہے اے بےخبر
یہ حکایت گوش دل سے سُن حبیب — فہم حق سے تاکہ ہو تو بانصیب

حکایت

ایک دن الفت سے مجنوں کا پدر — لیکے مجنوں کو گیا لیلیٰ کے گھر
والدِ لیلیٰ سے اُس نے یُوں کہا — قیس کو زندانِ غم سے کر رہا
یعنی اپنا قیس کو داماد کر — اُس کے دل کو رنج سے آزاد کر
ماسوا اس کے نہیں کچھ تجھ سے کام — رحم کر اِس طفل پر اے نیکنام
پھر دیا اُس کے پدر نے یہ جواب — یہ نہیں ہے رائے تیری باصواب
رحم کا باعث ہے جو کرتا نہیں — ورنہ مَیں مجنوں سے کچھ ڈرتا نہیں
جو لکھا تقدیر میں اس کی ضرور — ہوتا ہے مجنوں ہو یا ذی شعور
گر نہیں تم کو یقیں اے اہلِ دیں — دیکھ لو تم آپ از عین الیقیں
باپ نے دی پھر ندا ہو کر اُداس — آؤ نور العین اک دم میرے پاس
جب اُٹھی لیلےٰ تو دامن پر نظر — جا پڑی مجنوں کی اُس دم بےخبر
گر پڑا بیتاب ہو کر وہ حزیں — مارتا تھا وہ پڑا سر بر زمیں
پھر کہا لیلےٰ کے والد نے کلام — دیکھ لے مجنوں کو تو اے نیکنام
دیکھ گرد دامانِ لیلیٰ ہے یہ حال — اُس کو گر دیکھے تو جینا ہے محال
اس لئے رکھا ہے اُس کو اس سے دُور — تا نہ جائے جان سے یہ بےشعور
ہو یہ پُرتاثیر جب دامانِ زن — نام احمد سے تو کیوں ہے خندہ زن
ایسی نسبت کر تو پیدا اے اخی — جیسے مجنوں کو تھی لیلیٰ سے دلی

Marfat.com

یا کہ ہووے جیسی نسبت با پسر
یا کہ نسبت جیسی ہو با سیم و زر

یا کہ نسبت جیسی ہے تجھ کو بزن
ہے نبیؐ سے سچ بتا اے سگ دہن

نسبت احمدؐ سے خالی تو دنی
اس لئے کرتا ہے تو خندہ زنی

آپ اپنے عیب پر کرتا ہے ناز
اس قدر اندھا ہے تو اے حیلہ ساز

آپ نسبت سے ہے خالی اے دنی
صاحب نسبت پہ کیوں خندہ زنی

زنگ دل کا یہ سبب ہے اے حزوں
عقل تیری ہو گئی ایسی زبوں

جس کے دل میں یہ مرض ہو العزیز
حق و باطل کا نہیں اس کو تمیز

کر دوا اس کی شتاب اے بے شعور
جب تجھے ہو نام احمدؐ سے سرور

در بیان طالب کاذب

یعنی نسبت کر تو حاصل خوش خصال
تا نہ ہو شرمندہ پیش ذوالجلال

کیونکہ یہ محشر میں پوچھے گا خدا
مجھ سے نسبت تجھ کو یا یا مصطفا

یا کہ تھی میرے ولی سے اے حبیب
یا کہ ان تینوں سے تھے تم بے نصیب

سن کے پھر بولیں کہ اے پروردگار
عشق سے تیرے تھے ہم سب دلفگار

کوئی بولے اے الٰہ العالمین
نسبت احمدؐ تھی مجھ کو بالیقین

کوئی بولے اے خدا اے داد گر
ڈھونڈتا پھرتا تھا مرشد دربدر

کر چکیں جب سب کی سب یہ گفتگو
حکم ہو مجنوں کو لاؤ روبرو

جب کہ ہووے عاشق لیلیٰ کھڑا
حق کہے ان کو کہ دیکھو تو بھلا

کون ہے کس کا ہے عاشق یہ جوان
جانتے ہو اس کو تم اے عاشقاں

سب کہیں مجنوں ہے اے حق بالیقیں
عاشق لیلیٰ ہے یہ مرد حزیں

عشق لیلیٰ کا ہے اس پہ یہ اثر
جان و تن سے کچھ نہیں اس کو خبر

صورت لیلیٰ کا از بس ہے عشیق
بحر غم میں اب تلک ہے یہ غریق

Marfat.com

گریہ وزاری و آہِ دلِ فگار
سُن کے فرمادے خدائے ذوالجلال
کوئی تم میں سے بھی ہے ایسا بھلا
خشک تم سب کا ہے ایسا کب بدن
کھینچتا لاکھوں بلائیں یہ غریب
کب تمہارا دل تھا ایسا بیقرار
کب کیا میرے لئے کپڑوں کو چاک
کب ہوئے میرے لئے بیخواب و خوار
کب ہوئے میرے لئے تم چشم نم
کب ہوئے میرے لئے اندوہگیں
میری خاطر کب کیا ہستی کو خوار
ترک تم نے کب کیا مال ومنال
واسطے روٹی کے دردر تم پھرے
مثل روٹی کے نہ تھا میرا خیال
تم نے جو سیکھا تو سیکھا نام کو
گر پڑھا تم نے تو علم بے عمل
کیونکہ نیت میں خلل موجب پدید
اس خلل کی کچھ نہ کی تم نے دوا
کیا نہ بھیجے ہم نے تھے دانا طبیب
دیکھو لفظ حسن[5] قرآن میں
بن گئے ظاہر میں تم از بس سعید

یہ غذا ہے اُس کی اے پروردگار
عاشق لیلیٰ کا دیکھا تم نے حال
غور کر دیکھو تو تم اے بے حیا
جیسے مجنوں کا ہے دیکھو بہر زن
واسطے لیلیٰ کے دیکھو یہ عجیب
جیسے مجنوں عشق سے تھا اشکبار
کب ہوئے میرے لئے تم دردناک
کب پھرے تم خوار وخستہ دربدر
کب پھرے روتے ہوئے با درد وغم
جیسے فرقت سے پسر کے بالیقیں
مفت میں عاشق بنے تم نابکار
کب ملایا خاک میں جاہ وجلال
سگ نمط پھر پھر کے آخر تم مرے
نسبتِ حق کا یہی ہوتا ہے حال
یا کہ سیکھا نفس کے آرام کو
بیشک ولاریب تم تھے رب غل
پھر عمل ہو کس طرح تم سے سعید
وقت ضائع مفت میں تم نے کیا
نبض باطن دیکھنے والے طبیب
ہم نے بھیجا ہے اُنہوں کی شان میں
پر نہ دیکھا دل کو کیوں ہے یہ پلید

[5] [illegible]

عیب پوشیدہ کیا تاویل سے ۔۔۔ یا کہ پوشیدہ کیا تعلیل سے
نیک سمجھے سارے اپنی چال کو ۔۔۔ چلنا سیدھا جانا الٹی چال کو
اس لئے سیکھا تھا تم نے قیل و قال ۔۔۔ نقص پوشیدہ ہوں ظاہر ہو کمال
یہ نہ سمجھے دل میں تم اے نابکار ۔۔۔ ظاہر و باطن سے واقف کردگار
کیا نہ پہنچی تھی نبیؐ کی یہ حدیث ۔۔۔ اس سے ظاہر ہے کہ تم ہو سب خبیث
یعنی جس کے دل میں ہو جتنے کچھ خلل ۔۔۔ ظاہر اس کا سب ہے ناقص اے دغل
کیا نہ دی تھی ہم نے قرآں سے خبر ۔۔۔ ہے سلیم القلب پہ میری نظر
کیا نہ کی یہ اولیا نے گفتگو ۔۔۔ دل مصفّا تم کرو اے زشت خو
وہ یہ کہتے تھے جو تم سے روز و شب ۔۔۔ پر نہ سنتے دل سے تم اے بے ادب
بلکہ دشمن جانتے اُن کو تمام ۔۔۔ اور غیبت اُن کی تم کرتے مدام
کوئی کہتا یہ ہیں ساحر بالضرور ۔۔۔ چاہیئے رہنا انہوں سے سب کو دور
کوئی کہتا حال اُن کا ہا ریا ۔۔۔ یہ نہیں واقف ہے از راہِ خدا
کوئی کہتا کچھ نہیں مجنون ہے ۔۔۔ کیا ہوا گر تابعِ مسنون ہے
کوئی کہتا یہ خلافِ دیں ہیں سب ۔۔۔ کیا ہوا اگر کچھ ہیں دیں سے با ادب
اس طرح کی سب خرافاتیں تمام ۔۔۔ اُن سے نسبت کرتے تھے اے بدلجام
سُن کے یہ ارشادِ حق اے جانِ من ۔۔۔ گر پڑیں بیتاب واں سب مرد و زن
اس لئے لازم ہے تجھ کو اے گدا ۔۔۔ مثلِ مجنوں تو خدا پر ہو فدا

یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ [illegible]

دربیان مختر شدن طالب حق در صحبت بیدردان

بے محبت کے نہ جا نزدیک تو ۔۔۔ یہ محبت کے ہیں دشمن زشت خو
یہ نہیں تاثیر الفت کی مقر ۔۔۔ بلکہ جانیں عین الفت کو مضر

Marfat.com

اس سے واقف واصلِ محبوب ہے ۔۔۔ یعنے اُلفت سے نہ جو محجوب ہے
کیا محبت یعنی ہے کانِ نمک ۔۔۔ جو گرا اس میں ہُوا جانِ نمک
ہو اگر تُو خارِ الفت سے ہو گُل ۔۔۔ ہو اگر سرکہ تو الفت سے ہو مُل
مولوی لکھتے ہیں کیا شیریں سخن ۔۔۔ دُور ہُن لینے سے ہو تلخی ازدہن
از محبت نار نوری مے شود ۔۔۔ از محبت دیو حوری مے شود
اس کو حاصل کرکے چل تُو یہ طریق ۔۔۔ جب تُو ہووے بحرِ الفت میں غریق
یعنی پڑھ تُو یہ حدیثِ مصطفےٰ ۔۔۔ وصلِ حق تجھ کو ہو جب اے باخدا
یعنی دل سے من عرف[۱] پر کر عمل ۔۔۔ جب یہ جاویں تیرے دل سے سب خلل

در بیان امراض باطن کہ چہار اند و مہلک طالب حق اند

چار[۲] ہیں امراضِ باطن بس عظیم ۔۔۔ پیشتر اُن کی دوا کرلے سلیم
اولاً ہے کبر و دیگر ہے ریا ۔۔۔ سخت یہ چاروں ہیں دونوں اے فتا
تیسرے ہے کسل چوتھے حرص و آز ۔۔۔ ان سے پیدا اور ہوں اے بانیاز
یہ شریعت میں ہیں چاروں بس حرام ۔۔۔ نزدِ حق یہ مثلِ خر اے نیکنام
مرتکب اس کا اگر ہے پارسا ۔۔۔ وہ نہیں ہے پارسا نزدِ خدا
کیونکہ یہ ہے کبر وصفِ ذوالجلال ۔۔۔ غیر کو لازم ہے کب اے خوشخصال
بلکہ یہ ہے ہمسری ظاہر پسر ۔۔۔ لیک ظاہر ہیں نہیں اس سے خبر
دیکھ کیا لکھتے ہیں مولانائے روم ۔۔۔ واقفِ ہر رمز و دانائے علوم
کمتر از کم شو اگر داری خبر ۔۔۔ ایں طریقِ کاملان است اے پسر

۱ حدیث شریف مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ ت جس نے اپنے کو پہچانا اس نے اپنے رب کو جانا +
۲ حدیث شریف لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِّنْ كِبْرٍ ت جنت میں نہ داخل ہوگا وہ شخص کہ اس کے دل میں ایک ذرہ بھر غرور ہو +

Marfat.com

دربیان دوائے امراض مذکورہ یعنی تکبر وغیرہ

گوش دل سے سُن حدیث مُصطفا
ہے یہی امراض باطن کی دوا

یعنی کر تُو اصل پر اپنے خیال
تاکہ ہووے دور کبر اے خوش خصال

کیا ہے وہ پیدا ہے جس سے تو دنی
دیکھ وہ ہے قطرۂ آبِ منی

صُلب والد سے رحم میں تُو گیا
مضغۂ خوں واں بنا تو بے حیا

واں غذا ہے حیض و خوں کی روز و شب
پرورش جس سے ہوا تُو بے ادب

بول کے مخرج سے آیا پھر نکل
اصل تیری دیکھ یہ ہے اے دغل

باوجود اس اصل کے تُو دمبدم
نفس پر کرتا ہے اپنے کیوں ستم

یہ تو تیری ابتدا کا تھا بیاں
انتہا سُن لے ذرا او بدگماں

یعنی دنیا سے تو جائے جب گذر
دفن ہو گا قبر میں گھر چھوڑ کر

یہ ندا ہو آسماں سے آشکار
قبر میں تنہا چلا اے نابکار

وہ کہاں ہے سیم و زر اے بے شعور
جس سے دنیا میں تُو کرتا تھا غرور

وہ کہاں فرزند و زن تیرے بشر
جن کی خاطر ہم سے تھا تُو بے خبر

تجھ کو چھوڑا سب نے تُو بھی سب کو چھوڑ
کیوں چلا تنہا سبھوں سے دل کو توڑ

سُن کے یہ آواز اُڑ جاویں گے ہوش
قبر جب تجھ سے کہے کیوں ہے خموش

کیا تُو لایا روشنی میرے لئے
کیا بچھاؤں فرش میں تیرے لئے

کون یہاں لایا ہے تُو اپنا رفیق
جو کہ ہووے حال پر تیرے شفیق

کیونکہ یہ تاریک تر ہے تیرا گھر
سانپ بچھو کا یہاں از بس خطر

یہاں بلائیں سخت ہیں لاکھوں ہزار
کس کی طاقت جو کرے ان کا شمار

کہکے یہ پھر قبر خود دکھا دیگی جوش
تُو تو کیا اُڑ جائیں گردوں کے بھی ہوش

Marfat.com

بعد اس کے پھر سڑے تیرا بدن ۔ بوئے بد ایسی ہو ظاہر جانِ من
یعنی آوے قبر کو جس بو سے عار ۔ اصل تیری دیکھ یہ ہے ناپکار
پھر کریگی قبر حق سے یوں دُعا ۔ تنگ تر ہُوں اسکی بُو سے اے خدا
حکم یہ دیگا وہ رب العالمین ۔ دے حرارت سے جلا اس کو زمیں
سُن کے یہ حکم خدا اے بے نصیب ۔ یاد آوینگے تجھے دیں کے طبیب
کیونکہ وہ کہتے تھے ہم سے روز و شب ۔ اُس کو کرتے آج ہوتا فضل رب
ہو کے عاجز قبر سے اے نازنیں ۔ یوں کہے ہوں جنس تیری بالیقیں
رحم کر مجھ پر ذرا بہرِ خدا ۔ گو کہ مدت سے ہوں میں تجھ سے جُدا
ہو مخاطب پھر کہے اُس سے زمیں ۔ تو نہیں ہے جنس میری بالیقیں
کیا ہے نسبت مجھ سے تجھ سے اے تیر ۔ مَیں مُصفّا تجھ میں بو ہے سر بسر
جانتا تھا اصل گر تُو خاک کو ۔ خاک میں آیا تو کیوں ناپاک ہو
ہے تنفّر تجھ سے سب کو اس گھڑی ۔ ایسی نکلی تن سے تیرے بُو سڑی
وہاں نہ سمجھا آپ کو تُو خاکسار ۔ یہاں کے سمجھے کچھ نہ ہو اے نابکار
یعنی کرتا من عرف پر گر عمل ۔ اصل میں تیرے نہ ہوتا کچھ خلل
واں تو تیری فہم تھی افلاک پر ۔ کب تُو سنتا تھا نصیحت خاک پر
دوستی گر خاک سے کرتا پسر ۔ آج ہوتا یہاں پہ تو شمس و قمر
یعنی ملتا خاکساروں سے عزیز ۔ اصل سے ہوتی تجھے جب کچھ تمیز
یہ دعا کرتے تھے دیکھو مصطفا ۔ یعنی مسکینوں میں رکھ مجھ کو خدا
وہ تو شاہِ انبیا اے بے خبر ۔ لیک یہ تجھ کو ہدایت ہے پسر
یعنی مسکینوں سے ہونا ہمنشیں ۔ تا نہ بھولے اصل کو اے نازنیں
خاک[1] ہو تو خاک ہونے سے عزیز ۔ جب تجھے ہو اصل سے اپنے تمیز

[1] حدیث شریف مُوتُوا قبل اَن تَمُوتُوا ترجمہ مرو پہلے مرنے سے

Marfat.com

دیکھ تو یہ اصل جس پر یہ غرور
فوق ہے شیطان سے تجھ کو بالضرور

جو نہیں ہے خاکسار اے خوبرو
دیو ہے انساں نہیں وہ زشت خو

خاکساری شعشۂ رحمان ہے
پس تکبر ظلمتِ شیطان ہے

خاکساری مخزن الاسرار ہے
خاکساری مطلع الانوار ہے

خاکساری بیخ ایماں اے جواں
کبر بیخ کفر ہے اے نیک داں

خاکساری سے ہو پیدا وہ کمال
جس سے تو دیکھے جمالِ ذوالجلال

خاکساری کا ہے کیا رتبہ عجیب
پھول وحدت اس سے نکلے ای حبیب

دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ با ادب
یعنی حضرت مولوی عالی نسب

در بہاراں کے شود سرسبز سنگ
خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ

خاکساری سے ہو مقبولِ خدا
ہو تکبر سے تو مغضوب اے فتا

دیکھ فرماتے ہیں وہ شیخوں کے شاہ
گوش دل سے سن ذرا اے روسیاہ

گشت آدم مقبل از مستغفری
دیو ملعون گشت از مستکبری

عاجزا کر ختم اب کبر و منی
تیری کب سنتے ہیں وہ دیو دنی

دربیان اسباب کبر کہ شش اند و معالجۂ آں

چھ سبب ہیں کبر کے اے باخدا
شرح ان کی گوش دل سے سن ذرا

مال و علم و زہد و تقوے و نسب
حسن و قوت کبر کے ہیں یہ سبب

یہ تو سب گل لیک اس میں کبر خار
خار کو کر دور گل سے ذی شعار

سن مفصل مال و دنیا کا بیاں
نیک و بد اس کا ہو تا تجھ پر عیاں

یہ ہے دنیا خبث اور زشت و پلید
یعنی ہے یہ فضلۂ خوان یزید

کیا ہے دنیا مار افعی اے پسر
زہر سے اس کے نہیں بچتا بشر

بلکہ بدتر مار سے ہے اے سعید ... جاں ایمان کو ڈسے ہے یہ پلید
لیک افسوں اس کا جس کو یاد ہو ... مال دنیا سے فقط وہ شاد ہو
ورنہ اس نے کر دیئے لاکھوں بشر ... یعنی غارت مثل فرعون اے پسر
ہو گیا شدّاد نمرودِ لعیں ... حق سے منکر اس کے باعث بالیقیں
اس لئے حضرت نے دی سب کو خبر ... یعنی یہ دنیا ہے ملعون سربسر
جو کہ اس کے بیچ میں ہے اے فتا ... وہ بھی ہے ملعون دیں میں برملا
دیکھ تو یہ مولوی نے اے پسر ... کیا لکھا ہے دین سے ہو باخبر
اہلِ دنیا کافرانِ مطلق اند ... روز و شب در جق جق و در بق بق اند
اہلِ دنیا چہ کہیں و چہ مہیں ... لعنتُ اللہِ علیہم اجمعیں
سب خطاؤں کی یہ سر ہے ایجواں ... یہ حدیث مصطفےٰ ہے بیگماں
گر کیا کچھ فخر اس پر اے پسر ... تو ہے بدتر خر سے احمق سربسر
کیونکہ ملعوں جس کو فرماویں نبیؐ ... فخر اس پر تو کرے دیوِ دنی
اس کا طالب سگ بفرمانِ رسولؐ ... میرا کہنا کب تجھے ہوگا قبول
عجز کر جتنا کہ تجھ سے ہو سکے ... کبر کھو جتنا کہ اس کو کھو سکے
دیکھ تو یہ مولوی شیریں سخن ... جا بجا لکھتے ہیں کیا اے سگ دہن
کمتر از کلم شو اگر داری خبر ... ایں طریق کاملان است اے پسر

حدیث الدنیا جیفۃ وطالبہا کلاب ... ۴۲

حدیث الدنیا ملعونۃ وملعون ما فیہا الا ذکر اللہ

دربیان حقیقت دنیا و بے بقائی اں

دنیا اور جو کچھ اس میں ہے ملعون ہے ...

کیا ہے دنیا یعنی ہے باغ خزاں ... تو ہے بلبل کی نمط اے بدگماں
خندۂ گل کی طرح اس کو ثبات ... بلکہ کمتر اس سے بھی اے نیکذات
اس کے طالب مثل بلبل نالہ زن ... قبر سے کہتے اٹھینگے یہ سخن

گر دولت آگہ زمعنی آمدہ است
ترک دنیا گیر اے فخرِ جہاں
جب تلک یہ ہے نہیں دیں کا اثر
ترکِ دنیا کن کہ تا دینت بود
اس کی عزت عین ذلت ایجاں
دوست اس کا دشمن اپنی جان کا
ترک میں اس کے ہے راحت اے پسر
مولوی نے کیا لکھا ہے یہ سخن
حاصلِ دنیا ہمیں دردِ سر است
ہیچ گنجے بے دد و بے دام نیست
ترک دنیا کن کہ تا سلطاں شوی
ترک دنیا ہے طریقِ مصطفاؐ
جس سے رغبت نفس کو اے بد دہن
ہووے جس سنت سے دنیا میں خلل
یا کہ جانیں اُس سے سب تجھ کو حقیر
گر کہے تجھ سے کوئی کر یہ سنن
جس نے[1] جانا دل سے سنت کو بُرا
ترک کر دنیا کو تا ہوں یہ ادا
ہم خدا خواہی و ہم دنیائے دوں
جس قدر بھیجے ہیں حق نے انبیا
باوجود اس کے تو اے زشت و پلید

کار و نیت ترک دنیا آمدہ است
تا کہ پاوے فخر سے اپنے نشاں
مولوی کے قول پر کر تو نظر
آں بدہ از دست تا اینت بود
اس کی ذلت عین عزت بیگماں
بلکہ دشمن جان اور ایمان کا
اس کی اُلفت میں بلا ہے سربسر
دیکھ تو بہتر ہے از دُرِ عدن
ہر کہ غافل شد ازیں گا و خراست
جز بخلوت گاہِ حق آرام نیست
ورنہ ہمچوں چرخ سرگرداں شوی
اس سے غافل کیوں ہے تو اے بیحیا
وہ ادا کی جان سے تو نے سُنن
یا مشقت کچھ ہو اُس میں اے دغل
یا کہ جانیں اُس سے سب تجھ کو فقیر
دشمنِ جاں اس کا ہوا سگ دہن
وہ ہوا حضرت کی اُمت سے جُدا
مولوی نے دیکھ تو یہ کیا لکھا
ایں خیال است و محال است و جنوں
سب نے فرمایا ہے دنیا کو بُرا
جانتا ہے دل سے دنیا کو سعید

[1] حدیث شریف من ترک سنتی فلیس منی یعنی جس نے میری سنت چھوڑ دی وہ مجھ سے نہیں ہے

مار اس پر عاشقانہ پشتِ پا — گر تجھے ہے دل سے حُبِّ مُصطفا
قبرِ عاشق سے اُٹھے گی یہ ندا — مولوی نے مثنوی میں ہے لکھّا
ترکِ دنیا ہست سنّتِ مُصطفا — عاشقاں کردند ایں سنّت ادا
اے برادر ترکِ دنیا پیشہ کن — روز و شب ذکرِ خدا اندیشہ کن
جانتا ہے کیا ہے دنیا اے پسر — جو کہ تجھ سے کر دے حق کو دور تر
الذی کو دیکھ لے قرآن میں — اہل دنیا کی لکھا ہے شان میں
سو ہنر گر دل میں رکھتا ہو عزیز — رب سے دنیا تجھ کو کر دے بے تمیز
نقش دل کر مولوی کا یہ سخن — جب تو ہو دنیا سے واقف جانِ من
چیست دنیا و لباس دنیوی — از خدا غافل شدن اے مولوی

دربیان فضیلت ذکر کردن و ذکر کنندہ و مذمّت اہل غفلت

علم پڑھ کر حق سے غافل جو بشر — وہ سگِ دنیا ہے دوں ہے اے پسر
کیونکہ شیطاں ساتھ اس کے بالیقیں — جو کہ غافل حق سے ہو اے مردِ دیں
دیکھ لے سری کو تو اے بے خبر — یہ حدیثِ مصطفےٰ ہے معتبر
جب تلک اس کی نہیں کرتا دوا — سب ہیں ناقص علم تیرے اے فتا
علم سے یہ ہے غرض اے بے بصر — شر سے اس کے تا ہو انساں باخبر
جو کہ اس کے شر سے غافل ایجواں — گر ہو عالم پر وہ جاہل بیگماں
پڑھ تو مِن شرّ کو اے مردِ سلیم[1] — دیکھ فرماتا ہے یہ ربِّ علیم
یعنی ہے خنّاس تیری گھات میں — اور چھپا رہتا ہے تیری ذات میں
دے خیالِ بد یہ دل میں بیشمار — نیکیاں ہوں دور جس سے ذی شعار
دل جو خالی یادِ حق سے ایجواں — خانۂ شیطان ہے وہ دل بیگماں

[1] قولہ تعالیٰ مِن شرّ الوسواس الخنّاس ترجمہ برائی سے وسوسے ڈالنے والے چھپنے والے کی یعنی شیطان کی پناہ مانگتا ہوں +

پُر حذر رہو غافلوں سے اے پسر
دشمنِ ذاکر ہیں یہ سب سر بسر

صحبتِ غافل تجھے غافل کرے
صحبتِ شاغل تجھے شاغل کرے

جو ہے غافل وہ ہے مُردہ ایجواں
جو ہے شاغل وہ ہے زندہ بیگماں

وہ مرا ہے دستِ شیطاں سے حرام
یہ ہے زندہ نامِ حق سے اے کرام

یادِ حق سے گر ہے غافل ایجواں
زندگی ہے موت تیری بیگماں

بلکہ بدتر موت سے یہ زندگی
کیونکہ حاصل اس سے ہے شرمندگی

یاد کر تُو یاد کر تُو یاد کر
غفلت اپنی یاد سے آزاد کر

اک نفس گر یاد سے جاوے جواں
ہے بتر سو موت سے وہ بیگماں

دیکھ فرماتے ہیں ذاکر مولوی
مثنوی میں اس طرح پر اے اخی

غفلت از وے یک زماں صد مرگ داں
زندگی یاد ست نزدِ عارفاں

لیک جو ہیں کور و کر اور خود پسند
وہ ہیں غافل ذکرِ حق سے ہوشمند

ورنہ ذاکر ہیں زمین و آسماں
دمبدم ہیں ذکر سے یہ تر زباں

لیک سنتے ہیں انہوں سے اہلِ دل
وہ نہیں سنتے جو خود ہیں آب و گل

دیکھ فرماتے ہیں کیا وہ اہلِ شوق
ذکر سے حاصل ہے جن کے دل کو ذوق

حق چہ باشد یادِ آں یزدانِ پاک
کے بداند قدرِ او ایں مشتِ خاک

ایں جہان و آں جہاں فانی بود
غیرِ یادش جملہ نادانی بود

سب عباداتوں سے بہتر ذکرِ حق
یہ حدیثِ مصطفےٰ سے پڑھ سبق

دیکھ کیا لکھتے ہیں وہ اے نیکنام
جو کہ گذرے دین میں عالی مقام

یادِ او سرمایۂ ایماں بود
ہر گدا از یادِ او سلطاں بود

چیست سلطانی و درویشی بداں
یادِ آں جاں آفرینِ انس و جاں

یادِ او گر مونسِ جانت بود
ہر دو عالم زیرِ فرمانت بود

در بیان مذمّت کسانیکه اہلِ ذکر را بحقارت بنیند

دی فضیلت حق نے ذاکر کو تمام — یہ حدیثِ مصطفےٰ ہے نیک نام

جو حقارت سے کرے اِن پر نظر — وہ ہے شیطاں شکل انساں سربسر

کیونکہ دشمن ذاکروں کا وہ لعیں — یہ بھی ہے اُس کا برادر بالیقیں

گر نہیں اُس کا برادر یہ بشر — دشمن ذاکر ہے کیوں پھر یہ بتر

طالبا ہرگز نہ کر اس پر نظر — مدح وذم دونوں ہیں ان کے پُرضرر

مدح تیری خود کرے وہ ذوالجلال — انبیا بھی سب کریں اے خوش خصال

اولیا سب کرتے ہیں یہ التجا — مولوی یہ دل سے دیتے ہیں ندا

ہر کسے کو مائلِ یادِ خداست — خاکِ راہش طوطیائے چشمِ ماست

انبیا کرتے ہیں غبطہ اے پسر — رتبۂ ذاکر سے سُن تو یہ خبر

جستجو کرتے ہیں ان کی سب ملک — ذاکروں کا بر زمین و بر فلک

ہمنشیں ان کا نہیں ہوتا شقی — پر شقی ہے ان کا منکر اے تقی

مولوی فرماتے ہیں دونوں کا حال — گوشِ دل سے سُن ذرا اے باکمال

ہاں وہاں ترکِ حسد کن باشہاں — ورنہ ابلیسے شوی اندر جہاں

ہر کہ با اوشاں نشیند یک دمے — روزِ فردا او کجا دارد غمے

عمرہا خواہان ایں دولت شدند — سالہا مشتاق ایں صحبت شدند

صُحبتِ نیکاں اگر باشد نصیب — دولتِ جاوید یابی اے حبیب

صحبتِ شاں خاک را اکسیر کرد — لطفِ شاں در ہر دلے تاثیر کرد

سبز می سازند چوبِ خشک را — بوی مے بخشند رنگِ مشک را

جملہ اشراف اند در ذات وصفات — طالبِ فنا ت اند یا ہم عینِ ذات

وَاِخْوَانُهُمْ یَمُدُّوْنَهُمْ فِی الْغَیِّ ثُمَّ لَا یُقْصِرُوْنَ ہ اور ان کے بھائی ان کو گمراہی میں کھینچتے ہیں اور کوتاہی نہیں کرتے +

Marfat.com

ذاکرانِ[1] حق کا یہ ہے مرتبا — معصیت نیکی سے بدلے ہے خدا
خود خدا کرتا ہے ذکرِ ذاکراں — جس طرح کرتے ہیں ذاکر اے جواں
ذاکروں کے ساتھ ربِّ ذوالجلال — یہ سہے رتبہ دیکھ تُو اے باکمال
شمس کی ہے روشنی اس خاک پر — ذاکروں کی روشنی افلاک پر
ذکرِ حق سے یہ فضیلت لے پسر — مولوی کے قول پر کر تُو نظر
بس بزرگی ہاست اندر یادِ او — یادِ او کن یادِ او کن یادِ او
تطمئن[2] کو پڑھ ذرا دل سے جواں — یہ حقیقت ذاکروں کی بیگماں
رنج راحت ذکر سے ہو اے پسر — ماسوا اس کے ہے دنیا سربسر
لفظ کرّمنا[3] کو پڑھ اے خوبرو — کیوں بنا جاتا ہے خود تو زشت خو
تُو تو وہ شہباز ہے سدرہ نشیں — آشیانہ ہے ترا عرشِ بریں
دیتے ہیں تجھ کو صفیریں بر فلک — ڈھونڈتے پھرتے ہیں تجھ کو سب ملک
خاک کے تو دام میں ایسا پھنسا — دیکھ کر شیطاں بہت تجھ پر ہنسا
کیا ہُوا وہ رتبہ اے ابنِ بشر — جس سے تھی مخلوق سب زیر و زبر
تیرے تھے فرماں میں سب خاص و عام — کیوں بنا آکر کے تُو ان کا غلام
غیرتِ انساں نہیں تجھ میں ذرا — دیکھ تُو یہ مولوی نے کیا لکھا
اسپِ ہمت سوئے آخر تاختی — آدمِ مسجود را نشناختی
باپ سے تیرے فرشتے سرنگوں — ناخلف ہوتا ہے تُو کیوں اے حزوں
تو نہیں ہے آب و آتش ایجواں — تو نہیں ہے باد و خاک اے نیکداں

---

[1] قولہ تعالےٰ فَاذْكُرُوْنِىْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِىْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ــتت پس یاد کرو مجھ کو میں یاد کروں گا تم کو اور میرا شکر کرو اور کفران نعمت مت کرو +

[2] قولہ تعالیٰ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ــتت جو لوگ ایمان لائے اور اللہ کی یاد سے دل اُن کے ٹھکانے ہوتے ہیں خبردار ہو کہ اللہ کی یاد سے مطمئن ہوتے ہیں +

[3] قولہ تعالیٰ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِىْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ــتت اور ہم نے بزرگی دی بنی آدم کو اور اُٹھایا ان کو خشکی اور تری میں اور ان کو رزق دیا پاک چیزوں سے اور اپنی اکثر مخلوقات پر ان کو فضیلت دی +

Marfat.com

تو ہے بس اک امرِ حق اے ذی سیر — لیک عنصر کے ہے باعث بے خبر
خود کو بھولا خاک جانا ذات کو — کر دیا دن سے مُبدّل رات کو
دیکھ تو ہی ہے گدا تو ہی ہے شاہ — دیکھ تو ہی سُرخ اور تو ہی سیاہ
دیکھ تو فرعون تو ہی منصور ہے — تو ہی مغضوب اور تو ہی مغفور ہے
تو ہی دشمن تو ہی اپنا دوست ہے — تو ہی اپنا مغز تو ہی پوست ہے
خود تو عاشق خود تو ہی محبوب ہے — خود تو ظاہر خود تو ہی محجوب ہے
تو کبیر و تو صغیر و تو امیر — تو ہی دانا تو ہی ناداں تو فقیر
ایک ہے تو ایک ہے تو ایک ہے — پر نرالا تیرا ہر جا بھیک ہے
بھیک کے باعث سے خود تو اے عزیز — اصل سے اپنے ہوا تو بے تمیز
خود سے غافل غیر سے مسرور ہے — لاکھوں فرسنگ آپ سے تو دور ہے
جسکو جانے ہے وہ ہے خاکِ پلید — اُس سے نسبت کچھ نہیں تجھ کو سعید
وہ سراسر خاک ہے خاکِ کثیف — تو سراسر نور ہے نورِ لطیف
مولوی نے یہ لکھا با زور و شور — سُن کے دامِ خاک کو تو دل سے توڑ
قطرۂ نور سے سراپا نور باش — بگذر از غم دائما مسرور باش
اصل تیری دیکھ یہ عالی نژاد — جا بجا فرماتا ہے ربُّ العباد
میں نے[1] انساں کو بنایا ہات سے — روح پھونکی اس میں اپنی ذات سے
اس کے ساجد ہیں ملک سب خاص و عام — فخر کس کو ایسا ہے اے نیکنام
خاک کا ایسا کہاں رتبہ بھلا — ہوں ملائک جس کے ساجد اے فتا

---

[1] قولہ تعالیٰ فَاِذَا سَوَّیْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِیْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِیْنَ ۝ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۝ اِلَّآ اِبْلِیْسَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ۝ قَالَ یٰٓاِبْلِیْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِیَدَیَّ اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْعَالِیْنَ ۝ قَالَ اَنَا خَیْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ طِیْنٍ ۝ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِیْمٌ ۝ وَّاِنَّ عَلَیْكَ لَعْنَتِیْۤ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ ف پھر جب ٹھیک بناؤں اُس کو اور پھونکوں اس میں اپنی جان تو گر پڑو اس کے آگے سجدہ میں پھر سجدہ کیا سب فرشتوں نے اکٹھا مگر ابلیس نے غرور کیا اور منکروں میں ہو گیا فرمایا اے ابلیس تجھ کو کس نے روکا جو سجدہ کرے اُس چیز کو جو میں نے اپنے ہاتھ سے بنائی یہ تو نے غرور کیا یا تو بڑا ہے درجہ میں کہا میں بہتر ہوں اُس سے تو نے مجھ کو آگ سے بنایا اور اس کو مٹی سے ۔ فرمایا کہ نکل یہاں سے تو مردود ہے اور تجھ پر میری پھٹکار ہے قیامت تک +

Marfat.com

گر نہیں یہ نورِ حق نورِ الٰہ | منکر اُس کا پھر ہے کیوں وہ روسیاہ
بھید اس کا جس نے پایا اے حبیب | نورِ وحدت سے ہُوا وہ با نصیب
دیکھ فرماتا ہے وہ ربّ عظیم | از زبانِ مُصطفےٰ سُن اے سلیم
بھید[لہ] اس کا حق ہے یہ ہے رازِ حق | پڑھ کسی عارف سے جا کر یہ سبق
جو نظر آتا ہے تجھ کو اے پسر | تُو ہی ہے لیکن ہے اعمٰے سر بسر
خود سے جب تُو بیخبر ہے اے سعید | حق کا کیا جانے تُو پھر قرب و بعید

لہ حدیث قدسی الانسان سرّی و انا سرّہ

ئہ انسان بھید میرا اور میں بھید انسان کا ہوں

دربیان کلام سُلطان صوفی حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ در شناختن خود

بایزید پارسا کا سُن سخن | جب تُو واقف حق سے ہوا اے جانِ من
تُو بمعنی جانِ جملہ عالمے | ہر دو عالم خود توئی بنگر وے
تُو بمعنی برتری از انس و جاں | ہر چہ بینی خود توئی بنگر بداں
در حقیقت خود توئی اُمّ الکتاب | خود ز خود آیاتِ حق را باز یاب
صورتِ نقشِ الٰہی خود توئی | عارفِ مرشد کما ہی خود توئی
از کمالِ قدرتش بیں بیشکے | کو دو عالم رانماید در یکے
نقش آدم را رقم نوعے زند | کو دو عالم را ازو پنہاں کند
لیک اتنا یاد رکھ عالی گُہر | فہم انساں اس میں قاصر سر بسر
روح کو کرتن سے اپنے تو جُدا | جب تجھے ہو فہم اس کا اے فتا
گر کوئی دیدہ کرے اس کا بیان | راست ہے اس کا بیاں اے نیکداں
ہووے تقلیدی بیان جس کا پسر | وہ ہے رہزن راہ حق کا سر بسر
کیونکہ یاں ہے دیدنی ناگفتنی | گفتنی ہے کفر ایماں دیدنی
دیدنی سے جو ہو منکر مردِ دیں | وہ طریقت سے اعمٰے بالیقیں

Marfat.com

جو کہ بے دیکھے کرے اسکا بیاں — وہ شریعت سے ہے ناداں بیگماں

جب شریعت ہاتھ سے جاوے نکل — پھر کہاں حاصل طریقت اے دغل

پُوچھ اس کو جا کسی بینا سے بس — گر ہے دل میں پُوچھنے کی کچھ ہوس

دیکھ فرماتے ہیں یہ شیخ جہاں — یعنی قطبوں کے جو مرشد بیگماں

گر ہمے خواہی کہ یابی ایں نشاں — سر بنہ بر خاکپائے کاملاں

یہ ہوا تیری حقیقت کا بیاں — لیک حق اس سے منزّہ بیگماں

کیونکہ اس کی ذات ہے از بس لطیف — وہ ہے خالق یہ ہے مخلوقِ کثیف

لیک اس کو جس نے پُوچھا اے پسر — وہ ہوا عارف خدا کا سر بسر

کیونکہ اس کو حق سے ہے اک واسطہ — پر نہ حاصل ہو تجھے یے رابطہ

قربِ حق جس کو ملا اس سے ملا — جو جدا اس سے وہ حق سے ہے جُدا

اس حدیثِ مصطفےٰ پر کر نظر — بھید اس کا جب کھُلے اے بیخبر

جس نے پُوچھا آپ کو اے نیکدل — اُس نے پُوچھا حق کو بیشک بیگماں

جب تلک خود کو نہ پُوچھے اے فتا — لاکھوں بُت دل میں ہوں تیرے برملا

یہ تو کرتب گر کرے اے ذی شعور — خود سے خالی ہو کے خود ہو خود سے دور

جب ہوا تو دُور کیا باقی رہا — کر نظر اس قول پر اے باخدا

تیغ لا در قتل غیر حق براند — در نگر کہ بعد لا آخر چہ ماند

عشق و عاشق را قلم درکش تمام — تا ہمہ معشوق ماند والسّلام

خاتمہ مثنوی بدعائے مقبول

اے خدائے دو جہاں بہرِ رسول — مومنوں کو مثنوی ہو یہ قبول

کر چکا اب مثنوی عاجز تمام — طالبو دل سے پڑھو اس کو مدام

Marfat.com

یہ دُعا عاجز کی حق نے کی قبول — از طفیلِ آل و اصحابِ رسول
یعنی اس کو جو پڑھے بہرِ خدا — وردِ دل حاصل ہو اُس کو مصطفا

تمت

فائدہ۔ مصنف قدس اللہ سرہُ العزیز سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں فرمایا کہ تو کچھ بیان کرتا کہ طالبوں کو اس راہ کے اُس سے فائدے حاصل ہوں پس بموجب اس حکم کے مصنف نے یہ مثنوی تصنیف کی اور اس سے اس کی قبولیت کا یقین کامل ہوا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غزلیات من تصنیف جناب حضرت قبلہ محمد عبد الصمد صاحب قدس اللہ سرہٗ

غزل

وہ ہیں شاہِ دو عالم جو غلامانِ محمد ہیں — وہ بہتر ہیں شہیدوں سے جو قربانِ محمد ہیں
انہیں سے انبیا کو رشک صدیقوں کو حسرت ہے — جو تھامیں صرف ہاتھوں سے وہ دامانِ محمد ہیں
اُتر کر عرش سے آئیں فرشتے جو مقرب ہیں — برائے پابوسِ اُن کے جو دربانِ محمد ہیں
خدا کے ماسوا جو ہے صفت اوصافِ احمد ہیں — یہی لکھے کہو دل سے کہ شایانِ محمد ہیں

نہ بھائیں پھول جنت کے جو بہتر ہیں انہیں عاجز
جو دیکھیں آنکھ سے خارِ گلستانِ محمد ہیں

غزل

دیکھو تو ذرا رتبۂ والائے محمدؐ — سرتاج ہے ہر دین کف پائے محمدؐ
کیا فخر زمیں کو کہ نہیں عرش بریں کو — لوٹیں ہیں سدا خاک میں شیدائے محمدؐ
تعظیم کریں حور و ملک جن و بشر سب — جس دل کو میسر ہو تولائے محمدؐ
صد کوہکن و قیس ہوئے رشک سے اُن کے — رکھتے ہیں ذرا دل میں جو سودائے محمدؐ
عاجز مہ و خورشید ہوں محجوب فلک پہ — نعلین کفِ پا سے جو دکھلائے محمدؐ

غزل

زمیں پر جو غلامِ شاہِ دیں ہے — وہی فرماں وہ عرش بریں ہے
زبانِ جز و کُل پر یہ صدا ہے — کہ احمد رحمۃٌ للعالمیں ہے
یہاں جو عاشقِ احمد ہے بیشک — وہی معشوق رب العالمیں ہے

Marfat.com

ملائک سر کے بل آتے ہیں اس جا — جہاں پر ذکر ختم المرسلین ہے
جو مومن ہے اُسے ہے اُن سے اُلفت — نہیں اُس کو جو مردود و لعین ہے
ہُوا جو خاک پائے آلؓ و اصحابؓ — وہ بیشک ہمسر روح الامیں ہے
ور احمدؐ کا عاجزؔ جو گدا ہے — شہنشاہوں کا شہ وہ بالیقیں ہے

غزل

ہمیں یار سے وصل کی آرزو ہے — شب و روز دل کو یہی جستجو ہے
ہر اک گُل میں اس کا نشاں پایا ہم نے — اسی کی یہ رنگت اسی کی یہ بُو ہے
نہیں بھاتی ہیں مجھ کو باتیں کسی کی — سُنی جب سے اُس یار کی گفتگو ہے
ہماری یہ ہستی ہے تیرا ہے پردہ — اگر نیست یہ ہو تو پھر تُو ہی تُو ہے
یہ ہے رازِ مخفی نہ کہنا تُو عاجزؔ — نہ یہ ہے نہ وہ ہے نہ میں ہوں نہ تُو ہے

غزل

یار کی شان پر فدا ہیں ہم — کبھی واصل کبھی جُدا ہیں ہم
ہم سے اکسیر کو ہے نسبت کیا — آلِ احمدؐ کے خاک پا ہیں ہم
عشق میں یار کے جو ہے بیخود — اُسی بیخود کے آشنا ہیں ہم
اپنی ہستی فنا جو اس میں ہو — حق کی سوگند پھر بقا ہیں ہم
زاہدو ہم سے دیکھیو بچنا — کیونکہ رندوں کے پیشوا ہیں ہم
چشمِ دل کھول کر ہمیں دیکھو — کہیں شہ ہیں کہیں گدا ہیں ہم
اس قدر محو ہو گئے عاجزؔ — یہ نہیں جانتے کہ کیا ہیں ہم

غزل

اگر دل خوابِ غفلت سے ذرا بیدار ہو جاوے — کرے جس پر نظر وہ صاحبِ اسرار ہو جاوے
کرے ہے مےکشوں سے سرکشی کس واسطے زاہد — توجہ گر کریں تجھ پر ابھی مے خوار ہو جاوے
وہ بُلبُل ہیں نہیں ہم کو تمنّا گُل سے ملنے کی — نظر گر خار پر ڈالیں تو وہ گلزار ہو جاوے
مُہوّس آنکھ میں مل خاک پا اُس شاہِ خوباں کی — جدھر دیکھے اُدھر اکسیر کا انبار ہو جاوے
اگر پاویں نہ جنت میں صنم دل شاد کیونکر ہو — ہمارے واسطے بے یار جنت نار ہو جاوے
عبث مفلس ہے عاجزؔ دیکھ جا دندانِ جاناں کو — ابھی یہ چشم تیری دیکھ گوہر بار ہو جاوے

فرد

ہم نہیں کم ظرف ایسے جو بکیں دیوانہ وار — خُم کے خُم پی جاتے ہیں رہتے ہیں لیکن ہوشیار

Marfat.com

تضمین حضرت عبد الصمد صاحب قدس سرہٗ بر مطلع قدسی

شب معراج میں آتی تھی فلک سے یہ ندا	دیکھو آتا ہے زمیں سے عجب اک نورِ خدا
شعلۂ نور ہے ایسا کہ نہ دیکھا نہ سُنا	جس نے دیکھا وہیں طور نمط ہو کے جلا
حُسن معنی میں وہ ایسا ہے کہ حاشا کلّا	حُسن یوسف بھی حیا سے نہیں دیکھے ہے ذرا
در و دیوار سے پڑھتے ہیں یہ ہو ہو کے فدا	جس طرف دیکھو اُدھر سے یہی آتی ہے صدا
مرحبا سیدِ مکی مدنی العربی	دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
عرش پر دھوم ہوئی آتا ہے وہ شاہنشاہ	جس کے خدام ملائک ہیں زہے شوکت و جاہ
دیکھیو حُسن خداداد پہ کرنا نہ نگاہ	ورنہ جل جاؤ گے جس طرح سے جلتی ہے گیاہ
کیونکہ یہ نور ہے وہ جس کو کہیں نورِ الٰہ	مقتبس جس کا ہے ہر ایک نبی شام و پگاہ
لب جاں بخش پہ پڑتے ہی نگہ کے ناگاہ	ہو کے بیتاب یہ عیسیٰ نے کہا کھینچ کے آہ
مرحبا سیدِ مکی مدنی العربی	دل و جاں تو باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
حوریں بھی رقص کناں کہتی تھیں اے شاہِ امم	دید تیری نہیں ہے دیدِ خدا سے کچھ کم
وہ جلوہ ہے وہی نور وہی فیض اتم	ہے منوّر یہ ترے نور سے سارا عالم
آپ تشریف جو لایا کریں یاں پر پیہم	فرش آنکھوں کا بچھایا کریں ہم سب باہم
اُس پہ بٹھلایا کریں آپ کو اور چومیں قدم	روبرو آپ کے اس کو پڑھیں باشوق اتم
مرحبا سیدِ مکی مدنی العربی	دل و جاں تو باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
کہیں آدم کہیں حوّا کہیں تھے اسرائیل	مے وحدت کی لگاتے تھے کہیں خضر سبیل
کہیں کرتی تھیں قدمبوسی کو حوریں تعجیل	کہیں پڑھتے تھے کھڑے صل علی اسمٰعیل
کہیں یوسفؑ کہیں ادریس کہیں عزرائیل	کہیں مشتاق کھڑے دید کے روتے تھے خلیل
وجد میں آ کے لگے کہنے وہاں جبرائیل	صور میں پھونک دے اس بیت کو اے اسرافیل
مرحبا سیدِ مکی مدنی العربی	دل و جاں باد فدایت چہ عجب خوش لقبی
آپ سے ہو گئے جدا جب وہ چلے بہرِ وصال	نورِ وحدت سے صدا آئی کہ آ میرے جمال

Marfat.com

انبیائن کے یہ کہنے لگے اے ظلِ جلال — عقدہ یہ ہم پہ کھلا جز تیرے سب وہم وخیال
فخر سری و آنا سے تو مشرف بہ کمال — غور کر دیکھا نہیں کوئی ترا مثل و مثال
عاجزہ اغیر سے کر اس میں نہ تو بحث وجدال — روز و شب دل سے پڑھا کر اسے بے قیل و قال
مرحبا سید مکی مدنی العربی — دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

بھجن ۱ من تصنیف جناب حضرت شاہ صاحب قبلہ محمد عبد الصمد صاحب قدس سرہ

جاگ رے مورکھ سووت کاہے — بھجن ۱ — دیکھ تو جگ میں ہووت کاہے
لاکھ بار کہو سمجھایو دھیاں میں تیرے ایک نہ آیو — منہ پھاڑے پھرتی تو ہی بیٹھی اوروں کو رووت کاہے
تین تلوک اور صاحب تیو بین تو ڈھوی ہے موہی تو ہیں — اندھرا مورکھ دیکھت ناہیں تو ہیں ٹولت کاہے
نحن اقرب مالک بولا من عرف نے یا کو کھولا — بیگ سے یا کو بوجھ رے مسنا ناحق جنم تو کھووت کاہے
اجپا جاپ جپے جو بھائی — ہر کا درشن بیگ وہ پائی
چلے دھیان ترکٹی باندھے اونگ کھل چت سے سچ — جیسے نکت بلائی مو سے ایسے تاک لگائی
انگنی کی چندا و بین چاند سورج یہ دو ڈوبیں — سندر مورت سد گیان کی انہد ساتہ سنائی
انہد منی گیان مٹ جاوے سو ہنگ نور ان جب پھیر جاوے — ٣ — یا سے آگے کیا کہی مسنا ایک ہی ایک لکھائی
یہ دنیا ہے رنگ برنگی یا سے بچ کر چلنا رے
جو تو عاشق صادق مسنا سب پر لعنت کرنا رے — لاکھ طرح سے تیری ہووین تو مت ان کا بونا رے
گھٹ ہی میں پایا ٹھاکر دوارا — دیگر ۴ — پاتھر پوجت کا ہے گنوارا
کاشی ڈھونڈھ بندرابن ڈھونڈھی ڈھونڈھی ملک سارا — جب لگ کرنے جھانکی گھٹ کی کبھو نہ ملنا کرشن پیارا
کنول مندر کا سیوک بن کے پانچوں پنچان سے جا مل تو — مار کے کنس کو جب بس کرنے تبھی ملیگا کرشن ہمارا
لاکھ بار ہم سونچا جانچا کر بیران میں بھی بانچا — ناس کے سب سیوک مسنا جب ہو پوریج یہ مورکھ ہارا
کاہے کو سادھو کا ہو سے لڑ بیٹے — ۵ — من کے بیری سے کیوں نا بھڑ بیٹے
یہ بیری نیر و جنم سے پہلے — نیک عینک ہیں تو کو گھر بیٹے
پل پاچھن کو یہ تیر ویلیو — پاچھے سے پا کے کاٹی ہیں کٹھر بیٹے
ہجر اشتر کو مارے مسنا — سور بیر کو یا کو مر بیٹے

Marfat.com

کاہے کا بھن برہمن چھینا سادھ سنت کا ساتھ نہ کینا

بھن وہ جو ہر گن گاوے ہر کا ہر میں کھوج لگاوے
سوت ڈار بھن بن بیٹھا دیکھ سوت پھر من میں اینٹھا
ماس کھائے سو بھن ہوئے مدھوا پئے ہر پائے

آپ مٹے اور جگ کو میٹے وہ بھن نت جینا
مال منا اوروں کا چھینا اپنا کبھو نہ دینا
یا کو سانچ جو جانے مستا بھن نا میں جان کمینا

ہم کو ملت نہیں موہن نگری

کیسی کروں اب کہو موری سجنی بیتی جات موری سبا نگری
مست سکھی جیوں جل بن مچھری

پیا ملن کی ہوت شگن میں گا بولے نندن نگری
۸ بیگ خبر لو پیتم ہمری

گر سے ملکر آپ سے چھوٹے ہر سے ملکر گر سے
برہا چت دیس کا راجا راج دوئی میں آن براجا
۹ پریم کی بازی جب ہم جیتے نام نرنجن کی پولائی

لاکھ اوپائے یاں تک پہنچے جب ہو پریت میں چھوٹے
گیان کی فوج تو پک دھیانسی میں تین دو مارے لوٹے
چرن گورو سے جا جگ دنیا پھر نا جگ سے پھوٹے

نا ہم ہندو نا ہم ترکا نا ہم بالک نا ہم پُرکھا
۱۰ پیم کا باج تو پریم کا تانا جات بنا کیوں اُتو بڑھ کا

سب میں ہم ہیں سب ہیں ہم میں جو جانے سو پورے گر کا
پاپ شرم سے مستا چھوٹا دیکھت ہے یہ ہر میں ہر کا

ابھو چیتو سادھو بھائی کال موڈھ پہ دیکھ پھرائی
۱۱ جگ سے روٹھے پیت ہوت ہے آپ سے روٹھے ہورتائی

پیٹ کے پاپی منہ کے بھگتا لعنت یہ تیری بھگتائی
مستا کو رٹھے اب سادھو سانچ کہو تو ہوت لڑائی

در سلوک طریق نقشبندیہ

ہر ہر کرے اور گر کو دیکھے اس کو ملنا پیارا ہے

نام نرنجن کا مدھ پیوے دھیان کرو مدھ دارا ہے
الکھ لکھے اور سب کو میٹے اُس نے گیان سنوارا ہے
کیا ہے اچرج دیکھو سادھو بوند میں سمندر سمایا ہے

پاک رسول کا عاشق ہووے وہ ہی سکھ ہنوارا ہے
پٹ بھیتر کے چت سے کھولے پھر کیا صاحب نیارا ہے
جو کوئی اس کو پی جائے مستا وہی گرو ہمارا ہے

در سلوک طریق چشتیہ

کیا ہی مزا ہے دیکھو سادھو انہد باجا بجتا ہے

اس انہد میں لاکھوں باجے اس کو کوئی نہ سنتا ہے
پہلے دل میں چند اُوبھے جگمگ کرتا ہے

اس انہد کو جو کوئی سُن لے رعیت سے شاہ بنتا ہے
اُس کے اندر ہے ایک مورت برلا کوئی لکھتا ہے

سب ہے مستا دل کے اندر گرُ سے سیکھو اس کا منتر — بنا گرو یہ گیان نہ آوے نگر اُسر کو دُھنتا ہے

موہن میرا ہے نیرے پر دیکھن میں نہیں آوے رے

ہر آوے ہم جاویں ساذھو ہم آویں ہر جاوے رے — ۱۴ — مستا ایسے آون گوں ہیں دیکھیں کہاں سے پاوے رے

سوچ سمجھ پگ دھرنا یہ کھیل کٹھن ہے چلنا

یا باٹی بٹمار بہت ہیں لوٹت ہیں پل چھما ں — ست گور بانکا سانٹھی کر لے وا سنگ ہو کر بڑھنا
جو تو مایا وہاں سے لایا واہی کو رکھ لینا — چاتر تیری پا پچھے لاگا سمھل سمھل کر لڑنا
مستا پریم کا پینڈا نیارا راجا پرجا پرجا راجا — ۱۵ — یا کو مارے دا کو چھوڑے پھر کاہے کا ڈرنا

کاہے کو بھٹکت پھرے گھٹ بھیتر کھوج لگے

گھومت پھرتے ہر ناپئے ناحق جنم گنوئے — اپنو درپن مانجے نہ مورکھ ہر کو درس کب پئے
من میں تورے ہاٹ لگی ہے ان ہاٹن ہٹ جئے — جو ہاٹی صاحب من بھاوے وہی ہاٹ لگئے
من میں اپنے سوچ سمجھ لے جوت میں جوت ملئے — ۱۶ — جو جٹے آپ کو مستا وہی وہ رہ جیئے

ہوئے فقیر پہلے ماٹی جب تو پاوے پریم کی باٹی — جب لگ ماٹی ہونا سادھو کبھو اُٹھے نا دوئی کی آنی
چرن گرو کے رجکر کا جی دیکھ پڑھی پھر گیان کی پاٹی — گرہ دکھاوے سے بیچ مستا بیری لوٹنے یہ ہے گھاٹی

جو رام رٹ جانے نہیں بھمن ہوا تو کیا ہوا

پوتھی بغل میں داب کر کہتا پھرے ہے گا کتھا — اپنی کتھا جانے نہیں پنڈت ہوا تو کیا ہوا
جوگی گُسائیں سیوڑے کپڑے رنگے ہیں گیروے — من کو تو رنگتے ہی نہیں کپڑے رنگے تو کیا ہوا
سیلی والفی ڈال کے بن بیٹھے ہینگے شاہ جی — دل کا کفر توڑا نہیں جو شاہ ہوئے تو کیا ہوا
ٹھاکر دوارے جائیکے پوجیں سبھی ہیں مورتیں — ہر میں تو ہر جانا نہیں پوجا کیا تو کیا ہوا
جو پاٹ پوجا کرتے ہیں اور نام پایا گرو کا — اُس گرُ سے تو محرم نہیں جو گرُ ہوئے تو کیا ہوا
چلے میں بیٹھے جائیکے اور من پھرے ہے سب کہیں — پر دل تو چلے میں نہیں جو تن ہوا تو کیا ہوا
بھنگیں شرابیں پیوتے چلمیں اڑاویں چرس کی — پر وہ نشہ پیا نہیں بھنگڑ ہوا تو کیا ہوا
ٹیڑی بانکی ہے سپاہ لڑتے ہیں سب جا جائیکے — گھٹ کا تو ٹھگ مارا نہیں بانکا ہوا تو کیا ہوا
پڑھ کر کتابیں بہت سی کہتا پھرے ہے اور کو — حق الیقین جانا نہیں عالم ہوا تو کیا ہوا
مسجد میں جا کر زاہداں سجدہ کریں ہیں دمبدم — اور دل تو جھکتا ہی نہیں جو سر جھکا تو کیا ہوا

Marfat.com

قاضی عدالت بیٹھ کر کرتا عدل ہے اور کا بندہ ہے کر تو بندگی جب تک تری ہے زندگی یہ مسنتا پورا ہے برا کتنا بھی ہے ہر گھڑی	18	اپنا عدل کرتا نہیں عادل ہوا تو کیا ہوا گر بندگی کرتا نہیں بندہ ہوا تو کیا ہوا اور آپ اندھا ہو رہا جو کہہ کیا تو کیا ہوا
برج میں آج شام ہوری کھیلے		سب سکھین سنگ ہنس ہنس بولے
کنج محل میں بیٹھو سانورا سب سکھیں کو ٹیر کے کنجن میں لگو آپ سانورا بیری کیوڑ کھوارا چیت سُرت کی گٹھری بنائی بابا دھری داہن بھاری		جو سکھیا واکی ڈھنگ پہنچیں اُنہیں رنگ کو پیلے چول جوں پک ہیں دھڑوں سبھی مارکیوہ پاچھے ٹوولے دھیان جتن کو جندرا و بیڑ ری سکھی واکو کھولے
کاہے کو ہر کو بھولئے جو منوا تو ہر گن گا دے جنم جنم سکھ لیجئے مورا کہا جو مانے مستنا	19	ہر کو بھلا کے دکھ پیئے آپ کو میٹ جگت کو بیٹھ جھجھی ہر ملیجئے پھر پاچھے پچھتیئے
ابھو سوچ کہاں سے آئے یا سے پاچھے پھر کہاں اپنی گت جب بوجھے سادھو پر جا رے انجاوے	20	آؤ جنم سے پہلے سدھ کر مڈھ دانت دودھ جالوے کرم لکھا ہین بیٹھ رے مستنا اس کھا پاتھر بلجاوے
سادھو دیکھو اپنی باہیں گُلچھیا سے دھیان یہ آیا ایک ہی ایک بہت گایا	21	گھٹ ہیں پڑتی کاگے پرچھائیں ہے کھلی جب نے کہا مستنا وہ ہی وہ ہی سائیں
سوچ تو مورکھ اپنے من میں کرنی ہے سو بیگ کرلے پھر نہ بنیگی کچھ دواؤں میں مرتو مستنا مرن سے پہلے	22	تاک لگی کال کی تن میں مات پتا اور کٹم سنگاتی پھینکدیں سب تو کو بن میں ناتر بیری مارے چھن میں
سادھو کیوں تو رب کا نام لبھا رہے جا پچھے گڈھ پر توپ دھیان کی دھرگیان کا گولا ڈارے فوج پاپ اور توپ بھول کی گڑھ کا گولا بھر کے کام کرودھ اٹھا کر بیڑا گیان کو مارن آئے دونوں دل میں جدھ پڑا ہے بڑا شور لڑا ہے		رب سے کے پیارے سے رن میں باجی ہارے پریت کی رنجک دے کر سادھو تک تاک بیری کو مارے مایا اگن سے دیکھے فلیتہ بیری گڑھ کو جارے بان برہ کا لیکر مستنا ان دونن کو مارے ایسے سو سکے بل جا منتا ول بیری کو تارے
پیم کنٹوا پر وہ سکھی جاوے	24	پران کی میچ تج پہلے بڑھاوے

کنول کنوا اور چت پنہاری پریم کا جل واہی چاری لیج سانس کی بیٹی پرانی منکھنڈا ان اُترا بھوٹا سبد گرو کی انڈوی بناوے رب نام گاگر یا		گیان لگر یا بگ سے کھرلے بھر پایئے پھیپھے کھنڈ ناٹے دوجی ورجن گھاٹ کو روکے جل کیسے بھر بھر نائے لیج شریعت سے جل سکھیو مسنتا سکھی بھر لائے
سنکھ صاحب دیکھ ہمارا کام کرودھ لوبھ کی ناٹی کھیل گئی وبداب ناٹی تن ہو جرہ من ہو بھگتا دھیان گرو رکھوارا ہوئے گرلچھیا ن کچھ نا ہووے ناحق مورکھ جنم یوں کھوئے	۲۵	جھنک جھنک تنی جنم کو ہارا جب لگ بسیں اُن کے سادھو کیسے دیکھے پالن ہارا جگ میں بیٹھے ہر کو دیکھے جب ہو سادھ پیارا جو مرا آکے گرکے مسنتا وہ ہی رام ہمارا
منہ کی کمی دھرتی کرے جیا کی چرنٹھے اکاس	دوہرہ	بھیتر بھیتر جو مرے سو ہے پکا داس
تن سو کھو پنجرہ بھیو من بھیچ سو داسار	دوہرہ	بلی بیٹھی تاک میں گرو بچاون ہار
گیان کے پنکھ دھیان کے بازو ست گر دیئے لگائے	دوہرہ	سوا چڑھو اکاس پر بلی رہی لجائے
گر گیانی سوا بھیو گر کی لچھیا پائے	دوہرہ	ایسے گرکے چرن سے مسنتا دھیان لگائے
ہر ہر کرے اور سب کو بتائے	دوہرہ	بیری دا کو دیکھ کے بھاگے
پدراگنی شیام کلیان		
ایک جو اہم کھیل چلے تن من دھن سب ہار چکے جی		تن داؤ پایا پریم دی باڑی گیان کو تیر نکال چکے جی
کہت ہیں مسنتا یا تن بھیتر چت سرت سو بار چکے جی		
لاکھ کتاب اور پڑھتی باچ	دوہرہ	کہنی جھوٹی کرنی ساچ
دھیان گیان سے کچھ نا ہوئے	دوہرہ	جب لگ آپ کو تو نا کھوئے
تن سو کھو تو نا بھیو رگین بھئیں سب تار	دوہرہ	روم روم سمر دیت ہے سکھلے نام تہار
مکھ سے رب رب من تراسو دے بلے مکت نہ ہوئے		
پہلے پریت سے منکو جگائے ہر سانس بھر سمرن گاوے من میلا تن تیرا اُجلا پاپی مورکھ کیا تو بھولا ہرشے میں جو تیرے بسنا مالک پل چھن واکو لکھ منا		آپ مٹے اور جگ کو بیٹھے ہر درشن تب ہووے بیگ سے من کو نا بجھدے مورکھ نا من پاچھے دیکھ تو روئے با کو دھیا ن جو راکھے نہ مسنتا پاپ کیا وہ دھرم کو کھوئے
تمام شد		

رباعی تاریخ از تصنیف مولنا سید حسین شاہ صاحب بخاری
خلیفہ حضرت مخدوم مرحوم کہ بر مزار شریف واقع قصبہ انزولی کندہ است

این زندۂ جاوید کہ اندر لحد است — از نور یقیں ہادیٔ دین تا ابد است
سال سفر و اسم شریفش گویم — مست احدی جناب عبد الصمد است
۱۲۷۹

قطعہ تاریخ طبع زاد سید فضل حق صاحب ساکن انزولی
خلیفہ و مرید خاص حضرت ممدوح کہ ایہم بر مزار شریف کندہ است

آشنائے بحر عرفاں مخزن فضل و کرم — حضرتِ عبد الصمد کشافِ اسرارِ قدم
ہادیٔ راہِ طریقت آفتابِ معرفت — مظہرِ نورِ حقیقت مصدرِ فیضِ اتم
جوہرِ تیغ شجاعت مجمعِ علم و حیا — معدنِ جود و سخاوت صاحبِ سیف و قلم
نقشبندِ و صاحبِ ارشاد در ہر سلسلہ — داشت نسبت با جنابِ نامدارِ محترم
روزِ یکشنبہ بتاریخِ سوم وقتِ زوال — در محرم شد ازیں دارِ فنا سوئے ارم
در فراقِ صورتیٔ آں قدوۂ اہلِ وفا — بود طالب ہر یکے در رنج و اندوہ و الم
بہر تاریخش سرِ ہاتف فرو گردید و گفت — کعبۂ اہلِ طریقت قبلۂ اہلِ کرم
۱۲۷۹

تمت بالخیر

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

الحمد للہ کہ نسخۂ دلپذیر کتاب بے نظیر

کاشف اسرار حقیقت چراغ بزم طریقت ہادیٔ منازل صدق و یقین موسوم بہ

تحفۃ العارفین

من تصنیف لطیف مست بادۂ عرفان مخمور خمخانۂ ایقان مقبول بارگاہ صمد حضرت شاہ عبدالصمد قدس سرہ

جسے

اللہ والے کی قومی دکان اور رسالہ "اسرار تصوف" کے

مالک و ایڈیٹر

ملک چنن الدین خلف الرشید ملک فضل الدین ککےزئی نقشبندی مجددی تاجر کتب

کوچہ ککےزیاں منزل نقشبندیہ بازار کشمیری

لاہور نے

بصرف زر کثیر با محاورہ اردو ترجمہ کرا کر نہایت صحت سے

منصور سٹیم پریس لاہور میں باہتمام لال شاہ پرنٹر چھپوایا

Marfat.com

وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ نَوَّرَ قُلُوْبَ الْعَارِفِیْنَ بِنُوْرِ الْعِرْفَانِ وَمَیَّزَھُمْ مِنَ الْعَالَمِیْنَ بِالصِّدْقِ وَالْاِیْقَانِ وَجَعَلَھُمْ اَسْبَابَ نُزُوْلِ الرَّحْمَۃِ وَالْغُفْرَانِ فَھُمْ یَذْکُرُوْنَ اِلَیْہِ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِھِمْ فِیْ کُلِّ حِیْنٍ وَّاٰنٍ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَسَّسَ بُنْیَانَ الدِّیْنِ وَمَھَّدَ طُرُقَ الْیَقِیْنِ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الرَّاشِدِیْنَ بعد اس کے بندۂ گنہگار ذرہ بیمقدار خاکپائے اولیائے کاملین وعلمائے راسخین محمد عبد الصمد بیچ خدمت جمیع طالبان حق کے یہ عرض کرتا ہے کہ تقرب الی اللہ اوپر ان دو طریقوں یعنی ذکر اور فکر کے موقوف ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالےٰ نے اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِھِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اے سالک معلوم کر کہ ذکر دو طرح پر ہوتا ہے ایک ذکر جلی اور دوسرا ذکر خفی۔ اور ذکر جلی بھی دو قسم پر ہے ایک ذکر مجرد بزبان اور دوسرا ذکر زبان متعلق القلب اور جو ذکر زبان متعلق بقلب ہے وہ طالب کے دل کو مؤثر اور مفید مطلب ہے اور جو ذکر مجرد بزبان ہے وہ محض بے اثر ہے ۵

بر زباں تسبیح و در دل گاؤ خر	ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

Marfat.com

مگر یہ ذکر جو متعلق بقلب ہے بغیر تعلیم مرشد کامل کے طالب کو حاصل نہیں ہوتا اگرچہ طالب بجمیع علوم ظاہر کے موصوف ہو اور ذکر خفی بھی دو طرح پر ہے ایک ذکر مجرد بقلب اور دوسرا ذکر قلب متعلق بروح اگرچہ نزدیک اولیاے متقدمین کے ذکر روح بذکر قلب تعبیر کیا گیا ہے لیکن بعض متاخرین نے ذکر روح اور ذکر قلب میں فرق کیا ہے وہ یہ ہے یعنی جب پستان چپ کی طرف جو حرکت ہوتی ہے اُس کو دل قرار دیکر اور لطیفوں کی طرف یعنی جو معہ قلب کے لطائف ستہ کہلاتے ہیں توجہ دیتے ہیں اور جب طالب ایک مدت مدید کی کثرت سے اس لطائف کی حرکت کو بغیر قصد اپنے کے ہر جا پر متحرک پاتا ہے تو اُس کو سلطان الاذکار قرار دیتے ہیں حالانکہ یہ سلطان الاذکار نہیں لیکن مبتدی بے کیفیت کو واسطے دفع انتشار کے گونہ مفید ہوتا ہے اور یہی باعث ہے مجتہدین متاخرین کا اس امر کے ایجاد کرنیکا ورنہ مجرد ذکر زبان اور ذکر قلبی میں کچھ فرق نہیں الّا اس قدر کہ وہ ذکر زبان سے بے کیفیت کرتا ہے اور یہ خیال سے غرضکہ یہ دونوں بے جذب ہیں اور بغیر جذب کے مقام عشق کا طے نہیں ہوتا۔ چنانچہ فرمایا عطار رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

تا نگردی بے خبر از جسم و جاں		کے خبر یابی نشاں از بے نشاں	

اور دوسرا ذکر قلب جو متعلق بروح ہے وہ ذکر باکیفیت ہے اور اس کی کیفیت کی حقیقت ہے یعنی جیسے تشنۂ آب کہ بغیر نام لینے آب کے اس کی کیفیت میں محو اور اُس کے خیال طلب سے مضطر اور بیقرار ہوتا ہے پس یہی حال ہے اُس رُوح کا جو ساتھ کیفیت ذکر الٰہی کے موصوف ہے یعنی بغیر ذکر زبان اور ذکر قلب کے یاد الٰہی میں محو اور بیتاب مثل سیماب کے ہوتی ہے اور ہر دم اور ہر ساعت جویاے وصل مطلوب کی رہتی ہے ؎

چو باد اند پنہان چالاک پو		چو سنگ اند خاموش و تسبیح گو	

اور جب ذاکر کی روح اس ذکر کی کیفیت سے مسرور ہو جاتی ہے تو تمام لطائف مذکورہ ہر ہر عضو اس ذاکر کا یہاں تک کہ ہر بُن مو بلکہ تمام اشیاے مخلوق الٰہی خود بخود اس کو ذاکر الٰہی بشوق تمام معلوم ہوتی ہے ؎

Marfat.com

بدگردش ہر چہ بینی در خروش است		ولے داند درین معنی کہ گوش است	

لے سالک جو اس کیفیت کے ساتھ ذکر ذاکر کے دل میں پیدا ہوتا ہے اس کو ذکر سلطان الاذکار کہتے ہیں ماسوا اس کے سب وہم و خیال چنانچہ فرمایا شمس تبریز علیہ الرحمۃ نے ذِکْرُ اللِّسَانِ لَقْلَقَۃٌ وَذِکْرُ القُلُوْبِ وَسْوَسَۃٌ وَذِکْرُ الرُّوحِ رَاحَۃٌ اور اس مرتبہ کو مرتبۂ تذکر کہتے ہیں اور بعد طے کرنے مرتبہ تذکر کے ذاکر کو مرشد کامل تفکر کے مرتبہ سے آگاہ فرماتے ہیں یعنی فکر کا ارشاد کرتے ہیں تو ذاکر کبھی ساتھ صفات الٰہی اور کبھی ساتھ ذات باری کے ایسا محو اور مستغرق ہوتا ہے کہ ذکر اور ذاکر ایک ہو جاتا ہے اور غیریت سے اصلا خبر نہیں رکھتا اور جب تک ذاکر کو فکر سے ایسا استغراق حاصل نہیں ہوتا تو طالب منزل مقصود کا منہ نہیں دیکھتا چنانچہ فرمایا حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بیچ بیان لطائف اور نکات تسمیہ کے کہ ذکر و ذاکر و مذکور یکے گردد تا دوئی از میاں برخیزد اور اس مقام کو مقام تفکر کہتے ہیں لیکن مقدم کیا ہے مرتبہ تذکر کو اوپر مرتبہ تفکر کے آیت مذکورہ میں اور تذکر کے مقدم ہونے کا یہ بھید ہے یعنی ذکر زبان واسطہ ہے درمیان غفلت اور ذکر زبان متعلق بقلب کے اور ذکر زبان متعلق بقلب واسطہ ہے درمیان ذکر قلب اور ذکر قلب متعلق بروح کے اور ذکر قلب واسطہ ہے درمیان ذکر قلب متعلق بروح اور روح متفکر کے اور یہ جو اول مرتبہ ہے یعنی ذکر زبان متعلق بقلب اس کو شریعت کہتے ہیں یعنی اس مرتبہ میں ظاہر غالب اور باطن مغلوب اور وہ جو دوسرا مرتبہ ہے یعنی ذکر قلب متعلق بروح اس کو طریقت کہتے ہیں یعنی اس مرتبہ میں باطن غالب اور ظاہر مغلوب حالانکہ بہ سبب غلبہ باطن کے ہر روز ظاہر متزائد ہوتا جاتا ہے باوجود اس کے ظاہر مغلوب اور باطن غالب ہوتا ہے اور اسی جا سے شطحیات اور ہفوات اور مبہمات اور موہمات سالک سے واقع ہونے شروع ہوتے ہیں یعنی جو فعلاً ہوتے ہیں اُن کو شطحیات اور ہفوات کہتے ہیں اور جو قولاً ہوتے ہیں اُن کو مبہمات اور موہمات کہتے ہیں اور اصل حقیقت اس کی یہ ہے کہ اکثر اوقات ظاہر بین کہ بسبب بےعلمی اس علم کے سخن فہم اُن کے نہیں ہوتے اس سبب سے متہم بخلاف شرع اُن کو کرتے ہیں اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ بہ سبب نفحن سکر اور غلبۂ حال و فقدانِ ضبط اور اختیار کے مخالف

ظاہر شرع کے اُن سے واقع ہوتے ہیں مگر عند اللہ ان دونوں صورتوں میں یہ گروہ منبرک مرفوع القلم اور معذور ہے اِلّا یہ قول و فعل جو اس گروہ عالیہ سے بسبب غلبہ حال اور سکر اور صحو سے صادر ہوتے ہیں لائق تقلید اور قابل سند کے نہیں اور یہ جو تیسرا مرتبہ ہے یعنی روح منفکر اِس کو اسرار کہتے ہیں اور یہ خلاصہ ہے ان دونوں مرتبوں کا یعنی شریعت اور طریقت کا اور اس کا بھید کوئی نہیں جانتا سوا عابد اور معبود کے اور یہ نہیں حاصل ہوتا کسی کسب اور کسی مرشد کی توجہ سے مگر یہ حاصل ہوتا ہے صرف عنایت ایزدی سے چنانچہ فرمایا خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

چوں حسن عاقبت نہ برندے و زاہدیست	آں بہ کہ کار خود بعنایت رہا کنند

اور جو اس مقام میں ہمیشہ محو و مستغرق رہتا ہے بغیر اپنے قصد کے اُس کو مجذوب مطلق کہتے ہیں اور جو اس مرتبہ کو طے کر کے آجاوے مرتبہ دوم میں اپنے قصد سے اور پھر جب چاہے مستغرق ہو جاوے اپنے قصد سے مرتبہ سوم میں اس کو مجذوب سالک کہتے ہیں اور جس سالک کی رسائی مرتبہ سوم تک نہ ہو مگر مرتبہ دوم میں محو رہتا ہو اور دونوں کے ضبط کو حاصل کر چکا ہو یعنی جب چاہے جب مرتبہ دوم میں محو ہو جاوے اور جب چاہے مرتبہ اولی میں آجاوے اُس کو سالک کہتے ہیں اور کبھی ان میں سے بعض بعض سالک مجذوب ہو جاتے ہیں ان کو سالک مجذوب کہتے ہیں اور جو سلوک صرف زبان اور تن اور خیال سے کرتے ہیں اُن کو سالک بے جذب اور زاہد خشک کہتے ہیں اگرچہ سلوک میں یہ اور مجذوب سالک اور سالک مجذوب برابر ہیں مگر وہ دونوں با درد اور یہ محض بے درد بلکہ اکثر گرفتار بطمع دُنیا اور تکبّر اور ریا کے ہوتے ہیں اور طریقہ مجذوب سالک کا قریب مجذوب مطلق کے ہے مگر مرتبہ مجذوب سالک کا مرتبہ مجذوب مطلق سے افضل اور اکمل ہے کیونکہ یہ حامل ہے علم نبوّت اور ولایت کا اور وہ حامل ہے صرف علم ولایت کا اور یہ بے فیض مطلق ہے اور وہ بافیض مطلق اور یہ نائب ہے انبیا کا اور وہ خادم نائب انبیا کا چنانچہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اور طریقہ سالک مجذوب کا قریب ہے مجذوب سالک کے اور طریقہ سالک بے جذب کا قریب ہے سالک مجذوب کے مگر اس حالت میں کہ ہمیشہ معتقد اور طالب ان

دونوں کا حال و دل سے رہے ورنہ منکر اور ریا کار ہے اور کوئی مجتہد خواہ ظاہر کا خواہ باطن کا ذکر زبان متعلق بقالب اور ذکر قلب متعلق بروح سے خالی نہ تھا مگر اس قدر کہ مجتہد ظاہر غالب بظاہر اور مغلوب بباطن اور مجتہد باطن غالب بباطن اور مغلوب بظاہر سوا اس میں یہ بھید ہے کہ ان کو جناب باری سے خدمت عطا ہوئی تھی علم ظاہر کے رونق دینے کی اور ان کو خدمت عطا ہوئی تھی علم باطن کے اجرا کرنے کی یہ باعث تھا ان کی غالبیّت اور مغلوبیّت کا ورنہ دونوں مجتہد دونوں علموں میں مساوی تھے اور فکر مجذوب سالک کا یہ مرتبہ ہے فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلتَّفَکُّرُ سَاعَةً خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِ الثَّقَلَیْنِ یعنی فکر کرنا ایک ساعت کا بہتر ہے نکوئیوں دو جہان سے اور فکر سالک مجذوب کا یہ مرتبہ ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَلتَّفَکُّرُ سَاعَةً خَیْرٌ مِّنْ عِبَادَةِ سَنَتَیْنِ یعنی فکر کرنا ایک ساعت کا بہتر ہے دو سال کی عبادت سے مگر سوائے اِن دونوں کے فکر اور لوگوں کے امورِ دین میں صحیح نہیں اور جو صاحب فکر ہے اُس کو عارف کہتے ہیں اور جو صاحب ذکر ہیں ان کو عاشق کہتے ہیں مگر فکر بغیر ذکر کے صحیح نہیں ہوتی کیونکہ ذکر دافع نقصان فکر کا ہے چنانچہ فرمایا مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

	فکر گر جامد بود رو ذکر کن	؎	این قدر گفتیم باقی فکر کن	

اور جو کوئی بغیر حاصل کرنے ذکر زبان متعلق بقالب و ذکر قلب متعلق بروح کے فکر کرتا ہے۔ تو اس کی فکر میں کفر اور اسلام ایک ہو جاتا ہے ؎

	ہم می کند عاقبت کفر و دیں		خیالاتِ نادانِ خلوت نشیں	

اور یہی باعث تھا فلسفیوں کے بے دین ہونے کا کہ بغیر حاصل کرنے ذکر زبان متعلق بقالب اور ذکر قلب متعلق بروح کے فکر میں مشغول ہو کر ان عقیدوں فاسدہ کے معتقد ہو گئے یعنی کوئی کہتا ہے خدا نہیں کوئی کہتا ہے خدا ہے مگر ایک کے سوا دوسرے کو پیدا نہیں کر سکتا کوئی کہتا ہے نبوت باطل ہے کوئی کہتا ہے نبوت برحق ہے لیکن جاہلوں کے واسطے ہے غرضیکہ ایسی ایسی خرافاتیں بک کر دائرہ حق سے دور پڑے اور مرکز حق پر نہ آئے اور یہ سبب کم فہمی کے بے عقل اس بات کو نہ سمجھے کہ اور عالم

کا دریافت کرنا بہ نسبت عالمِ محسوس کے مشکل ہے کیونکہ یہ سب عالموں سے زیادہ تر ظاہر ہے اور اس عالم محسوسات میں عالم اجسام ظاہر اور اظہر ہے اور اس عالم اجسام میں من و تو ہمدیگر کے واضح اور لائح ہے باوجود اس کے ہنوز دریافت کرنے حقیقت اس کی میں تمام فلاسفہ سرگرداں اور ورطہ ہلاکت میں غرق ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ اس کی حقیقت کیا ہے یعنی فلاسفہ کہتے ہیں کہ جسم ہیولا اور صورت سے مرکب ہے اور متکلمین کہتے ہیں کہ جسم اجزائے لایتجزّے سے مرکب ہے جب اس کا یہ حال ہے تو قدرتیں الہٰی اور انوارِ نبوت اور اسرار ولایت کے صرف عقل سے دریافت کرنا بشر کو محال ہے خوب لکھا سردار محدثین مولانا شاہ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مرج البحرین میں ؎

آنکہ خود را شناخت نتواند	آفرینندہ را کجا داند
توکہ در ذاتِ خود زبوں باشی	عارفِ کردگار چوں باشی

اے سالک خلاف علم نبوت اور ولایت کے فکر ہرگز صحیح نہیں ہوتی بلکہ ان دونوں میں سے ایک میں بھی نقصان ہو تو فکر صحیح نہیں ہوتی چہ جائے ان لوگوں کے کہ جو ان دونوں علموں میں سے ایک علم بھی کسی اُستاد کامل سے حاصل نہیں کرتے مزید برآں یہ کہ جو علم نقض کنندہ دین حق کا ہے اُس کو حاصل کریں اور پھر ان کی فکر صحیح ہو یہ محال ہے۔ اے سالک فکر صحیح ہونا تو معلوم بلکہ اس علم کے منہمک کو دنیا سے ایمان لیجانا دشوار ہے۔ اگرچہ اس کا منہمک ہونا واسطے ردّ اور قدح اہل زیغ کے ہو چنانچہ مولانائے شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مرج البحرین میں لکھا ہے کہ جب فلسفین طرح طرح کے اعتراض و نقض درمیان دین حقہ کے وارد کرنے لگے تو امام فخر الدین رازیؒ نے واسطے دفع نقض و اعتراض فلاسفہ کے علم فلسفہ میں منہمک ہو کر بقوت اُسی علم فلسفہ کے ازروئے شریعت کے ردّ و ابطال فلاسفہ کے متوجہ ہوئے باوجود اِس نیّت خیر کے کسی ولی اللہ نے کہ اُن کو شرف صحبت معنوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حاصل تھا بعد وفات فخر الدین رازیؒ کے حال فخر الدین کا خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا حال ہے آنحضرت فرمایا ذَالِكَ رَجُلٌ مُعَاتَبٌ بعد اس کے حال ابو علی بن سینا کا پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذَالِكَ رَجُلٌ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

Marfat.com

پھر شہاب الدین مقتول کا حال پوچھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَ هُوَ مِنْ مُتَّبِعِیْهِ یعنی وہ بھی تابعدار اور پیروی کرنیوالا ابو علی بن سینا کا ہے واللہ اعلم اے سالک غلو اور خوض فلسفیات کا طالب حق کو بہرحال نقصان دیتا ہے چنانچہ فرمایا حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بالجملہ خوض اہل اسلام و ارباب کلام در فلسفیات ہر چند بقصد رد و ابطال اہل زیغ و نفع اہل حق بود و لیکن در ضمن آں ضررے عظیم بایشاں نیز عائد شد و موجب تذبذب عقائد و تزلزل قواعد دین آمد و بسبب فتح باب تشکیک و تردید گشت کم کسے باشد کہ بعد از خوض و غلو در علم کلام از ورطۂ حیرت بسلامت برآید و سرمایہ یقین از دست ندہد + چنانچہ بہت سی معتبر کتابوں یعنی درمختار و اشباہ النظائر و شرح العین مُلّا علی قاری وغیرہ میں علمائے محققین نے علم فلاسفہ کو حرام بلکہ یہ بھی لکھا ہے کہ جو شخص اس علم میں از بس منہمک ہو اُس کے مسئلہ گوئی پر یقین نہ رکھنا چاہئے فقط۔ اے سالک محققین علما کے منع کرنے کا یہ باعث ہے کہ اس علم کے منہمک کی عقل میں ایک خباثت آجاتی ہے اور وہ خباثت درمیان اسرار نبوت اور اسرار ولایت کے سد راہ ہو جاتی ہے تو اُس شخص کو نیک اور بد نیک معلوم ہوتا ہے آخر کو رفتہ رفتہ یہ بھی خبیث ہو جاتا ہے چنانچہ فرمایا مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

علم دیں فقہ است و تفسیر و حدیث		ہر کہ خواند غیر ازیں گردد خبیث	

اے سالک اگر کوئی شخص اس جا پر اعتراض کرے کہ باوجود ایسی شدید ممانعت کے علم فلسفہ کے بعض بعض علمائے دین جیسے حضرت امام غزالیؒ اور حضرت شاہ عبدالحق محدثؒ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدثؒ اور حضرت شاہ عبدالعزیز رحمہم اللہ نے حاصل کیا ہے تو اُس کا یہ جواب ہے کہ فی الحقیقت اُنہوں نے اس علم کو حاصل کیا مگر ان کے حاصل کرنے کے دو طریق تھے ایک تو یہ ہے کہ اُنہوں نے زمانہ غفلت میں اس علم کو حاصل کیا مگر وقت ہوش کے اس علم کو مطلق ترک کر کے مشغول بعلم تفسیر اور حدیث اور فقہ اور تصوف اور فقرا کی صحبت میں مشغول ہو کر اس علم کی مضرت کو دور کر دیا تھا مثل مضرت نفس کے یعنی ہر نفس ہر کسی کا درمیان شرارت کے یکتا اور بے بدل ہے باوجو

Marfat.com

اس شرارت کے اس کی شرارت ببرکت اِن علموں اور صحبت فقرا کے دور ہو جاتی ہے تو کثافت علم فلسفہ کی کیا حقیقت ہے کہ دور نہ ہو اور دوسرا یہ جواب ہے کہ پیشتر نور نبوّت اور نور ولایت سے اپنے دل کو مجلّی اور مصفّی کر کے واسطے تفہیم مشککین طلاب فلسفہ کے کہ اُن کے دل میں بسبب انہماک اس علم فلسفہ کے طرح طرح کے شکوک اور تردّد درمیان دین حقہ کے واقع ہوتے تھے حاصل کرتے تھے تو اُن کے دل بسبب منوّر ہونے نور نبوت اور مجلّی ہونے نور ولایت کے کثافت پذیر اس علم فلسفہ کے نہ ہو سکتے تھے جیسے کہ دل فلسفیوں کا یعنی جو دل کثافت علم فلسفہ سے آغشتہ اور پُر ہو جاتا ہے تو اُس میں نورِ نبوت اور نور ولایت نہیں سماتا پس یہی حال ہے اُس دل کا کہ جس میں نورِ نبوّت اور ولایت بھرا ہے۔ بلکہ اُس دل سے ہر باب میں نور نبوت اور نور ولایت ترشح کُلُّ اِنَاءٍ یَتَرَشَّحُ بِمَا فِیْهِ اور فلسفیوں کو ہر چیز میں علم فلسفہ معلوم ہوتا ہے اگرچہ وہ قرآن اور حدیث ہو ؎

ہر چہ گیرد علتے علت شود

اور ان کو ہر جا اور ہر شے میں نور نبوت اور نور ولایت نظر آتا ہے اگرچہ علم فلسفہ ہو ؎

ہر چہ گیرد کاملے ملّت شود

مگر طریق دوم میں یعنی جو لوگ زمانہ غفلت میں علم فلسفہ کو پڑھتے ہیں تو ان کے دل میں بیشک طرح طرح کے شکوک اور خطرہ دین حق سے اور کثافت اس علم فلسفہ کی ایسی جم جاتی ہے کہ علم دین اور فقرا کی صحبت سے بار رکھ کر ضال اور گمراہ کر دیتی ہے مگر بعض بعض صاحب قسمت اس کثافت کو دور کر کے منزل مقصود کو پہنچتے ہیں جیسے امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کہ اوائل عمر میں اوپر طریقہ فقہا اور متکلمین کے تھے آخر براہ ترک اور تجرید کے در آئے اور بیچ طریقہ تصوّف کے قدم رکھ کر محقق علما اُس طائفہ کے ہوئے جنے کہ لقب حجۃ الاسلام کا پایا۔ اور بہت کتابیں بیچ علم تصوّف کے تصنیف کیں بعد رحلت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے کسی ولی اللہ نے خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حال امام غزالی کا پوچھا کہ کیا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذٰلِكَ رَجُلٌ وَصَلَ اِلٰی مَقْصُوْدِہٖ غرضکہ اے سالک جو اس دو طریق مذکورہ سے الگ ہو کر اس علم فلسفہ میں منہمک ہو وہ آپ بھی ہلاک ہوا اور مخلوق

Marfat.com

الٰہی کو بھی ہلاک کیا نعوذ باللہ منہا اے سالک بچ اس علم اور اُس کے عالم سے کیونکہ یہ دونوں مانع اور رہزن علم باطن اور عالم ظاہر کے ہیں ؎

ہرکہ خواند علم حکمت ذی فنوں	رہزن راہ الٰہ است اے زبوں

یعنی جس نے تنہا علم فلسفہ کا حاصل کرکے بغیر حاصل کرنے سند علم حدیث اور علم تفسیر اور علم فقہ اور علم تصوّف کے وعظ اور پند میں مشغول کر اُن طریقوں کو کہ جن کو علماے اکابر یعنی محدّثین اور مفسّرین اور ولیاے متقدّمین اور متاخّرین مستند نے ازروے قرآن و حدیث اور اجماع امت اور قیاس کے دلیلوں سے ثابت و مربوط اور راسخ کرکے واسطے ہدایت طالبان حق کے مقرر اور معین فرمایا ہے توڑے تو ایسے شخص کی صحبت سے طالبان حق کو ایسی نفرت اور عار چاہیئے کہ جیسے شیر کو نفرت روباہ کی صحبت سے ہوتی ہے اے سالک جیسے ان زلہ خواران فلاسفہ سے تجھ کو بچنا ضرور ہے اسی طرح ہر متفقّہ متقشف عنید اور ہر متصوف متوغل بعید سے بھی بچنا ضرور ہے کیونکہ ان میں اور اُن میں کچھ فرق نہیں الا اس قدر کہ وہ مانع ظاہر اور باطن کے ہیں اور یہ مانع ہمد گر کے ہیں مگر جو متفقہ منور دل با انوار ولایت اور جو متصوف مجلّاے دل با انوار نبوت متبرکہ کے ہو اُس کی صحبت مفید مطالب اور معین مقصود طالب کی ہے اور جو برخلاف اس کے ہو وہ رہزن سلوک نن حقّہ کا ہے چنانچہ فرمایا مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

علم رسمی رہزن ہر سالک است	ایں عقیدہ حنبل وہم مالک است

یعنی علم ظاہر پر بغیر حاصل کرنے علم باطن کے اکتفا نہ کرنا چاہیئے اور اونے حاصل کرنا علم باطن کا یہ ہے کہ تا حاصل ہونے علم باطن کے معتقد رہے اس علم اور اہلِ اس علم کا یعنی جو قول اور فعل اس گروہ عالیہ کے بنظر ظاہر کے خلاف شرع نظر آتے ہیں تو اُن کو حقیقت میں خلاف شرع نہ جانے بلکہ اپنے نقصان عقل کا تصور کرے جیسے کہ فرمایا خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

چو بشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطا است	سخن شناس نئی دلبرا خطا اینجا ست

اے سالک اس باب میں اسلم طریق یہ ہے کہ اُن قولوں اور فعلوں کو تفویض تقدیر الٰہی کے کرکے

Marfat.com

مدح اور ذم کرنے اُن افعالوں اور اقوالوں سے باز رہکر معین اور مددگار اس گروہ متبرکہ کا ہو کر ہمیشہ خادم اور طالب اس علم اور راہلوں اس علم کا جان اور دل سے رہے کیونکہ یہ لوگ ایسا مرتبہ عظیم الشان رکھتے ہیں کہ زبان بشر کی اُس مرتبہ کے بیان سے قاصر اور عاجز ہے چنانچہ مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے سورہ بقر میں بمقام فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ کے بہت سی حدیثیں درباب فضیلت ذکر اور صاحب ذکروں کے لکھی ہیں حدیث طبرانی بروایات متعددہ آوردہ است کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میفرمودند کہ بر جانب راست تجلی الہی جماعہ بر منبرہاے نور نشستہ خواہند بود کہ انبیا وشہدا بر حال ایشان رشک خواہند برد و حالانکہ انبیا وشہدا نیستند وچوں مردم پرسیدند کہ یا رسول اللہ آں جماعہ کدام مردم خواہند بود فرمودند کہ آں مردم از یک قبیلہ نیستند بلکہ از فرقہ ہاے مختلف و شہرہاے مختلف محض بوجہ خدا باہم دوستی پیدا کردندہ اند و براے ذکر خدا جمع میشوند۔ و دیگر حدیث ابن ابی شیبہ از ابو ہریرہؓ آوردہ است کہ اہل ذکر در نظر اہل آسماں آنچناں درخشاں مینمایند کہ ستارہا در نظر اہل زمین حدیث دیگر و در سُنن ابن ماجہ و دیگر معتبرات آوردہ است کہ حق تعالیٰ می فرماید من ہمراہ بندہ خود می باشم چوں مرا یاد میکند و ہر دو لب بنام من می جنباند حدیث دیگر و در صحیحین وارد است کہ حق تعالیٰ می فرماید اے ابن آدم اگر مرا در دل خود یاد کنی من ہم ترا در دل خود یاد کنم و اگر مرا در حلقہ و مجمع یاد کنی من ہم ترا در حلقہ و مجمع کروبین و ملائکہ مقربین و ارواح انبیاء و اولیاء علیہم السلام یاد کنم و آں حلقہ و مجمع بہتر از حلقہ و مجمع تست و اگر با من بقدر یک بالشت نزدیک شوی من بسوے تو بقدر یک گز نزدیک شوم و اگر بسوے من قدم قدم بیائی من بسوے تو دواں دواں بیایم حدیث دیگر و در کتاب الزہد امام احمد و دیگر کتب معتبرہ وارد است کہ ابو دردا گفت کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میفرمودند کہ آیا خبر میدہم من شمارا بہ بہتریں عبادات شما و پاک تریں اعمال شما نزد خدا و بلند کنندہ تر درجات شما و آنچہ بہتر باشد از خرچ کردن زر و سیم و ازانکہ در جہاد با دشمناں ملاقات کنند پس آنہا گردن ہاے شما را بزنند و شما گردن ہاے آنہا را مردم گفتند یا رسول اللہ بلے البتہ ما را ازیں عمل بزرگ نشان دہید و خبردار سازید مے فرمودند ذکر اللہ حدیث دیگر بیہقی بروایت عبداللہ ابن عمرؓ آوردہ کہ آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم میفرمودند کہ ہر چیز را صیقلے ہست وصیقل دلہا یاد خداست وہیچ چیز در نجات دادن از عذاب الٰہی آنقدر کارگر نمی شود کہ ذکر اللہ می شود وایں حروف را دوبار فرمودند مردم عرض کردند کہ یارسول اللہ آیا جہاد در راہ خدا نیز برابری نمیکند فرمودند نمی کند اگرچہ مرد مجاہد شمشیر خود را بزند کہ بشکند حدیث دیگر امام احمد وبیہقی بروایت خدری آوردہ اند کہ حقتعالےٰ روز قیامت خواہد فرمود کہ امروز تمام ایں جمع را معلوم خواہد شد کہ بزرگی چیست ولائق بزرگی کدام مردم اند مردم پرسیدند کہ یارسول اللہ مارا خبر دہید تا ما خبر آں فرقہ را بزرگ وکریم نہ گوئیم فرمودند کہ اہل کرم آنجماعہ اند کہ در مجالس ذکرمے نشینند حدیث در مشکوٰۃ وشرح آں از ابوہریرہؓ گفت کہ فرمود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ خداوند نعمت وتعالیٰ فرمود ہموارہ تقرب مے ورزد بندہ من بسوے من بسبب ادا کردن امور زائدہ از فرض وواجب تا ایں مرتبہ کہ من اورا دوست میدارم پس چوں دوست داشتم اورا می شوم گوش او کہ می شنود بداں ومے شوم دیدۂ او کہ می نگرد بداں ومی شوم دست او کہ کار میکند بداں ومی شوم پاے او کہ میرود بداں وبیشک اگر سوال کند از من بدہم اورا آنچہ خواہد از من واگر پناہ جوید بمن پناہ دہم اورا رواہ البخاری اور بعضوں نے اس حدیث کے معنی یہ لکھے ہیں کہ گرداننا ہے اللہ سلطان حُبّ اپنی کو غالب اُس پر یہاں تک کہ نہیں دیکھتا مگر وہ چیز کہ دوست رکھتا ہے اللہ اور نہیں سُنتا مگر وہ چیز کہ دوست رکھتا ہے اللہ اور ہوتا ہے اللہ سبحانہ اُس میں مددگار اور کارساز بچاتا ہے سمع اور بصر اور ہاتھ اور پاؤں اُس کے کو اُس چیز سے کہ نہیں پسند کرتا اُس کو اے سالک جس کا اللہ تعالےٰ ایسا محافظ ہو اس کے قول اور فعل کو یک بیک خلاف شرع نہ تصور کرنا چاہئے بلکہ طریق اسلم وہی ہے کہ جو اوپر مذکور ہوا یعنی اپنی عقل کا نقصان جان کر اُن بزرگانِ دین کو معذور جانے چنانچہ مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مرج البحرین میں حال حضرات صوفیہ رحمہم اللہ یعنی حضرت شبلیؒ کا موافقت کرنا اہلیہ اپنی سے اور چاک کرنا جامۂ نو اور ڈالنا دریا میں دیناروں کا اور حضرت ابوحمزہ خراسانی رحمۃ اللہ علیہ کا کوئیں میں گرنا باوجود موجود ہونے آدمیوں کے اور نہ طلب کرنا اُن آدمیوں کا واسطے نکالنے اپنے اور حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کا قریہ سے جانا اُس جا پر دیدہ ودانستہ کہ جہاں شیر کی آمدورفت تھی اور حضرت

Marfat.com

شیخ ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ کا نزدیک سیاف کے بمقام گردن زدنی بقصد خود ساتھ تواجد اور
اذواق کے درآنا اور گنا مرید حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کا بیچ حوض آب یخ بستہ معہ زند کے اور
خشک کرنا اُس زند کا اوپر بدن کے اور کہنا حضرت منصور اور بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہم کا
انا الحق اور سبحانی ما اعظم شانی ولیس فی جبتی سواہ وانا ھو وھو انا کے باب میں فرماتے ہیں
ولیکن قسم اول از غلبات احوال است و آنچہ ازیں طائفہ در حالت سکر و غلبۂ حال صادر گردد قولاً و فعلاً
طریق اسلم دراں جا تسلیم است و ترک مبادرت باعتراض و انکار انتہیٰ اے سالک باوجود ایسے
نامشروع افعالوں اور اقوالوں کے کہ شریعت غرا میں کسی طرح سے مشروع نہیں ہو سکتے مرتبہ تسلیم کا اسلم
فرماتے ہیں بلکہ یہ بھی لکھا ہے کہ جو عالم ظاہر یا متنقشف صرف براہ ردّ و انکار کے آگر غلبہ وجد اور سکر
اُن کو تسلیم نہ کرے اور اہل اس کے کو معذور نہ رکھے تو اُس کے خوف خاتمہ بد ہونیکا ہے نعوذ باللہ منہا
چنانچہ لکھتے ہیں۔ و منشاے ایں کار از بے مناسبتی و بے مشربی و جمود طبع و خرابی باطن است
و درود حرمان از برکات و خوف سوء خاتمت لو پوچھا جائے اُن طریقوں کے کہ جو قرآن اور حدیث
اور اجماع اور قیاس کے دلیلوں سے ثابت و اثبت ہوں باوجود اس کے کہ ایک مدت مدید سے
علماے ظاہر اور علماے باطن اور اولیاے متقدمین اور متاخرین کا اُن طریقوں کے مشروع ہونے
پر ہنوز اتفاق ہو تو اُس کے اور اُن طریقوں کے مجوزین اور معتقدین کو مشرک اور بدعتی کہکر ان طریقوں سے
کہ جن کو علماے راسخین اور اولیاے مستندین نے آلہ تقرب الٰہی کا قرار دیا ہے طالبان حق کو متنفر و متشکک
کرے تو اے سالک بیشک وہ شخص نائب شیطان اور مفسد دین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
کا ہے خواہ عالم ہو خواہ زاہد ہے

بر کفے جام شریعت بر کفے سندان عشق		ہر ہوسناکے نداند جام و سنداں باختن	

اور یہ جو بعض پڑھے جاہل طرفین سے کہتے ہیں کہ طریقت خلاف شریعت اور شریعت خلاف
طریقت کے ہے یہ محض اُن کی نادانی اور بیوقوفی ہے کیونکہ شریعت عین طریقت اور طریقت عین
شریعت ہے اے سالک شریعت اور طریقت کی یہ حقیقت اور نظیر ہے کہ شریعت کو بمنزلہ آفتاب کے

Marfat.com

تصور کر کے اُس کی حرارت پر نظر کر یعنی ایک یہ حرارت کہ بغیر وسائل اور روابط کے تمام کرہ خاکی پر خود بخود آفتاب حرارت زن اور تمازت بخش ہے اگر کوئی شپرچشم بسبب برودت طالع ادبار اپنے کے اس حرارت عالم سوز سے بے نصیب رہے تو وہ شخص شقی ازلی اور بے بصر از رحمت لایزلی ہے اور دوسرے یہ کہ اس حرارت عامہ سے مشرف ہو کر طالب حرارت تزادکا بروابط اور بوسائل شیشہ آتشی کے ہو کر مثل پنبہ کے اس حرارت مخصوصہ کو حاصل کر کے آتش پذیر ہوتا ہے تو اے سالک اس مرتبہ کی حرارت کو طریقت اور اُس کے حاصل کرنیوالے کو صاحب طریقت کہتے ہیں۔ اور حرارت اولے کو شریعت اور اُس کے حاصل کرنیوالے کو صاحب شریعت کہتے ہیں یعنی شریعت کی تکمیل تمام کو طریقت کہتے ہیں اور طریقت کے آغاز کو شریعت کہتے ہیں چنانچہ فرمایا قاضی ثنا اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے مالابدمنہ کے باب احسان میں۔ بداں اسعدک اللہ تعالےٰ ایں ہمہ کہ گفتہ شد صورت ایمان و اسلام و شریعت است و مغز و حقیقت آں در خدمت درویشاں باید جست خیال نباید کرد کہ حقیقت خلاف شریعت است کہ ایں سخن جہال و کفر است بلکہ ہمیں شریعت است کہ در خدمت درویشاں رنگ دیگر پیدا میکند چوں قلب از تعلق حسبی و علمی کہ ماسوائے اللہ است پاک شود و رذائل نفس برطرف گشتہ نفس مطمئن شود و اخلاص بہم رساند شریعت در حق او مغز شود و نماز او عند اللہ تعلق دیگر بہم رساند و دو رکعت او بہتر از لک رکعت دیگراں باشد و ہمچنیں صوم و صدقہ او رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرمود کہ اگر شما مثل کوہ احد زر در راہ خدا خرچ کنید برابر یک سیر یا نیم سیر جو نباشد کہ صحابہ در راہ خدا دادہ اند ایں جہت قوت ایمان و اخلاص شان ست و نور باطن پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم را از سینۂ درویشاں باید جست و بداں نور سینۂ خود را روشن باید کرد تا ہر خیر و شر بفراست صحیحہ دریافت شود انتہٰے۔ اے سالک جو اس صفت مذکورہ سے موصوف ہوتا ہے اُس کو ولی کہتے ہیں اور درمیان ولایت کے تین مرتبے ہیں یعنی صدیقین اور شہدا اور صالحین اگرچہ لفظ ولی کا تینوں پر اطلاق کرتا ہے مگر اکثر ولی صالحین کو کہتے ہیں اور صالحین سے مرتبہ شہدا کا افضل ہے اور شہدا سے مرتبہ صدیقین کا افضل و اکمل ہے اور حقیقت صدیقین کی یہ ہے کہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم سے

Marfat.com

نسبت رکھتا ہے یعنی بغیر وسیلہ غیر کے استفادہ اُس ذات بابرکات سے لیتا ہے اور مرتبہ تذکر اور تفکر میں انبیا سے کمتر اور تمام مخلوق الٰہی سے افضل اور اکمل ہے اور علامت صدیقین کی یہ ہے کہ کسی طرح کا سخت ترین حادثہ پیش آوے مگروہ بجز ذکر اور فکر الٰہی کے کسی کی طرف اصلاً التفات نہیں کرتا اور اخلاص حق سے ظاہر و باطن ایک سا رکھتا ہے اور کیفیت جذب اور سکر اور محو و صحو اور جمع الجمع سے مسرور اور پرتو اندازی اس کیفیت کی ویر دوں طالبان حق کے قدرت رکھتا ہے مگر مشیت ایزدی لَا تَتَحَرَّكُ ذَرَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ اور طالب حق پر پیشتر جذب اور جذب کے بعد سکر اور سکر کے بعد محو اور محو کے بعد صحو اور صحو کے بعد جمع الجمع واقع ہوتا ہے۔ اے سالک جوان مرتبوں کو رہ کو طے کرتا ہے اُس کو صدیق کہتے ہیں اور شہدا کی یہ حقیقت ہے کہ جو معرفت صدیق کے استفادہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کرتا ہے اور مرتبہ تذکر میں صدیق کے ساتھ مساوی ہے اور مرتبہ تفکر میں صدیق سے کمتر اور علامت اس شہید یار کی یہ ہے کہ جان دینا راہ حق میں بہت سہل جانتا ہے جس میں یہ مادہ ہو معہ مرتبہ تذکر و جذب اور سکر اور محو اور صحو کے اُس کو شہید عشق کہتے ہیں خواہ قتل ہو یا نہ ہو کسی شخص نے ایک ولی اللہ سے پوچھا کہ اس شہید اور شہید حربی میں کیا فرق ہے اُس ولی اللہ نے فرمایا کہ میں کچھ نہیں جانتا مگر اتنا ضرور جانتا ہوں کہ وہ مقتول بدست کفار ہے اور یہ مقتول بدست یار چنانچہ فرمایا مولانائے روم رحمۃ اللہ نے ؎

اشک را در وزن با خون شہید	کے برابر مے نہد شاہ مجید

اور ولی کی حقیقت یہ ہے کہ جو معرفت شہدا کے فیض باطن آنحضرت سرور کائنات و مفخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم سے اقتباس کرتا ہے اور مرتبہ تذکر میں دونوں کے ساتھ معہ وجد اور سکر اور محو کے مساوی ہے اور مرتبہ تفکر میں دونوں سے پست تر بلکہ ایسا پست تر کہ مرتبہ لاشئے کا رکھتا ہے اور علامت ولی کی دو ہیں مگر اس علامت میں تینوں مشترک ہیں اول علامت یہ ہے کہ دنیا سے بیزار اور مشغول بکردگار ایسا ہوتا ہے کہ ماسوائے محبت خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اس کے دل میں اصلاً محبت کسی کی باقی نہیں رہتی اور اگر رہتی ہے تو واسطے خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوتی

Marfat.com

ہے اور دوسری علامت یہ ہے جیسا کہ حدیث میں آیا چنانچہ وہ حدیث یہ ہے ھُمُ الَّذِیْنَ اِذَا رُؤُ ذُکِرَ اللّٰہ یعنی اولیاء اللہ وہ ہیں کہ جن کے دیکھنے سے خدا یاد پڑے خواہ چشم ظاہر سے دیکھے خواہ چشم باطن سے مگر چشم ظاہر کے دیکھنے سے تاثیر عام ہے قیام بالمواجہہ ہوتی ہے اور یہ علامت ولی کی ازبس ضعیف ہے کیونکہ اس علامت میں عوام الناس بھی مشترک ہیں اور چشم باطن کے دیکھنے سے یہ تاثیر خاص بالمواجہہ اور بالغیبت ایسی ہوتی ہے کہ طالب حق اس آیہ وَاذْکُرِ اسْمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّلْ اِلَیْہِ تَبْتِیْلًا کا مصداق ہو کر ماسوائے حق کے اصلا خبر نہیں رکھتا یعنی جیسے خیرگی چشم بواسطہ عینک کے چشم سے دور ہو جاتی ہے ویسے ہی کثافت دوئی دل طالبان حق سے بسبب دیکھنے روئے اولیاء اللہ کے دور ہو جاتی ہے وہ دل ساتھ نور اخلاص الٰہی کے منور ہو جاتا ہے کہ طالب کو ماسوا حق کے اصلا خبر نہیں رہتی اور یہ علامت ولی کی قوی اور مختص ہے یعنی بغیر خیالی صورت ولی کے یہ تاثیر طالب کے دل میں پیدا نہیں ہوتی چنانچہ فرمایا مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے قول جمیل میں بیچ بیان رابطہ قلب شیخ اشغال نقشبندیہ اور چشتیہ سے کہ جب مرشد اس کے پاس نہ ہو تو اس کی صورت کو اپنی دونوں آنکھوں کے درمیان خیال کرتا رہے بطریق محبت اور تعظیم کے تو اس کی خیالی صورت وہ فائدہ دیگی جو اسکی صحبت فائدہ دیتی تھی کہ حاشیہ اس عبارت کا مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ لکھا ہے کہ مرشد کی شرط یہ ہے کہ واصل بمقام مشاہدہ ہو اور نورانی بہ تجلیات ذاتیہ ہو جس کے دیکھنے سے ذکر کا فائدہ حاصل ہو بموجب اس حدیث مذکورہ کے جو اوپر مذکور ہوئی انتہٰے یعنی بغیر خیالی صورت ولی کے غیبت میں اور کی صورت کے خیال سے ذکر کا فائدہ ہرگز نہیں ہوتا بلکہ موجب کثافت کا ہوتا ہے اور یہ علامت ولی کی اوپر ہر اہل تجربہ کے اظہر من الشمس ہے اے سالک معلوم کر کہ ولی دو تاثیر سے موصوف ہوتا ہے یعنی لازمی اور متعدی سے اور تاثیر لازمی بھی دو قسم پر ہے ایک یہ کہ تاثیر لازمی سے ولی بذات خود متاثر ہوتا ہے مگر دوسرے پر تاثیر نہیں کرسکتا اور دوسری یہ کہ جب تاثیر لازمی کا غلبہ تمام و کمال ہوتا ہے تو ہمنشینوں تک پڑتی ہے مگر وہ تاثیر تا ہمنشینی ولی لازمی کے باقی رہتی ہے لا غیبت میں کچھ فائدہ نہیں دیتی اگرچہ طالب معتقد

Marfat.com

اور موؤب اور مہذب باخلاق حمیدہ تمام کے ہو۔ اور تاثیر متعدی بھی تین نہج پر ہے ایک تو یہ کہ تاثیر متعدی بیشک موثر قریب و بعید کے ہے مگر بایں شرط کہ مرید شائق تقرب الٰہی و معتقد طرق باطن و موؤب بآداب پیر و نسبت یافتہ بہ نسبت پیر کے ہو اگرچہ طالب نزدیک اپنے اُس نسبت کا وقوف نہ رکھتا ہو مگر نزدیک مرشد کامل کے نسبت زدہ ہو چکا ہو تو حال تاثیر متعدی کے ایسے طالب کو تاثیر غیبت اور حضور میں مساوی دیتے ہیں چنانچہ فرمایا مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ نے قول جمیل میں وَاِذَا غَابَ الطَّالِبُ فَاِنَّھُمْ یَتَخَیَّلُوْنَ صُوْرَتَہٗ وَیَتَوَجَّھُوْنَ اِلَیْھَا اور جب کہ طالب غائب ہو تو اس کی صورت کو خیال کرتے ہیں اور اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں یعنی غائب کو توجہ دیتے ہیں اُس کی صورت کو خیال کر کے اے سالک یہ تاثیر محافظت سے طالب کے قائم رہتی ہے مگر نسبت پیر اس میں شرط ہے چنانچہ قول جمیل میں لکھا ہے وَالثَّالِثُ الرَّابِطَۃُ بِشَیْخِہٖ اور تیسرا طریقہ وصول الی اللہ کا رابطہ اور اعتقاد کامل بہم پہنچانا ہے اپنے مرشد کے ساتھ اس کا فائدہ مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حق یہ ہے کہ سب راہوں سے یہ راہ زیادہ تر قریب تر ہے کہ اگر مرید میں قابلیت نہیں ہوتی تو اُس کی مرید کی محبت سے مرشد اُس میں تصرف کرتا ہے فقط اور دوسری یہ کہ جب تاثیر متعدی ساتھ زور اور شور کے ہوتی ہے تو اُس حالت میں ایک توجہ مرید صادق الاعتقاد کو کفایت کرتی ہے یعنی بار بار طالب کو استفادہ لینے کی حاجت نہیں ہوتی ہے

آنکہ تبریز دید یک نظرے شمس دین	طعنہ زند بر دہیہ سخرہ کند بر چلہ	

اور تیسری یہ کہ جب تاثیر متعدی بمرتبہ اختتام کو پہنچتی ہے تو اس حالت میں طالب ایک توجہ سے ہمرنگ پیر اور فارغ البال سلوک سے ہو جاتا ہے مگر تحمل کرنا طالب کو اس توجہ کا ازبس دشوار ہے اسی واسطے ایسے صاحب نسبت طالب پر ایسی نسبت نہیں ڈالتے اور یہ نسبت سب نسبتوں سے افضل اور اکمل ہے اور ایسے صاحب نسبت ہر زمانہ میں بہت کم ہوتے ہیں۔ اے سالک جو ولی ساتھ تاثیر لازمی کے موصوف ہے وہ قابل ہدایت کے نہیں تا حاصل کرنے تاثیر متعدی کے ہے

Marfat.com

ولا تا بزرگی نباری بدست		بجاے بزرگاں نباید نشست	

مگر صحبت اُس کی مفید اور بہتر واسطے طالبان حق کے ہے بہ نسبت عوام کے اور یہ ولی ہدایت کرے تو تاثیر لازمی میں اُس کے نقصان ہوگا بلکہ ایسا نقصان واقع ہوگا کہ رفتہ رفتہ ریاکار اور مکار ہو جائیگا مگر جو ولی تاثیر متعدی سے مشرف ہوکر توجہ القائی کے ضبط کو حاصل کر چکا ہو تو وہ ولی قابل ہدایت کے ہے ؎

گفت آں گلیم خویش بدر می برد ز موج		ویں سعی می کند کہ بگیرد غریق را	

مگر اس حالت میں کہ کوئی شخص موصوف تاثیر متعدی بمرتبہ توجہ اصلاحی کے اُس دیار میں موجود نہ ہو تو ہدایت طالبان حق کو کرے اور آپ درپے حاصل کرنے ضبط توجہ اصلاحی کے رہے کیونکہ بغیر حاصل ہونے ضبط توجہ اصلاحی کے گو نہ ہدایت میں اندیشہ ہوتا ہے اور اگر کوئی ہو تو طالبان حق کو اس کی طرف ترغیب اور رغبت دیکر تا حاصل ہونے ضبط توجہ اصلاحی کے طالبان حق پر آپ دست اندازی نہ کرے اور باوجود حاصل ہونے ضبط توجہ القائی اور اصلاحی کے ہدایت طالبان حق کو نہ کرے تو ماخوذ بعلت علم پوشی کے ہوگا اور جو ولی ان دو صفتوں سے موصوف ہے یعنی توجہ القائی اور توجہ اصلاحی سے اس کو چاہئے کہ شب و روز درپے حاصل کرنے توجہ اتحادی کے رہے اور اگر نہ رہیگا تو بعلت غفلت اور کسل کے اُس سے باز پرس ہوگی مگر اس مرتبہ کا طالب طلب سے دست بردار نہیں ہو سکتا چنانچہ فرمایا خواجہ حافظ رحمۃ اللہ نے ؎

دست از طلب ندارم تا کام من برآید		یا جاں رسد بجاناں یا جاں ز تن برآید	

اور جس سالک کو مرتبہ توجہ اتحادی کے ضبط کا حاصل ہو جاتا ہے تو ایسے ایسے عجائب و غرائب تصرفات اور پردوں طالبان حق کے کرتا ہے کہ زبان بشر کی اُن تصرفات کے بیان سے قاصر اور عاجز ہے چنانچہ حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ سے منقول ہے کہ ایک روز آپ کے مکان پر کچھ مہمان آگئے اور اُس روز آپ کے یہاں کچھ کھانے کی قسم سے موجود نہ تھا اس واسطے اُن کو کمال تشویش ہوئی اور اُن کے کھانے کی تلاش کرنے لگے اتفاقاً ایک نانبائی کی دوکان آپ کے

مکان کے متصل تھی اس بات کی خبر پاکر ایک خوان بھرا ہوا روٹیوں کا خوب تکلف مرغن نہاری کے ساتھ آپ کے سامنے لا کر حاضر کیا آپ نے اس کو دیکھ کر نہایت خوش ہو کر فرمایا کہ مانگ کیا مانگتا ہے اس نے عرض کی کہ مجھ کو اپنا سا کر دیجئے فرمایا کہ تو اس حالت کا تحمل نہ کر سکیگا کچھ اور مانگ وہ اسی بات کا سوال کئے جاتا تھا اور خواجہ انکار کرتے تھے جب وہ بہت سی عاجزی کرنے لگا تو ناچار ہو کر اس کو اپنے ساتھ حجرہ میں لے گئے اور تاثیر اتحادی اُس پر کی جب حجرہ سے باہر نکلے تو خواجہ میں اور اس نانبائی کی صورت شکل میں کچھ فرق باقی نہ رہا تھا لوگوں کو پہچاننا مشکل پڑا تھا لیکن اس قدر تھا کہ خواجہ ہوشیار تھے اور وہ نانبائی بیہوش اور سرشار۔ القصہ اس نانبائی نے تین روز کے بعد اُسی سکر اور بیہوشی میں وفات کی رحمۃ اللہ علیہ فقط اے سالک اسی طرح کا تصرف خاکسار نے بچشم خود اوپر دو برادران دینی اپنے کے دیکھا یعنی ایک پُرتاثیر توجہ اصلاحی اور دوسرے پُرتاثیر توجہ اتحادی کا یعنی برادر محمد قمر الدین خاں صاحب کہ ساکن قصبہ مُرساں ضلع علیگڈھ کہ فی زمانہ عاشق خدا یکتائے وقت اور بے بدل زمانہ اپنے کے ہیں بخدمت حضرت میاں امان اللہ شاہ صاحب قدس سرہٗ کہ معروف بدیگوے تھے بہ این نیت حاضر ہوئے کہ اگر جناب اقدس کامل اور اکمل ہیں تو آج مجھکو مرید کریں۔ اور میرا نام پردل شاہ رکھیں تو میں حضرت کے کمال کا قائل ہوں غرضیکہ جب برادر ممدوح حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو جناب اقدس نے معاً صورت دیکھتے ہی برادر ممدوح کی فرمایا کہ میں نے تجھ کو آج مرید کیا اور تیرا نام پردل شاہ رکھا یہ لفظ حضرت کی زبان مبارک سے سُن کر برادر ممدوح نے بیہوش اور مدہوش ہو کر آہ اور فغاں راہ صحرا کی لی حتّٰی کہ تیس برس کے بعد برادر ممدوح کو گو نہ افاقہ ہوا مگر یہ افاقہ بھی اسی طرح پر ہے سہ

گہ آسودہ در گوشۂ خرقہ دوز		گہ آشفتہ در مجلسے خرقہ سوز	

القصہ جناب اقدس و برادر ممدوح کی صورت و شکل میں کچھ فرق باقی نہ رہا مگر اس قدر کہ برادر ممدوح بصورت جوان اور جناب اقدس بصورت پیر ناتواں کے تھے اور دوسرے یہ کہ برادر مولوی محمد نصیر شاہ صاحب

کچھوچھی رحمۃ اللہ علیہ بیچ خدمت جناب قطب الاقطاب شمس العارفین رئیس الواصلین مسند آرائے شریعت حلہ پیرائے طریقت شہنشاہ عشاق والا جاہ جناب مستطاب مولانا و مرشدنا حضرت مولوی محمد شاہ نامدار و الاتبار قدس سرہ مد اللہ ظلال فیوضہ علی رؤس المسترشدین الی یوم الدین آمین ثم آمین کے کچھوچھ سے برہنہ پا با آداب تمام ہمہ تن اعتقاد سے سرشار ہوکر بہ نیازمندی تمام ملک پنجاب میں بمقام قصبہ سیالکوٹ کہ ملک کچھوچھ سے فاصلہ قریب دو سو کوس کے رکھتا ہے بوقت عصر حاضر ہوکر داخل طرق عالیہ مع ایک توجہ اس جناب قدس کے ہوکر تا وقت عشا ضبط توجہ القائی اور اصلاحی کا حاصل کر کے خرقہ خلافت شریعت و طریقت کا پہن کر پرتو اندازی توجہ مذکوروں کے اوپر دلوں طالبان صادق الاعتقاد کے کر کے متوجہ ضبط توجہ اتحادی کے ہوکر علی الصباح ملک کچھوچھ کو سدھارئے سبحان اللہ کیا انعام اور افضال اوپر امت مرحومہ کے ہے کہ ہر ادنی خوشہ چین از غلامان غلام سید المرسلین و رحمۃ للعالمین مصداق اس بیت کا ہے

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند		سگ را ولی کنند و مگس را ہما کنند	

اے سالک از روئے سلوک کے اس مرتبہ کی تاثیروں مذکورہ کے واسطے طالب میں قابلیت ضرور ہے اور اگر قابلیت نہ ہوگی تو طالب کو فیض ہونا محال ہے[۱] چنانچہ خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ درباب تاثیر کے چند اشعار اپنے دیوان میں از قسم فرماتے ہیں

گوہر پاک بباید کہ شود قابل فیض		ورنہ ہر سنگ و کلوخے در و مرجان نشود	

اے سالک طالب میں ابتدا کا مادہ تین طرح پر ہوتا ہے[۲] ایک تو یہ ہے کہ کسی سلوک اور زہد سے قابل ہدایت کے نہیں ہوتا اور اس کا ہدایت کرنا سالک کو محال ہے

گر جان بدہی سنگ سیہ لعل نگردد	باطینت اصلی چہ کند بدگہر افتاد	

اور دوسرا مادہ یہ ہے کہ فیض کے قبول کی لیاقت رکھتا ہے مگر بکمال جد اور جہد کے قابل

[۱] مناسب ہیں مضمون مولانا روم شعر ہست تعلیم خسان اے بار سوخ ہمچو نقش خوب کردن بر کلوخ یعنی کلوخ و سنگ اصلاح پذیرد و در و مرجان نشود ۱۲ منہ [۲] یعنی کیفیت طالبان تین اصول سے خالی نہیں ہوتی چنانچہ اس مضمون کو امام غزالی نے احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت میں بتفصیل لکھا ہے ۔ منہ رحم

فیض کے ہوتا ہے ؎

گو بیند سنگ لعل شود در مقام صبر	آرے شود و لیک بخون جگر شود

اور تیسرا مادہ یہ ہے کہ فیض کی لیاقت خود رکھتا ہے بلکہ ایسے مادہ کی فیض خود جستجو کرتا پھرتا ہے ایسے طالب کو ہدایت کرنا بہت سہل اور آسان ہے بلکہ ایسے طالب کو تاثیر القائی تاثیر اتحادی کا مرتبہ بخشتی ہے اور مادہ دوم کو اگر تاثیر اتحادی مرتبہ تاثیر القائی کا بخشے تو غنیمت ہے چنانچہ فرمایا حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

پریشاں شود گل بہ باد سحر	نہ ہیزم کہ نشگافدش جز تبر

اے سالک تاثیر القائی اور تاثیر اصلاحی اور تاثیر اتحادی کے تصرف سے بڑا صدمہ اور تھرانا اور خوف طالب کے جسم اور دل پر واقع ہوتا ہے تو طالب کو اس کے سبب سے وجد اور جذب ہو جاتا ہے اور طالب کے تھرانے اور مخوف ہونے کا یہ سبب ہے کہ جس شخص کو اللہ تعالے اپنا تقرب دیا چاہتا ہے تو اس کو بیشتر اپنے نام کی عظمت عطا فرماتا ہے اور دوسرے یہ کہ اللہ تعالے عظمت اس اُمت مرحومہ کی اوپر دلوں کافروں اور منکروں اس ملت حقہ کے واقع کرتا ہے تاکہ وہ لوگ معلوم کریں کہ اس اُمت مرحومہ کو حق تعالے سے نسبت مخصوص ہے چنانچہ وحی نازل ہونے کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی حال ہوتا تھا جیسا کہ لکھا ہے مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بیچ شرح سورہ اقراء کے وہ عبارت یہ ہے یعنی اللہ تعالے نے وحی نازل ہونے کے وقت ایک بڑا صدمہ اور تھرانا اور خوف آپ کے دل میں ڈالا تاکہ کسی کو خیال بناوٹ اور ملاوٹ کا نہ آوے اتنے تو جو لوگ سعید ازلی تھے وہ تھرانے اور مخوف ہونے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو باعث نزول وحی اور رحمت الٰہی کا جانتے تھے اور جو لوگ کافر منکر تھے وہ اس صفت مخصوصہ پر نقص اور اعتراض وارد کرتے تھے چنانچہ اسی طرح اولیا اللہ کے مخوف ہونے پر بعض بعض بیوقوف نا خوار فلاسفر اعتراض کرتے ہیں یعنی کوئی بیہودہ کہتا ہے کہ یہ مسحور ہیں اور کوئی کہتا ہے کہ یہ مجنون ہیں اور کوئی کہتا ہے کہ یہ ریاکار اور مکار ہیں غرضیکہ بہر نوع درپے

Marfat.com

تخریب عظمت اس اُمت مرحومہ کے مستعد اور آمادہ رہتے ہیں حالانکہ علماے محققین نے ایسا کچھ لکھا ہے
کہ جس شخص سے ایسا فعل وقوع میں آوے کہ عند العقل وہ فعل از قسم محالات کے ہو تو اس فعل کے
فاعل پر ساتھ تعمق کے نظر کرنا چاہئے کیونکہ یہ فعل چھ علت سے خالی نہیں یعنی یا تو یہ فعل ارہاص
ہے یا معجزہ یا کرامت یا معونت یا استدراج یا اہانت۔ اے سالک معلوم کر ارہاص اس خرق
عادت کو کہتے ہیں کہ جو نبی سے قبل از نبوت کے واقع ہو اور معجزہ اس خرق عادت کو کہتے ہیں کہ جو
نبی سے درمیان نبوت کے صادر ہو اور کرامت اُس خرق عادت کو کہتے ہیں کہ جو ولی سے ظاہر ہو اور
ولی کی حقیقت اوپر مذکور ہو چکی ہے یعنی جو اُن صفتوں سے موصوف ہو اور اس سے کوئی ایسا فعل
سرزد ہو کہ عقل اُس کی حقیقت کے دریافت کرنے میں معذور اور عاجز ہو تو اس کو کرامت کہتے ہیں کہ
وہ فعل جو قرآن اور حدیث کی عبارت النص و مقتضاء النص و دلالۃ النص و اشارۃ النص سے ثابت اور
اثبت ہو باوجود اس بات کے کہ ان چار دلیلوں سے اوپر علماے ظاہر اور باطن وہ فعل متفق علیہ ثابت ہو
اور تمام اولیاے متقدمین اور متاخرین اور علماے ظاہر اور علماے راسخین اُس فعل کے اوصاف کے بیان میں
اپنی زبان کو قاصر اور عاجز فرماویں اور کوئی نفس پرست ذلہ خوار فلاسفہ بسبب کثافت نفس اپنے کے
اُس فعل احسن کو نہ سمجھے اپنے کو خلاف شرع ہونے اُس فعل حسن کے دلیل تصور کرے اور تمویہات فلاسفہ
کے پیش لا کر اُس فعل احسن کو مذموم اور معیوب نزدیک مخلوق عامہ کے کرے تو یہ اس کی محض نادانی ہے
کیونکہ اسرار شریعت کسی کے فہم پر منحصر نہیں کہ جو اُس کے فہم میں آوے وہ شریعت ہے اور جو نہ آوے وہ
شریعت نہیں بلکہ نہ آنا دلالت اُس کی جہالت پر کرتا ہے نہ کہ یہ اپنی جہالت کو عالمیت پر ترجیح
دیکر سر بر افلاک رکھے نعوذ باللہ منہا راست فرمایا مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

	اشقیا را دیدۂ بینا نبود	نیک و بد در دیدہ شان یکساں بود	

اے سالک ان کی گریہ مسکینی پر فریب نہ کھانا یہ سیرت شیطان بشکل انسان ہو آکر شہباز صدر نشین
کو دام فریب میں لاتے ہیں چنانچہ فرمایا خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

	اے کبک خوش خرام کجا میروی بایست	غرہ مشو کہ گربۂ عاجز نماز کرد	

۲۲۳۴

اے سالک کا نپنا اور تھرانا اور مخوف ہونا عظمت الٰہی سے انبیا اور اولیا علیہم السلام کا قرآن اور حدیث سے ثابت اور اثبت ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالٰے سورہ انفال میں اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا اے سالک جہاں لفظ انما کا آتا ہے وہاں ساتھ قاعدہ نحو کے معنی حصر کے دیتا ہے چنانچہ اس آیہ میں لفظ انما کا آیا ہے یعنی ایمان والے وہی ہیں کہ جب نام آوے اللہ کا ڈر جاویں دل اُن کے اور جس وقت پڑھی جاویں اُن پر آیتیں اُس کی تو زیادہ کردیں وہی آیتیں اُن کے ایمان کو انتہےٰ یعنی جس کا دل اللہ کا نام سُن کر بیتاب اور بیقرار اور مخوف ہو جاتا ہے وہ مسلمان ہے اور جو اس صفت سے موصوف ہے وہ دل منزل مقصود کو پہنچا بحر الحقائق میں لکھا ہے کہ ایمان حقیقی ایک نور ہے بمقدار روشنی روزن کے درمیان دل مومن کے چمکتا ہے پس جب قرآن اوپر ارباب قلوب کے پڑھتے ہیں تو اُن کے دل کا روزن ساتھ برکت اُس قرأت کے کشادہ ہوکر نور ایمان کا زیادہ تر اُن کے دل میں جلوہ گر ہوتا ہے اور وہ ارباب قلوب بیچ نور جمال الٰہی کے مستغرق ہو جاتے ہیں انتہےٰ مگر خشیت الٰہی سے دل چار طرح پر متاثر ہوتے ہیں ایک تو عام اور دوسرا خاص اور تیسرا اخص اور چوتھا اخص الاخص یعنی اللہ کا نام سُن کر ایسا عظمت پذیر ہوتا ہے کہ جو عظمت مخلوقی اس کے اندر غالب اور اغلب ہوتی ہے اُس کے مقابل عظمت الٰہی سے مساوی موثر ہو جاتا ہے لیکن عظمت مخلوقی کو دور نہیں کرسکتا مگر اعتقاداً عظمت مخلوقی سے عظمت خدا کو ازبس بعظمت جانتا ہے اور دوسرا دل یعنی خاص اللہ کا نام سُنکر ایسا عظمت پذیر ہوتا ہے کہ عظمت الٰہی اغلب اور عظمت مخلوقی مغلوب ہو جاتی ہے اور تیسرا دل یعنی اخص اللہ کا نام سُنکر ایسا متاثر ہوتا ہے کہ عظمت مخلوقی نیست اور نابود ہو جاتی ہے اور چوتھی یعنی اخص الاخص اللہ کا نام سُن کر ایسا عظمت پذیر ہوتا ہے کہ مع حوالی قریبہ اور بعیدہ اپنے کے یعنی ہمہ تن جل بھن نیست اور نابود ہو جاتا ہے۔ چنانچہ حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ یہ نقل فرماتے ہیں کہ میں ایک روز فجر کی نماز پڑھکر مسجد سے اپنے مکان کو آتا تھا کہ اثنائے راہ میں ایک عورت کہ عمر اُس کی تخمیناً چودہ یا پندرہ برس کی ہوگی برہنہ پا اور برہنہ سر لباس شاہانہ پہنے

Marfat.com

ہوئے ایسی حسینہ اور جمیلہ مستانہ وار نظر آئی کہ اگر میں نے نورالٰہی نہ دیکھا ہوتا تو اس کو دیکھ کر مفتون اور مجنون ہو کر راہ صحرائے عدم کی لیتا جب وہ زن میرے قریب آئی تو میں نے اُس زن سے کہا کہ اے زن سر بہ پوش اُس نے کہا اے شیخ گل سر نے پوشد پھر میں نے اُس سے کہا کہ تراہر کہ بیند فریفتہ شود اُس نے کہا اے شیخ دروغ میگوئی ہر کہ مارا بیند سوختہ شود حضرت شبلی فرماتے ہیں کہ میں نے اس عورت کی فراست اور ذہانت پر تعجب کر کے اللہ اکبر کہا وہ اللہ کا نام سنکر خاکستر ہو کر خاک پر گر پڑی اور اُس وقت بیچ کانوں میرے کے یہ ندا زمین و آسمان سے آتی تھی کہ آفرین صد آفرین اے دامن پوش کہ برا کثر دستار بنداں سبقت بُردی۔ اے سالک جب حضرت شبلی نے یہ حال عورت کا دیکھا تو جبہ اور دستار کو زمین پر پٹک کر یہ شعر پڑھتے ہوئے صحرائے انفعال کو روانہ ہوئے ؎

نمیدانم کرا مانم بدیں صورت گرفتارم		نہ من ہندو نہ من مسلم نہ من تدنہ بد کارم	

غرضکہ جب حضرت شبلی کو وجد اور جذب سے گونہ افاقہ ہوا تو جناب باری کی درگاہ پاک میں بصد عجز و انکسار کے التجا کی کہ خداوندا مجھ کو ایسا درد و سوز عنایت نہ ہوا حالانکہ میں ایک مدت مدید سے اس درد و سوز کا طالب ہوں۔ آواز آئی کہ اے شبلی تو ہمارے عاشقوں کا ہادی ہے اگر تجھ کو یہ درد و سوز عنایت ہوتا تو ہدایت کون کرتا اے شبلی جیسے ہم مجرد ہیں ویسا ہی ایک ہمارا عاشق اوپر روئے زمین کے مجرد ہوتا ہے چنانچہ یہ عورت اُسی مرتبہ میں تھی یعنی ایک بار اس نے ہمارا نام سنا عاشق ہوئی اور دوسری بار سنکر جان و تن سے قربان ہوئی انتہے لیکن مرتبہ اولی میں یعنی جب عظمت مخلوقی اور عظمت الٰہی مساوی ہوتی ہے تو اس حالت میں احتمال دونوں جانب کا ہے یعنی یا تو طالب منزل مقصود کو پہنچا یا درمیان میں مارا گیا کیونکہ یہ منزل طے کرنا سالک کا نہایت دشوار ہے چنانچہ فرمایا خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے

راہ سخت است گر یار شود لطف خدا		ورنہ آدم نبرد صرفہ زشیطان رجیم	

اے سالک بیہودہ خوار فلاسفہ ایسی حالتوں اور کیفیتوں عاشقان حق سے منکر اور بالغ ہیں حالانکہ یہ انکار ان بیہودوں کا قرآن اور حدیث اور خلاف فعل اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلاف قول اولیا رحمہم اللہ ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالے نے سورہ زمر میں اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ

Marfat.com

لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ

ترجمہ بھلا جس کا سینہ کھول دیا اللہ نے مسلمانی پر سو وہ اُجالے میں ہے اپنے رب کی طرف سے سو خرابی ہے جن کے دل سخت ہیں اللہ کی یاد سے وہ پڑے پھرتے ہیں بھکے صریح اللہ نے اُتاری بہتر بات کتاب کی آپس میں ملتے دُوہرائے ہوتے بال کھڑے ہوتے ہیں اُس سے کھال پر اوپر اُن لوگوں کے جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے پھر نرم ہوتی ہیں اُن کی کھالیں اور ان کے دل اللہ کی یاد پر یہ ہی ہے راہ دینا اللہ کا اسی طرح راہ دیتا ہے جس کو چاہے اور جس کو راہ بھولاوے اللہ اُس کو کوئی نہیں سمجھانے والا انتہٰے حضرت امام قشیری قدس سرہٗ نے لکھا ہے کہ مومنین کے دل ہیبت الٰہی سے تھراتے ہیں اور انس جناب الٰہی سے ساکن ہوتے ہیں اور یہ بھی لکھا ہے کہ یہ لرزہ اور آرام قبض اور بسط کے آثار سے ہوتا ہے یا استتار اور تجلی کے باعث سے وقوع میں آتا ہے کشف الآثار میں لکھا ہے تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ مبتدیان راہ کی صفت ہے تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ سے وہ لوگ مراد ہیں جو نواختگان لطف الٰہی ہیں یعنی جو لطف الٰہی سے مشرف ہیں۔ لے سالک وجد اور جذب اولیا اللہ کا قرآن سے بخوبی ثابت ہوا اب وجد اور جذب اصحاب رسول کا اور اولیا ے مقبول الٰہی پر نظر کر کہ کوئی ولی اللہ اور کوئی کتاب اولیا اللہ کی جذب اور وجد کی تعریف سے اور اُس کے منکر کی مذمت سے خالی نہیں چنانچہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مرج البحرین میں درباب ثبوت وجد اور جذب اولیا اللہ اور صحابہ کرام مع ابیات از تصنیف اپنے کے یہ عبارت نقل فرماتے ہیں مگر غلبہ حال و سکر و وجد صحابہ رضی اللہ عنہم از غلبات حال بود و مستی ہا بود و آخر تو اجد و رقص بلال در مسجد وقت نزول این آیہ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ و منع عمر ابن الخطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از صلح کفار در روز حدیبیہ عدم شکر و امتثال حضرت عائشہ صدیقہ

ازاں حضرت درنزول قرآن وطہارت ذیل حال وے رضی اللہ عنہا درقصہ افک[۱] وقول معاذ بن جبل نزد جریان ذکر وبارکہ وے رحمت است مراین اُمت راخداوندا معاذ را واہل معاذ را ازین رحمت فراموش مکن وقول او دروقت طریان اغما وسکرات موت[۲] اُخْنُقْ خُنَقَكَ فَوَعِزَّتِكَ لَتَعْلَمُ اِنِّیْ اُحِبُّكَ ؎

اے کرازکش مکش قال ومقال	نیستت حالت ارباب کمال
نشنیدی زکساں جز خبرے	ہیچ نایافتہ درخود اثرے
قابلِ کار نہ معذوری	یاخود از کوشش آں بس دوری
باش کیں راہ گذارے وگرست	ہرکسے قابلِ کارِ دگرست
لیکن اندر پئے انکار مرو	ازجہاں منکر ایں کار مرو
بنگر ایں حالت درویشاں را	کوشش وسوزش وعشق ایشاں را
کہ دریں رہ چہ طلبہا دارند	زیں طلبہا چہ تعبہا دارند
زیں طلب گرنہ خدا یافتہ اند	ایں ہمہ بہر چہ بشتافتہ اند
درطلب ایں ہمہ جانبازی چیست	نالہ واسباب فداسازی چیست
کشف اگر نیست قیاس تو کجاست	عقل کو درک حواس تو کجاست
بارے ارنیست تراوجد اسئے	معتقد باش بہار ایمانئے

انتہٰے۔ ابیات حضرت فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کے یہ ہیں ؎

کفر کافر را ودین دیندار را	ذرہ دردے دلِ عطار را
ذرہ دردِ خدا حاصل ترا	بہتر از ہردوسرا حاصل ترا

[۱] عصمت وطہارت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا درقرآن مجید واقع است ہرگاہ حضرت رسول کریم صلعم عائشہ صدیقہ را خبر کردند ازاں آیات فرمودند کہ شکر خدا بجا آر کہ درطہارت تو ایں آیت نازل فرمود است صدیقہ را حالتے پیدا شد کہ واں حالت بے اختیار برزبان اوشاں ایں مضمون جاری شد کہ من شکر گذار شما نیستم کہ شما را برگفتہ دیگراں آخر شبہ شدہ بود ۔ [۲] گھونٹ لیا میں یعنی گلا دبا لیا گیا میں تیری طرف سے قسم ہے تیری عزت کی کہ مقرر تو جانتا ہے کہ میں پیار کرتا ہوں تجھے +

Marfat.com

کے غالب آیا تو عظمت مخلوق مغلوب اور عظمت الٰہی غالب ہو جاتی ہے تو بسبب پرتو اندازی عظمت الٰہی کے طالب میں ایسی ایک ہمت بلند پیدا ہو جاتی ہے کہ دنیا اور کسی اہل دنیا کی عظمت اُس کے دل میں نہیں سماتی بلکہ سلطنت کی عظمت حاصل کو چھوڑ کر عظمت الٰہی کا گدا بن کر سلطنت بشرے کو حاصل کر کے یہ بیت حسب حال اپنے کے پڑھتا ہے ؎

محراب جہاں جمال رخسارہ ماست	سلطان جہاں در دل بیچارہ ماست

بعد اس کے تمام بنی آدم ہمدگر کو ساتھ مضمون لقد کرمنا بیان مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ کے ہدایت کرتا ہے ؎

اسپ ہمت سوے آخر تاختی	آدم مسجود را نشناختی
این جہاں دریا و تن ماہی و روح	یونس محجوب از نور صبوح
گر مسبح باشد از ماہی رہید	ورنہ در وے ہضم گشت و ناپدید

اے سالک درمیان ابن زمانہ کے اکثر بشر ساتھ خیال فاسد اور گمان دروغ اپنے کے دین حق سے فارغ البال اور آسودہ ہو کر بیٹھ رہے ہیں اگر دین ساتھ اس آسانی کے ہوتا جیسے کہ یہ بیوقوف لوگ جانتے ہیں تو جگر انبیاؤں کے دریائے رحمت الٰہی سے ہرگز آب نہ ہوتے اور دل اولیاؤں باکمال کے تمازت عظمت آفتاب الٰہی سے ہرگز کباب نہ ہوتے ؎

تا چنیں کارے نیفتد مرد را	اوچہ داند عشق را و درد را
تو نہ کار افتادۂ نے عاشقی	مردۂ تو عشق را کے لائقی

اے سالک باوجود اس جلالت نبوت اور خلت کے حضرت ابراہیم علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کو جب اپنی خطا یاد آتی تو بیہوش ہو جاتے اور اندوہ اور جوش دل مبارک آنحضرت کا دو فرسنگ سے سُنا جاتا اور جبرائیل علیہ السلام اُسی وقت نازل ہوتے اور فرماتے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے خلیل تُو نے کہیں ایسا دیکھا ہے کہ دوست سے دوست ڈرے۔ تو خلیل الرحمن علیہ السلام فرماتے سچ ہے اے اخی لیکن جب مجھ کو اپنی خطا یاد آتی ہے تو عظمت الٰہی سے خلعت خلت کو بھول جاتا ہوں

نقل ہے کہ حضرت رسول مقبول علیہ السلام بلال غلام مغیرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھتے تو حضرت بلال کے آگے تشریف لاتے اور فرماتے کہ اے بلال دعا کر واسطے محمدؐ کے تو بلال دعا کرتا اور آپ آمین آمین فرماتے ہے

بیقیں میداں کہ شیران شکاری		دریں رہ خواستند از مور یاری	

اے سالک راہ انبیا و اولیا کی دیگر اور ظاہر بینوں اور نفس پرستوں کی دیگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے حق میں ایسا کچھ فرمایا ہے لَوْ اتَّزَنَ اِیْمَانَ اَبِیْ بَکْرٍ مَعَ اِیْمَانِ اُمَّتِیْ لَرَجَحَ اے سالک باوجود فضیلت کہ افضل البشر بعد از انبیا و الرسل کے اور ان کی شان میں یہ حدیث ہے کیا نالہ وزاری کے ساتھ فرماتے ہیں۔ یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ وَرَقَۃً فِی الشَّجَرَۃِ تَاکُلُ الْاَنْعَامُ یعنی کیا خوب ہوتا جو میں برگ درختوں کا ہوتا کہ کھا جاتے مجھ کو گوسپند اور جب بیچ خدمت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر ہوتے تو عرض کرتے ما الایمان یا رسول اللہ یعنی کیا چیز ہے ایمان یا رسول اللہ۔ کتابوں میں لکھا ہے کہ ایک روز بیچ محفل جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کے اکثر اصحابی آنحضرتؐ سے اپنی اپنی گرسنگی شب کی حقیقت بیان کرتے اور اُسی جلسہ میں حضرت صدیق اکبر موجود تھے اُنھوں نے بھی اپنی گرسنگی شب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی تو جو اصحاب آپ کے ہمسایہ میں رہتے تھے وہ بولے کہ صدیق ہر نیم شب کو تمہارے گھر میں کباب بھنا کرتے ہیں اور اُن کی خوشبو ہم کو آیا کرتی ہے اور آپ اکثر اوقات شکایت فاقہ کیا کرتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ کباب نہیں وہ اُن کا دل ہے کہ عشق الہیٰ اور عظمت الہیٰ سے جلا کرتا ہے اے سالک یہی حال تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ کا باوجود اس حدیث اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا کے کیا فریاد کرتے تھے وَلَیْتَنِیْ کُنْتُ حَیْضًا لَا مِّیْ اے کاش اگر پیدا نہ ہوتا تو کیا خوب ہوتا۔ اور کتابوں میں لکھا ہے کہ جب نماز کا وقت آتا تو حضرت امیر کا رنگ زرد ہو جاتا تھا کسی شخص نے آپ سے پوچھا کہ وقت نماز کے آپ کا رنگ متغیر کیوں ہو جاتا ہے آپ نے یہ ارشاد کیا کہ ایسی امانت کے ادا کرنے کا وہ وقت ہے کہ جس کے بار سے زمین و آسمان الامان کھینچنا

Marfat.com

ازاں حضرت در نزول قرآن وطہارت ذیل حال وے رضی اللہ عنہا[1] در قصہ افک و قول معاذ بن جبل نزد حضرت بیان ذکر و بار کہ وے رحمت است مرایں امت را خداوندا معاذ را و اہل معاذ را ازیں رحمت فراموش مکن و قول او در وقت طریان اغما و سکرات موت أُخْنُقْ[2] خُنَقَكَ فَوَعِزَّتِكَ لَتَعْلَمُ اِنِّیْ اُحِبُّكَ ؎

اے کہ از کشش مکش قال و مقال	نیست حالت ارباب کمال
نشنیدی زکساں جز خبرے	ہیچ نایافتہ در خود اثرے
قابلِ کار نہ معذوری	یا خود از کوشش آں بس دوری
باش کیں راہ گذارے دگر ست	ہر کسے قابلِ کارِ دگر ست
لیکن اندر پئے انکار مرو	از جہاں منکر ایں کار مرو
بنگر ایں حالت درویشاں را	کوشش و سوزش و عشق ایشاں را
کہ دریں رہ چہ طلبہا دارند	زیں طلبہا چہ تعبہا دارند
زیں طلب گر نہ خدا یافتہ اند	ایں ہمہ بہر چہ بشتافتہ اند
در طلب ایں ہمہ جانبازی چیست	مال و اسباب فدا سازی چیست
کشف اگر نیست قیاس تو کجاست	عقل کو درک حواس تو کجاست
بارے ار نیست ترا وجد لئے	معتقد باش بہار ایمانے

انتہےٰ - ابیات حضرت فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کے یہ ہیں ؎

کفر کافر را و دیں دیندار را	ذرۂ درد دلِ عطار را
ذرۂ دردِ خدا حاصل ترا	بہتر از ہر دو سرا حاصل ترا

[1] عصمت وطہارت حضرت عائشہ صدیقہ رضؓ در قرآن مجید واقع است ہرگاہ حضرت رسول کریم صلعم عائشہ صدیقہ را خبر کردند از آیات فرمودند کہ شکر خدا بجا آر کہ در طہارت تو ایں آیت نازل فرمود است صدیقہ را حالتے پیدا شد کہ و ماں حالت بے اختیار بر زبان اوشاں ایں مضمون جاری شد کہ من شکر گذار شما نیستم کہ شما بار گفتہ دیگر آں آخر شبہ شدہ بود۔ [2] گھونٹا گیا میں یعنی گلا دبایا گیا میں تیری طرف سے قسم ہے تیری عزت کی کہ مقرر تو جانتا ہے کہ میں پیار کرتا ہوں تجھے +

Marfat.com

	ذرۂ عشق از ہمہ آفاق بہ		ذرۂ درد از ہمہ عشاق بہ	
	درد حاصل کن کہ درماں در دنست		درد و عالم وارو ئے جاں ردنست	
	گر شود ایں درد دامنگیر تو		بس بود ایں درد دائم پیر تو	
	درگذر از زاہدی و سادگی		درد باید درد کار افتادگی	
	قدسیاں را عشق ہست و درد نیست		درد را جز آدمی در خورد نیست	
	ہر کرا دردست درمانش مباد		وانکہ درماں خواہد جانش مباد	

مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

	اے خنک چشمے کہ آں گریانِ اوست		وے ہمایوں دل کہ آں بریانِ اوست	
	بر محمدؐ چوں ابوبکرؓ نکو		دید صدقش گفت ہذا صادق او	
	چوں نہ بد بوجہل از اصحاب درد		دید صد شق القمر باور نہ کرد	
	آتش است ایں بانگ نائے و نیست باد		ہر کہ ایں آتش ندارد نیست باد	

حضرت سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

	مکن عیب درویش حیران مست		کہ غرق است ازاں میزند پا و دست	
	شتر را چو شور و طرب در سر است		اگر آدمی را نباشد خر است	

غرض کہ اے سالک تمام کتابیں اولیاءے باکمال اور علماءے راسخین کی درد وسوز الہی سے مالا مال ہیں کیونکہ درد بغیر اخلاص اور اخلاص بغیر حضور اور عظمت الہی کے سالک کے دل میں پیدا نہیں ہوتا اور بغیر حضور کے عبادت مقبول نہیں چنانچہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا صلوٰۃ الا بحضور القلب یعنی نماز نہیں ہوتی مگر ساتھ حضور قلب کے انتہٰی اور حقیقت عظمت مخلوقی کی یہ ہے یعنی عظمت مخلوقی جوہر نفس ہے اور قبول کرنا عظمت مخلوقی کا خصائل نفس سے ہے اور عظمت الہی جوہر روح ہے اور قبول کرنا عظمت الہی کا اوصاف روح سے ہے۔ اے سالک معلوم کر کہ طالب حق اور نفس سرکش سے اس جا پر محاربہ اور مجادلہ عظیم درپیش آتا ہے اگر طالب اوپر نفس سرکش

تھا تو میری کیا حقیقت ہے کہ عظمت الٰہی سے متغیر الحال ہوں۔ اے غافلو دیکھو شیران حق کا عظمت الٰہی سے یہ حال ہے تو ماو شما کی کیا حقیقت کہ عبادت رسمی پر اعتماد کر کے شاد اور خندان بحال خود رہیں ؎

آں ہوے کہ پیش ازیں باشد		رسم و عادت بود نہ دیں باشد	

نقل ہے کہ ایک روز حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ عظمت الٰہی سے متحیر اور بیقرار ہو کر اپنے مکان سے غائب ہوئے تو مرید اُس شیخ باکمال کی تلاش اور جستجو میں سراسیمہ جا بجا پھرنے لگے اس حالت میں کسی شخص نے مریدان باصفا کو خبر دی کہ پیر تمہارے بلباس مخنثوں کے درمیان مخنثوں کے بیٹھے گریہ وزاری کرتے ہیں مریدان باوفا یہ سُن کر باہ و فغاں افتاں و خیزاں مکان مذکورہ کیطرف گئے تو دیکھا کہ حقیقت میں دریاے حیرت اور حسرت میں مستغرق بیٹھے رو رہے ہیں مریدان صادق الاعتقاد نے باآداب و بصد عجز و نیاز کے امام وقت سے عرض کی کہ اے شیخ وقت یہ کیا حال ہے۔ حضرت شبلیؒ نے فرمایا کہ میں نے اپنی حقیقت آج معلوم کی کہ میں نہ مرد ہوں نہ زن کیونکہ مرد ہوتا تو مثل جنیدؒ کے ہوتا اور اگر زن ہوتا تو مثل رابعہ کے ہوتا اس سے معلوم ہوا کہ مخنث ہوں اور مخنث کا رہنا مخنثوں میں بہتر ہے یہ کہکر شیخ معہ مریدوں کے تنواجد اور شواغف کے در آکر مثل ان ابیات کے بہ آواز خوش مثل الحان داؤدی کے پڑھ کر تمام ذی روح اور جمادات اور نباتات کو عظمت الٰہی سے سوختہ اور بریاں کر کے باہ و فغاں صحرا کو سدھارے۔ ابیات یہ ہیں ؎

کاشکے ہرگز نزادے مادرم		تا نہ کردے کشتہ نفس کافرم	
کاشکے ہرگز نہ بودے نام من		تا نبودے جنبش و آرام من	
ازیں کافر کہ مارا در نہاد است		مسلمان و رہبان کمتر فتاد است	
ترا تا نفس کافر در کمین است		کجا تو رہ بری آنجا کہ دین است	

اے سالک ظاہر بیناں اور صورت پرست ایسے شخصوں کو دیوانہ اور مجنوں کہتے ہیں اور حالانکہ یہ سب مجنوں اور دیوانے ہیں الا فرق ہے کہ وہ دیوانہ الٰہی اور یہ دیوانہ دنیا۔ اے سالک نزدیک

Marfat.com

اس طائفہ کے صورت کا کچھ اعتبار نہیں مگر باطن کا چنانچہ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ گنج الاسرار کے فرماتے ہیں۔ بدانکہ مردم صلاحیت علم ظاہر دارد اما عمل اخلاص ندارد و مومن نیست وعمل بے اخلاص ہیچ منفعت وفائدہ نہ کند زیرا کہ فردائے قیامت حق تعالیٰ از علم نخواہد پرسید اما از عمل اخلاص خواہد پرسید انتہیٰ ؎

ترک صورت گیر و در عشق صفت	تا بتابد آفتاب معرفت

یہ نقل حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مرج البحرین میں بیان فرمائی ہے کہ ایک روز حضرت شبلیؒ نزدیک ابوبکر مجاہدؒ کے کہ علامہ عصر اپنے کے تھے تشریف لائے جب نظر ابوبکرؒ کی حضرت شبلیؒ پر پڑی تو اُٹھ کر درمیان دونوں چشم شبلیؒ کے بوسہ دیا اور ساتھ تعظیم تمام کے اپنے برابر بٹھالیا ایک جماعت فقہا کی گرد ابوبکرؒ کے بیٹھی تھی اُس نے ابوبکرؒ سے کہا کہ تم شبلیؒ کی ایسی تعظیم کرتے ہو حالانکہ تم اور تمام ذی علم بغداد کے اس کو دیوانہ کہتے ہیں ابوبکرؒ نے کہا یہ تعظیم میں نے نہیں کی بلکہ آج رات کو میں نے خواب میں دیکھا کہ شبلیؒ حضرت سالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شبلیؒ کو دیکھ کر اُٹھے اور درمیان چشم شبلیؒ کے بوسہ دیکر برابر اپنے بٹھالیا میں نے حضرت سے عرض کی کہ یا رسول اللہ یہ شبلیؒ کس افعال سے مستحق اس اکرام اور تعظیم کا ہوا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ہر نماز کے بعد اس آیت کو پڑھتا ہے اور میرے اوپر درود بھیجتا ہے انتہیٰ۔ اے سالک عاشقان حق کی قدر عاشق الہٰی خوب جانتے ہیں اور صورت پرست بہ سبب بے انصافی کے نور باطن اس گروہ عالیہ سے اعمے ہے ورنہ سو صورت پرست عالیمقام سے ایک ادنےٰ اہل باطن اعلےٰ اور ارفع ہے چنانچہ فرمایا خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

کافران رہ عشقیم اگر انصاف است	صد مسلمان تو اے خواجہ و یک کافر ما

اے سالک ہر عبادت میں اخلاص شرط ہے بقول حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ ؎

عبادت باخلاص نیت نکوست	وگرنہ چہ آید ز بے مغز پوست

Marfat.com

اور ظاہر ہے کہ بغیر اخلاص کے عبادت ایسی ہے جیسے تصویر بیجان چنانچہ یہی باعث ہے مقبول ہونے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کی آیہ خوانی اور درود رسانی کا ورنہ تمام مسلمان قرآن خوانی اور درود رسانی کیا کرتے ہیں اور اخلاص دو چیز سے پیدا ہوتا ہے یعنی اُلفت سے یا عظمت سے لیکن مرتبہ اُلفت مقدم ہے اوپر عظمت کے یعنی بغیر طے کرنے مرتبہ الفت کے عظمت پیدا نہیں ہوتی اور بغیر عظمت کے اخلاص حاصل نہیں ہوتا اور الفت کی علامت وجد اور سکر ہے اور اس مرتبہ میں سلوک ذکر الٰہی اور موت ابیض[1] کا ہے اور عظمت کی علامت محو اور صحو ہے اور سلوک اس مرتبہ میں موت اسود[2] اور ذکر الٰہی کا ہے اور اخلاص کی علامت ہے جمع الجمع بغیر فرق کے اور اس مرتبہ میں سلوک ہے موت[3] احمر اور اخضر و ذکر الٰہی کا حتٰی کہ سالک کو ان مرتبوں کی عادت ہو جائے بعد اس کے ایسے بشر کو یعنی جو ان مرتبوں مذکورہ سے موصوف ہو جاتا ہے اس کو حقتعالے اپنی مخلوق کا ہادی گردانتا ہے چنانچہ فرمایا حق تعالے نے وَمِمَّنْ خَلَقْنَا اُمَّةٌ یَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ اے سالک ایسے ہادیوں کی ہدایت میں ایسی تاثیر حقتعالے بخشتا ہے کہ اگر انسان سو برس تک عبادت کرے تو وہ اثر پیدا نہ ہو جو ان کے تین بار کے کہلانے اور بتلانے میں ہوتا ہے چنانچہ حضرت شیخ فریدالدین عطار اور حضرت یحیٰے منیری رحمۃ اللہ علیہما اپنے ملفوظات میں یہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک روز حضرت شبلیؒ بوقت صبح کسی طرف کو تشریف لئے جاتے تھے اور اس راہ پر ایک زاہد مصلّے پر بیٹھا ذکر الٰہی میں مشغول تھا شیخ دیکھتے ہوئے جائے مقصود پر جا کر واپس ہوئے تو دیکھا کہ زاہد اسی طرح مصلّے پر بیٹھا ذکر الٰہی کرتا ہے شیخ مریدوں کیطرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے کہ این زاہد چہ بق بق و چق چق میکند مریدوں نے بسبب ادب کے کچھ جواب نہ دیا مگر زاہد نے بہ سبب تنگ ظرفی کے تاب نہ لا کر پیش نظر شیخ کے ہو کر شیخ وقت سے کہا کہ اے شبلی میں تجھ کو گروہ صالحین سے جانتا تھا مگر آج تیری حقیقت مجھ پر ظاہر ہوئی کہ تو گروہ صالحین سے نہیں کیونکہ اگر ہوتا تو ایسا کلمہ بے ادبی کا ہرگز نہ کہتا شیخ باکمال نے اس زاہد سے کہا تو کس کا ذکر کرتا ہے زاہد نے کہا اللہ تعالے کا شیخ اللہ تعالے کا نام سنکر بیقرار بیتاب مثل ماہی بے آب کے ہو کر زاہد سے کہنے لگا افسوس صد افسوس لفظ چق چق اور بق بق

---

[1] ابیض یعنی ذکر کرنے میں [2] اسود یعنی ایذا دہی خلق پر متحمل رہنا [3] یعنی موت احمر و اخضر پارچہ بوسیدہ و مرقع پوشیدن کہ بآسانی میسّر شود

نے تجھ کو بیقرار اور بیتاب کر دیا اور عظمت نام الٰہی سنے تو مؤثر اور متغیر حال نہ ہوا جیسا کہ پیشتر مصلے پر بیٹھا ذکر الٰہی کرتا تھا ویسے ہی تجھ کو پھر مصلے پر بیٹھا مثل طوطے کے پڑھتے پایا حالانکہ حق تعالیٰ ایسا کچھ فرماتا ہے وَلَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ زاہد نے شیخ کا کلام سنکر شیخ وقت سے عرض کی کہ اے شبلیؒ ایسے طریقہ پُر اثر سے مجھ کو بھی آگاہی بخش شبلیؒ نے زاہد سے فرمایا بگو اللہ بگو اللہ تین بار زاہد نے تین بار شیخ با کمال کے ساتھ اللہ اللہ اللہ کہا اور جبہ اور دستار پھینک کر آہ و فغاں صحرائے وحشت کو روانہ ہوا راست فرمایا مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ نے

منزلِ او بر زبانِ اولیاست	در دلِ او روز و شب یادِ خداست
چشم او بر غیر ہرگز وا نہ شد	قطرۂ او جز سوئے دریا نہ شد
محنتِ شان خاک را اکسیر کرد	لطف شان بر ہر دلے تاثیر کرد
ہر کہ با ایشان نشیند یک دمے	روز فردا او کجا دارد غمے
ہر کہ خواہد ہمنشینی با خدا	او نشیند در حضورِ اولیا
طالبان در راہ حق خون خوردہ اند	بندگی و حق گذاری کردہ اند
لاجرم در بندگی سلطان شدند	مہترِ خلقِ جہان ایشان شدند

اے سالک یہ زلہ خوار فلاسفہ اور متفقہ قسوت دل اور متصوف بے ملل اور عوام کالانعام ایسے تصرفات اولیائے باصفا سے متعجب ہو کر یہ نسبت ہادی کے سحر اور طالب مؤثر کو بربادِ دیوانگی منسوب کر کے دشمن جاں طالبان حق کے مثل شیخ نجدی کے ناحق ہو جاتے ہیں اور یہ بیہودہ یہ نہیں جانتے کہ فہم ذاکروں کا فہم غافلوں سے افضل و بہتر ہے چنانچہ مولانا روم فرماتے ہیں

اہل دل را ذوق و فہمے دیگر است	کاں ز فہم ہر دو عالم بہتر است
ہر کہ را آں فہم در کار افگند	خویش را در بحر اسرار افگند

باوجود اس بات کے یہ بیہودہ اپنے تئیں دائرہ اسلام میں گردانتے ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ یہ تصرفات اولیا میں تصرفات محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ہیں یعنی جو معجزہ آنحضرت صلعم باقی رہے ہیں وہ اولیا

Marfat.com

کے دل سے اجرا ہوتے ہیں واسطے عظمت دین حق کے چنانچہ علمائے محققین نے اسی واسطے لکھا ہے کہ جو کرامت اولیا سے منکر ہے وہ کافر ہے کیونکہ یہ لوگ نبوت کی دلیل ہیں اور جب کچھ دلیل میں نقص آوے تو مدلول میں بنظر ظاہر کے نقص لازم آتا ہے نعوذ باللہ منہا اور یہ بیہودہ اس دقیقہ دین اور مصلحت اسلام سے دیدہ ودانستہ چشم پوشی کر کے باب رد اور قدح کا باز کر کے ایسا فتنہ اور فساد دین حق میں برپا کرتے ہیں کہ کوئی ولی اللہ زمان رسول اللہ صلعم سے اس زمانہ تک بقول ان بیہودوں کے ثابت نہیں ہوتا کیونکہ یہ بیہودہ کہتے ہیں کہ طریقہ پیری اور مریدی کا بدعت ہے اور خلاف شریعت اور وسیلہ طلب کرنا درمیان راہ حق کے شرک ہے حالانکہ کوئی عالم ظاہر اور باطن اور اولیائے متقدمین اور متاخرین اس طریقہ محمودہ اور وسیلہ سے خالی نہ تھا تو گویا ان بیہودوں کے نزدیک ولایت تو درکنار کوئی مسلمان بھی باقی نہ رہا حالانکہ یہ عقیدہ ان احمقوں کا خلاف طریق سنت وجماعت کے ہے نعوذ باللہ منہا اے سالک داخل ہونا بیچ سلاسل اولیاء اللہ اور طلب کرنا وسیلہ بیچ راہ حق کے موجب حسنات اور برکات اور تقرب الٰہی کا ہے نزدیک جمع علمائے ظاہر اور باطن متقدمین اور متاخرین کے از روے قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس کے دلیلوں سے چنانچہ فرمایا حقتعالے نے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ یعنی اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور طلب کرو تم طرف اُس کے وسیلہ اور کوشش کرو بیچ راہ اُس کی کے تاکہ فلاح کئے جاؤ انتہے اے سالک تمام علمائے ظاہر اور باطن فرماتے ہیں کہ وسیلہ سے مُراد یہاں پیر ہے یعنی وہ پیر جو اپنے خصائل رزائل کو باخلاق حمیدہ ساتھ ذکر اور شغل عظمت الٰہی کے مندفع کر کے دریائے شریعت اور طریقت میں مستغرق ہو کے درِ وحدت حاصل کر چکا ہو چنانچہ فرمایا حقتعالے نے وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰكَ عَنْهُمْ یعنی ضبط کر نفس اپنے کے تئیں ساتھ اُن لوگوں کے کہ یاد کرتے ہیں پروردگار اپنے کے تئیں روز و شب ساتھ اخلاص کے اور مت پھیر آنکھوں اپنی کے تئیں ان سے اور حضرت امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ بیچ کتاب اپنی کے فرماتے ہیں کہ فرمایا حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ

Marfat.com

جو شخص مرشد نہ رکھے مرشد اُس کا شیطان ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ فرمایا جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب تم دیکھو ایسے بندہ کو کہ زہد کیا گیا ہو بیچ دنیا کے اور کلام کمتر کرتا ہو تو رہو تم بیچ صحبت اُس کی کے کیونکہ حقتعالےٰ اُس کو حکمت تعلیم کرتا ہے انتہے یعنی وہ حکمت جس سے بندہ درگاہ الٰہی کا مقرب ہو جاتا ہے بلکہ اُس مقرب حقیقی سے لاکھوں بندگان خدا مقرب الٰہی ہو جاتے ہیں جیسے حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ نے اُس زاہد خشک کو ایک آن میں عاشق باللہ بنادیا اے سالک ایسی حکمتیں اللہ تعالےٰ اپنے عاشقوں کے دل میں القا کیا کرتا ہے خبردار کسی بیہودہ کے کہنے سے کفش برداری اور آستانہ بوسی ان بزرگان دین کی ہرگز ترک کرنا بقول خواجہ حافظ رحمۃ اللہ علیہ کے ؎

حافظ جناب پیر مغاں جائے دولتست	من ترک خاک بوسی ایں در نمے کنم	
واعظ بہ طنز گفت حرام ست مے مخور	گفتم کہ چشم و گوش بہر خر نمے کنم	

اے سالک بعضے بیہودہ کہتے ہیں کہ زمانہ خلفار میں بیعت جہاد تھی اور ماسوائے جہاد کے بیعت درست نہیں اے سالک بھی ان کا کہنا مکر اور فریب سے خالی نہیں کیونکہ تمام علمائے ظاہر اور باطن اور اولیائے متقدمین اور متاخرین مستندوں نے لکھا ہے کہ بیعت لینا آنحضرت صلعم کا حدیث سے بہت طرح پر ثابت ہے چنانچہ قول جمیل میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث رحمۃ اللہ علیہ بہت سی حدیثیں اس باب میں تحریر فرماتے ہیں وَاسْتَفَاضَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّاسَ کَانُوْا یُبَایِعُوْنَہٗ تَارَۃً عَلَی الْہِجْرَۃِ وَالْجِہَادِ وَتَارَۃً عَلَی التَّمَسُّکِ بِالسُّنَّۃِ وَالْاِجْتِنَابِ عَنِ الْبِدْعَۃِ وَالْحِرْصِ عَلَی الطَّاعَاتِ کَمَا صَحَّ اِنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَایَعَ نِسْوَۃً مِنَ الْاَنْصَارِ عَلٰی اَنْ لَّا یَنُحْنَ اَقَامَۃِ اَرْکَانِ الْاِسْلَامِ وَتَارَۃً عَلَی الثَّبَاتِ وَالْقَرَارِ فِیْ مَعْرَکَۃِ الْکُفَّارِ اور حدیث مشہورہ میں منقول ہے رسول اللہ صلعم سے کہ لوگ بیعت کرتے تھے آنحضرت صلعم سے کبھی ہجرت اور جہاد پر اور گاہے اقامت ارکان اسلام یعنی صوم اور صلوٰۃ اور حج اور زکوٰۃ پر اور گاہے ثبات اور قرار معرکہ کفار میں چنانچہ بیعۃ الرضوان اور کبھی سنت نبوی کے تمسک پر اور بدعت سے بچنے پر اور عبادات کے حریص اور شائق ہونے پر چنانچہ

بروایت ثابت ہوا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیعت لی انصاریوں کی عورتوں سے توجہ نہ کرنے پر رَوَدِیَ ابنُ مَاجَۃَ اِنَّہٗ بَایَعَ نَاسًا مِنْ فُقَرَاءِ الْمُھَاجِرِیْنَ عَلٰی اَنْ لَا یَسْئَلُوْنَ النَّاسَ شَیْئًا فَکَانَ اَحَدُھُمْ یَسْقُطُ سَوْطَہٗ فَیَنْزِلُ عَنْ فَرَسِہٖ فَیَاخُذُہٗ وَلَا یَسْئَلُ وَاحِدًا اور ابن ماجہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چند محتاج مہاجرین سے بیعت لی اس پر کہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہ کریں سو اُن میں سے کسی شخص کا یہ حال تھا کہ اُس کا کوڑا گر جاتا تھا تو اپنے گھوڑے سے اُتر کر اُس کو اُٹھا لیتا تھا اور کسی سے کوڑا اُٹھا دینے کا بھی سوال نہ کرتا تھا انتہے چنانچہ درباب بیعت کے یہ آیہ چھبیسویں پارہ سورہ فتح میں حقتعالی نے فرمائی ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَکَ اِنَّمَا یُبَایِعُوْنَ اللّٰہَ یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ فَمَنْ نَّکَثَ فَاِنَّمَا یَنْکُثُ عَلٰی نَفْسِہٖ وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عَاھَدَ عَلَیْہُ اللّٰہَ فَسَیُؤْتِیْہِ اَجْرًا عَظِیْمًا مقرر جو لوگ بیعت کرتے ہیں تجھ سے اے محمد صلعم وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں اللہ کا دست قدرت ان کے ہاتھوں پر ہے سو جو عہد شکنی کرتا ہے تو اپنی ذات کی مضرت پر عہد توڑتا ہے اور جس نے پورا کیا اُس کو جس پر اللہ سے قول کیا تھا تو عنقریب اس کو اجر عظیم عنایت کریگا انتہے اے سالک یہ بھی معلوم کر کہ بیعت نزدیک علمائے محققین کے مسنون ہے واجب نہیں لیکن ایسی سنت ہے کہ جس کے سبب سے بندہ مقبول الہی ہوجاتا ہے اور کوئی ولی بغیر ادا کرنے اس سنت کے ولی نہیں ہوا اور کوئی اگر ہوا بھی تو شاذونادر ہے اور منکر اس سنت کے روافض او معتزلہ ہیں انتہے۔ اے سالک بعضے بیہودہ کہتے ہیں کہ اس زمانہ میں کوئی ولی نہیں اور جو اسمیں واصل ہیں وہ مکار ہیں اے سالک یہ گفتگو بھی ان بیہودوں کی حق پوشی اور ابلہ فریبی سے خالی نہیں کیونکہ ہر زمانہ میں کذابوں کی کثرت اور صادقوں کی قلت رہی ہے حتی کہ زمانہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم مشرف با نوار وحدت اور مزین بانوار نبوت اور انواع انواع طرح کے فیوضات باطنہ اور برکات ظاہرہ سے مقرون او مشحون تھا اس میں بھی مسیلمہ کذاب کذابیاں کرتا تھا جب ایسے زمانہ متبرکہ میں لوگ کذابی سے باز نہ آئے تو اور زمانہ کی کیا حقیقت کہ کذابی نہ کریں لیکن ان کذابیوں کے سبب سے یہ لازم نہیں آتا کہ آدمی طرق صادقوں سے روگرداں اور حق پوشی حق سے کر کے درپئے منہدم و معدوم کرنے طریقہ صادقوں کے رہے نعوذ باللہ منہا یعنی جو

طرق واسطے تقرب الٰہی کے علمائے ظاہر اور باطن نے قرآن اور حدیث سے استنباط کر کے واسطے طالبان حق کے ارشاد کئے ہیں اُن کو توڑے بابیں تو یہ بات کہ اس زمانہ میں کوئی ولی نہیں خیر سلمنا کوئی ولی نہیں لیکن وہ طرق کہ جس پر علمائے ظاہر اور باطن اور اولیائے متقدمین اور متاخرین مستندوں کا اتفاق اب تک برابر چلا آتا ہے اُن کو کیوں توڑتے ہیں اور اُن کے مجوزین اور مطیعین کو مشرک اور بدعتی کیوں کہتے ہیں حالانکہ وہ مستند خاص و عام کے ہیں اس سے صاف معلوم ہوا کہ ان بیہودوں کو اہل باطن سے عداوت قلبی ہے اور یہ عداوت خواہ ازروئے انکار ولایت ہو خواہ ازروئے سرکشی نفس واللہ اعلم اے سالک معلوم کر کہ کوئی زمانہ ولی سے خالی نہیں ہوتا الّا اس قدر کہ کسی زمانہ میں قلت اور کسی زمانہ میں کثرت چنانچہ یہ حدیث مشکوٰۃ میں بروایت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے وارد ہے گفت کہ شنیدم از رسول اللہ صلعم کہ میفرمود کہ ابدال چہل کسانند کہ اگر یکے از ایشان می میرد دیگرے بجائے او نشانند بسبب ایشان حقتعالے باران میفرستند و ہم بسبب ایشان نصرت بر اعدا حاصل می شود و ہم بسبب ایشان عذاب الٰہی باز میگردد انتہٰے اے سالک حضرت اولیا اللہ نے لکھا ہے کہ ستر ہزار ولی روئے زمین پر ہر زمانہ اور ہر ساعت میں موجود رہتا ہے انتہٰے اے سالک بعضے بیہودہ یہ کہتے ہیں کہ ولی سے گناہ نہیں ہوتا اے سالک یہ بھی غلط ہے کیونکہ ولی معصوم نہیں لیکن ولی کا قصد بالجزم حسنات پر ہوتا ہے اور ولی گناہ کبیرہ سے اجتناب رکھتا ہے اور صغیرہ پر مصر نہیں ہوتا اور باوجود اس قدر اجتناب کے اگر کوئی گناہ بسبب بشریت کے ولی سے واقع ہو تو وہ گناہ ولی کی ولایت کا منافی نہیں چنانچہ حضرت شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مرج البحرین میں حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ سے یہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت جنیدؒ سے یہ سوال کیا کہ عارف سے گناہ ہوتا ہے یا نہیں اور اگر ہوتا ہے تو اُس کی ولایت میں نقص لازم آتا ہے یا نہیں حضرت جنیدؒ نے یہ جواب دیا اگر سابقہ ازل و تقدیر الٰہی چنیں رفتہ باشد کہ ایں معصیت ازوے بوجود آید چہ چارہ است انتہٰے

گر تو نے پسندی تغیر کن قضا را	در کوئے نیکنامی مارا گذر نداوند

چنانچہ حضرت شاہ عبد الحق مرج البحرین کے تیسرے قاعدہ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ظاہر ہونا آدمی سے

خطا و معصیت کا بغیر اصرار و انہماک کے منافی مرتبہ قرب اور درجہ ولایت کا نہیں کیونکہ ہلاکت بندہ
بیچ خطا اور معصیت کے نہیں بلکہ بیچ ترک توبہ اور رجوع کے ہے انتہٰے یعنی گناہ تقدیری کو اللہ تعالےٰ
بسبب کثرت توبہ اور ذکر اور اعمال حسنہ کے اُن حضرات سے دور کر دیتا ہے چنانچہ یہ حدیث تفسیر
عزیزی میں بمقام فاذکرونی کے مرقوم ہے و نیز محدثینؒ کوبر روایت کردہ اند کہ ہیچ گاہ مردم برائے ذکر
خدا جمع نمی شوند الّا بعد از فراغ ایشان فرشتہ از آسمان ندا میکند کہ مغفور بروید و بدیہائے شما بہ نیکیہا
بدل کردہ شد انتہٰے سبحان اللہ ذاکروں کا کیا مرتبہ ہے کہ جن کی بدیاں نیکیوں سے بدلی جاتی ہیں
اے سالک بعض بیہودہ ولایت کی یہ شرط بیان کرتے ہیں یعنی ولی وہ شخص ہے کہ جس کو چاہیے
اُسے ایک دم اور ایک آن میں اپنا ہمرنگ اور معتقد کر لے جسے کہ وہ دشمن جانی ہو نعوذ باللہ منہا۔
اے سالک یہ گفتگو ان بیہودوں کی مخالف قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس بلکہ جمیع ادیان اور
جمیع مذاہب بلکہ جمیع بنی آدم بلکہ مخلوقات الٰہی اولاً و آخراً و عقلاً و نقلاً کے ہے کیونکہ کوئی نبی اور
ولی سے مشروط نہیں اور اگر کوئی اس شرط سے مشروط ہوتا تو کوئی کافر اور مذہب مختلف روئے زمین
پر باقی نہ رہتا اے سالک ان بیہودوں کی گفتگو سے حضرات انبیاء اور اولیا علیہم السلام پر بڑا اعتراض
وارد ہوتا ہے یعنی جملہ انبیا اور اولیا علیہم السلام کا اُوپر بنائے ظلم اور تعدی کے قرار پاتا ہے۔ نعوذ
باللہ منہا کیونکہ باوجود ہونے موثر حقیقی کے تاثیر کرنے اوپر گروہ اشقیا کے چشم پوشی کر کے خوار اور
قتل کیا بلکہ ہر زمانہ میں قتل کرنا گروہ اشقیا کا اوپر اُمت اپنی کے بچند شرط کے فرض عین مقرر کیا۔
نعوذ باللہ منہا اے سالک یہ عقیدہ اِن بے عقلوں کا خلاف قرآن اور حدیث کے ہے چنانچہ حق تعالےٰ
فرماتا ہے اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَّشَآءُ ط یعنی اے محمد صلعم تو نہیں
ہدایت کر سکتا جس کو دوست رکھے لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جس کو چاہے انتہٰے یعنی خلاف مشیت
ایزدی کے تو ہدایت نہیں کر سکتا مگر تیرا کام ہے ہدایت کرنا طرف راہ مستقیم کے اے سالک اب
بیان حقیقت تاثیرات اولیا اور انبیا علیہم السلام کی بگوش ہوش سُن جو قرآن اور حدیث سے ثابت اور
اثبت ہے یعنی حقیقت میں یہ حضرات تمام صورتاً اور معناً مظہر ہوتے تاثیرات الٰہی کے ہیں یعنی کلاموں اور

انفاسوں اور افعالوں اور مکانوں اور مقبروں اور نسلوں اور ہم صحبتوں اور زیارت کنندوں اُن کے سے پے در پے تاثیر ظاہر ہوتی ہے مگر یہ سب تاثیریں تابع موثر حقیقی کے ہیں یعنی جس کو اللہ تعالےٰ چاہتا ہے اُس کو ان کی تاثیروں سے مؤثر کر دیتا ہے اور جس کو نہیں چاہتا اس کو مؤثر نہیں کرتا جیسے کہ حضرت نوحؑ کی سعی اور کوشش درباب فرزند اپنے کے اور حضرت خلیل الرحمان کی درباب ہدایت پدر اور عم اپنے کے اور حضرت موسےٰؑ کی درباب فرعون اور تمام فرعونیاں اور بنی اسرائیل کے اور حضرت عیسےٰ کی درباب ہدایت اُمت اپنی کے اور حضرت خاتم النبیین و شفیع المذنبین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی درباب ہدایت عم اور امت دعوتی اپنی کے لیکن یہ سعی اور کوشش مفید مطلب کل کے نہ ہوئی یعنی جس پر مشیت ایزدی متوجہ حال تھی وہ مشرف باسلام ہو کر جان نثاران حضرات کا ہوا اور جس پر نہ تھی وہ دعوت اسلام کی سن کر دشمن جانی بن کر طرح طرح کے صدمے اور رنج مالی اور بدنی ان حضرات کو دیکر فی النار والسقر ہوا چنانچہ تمام قرآن اور حدیث ان بدذاتوں کی بدذاتی سے لا مال ہے کچھ بیان کی حاجت نہیں اے سالک اس بات کو بھی یاد رکھ کر جس کو موثر حقیقی تاثیر دیا چاہتا ہے تو اُسکو اُنہیں کی تاثیر سے موثر کر دیتا ہے اور جسکو نہیں چاہتا اسکو ان کی تاثیروں سے محروم رکھتا ہے جیسے آفتاب کی روشنی اعمیٰ کو

خورشید نہ مجرم ار کسے بینا نیست	

اے سالک یہ بھی معلوم کر کہ جس شخص نے حضرات اولیا اور انبیا علیہم السلام کو موثر حقیقی جانا وہ گمراہ اور ضال ہے اور جو شخص آنحضرتؐ کو مظہر تاثیر الٰہی کا نہ جانے وہ بھی ضال اور گمراہ ہے مثل زلہ خوار فلاسفہ کے وہ وسائل انبیا اور اولیا کو بد جانتے ہیں بلکہ بعض بعض شیطان شرک کا حکم کرتے ہیں۔ اے سالک مرتبہ نبوت اور ولایت میں ایک دقیقہ باریک ہے کہ اکثر زلہ خوار فلاسفہ اور عوام کالانعام جو اُن کے دام فریب میں گرفتار ہیں اُس دقیقہ سے غافل ہیں وہ دقیقہ یہ ہے کہ نور جناب احدیت کا بیچ مرتبہ نزاہت اور تقدس کے ازبس لطیف ہے اور انسان بیچ مرتبہ دنائت اور تلطخ نجاسات طبعیہ اپنی کے ازبس کثیف اور اکثف ہے تو بہ سبب اس تضاد کے موصل ہونا اس نور لطیف اور اس ظلمات کثیف کا محال ہے چنانچہ واسطے رفع کرنے اس تضاد اور تباین کے حق تعالےٰ نے ایک نور کو مادہ

Marfat.com

وجوب اور امکان کے متعلق ہونیکا دیگر بہ انعامات غیر متعددہ کے بیچ اس عالم ظہور کے پرتو انداز کیا تا ظلمات اس تضاد اور تباین کی مرتفع ہو جاویں چنانچہ ایسا ہی ہوا یعنی وہ نور جو پیشتر مرتبہ ذات بحت سے باشتیاق اور اذواق تمام کے بیچ اس عالم ظہور کے رونق افروز ہوا وہ نور محمدی ہے ما بعد اُسی نور معدن الوحدت سے سب نور علاانوار نبوت اور ولایت کے پہن کر اپنے قد موزوں کو مزین کر کے بطرز عاشقی کے اُس معشوق خالق کون و مکان سے شمہ حسن معشوقی کا حاصل کر کے جو عاشق ازلی اس محبوب رب العالمین کے تھے اُن کو اوپر جمال با کمال اپنے کے والہ و شیدا کرتے تھے چنانچہ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مرج البحرین میں فرماتے ہیں کہ ارواح مومناں کی اقتباس انوار کا ارواح اولیا سے اور ارواح اولیا کی ارواح انبیا سے اور ارواح انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی ارواح خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے کرتی ہیں اے سالک اسی جا سے اُمت مرحومہ کا فخر اور شرف اوپر اُمت پیشین کے بایں طور ثابت ہے کہ احاطہ تحریر سے باہر ہے یعنی جیسے ارواح انبیا علیہم السلام کی آنحضرت صلعم سے اقتباس انوار کا کرتی تھیں ویسا ہی آپ کی اُمت میں جو لوگ مرتبہ صدیقیت کا رکھتے ہیں وہ اکتساب انوار کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کرتے ہیں چنانچہ مولانا شاہ عبدالعزیز محدث رحمۃ اللہ علیہ بیچ شرح سورہ فاتحہ بمقام انعمت علیہم کے آیت کی شرح میں یوں رقام فرماتے ہیں فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا یعنی عوام مومنین چاہیں کہ ہم رفاقت حاصل کریں انبیا علیہم السلام کی تو بغیر رفاقت درجہ بدرجہ ان تینوں گروہ متبرکہ کے رفاقت حاصل کرنی انبیا علیہم السلام کی نہیں ممکن یعنی عوام مومن کو چاہئے کہ رفاقت حاصل کریں صالحین کی اور صالحین کو چاہئے کہ رفاقت حاصل کریں شہدا کی اور شہدا کو چاہئے کہ رفاقت حاصل کریں صدیقین کی اور صدیقین کو چاہئے کہ رفاقت حاصل کریں انبیا علیہم السلام کی اس واسطے کہ اصل راہ علم غیب کی انبیا علیہم السلام کو تعلیم کی گئی ہے اور انہوں نے تعلیم کی ہے صدیقین کو اور صدیقین نے تعلیم کی ہے شہدا کو اور شہدا نے تعلیم کی ہے صالحین کو پس لازم ہے ہر آدمی کو کہ بعد مشرف ہونے ایمان کے رفاقت ان تینوں گروہ کی حاصل کریں بعد اس کے رفاقت انبیا علیہم السلام کی حاصل ہو گی

Marfat.com

اس سبب سے داخل ہونا بیچ طریقہ اولیاء اللہ کے اور وسیلہ ڈھونڈھنا اُن سے بیچ طریق محمدی کے محمود اور مقبول ہے انتہے اے سالک اس عبارت مولانا سے تین باتیں ثابت ہوئیں ایک تو یہ کہ بعض نادان کہتے ہیں کہ راہ خدا میں کسی سے وسیلہ کی کچھ حاجت نہیں یہ کہنا محض نادانی ہے کیونکہ حقتعالے آپ اُن کی رفاقت کرنیکو نیک فرماتا ہے دوسری یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ بغیر رفاقت کرنے درجہ بدرجہ اس گروہ عالیہ کے محبت اللہ اور رسول کی جیسی مسلمان کو چاہیئے عوام مسلمان کو حاصل ہونا غیر ممکن اور تیسری یہ بات معلوم ہوئی کہ جس مسلمان کو ان تینوں مرتبوں سے ایک مرتبہ بھی حاصل ہو تو وہ مسلمان عوام مومن ہے خواہ عالم ہو خواہ زاہد مگر یہاں پر ایک اور بات معلوم کرنا چاہیئے کہ رفاقت اس گروہ حق کی دو طرح پر ہوتی ہے ایک تو رفاقت صوری اور دوسری رفاقت معنوی اور رفاقت معنوی متعلق ہے ساتھ ولایت کے اور رفاقت صوری متعلق ہے ساتھ نبوت کے اور یہ دونوں مرتبہ یعنی نبوت اور ولایت ہر نبی علیہ السلام کو عنایت ہوئی یعنی ہر نبی دو رُو رکھتے ہیں ایک رُو جانب خالق اور ایک رُو جانب مخلوق کے یعنی خالق کی طرف سے حکم ظاہر اور باطن کا لیتے ہیں اور مخلوق کی طرف پہنچاتے ہیں اور جو رُو خالق کی طرف ہے اُس کو ولایت کہتے ہیں اور جو رُو مخلوق کی طرف ہے اُس کو نبوت کہتے ہیں اور نبوت کے معنی آگاہ کرنا اور ولایت کے معنی ہیں نزدیک ہونا اور یہ دونوں مرتبہ آپس میں ایسا اتحاد رکھتے ہیں جیسے روح اور جسم یعنی روح بغیر جسم کے قیام پذیر نہیں ہو سکتا غرضکہ یہ دونو مرتبے آپس میں لازم ملزوم ہیں جیسے اصل اور فرع یعنی شجر اور ثمر ثمر بغیر شجر کے حاصل نہیں ہو سکتا یعنی طریقت بغیر شریعت کے حاصل نہیں ہوتی چنانچہ اس زمانہ میں نور باطن کم حاصل ہونیکا یہی باعث ہے کہ لوگوں کی شریعت میں قصور باقی رہتا ہے اگر شریعت کما حقہ ادا ہو تو صاحب شرع حسب لیاقت مادہ اپنے کے نور باطن سے منور ہو جائے چنانچہ فرمایا شمس تبریز رحمۃ اللہ علیہ نے ؎

باش ثابت در شریعت اے عزیز	تا حقیقت کشف گردد بر تو نیز

یعنی شریعت بمنزلہ لفظ کے ہے اور طریقت اس لفظ کے معنی ہیں تو جب تک لفظ صحیح نہ معلوم ہوگا تو معنی صحیح حاصل ہونا محال ہے اس واسطے ہر سالک کو چاہیئے کہ جو بات خلاف شرع پاوے تو

Marfat.com

اُس کے ترک کرنے میں کمال سعی اور کوشش کرے کیونکہ طریقت مشروط بشریعت ہے اور جب شرط فوت ہو جاتی ہے تو مشروط بھی فوت ہو جاتا ہے بقول مشہور فَاِذَا فَاتَ الشَّرطُ فَاتَ المَشرُوطُ اے سالک کوئی ولی خلاف شرع نہیں ہؤا اور جو ہؤا ہے وہ موافق شریعت کے ہؤا ہے چنانچہ نقل ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ ایک بزرگ کے اوصاف حمیدہ اور اخلاق پسندیدہ سُن کر واسطے زیارت اُس بزرگ کے بفاصلہ پانصد کوس کے بہ آداب تمام تشریف لیگئے جب حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ قریب مجلس اس شیخ کے پہنچے تو دیکھا کہ اُس شیخ نے قبلہ کیطرف تھُوکا حضرت ممدوح یہ حرکت دیکھکر واپس آئے اور اس شیخ سے ملاقات نہ کی جب خادموں نے عرض کی کہ اے شیخ وقت آپ اس اشتیاق اور آداب تمام سے اس بزرگ کی ملاقات کو تشریف لائے اور ملاقات نہ کی اس کا کیا سبب ہے شیخ زمانہ نے فرمایا کہ میں اس شخص کو صدیق جانکر آیا تھا مگر اس حرکت سے یعنی تھوکنے بسمت قبلہ کے سے معلوم ہؤا کہ یہ صدیق نہیں اگر صدیق ہوتا تو قبلہ کی طرف ہرگز نہ تھوکتا اے سالک معلوم کر کہ صدیق کا مرتبہ انبیا علیہم السلام سے کمتر اور تمام مخلوق الہٰی سے بہتر ہے باوجود اس مرتبہ عالیہ کے ادنیٰ ادنیٰ امور شریعت پر ایسی پاسبانی کرتے ہیں جب دائرہ ولایت سید المرسلین نزدیک اولیاے باتمکین کے شمار کئے جاتے ہیں نہ کہ یہ جیسے اس زمانہ میں بعض بعض بیہودہ اپنے تئیں اس چار گروہ عالیہ یعنی انبیا اور صدیقین اور شہدا اور صالحین علیہ السلام سے منسوب کر کے عوام کالانعام کو دام فریب میں پھانس کر ایسا خوار اور خستہ کرتے ہیں کہ گویا ان کے مادہ ایند کے واسطے اخلاق مذموم اور اعتقاد نامحمود کا روبنا کر منزلہ خون بوم کے ناحق بہا کر دائرہ اسلام سے خارج کر دیتے ہیں جیسے کہ فرمایا حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے فتح العزیز میں بیچ شرح انعمت علیہم کے درینجا شبہ طاری میگردد کہ بسبب آں شبہ صراط المستقیم با غیر مستقیم شنبہ میگردد و تمیز حاصل نمے شود و تفصیلش آنکہ بعضے فرقہ ہا خود را بایکے ازیں ہر چہار گروہ کہ صاحب مستقیم اند منسوب میکنند و خود را تبع آں بزرگ مے انگارند حالانکہ آں طریق را گذاشتہ در طریق شیطانی منہمک گشتہ اند پس بسبب ایں نسبت طریق کج آنہا در نظر مردم طریق مستقیم مینما یدو در حقیقت بہرہ از

طریق مستقیم ندارند مثل یہود و نصارے کہ خود را از اتباع حضرت موسےٰ و حضرت عیسےٰ علیہما السلام مے انگاشتند و از راہ آں دو بزرگ بُعد المشرقین دور افتادہ اند و در اُمت ما فرقہ شیعہ خود را با ہمہ اہل بیت نسبت میکند و بوے از عقائد و اعمال و اخلاق آں بزرگاں در خود ندارند و ہمچنیں مداریہ و جلالیہ و دیگر مفیدان و ملحدان کہ خود را سہروردی و قادری و چشتی میگویند و در اعمال و اشتغال اصلا مناسبت با ارباب ایں طریق ندارند پس برائے دفع ایں مظنہ عبارت دیگر آوردندہ اند و فرمودہ اند غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ یعنی نہ آنکساں کہ خشم الٰہی بر ایشاں شدہ است و نہ گمراہاں گویا تعلیم فرمودہ اند کہ در طلب راہ مستقیم احتیاط باید کرد راہ گمراہاں و مغضوباں را کہ خود را با ارباب طریق مستقیمہ از انبیا و اولیا نسبت کنند راہ مستقیم نباید دانست بلکہ در طلب احتراز از آں راہ فاسد شدہ منظور باید داشت انتہٰے اے سالک معلوم کر کہ جس درویش کے قول اور فعل موافق کتاب اور سنت اور اجماع اور قیاس کے ہوں تو اس کے قول اور فعل کو قبول کرنا چاہئیے اور جس کے قول اور فعل ان چاروں سے مخالف ہوں تو اُن کا تردید اوپر ہر مسلمان عام اور خاص کے لازم و واجب ہے کیونکہ یہ حدیث مشارق الانوار میں ہے کہ جو بات مخالف دین کے پاؤ تو اس کو مٹاؤ اور اگر مٹا نہ سکو تو زبان سے بُرا کہو اور اگر زبان سے بھی بُرا نہیں کہہ سکتے تو دل میں اُس کو بُرا جانو اور جو ان تینوں باتوں میں سے ایک بات بھی نہ کرے تو اس میں ذرہ برابر بھی ایمان نہیں سبحان اللہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم تو یہ ارشاد فرماتے ہیں اور بعضے درویش جاہل یہ کہتے ہیں کہ ہم کو کسی سے کیا کام عیسےٰ بدین خود اور موسےٰ بدین خود نعوذ باللہ منہا غرضیکہ ان بیہودوں نے ایسی ایسی باتوں اور اعتقاد فاسدوں سے دین حق کو خوار اور بدنام کیا اس واسطے ہر سالک کو چاہئیے کہ جو بات مخالف دین ہو اُس کو ہرگز قبول نہ کریں چنانچہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مرج البحرین میں یوں نقل کرتے ہیں کہ فرمایا حضرت ابو سلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ بسا باشد کہ نکتہ از کلام قوم در دل من مے افتد و مدتے بران بگذارد ہر چند کہ آں نکتہ باقتضائے حسن و لطافتے کہ دارد بزبان حال فریاد زند کہ مرا قبول کن قبول نکنم مگر بدو شاہد عدل کہ کتاب و سنت ست اور اس کلمہ پر تمام مشائخ کا اتفاق ہے

کہ کُلُّ حَقِیْقَۃٍ رَدَّتْھَا الشَّرِیْعَۃُ فَھِیَ زِنْدَقَۃٌ یعنی جس بات کو شریعت رد کرے وہ بات بیدینی سے ہے فقط اور اس پر بھی تمام مشائخ کا اتفاق ہے کہ وجود ظلمت بدعت کا عملاً اور اعتقاداً مانع نور ہدایت اور ولایت کا ہے چنانچہ مرج البحرین میں لکھا ہے کہ مشائخ گفتہ اند کہ وجود ظلمت بدعت عملاً و اعتقاداً مانع ظہور نور ہدایت و ولایت ست تا دل از لوث بدعت پاک نہ گردد و محلی بحلیہ سنت نہ شود و سر حقیقت انکشاف نہ پذیرد نور یقین بدل در نتابد فقط

جمال شاہد قرآن انگاہ بکشاید کہ دار الملک ایمان را بیابد خالی از غوغا اور حضرت سلطان صوفی جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بنا طریق ہمارے کی موافق کتاب اور سنت کے ہے اور جو کچھ سوا اس کے ہے وہ مردود اور باطل ہے فقط تمام ہوئی مرج البحرین اور جناب غوث الثقلین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں درمیان اکتساب باطن کے جو کچھ فیض باطن ہمارے دل پر واقع ہوتا تو اُس کو ہم کتاب اور سنت سے تطابق دیتے اگر وہ فیض باطن موافق قرآن اور حدیث کے ہوتا تو قبول کرتے اور اگر مخالف ہوتا لاحول پڑھتے فقط اے سالک ماہران اسرار شریعت اور غواصان بحر حقیقت کا حال آداب شریعت اور آداب طریقت میں بخوبی معلوم ہو چکا اب تجھ کو چاہئے جس شخص کو ان آدابوں سے موصوف پاوے تو اس کو صالح اور ولی تصور کر اور جس کو ان آدابوں سے خالی پاوے تو اس کو کذاب اور بیہودہ جان اور اگر ایسا نہ جانیگا تو گویا تو نے قرآن اور حدیث اور اولیا اور علماے دین کو جھوٹا جانا نعوذ باللہ منہا لیکن یہاں پر یہ بات یاد رکھ کہ مراد میری وہ شریعت نہیں کہ جس کو وہابی شریعت قرار دیتے ہیں نہ وہ طریقت کہ جس کو بدعتی طریقت بیان کرتے ہیں کیونکہ یہ دونوں دریاے ضلالت افراط اور تفریط میں غرق ہیں یعنی یہ فعل مستحب اور سنت کے معتقد کو مشرک اور بدعتی کہتے ہیں اور وہ فعل شرک اور بدعت کے فاعل کو صاحب طریقت جانتے ہیں اور حالانکہ یہ دونوں کی زیادتی ہے اور منشا اس زیادتی کا یا تو غلط فہمی ہے کہ بسبب کثافت علم فلاسفہ کے فہم میں نہیں آتی یا بباعث سرکشی نفس سرکش کے دیدہ و دانستہ طریق حق سے چشم پوشی کرتے ہیں اس واسطے پیشتر ہر سالک کو چاہئے کہ شرک اور بدعت کے معنی فہم کرے کہ شرک اور بدعت دین میں کس کو

Marfat.com

کہتے ہیں معلوم کر کہ بدعت بیچ لغت کے نو پیدا کرنے کو کہتے ہیں اور بیچ عرف شرع کے معنی بدعت
کے یہ ہیں کہ ایک شے پیدا کی جاوے درمیان دین اور اسلام کے اور سند اور دلیل بنائی جاوے
اس کی بیچ کتاب اور حدیث اور اجماع اُمت اور قیاس مجتہد کے چنانچہ فرمایا جناب رسول
مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا
اَیْ فِی الْاِسْلَامِ مَا لَیْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ قَالَ الطِّیْبِیْ فِیْ حَاشِیَةِ مِشْکٰوةِ مَصَابِیْحِ فِیْ شَرْحِ
الْحَدِیْثِ الْمَرْوِیِّ الْمُتَّفَقِ عَلَیْهِ مَا لَمْ یَکُنْ لَهٗ مِنَ الْکِتٰبِ وَالسُّنَّةِ سَنَدٌ ظَاهِرٌ اَوْ خَفِیٌّ اَوْ
مُسْتَنْبِطٌ فَهُوَ مَرْدُوْدٌ عَلَیْهِ (ترجمہ) یعنی جس شخص نے نکالی بیچ دین ہمارے کے ایسی بات
کہ نہیں وہ اسلام سے پس وہ مردود ہے کہا طیبی محدث رحمۃ اللہ علیہ نے حاشیہ مشکوۃ
مصابیح میں بیچ شرح حدیث مذکور کے کہ وہ چیز کہ نہیں واسطے اُس کے کتاب اور حدیث سے
سند خواہ ظاہراً خواہ باطناً خواہ مستنبطاً پس وہ مردود ہے فقط اور جو شخص اس بدعت کو منجملہ امور دینیہ
کے تصوّر کر کے بامید ثواب اور عذاب کے بجالاوے یا اوروں کو ہدایت کر کے مروّج کرے تو وہ
بدعتی ہے اور جو لوگ اس بدعت میں اس کے بعد مشغول ہونگے ان کا عذاب اس کی نسبت عاید
ہوگا بدوں اس بات کے کہ فاعل کا عذاب کچھ گھٹے چنانچہ یہ حدیث مشارق الانوار میں وارد ہے وَمَنْ
سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّةً سَیِّئَةً کَانَ عَلَیْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ
یَّنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَیْءٌ اور جو اسلام میں راہ نکالے گا بُرے طریقہ کی تو اُس کو اُس کا گناہ
ہوگا اور جو اُس کے بعد اس بُری راہ پر چلیں گے اُن کا بھی گناہ اُس کی گردن پر ہوگا بدوں اس بات
کے کہ کچھ اُن کے گناہوں سے گھٹے یعنی دونوں کو علحدہ علحدہ پورا عذاب ہوگا فقط اس
واسطے ہر مومن کو چاہئے کہ ایسی بدعتوں سے اپنے تئیں دور رکھے کیونکہ اس کے مروّج کو قبر میں
بھی عذاب تازہ پہنچا کریگا نعوذ باللہ منہا اور یہ وہ بدعت ہے کہ جس کو آنحضرتؐ نے بدعت
شر فرمایا ہے شَرُّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَکُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ رَوَاهُ الْمُسْلِمُ اور جس شے کا کتاب
اور سنت یا اجماع اُمت یا قیاس مجتہد سے استنباط ہے وہ بدعت نہیں جیسے پڑھنا صرف اور نحو اور

Marfat.com

جو علم معین دین کے یا تصنیف کرنا کتب دینیہ اور تالیف کرنا حدیث اور ترتیب دینا کتب فقہ کا اوپر فصلوں اور بابوں کے واسطے سہل ہونے طالبوں کے اور اعراب دینا قرآن شریف کے حرفوں پر واسطے حفظ غلطی عوام الناس کے یا اردو کرنا تفسیروں قرآن اور شرح حدیثوں اور مسائل فقہ اور علم عقائد کا یا روز جمعہ کا وعظ کہنا واسطے فائدہ دینے عام اور خاص کے یا محفل میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقرر کرکے معجزات محبوبیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو نزدیک باری کے ہے مع شفقت اور محبت جو بہ نسبت اس امت مرحومہ کے آپنے فرمائی ہے بیان کرنا تاکہ مسلمان اس کو سنکر اپنے ایمان کو ہمیشہ ساتھ نور ایمان کے تجدید کرتے رہیں یا طریق مختلفہ ذکر الٰہی یعنی ہر ذکر کے نشست اور ہر نشست کا آداب اور ہر اسم کا ذکر اور ہر اسم کا خیال اور ہر خیال کی تاثیر اور ہر تاثیر کا فرق یا ذکر زبان یا ذکر قلب یا ذکر روح یا حبس دم بغیر ریاضت یا پاس انفاس یا نفی اثبات یا لطائف ستہ کا خیال یا مرشد کامل کی توجہ سے نسبت الٰہی یا نسبت محمدی یا نسبت مرشد یا ہر ذکر کی غذا اور خلوت علیحدہ مقرر کرنی خواہ ان سب ذکروں کو ساتھ رابطہ مرشد یا اسم الٰہی کے کرے خواہ مجرد ذکر کرے خواہ تناسب سے ذکر کرے خواہ حلقوں میں ذاکروں کے ساتھ بیٹھکر کرے جس سے دونا ثواب پاوے جیساکہ مشکوٰۃ کے باب الذکر میں یہ حدیث وارد ہے وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حَلَقُ الذِّکْرِ رَوَاہُ التِّرْمَذِیُّ روایت ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس وقت گذرو تم بیچ باغوں بہشت کے پس میوہ خوری کرو عرض کیا اصحابہ نے کیا ہیں باغ بہشت کے فرمایا حلقے ذکر کے نقل کی یہ ترمذی نے فائدہ یعنی جب گذرو ایک جماعت پر کہ یاد کرتی ہوں اللہ تعالےٰ کی پس تم بھی اُن کے ساتھ یاد کرو اللہ تعالےٰ کو اور ذکر کے حلقوں کو باغ بہشت اس لئے کہا کہ اُس کے سبب سے بہشت کے باغوں میں داخل ہوتا ہے آدمی اور کہا نووی محدث رحمۃ اللہ علیہ نے کہ جیسے ذکر کرنا مستحب ہے ویسی ہی مستحب ہے بیٹھنا درمیان حلقہ ذکر کے اور ذکر کبھی دل سے ہوتا ہے اور کبھی زبان سے اور افضل یہ ہے کہ دونوں سے ہو اور اگر ایک سے ہو تو دل سے افضل ہے غرضیکہ

اس قسم کے سب طرق مستحسن اور محمود ہیں اور ان طرقوں کے مستنبط مستحق بہ ثواب ہیں چنانچہ مسلم میں جریر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ہے۔ کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جریرؓ مَنْ سَنَّ فِی الْاِسْلَامِ سُنَّۃً حَسَنَۃً فَلَہٗ اَجْرُہٗ وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِہَا مِنْ بَعْدِہٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِہِمْ شَیْءٌ یعنی جو راہ نکالے اسلام میں اچھے طریقہ کی تو اس کو ثواب ملیگا اور جو اس کے بعد اس طریق کو کئے جاوینگے ان کا ثواب بھی اس کو ملیگا بدوں اس بات کے کہ ان کا ثواب کچھ گھٹے یعنی دونوں کو علحدہ علحدہ پورا ثواب ملیگا سبحان اللہ نیک کام کے رواج دینے میں کیا فائدہ عظیم الشان ہے کہ اس کے مروج کو بعد مرنے کے بھی ثواب پہنچا کرتا ہے اس واسطے ہر اہل اسلام کو چاہئے کہ ایسے کاموں کے اجرا کرنے میں کمال سعی اور کوشش کریں تو تا قیام قیامت ثواب سے مستفیض رہیں اور یہ نزدیک تمام علما مستند کے محمود اور مستحسن ہیں کیونکہ ان سب اموروں کا ماخذ قرآن اور حدیث ہے مگر بسبب وقت اور خفی کے عوام کی فہم سے یہ امر پوشیدہ تھے علماے رضی اللہ عنہم نے ساتھ قاعدہ شرعیہ کے استنباط کر کے واسطے اہل دین کے مشرح ارقام فرمائے نہ یہ کہ مجتہدوں نے اپنی ذات سے ایجاد اور احداث کر کے ظاہر کئے ہوں اسی جا سے ہے کہ قیاس مجتہد کا مظہر ہے نہ مثبت ہے پس مسائل مستنبط کو بدعت کہنا محض نادانی ہے اور اس بدعت سیئہ کو جو اوپر مذکور ہوئی اس کو بدعت حسنہ جاننا محض لغو اور دیوانگی ہے کیونکہ جو علماے دین تقسیم بدعت کے قائل ہیں وہ اس بدعت شر کو بدعت سیئہ کہتے ہیں اور اس مسائل مستنبط کو بدعت حسنہ جانتے ہیں اور جو علماے دین تقسیم بدعت کے قائل نہیں وہ اس بدعت شر کو بدعت کہتے ہیں اور اس مسائل مستنبط کو سنت جانتے ہیں یعنی ملحق بہ سنت تو گویا بسبب مزید احتیاط کے لفظ بدعت حسنہ کا بھی اوپر ان مسائل مستنبط کے نہیں لاتے کس واسطے کہ بیچ باب بدعت کے یہ حدیث واقع ہے کُلُّ بِدْعَۃٍ ضَلَالَۃٌ وَ کُلُّ ضَلَالَۃٍ فِی النَّارِ یعنی یہ کل جو درمیان حدیث کے واقع ہے اس کو وہ کل مجموعی کہتے ہیں اور وہ اس کل کو مجموعی نہیں کہتے جزوی کہتے ہیں یعنی یہ کل اپنے تمام افراد سیئات پر واقع ہے نہ حسنات پر اور یہ قول حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اس کی دلیل میں لاتے ہیں نِعْمَتِ الْبِدْعَۃُ التَّرَاوِیْحُ

یعنی کیا اچھی ہے بدعت تراویح انتہٰی اس امر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے صاف ثابت ہوا کہ کل بدعت مذموم ہیں و نہ کل بدعت محمود یعنی محمود وہ ہیں جن کا ماخذ قرآن اور حدیث ہے اور مذموم وہ ہیں جو غیر مستنبط قرآن اور حدیث اور اجماع امت اور قیاس مجتہد کے ہوں یعنی کسی دلیل شرعیہ سے اُن کا استنباط ثابت نہ ہو تو اس غیر مستنبط کو بدعت حسنہ جانے وہ بدعتی ہے اور جو ان مسائل مستنبط کو بدعت بد جانے وہ وہابی اور لا مذہب ہے غرضکہ جو بدعت مخالف سنت کے ہے وہ بدعت بد ہے ورنہ تمام مستحسن اور محمود ہے سالک بدعت کی حقیقت خوب معلوم کرچکا اب شرک کی حقیقت سن کہ شرک بچند قسم ملت حنفیہ میں قرار پایا ہے یعنی شرک فی الذات اور شرک فی العبادت اور شرک فی التصرف اور شرک فی العلم یعنی شرک فی الذات اُس کو کہتے ہیں کہ جیسی ذات حقتعالیٰ کی ہے ویسی اور کی نسبت اعتقاد رکھے یعنی اُس کی کسی مخلوق کی نسبت اولیت ثابت کرے تو وہ مشرک ہے کیونکہ ذات حق سبحانہ کی مخلوق سے منزہ اور مبرا ہے اور شرک فی العبادت یعنی جو عبادت اللہ تعالیٰ نے اپنے واسطے خاص مختص فرمائی ہے اُن عبادتوں کا سزاوار کسی مخلوق کو جانے تو وہ مشرک ہے اور شرک فی التصرف و شرک فی العلم الٰہی اُس کو کہتے ہیں کہ جیسے اللہ تعالیٰ فی ذاتہ ہر شے پر متصرف اور علیم ہے ویسا ہی اُس کی کسی مخلوق کو ہر شے پر متصرف اور علیم جانے یعنی جیسے سبحانہ تعالیٰ ہر شے کے علم اور تصرف میں کسی کا محتاج نہیں ایسا ہی وہ شخص کسی شے کے دریافت اور تصرف میں کسی کا محتاج نہیں اور اس تصرف اور اس علم ہر شے کو خواہ یوں سمجھے کہ فی نفسہ ان صفتوں سے یہ شخص موصوف ہے یا یوں سمجھے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ صفتیں عطا کی ہیں غرضیکہ ان سب صورتوں میں وہ شخص مشرک ہے کیونکہ متصرف اور علم حقیقی ماسوائے حق کے غیر کا ہونا دین حق میں محال ہے اور یہی حقیقت ہے جمیع الصفات الٰہی کی نہ کہ یہ جو بعض بعض مرید بوعلی سینا اور جالینوس کے سمجھے ہیں یعنی بعض اُن میں سے کہتے ہیں کہ جو سوا تصرف الٰہی کے اور کے تصرف کا قائل ہے وہ مشرک ہے یعنی جیسے کوئی کہے کہ فلاں اولیا کے سبب سے فلانے شخص کی بلا یا افلاس یا کفر یا دشمن یا بیماری دور ہوگئی یا یوں کہے کہ کثرت مال اور اولاد جاہ اور جلال اور رزق کی ہوگئی یا یوں کہے کہ فلانے کے تصرف سے فلانے کی

Marfat.com

فتح اور فلانے کی شکست ہوئی تو اس کہنے والے پر بلحاظ عقائد حق اور علم اور تقوی اور کلمہ گوئی کے حکم کفر کا جاری کرتے ہیں اور کسی طرح کے تصرف اولیا اور انبیا علیہم السلام کے قائل نہیں اور جو شخص اولیا اور انبیا علیہم السلام کے کسی طرح کے تصرف کا قائل ہو اُسے مشرک اور بدعتی کہتے ہیں اور بعض ان میں سے کہتے ہیں کہ جو ان تصرف مذکورہ اولیا اور انبیا علیہم السلام کا منکر ہے وہ وہابی اور زندیق ہے بلا تحقیق حقیقت تصرف کے یعنی اگرچہ وہ تصرف اولیا اور انبیا علیہم السلام کا مقر ہو مگر تصرف الٰہی اولیا اور انبیا علیہم السلام کی حقیقت بیان کر کے درمیان ان دونوں تصرفوں کے کچھ فرق نکالے تو اُس کو وہابی اور نجدی کہتے ہیں خواہ وہ کیسے ہی عالم اور درویش بابرکت ہو غرضکہ ان دونوں نے اس ملت حقہ میں ایسا فتنہ اور فساد برپا کیا ہے کہ لاکھوں مسلمان بے علم اور کم فہم ضال اور گمراہ ہوئے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی نجاست طبیعہ اور خباثت باطنہ سے ہر اہل ایمان کو بطفیل جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محفوظ رکھے آمین ثم آمین اے سالک حقیقت تصرف الٰہی اور حقیقت تصرف اولیا اور انبیا علیہم السلام کی بگوش ہوش سُن تا کہ کما حقہ حقیقت نزاع طرفین کی تجھ پر ظاہر ہو جائے معلوم کر کہ جو شخص انبیا اور اولیا علیہم السلام کو متصرف حقیقی یعنی بلا واسطہ غیری اور متصرف مطلق ہر شے یعنی ہر جزو اور ہر کل کا ہر ساعت اور ہر آن میں جانے تو وہ بیشک و لاریب مشرک ہے کیونکہ یہ تصرف ماسوا حق کے اور کو ہونا محال ہے اور اگر یوں جانتا ہے کہ تصرف اولیا اور انبیا علیہم السلام کا بواسطہ غیر ہے نہ تصرف کلی بلکہ کبھی کبھی کسی جزو اور زمانہ میں بہ برکت تقرب الٰہی اور بہ مدد ایزدی کے اولیا اور انبیا علیہم السلام سے تصرف مذکورہ واقع ہوتے ہیں تو صحیح اور درست ہے اور جو کوئی اس فعل کو شرک اور اس کے معتقد کو مشرک جانے وہ وہابی اور زندیق بلکہ خود مشرک ہے کیونکہ اس طرح پر تصرف اولیا اور انبیا علیہم السلام کا دین حق میں ثابت اور اثبت ہے چنانچہ یہ تصرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اظہر من الشمس ہے یعنی ایک روز مدینہ شریف کی مسجد میں آپ جمعہ کا خطبہ پڑھتے تھے اور درمیان پڑھنے خطبہ کے آپ نے فرمایا یَا سَارِیَۃُ بْنَ زُنَیْمٍ اَلْجَبَلَ یعنی اے ساریہ زنیم کے بیٹے آ پہاڑ کی لے جو لوگ وہاں حاضر تھے آپس میں دیکھنے لگے اور بعضے اُن میں سے کہنے لگے کہ یہ بات بے پتہ کہتے

Marfat.com

ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ راست فرماتے ہیں اُن میں سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف
رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ کیا تم منکروں کو حجت سکھاتے ہو کہ عین خطبہ میں کچھ کا کچھ کہتے ہو جب حضرت
عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے دل میں یوں معلوم ہوا کہ عراق میں پہاڑ کے تلے ایک قافلہ مسلمانوں کا
کہ اُن کے سردار کا نام ساریہ بن زنیم ہے چلا جاتا ہے اور قزاقوں نے اُنہیں آن لیا ہے جب میں
بے اختیار ہو کر پکارا اور کہا کہ اے ساریہ زنیم کے پوت پہاڑ کی آڑ لے اور اگر وہ پہاڑ سے آگے بڑھ
جاتے تو مارے جاتے پھر سب چپ ہو رہے بعد ایک مہینے کے لوگ عراق کی طرف سے
آئے اور بیان کیا کہ نماز جمعہ کا وقت تھا اور ہم پہاڑ کے تلے عراق میں چلے جاتے تھے یہ آواز
حضرت عمرؓ کی ہم سب نے سنی کہ آپ فرماتے ہیں یا ساریہ آڑ پہاڑ کی لے بعد اس کے جب پہاڑ کی طرف
دیکھا تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک گروہ قزاقوں کا ہم پر حملہ کیا چاہتا ہے ہم سب نے پہاڑ کی آڑ لیکر اُن کو مار
کے بھگا دیا اور دوسرا یہ تصرف ہے کہ جب مصر فتح ہوا تو وہاں کا حاکم حضرت عمر ابن العاصؓ کو کیا بعد
چند روز کے شہر کے سب رئیس جمع ہو کر حاکم کے پاس آئے اور یہ عرض کی کہ یہ جو ندی نیل ہے اس
کا عجب حال ہے کہ اس مہینے میں کہ جو موجود ہے اس میں چودہویں رات کو ایک نو عمر عورت خوبصورت
اُس کے والدین سے مول لیکر اچھے کپڑے اور بہت سے زیوروں سے آراستہ کر کے پل پر دریا
کے کھڑا کر کے اُس دریائے نیل میں ڈال دیا کرتے ہیں وہ بیچاری اُس میں بہ جاتی ہے تو ندی نیل
ہمارے کھیتوں میں بہتی ہے اور اگر یہ نہ کریں تو ندی زور نہیں پکڑتی اور ہماری باڑیوں میں نہیں آتی
حضرت عمر ابن العاص نے فرمایا کہ یہ رسم کفر کی ہے اور مسلمان کفر کی جڑ اکھاڑنے والے ہیں لوگوں
نے وہ بات چھوڑ دی تو تین مہینے تک ندی نیل نہ چڑھی تو شہر کے لوگ بھاگنے لگے جب حضرت
عمر ابن العاص رضی اللہ عنہ نے تمام حال اور حقیقت اُس دریائے نیل کی بیچ خدمت حضرت عمر
رضی اللہ عنہ کے بطور عرضی کے لکھ بھیجی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عرضی کے جواب میں رقعہ لکھا
کہ اس کی یہ ہندی ہے کہ یہ لکھا ہوا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جو خلیفہ برحق ہیں آنحضرت صلعم کے
دریائے نیل کو کہ اگر تو آپ بہتا ہے تو مت بہ اور اگر بحکم واحد قہار کے بہتا ہے تو بہ اور دوسرا پرزہ

Marfat.com

حضرت عمرابن العاص رض کو لکھا کہ یہ پرزہ دریائے نیل میں ڈال دو بھیجو چنانچہ جب وہ پرزہ دریائے نیل میں ڈالدیا تو بمجرد ڈالنے کے سولہ گز پانی اونچا چڑھا اور وہ عادت عورت نوعمر کی جاتی رہی مصرع عمرش بقلم موسے بعصا بر نیل کند امضائے قضا چنانچہ امام مستغفری فرماتے ہیں کہ جب حضرت موسےٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام در باب طغیانی دریائے نیل کے دعا کی تھی تو جب بھی لگز پانی اونچا چڑھا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے تصرف سے بھی سولہ گز پانی اونچا اٹھا تھا انتہے یہ تصرف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا سن کہ ایک روز آپ کے سامنے ایک ایسا مسلمان آیا کہ آپ نے اُس کو دیکھکر فرمایا عَیْنَانَ تَزْنِیَانِ یعنی دونوں آنکھیں تیری زنا کرتی ہیں اس شخص نے عرض کی کہ اے خلیفہ برحق تم کو کس طرح معلوم ہوا آپ نے فرمایا نور باطن سے پھر اُس شخص نے آپ کے روبرو توبہ کی انتہے یہ تصرف حضرت علی رضی اللہ عنہ کا معلوم کرکہ آپ نے جنگ میں کواڑ قلعہ خیبر کے مثل سپر کے ہاتھ میں اٹھا لئے انتہے دوسرا تصرف یہ ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کہ آپ کی قبر شریف اہل حق نے پوشیدہ کردی بخیال بے ادبی خارجیوں کے چنانچہ ایک مدت تک ایسی پوشیدہ رہی کہ علم بھی قبر شریف کا باقی نہ رہا کہ کہاں ہے مگر بادشاہ ہارون رشید کے زمانہ میں ظاہر ہوئی اور ظاہر ہونیکا یہ سبب ہے کہ ایک روز بادشاہ ہارون رشید ایک جنگل میں واسطے شکار کے گیا اور کتوں کو ہرنوں پر چھوڑا نہ تو کتوں نے ہرنوں پر حملہ کیا اور نہ ہرن کتوں سے ڈر کر بھاگے تو ہارون نے یہ اچنبہ دیکھکر پریشان ہوکر ایک بوڑھے کو بجست وجو تمام بلا کر یہ ماجرا پوچھا تو اس نے بیان کیا کہ ہم اپنے بزرگوں سے سنتے آتے ہیں کہ اس جنگل میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی قبر شریف ہے جب بادشاہ نے یہ سنا تو تحقیق کرکے وہاں روضہ منورہ بنوادیا اور آپ کی قبر شریف کی زیارت کو بادشاہ ہمیشہ آیا کرتا تھا چنانچہ اس مقام پاک کو شاہ نجف کہتے ہیں انتہے اور یہ تصرف حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا سن یعنی بادشاہ منصور نے ایک شب اپنے وزیر سے کہا کہ تو جا کر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کو لے آ تا میں ان کو مار ڈالوں وزیر نے اُس بادشاہ سے کہا کہ حضرت امام علیہ السلام گوشہ نشین ہوئے اور ماسوا حق کے سب سے دست بردار ہیں اُن کے آزار دینے میں کچھ فائدہ نہیں غرضکہ وزیر نے اس بات میں بہت رد وقدح کی مگر اُس

Marfat.com

نے قبول نہ کیا آخرش کو وزیر گیا تو بادشاہ نے غلام سے کہا کہ جب حضرت امام دروازہ پر تشریف لاویں اور میں کلاہ نمد پر ہاتھ لگاؤں تو اُن کو قتل کر دینا غرضکہ جب حضرت امام تشریف لائے تو بادشاہ حضرت کی آمد سنکر اُٹھا اور باآداب تمام آنحضرت کو لیکر تخت پر بٹھال کر آپ بجائے خادموں کے مودب ہوکر بیٹھا اور آنحضرت سے عرض کی کہ جو کچھ ارشاد ہو بجالاؤں آپنے ارشاد کیا کہ بار دیگر آپنکی تکلیف نہ دینا پھر بادشاہ نے حضرت کو بعزت تمام رخصت کیا اور آپ بیہوش ہوکر گر پڑا چنانچہ بعضے لکھتے ہیں کہ تین روز بیہوش رہا اور بعضے کہتے ہیں کہ تین نماز اُس کی فوت ہوئیں اور جب ہوش میں آیا تو وزیر نے اُس سے پوچھا کہ یہ تیرا کیا حال تھا تو اُس بادشاہ نے کہا کہ جب حضرت امام تشریف لائے تو میں نے ایک اژدہا دیکھا اُن کے ساتھ اور اُس اژدہا نے مجھ سے کہا کہ اگر تو نے حضرت کو کچھ آزار دیا تو میں تجھ کو نگل جاؤنگا غرض کہ اس کی ہیبت سے میں ڈر کر عذر چاہنے والا ہوکر بیہوش ہوگیا انتہے اے سالک معلوم کر کہ تصرفات ان حضرات کے اس قدر ہیں کہ مقدور بشر نہیں جو اُن کا بیان کر سکے مگر یہ جو مذکور ہوئے بطریق تبرکاً اور تیمناً ہیں اب تصرفات اُن کے غلاموں کے سن تاکہ عظمت اور تصرف ان حضرات کے تجھ پر کماحقہ ظاہر اور اظہر ہوجاویں یعنی جب اُن کے غلاموں کے یہ تصرف ہیں تو دیکھا چاہئے کہ اُن کے کیا تصرف ہونگے چنانچہ حضرت امام احمد حنبل رضی اللہ عنہ نقل فرماتے ہیں کہ کعبہ کو میں تنہا قافلہ سے راہ بھولکر ایک صحرا میں وارد ہوا تو میں نے چاہا کہ کسی سے راہ کعبہ کی دریافت کروں چنانچہ میں نے وہاں پر ایک اعرابی سیاہ رو کو گوشہ نشین دیکھا تو اُس سے راہ پوچھنے کو گیا اُس نے مجھ پر شور کیا میں نے جانا کہ یہ گرسنہ ہے تو میرے پاس جو روٹی موجود تھی اُس کو دینے لگا اُس نے مجھے دیکھ کر کہا کہ اے احمد تو کون ہے کہ خدا کے گھر کو جاتا ہے اور خدا کی روزی رسانی پر یقین نہیں رکھتا ضرور کہ اے احمد اب تو راہ بھولا امام صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے آتش غیرت سے پانی پانی ہوکر خدا تعالےٰ سے یہ عرض کی کہ اے الہیٰ تیرے بندے ایسے ایسے پوشیدہ ہیں تو اُس گوشہ نشین نے کہا کہ اے احمد یہ کیا تعجب ہے بلکہ ایسے ایسے بندے خدا تعالیٰ کے ہیں کہ اگر قسم کھا بیٹھیں اس بات پر کہ تمام کوہ اور بیابان زر ہوجاوے تو زر ہوجاوے حضرت امام صاحب فرماتے ہیں کہ میں نے پھر جو نگاہ

کی تو تمام کوہ اور بیابان کو زر پایا تو یہ تصرف دیکھکر بیخود ہو گیا ہاتف غیب نے آواز دی کہ اے
احمد کس واسطے تو حیران ہے یہ بندہ ہم کو ایسا مقبول ہے کہ اگر یہ ہم سے چاہے تو ہم اس کے
واسطے آسمان کو زمین پر ماریں اور زمین کو آسمان پر انتہٰے سبحان اللہ یہ تصرف مطابق حدیث کے اس
بزرگ سے واقع ہوا ہے چنانچہ یہ حدیث شاہ عبدالحق محدث دہلوی اور شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
رحمۃ اللہ علیہما نے قول جمیل اور مشکوٰۃ کے ترجمہ میں لکھی ہے وہ حدیث یہ ہے کہ بعضے شخص غبار آلودہ
پریشان ہو پرانے پھٹے کپڑے والا جس کو کوئی خیال میں نہیں لاتا اگر وہ قسم کھا بیٹھے اللہ کے بھروسہ
پر تو حق اس کی قسم کو سچا کر دے یعنی خدا کے نزدیک اس کی ایسی جاہت ہے کہ جیسا اس نے کہا
ویسا ہی کر دے انتہٰے اے سالک معلوم کر کہ یہ تصرفات اولیا اور انبیا علیہم السلام کے موقوف اوپر
حیات کے نہیں بلکہ عالم ممات میں بھی تصرفات ان حضرات سے واقع ہوتے ہیں چنانچہ مولانا شاہ
عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ سورہ انشقت کی تفسیر میں مردوں کے حال میں لکھتے ہیں اور بعضے اولیا اللہ
جن کے اللہ تعالےٰ نے محض اپنے بندوں کی ہدایت اور ارشاد کے واسطے پیدا کیا ہے انکو اس
حالت میں بھی اس عالم کے تصرف کا حکم ہوتا ہے اور اس طرف متوجہ ہونے سے ان کے استغراق
میں بکمال وسعت و مدارج کے سبب سے کچھ خلل واقع نہیں ہوتا اور وہ استغراق اس طرف کے متوجہ
ہونے کو بھی منع نہیں کرتا اور لوگ باطنی کمالوں کو انہوں سے حاصل کرتے ہیں اور حاجتمند اور مرادوں
والے اپنی مشکلات کا حل ان سے طلب کرتے ہیں اور پاتے ہیں اور ان کا حال اس وقت میں اس مصرع
کے مضمون پر گواہی دیتا ہے مصرعہ من بجانِ آیم گر تو آئی بہ تن انتہٰے اور حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ
حجۃ البالغہ میں فرماتے ہیں کہ جب مرجاتا ہے فرشتوں میں ملجاتا ہے اور انہوں میں سے ہوجاتا ہے
اور جو وہ کرتے ہیں یہ کرتا ہے اور ان کا سا الہام کرتا ہے اور یہ لوگ کبھو مشغول ہوتے ہیں اللہ کا کلمہ بند
کرنے میں اور اللہ کے گروہ کی مدد کرنے میں انتہٰے اور قول جمیل میں بمقام تصرفات نقشبندیہ کے
لکھتے ہیں کہ نقشبندوں کے عجائب تصرفات ہیں ہمت باندھنا کسی امر پر تو اس مدعا کا ہمت کے موافق ہونا
اور طالب میں تاثیر کرنا اور بیماری کو مریض سے دفع کرنا اور عاصی پر توبہ کا اضافہ کرنا اور لوگوں کے دلوں میں

Marfat.com

تصرف کرنا کہ وہ محبوب اور معظم ہو جاویں یا ان کے خیالات میں تصرف کرنا اُن میں واقعات عظیمہ مثل ہوں اور آگاہ ہو جانا اہل اللہ کی نسبت پر زندہ ہوں یا اہل قبور اور لوگوں کے خطرات قلبی پر اور جو ان کے سینوں میں خلجان کر رہا ہے اُس پر مطلع ہونا اور وقائع آئندہ کا مکشوف ہونا اور بلائے نازل کو دفع کر دینا اور سوائے ان کے اور بھی تصرفات ہیں چنانچہ اس عبارت کے آگے یہ تصرف بھی لکھا ہے وَاِذَا غَابَ الطَّالِبُ فَاِنَّهُمْ يَتَخَيَّلُوْنَ صُوْرَتَهٗ وَيَتَوَجَّهُوْنَ اِلَيْهِ اور جب کہ طالب غائب ہو تو اس کی صورت کو خیال کرتے ہیں اور اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں یعنی غائب کو توجہ دیتے ہیں اُس کی صورت کو خیال کر کے انتہٰے چنانچہ ایک جا پر یہ بھی لکھا ہے کہ اسی طرح پر مرید پیر کی صورت کو بطور رابطہ کے اپنے وہم میں حاضر کر کے استفادہ لیتا ہے لیکن اس مسئلہ میں بھی طرفین نے افراط اور تفریط کو دخل دیا ہے یعنی بعض اُنہوں میں سے رابطہ مرشد کو برزخ بنا کر جو علم اور تصرف اور عبادت اور صفات خاص خدا کے واسطے مقرر ہیں وہ اُس مرشد کے نسبت اعتقاد کر کے شغل برزخ میں مشغول ہوتے ہیں اور اگر کوئی شخص ان بے علموں سے کہے یہ فعل شرک ہے تو اس کو وہابی اور نجدی کہتے ہیں اور بعض اُنہوں میں سے مطلق تصور کو یعنی رابطہ شیخ کو جو یہ اعتقاد نہ رکھتا ہو کہ پیر میرے دل کا حال جانتا ہے یا خود میرے پاس موجود ہو جاتا ہے اور کسی عبادت اور تعظیم اور صفات الٰہی میں شریک نہ کرے فقط تصور وہمی بطور رابطہ کے کرتا ہو خواہ اولیا کا خواہ انبیا کا تو اس کو مشرک اور اُس فعل رابطہ شیخ کو شرک کہتے ہیں اور جو عبارت صراط المستقیم میں مولوی اسمٰعیل صاحب دے باب منع تصور شیخ کے لکھتے ہیں اس کو دلیل میں لاتے ہیں غرض کہ ان دونوں کو شیطان نے راہ حق سے روکا اور جہنم کا دیہ میں جھونکا کیونکہ وہ جو اول صورت بیان کی گئی ہے یعنی شغل برزخ محض شرک اور اُس کا معتقد مشرک ہے خواہ تصور کرے یا نہ کرے کیونکہ یا اعتقاد فقط اُس کا مستلزم شرک ہے اور یہ جو دوسری صورت ہے یعنی تصور وہمی بطور رابطہ کے جائز اور درست ہے اور جو شخص اُس کی تردید میں تمویہات فلاسفہ پیش لا کر وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا کو پڑھے اور رابطہ شیخ کو شرک اور اُس کے مجوزین کو مشرک کہے تو وہ شخص بلا شک وہابی اور نجدی ہے بلکہ خود مشرک اور رخنہ انداز دین محمدی کا

Marfat.com

ہے کیونکہ مولانا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ قول جمیل میں لکھتے ہیں کہ اُس کے جائز ہونے پر اجماع ہے مشائخ چشتیہ اور نقشبندیہ کا فقط اور اجماع کے حق ہونے پر یہ حدیث ناطق ہے لَا تَجْمَعُ اُمَّتِی عَلَی الضَّلَالَۃِ یعنی نہیں جمع ہوتی اُمت میری او پر گمراہی کے یعنی علما اور صلحا انتہے اور جو شخص کہ اجماع کو شرک کا مجوز قرار دے اور فعل اور اجماع کے معتقد کو مشرک کہے وہ خود مشرک ہے اور یہ جو مولوی اسمٰعیل صاحب کی عبارت کو دلیل میں لاتے ہیں یہ محض ان کا خدع اور مکر ہے کیونکہ مولوی اسمٰعیل صاحب نے بھی خاص اس صورت کو شرک نہیں لکھا لیکن تصویر سازی کی حرکت بیان کر کے اس مسئلہ کو تصویر سازی پر قیاس کر کے صراط المستقیم میں یہ تحریر فرماتے ہیں چنانچہ وہ عبارت یہ ہے صورت قرطاسی آنقدر دقائق تصویر را حکایت نمیکند کہ صورت خیالی میکند باوجودیکہ ہر دو بیجان پس اندریں معنی تصویر صورت خیالی ازید ست از صورت قرطاسی چہ فرق درمیان ہر دو نے تواند شد مگر باینکہ درصورت اول در انتظام ظاہر شرع تخلل راہ میباید و درصورت ثانی انتظام ظاہری را آسیبے نمیرسد لیکن قبحیکہ بہ نسبت تاثیر در نفس فاعل اہل کار است درصورت دوم ازید از صورت اولی ست پس باید کہ حرام باشد انتہے اب لک یہ قیاس مولوی اسمٰعیل صاحب کا قیاس مع الفارق ہے یعنی تصویر سازی اور رابطہ شیخ سے کیا نسبت ورنہ اس قیاس مولوی صاحب سے آئینہ دیکھنا بھی تصویر سازی میں داخل ہوتا ہے کیونکہ جو علت مولوی ممدوح صورت خیالی میں فرماتے ہیں وہ علت آئینہ دیکھنے میں موجود ہے کیونکہ جیسی صورت آئینہ میں معہ لون وجلد اور اشعار وخط وخال کے صاف کماحقہ میں یعنی نظر آتے ہیں ایسی صورت قرطاسی اور صورت خیالی میں کیفیت تصویر کی کماحقہ نہیں معلوم ہوتی تو جیسی صورت خیالی صورت قرطاسی سے ازید ہے ایسا ہی صورت آئینہ صورت خیالی سے ازید ہے تو اس صورت میں دیکھنا آئینہ کا بطریق اولی حرام قرار پاتا ہے حالانکہ آئینہ دیکھنا مباح ومستحب ہے بلکہ بعض مواقع پر سنت موکدہ ہے جیسے کہ آرائش نسا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال تاکید فرمائی ہے اور آئینہ آلہ آرائش ہے اور دوسری یہ کہ اس فن کے مجتہدوں اور علمائے ظاہر مستند کی ضد میں قیاس مولوی اسمٰعیل صاحب کا مقبول نہیں کیونکہ وہ مجتہد اور مستند ہیں اور یہ مقلد اور مقلد کا یہ مرتبہ نہیں کہ اجماع مجتہدین کے قیاس کو بمرتبہ بطلان کے قرار دیکر اپنے قیاس خود رائی کو

Marfat.com

ترجیح دے اور تیسری یہ کہ اگر مولوی اسمٰعیل صاحب کو مجتہد بھی قرار دیویں جب بھی مولوی اسمعیل صاحب کا
قیاس بمقابلہ ان مجتہدین مستند کے قابل اعتبار کے نہیں کیونکہ مولوی اسمعیل صاحب کے قیاس کی ضد
میں مجتہد مستند بکثرت ہیں اور ان کی فقط اپنی رائے ہے اور چوتھے یہ کہ اس علم سے جو عالم واقف ہو اور
اس کی واقفیت کے عالم ظاہر مستند شاہد ہوں تو اس کا قول اسباب میں لائق اعتبار کے ہے چنانچہ
مولوی اسمٰعیل صاحب بمقابلہ خواجہ نقشبند اور خواجہ شہاب الدین اور خواجہ معین الدین چشتی اور خواجہ یعقوب چرخی
اور خواجہ عبید اللہ احرار اور امام غزالی اور امام مجدد الف ثانی اور حضرت شاہ عبدالحق محدث اور حضرت شاہ ولی اللہ
محدث اور حضرت شاہ عبدالعزیز وغیرہم رحمہم اللہ در باب علم ولایت و علم نبوت کے اصلا اعتبار نہیں
رکھتے اور پانچویں یہ کہ خود مولوی صاحب اپنے قیاس سے اعراض کر کے صراط المستقیم میں اس عبارت مذکورہ
صراط المستقیم کے جو اوپر مسطور ہوئی آگے لکھتے ہیں چنانچہ وہ عبارت یہ ہے وقطع نظر از یں معنی رواج
شغل برزخ نا قصان را بصورت اول میرساند" انتہٰی اے سالک اس عبارت سے صاف ثابت اور اثبت ہے کہ
مولوی اسمٰعیل صاحب کی مراد وہی شغل برزخ ہے جو اوپر مذکور ہو چکا ورنہ اپنے قیاس سے اعراض نہ کرتے
چنانچہ خود مولوی صاحب در میان تقویۃ الایمان کے اس عبارت کو شغل برزخ قرار دیکر واسطے دفع شبہ
ان بیعقلوں کے بمقام اشراک فی العلم کے مشرح ارقام فرماتے ہیں چنانچہ عبارت یہ ہے یعنی ختم پڑھے
یا شغل کرے اور اس کی صورت کا خیال باندھے اور یوں سمجھے کہ جب میں اس کا نام لیتا ہوں زبان
سے یا دل سے یا اس کی صورت یا اس کی قبر کا خیال باندھتا ہوں تو وہیں اس کو خبر ہو جاتی ہے اور
اس سے میری کوئی بات چھپ نہیں سکتی اور جو مجھ پر احوال گذرتا ہے جیسے بیماری و تندرستی اور کشایش
اور تنگی اور مرنا اور جینا اور غم اور خوشی سب کی اس کو ہر وقت خبر ہے اور جو بات میرے منہ سے نکلتی
ہے وہ سب سن لیتا ہے اور جو خیال و وہم میرے دل میں گذرتا ہے وہ سب سے واقف ہے سو ان
باتوں سے آدمی مشرک ہو جاتا ہے اور اس قسم کی باتیں سب سرکشا ہیں اسکو اشراک فی العلم کہتے ہیں
انتہٰی نہ کہ رابطہ شیخ کو کہ جس پر اتفاق ہے ایک مدت مدید سے علمائے راسخین اور اولیائے متقدمین
اور متاخرین کا بلکہ خود مولوی اسمٰعیل صاحب اور تمام مطیعین مولوی اسمٰعیل صاحب رابطہ گولہ توپ کے

قائل اور مجوز ہیں چنانچہ صراط المستقیم کے افادہ چوتھے میں درمیان شغل نفی کے یہ عبارت لکھتے ہیں وسہل
تصور آنست کہ در سینہ یا شکم خود خیالی خیال کند مشابہ آنکہ گولہ توپ از یک طرف بطرف دیگر رسیدہ
آں مقام بدن را خالی گذاشتہ است و باز ہماں روزن را آہستہ آہستہ فراخ تر وکشادہ تر سازد تاکہ ؎
انجام رسد اور دوسرا طریق تصور مشکل کا یہ لکھتے ہیں و سخت تریں صوری آنست کہ چیزے غنی معنوی کہ
عبارت از فناست از عالم غیب متوجہ بوے شدہ یکبارگی جسم او را متلاشی ساختہ مثل سنگ سخت کہ
پارہ خزفی ست رسیدہ پاش پاش نمودہ متلاشی سازد انتہیٰ اور مولوی سخاوت علی صاحب ساکن جونپور بھائی
مولوی اسمٰعیل صاحب بیچ رسالہ تصوّف مسمی تو بوصول خود تصنیف اپنی کے عبارت چوتھی افادہ مذکورہ کے
معنے لکھتے ہیں وہ عبارت یہ ہے یعنی بعد ذکر کے فکر کرے آنکھ بند کر کے اور دھیان کرے گویا گولہ
تیر کے لگا اور سوراخ ہو گیا اور اس سوراخ نے بڑھتے بڑھتے تمام جسم کو خالی کر دیا جب فکر کامل ہوئی ایسے
ہی تمام عالم کا خالی ہونا دھیان کرے انتہےٰ اے سالک معلوم کر کہ تمام وہابی زلہ خوار فلاسفہ اور عوام
کالانعام جوان کے دام فریب میں گرفتار ہیں وہ رابطہ گولہ توپ کو مستحسن اور باعث انوار الٰہی کا جانتے
ہیں اور رابطہ شیخ کہ جس کو مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور مولانا شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہما نے تمام
علمائے راسخین اور اولیائے متقدمین اور متاخرین کے مطابق اور قرآن اور حدیث سے تطابق دیکر لکھا ہے
اُس کو شرک اور اُس کے مجوزین کو مشرک کہتے ہیں حالانکہ رابطہ گولہ توپ اور رابطہ شیخ میں کچھ فرق نہیں
الا اس قدر کہ یہ تصویر گولہ توپ کا حکم کرتے ہیں اور وہ اولیا اور انبیا علیہم السلام کی صورت متبرکہ کے
تصور کو حکم کرتے ہیں حالانکہ مولوی اسمٰعیل صاحب کا حکم کرنا رابطہ توپ کا فی نفسہ یعنی قرآن اور حدیث اور
کتب اولیائے متقدمین اور متاخرین اور علمائے راسخین اور علمائے ظاہرین سے کہیں پتہ اور نشان نہیں
لگتا کہ کسی نے رابطہ گولہ توپ کا زمانہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے اور اس زمانہ تک لکھا
ہو اور حالانکہ ان سب صاحبوں کے عقیدہ میں یہ طریق قرار پایا ہے کہ جو بعد زمانہ ثلثہ کے کہا ہے
طریق احسن ہو وہ شر اور بد ہے اور باوجود اس عقیدہ اپنے کے تصور گولہ توپ کو باعث انوار اور
تقرب الٰہی کا جانتے ہیں اور حکم کرنا اُن حضرات کا موافق قرآن اور حدیث اور کتب اولیائے متقدمین

اور متاخرین اور علمائے راسخین اور علماے ظاہرین کے ہی بُرا جانتے ہیں حالانکہ انبیا اور اولیاء علیہم السلام کی صورت شریف کے موثر ہونے کے باب میں تمام قرآن اور حدیث اور کتاب علمائے ظاہر مستند اور علماے راسخین اور اولیاے متاخرین او رمتقدمین کے لامال ہے چنانچہ فرمایا حقتعالے نے سورہ کہف کے چوتھے رکوع میں وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ ترجمہ اور تھام رکھ آپ کو ان کے ساتھ جو پکارا کرتے ہیں اپنے رب کو صبح اور شام طالب ہیں اس کے منہ کے اور نہ دوڑیں تیری آنکھیں اُن کو چھوڑ کر انتہٰے اے سالک یہ زلہ خوار فلاسفہ اور ظاہر بیناں اس وقت کے اس آیت سے صحبت جسدی کے قائل ہیں اور صحبت روحی کے منکر حالانکہ حقتعالے خود درمیان اس آیت مذکورہ کے و اصبر نفسک فرماتا ہے نہ واصبر جسدک پر تخصیص جسدی کی کہاں سے نکالتے ہیں کیونکہ تمام علماے مفسرین اور علماے راسخین کی کتابیں صحبت جسمی اور روحی سے مملو اور مشحون ہیں چنانچہ مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے اور حضرت جناب امام حسن علیہ السلام تک صحبت ظاہری اور باطنی کے قائل اور مجوز ہیں چنانچہ حضرت عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ بیچ معنی اس آیت کے مشرح ارقام فرماتے ہیں وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ یعنی رہو تم ساتھ سچّوں کے اور یہ فرمانا حضرت حق کا عام ہے نہ خاص اور جو شخص عام کو مقید ساتھ خاص کے کرے وہ جاہل اور معتزلہ ہے چنانچہ ان سب حضرات کی عبارتیں یہاں پر نقل کی جاتی ہیں فرمایا حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے قول جمیل میں کہ رابطہ شیخ پر اجماع ہے اولیاے چشتیہ اور نقشبندیہ کا چنانچہ وہ عبارت یہ ہے قَالُوْا وَالرُّكْنُ الْاَعْظَمُ رَبْطُ الْقَلْبِ بِالشَّيْخِ عَلٰى وَصْفِ الْمَحَبَّةِ وَالتَّعْظِيْمِ وَمُلَاحَظَةِ صُوْرَتِهٖ مشائخ چشتیہ نے فرمایا ہے کہ رکن اعظم دل کا لگانا اور گانٹھنا ہے مرشد کے ساتھ محبت اور تعظیم کی صفت پر اور پر اُس کی صورت کا ملاحظہ کرنا انتہٰے اور طریق نقشبندیہ میں فرماتے ہیں وَشَرْطُهَا اَنْ يَّكُوْنَ الشَّيْخُ قَوِيَّ التَّوَجُّهِ دَائِمَ الْيَادْداشت فَاِذَا صَحِبَهٗ خَلٰى نَفْسَهٗ عَنْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا مَحَبَّتَهٗ وَيَنْتَظِرُ لِمَا يُفِيْضُ مِنْهُ وَيُغَمِّضُ عَيْنَيْهِ اَوْ يَفْتَحُهُمَا وَيَنْتَظِرُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ

Marfat.com

الشَّیخِ فَاِذَا اَفَاضَ شَیْئٌ فَاتْبَعْهُ بِجَامِعِ قَلْبِهٖ وَ لْیُحَافِظْ عَلَیْهِ وَاِذَا غَابَ الشَّیْخُ عَنْهُ یُخَیِّلُ صُوْرَتَهٗ بَیْنَ عَیْنَیْهِ بِوَصْفِ الْمَحَبَّةِ وَ التَّعْظِیْمِ نَتُفِیْدُ صُوْرَتُهٗ مَا تُفِیْدُ صُحْبَتُهٗ

ترجمہ اور رابطہ مرشد کی شرط یہ ہے کہ مرشد قوی التوجہ ہو اور یادداشت کی مشق دائمی رکھتا ہو جب ایسے مرشد کی صحبت کرے تو اپنی ذات کو ہر چیز کے تصور اور خیال سے خالی کر ڈالے سوا اُس کی محبت کے اور اُس کا منتظر رہے جس کا اس کی طرف سے فیض آوے اور دونوں آنکھیں بند کرلے یا اُن کو کھول دے اور مرشد کی دونوں آنکھوں کے بیچ میں ٹکی لگا دے پھر جب کسی چیز کا فیض آوے تو اُس کے پیچھے پڑجاوے اپنے دل کی جمعیت سے اور چاہیے کہ اُس فیض کی محافظت کرے اور جب مرشد پاس نہ ہو تو اُس کی صورت کو اپنی دونوں آنکھوں کے درمیان خیال کرتا رہے بطریق محبت اور تعظیم کے تو اس کی خیالی صورت وہ فائدہ دیگی جو اس کی صحبت فائدہ دیتی تھی انتہٰی اور یہ عبارت دوسری جگہ بتاکید فرماتے ہیں وَثَالِثُهَا الرَّابِطَةُ بِالشَّیْخِ تیسرا طریقہ وصول الی اللہ کا رابطہ اور اعتقاد کامل بہم پہنچاتا ہے اپنے مرشد کے ساتھ اور فائدہ اس کا مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ لکھا ہے کہ حق یہ ہے کہ سب راہوں سے یہ راہ زیادہ تر قریب ہے گاہے مرید میں قابلیت نہیں ہوتی تو اُس کی مزید محبت سے مرشد اس میں تصرف کرتا ہے انتہٰی اور ماخذ اس مسائل کا ان حضرات نے اس آیہ اور حدیث کو قرار دیا هُمُ الَّذِیْنَ اِذَا رُؤُوْا ذُکِرَ اللّٰهُ انتہٰی یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ انتہٰی اور آیت مذکورہ کے معنے حضرت عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ یہ فرماتے ہیں۔ اَلْکَیْنُوْنَةُ مَعَ الصّٰدِقِیْنَ الْمَامُوْرُ بِهَا فِیْ کَلَامِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَلْکَوْنُ مَعَهُمْ صُوْرَةً وَمَعْنًی اور حضرت ملا جامی نے رشحات میں حضرت عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو یوں نقل کیا ہے کہ کینونتہ مع الصادقین یا دو معنی ست کینونتی بحسب صورت واں آنست کہ مجالست و مصاحبت را باہل صدق لازم وقت خود گیرد تا بسبب صحبت ایشاں باطن وے از انوار صفات و اخلاق ایشاں منور گردد و کینونتہ بحسب معنی واں آنست کہ از رہ گذر باطن بطریقہ رابطہ ورزد و بنسبت طائفہ کہ ایشان

استحقاق و استگی داشتہ باشد و صحبت راحصر بکند درآنکہ ہمیشہ بچشم ناظر باشد بلکہ چناں سازد کہ صحبت دائمی شود و از صورت بمعنی عبور کند تا ہمیشہ واسطہ در نظر باشد چوں ایں معنی را بسبیل دوام رعایت کند سر وے را با سر ایشاں مناسبتے و اتحادے حاصل شود بدیں واسطہ آنچہ مقصود اصلی ست حاصل حقیقت وے شود انتہٰے یعنی کینونتہ مع الصادقین کے دو معنی ہیں ظاہر اور باطن اور ظاہر کینونتہ کے یہ معنی ہیں کہ طالب حق مجالست اور مصاحبت اہل صدق کی اپنے اوپر لازم پکڑے تا بہ سبب دوام صحبت اُنھوں کے باطن طالب کا ساتھ انوار صفات اور اخلاق اُنھوں کے سے منور ہو اور کینونتہ معنوی کے یہ معنی ہیں کہ راہ باطن سے طریقہ رابطہ کا قبول کرے ساتھ اُس طائفہ کے جو اُس کی قابلیت رکھتا ہو اور رابطہ کو صحبت پر موصوف نہ رکھے ہمیشہ ساتھ چشم باطن کے نظر کرتا رہے بلکہ ایسا رابطہ حاصل کرے کہ صحبت دائمی ہو جاوے پھر صورت سے طرف معنی کے عبور کرے تاکہ ہمیشہ رابطہ بیچ نظر کے رہے اور جب طالب اس معنی کے تئیں ساتھ سبیل دوام کے رعایت کرے تو بھید اُس کے کے تئیں ساتھ بھید اُنھوں کے ایک مناسبت اور اتحاد حاصل ہو تو ساتھ اس رابطہ کے جو کچھ مقصود اصلی ہے حاصل حقیقت طالب کے ہو انتہٰے اور حضرت خواجہ عبید اللہ احرار فرماتے ہیں کہ میں نے اجازت اشتغال نقشبندیہ کی چاہی حضرت امام یعقوب چرخیؒ نے سب طریقے مجھ کو بتائے جب پہنچے رابطہ پر فرمایا بتا اس کو اُسے جس کو مستعد پاوے بغیر وہشت کے انتہٰے دیکھا چاہیئے حضرت خواجہ یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ کا کیا مرتبہ ہے علم ظاہر اور علم باطن میں عالم ظاہر ان کا ظاہر ہے کہ مفسر ہیں قرآن مجید کے اور تفسیر اُن کی مستند اکابر کے نزدیک اور عالم باطن کا حال دیکھا چاہیئے کہ خلیفہ ہیں حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبندؒ کے قدس سرہما انتہٰے حضرت مولوی در تکملہ حاشیہ نفحات الانس از حال خود بایں عنوان تعبیر کردند کہ فقیرے را دغدغہ شغل بدیں طریق دست دادہ بود و بملازمت آمدہ استدعاے تعلیمی کردہ ایشاں او را تلقین ذکر لا الٰہ الا اللہ کردہ اند و مشروط بحفظ صورت مبارک خود ساختہ آں شخص در ہماں صحبت بفرمودۂ ایشاں مشغول گشتہ فی الحال وے را اثر معہودۂ ایں طائفہ بظہور آمد و خود را در فضاے روشن دید و وے را لذت قوی و شوق عظیم دست دادہ انتہٰے یعنی

Marfat.com

حضرت مولوی عبدالغفور رحمۃ اللہ علیہ نے درمیان تکملہ حاشیہ نفحات الانس کے حال اپنے کو یوں تعبیر کیا ہے کہ فقیر کو قصد طریق نقشبندیہ کا تھا اور بیچ خدمت مولوی جامی کے گیا اور تعلیم اشغال نقشبندیہ کی چاہی مجھ کو ذکر لا الٰہ الا اللہ کا بتایا اور شرط یہ لگائی کہ میری صورت کا بھی خیال رکھنا میں بیچ اسی صحبت کے موافق ارشاد اُن حضرت کے مشغول ہو گیا فی الحال بیچ اس کے اثر حاصل ہو گیا اور میں نے اپنے تئیں ایک فضائے روشن میں دیکھا اور مجھ کو بڑی لذّت اور بڑا شوق حاصل ہوا انتہے اور اخون درویزہ رحمۃ اللہ علیہ کہ علم ان کا ولایت میں مشہور اور معروف ہے جیسے شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ہندوستان میں مستند ہیں ویسے ہی وے بھی ولایت میں مشہور اور مستند ہیں اور اکابر اولیا میں سے ہیں بیچ ارشاد الطالبین کے فرماتے ہیں سوم آنکہ دل را از مجاہدہ مشاہدہ حاصل میشود واگر تجلی رحمانیہ است نیز دراں آوان ذکر را از دست ندہد۔ اگر ملک و ملکوت بہشت و دوزخ باشد ازاں نیز برگردد و باید کہ ذکر ترک نہ دہد واگر شیطانی و دنیاے است صورت مرشد را در دل گذارند تا دفع شود و بعد و شیخ نوری ذکر باطن او بیفزاید انتہے یعنی تیسرے یہ کہ دل کو بہ سبب مجاہدہ اور ریاضت کے مشاہدہ حاصل ہوتا ہے پس اگر تجلی رحمانی ہے تو اس دم بھی ذکر کو نہ چھوڑے اگر ملک اور ملکوت اور بہشت اور دوزخ ہو تو اُس سے بھی پھر جاوے اور ذکر کو ترک نہ کرے اور اگر شیطانی اور دنیائی ہے تو صورت مرشد کی دل میں لاوے تا کہ وہ دفع ہو جاوے اور ساتھ مدد شیخ نوری کے ذکر اُس کے دل میں زیادہ ہو جاوے انتہے اور حضرت شاہ کلیم اللہ کہ فاضل اجل و فقیر اکمل و مرشد ان مرشد حضرت مولانا مولوی فخر الدین رحمۃ اللہ علیہ کے ہیں درمیان کشکول اپنے رابطہ صورت کے تئیں بیچ شرط ذکر کے لائے ہیں اور فرماتے ہیں و احضار صورت شیخ در ذکر او کہ شرائط ست و معلوم ست کہ وجود مشروط بدون شرط ممکن و مفید مدعا نیست پس قرب الٰہی و تقرب بارگاہ خدائی کہ مقصود اصلی است بدون توجہ بصورت شیخ نزد اہل عرفان و صاحبان ایقان متصور نیست انتہے یعنی حاضر کرنا صورت شیخ کا درمیان ذکر کے اہم شرط ہے اور ظاہر ہے کہ وجود مشروط کا بغیر شرط کے ممکن اور مفید مدعا کا نہیں پس حاصل ہونا قرب الٰہی

Marfat.com

اور تقرب بارگاہ خدائی کا مقصود اصلی ہے بدون توجہ ساتھ صورت شیخ کے نزدیک اہل عرفان اور صاحبوں ایقان کے متصور نہیں انتہے اور حضرت مولانا محمد اسحاق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مایۃ المسائل میں سوال کے جواب میں لکھا سوال یوں ہے کہ تصور نمودن صورت شیخ در وقت ذکر چہ حکم دارد جائز یا گناہ و کدام گناہ جواب تصور نمودن صورت شیخ بایں وضع کہ بسبب اطلاق و وسعت او را اطلاع شود و صورت او را برزخ سازد و ایں پندارد کہ ارواح مشائخ دریں وقت حاضر مے شوند میداند درست نیست بلکہ کفرست و اگر تصور صورت شیخ بطور رابطہ باشد پس معمول بعضے مشائخ رست انتہے یعنی تصور کرنا پیر کا ساتھ اس وضع کے اعتقاد رکھے کہ بہ سبب وسعت علم کے اس کی اطلاع ہوتی ہے اور صورت مرشد کو برزخ بنا کر یہ جانے کہ روحیں پیروں کی اس وقت حاضر ہوتی ہیں اور جانتی ہیں یہ تصور نادرست بلکہ کفر ہے اور اگر تصور صورت پیر کا بطور رابطہ کے ہو تو پس بعضے مشائخ نے ایسا کیا ہے انتہے اور یہ جو بعض بعض بدعتی اور وہابی اس جواب مولانا پر معترض ہو کر اس عبارت رسالہ کہ یہ حضرت امام قطب الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کی فَاِذَا تَذَکَّرَ الْمُرِیْدُ بِقَلْبِہِ الشَّیْخَ قَرُبَ اِلَیْہِ فَیَتَعَلَّقُ بِہٖ قَلْبُہٗ فَاسْتَفَادَ مِنْہُ فَاِذَا احْتَاجَ الْمُرِیْدُ اِلَی الشَّیْخِ لِحَلِّ وَاقِعَۃٍ یَسْتَحْضِرُ الشَّیْخَ بِقَلْبِہٖ وَیَسْئَلُ لَہٗ عَمَّا شَاھَدَہٗ لَا بِلِسَانِ الظَّاھِرِ بَلْ بِلِسَانِ الْقَلْبِ فَیُلْھِمُہٗ رُوْحُ الشَّیْخِ مَعْنَی الْوَاقِعَۃِ عَقِیْبَ السُّؤَالِ وَاِنَّمَا یَتَیَسَّرُ لَہٗ ذٰلِکَ بِوَاسِطَۃِ رَبْطِ قَلْبِہٖ بِالشَّیْخِ یعنی اور جس وقت یاد کرتا ہے مرید ساتھ قلب اپنے کے شیخ کو تو قریب ہوتا ہے شیخ طرف مرید کے پس تعلق پکڑتا ہے ساتھ شیخ کے دل مرید کا پس استفادہ لیتا ہے اسی شیخ سے اور جس وقت کہ محتاج ہوتا ہے مرید طرف شیخ کے واسطے حل کرنے مطلب اپنے کے حاضر کرتا ہے شیخ کو اپنے دل میں اور سوال کرتا ہے اسی شیخ سے اس چیز کا کہ دیکھی ہے مرید نے اور نہیں سوال کرتا ساتھ زبان ظاہری کے بلکہ سوال کرتا ہے ساتھ زبان باطنی کے پس الہام کرتی ہے مرید کو روح شیخ کی معنی واقعہ کے تئیں بعد سوال کے اور سوا اس کے نہیں کہ حل ہوتا ہے واسطے مرید کے وہی واقعہ دیدہ بسبب تعلق پکڑنے قلب رابطہ شیخ کے انتہے گذران کر کہتے

Marfat.com

ہیں کہ مولانا نے یہ فتوے خلاف عقیدہ اولیائے کرام کے دیا اور بعضے وہابی کہتے ہیں کہ یہ عبارت حضرت امام قطب الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کی بوے شرک سے خالی نہیں نعوذ باللہ منہا اہل حق ان بیہودوں کے درمیان میں بمنزلہ نشان کے ہیں حالانکہ یہ بیہودہ خود سخن فہم اُن حضرات کے نہیں کیونکہ مولانا کی غرض ہی شغل برزخ ہے جو اوپر مذکور ہے یعنی علم حقیقی اور متصرف مطلق ہر شئے کا ہر ساعت اور ہر آن میں جان کر جو شخص متوجہ بصورت پیر کے ہو تو وہ شخص نزدیک جمیع علمائے ظاہری کے اور باطنی کے مشرک ہے نہ فقط نزدیک مولانا کے اور کہنا حضرت امام قطب الدین رحمۃ اللہ علیہ کا از روے کسب اور واقعہ تصور کے ہے یعنی اکثر اوقات اولیا اللہ اوپر دلوں طالبان حق کے بواسطہ الہی مطلع ہو کر وساوس شیطانی اور خیالات نفسانی سے آگاہ کر کے دلوں طالبان حق کو متوجہ طرف خداوند تعالےٰ کی کرتے ہیں تو اس کے کہنے سے شرک لازم نہیں آتا چنانچہ اس کی یہ مثال ہے یعنی کوئی شخص کہے کہ میں نے فلانی دوا سے شفا پائی یا یوں کہے کہ فلانے کو فلانے نے مار ڈالا تو اس کے کہنے سے شرک تو درکنار گنہگار بھی نہیں ہوتا کیونکہ شریعت خود اس ممات کی ممیت کو ممیت قرار دیکر قصاص کا حکم کرتی ہے تو اس سے صاف معلوم ہوا کہ جب تک اس ممات کی ممیّت کو ممیّت حقیقی اور اس دوا کو موثر حقیقی نہ جانے تو مشرک نہیں ہونا چاہے شب و روز اس کا وظیفہ کرے کیونکہ یہ کہنا مشارکت رسمی ہے یہ تحقیقی اور جو اس کو شرک جانے وہ خود مشرک ہے فقط اور دوسرا اعتراض بدظنیوں کا یہ ہے کہ مولانا نے سوال کے جواب میں یہ لکھا ہے کہ رابطہ شیخ کو بعض بعض مشائخ نے کیا ہے حالانکہ مشائخ کرام کا رابطہ شیخ پر اتفاق ہے اس کا یہ جواب ہے کہ مولانا کی یہ غرض ہے کہ مشائخ باطن نے کیا ہے نہ مشائخ ظاہر نے انتہٰے اور حضرت شاہ عبد العزیز قدس سرہٗ فتح العزیز میں سورہ مزمل میں بیچ معنی آیت وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا کے فرماتے ہیں یاد کن پروردگار خود را خواہ اسم پروردگار محض تنہا باشد یا در ضمن تحلیل کہ نفی و اثبات است یا ضمن تسبیح و حمد و تکبیر و لاحول و دیگر اذکار مسنونہ باشد خواہ کیفیت یک ضربی باشد خواہ دو ضربی فصاعداً و خواہ با حبس نفس و خواہ بے حبس

Marfat.com

نفس وخواہ بدوں برزخ خواہ با برزخ خواہ سہ رکنی خواہ ہفت رکنی وخواہ بشرائط عشرہ کہ در شد و مد و
تحت و فوق و محاربہ و مراقبہ و محاسبہ و مواعظہ و تعظیم و حرمت ست وخواہ بدوں ایں شرائط الی
غیر ذالک من الخصوصیات التی استنبطہا المدون من الطریق وتعیین احد الشقین مفوض بید
شیخ و مرشد ست کہ بحسب حال ہرچہ را اصلح دانند تلقین فرمایند و از خصوصیتے بخصوصیتے نقل و تحویل کنند
چنانچہ در آیہ دیگر فرمودہ اند فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ انتہے یعنی یاد کرنا نام پروردگار
اپنے کا خواہ وہ نام تنہا ہو یا بیچ ضمن تہلیل کے کہ عبارت نفی و اثبات ہے یا بیچ ضمن تسبیح اور حمد اور
تکبیر اور لاحول کے ہو اور دوسرے اذکار مسنونہ کے ہو خواہ کیفیت یک ضربی کی ہو خواہ دو ضربی کی ہو
اور اسی طرح سے سہ ضربی اور چہار ضربی وغیرہ کی ہو خواہ حبس نفس کی ہو خواہ بدوں برزخ کے ہو خواہ
ساتھ برزخ کے ہو خواہ سہ رکنی خواہ ہفت رکنی خواہ ساتھ شرائط عشرہ کے ہو کہ بیچ شد اور مد اور
تحت اور فوق اور محاربہ اور مراقبہ اور محاسبہ اور مواعظہ اور تعظیم اور حرمت کے ہو اور خواہ بدوں برزخ
اور خواہ ساتھ برزخ کے ہو اور خواہ بدوں ان شرطوں کے خواہ ساتھ ان خصوصیات کے کہ نکالیں
ہیں مدبرین نے اہل طریق سے اور معین کرنا ایک طریق کا ان طریقوں سے مفوض ہے ساتھ ہاتھ
شیخ اور مرشد کے کہ مناسب حال مرید کے جس طریقہ کو مرشد بہتر جانے تلقین فرماوے اور ایک خصوصیت
سے صرف دوسری خصوصیت کے نقل اور تجاوز کرے چنانچہ فرمایا پروردگار نے بیچ آیہ دوسری
کے پس سوال کرو تم اہل ذکر سے اگر تم نہیں جانتے انتہے اور حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کہ
قامع البدعت ہیں اپنے تیئسویں مکتوب میں لکھتے ہیں الحمد للہ والسلام علی عبادہ الذین اصطفےٰ
صحیفہ کہ اخوین واعزین اشرفین ارسال داشتہ بودند رسید وگفت احوال کہ اندراج یافتہ بود بوضوح
انجامید خواجہ اشرف در زمین رابطہ نوشتہ بودند کہ بحدے استیلا یافتہ است کہ در صلوٰۃ آں را
مسجود خود میدانند واگر فرضاً نفی کنند منفی نمیگردد محبت اطوار ایں دولت متمناّئے طلاب ست
از ہزاراں بیکے دہند صاحب ایں معاملہ مستعد تام المناسبۃ است یحتمل کہ در اندک مدت صحبت
شیخ کامل مقتدا ئے جمیع کلمات او راجذب نماید رابطہ را چرا منفی کنند کہ او مسجود الیہ است نہ مسجود لہ

Marfat.com

چرا محاریب مسجد را نفی نکنند ظہور این قسم دولت سعادتمنداں را میسر است تا در جمیع احوال صاحب رابطہ خود دانند و در جمیع اوقات متوجہ او باشند نہ در رنگ جماعت بیدولت کہ خود را مستغنی دانند و قبلہ توجہ از شیخ خود منحرف سازند و معاملہ خود برہم زنند انتہٰی یعنی سب تعریف واسطے اللہ کے ہے اور درود اوپر بندہ اس کے کے جو برگزیدہ ہیں خط دونوں بھائیوں عزیزوں نے بھیجا تھا پہنچا تھا جو کچھ مضمون اُس کا تھا معلوم ہوا خواجہ محمد اشرف نے ورزش رابطہ کی لکھی ہے کہ ساتھ اس حد کے غالب ہوئی ہے کہ مسجود معلوم ہوتی ہے اگر منفی کرتے ہیں تو نفی نہیں ہوتی اے دوست یہ دولت مرغوبہ مطلوب طالبان حق کی ہے کہ ایسی دولت ہزاروں طالبوں سے کسی ایک کو حقتعالیٰ عنایت کرتا ہے صاحب اس مرتبہ کا استعداد و مناسبت کمال کی رکھتا ہے غالب ہے کہ تھوڑی سی مدت کی صحبت شیخ کامل کی کہ موصوف ساتھ اکثر کمالات کے ہے اُس کے تئیں جذب کرے اور رابطہ کے تئیں کیوں نفی کرتا ہے کیونکہ رابطہ مسجود علیہ ہے نہ مسجود لہ اور اگر یہ نہیں تو مساجد اور محرابوں کو کیوں نہیں نفی کرتا ظہور ایسی دولت عظمےٰ کا واسطے طالبان سعادتمندوں کے ہوتا ہے تا کہ صاحب رابطہ کا اپنے آپ کو بروقت داخل رابطہ کے رکھے اور بیچ جمیع اوقات کے اس کی طرف متوجہ رہے نہ مانند جماعت بدبختوں کے کہ اپنے تئیں رابطہ شیخ سے مستغنی جانتے ہیں اور قبلہ توجہ کا شیخ اپنے سے برخلاف گردانتے ہیں اور حال باطن اپنے کو تباہ کرتے ہیں چنانچہ حضرت جامی فرماتے ہیں ؎

بر مسند فقر گر بہ بینی شاہے	از سر حقیقت بہ یقیں آگاہے
گر نقش کنی بلوح دل صورت او	زاں نقش بہ نقشبند یابی راہے

دیگر شاعرے

سرمدغم عشق بوالہوساں را ندہند	نہ خود منشاں و خود پسنداں را ندہند
از نقش تواں بسوے نقاش شدن	ایں نقش غریب نقشبنداں دانند

اے سالک معلوم کر کہ حضرات اولیاے کرام درباب ذکر اور رابطہ شیخ کے یہ ارشاد کرتے ہیں کہ طالب صادق کو چاہئے کہ ذکر قصدی اور رابطہ شیخ کو بوقت نماز کے قبل نیت نماز کے موقوف رکھے اور

Marfat.com

اگر بغیر قصد کے طالب کے دل میں ذکر پیدا ہو یا صورت شیخ ورآوے تو غنیمت کبر لے گنے
مگر صورت پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز میں بوقت السلام علیک کے بیچ آنکھ دل
اپنی کے قصداً ور لاوے تاکہ خشوع اور خضوع تام حاصل ہو چنانچہ فرمایا ابن حجر مکی محدث رحمۃ اللہ
علیہ نے شرح عناب میں بیچ معنی کلمہ تشہد کے رخوطب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَاَنَّہٗ اِشَارَۃٌ اِلٰی
اِنَّہٗ تَعَالٰی یَکْشِفُ لَہٗ عَنِ الْمُصَلِّیْنَ مِنْ اُمَّتِہٖ حَتّٰی یَکُوْنَ کَالْحَاضِرِ مَعَھُمْ لِیَشْھَدَ لَھُمْ بِاَفْضَلِ
اَعْمَالِھِمْ وَلِیَکُوْنَ تَذَکُّرُ حُضُوْرِہٖ سَبَبًا لِمَزِیْدِ الْخُشُوْعِ وَالْحُضُوْرِ یعنی مخاطب کیئے گئے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم اس واسطے کہ گویا اشارہ ہے اسبات کی طرف کہ خداوند تعالیٰ ان کو اپنی امت
کے نمازیوں سے آگاہ کرتا ہے تاکہ ہووے حاضر ساتھ ان کے اور شہادت دیوے اُن کے بہتر
اعمال کی اور ہووے دل میں لانا حضور ان کے کا سبب واسطے زیادتی حضور اور خشوع کے انتہےٰ
اور حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں باب حضور القلب فی الصلوٰۃ میں
وَاحْضُرْ فِیْ قَلْبِکَ النَّبِیَّ صلعم وَشَخْصَہُ الْکَرِیْمُ وَقُلِ السَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ یعنی نماز میں
وقت پڑھنے السلام علیک ایہا النبی کے حاضر کر بیچ دل اپنے کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن
کی صورت شریف کو اور کہ السلام علیک ایہا النبی انتہےٰ اور حضرت شیخ الشیوخ امام شیخ شہاب الدین
سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے عوارف المعارف میں بیچ باب صلوٰۃ اہل قرب کے فرمایا ہے وَیُسَلِّمُ
عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَیُمَثِّلُہٗ بَیْنَ عَیْنَیْ قَلْبِہٖ یعنی التحیات میں السلام علیک کہنے
کے وقت سلام کرے اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور صورت شریف ان کی لاوے بیچ دونوں آنکھ
دل اپنے کے انتہےٰ اور حضرت مولانا شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ترجمہ مشکوٰۃ میں بیچ
معنی التحیات کے فرماتے ہیں یعنی دعا بخیر سلامت بر تو اے پیغمبر و مہربانیہائے خدا و افزونیہائے
خیر و کرم او و وجہ خطاب آنکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ نصب العین مومنان قرۃ العین عابداں
باشد در جمیع اوقات و احوال خصوصاً در حالت عبادت و آخر آنکہ وجود نورانیت و انکشاف دریں محل
بیشتر و قوی ترست انتہےٰ یعنی دعا ساتھ خیر اور سلامتی کے اوپر تیرے اے نبی اور مہربانیاں اور بہت

خیروکرم اُس کا اور وجہ مخاطب کرنے رسول اللہ صلعم کی یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ پیش نگاہ مسلمانوں کے رہیں ہر وقت اور ہر حال میں خصوصاً حالت عبادت میں اس واسطے کہ اس جگہ نورانیت اور انکشاف زیادہ بہ نسبت اور جگہ کے ہے انتہیٰ اور شمائل ترمذی میں یہ حدیث مذکور ہے حدثنا سفیان ابن وکیع حدثنا جمیع عبدالرحمان العجلی املاء علینا من کتابہ قال حدثنی رجل من بنی تمیم من ولد ہالۃ زوج خدیجہ یکنی اباعبداللہ عن ابن لابی ہالۃ عن الحسنؓ ابن علیؓ قال سالت خالی ہند ابن ابی ہالۃ وکان وصافا عن حیلۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وانا اشتھی ان یصف لی منہا شیئاً تعلق بہ یعنی فرمایا حضرت امام علیہ السلام نے کہ پوچھا میں نے اپنے ماموں ابن ابی ہالہ سے اور تھے وہ بہت صفت کرنے والے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت مبارک کے اور میں چاہتا تھا کہ بیان کریں آپ کی صورت شریف تو تعلق پکڑوں اس صورت شریف سے انتہیٰ اور تصور بھی اسی کو کہتے ہیں کہ مرشد کی صورت سے تعلق پکڑے انتہیٰ اے سالک سوائے ان اسناد متعددہ کے تمام کتب علمائے راسخین یعنی جو ارباب سلوک کے تصنیف ہوئی ہیں رابطہ شیخ سے مالا مال ہیں کہاں تک بیان کیا جائے انہیں اسناد مذکور پر اکتفا کی کیونکہ عاقل کو ایک نکتہ بس ہے اور نادان کو دفتر بھی کفایت نہیں کرتا اور دوسری بات یہ معلوم کرنا چاہیئے کہ بعض بعض زلہ خوار فلاسفہ کہتے ہیں کہ یہ اشتغال مذکورہ بدعت سیئہ ہیں اے سالک یہ کہنا بھی ان بیہودوں کا شیطانیت سے خالی نہیں لیکن اس کا جواب مولوی خرم علی صاحب نے قول جمیل میں خوب دندان شکن لکھا ہے وہ جواب یہ ہے مترجم کہتا ہے کہ حضرت مصنف محقق یعنی مولانا شاہ ولی اللہ محدث رحمۃ اللہ علیہ نے کلام دلپذیر اور تحقیق عدیم النظیر سے شبہات ناقصین کو جڑ سے اُکھاڑ دیا بعضے نادان کہتے ہیں کہ قادریہ اور چشتیہ اور نقشبندیہ کے اشغال مخصوصہ صحابہ اور تابعین کے زمانہ میں نہ تھے تو بدعت سیئہ ہوئی خلاصہ جواب یہ ہے کہ جس امر کیواسطے اولیائے طریقت رضی اللہ عنہم نے یہ اشتغال مقرر کیئے ہیں وہ امر زمان رسالت سے اب تک برابر چلا آتا ہے گو طرق اس کے مختلف ہیں تو فی الواقع اولیائے طریقت مجتہدین شریعت کے مانند ہوئے مجتہدین

شریعت نے استنباط احکام ظاہر شریعت کے اصول ٹھیرالئے اور اولیاے طریقت نے باطن شریعت کی تحصیل کی جس کو طریقت کہتے ہیں قواعد مقرر فرمائے تو یہاں بدعت سیئہ کا گمان سراسر غلط ہے ہاں یہ البتہ ہے کہ حضرات صحابہ کو بہ نسبت صفائی طبیعت اور حضور خورشید رسالت کی تحصیل نسبت میں ایسے اشغال کی حاجت نہ تھی بخلاف متاخرین کے کہ اُن کو بسبب بُعد زمان رسالت کے البتہ ایسے اشغال مذکورہ کی حاجت ہوئی جیسی صحابہ کرام کو قرآن اور حدیث کی فہم میں قواعد صرف و نحو کی حاجت نہ تھی اور اہل عجم اور بالفعل کے عرب اُس کے محتاج ہیں واللہ اعلم انتہٰے اور یہ جو بعض بعض بیہودہ کہتے ہیں کہ ہم کو مجتہدین باطن سے کیا غرض ہے یہ بھی کہنا ان بیہودوں کا بے دینی سے خالی نہیں کیونکہ اہل سنت کے نزدیک دونوں مجتہدوں کا مرتبہ واحد ہے یعنی جو ایک کا منکر ہے وہ دونوں کا منکر ہے اور جو ایک کا مطیع ہے وہ دونوں کا مطیع ہے اور یہ دونوں واجب الاطاعت اور تعظیم ہیں چنانچہ تفسیر عزیزی میں لکھا ہے وازانجملہ مجتہدین شریعت و شیوخ طریقت اند کہ حکم ایشاں بطریق واجب نیز لازم الاتباع ست بر عوام امت زیراکہ فہم اسرار شریعت و دقائق طریقت ایشاں راہسر است چنانچہ فرمایا حقتعالے نے فَاسْئَلُوْا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ یعنی جن کی تابعداری اور اتباع واجب ہے اُن میں سے مجتہدین شریعت اور شیوخ طریقت ہیں کہ حکم اُن کا بطریق واجب لازم الاتباع ہے اوپر اُمت کے اس واسطے کہ سمجھنا بھیدوں شریعت اور دقائق طریقت کا انہوں کا میسر ہے چنانچہ حقتعالیٰ فرماتا ہے کہ پوچھو تم اہل ذکر سے اگر تم نہ جانو انتہٰے اے سالک معلوم کر کہ باوجود اس اجماع کثیر علماے راسخین اور علماے ظاہرین اور اولیائے متقدمین اور متاخرین مع اس اسناد قویہ اور دلائل قاطع اور ساطع کے یہ زلہ خوار فلاسفہ اپنی شرارت سے باز نہیں آتے یعنی رابطہ شیخ کو شرک اور اُس کے مجوز کو مشرک کہتے ہیں تو تمام اولیاے اللہ اور علماے راسخین نزدیک ان بیہودوں کے گویا مشرک ہیں نعوذ باللہ منہا اے سالک وہ تو تمام اولیا اللہ مومن کامل ہیں مگر جو شخص مجوزین رابطہ شیخ کو مشرک جانے وہ بموجب اس حدیث کے جو مشارق الانوار میں واقع ہے مشرک ہے وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ

Marfat.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرْمِیْ رَجُلٌ رَجُلًا بِالْفُسُوْقِ وَلَا یَرْمِیْہِ بِالْکُفْرِ اِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَیْہِ اِنْ لَّمْ یَکُنْ صَاحِبُہٗ کَذٰلِکَ رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ اے سالک بعضے زلہ خوار فلاسفہ کہتے ہیں کہ فقہ سے رابطہ شیخ کا کہیں پتہ اور نشان نہیں لگتا یہ کہنا بھی ان بعقلوں کا ساتھ دو وجہ کے نادانی سے خالی نہیں ایک تو یہ کہ فقہ میں اعمال جوارح کا بیان نہ مسائل باطنہ کا اور مسائل باطنہ کا فقہ سے چاہنا ایسا ہے جیسے نان پز کی دوکان سے شیرینی طلب کرنا اور دوسری یہ کہ یہ بعقل بسبب تکبر علم اور ہمہ دانی ہر علم کے گرفتار دام شیطان کے ہیں اور یہ نہیں جانتے کہ اصل اشیا میں کیا ہے اے سالک معلوم کر کہ جس شے پر کوئی نص بطور امر یا نہی کے وارد نہ ہوئی ہو اس میں اصل اباحت ہے اور یہی مختار جمہور ہے چنانچہ کتب اصول مثل مسلم الثبوت وغیرہ سے ثابت ہے اَصْلُ الْاَفْعَالِ الْاِبَاحَۃُ کَمَا ھُوَ مُخْتَارُ اَکْثَرِ الْحَنَفِیَّۃِ وَالشَّافِعِیَّۃِ اصل اشیا میں اباحت ہے چنانچہ یہی مختار ہے نزدیک اکثر حنفیہ و شافعیہ کے انتہیٰ پس از روے فقہ کے بھی جواز رابطہ شیخ کا ثابت اور اثبت ہے اور بعضے نادان یوں کہتے ہیں کہ رابطہ شیخ جائز اور درست ہے لیکن ہم از روے مصلحت کے منع کرتے ہیں یعنی یہ لوگ رفتہ رفتہ کہیں پیر پرست نہ ہو جائیں تو اے سالک اس کا جواب یہ ہے یہ احتمال بہت سی باتوں میں ہو سکتا چنانچہ نماز جماعت یعنی ایسا نہ ہو کہ کہیں یہ نمازی رفتہ رفتہ امام کو سجدہ کرنے لگیں یا مسجد کو مسجود لہ جانکر مسجد اور امام پرست بنجائیں اے سالک یہ احتمال غلط اور وسوسہ شیطانی ہے کہ وہم احتمال بد سے یقینی امر حسنات کو منع کر کے اولیاے اللہ اور علماے راسخین سنند کو مشرک اور عوام کالانعام سے کہلانا محض اپنا کافر بنانا ہے یہ وہ مثل ہے کہ لومڑی اوروں کو شگون بتاوے اور اپنا پیٹ کتوں سے پھڑواوے یعنی کافر ہوئے تو ہوئے مصلحت تو جاری رہی اور یہ جواب الزامی ہے یعنی جیسے رابطہ انبیا اور اولیاے میں مشرک کا احتمال ہے ویسا ہی رابطہ گولہ توپ میں شرک کا احتمال ہے پھر اس کو کیوں مستحسن اور باعث انوار الہی کا جانتے ہیں افسوس صد افسوس اے سالک یہ سب لوگ بسبب انہماک علم فلاسفہ کے مرکز حق سے دائرہ حق میں در آکر ایسے عقیدوں کے معتقد ہو گئے یعنی خیالی صورت

انبیا اور اولیا علیہم السلام کو بت سے منسوب کر کے عاشقان رسول اللہ اور موحدان حقیقی یعنی جو شرک خفی وجلی کے نیست اور نابود کرنے والے ہیں اُن کو بُت پرست قرار دیکر گولہ توپ کے تصور کے قائل اور مجوز ہوئے نعوذ باللہ منہا اے سالک یہ سب علم فلاسفہ کی کثافت کے تصور تھے ورنہ کوئی مسلمان ان حضرات کی صورت کو بت سے ہرگز نسبت نہ دیگا اور مستحسن ہونے تصور گولہ توپ کا ہرگز معتقد نہ ہوگا ؎

اشقیا را حسن زشت آید پدید زشت را با حسن بیند آن پلید
دور شو زایشاں پسر بس دور تر تا نہ اُفتی در جحیم پر شرر

اے سالک فلاسفہ اور زلہ خوار فلاسفہ حضرات انبیا اور اولیا علیہم السلام کی صورت اور ذکر خیر اُن کے سے قاطبتاً عداوت رکھتے ہیں مگر فلاسفہ اور زلہ خواران فلاسفہ میں اتنا فرق ہے کہ فلاسفہ ان حضرات کے مقابلہ میں ظاہراً اور باطناً بے ادبی اور گستاخی سے پیش آتے ہیں اور یہ در پردہ یعنی باطن میں اپنے اُستادوں فلاسفہ کے عقائد کے قائل اور ظاہر میں شریعت محمدی کے مقر اور بعضے بیوقوف اپنی بے ادبی اور گستاخی کو عین تقویٰ جانتے ہیں اور اس عقائد فلاسفہ کو پردہ شریعت میں ظاہر کر کے عوام کالانعام کو کسی مسئلہ میں معتزلہ اور کسی میں خالدی اور کسی مسئلہ میں خارجی اور کسی مسئلہ میں رافضی اور کسی مسئلہ میں اپنے اوستادوں فلاسفہ لعینوں کے مطیع ہوکر اس دین برحق کو معجون فلاسفہ بنا دیا چنانچہ اُس معجون مرکبہ کو جاہلان مذہب آتش مزاجوں کو کھلاکر احتراق خون پیدا کرا کر مجنون کر دیا چنانچہ اُن مجنون کی یہ بڑ ہے کہ وہ بدہ صحرا بصحرا شہر بشہر کوچہ بکوچہ مارے پھرتے ہیں یعنی کوئی مجنون یہ کہتا ہے کہ ہم میں اور نبی میں کچھ فرق نہیں الا اس قدر کہ اُن پر وحی نازل ہوتی تھی ورنہ ہم اور وہ سب باتوں میں نزدیک حقتعالےٰ کے برابر ہیں اور کوئی مجنون کہتا ہے کہ ائمہ اربعہ کی تقلید حرام اور بدعت ہے بلکہ کفر اور کوئی مجنون کہتا ہے کہ جو ولی سوائے نص کے ہیں جیسے بایزید اور حضرت جنید اور حضرت شبلی اور حضرت محبوب سبحانی اور حضرت خواجہ نقشبند اور حضرت شہاب الدین اور حضرت معین الدین اور حضرت قطب الدین اور

Marfat.com

حضرت یعقوب چرخی اور حضرت امام غزالی اور حضرت نظام الدین اور حضرت مجدد الف ثانی رحمہم اللہ علیہم یا جو اور ولی ماقبل اور مابعد ان کے گذرے ہیں اگر ہم ان سب کی ولایت کے قائل نہ ہوں اور ان کے مسائل بیان کئے گئے کو خطا قرار دیکر اُس فعل کو کہ جس کو وہ سب احسن جانتے ہیں ہم شرک بنادیں تو ہمارا کچھ نہ بگڑے اور کوئی مجنون یہ کہتا ہے کہ گنہگار پر عذاب ضرور ہے یعنی نہ برحم خدا نہ بشفاعت انبیا اور اولیا علیہم السلام کی اُس گنہگار کا عذاب منقطع ہوگا اور کوئی مجنون یہ کہتا ہے کہ بیعت ماسوائے جہاد کے بدعت ہے اور کوئی مجنون یہ کہتا ہے کہ جس شخص نے کھانے پر ہاتھ اُٹھا کر فاتحہ دی وہ بدعتی ہے اور وہ کھانا حرام بمنزلہ خون خوک ہے اور کوئی مجنون یہ کہتا ہے کہ جو شخص حضرات انبیا اور اولیا علیہم السلام کی شفاعت بالمحبوبیت اور بالوجاہت کا قائل ہے وہ مشرک ہے اور کوئی مجنون یہ کہتا ہے کہ محفل میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ جو موجب سرور اور ہدایت اور محبت اہل ایقان کی ہے جنم اشٹمی ہے نعوذ باللہ من شرور انفسنا اے سالک جیسے اُن کے اُستاد فلاسفہ مرتبہ نبوت اور احکام الٰہیہ کے بطلان کرنے پر آمادہ تھے ویسا ہی یہ زلہ خواران فلاسفہ نائب انبیا کی تردید اور بطریق احسن کے بطلان میں شب و روز آمادہ رہتے ہیں اللہ ان کو ہدایت کرے یا غارت کرے کیونکہ یہ بیہودہ نہ خدا سے خوف کرتے ہیں نہ انبیا کی عظمت رکھتے ہیں نہ اولیا سے حیا کرتے ہیں دیکھو حضرات انبیا اور اولیا کی صورت مبارک کو منسوب بہ بت اور ذکر خیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جنم اشٹمی کہتے ہیں حالانکہ ذکر خیر انبیا اور اولیا علیہم السلام سے تمام قرآن اور حدیث مالامال ہے چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس جا پر انبیا اور اولیا علیہم السلام کا ذکر خیر کیا جاتا ہے وہاں پر رحمت نازل ہوتی ہے اور دیکھنے صورت اُن کی سے توحید کامل میسر ہوتی ہے بلکہ ان کی صورت دیکھنا عین عبادت ہے چنانچہ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مشکوٰۃ کے باب حفظ اللسان والغیب میں اس حدیث کی شرح فرماتے ہیں کہ آنحضرت گفت خِیَارُ عِبَادِ اللّٰہِ الَّذِیْنَ اِذَا رُاؤُ ذُکِرَ اللّٰہُ نیک تریں بندگان خدا آنانند کہ چوں دیدہ شوند یاد کردہ شود خدائے تعالیٰ

یعنی ایشاں در تعلق و اختصاص بجناب کبریائے حق بمرتبہ رسیدہ اند کہ آثار و انوار بر وجاہات و صفائح احوال و اطوار ایشاں چناں لائح است کہ چوں چشم بر جمال ایشاں افتد خدا را یاد مید ہد از جہت ظہور سیمائے عبادت وصلاح بر روئے ایشاں و بعضے گفتہ اند کہ معنی این ست کہ دیدن ایشاں شایہ ذکر خداست چنانچہ گفتہ اند نظر بر روئے عالم عبادت ست و گاہے باشد کہ بنظر کردن برروئے صالح نور ایمان چناں در باطن شخص در آید کہ او را روشن گرداند و در حدیث آمدہ است اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْہِ عَلِیٍّ عِبَادَۃٌ ایں حدیث مصداق معنی اول نیز افتد آوردہ اند کہ چوں وے رضی اللہ عنہ و کرم اللہ وجہہ از خانہ بیروں آمدہ مردم را نظر بروجہ کریم وے افتادہ گفتندے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَا اَشْرَفَ ھٰذَا الْفَتٰی یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَا اَکْرَمَ ھٰذَا الْفَتٰی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَا اَعْلَمَ ھٰذَا الْفَتٰی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَا اَشْجَعَ ھٰذَا الْفَتٰی پس دیدن وے رضی اللہ عنہ حامل و باعث مے شد بر ذکر کلمہ توحید روزے کاتب حروف در بازار مکہ معظمہ سر فرو افگندہ غافل نفس میگذشت ناگہاں سر بر آوردہ نظر برروئے مردے افتاد و بے اختیار یکایک از زبان بر آمد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ انتہٰی اور محفل میلاد شریف کے جائز اور مستحسن ہونے پر اجماع ہے علمائے محدثین اور مفسرین اور اولیائے متقدمین اور متاخرین کا چنانچہ وہ عبارات یہاں عزنقل کی جاتی ہیں چنانچہ فرمایا امام حافظ ابوالخیر سنجوی رحمۃ اللہ علیہ نے عَمَلُ الْمَوْلِدِ الشَّرِیْفِ لَمْ یَنْقُلْ اَحَدٌ مِّنَ السَّلَفِ الصَّالِحِ فِی الْقُرُوْنِ الثَّلٰثَۃِ الْفَاضِلَۃِ وَاِنَّمَا حَدَثَ بَعْدَھَا ثُمَّ لَا زَالَ اَھْلُ الْاِسْلَامِ فِیْ سَائِرِ الْاَقْطَارِ وَ الْمُدُنِ الْکِبَارِ یَشْتَغِلُوْنَ فِیْ شَھْرِ مَوْلِدِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِعَمَلِ الْوَلَائِمِ الْبَدِیْعَۃِ الْمُشْتَمِلَۃِ عَلَی الْاُمُوْرِ الْمُبْھِجَۃِ الرَّفِیْعَۃِ یَتَصَدَّقُوْنَ فِی اللَّیَالِیْ بِاَنْوَاعِ الصَّدَقَاتِ وَیُظْھِرُوْنَ السُّرُوْرَ وَیَزِیْدُوْنَ فِیْ مَبَرَّاتٍ وَیَعْتَنُوْنَ بِقِرَاءَۃِ مَوْلِدِہِ الْکَرِیْمِ وَیَظْھَرُ عَلَیْھِمْ مِنْ بَرَکَاتِہٖ فَضْلٌ عَظِیْمٌ انتہٰی یعنی عمل مولود کو کسی نے سلف صالحین قرون ثلثہ سے نقل نہیں کیا بلکہ بعد اس کے حادث ہوا پھر اہل اسلام نے سب شہر و دیار میں اس عمل کا کرنا شروع کیا اور طرح طرح کی ضیافتیں کرتے رہے اور طرح طرح کے

صدقے دیتے رہے اور خوشی اور سرور ظاہر کیا اور اچھے اعمال میں بڑھتے رہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھتے رہے اور ان کے اوپر بڑی بڑی برکتیں ظاہر ہوئیں اور حضرت امام ابوالخیر ابن جزری شیخ القراء فرماتے ہیں وَمِنْ خَوَاصِّهٖ اِنَّهٗ اَمَانٌ فِیْ ذٰلِکَ الْعَامِ وَبُشْرٰی عَاجِلَۃٌ بِنَیْلِ الْبُغْیَۃِ وَالْمَرَامِ یعنی مولود شریف کی خاصیتوں میں سے یہ ہے کہ وہ موجب امان ہے اس سال میں اور مطلب حاصل کی خوشخبری قریب ہے اور حضرت امام حافظ عماد الدین ابن کثیر فرماتے ہیں کَانَ صَاحِبُ اِرْبَلَ یَعْمَلُ الْمَوْلِدَ الشَّرِیْفَ فِیْ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ وَیَحْتَفِلُ بِهٖ اِحْتِفَالًا هَائِلًا وَقَدْ صَنَّفَ الشَّیْخُ اَبُو الْخَطَّابِ ابْنُ دِحْیَۃَ لَهٗ کِتَابًا فِی الْمَوْلِدِ سَمَّاهُ التَّنْوِیْرُ فِیْ مَوْلِدِ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ وَقَدْ اَثْنٰی عَلَیْهِ اَبُوْ شَامَۃَ شَیْخُ النَّوَوِیِّ فِی الْکِتَابِ الْبَاعِثِ عَلٰی اِنْکَارِ الْبِدَعِ وَالْحَوَادِثِ وَقَالَ وَمِثْلُ هٰذَا الْحَسَنِ یُنْدَبُ عَلَیْهِ وَیُشْکَرُ فَاعِلُهٗ وَیُثْنٰی عَلَیْهِ یعنی صاحب اربل عمل مولود کرتا تھا ربیع الاول میں اور ایک بڑی محفل جمع کرتا تھا اور شیخ ابوالخطاب ابن دحیہ نے اس کے واسطے ایک کتاب تصنیف کی تھی مولود کے باب میں اور اس کا نام تنویر فی مولود البشیر النذیر رکھا تھا اور بہت سے اماموں نے اس کتاب کی ثنا کی ہے ان میں سے شیخ حافظ ابوشامہ استاد امام نووی کے ہیں چنانچہ کتاب الباعث فی انکار البدع والحوادث میں فرماتے ہیں کہ یہ عمل مولود بہت اچھا کام ہے اس کا کرنیوالا لائق صفت وثنا کے ہے اور فرمایا علامہ ابن طغرل نے بیچ کتاب در نظیم کے وَقَدْ عَمِلَ الْمُحِبُّوْنَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرَحًا بِمَوْلِدِهٖ الْوَلَائِمَ فَمِنْ ذٰلِکَ مَا عَمِلَهٗ بِالْقَاهِرَۃِ مِنَ الْوَلَائِمِ الْکِبَارِ الشَّیْخُ اَبُو الْحَسَنِ الْمَعْرُوْفُ بِابْنِ قُفْلٍ قُدِّسَ سِرُّهٗ شَیْخُ شَیْخِنَا اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ وَعَمِلَ ذٰلِکَ قَبْلَهٗ جَمَالُ الدِّیْنِ الْعَجَمِیُّ الْهَمْدَانِیُّ وَمِمَّنْ عَمِلَ ذٰلِکَ عَلٰی قَدْرِ وُسْعِهٖ یُوْسُفُ الْحَجَّارُ بِمِصْرَ وَقَدْ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یُحَرِّضُ یُوْسُفَ الْمَذْکُوْرَ عَلٰی عَمَلِ ذٰلِکَ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوں نے ضیافتیں کی ہیں واسطے خوشی مولود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس ان میں شیخ ابوالحسن معروف با بن قفل قدس سرہ ہیں اور استاد ہمارے استاد عبداللہ بن محمد بن

Marfat.com

نعمان ہیں اور ان سے قبل یہ عمل کیا ہے جمال الدین عجمی ہمدانی نے اور اپنی وسعت کے موافق یوسف حجاج نے مصر میں چنانچہ حجاج نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ بہت رغبت دلاتے ہیں عمل مولود کی اور علامہ بن طغریل فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے شیخ بن نعمان سے سنا کہ وہ فرماتے تھے کہ میں نے شیخ ابو موسے زرہونی سے سنا کہ فرماتے تھے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور میں نے لوگوں کے محفل مولود کرنے کا ذکر آنحضرت سے کیا آپ نے فرمایا کہ جو شخص ہمارے مولود سے خوش ہے اس سے ہم خوش ہیں اور فرمایا امام علامہ مشہور ابن بطاخ نے اپنے فتوے میں کہ جو آپ نے ہاتھ سے لکھا ہے اِذَا اتَّفَقَ الْمُتَّفِقُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَجَمَعَ جَمْعًا اَطْعَمَهُمْ مَا يَجُوْزُ وَاَسْمَعَهُمْ مَا يَجُوْزُ سَمَاعَةً وَدَفَعَ لِلْمُسْمِعِ الْمُشَوِّقِ لِلْاٰخِرَةِ مَلْبُوْسًا كُلُّ ذٰلِكَ سُرُوْرًا لِمَوْلِدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَمِيْعُ ذٰلِكَ جَائِزٌ وَّيُثَابُ فَاعِلُهٗ اِذَا اَحْسَنَ الْقَصْدَ وَلَا يَخْتَصُّ ذٰلِكَ بِالْفُقَرَاءِ دُوْنَ الْاَغْنِيَاءِ اِلَّا اَنْ يَّقْصِدَ مُوَاسَاةَ الْاَحْوَجِ فَالْفُقَرَاءُ اَكْثَرُ ثَوَابًا نَعَمْ اِنْ كَانَ الْاِجْتِمَاعُ كَمَا يَبْلُغُنَا عَنْ فُقَرَاءِ الزَّمَانِ مِنْ اَكْلِ الْحَشِيْشِ وَاجْتِمَاعِ الْمُرْدَانِ وَالشَّادِ الْمُشَوِّقَاتِ لِلشَّهَوَاتِ الدُّنْيَوِيَّةِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْخَبَائِثِ الْعِيَاذُ بِاللّٰهِ فَهٰذَا مَجْمَعُ الْاٰثَامِ انتہے یعنی جب کوئی صرف کرنے والا کچھ صرف کرے اس رات میں اور جمع کرے ایک مجلس اور کھلاوے اُن کو جو جائز ہو اور سناوے جو جائز ہو اور اس شخص کو جو سناتا ہے شوق دلانے والی باتیں آخرت کی کچھ کپڑے دے اور یہ سب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مولود کی خوشی کے لئے ہو تو یہ سب جائز ہے اور اس کا کرنیوالا ثواب پاویگا جب اچھی نیت رکھتا ہو اور اس میں کچھ فقرا کی خصوصیت نہیں ہے سوائے اغنیا کے ہاں مگر فقیر و محتاج کے باب میں زیادہ ثواب ہے لیکن یہ اجتماع اگر ایسا ہو جیسا اس زمانہ کے فقیر کرتے ہیں بھنگ پینا بے ریشوں کا جمع کرنا اور راگ و رنگ جس سے شہوت نفسانی بڑھے اور سوائے اس کے جو باتیں بُری ہوں پس وہ مجلس بُری ہوگی اور شیخ امام جلال الدین بن عبدالرحمن بن عبدالملک معروف بمخلص کتانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

مَوْلِدُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُبَجَّلٌ مُکَرَّمٌ یشابِہُ ھٰذَا الْیَوْمُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ
لِاَنَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ لَا تُسْعَرُ فِیْہِ جَھَنَّمُ ھٰکَذَا وَرُوِیَ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَمِنَ الْمُنَاسِبِ اِظْھَارُ
السُّرُوْرِ وَاِنْفَاقُ الْمَیْسُوْرِ وَاِجَابَۃِ مَنْ دَعَاہُ رَبُّ الْوَلِیْمَۃِ لِلْحُضُوْرِ انتہٰے یعنی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مولود بہت معظم اور مکرم ہے اور یہ دن مثل جمعہ کے ہے
اس راہ سے کہ دن جمعہ کا جہنم کو گرم نہیں کرتا ایسا مروی ہے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم
سے پس چاہئے کہ خوشی ظاہر کرے اور جو کچھ مقدور ہو صرف کرے اور جن لوگوں کو صاحب مولود
بلاوے اُن کو چاہئے کہ ضیافت قبول کریں اور مجلس میں حاضر ہوں اور علامہ ظہرالدین بن جعفر
فرماتے ہیں بِدْعَۃٌ حَسَنَۃٌ اِذَا قَصَدَ عَلَیْھَا جَمْعُ الصَّالِحِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاِطْعَامُ الطَّعَامِ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاکِیْنِ ھٰذَا الْقَدْرُ یُثَابُ عَلَیْہِ بِھٰذَا الشَّرْطِ
کُلَّ وَقْتٍ انتہٰے یعنی مولود بدعت حسنہ ہے جب کرنے والے کا ارادہ ہو صالحوں کا جمع کرنا اور
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا اور مسکینوں کا کھلانا اور اس قدر سے ثواب پاویگا اس شرط
کے ہر وقت ہیں اور فرمایا شیخ نصیرالدین نے لَیْسَ ھٰذَا مِنَ السُّنَنِ وَلٰکِنْ اِذَا اَنْفَقَ فِیْ ھٰذَا
الْیَوْمِ وَاَظْھَرَ السُّرُوْرَ فَرَحًا بِمَدْخَلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْوُجُوْدِ وَاتَّخَذَ السَّمَاعَ
الْخَالِیَ عَنِ الْمُرْدَانِ وَاِنْشَادِ مَا یُثِیْرُ الشَّھْوَۃَ فَھٰذَا اِجْتِمَاعٌ حَسَنٌ یُثَابُ قَاصِدُ ذٰلِکَ
انتہٰے یعنی مولود سنت نہیں لیکن جب کرنیوالا اس کا خرچ کرے گا اس دن میں اور خوشی
بسبب پیدا ہونے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور سنے اور سناوے گا جو خالی ہو
بے ریشوں سے اور ایسی شعریں نہ پڑھی جاویں جن سے آگ شہوت کی بھڑکنے لگے پس ایسا
جمع ہونا اچھا ہے جو ایسا قصد کرے اس کو ثواب حاصل ہوگا اور امام حافظ ابو محمد عبدالرحمٰن بن
اسمٰعیل معروف بابی شامہ کتاب باعث انکار البدع والحوادث میں فرماتے ہیں وَمِنْ اَحْسَنِ الْبِدَعِ
فِیْ زَمَانِنَا ھٰذَا مَا کَانَ یُفْعَلُ بِمَدِیْنَۃِ اَرْبَلَ کُلَّ عَامٍ فِی الْیَوْمِ الْمُوَافِقِ لِیَوْمِ مَوْلِدِ النَّبِیِّ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنَ الصَّدَقَاتِ وَالْمَعْرُوْفِ وَاِظْھَارِ الزِّیْنَۃِ وَالسُّرُوْرِ فَاِنَّ

Marfat.com

ذٰلِكَ مَعَ مَا فِيْهِ مِنَ الْاِحْسَانِ اِلَى الْفُقَرَاءِ يُشْعِرُ بِمَحَبَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَ تَعْظِيْمِهٖ وَجَلَالِهٖ فِيْ قَلْبِ فَاعِلِهٖ وَ شُكْرًا لِلّٰهِ عَلٰى مَنِّ بِهٖ اِيْجَادَ رَسُوْلِهِ الَّذِيْ اَرْسَلَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اَوَّلُ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ بِالْمَوْصِلِ الشَّيْخُ عُمَرُ بْنُ الْمَلَاءِ اَحَدُ الصَّالِحِيْنَ الْمَشْهُوْرِيْنَ وَبِهٖ اِقْتَدٰى فِيْ ذٰلِكَ صَاحِبُ اَرْبَلَ غَيْرُهُمْ انتهى یعنی بدعت حسنہ ہے ہمارے زمانہ میں جو کچھ کرتا تھا مدینہ اربل میں ہر سال اُس دن جس دن پیدا ہوئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صدقات اور احسان اور اظہار زینت اور خوشی اس واسطے کہ مع احسان اور خبر گیری فقراء کے یہ مجلس خبر دیتی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور تعظیم ہے بیچ دل کرنے والے اس کے کے اور اس میں شکر ادا ہوتا ہے اللہ کی بڑی نعمت پیدا کرنا ہے حضرت رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا اور جس شخص نے یہ طریقہ پہلے موصل میں جاری کیا ہے شیخ عمر بن الملاء ہی جو صالحین مشہورین میں تھے اور اس باب میں اس کا اقتدا کیا ہے صاحب اربل وغیرہ نے اور حضرت شیخ امام علامہ صدرالدین بن عمر شافعی فرماتے ہیں هٰذِهِ الْبِدْعَةُ لَا بَأْسَ بِهَا وَلَا تُكْرَهُ الْبِدَعُ اِلَّا اِذَا رَاغَمَتِ السُّنَّةَ وَاَمَّا اِذَا لَمْ تُرَاغِمْهَا فَلَا تُكْرَهُ وَيُثَابُ الْاِنْسَانُ بِحَسَبِ قَصْدِهٖ فِيْ اِظْهَارِ السُّرُوْرِ وَالْفَرَحِ بِمَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انتهى یعنی یہ بدعت حسنہ ہے اس کا کچھ مضائقہ نہیں اور بدعت تب بری ہوتی ہے جب مخالف سنت ہو اور اگر مخالف نہ ہو تو وہ مکروہ نہیں ہوتی اور انسان کو ویسا ہی ثواب دیا جاتا ہے جیسا کہ اُس کا قصد ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مولود کی خوشی اور سرور کے باب میں اور حضرت امام حافظ فرماتے ہیں اَصْلُ عَمَلِ الْمَوْلِدِ بِدْعَةٌ وَلٰكِنَّهَا مَعَ ذٰلِكَ قَدِ اشْتَمَلَتْ عَلٰى مَحَاسِنَ وَضِدِّهَا فَمَنْ تَحَرّٰى فِيْ عَمَلِهَا الْمَحَاسِنَ وَتَجَنَّبَ ضِدَّهَا كَانَ بِدْعَةً حَسَنَةً وَمَنْ لَا فَلَا وَقَالَ قَدْ ظَهَرَ لِيْ تَخْرِيْجُهَا عَلٰى اَصْلٍ ثَابِتٍ وَهُوَ مَا ثَبَتَ فِي الصَّحِيْحَيْنِ مِنْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ

Marfat.com

فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ يَصُوْمُوْنَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَسَأَلَهُمْ فَقَالُوْا هٰذَا يَوْمٌ اَغْرَقَ اللّٰهُ فِيْهِ فِرْعَوْنَ وَنَجَّا مُوْسٰى فَنَحْنُ نَصُوْمُهُ شُكْرًا لِلّٰهِ تَعَالٰى فَقَالَ اَنَا اَحَقُّ بِمُوْسٰى مِنْكُمْ فَصَامَهُ وَاَمَرَ بِصِيَامِهٖ فَيُسْتَفَادُ مِنْهُ فِعْلُ ذٰلِكَ شُكْرًا لِلّٰهِ تَعَالٰى مَا مَنَّ بِهٖ فِيْ يَوْمٍ مُعَيَّنٍ مِنْ اِبْدَاءِ نِعْمَةٍ اَوْ دَفْعِ نِقْمَةٍ وَيُعَادُ ذٰلِكَ فِيْ نَظِيْرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مِنْ كُلِّ سَنَةٍ وَالشُّكْرُ لِلّٰهِ تَعَالٰى يَحْصُلُ بِاَنْوَاعِ الْعِبَادَاتِ السُّجُوْدِ وَالْقِيَامِ وَالصَّدَقَةِ وَالتِّلَاوَةِ وَاَيُّ نِعْمَةٍ اَعْظَمُ مِنَ النِّعْمَةِ بِبُرُوْزِ هٰذَا النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَعَلٰى هٰذَا فَيَنْبَغِيْ اَنْ يُّتَحَرَّى الْيَوْمُ بِعَيْنِهٖ حَتّٰى يُطَابِقَ قِصَّةَ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَمَنْ لَمْ يُلَاحِظْ ذٰلِكَ لَا يُبَالِيْ بِعَمَلِ الْمَوْلِدِ فِيْ اَيِّ يَوْمٍ مِنَ الشَّهْرِ بَلْ تَوَسَّعَ قَوْمٌ فَنَقَلُوْهُ اِلٰى يَوْمٍ مِنَ السَّنَةِ وَفِيْهِ مَا فِيْهِ انتہٰی یعنی اصل مولود کی بدعت ہے لیکن باوجود اس کے مشتمل ہے بھلائی اور برائی پر پس اگر بھلائیوں کی مخالفت کی جاوے اور برائیوں سے پرہیز تو بدعت حسنہ ہوگی اور جو نہیں تو نہیں اور اس کی ایک اصل بھی ہے وہ یہ ہے کہ صحیحین میں مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لیگئے وہاں یہودیوں کو عاشورہ کے روز روزہ دار پایا اُن سے سبب پوچھا اُنہوں نے کہا کہ اس دن اللہ تعالےٰ نے فرعون کو غرق کیا اور حضرت موسےٰ کو نجات دی اس واسطے ہم بطور شکرگذاری روزہ رکھتے ہیں آپ نے فرمایا کہ ہم حضرت موسےٰ سے تم سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں پھر آپ نے روزہ رکھا اوروں کو بھی حکم فرمایا پس اس سے یہ بات سمجھی جاتی ہے کہ جس دن اللہ تعالےٰ کوئی نعمت عطا فرماوے یا کوئی آفت دفع کرے اس دن اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیئے پھر ہر سال میں اُس کا اعادہ کرنا چاہئے اور اللہ تعالےٰ کا شکر کئی طرح پر ہوسکتا ہے سجدہ قیام صدقہ تلاوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے سے زیادہ کونسی نعمت ہوگی اُس دن میں پس چاہئے اُسی دن کو مقرر معین کرے تاکہ حضرت موسےٰ

کے قصہ کی موافقت حاصل ہو اور جو اُس بات کا لحاظ نہ کیا جاوے تو خیر بہت سے لوگوں نے وسعت ہی رکھی اور اس کو اور دنوں کی طرف بھی نقل کیا ہے لیکن بہتر وہی ہے کہ روز ولادت کی رعایت کی جاوے اور حضرت شیخ القرے امام حافظ ابوالخیر خزری فرماتے ہیں قَدْ رُئِیَ اَبُوْ لَهَبٍ بَعْدَ مَوْتِهٖ فِی النَّوْمِ فَقِیْلَ مَا حَالُكَ فَقَالَ فِی النَّارِ اِلَّا اَنَّهٗ یُخَفَّفُ عَنِّیْ كُلَّ لَیْلَةِ اثْنَیْنِ وَاَمُصُّ مِنْ بَیْنِ اِصْبَعَیَّ هَاتَیْنِ مَاءً بِقَدْرِ هٰذَا وَاَشَارَ اِلٰی رَأْسِ اِصْبَعِهٖ وَاِنَّ ذٰلِكَ بِاِعْتَاقِیْ ثُوَیْبَةَ اِنَّمَا بَشَّرَتْنِیْ بِوِلَادَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبِاِرْضَاعِهَا لَهٗ فَاِذَا كَانَ اَبُوْ لَهَبٍ اَلْكَافِرُ الَّذِیْ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ بِذَمِّهٖ جُوْزِیَ فِی النَّارِ بِفَرْحِهٖ لَیْلَةَ مَوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَمَا حَالُ الْمُسْلِمِ الْمُوَحِّدِ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُبَشِّرُ بِمَوْلِدِهٖ وَبَذَلَ مَا لَهُ الْصَلَ قُدْرَتِهٖ فِیْ مَحَبَّتِهٖ لَعَمْرِیْ اِنَّمَا یَكُوْنُ جَزَاءُهٗ مِنَ اللّٰهِ الْكَرِیْمِ اَنْ یُّدْخِلَهٗ بِفَضْلِهٖ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ انتہٰی یعنی ابولہب کو کسی نے اس کے مرنے کے بعد خواب میں دیکھا اس سے حال پوچھا اُس نے کہا کہ آگ میں ہوں لیکن ہر رات کو دو دفعہ میری تخفیف ہوتی ہے اور میں ان دو انگلیوں میں برابر پوری انگلی کے پانی چوس لیتا ہوں اور یہ سبب آزاد ثوبیہ کے ہے جس وقت اُس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے اور دودھ پلانے کی خوشخبری دی تھی پس جب ابولہب کافر جس کی مذمت قرآن میں ہے اجر دیا گیا جہنم میں بسبب خوشی شب مولود رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے تو پھر کیا حال ہوگا مسلمان موحد امتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جو آپ کے مولود کی خوشی کرے اور مال اپنا صرف کرے آپ کی محبت میں اللہ بیشک اس کو اچھی جزا دیگا اور جنت الفردوس میں داخل کریگا حضرت شیخ اجل فاضل اکمل شاہ ولی اللہ محدث دہلوی فیوض الحرمین میں فرماتے ہیں كُنْتُ قَبْلَ ذٰلِكَ بِمَكَّةَ الْمُعَظَّمَةِ فِیْ مَوْلُوْدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ یَوْمِ وِلَادَتِهٖ وَالنَّاسُ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَیَذْكُرُوْنَ اِرْهَاصَاتِهِ الَّتِیْ ظَهَرَتْ فِیْ وِلَادَتِهٖ فَرَاَیْتُ اَنْوَارًا سَطَعَتْ دَفْعَةً

Marfat.com

وَاحِدًا لَا اَقُوْلُ اِنِّیْ اَدْرَکْتُھَا بِبَصَرِ الْجَسَدِ وَلَا اِنِّیْ اَدْرَکْتُھَا بِبَصَرِ الرُّوْحِ فَقَطْ کَیْفَ کَانَ اَمْرٌ بَیْنَ ذٰلِکَ ھٰذَا انتھٰی یعنی میں پیشتر مکہ معظمہ میں تھا جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے کے دن مجلس میں لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے تھے اور آپ کے معجزات جو وقت ولادت ظاہر ہوئے تھے بیان کرتے تھے پس کیا دیکھتا ہوں کہ ایک نور چمکا دفعتاً نہیں کہہ سکتا چشم سر سے دیکھا یا چشم روح سے بلکہ ایک بات دونوں کے درمیان تھی انتھٰی شاہ عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کتاب اثبت بالسنت میں فرماتے ہیں در محفل میلاد برکات نازل میشود انتھٰی اے سالک باوجود اتباع آیات کثیر ائمہ اہل دین اور علمائے مفسرین و محدثین و علمائے راسخین اور اولیائے کاملین و محب رحمۃ للعالمین کے یہ وہابی زلہ خواران فلاسفہ محفل میلاد شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جنم اشٹمی قرار دیکر مسلمانان عوام کالانعام کو اس محفل متبرکہ سے باز رکھکر ذکر خیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منحرف کر دیتے ہیں اور باوجود اس بات کے کہ یہ بیہودہ یہ بھی جانتے ہیں کہ منکر محفل میلاد پر ائمہ اہل دین اور علمائے راسخین کمال نفرین کرتے ہیں چنانچہ مواہب لدنیہ میں کہ جمع کرنیوالے اس مواہب کے امام ہمام مفسر اور محدث شیخ احمد قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ کہ شارح صحیح بخاری کے ہیں یہ عبارت لکھتے ہیں چنانچہ وہ عبارت یہ ہے وَلَا زَالَ اَھْلُ الْاِسْلَامِ یَحْتَفِلُوْنَ بِشَھْرِ مَوْلِدِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَیَعْمَلُوْنَ الْوَلَائِمَ وَیَتَصَدَّقُوْنَ فِیْ لَیْلَتِہٖ بِالْوَاعِیِ الصَّاقَاتِ وَیُظْھِرُوْنَ السُّرُوْرَ وَیَزِیْدُوْنَ فِیْ الْمَبَرَّاتِ وَیَعْتَنُوْنَ بِقِرَاءَۃِ مَوْلِدِہِ الْکَرِیْمِ وَیَظْھَرُ عَلَیْھِمْ مِّنْ بَرَکَاتِہٖ کُلُّ فَضْلٍ عَمِیْمٍ وَفِیْ جَرَّبَ خَوَاصِہٖ اِنَّہٗ اَمَانٌ فِیْ ذٰلِکَ الْعَامِ وَبُشْرٰی عَاجِلَۃٌ بِنَیْلِ الْمَقْصِدِ وَالْمَرَامِ فَرَحِمَ اللّٰہُ امْرَءً اتَّخَذَ لَیَالِیَ شَھْرِ مَوْلِدِہِ الْمُبَارَکِ اَعْیَادًا لِیَکُوْنَ اَشَدَّ عِلَّۃً عَلٰی مَنْ فِیْ قَلْبِہٖ مَرَضٌ وَعِنَادٌ (ترجمہ) یعنی ہمیشہ است اہل اسلام کہ انعقاد محفل مولد شریف در ماہ ولادت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آں ماہ ربیع الاول است مے کنند و طعام ہا مے پزند و خیرات مینمایند و در شبہائے ماہ مذکور گوناگوں وظاہر میسازند

Marfat.com

خورسندی ہائے وخوشی ہائے ودر خیرات وحسنات زیادتی مینمایند یعنی بہ نسبت زمانہائے دیگر
واہتمام میکنند ودر خواندن مولد مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر میشود برایشان یعنی براہل
اسلام از برکات مولد شریف فضل عام چند چند یعنی برکات گوناگوں ورحمات بوقلموں از حقتعالی
ببرکت مجلس مولد شریف براہل اسلام کہ در انعقاد محفل مولد شریف شریک میشوند ظاہر میگردد وفوائد دنیا
وآخرت ایشاں میشود ونیز در کتاب مذکور است کہ چیزیکہ تجربہ کردہ شد در خواص انعقاد محفل مولد
شریف آنست کہ آں مجلس شریف باعث امان میگردد دراں سال از آفات وبلیات وخوشخبری
بزودی تمام رومیدہا برائے رسیدن مقصودیکہ طالب آن است پس رحمت کناد حقتعالی برآں شخص
کہ بگیرد در شب ہائے مبارک راعیدہا یعنی چنانکہ درایام عید خوشی اہل اسلام مینمایند ولباس
فاخرہ مے پوشند وخوشبوئے مالند واستعمال آں میکنند پس شخصیکہ در شب ہائے مبارک ایں
چنیں عمل نماید حقتعالی رحم کند وبہ بخشد آں را تاکہ باشد گرفتن اعیاد وشب ہائے ماہ مبارک را سخت
بر بیماری ہر شخصیکہ در دلے وے بیماری وعناد است یعنی بیماری ایشاں زیادہ شود ومثل آں یعنی
دلہائے کافرین ومنافقین را خوشی مسلمانان در ماہ مبارک ناخوش وزبوں معلوم میشود پس ازیں صاف
معلوم میگردد کہ ہر کہ ازیں عید یعنی خوشی ماہ مبارک انکار میدارد از دائرہ اسلام بیروں است معاذ اللہ
منہ۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ نفرین کرنا تمام اہل اسلام کا اوپر منکر محفل میلاد شریف کے اس قدر ہے جیسا
کہ مسطور ہے باوجود اس کے یہ بیہودہ اپنی شرارت سے باز نہ آکر یہ دلیل محفل میلاد کی تردید میں
بیان کرتے ہیں کہ یہ فعل زمانہ ثلاثہ میں نہ تھا اور جو فعل زمانہ ثلاثہ میں نہ ہو وہ بدعت مذموم ہے کیسا
ہی فعل مستحسن ہو اور اس کے مستحسن ہونے پر ائمہ دین اور علمائے راسخین اور اولیائے متدینین
کا اتفاق ہو سو یہ ایک دلیل ان بیہودوں کی سراسر غلط ہے کیونکہ ہزاروں باتیں دین میں بعد زمانہ
ثلاثہ کے نکلی ہیں اور وہ باتیں نزدیک علما اور صلحا کے جائز اور محمود ہیں بلکہ ہر زمانہ میں جو بات
نکلی اور اس بات کے مستحسن ہونے پر اکثر علمائے اور صلحائے اور ائمہ دین کا اتفاق ہو تو وہ بات
عند اللہ بھی مستحسن ہے نہ فقط عند الناس ہے چنانچہ مواہب لدنیہ میں حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی

Marfat.com

رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیا ہے وہ یہ ہے مَا رَاٰہُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ حَسَنٌ ترجمہ یعنی وہ بات کہ جس کو قرار دیویں مسلمان لوگ اچھا پس وہ نزدیک اللہ تعالےٰ کے اچھی ہے فائدہ مراد مسلمانوں سے علماے وصلحاے اور عاملین اور معتبرین ہے اور وہ بات اگرچہ زمانہ سابق میں نہ ہوا نتہےٰ اے سالک ان زلہ خواران فلاسفہ کی شرارت معلوم کر کہ محفل میلاد کہ جن میں ذکر خیر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا باعظمت ہوتا ہے اُس کو بایں دلیل کہ یہ زمانہ ثلاثہ میں نہ تھا بدعت بد ہے اور اپنے اُستادوں فلاسفہ کے عقیدوں کے علم یعنی حکمت اور منطق کے حاصل کرنے کو واجب اور فرض کفایہ بتاتے ہیں اور صدہا اور ہزار ہا کوس گروش اور بینوائی کر کے اس علم خبیث کو حاصل کرتے ہیں بقول مولانائے روم شعر

علم دیں فقہ است و تفسیر و حدیث		ہر کہ خواند غیر ازیں گردد خبیث	

بعد حاصل ہونے اس علم خبیث کے تمام علماے حقانی پر اپنا تفاخر اور حقانیت عوام کالانعام کے اعتقاد میں جا کر اپنی رائے خبیث کو بصواب اور علماے حقانی کی راے باصواب کو بخطا کرکے کہتے ہیں کہ جب تک آدمی اس علم منطق اور حکمت کو نہیں پڑھتا عالم نہیں ہوتا یہ مسئلہ اپنے اُستادوں فلاسفہ کا عوام کالانعام کے دل میں منقش کرکے تعلیم کرتی اس علم خبیث کی تا مرگ مشغول ہو کر دین حق سے بے ادب اور اولیا اور انبیا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جناب میں گستاخ ہو کر آپ کو اور عوام کالانعام کو ضال اور گمراہ کر دیتے ہیں حالانکہ یہ علم خبیث بھی زمانہ ثلاثہ میں نہ تھا مگر بعد زمانہ ثلاثہ کے یہ علم حادث ہوا چنانچہ اُسی وقت سے تمام آئمہ اہل دین اور علماے راسخین اور اولیاے مستندین نے اس علم کو حرام بلکہ کفر لکھا ہے چنانچہ مُلا علی قاری ہروی رحمۃ اللہ علیہ بیچ شرح عین العلم کے فرماتے ہیں اَلْمَنْطِقُ دِھْلِیْزُ الْکُفْرِ وَالْحِکْمَۃُ عَیْنُ الْکُفْرِ (ت) یعنی منطق دہلیز کفر کی اور حکمت عین کفر ہے اور ملا علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں شَیْخُ مَشَائِخِنَا الْجَلَالُ الدِّیْنِ السُّیُوْطِی اِنَّہٗ یَحْرُمُ عُلُوْمُ الْفَلْسَفَۃِ کَالْمَنْطِقِ لِاِجْمَاعِ السَّلَفِ وَاَکْثَرِ الْمُفْتِیْنِ الْمُعْتَبِرِیْنَ الْخَلَفِ وَمِمَّنْ صَرَّحَ بِذَالِکَ اِبْنُ الصَّلَاحِ وَالنَّوَوِیْ وَخَلْقٌ لَا یُحْصُوْنَ

Marfat.com

ترجمہ یعنی شیخ المشائخ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ سب علوم فلاسفہ حرام ہیں۔ جیسے منطق کہ اس پر اجماع ہے متقدمین اور اکثر مفسرین متاخرین معتبرین کا اور شیخ ابن صلاح و امام نووی اور اکثر علماء نے اس بات کی تصریح کی ہے انتہے ذَكَرَ الشَّيْخُ الْحَافِظُ سِرَاجُ الدِّيْنِ الْقَزْوِيْنِيُّ الْحَنَفِيُّ فِيْ كِتَابِهِ الَّذِيْ عَمِلَهُ فِيْ تَحْرِيْمِ الْفَلْسَفَةِ اَنَّ الْاِمَامَ مُحَمَّدًا الْغَزَالِيَّ رَجَعَ فِيْ اٰخِرِ عُمْرِهِ مِمَّا مَدَحَ الْفَلْسَفَةَ فِيْ اَوَّلِ كِتَابِهِ فِي الْمَنْطِقِ فِيْ بَدْءِ حَالِهِ وَاتَّفَقَ الْقُدَمَاءُ مِنَ الْاَحْنَافِ وَابْنُ الرَّشِيْدِ مِنَ الْمَالِكِيَّةِ عَلٰى اَنَّ مَنْ تَوَغَّلَ فِيْ تِلْكَ الْعُلُوْمِ لَا تُقْبَلُ رِوَايَتُهُ ترجمہ یعنی ذکر کیا شیخ حافظ سراج الدین قزوینی نے کہ حنفیہ میں سے ہیں بیچ اس کتاب کے جو فلسفہ کی تحریم میں لکھی ہے کہ امام محمد غزالی نے جو ابتدا میں فلسفہ کی مدح لکھی تھی اُس سے آخر رجوع کیا ہے اول کتاب منطقی میں یعنی آخر کار اس کی مذمت لکھی ہے اور متقدمین حنفیہ نے اور مالکیہ میں سے ابن رشید جازم ہیں اس بات پر کہ جو شخص ان علوم سے بہت شغل رکھے اُس کی روایت مقبول نہیں ہے انتہے وَعَنْهُ اَيْضًا مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ بِالْكَلَامِ تَزَنْدَقَ ترجمہ جس شخص نے طلب علم ساتھ علم کلام کے کی وہ کافر ہوا انتہے وَقَالَ الْاِمَامُ الشَّافِعِيُّ حُكْمِيْ فِيْ اَهْلِ الْكَلَامِ اَنْ يُّضْرَبُوْا بِالْجَرِيْدِ وَالنِّعَالِ وَيُطَافُ بِهِمْ فِي الْعَشَائِرِ وَالْقَبَائِلِ وَيُقَالُ هٰذَا جَزَاءُ مَنْ تَرَكَ الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ وَاَقْبَلَ عَلٰى كَلَامِ اَهْلِ الْبِدْعَةِ اور فرمایا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ حکم میرا یہ ہے بیچ اہل کلام کے کہ ماریں لوگ ان کو کوڑے اور جوتے اور پھراویں اُن کو اُن کے کنبہ میں اور کہا جاوے یہ سزا اس شخص کی ہے کہ چھوڑے کتاب اور سنت کو اور متوجہ ہو طرف علوم فلسفہ کے انتہے وَقَالَ اَيْضًا كُلُّ الْعُلُوْمِ سِوَى الْقُرْاٰنِ مَشْغَلَةٌ اِلَّا الْحَدِيْثَ وَالْفِقْهَ فِي الدِّيْنِ وَالْعِلْمُ مَا كَانَ فِيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا وَمَا سِوٰى ذٰلِكَ وَسَاوِسُ الشَّيَاطِيْنِ اور یہ بھی انہوں نے لکھا ہے کہ تمام علم سوائے قرآن کے ایک شغل ہے مگر حدیث اور فقہ دین کے علموں سے ہے کیونکہ علم دین وہ ہے جس میں ہوئے قال اور حدثنا اور سوا اس کے سب وسواس شیطانوں کا ہے انتہے۔

Marfat.com

وَمِنْ کَلَامِهٖ اَیْضًا لَاَنْ یَّلْقَی اللّٰہُ الْعَبْدَ بِکُلِّ ذَنْبٍ مَا خَلَا الشِّرْکَ خَیْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ یَّلْقَاهُ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِ الْکَلَامِ اور یہ بھی کلام اُن کے سے ہے کہ دیکھنا بندہ کا اللہ تعالےٰ کو باوجود گناہوں کے ماسولے شرک کے بہتر ہے علم کلام سے وَقَالَ لَقَدِ اطَّلَعْتُ مِنْ اَھْلِ الْکَلَامِ عَلٰی شَیْءٍ فَمَا ظَنَنْتُ مُسْلِمًا یَقُوْلُهٗ یہ بھی انہوں نے لکھا ہے کہ خبردار رہوا میں اہل کلام سے اوپر کسی مسئلہ کے پس گمان کیا میں نے کہ یہ اہل کلام مسلمان نہیں انتہٰے وَذَکَرَ اَصْحَابُنَا فِی الْفَتَاوٰی اَنَّهٗ لَوْ اَوْصٰی لِعُلَمَاءِ بَلَدِهٖ لَا یَدْخُلُ الْمُتَکَلِّمُوْنَ وَلَوْ اَوْصٰی اِنْسَانٌ اَنْ یُّوْقَفَ مِنْ کُتُبِهٖ مَا ھُوَ مِنْ کُتُبِ الْعِلْمِ فَاَفْتَی السَّلَفُ اَنَّهٗ یُبَاعُ مَا فِیْھَا مِنْ کُتُبِ الْکَلَامِ ذُکِرَ ذٰلِكَ بِمَعْنَاهُ فِی الْفَتَاوِی الظَّھِیْرِیَّةِ وَھُوَ کَلَامٌ مُسْتَحْسَنٌ عِنْدَ اَرْبَابِ الْعُقُوْلِ اِذْ کَیْفَ یُرْ مُوْسُوْلَهٗ اِلٰی عِلْمِ الْاُصُوْلِ بِغَیْرِ اِتِّبَاعِ مَا جَاءَ بِهِ الرَّسُوْلُ اور اصحاب ہمارے نے ذکر کیا بیچ فتاوی کے اس بات کو کہ اگر کوئی شخص وقت مرگ وصیت کرے واسطے عالموں شہر کے اہل کلام عالموں میں داخل نہ ہونگے اور کوئی وصیت کرے واسطے وقف کرنے کتابوں علم کے تو فتویٰ اُس پر ہے کہ کتابیں علم کلام کی فروخت کیجا ئینگی اس مضموں کو ذکر کیا ہے فتاوی ظہیریہ میں بھی اور یہ کلام مستحسن ہے نزدیک عقل والوں کے بھی کیونکہ امید رکھتا ہے پہنچنے کی طرف علم اصول کے بغیر اتباع اُس چیز کے کہ لائے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انتہٰے اور یہ سب عبارتیں شرح فقہ اکبر میں بعد حمد و نعت کے مرقوم ہیں جس کو اس میں کچھ شک ہو اُس میں دیکھ لے اے سالک معلوم کر کہ اہل کلام اُن کو کہتے ہیں کہ جو دلائل فلسفہ سے عقائد اسلام کو ثابت کر کے مخالف کو عاجز کر دیتے ہیں چنانچہ اسی نظر سے بعض بعض علما نے علم کلام کو جائز لکھا ہے باوجود اس حسن کے محمد امام غزالی بیچ کتاب احیاء العلوم کے یوں رقام فرماتے ہیں کہ جمیع ائمہ حدیث سلف اور امام شافعی اور امام محمد اور امام مالک اور امام احمد حنبل اور حضرت سفیان ثوری رحمہم اللہ تعالےٰ علم کلام کی تحریم کی طرف گئے ہیں چنانچہ وہ عبارت یہ ہے وَاِلَی التَّحْرِیْمِ ذَھَبَ الشَّافِعِیُّ وَمُحَمَّدٌ وَمَالِكٌ وَاَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ ف

Marfat.com

سُفْيَانَ وَجَمِيعُ اَئِمَّةِ الْحَدِيثِ مِنَ السَّلَفِ انتہےٰ چنانچہ امام صاحب نے یہ بھی لکھا ہے کہ
جو لوگ اس علم کلام کے جواز کے قائل ہیں باین حسن جو اوپر مذکور ہے سو کہاں بلکہ لوگوں کو خبط
میں ڈالنا اور گمراہ کرنا اس علم میں اکثر ہے انتہے اے سالک جب اس علم اور اہلوں اس علم کا یہ
حال ہے مجرد علم فلاسفہ جس کو یہ بیہودہ فرض اور واجب کہتے ہیں کیا حال ہو گا کیونکہ یہ علم کئی دلیلو
سے مذموم اور ناقص ہے اول یہ کہ یہ علم فی نفسہٖ پلید اور مفسد دین ہے کیونکہ اس علم میں بجز کفریات
اور لغویات اور دلائل نقض کنندہ عقائد اسلام کے کچھ نہیں دوسرے یہ کہ تمام ایمہ دین اور علماے
مفسرین اور محدثین اور متقدمین اور متاخرین اور صلحاے معتبرین اس علم کو حرام بلکہ کفر لکھتے ہیں اور
تیسرے یہ کہ یہ علم بھی بعد زمانہ ثلثہ کے حادث ہوا ہے باوجود اس کے یہ زلخوار فلاسفہ اس علم خبیث
کے حاصل کرنے کو فرض اور واجب کہتے ہیں اور محفل میلاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جس میں سراسر
خیر اور رحمت اور برکت ظاہری اور باطنی ہے اُس کو جنم اشٹمی کہتے ہیں باین دلیل کہ یہ فعل بعد زمانہ
ثلثہ کے حادث ہوا ہے اے سالک ان بیہودوں کی بدذاتی اور شرارت کو غور کر کہ ذکر خیر آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ جس پر اجماع ہے اکثر آیمہ دین اور علماے محدثین اور مفسرین اور علماے
راسخین اور اولیاے کاملین معتبرین کا جنم اشٹمی کہتے ہیں دوسرے یہ کہ ذکر آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم فی نفسہٖ لطیف اور الطف ہیں بلکہ اس ذکر خیر کی لطافت اور تقدیس کے یہ بیہودہ بھی
ظاہر میں بنفسہٖ قائل لیکن انعقاد محفل کو بدعت سیئہ کا حکم کر کے منعقد محفل کو بدعتی اور بددین
کہتے ہیں اور اُس علم خبیث کو کہ جس کی حرمت میں تمام ایمہ دین اور علماے معتبرین کا اتفاق ہے
فرض اور واجب بتاتے ہیں دوسرے یہ علم خبیث فی نفسہٖ خبیث ہے اور ہر خاص و عام پر اس علم کی خباثت
ظاہر اور اظہر ہے تیسرے یہ علم بھی بعد زمانہ ثلثہ کے حادث ہوا ہے تو اے سالک معلوم کر کہ بعد زمانہ ثلثہ
کے حادث ہونا ان دونوں یعنی محفل ذکر خیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اس علم خبیث کا مساوی
ہے پھر یہ بیہودہ اس علم خبیث کو جو اُن کے اُستادوں کے عقیدوں کا علم ہے کس وجہ سے مستحسن
جانتے ہیں کیونکہ جو علت انعقاد محفل میلاد میں ہے وہ اس میں بھی موجود ہے یعنی بعد زمانہ ثلثہ کے

Marfat.com

یہ بھی حادث ہؤا ہے اور وہ بھی پھر یہ محفل ذکر خیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیونکہ مذموم ہے اور وہ علم خبیث کیونکہ محمود ہے راست فرمایا کسی شاعر نے شعر

اشقیا را حسن زشت آید پدید		حسن را با زشت بیند آں پلید	

غرضکہ اے سالک محفل ذکر خیر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم محمود اور مقبول ہے اور اس کا قائل اور سامع مستحق ثواب اور وہ علم خبیث مذموم اور مردود ہے پڑھنے والا اور پڑھانیوالا دونوں فاسق اور مفسدین ہیں چنانچہ یہ بیہودہ کہتے ہیں کہ ہم میں اور نبی میں کچھ فرق نہیں الا اس قدر کہ ان پر وحی نازل ہوتی تھی ورنہ ہم اور وہ سب باتوں میں نزدیک حقتعالے کے برابر ہیں نعوذ باللہ منہا اے سالک حقیقت انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی بگوش ہوش سن تاکہ تو بھی مثل ان مجنون کے مصداق اس مصرعہ کا نہ ہو ع

چوں فرق مراتب نکنی زندیقی

یعنی انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی یہ حقیقت ہے کہ نبی ایک انسان ہے اور ہر انسان کو حقتعالے نے دو قوتیں عطا کی ہیں ایک نظریہ اور ایک عملیہ اور قوت نظریہ سے دریافت اشیاء کا کرتا ہے اور قوت عملیہ سے اعمال نیک اور بد کی استعداد رکھتا ہے اور حقتعالے اس انسان یعنی نبی کو بلا واسطے تربیت بشری کے کمال ان قوتوں کا ساتھ اس طریق کے عطا فرماتا ہے کہ تاثیر نور القدس کی بیچ قوت نظریہ اُن کی کے ساتھ اس طرح کے منور ہے کہ غلط اور اشتباہ کو بیچ ادراک منتہی کے دخل نہیں اور قوت عملیہ میں اُن کی ایسا ملکہ پیدا کرتا ہے کہ بسبب اس کے اعمال صالح ساتھ کمال رغبت اور اعمال بد ساتھ کمال نفرت کے محفوظ رہتے ہیں بعد اس کے عقل بہ تجربہ اور ارادت عقلیہ اور اخلاق کریمہ اور علوم صادقہ اور بیان شافی اور حجت واضح اور انوار باصحبت اور معالجہ امراض روحانی اور معجزات فائزہ دیکر واسطے ہدایت خلق کے مبعوث فرمایا ہے اور خاص کر تمام حضرات انبیا علیہم السلام سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو برسالت منتخب اور برگزیدہ کر کے اپنی خاص رحمتوں کے ساتھ مخصوص کیا تا سب خلق معلوم کرے کہ یہ پیغمبر محبوب اور مخصوص خالق کون و مکان

ہے یہاں تک کہ اس کی رضامندی خدا کی رضامندی اور اس کی ناخوشی خدا کی ناخوشی ہے اور جو فضیلتیں حضرت کو حقتعالےٰ نے عطا کی ہیں دو قسم ہیں ایک وہ قسم ہے کہ اور انبیا اس میں شریک ہیں یعنی جو کمال کہ ایک ایک ہر پیغمبر کی ذات میں جدا جدا تھے وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اکیلی ذات مجمع صفات میں مجتمع اور یکجا ہوئے چنانچہ خلافت اور ملک اور حسن اور خلت اور کلام اور عبادت اور شکر جو حضرت آدم اور داؤد اور سلیمان اور یوسف اور ابراہیم اور موسے اور نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جدا جدا دیا گیا تھا وہ سب کمال ذات سرور کائنات میں یکجا و فراہم ہوئے اور دوسری قسم وہ کہ مخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہے اور کسی نبی کو شرکت نہیں جیسے انواع ولایت اور محبوبیت مطلق اور اصطفاے مطلق اور رویت مطلق اور قرب اتم اور شفاعت عظمےٰ اور جہاد اعداء اور ماسوائے اس کے اور کمالات کہ بجائے خود مصرح مخصوص ساتھ حضرت کے ہیں اور صفات خلقیہ ہیں جیسے آگے اور پیچھے اور اندھیرے اور اجالے میں برابر دیکھنا اور بغل شریف کا سفید ہم رنگ بدن کے صاف ہونا اور جماہی کا تمام عمر نہ آنا اور احتلام کا نہ ہونا اور پسینے سے خوشبو مشک وغیرہ کی آنا اور زمین پر وقت قضاے حاجت شگاف ہونا اور بول و غائط کا غائب ہونا اور اُس مکان سے مُشک کی خوشبو آنا اور فضلہ کا زمین پر نہ دیکھنا اور ختنہ کئے کرائے اور ناف بریدہ پیدا ہونا اور وقت تولد کے سجدہ کرنا اور انگشت شہادت طرف آسمان کے اُٹھانا اور کلمہ پڑھنا اور کلام کرنا اور فرشتوں کا مہد حضرت کو ہلانا اور چاند کا آپ کے ساتھ باتیں کرنا اور بوقت اشارہ آپ کی طرف مائل ہونا اور گھوارہ میں کلام کرنا اور پارۂ ابر کا وقت گرمی آفتاب ہمیشہ آپ کے سر پر سایہ کرنا اور سایہ درخت کا آپ کی طرف متوجہ ہونا اور حضرت کے بدن اور کپڑوں پر مکھی کا نہ بیٹھنا اور جس جانور پر سوار ہوتے اس جانور کا تا مدت سواری بول و براز نہ کرنا اور اوصاف مشہورہ سے بھی اور بروایات صحیحہ ثابت ہے کہ حضرت قبر شریف میں زندہ ہیں اور قبر میں نماز پڑھتے ہیں اور حضرت کے مرقد مبارک پر ایک فرشتہ متعین ہے کہ جو کوئی درود و سلام آپ پر پہنچاتا ہے وہ اس کو آپ کے حضور میں عرض کرتا ہے اور عرض کئے جاتے ہیں اعمال اُمت کے

اور آپ ان کے واسطے استغفار کرتے ہیں اور منجملہ خصائص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ ہیں کہ آپ عالم ارواح میں آپ پیدا ہوئے اور پہلے الست بربکم کے جواب میں آپ نے بلے کہا اور سفر معراج مخصوص آپ کے ساتھ تھا اور سواری براق بھی مخصوص آپ کی تھی اور اوپر آسمان کے جانا اور حد قاب قوسین او ادنیٰ کو پہنچنا اور دیدار الٰہی سے مشرف ہونا خاصہ آپ کا ہے اور فرشتوں کا فوج اور حشم ہونا اور آپ کے ساتھ ہو کر کافروں سے لڑنا مخصوص حضرت ہے اور شق القمر اور ایسے معجزے عجیب وغریب جو آپ سے ظاہر ہوئے ہیں کسی اور پیغمبر سے ظاہر نہیں ہوئے پہلے قبر سے سر اٹھانا اور پہلے قیامت میں بیہوشی میں افاقہ پانا اور سواری براق اور ستر ہزار فرشتوں کا جلو میں ہونا اور جانب راست عرش کرسی کے اوپر بیٹھنا اور مقام محمود سے مشرف ہونا اور لواے حمد کا ہاتھ میں دینا اور حضرت آدم علیہ السلام اور تمام ذریت کا اس لوا کے سایہ میں ہونا اور سب انبیا کا ساتھ امتیوں کے آپ کے پس رو ہونا اور پہلے دیدار خدا آپ سے شروع ہونا اور یہ شفاعت عظمےٰ مخصوص ہونا اور پہلے پل صراط پر گذرنا اور حضرت فاطمہؓ صاحبزادی کا صراط پر آنا اور سب خلق کو حکم آنکھیں ڈھانک لینے کا ہونا اور پہلے دروازہ بہشت کا آپ کا کھولنا اور دن قیامت کے مرتبہ وسیلہ مشرف ہونا یہ سب مخصوص حضرت کے ساتھ ہیں اور مرتبہ وسیلہ کا نہایت بلند ہے کہ سوائے آپ کے اور کسی پیغمبر کو میسر نہیں ہوا اور حقیقت رحمانی اس مرتبہ کی یہ ہے کہ حضرت قیامت کے دن حق تعالیٰ کی طرف سے بلا تشبیہ بمنزلہ وزیر کے بادشاہ کی طرف سے ہونگے بالجملہ بعد خدا کے سب مخلوق سے اشرف اور افضل اور اکمل اور اکرم ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور مناقب اور مدائح اور کمالات اور معجزات اور اخلاق حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ اور شمائل ستودہ اور خصائل محمودہ حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیادہ از حد اور بیشمار ہیں مقدور بشر نہیں ہے کہ سب کو احاطہ کرے۔ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔ اے سالک مراتب حضرات انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بقدر ضروری دریافت کرچکا اب معلوم کر کہ یہ زلہ خوار فلاسفہ سراسر ضال اور گمراہ ہیں کیونکہ یہ کہتے ہیں کہ ہم سب باتوں میں ماسوائے وحی کے

نبیوں کے برابر ہیں تو گویا یہ جو مراتب مذکورہ ماسوائے وحی کے بیان کئے گئے اُن کے یہ منکر ہیں جو اس کا منکر ہے وہ اصل نبوت کا منکر ہے کیونکہ حقتعالے اپیشتر نبیوں کو ان صفتوں سے موصوف کر دیتا ہے بعد اس کے واسطے ہدایت خلق مبعوث فرماتا ہے اور دوسرے یہ کہ کوئی منفشت زلہ خوار فلاسفہ یہ کہے کہ ہم ان مراتبوں کو متعلق بہ وحی جانتے ہیں یعنی اقرار وحی معہ ان مراتبوں مذکورہ کے ہے اور یہ کہنا ہمارا باعتبار مخلوقیت کے ہے تو اس کا یہ جواب ہے کہ ایک موقع پر تو یوں کہنا درست ہے اور ایک موقع پر محض بے ادبی اور بے تعظیمی ہے چنانچہ اس کی یہ مثال ہے کہ کسی شخص نے کسی شخص سے کہا کہ تیرے باپ اور کتے میں کچھ فرق نہیں الا یہ کہ باپ تیرا بشر ہے تو یہ کہنا کسرشان مخاطب کا باعث ہوگا اور یہ کہنے والا درمیان آدمیوں کے بے ادب مشہور ہوگا حالانکہ کتے اور مشار الیہ مخلوق ہونے میں برابر ہیں تو اُس سے صاف ثابت ہوا کہ جو شخص ان حضرات کو بایں طور یاد کرے تو وہ سب سے زیادہ بے ادب ہے اور جس شخص نے ان حضرات سے بے ادبی کی وہ مردود ہے کیونکہ عقائد کی کتابوں میں لکھا ہے کہ جو شخص حقتعالے کو یوں پکارے کہ اے پیدا کرنیوالے خوک کے تو وہ شخص کافر ہے حالانکہ سب شے کا خالق اللہ تعالے ہے اور اگر یوں پکارے کہ اے خالق مخلوق تو درست ہے بلکہ عبادت ہے تو تب کس او رناکس کو لازم ہے کہ اُٹھتے بیٹھتے یہ کلمہ کہے کہ ہم اور نبی برابر ہیں نعوذ باللہ منہا ع

گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

مگر ہاں اگر کوئی شخص ان حضرات کو شامل توحید الٰہی کرے تو بمقابلہ خالق کے ان حضرات کو مخلوق کہنا ضرور ہے کیونکہ کلمہ کے یہی معنی ہیں نہ کہ اپنی نسبت ساتھ ان حضرات کے مساوی ہونے دینا اگرچہ بمخلوقیت ہو عین بے ادبی ع

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

اے سالک بعض بعض زلہ خوار فلاسفہ حضرات انبیا علیہم الصلوٰۃ والسّلام کی شفاعت بالوجاہت اور بالمحبوبیت کو مطلق شرک کہتے ہیں اور جو عبارت تقویۃ الایمان میں مولوی اسمٰعیل صاحب

Marfat.com

در باب منع شفاعت بالوجاہت اور بالمحبوبیت کے لکھتے ہیں اس کو دلیل لاتے ہیں حالانکہ معنی
اُس عبارت کے یہ معنی نہیں جو یہ بیہودہ سمجھتے ہیں کیونکہ وہ شفاعت بالجبر کو شرک کہتے ہیں چنانچہ وہ
عبارت جو تقویۃ الایمان میں درباب شفاعت منقسم کے لکھی ہے اُس کا خلاصہ یہاں پر لکھا
جاتا ہے وہ خلاصہ یہ ہے یعنی بادشاہ کسی مجرم کو مستحق سزا کا جانے اور اُس کے سزا دینے کو
بادشاہ کا جی چاہے لیکن بسبب سفارش کرنے امیر اور وزیر اعظم کے اور محبوب راحت بخش کے
بایں لحاظ کہ یہ میرے ملک اور عیش میں خلل ڈالدینگے چار و ناچار اُس مجرم کی سزا سے
درگذر کرے انتہٰی اے سالک معلوم کر کہ اس طرح کی شفاعت اولیا اور انبیا علیہم الصلوٰۃ
والسلام کی عند اللہ نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ صورت شفاعت بالجبر کی ہے نہ شفاعت بالوجاہت
اور بالمحبوبیت کی اور جو شخص کہ حقتعالیٰ کو کسی امور میں مجبور جانے وہ کافر ہے کچھ تخصیص شفاعت
بالوجاہت اور محبوبیت کی نہیں اس سے ثابت ہے کہ جو شخص حضرات انبیا علیہم الصلوٰۃ
والسلام کی مجرد شفاعت بالوجاہت اور بالمحبوبیت کا منکر ہے وہ مردود ہے کیونکہ شفاعت
بالوجاہت اور بالمحبوبیت ان حضرات کی بلطف الٰہی ہے نہ بجبر و جاہت اور محبوبیت اُن کی
قرآن و حدیث سے ثابت و اثبت ہے۔ چنانچہ مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
تکمیل الایمان میں بمقام شفاعت حق کے بیچ شرح اس آیہ کے وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى کے
لکھتے ہیں کہ حقتعالے فرماتا ہے کہ اے محمد والے محب میرے والے محبوب میرے والے مطلوب میرے
والے بندہ خاص میرے اس قدر نعمت تجھ کو دوں کہ تو راضی ہو مجھ سے تاکہ کوئی آرزو تیرے دل
میں باقی نہ رہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق میری رضا طلب کرتی ہے اور میں رضا تیری
چاہتا ہوں اور دوسرے یہ کہ حق تعالے نے قرآن شریف میں آنحضرتؐ کی حیات اور بقا کی قسم کھائی
ہے لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ جمہور اہل تفسیر متفق ہیں اس بات پر کہ یہ قسم ہے
پروردگار عزوجل سے بمدت حیات اور بقا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور یہ غایت تعظیم اور نہایت
تکریم ہے جیسے عاشق اپنے معشوق کی قسم کھائے اور کہے تیری جان کی قسم اور ابن عباس سے روایت

ہے کہ پیدا نہ کیا حقتعالے نے کسی ذات کو گرامی تر نزدیک اپنے محبوب محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ اس کی حیات کی قسم کھائی نہ غیر اس کے اور ابوالجوازکہ اجلہ بالعین سے ہے کہتے ہیں کہ سوگند نہ
کھائی حق تعالے نے کسی کی حیات کی سوائے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اس واسطے کہ حضرت
گرامی تر اور بزرگ ترین خلق ہیں نزدیک حق تعالے جل وعلے کے اور قرطبی نے لکھا ہے کہ قسم
کھانا حق تعالے کا بحیات صلی اللہ علیہ وسلم بیان ہے صریح ہمارے واسطے کہ قسم کھائیں ہم آپ کی
حیات کی اور امام احمد کہتے ہیں کہ اگر کوئی قسم کھائے آپ کی حیات کی یمین منعقد ہوتی ہے اور حانث
ہو تو کفارہ واجب ہوتا ہے بہ سبب ہونے حضرت کے ایک دو رکنوں شہادت کا اور معمول اہل
مدینہ ہے کہ حضرت کی قسم کھاتے ہیں اور کہتے ہیں بحق اس کے پوشیدہ کیا ہے جس کو قبر نے اور
بحق ساکن اس قبر کے یعنی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور عنوان سورہ لا اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَ
اَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ سے جو ثابت ہے ظاہر ہے زیادہ تر تشریف اور تعظیم منظور نہیں کہ مقید کیا
حقتعالے نے قسم کو بلد کہ حرام بلد جس کا نام ہے بوقت حلول اور نزول حضرت کے اس شہر میں
اس جا سے کہتے ہیں شرف المکان بالمکین اور مواہب لدنیہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ انہوں نے عرض کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت پاک میں بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ تحقیق
پہنچی فضیلت آپ کی نزدیک خدا کے اس مرتبہ کو کہ قسم کھائی خدا نے آپ کی حیات کی نہ سائر انبیا
کی اور پہنچی فضیلت آپ کی نزدیک خدا کے اس حد کو کہ سوگند کھائی آپ کی خاک پا کی اور کہا
لا اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ یعنی قسم کھانا بلد کی عبارت زمین سے ہے کہ اس پر
چلتے تھے قسم کھانا خاک پا کی ہے اے سالک یہ قسم ایک سر مکنون اور راز مکتوم ہے کہ کوتہ چشمان
معنی اور نظر کوتاہ بینوں کی اس کے ادراک سے قاصر ہے لیکن جو صاف بین اور پاک نظر واقف
انداز اور نیاز عاشق و معشوق ہیں وہ ہی ان باتوں کی حقیقت اور کیفیت سے لذت پاتے ہیں چنانچہ
خواجہ حافظ فرماتے ہیں ؎

بر زمینے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود		سالہا سجدہ صاحب نظران خواہد بود	

اور یہ جو کچھ مذکور ہوا مدارج النبوۃ میں مسطور ہے انتہٰے اے سالک اس سے زیادہ کیا محبوبیت اور وجاہت ہوگی کہ حق تعالےٰ نے آپ کی حیات اور خاکِ پاک کی قسم کھائی اور فرمایا کہ اے حبیب میرے تمام عالم میری رضا طلب کرتا ہے اور میں تیری رضا چاہتا ہوں چنانچہ یہ عبارت تکمیل الایمان میں مرقوم ہے بالجملہ روز روز محمد است وجاے جاے اوست ومقام مقام اوست وسخن سخن او ومہمان اوست دیگراں ہمہ طفیلی اند در قرآن خطاب میرود وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ ترا اے محمد اے محب من اے محبوب من واے مطلوب من اے بندہ خاص من چنداں نعمت وہم در حمت کنم کہ راضی شوی از من ہیچ آرزوے دل تو نشکند اے محمد ہمہ کس رضاے من مے طلبند ومن رضاے تو خواہم گفت راضی نشوم تا یک یک امت من نیامرزی وگوید آیہ کریمہ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ یعنی جب حق تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا کہ تمام مخلوق میری رضا چاہتی ہے اور میں تیری رضا چاہتا ہوں تو آپ نے عرض کی کہ خداوندا جب تک تو تمام اُمت میری کو نہ بخشیگا میں راضی نہ ہونگا حکم ہوا لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا مگر یہ اشارت مخصوص ساتھ امت مرحومہ کے ہے نہ ساتھ غیر کے چنانچہ قوم نوح علیہ السلام کے ساتھ یہ خطاب ہوا يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ اور ساتھ قاعدہ نحو کے لفظ من کا فائدہ بعضیت کرتا ہے یعنی بعض گناہ تمہارے غرضکہ مغفرت اس امت مرحومہ کے ساتھ کرم الٰہی کے نہ مثل اُمّت غیر انبیا کے چنانچہ اور کتابوں میں اس حدیث أَوَّلُ مَا خَلَقَ اللَّهُ نُورِي کی تشریح میں لکھا ہے کہ حق تعالےٰ نے اُس معدن الوحدت سے چار حصے لیکر چار چیز کو پیدا کیا پہلے عرش دوسرے کرسی اور تیسرے لوح اور چوتھے قلم بعد ازاں قلم کو حکم ہوا اُكْتُبْ يَا قَلَمُ لکھ اے قلم قلم نے عرض کی مَا أَكْتُبُ يَا رَبِّ کیا لکھوں اے پروردگار میرے فرمایا اُكْتُبْ تَوْحِيدِي لکھ توحید میری قلم نے کلمہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللَّهُ لوح پر لکھا بعد اس کے حکم ہوا لکھ سب چیزیں قلم نے کہا کیونکر فرمایا لکھ دستور العمل روزنامچہ سب امتوں کا اس طرح سے أُمَّةُ آدَمَ مَنْ أَطَاعَ اللَّهَ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَى اللَّهَ أَدْخَلَهُ النَّارَ امت آدم کی جو کوئی اطاعت کریگا اور کہا مانیگا خدا کا داخل کرے گا خدا اُس کو بہشت میں اور جو کوئی نافرمانی کرے گا

Marfat.com

اور کہا نہ مانیگا خدا کا داخل کریگا اُس کو دوزخ میں۔ اسی طرح اُس منشی دیوان قضائے آدم اور نوح اور ابراہیم علیہم السلام کی امت سے لیکر تا اُمت موسٰے و عیسےٰ علیہما السلام لکھا بعد اس کے جب اُمت بابرکت حضرت خاتم النبیین افضل المرسلین کی نوبت آئی قلم دستور سابق لکھنے لگا امّت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کوئی فرمانبرداری کریگا اور حکم مانیگا خدا کا داخل کریگا خدا اُس کو بہشت میں اور جو کوئی نافرمانی کریگا اور کہا نہ مانیگا خدا کا قلم نے اس قدر لکھکر چاہا کہ آگے لکھوں کہ داخل کریگا خدا اس کو دوزخ میں ہنوز یہ لکھا نہ تھا کہ پروردگار رحیم اور خداوند کریم نے فرمایا تَاَدَّبْ یا قلمُ تَاَدَّبْ ادب کر اے قلم یہ خطاب پُر عتاب سن کر قلم شق ہوا اور لکھنے سے رُکا اور ہزار برس تک کانپا اور اپنی جسارت سے نادم اور شرمندہ ہوا پھر اس میں دست قدرت سے نقط لگا اور حکم ہوا کہ لکھ اَلْاُمَّۃُ مُذْنِبَۃٌ وَرَبٌّ غَفُوْرٌ امت گنہگار ہے اور پروردگار غفار ہے قلم نے لوح پر یہی لکھا سبحان اللہ اس مقام سے مرتبہ اور شرف حضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سمجھنا چاہئے کہ جن کی طفیل سے اُن کی اُمت کے حق میں قبل ایجاد عالم اور آدم کے یوں پرورش اور مہربانی فرمائی اے سالک تمام مسلمانوں کو چاہئے کہ ایسے نبی محبوب کی محبت میں دل اور جان اور مال مشغول رہیں اور اُس کے دائرہ اطاعت سے قدم باہر نہ رکھیں۔ اے سالک محبوبیت اور وجاہت حضرت خاتم الانبیا علیہ الصلوٰۃ والسلام اور اولیا کی جو بیچ بیان تصرف کے اوپر مذکور ہوچکا ہے اسی پر اکتفا کی ورنہ تمام قرآن اور احادیث حضرت انبیا اور اولیا علیہم الصلوٰۃ والسلام کی محبوبیت اور وجاہت سے مالامال ہے مقدور بشر نہیں جو بیان کر سکے اور یہ جو بعض بعض نادان پڑھے جاہل زلہ خوار فلاسفہ مرتکب گناہ کبیرہ کو لائق عفو نہیں جانتے یہ عقیدہ ان نادانوں کا خلاف عقیدت اہل سنّت اور قرآن اور حدیث اور اجماع اور قیاس مجتہدوں کے ہے چنانچہ فرمایا حق تعالےٰ نے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ اور سوائے اس کے اور بھی صریح نص ہیں بلکہ تمام قرآن اور حدیث اس مضمون سے مملو اور مشحون ہے چنانچہ فرمایا حق تعالےٰ نے وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اور اسی طرح کوئی شخص بیچ حدیث کے غور اور خوض کرے تو بالا تر حد تواتر سے اس مضمون کو پاوے

Marfat.com

چنانچہ یہ حدیث مشارق الانوار کی باب شفاعت میں بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے لکھی ہے
کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مِنْ قِبَلِ نَفْسِہٖ یعنی بڑا اسعادتمند لوگوں میں میری شفاعت کے واسطے قیامت
کے دن وہ شخص ہوگا جس نے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کو اپنے دل سے خالص ہوکر کہا فائدہ یعنی
ایماندار ہو خواہ متقی ہو خواہ گنہگار انتہٰے اور حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ
علیہ تفسیر سورہ بقر میں بیچ بیان اختلاف اہل قبلہ کے فرماتے ہیں مذہب صحیح کہ صحابہ و تابعین
آں را مشروحاً بیان فرمودہ اند واہل سنت وجماعت آں را اختیار نمودہ است کہ مرتکب کبیرہ قابل
عفو است اگر بے توبہ بمیرد اور مانند سائر مسلمین است در نماز جنازہ و استغفار و اعانت و تصدقات
میراث و در حق او شفاعت پیغمبر و رحمت را امیدوار باید بود بلکہ یقین باید کرد کہ حقتعالیٰ برحمت
بےغایت خود و بالشفاعت پیغمبر از بعضے مرتکبان کبیرہ عفو خواہد فرمود و بعضے را از ایشاں عذاب
ہم کند و نیز یقین باید کرد کہ از ینہا معذب خواہد شد عذاب او منقطع خواہد گشت ابدی خاصہ کفر است
ہیچ گناہ مستحق آں نتواں شد لیکن معتزلہ مرتکب گناہ کبیرہ جو بے توبہ مرا ہو اس کے واسطے تیسرا
مرتبہ ثابت کرتے ہیں بعضے نہ مسلمان کہتے ہیں نہ کافر اور صدقات اور فاتحہ درود و تلاوت
و استغفار و نماز جنازہ اور دفن کرنا اُس کا مقابر میں مسلمانوں کے محض بیفائدہ جانتے ہیں۔
اور کہتے ہیں کہ یہ امور مشروط بایمان ہیں اور خوارج مرتکب گناہ کبیرہ کو مطلق کافر کہتے ہیں اور بعضے
اہل ہوا کہتے ہیں کہ اصلاً فساق کو وعید نہیں اور بلکہ وعید درمیان قرآن اور حدیث کے وارد ہے
کافروں کے واسطے ہے کیونکہ وہ کفر اور فسق باہم رکھتے ہیں اور قول اُن کا یہ ہے لَا النَّارَ اِلَّا
بِالْفُسُوْقِ وَلَا الْفُسُوْقُ اِلَّا بِالْکُفْرِ اور یہی قول ہے مرجیہ خذلہم اللہ کا چنانچہ بیچ حق انہو
کے حدیث صحیح وارد ہے رِجَالٌ قُلُوْبُھُمْ قُلُوْبُ الشَّیَاطِیْنِ فِیْ جُثْمَانِ اِنْسٍ اور بعضے
اہل ہوا وعید قطعی منقطع کو واسطے اُن کے ثابت کرتے ہیں یعنی مرتکب گناہ کبیرہ کو قابل عفو
نہیں جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مرتکب گناہ کبیرہ البتہ معذوب ہوگا الا عذاب اُن کا منقطع ہوکر آخر

Marfat.com

بہشت کو جاوینگے چنانچہ یہی مذہب نصر قریشی اور خالد نبی اور دیگر جاہلان بیوقوف کا ہے۔ چنانچہ
حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں و بعض ایشان وعیدی قطعی منقطع ابرو ثابت
مکنند و میگویند کہ او شایان نسبت البتہ معذب خواہد شد اما عذاب او منقطع خواہد گشت و آخر بہ بہشت
خواہد رفت و ہمیں است مذہب نصر قریشی و دیگر جاہلان بیوقوف انتہٰے اور بعضے زلہ خوار فلاسفہ
کہتے ہیں تقلید امام اربعہ کی بدعت بد ہے سو یہ کہنا ان بیہودوں کا مجنونیت سے خالی نہیں کیونکہ
قیاس کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جابجا حدیث سے ثابت ہے اور خوشنودی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی اس میں شاہد ہے چنانچہ یہ حدیث بخاری و مسلم میں عبداللہ بن عمر سے مروی ہے
قَالَ ابْنُ عُمَرَ لَا يُصَلِّيَنَّ اَحَدُنِ الظُّهْرَ وَ يُرْوَى الْعَصْرَ اِلَّا فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ قَالَهُ مُنْصَرِفًا
مِنَ الْاَحْزَابِ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ کوئی نماز پڑھے ظہر کی اور ایک
روایت میں آیا ہے کہ عصر کی مگر بنی قریظہ میں یہ حضرت نے کفار کے گھروں کے لوٹتے وقت
فرمایا ہے قریظہ یہودی لوگ تھے مدینہ کے قریب دو تین کوس ان کی بستی اور کوئی نہ تھی حضرت
میں اور ان میں صلح تھی جب پانچویں سال ہجرت کے بعد جنگ احد کے کفار قریش عرب کی
بہت قوموں کو مدینہ پر چڑھا لائے تو یہودی بنی قریظہ نے بھی حضرت سے قول توڑا اور کافروں
کے شریک ہوئے اس لڑائی کو جنگ خندق اور جنگ احزاب کہتے ہیں کافروں کا لشکر دس ہزار
تھا اور حضرت کا لشکر تین ہزار چند روز کافر مدینہ کو گھیرے رہے خدا نے نہایت سرد ہوا چلائی
کافر نہ ٹھہر سکے ناامید پلٹ گئے تب حضرت کو حکم ہوا کہ بنی قریظہ سے لڑو تب حضرت نے
اصحاب سے یہ حدیث فرمائی بخاری اور مسلم میں باقی حصہ حدیث کا یوں ہے کہ اصحاب حضرت کے
حکم سے چلے عصر کا وقت راہ میں جانے لگا بعضوں نے راہ میں نماز پڑھ لی اور کہا حضرت کو یہ غرض
نہ تھی کہ اگرچہ نماز کا وقت جاتا رہے کوئی راہ میں سوائے بنی قریظہ کے نماز نہ پڑھے بلکہ غرض حضرت
کے کلام سے جلدی جانا تھا اور بعضے اصحاب نے راہ میں نماز نہ پڑھی اور کہا ہم تو بنی قریظہ میں جاکر
پڑھینگے اگرچہ نماز کا وقت جاتا رہے حضرت نے ہم سے وہیں نماز کو فرمایا ہے بہرحال یعنی بعضوں کے

Marfat.com

نماز پڑھنے کا اور بعضوں کے نماز نہ پڑھنے کا حضرت کے روبرو ذکر ہوا حضرت کسی پر ناخوش نہ ہوئے یعنی دونوں کو اچھا سمجھا فائدہ جیسا کہ حضرت کے اصحاب نے حدیث سے دو مطلب سمجھے بعضوں نے ظاہر حدیث پر عمل کیا اور بعضوں نے قیاس کیا اور سبب نکالا ویسے ہی مجتہد لوگ بعضی جگہ قرآن اور حدیث کے مطلب کو سمجھے ہیں اور سب حق پر ہیں اسی واسطے اہل سنت وجماعت چار اماموں کے مذہب کو حق جانتے ہیں اور یہ جو بعضے زلہ خوار فلاسفہ کہتے ہیں ایک دین محمدی میں اپنے قیاسوں سے اختلاف کر کے چار مذہب بنا دیئے اس حدیث صحیح سے معلوم ہوا کہ یہ زلہ خوار فلاسفہ بڑے احمق اور دیوانے ہیں کیونکہ ایسے اختلاف میں کچھ حرج نہیں چنانچہ ایسا اختلاف اصحاب حضرت میں واقع ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اختلاف قیاس کو درست رکھا انتہٰے اسی طرح اربعہ امام کے قیاس میں اختلاف ہے اور یہ اختلاف کچھ مضر نہیں بلکہ رحمت ہے جیسے فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَۃٌ اے سالک طریق حق ان چاروں امام میں دائر ہے اور جو ان چاروں سے باہر ہے وہ ضال اور گمراہ ہے کیونکہ یہ چاروں امام دین حق کے ستون ہیں اور چراغ ہیں چنانچہ وَعَنْہُ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اِنَّ اٰدَمَ اِفْتَخَرَ بِیْ وَاَنَا اَفْتَخِرُ بِرَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِیْ اِسْمُہٗ نُعْمَانُ وَکُنْیَتُہٗ اَبُوْحَنِیْفَۃَ وَھُوَ سِرَاجُ اُمَّتِیْ یعنی در مختار میں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق آدم علیہ السلام فخر کرتے تھے ساتھ میرے اور میں فخر کرتا ہوں ساتھ ایک شخص کے اُمت اپنی سے کہ نام اس کا نعمان ہے اور کنیت اس کی ابوحنیفہ ہے اور وہ چراغ ہے اُمت میری کا یہ عبارت مقدمہ شرح مقدمہ ابی لیث کی ہے وَعَنْہُ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃِ وَالسَّلَامُ ان سائر الانبیاء یفتخرون بی وانا افتخر بابی حنیفۃ من احبہ فقد احبنی ومن ابغضہ فقد ابغضنی ایسے ہی بیچ مقدمہ شرح مقدمہ ابی لیث کے لَوْ کَانَ الْعِلْمُ عِنْدَ الثُّرَیَّا لَاَخَذَہٗ رَجُلٌ مِنْ اَبْنَاءِ فَارِسَ رواہ مسلم اگر ہوتا علم نزدیک ثریا کے البتہ لے جاتا اُس کو ایک شخص ابناء فارس سے روایت کی مسلم نے انتہٰے وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ ثُمَّ لَا یَکُوْنُوْا اَمْثَالَکُمْ

Marfat.com

سُئِلَ عَنْهُ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَکَانَ سَلْمَانُ اِلٰی جَنْبِہٖ فَضَرَبَ فَخِذَہٗ وَقَالَ ھٰذَا وَقَوْمُہٗ اور بیچ بیضاوی کے نیچے اس آیہ کے اگر منہ پھیرو گے تم بدل دیگا قوم تمہاری کو غیر تمہارا پھر نہ ہونگے وہ مانند تمہارے پوچھا گیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ وہ کون قوم ہے اور حال یہ ہے کہ تھے سلمان رضی اللہ عنہ پاس آپ کے پس ہاتھ مارا آپ نے زانوں اُن کے پر اور فرمایا یہ شخص معہ قوم اپنی کے یعنی تحقیق یہ قوم ممدوح اہل فارس ہیں اور ابو حنیفہ ان میں سے ہیں انتہٰی غرضکہ اے سالک یہ زلہ خوار فلاسفہ آئمہ ظاہر اور باطن کے دشمن ہیں اس واسطے ہر انسان کو چاہئے کہ ان سے دور بھاگے چنانچہ یہ حدیث مشارق الانوار میں ہے عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ سَیَکُوْنُ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ اُنَاسٌ یُحَدِّثُوْنَکُمْ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوْا اَنْتُمْ وَلَا اٰبَاؤُکُمْ فَاِیَّاکُمْ وَاِیَّاھُمْ مسلم میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ عنقریب ہے کہ میری پچھلی اُمت میں کچھ لوگ ہونگے جو حدیث ظاہر کرینگے اور وہ باتیں تم سے کہینگے جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے نہیں سنیں سو دور بھاگو اُن سے فائدہ اس حدیث میں اہل ہوا کا ذکر ہے یعنی جو برخلاف اجماع مجتہدوں کے کلام کرتے ہیں اُن سے دور بھاگنا چاہئے انتہٰی اے سالک بعض بعض زلہ خوار فلاسفہ مطلق فاتحہ کو منع کر کے فاتحہ کو بدعت بد اور اس کھانے کو حرام کہتے ہیں یعنی جو کچھ تخصیص نہیں کرتے کہ یوں درست ہے اور یوں نادرست ہے چنانچہ اُن میں سے ایک طریق تو جائز اور دوسرا اولے اور تیسرا حرام چنانچہ مولوی خرم علی صاحب نے رسالہ نصیحت المسلمین کی فصل چوتھی میں جو رسومات شرک کے بیان میں ہے اُس کی قسم دوسری میں خوب مفصل فاتحہ جائز اور حرام کا بیان لکھا ہے چنانچہ اس میں سے تھوڑی سی عبارت یہ ہے جیسے حاضری حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی۔ صحنک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی۔ گیارہویں حضرت عبدالقادر جیلانی کی۔ مالیدہ حضرت شاہ مدار کا۔ شیرینی حضرت بوعلی قلندر کی۔ توشہ شاہ عبدالحق کا کرنا اس نیت سے کہ یا حضرت تم ہمارا فلانا کام کر دو تو حرام ہے۔ اور نہایت بد ہے اور صاف شرک ہے اور اگر منت نہیں ہے صرف اُن کی روح کو ثواب پہنچانا منظور

ہے تو درست ہے اس نیت سے ہرگز منع نہیں انتہٰے ۔چنانچہ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی
رحمۃ اللہ علیہ اپنے فتوے میں سوال کے جواب میں ارقام فرماتے ہیں سوال خوردن چیزہا کہ بر
تعزیہ وغیرہ نذر ونیاز مے آرند ودر انجا نہادہ فاتحہ میدہند ونہادہ میدارند شب عاشورہ قابہائے
حلوا بر تخت ضریح وتعزیہ ہا مے نہند وصبح برداشتہ تبرکاً تقسیم میکنند جواب طعا میکہ ثواب
آں نیاز حضرت امامین نمایند وبرآں فاتحہ وقل ودرود خوانند تبرک میشود وخوردنش بسیار خوب
است لیکن بہ سبب بردن آں طعام پیش تعزیہ ہا ونہادن پیش تعزیہ وغیرہ تمام شب بلکہ پیش قبور
حقیقی تشبیہ بکفار وبت پرستاں میشود وپس ازیں جہت کراہیت پیدا میکند واللہ اعلم بالصواب
انتہٰے یہ جو بعضے شخص اُس فاتحہ کے کھانے کو حرام کہتے ہیں یہ محض ان کی بے علمی اور کم فہمی اور گمراہی ہے
کیونکہ عقائد کی کتابوں میں لکھا ہے کہ جو شخص حلال کو حرام اور حرام کو حلال کہے وہ کافر ہے اور
اس کے حلال ہونے پر یہ آیت ناطق ہے فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ
وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ یعنی سو تم کھاؤ اُس
میں سے جس پر نام لیا اللہ کا اگر تم کو اس کے حکم پر یقین ہے اور کیا سبب کہ تم نہ کھاؤ اُس میں سے
جس پر نام اللہ کا لیا اور وہ کھول چکا جو کچھ تم پر حرام کیا ہے انتہٰے اے سالک یہ ژاژخوار فلاسفہ ہر
بات میں حد سے گذر گئے ہیں اور جو حد سے گذر جاتا ہے اللہ اس کو دوست نہیں رکھتا چنانچہ
فرمایا حقتعالےٰ نے اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ یعنی تحقیق اللہ دوست نہیں رکھتا ہے حد
سے گذرنیوالوں کو انتہٰے اے سالک حقیقت اہل ہوا کی تجھ پر کما ینبغی ظاہر ہوگئی اب تجھ
کو چاہئے کہ ان بیہودوں کی صحبت سے بچ اگر نار جہنم سے بچنے والا ہے ورنہ تو اس آیت کا
مصداق ہوگا وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ
اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۔ اور ہم نے پھیلا رکھے دوزخ کیواسطے بہت جن اور آدمی جن کو دل ہیں اُن سے
سمجھتے نہیں اور آنکھیں ہیں اُن سے دیکھتے نہیں اور کان ہیں اُن سے سُنتے نہیں وہ جیسے چوپائے

بلکہ اُن سے زیادہ بے راہ وہی لوگ ہیں غافل لنتے۔ اے سالک حقیقت واقع ہونے شفاعت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو روز قیامت کے ظاہر ہوگی یوں ہے کہ جب تمام مخلوق شور جہنم اور عبرت حساب سے سراسیمہ ہوکر حضرت آدم علیہ السلام کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوکر عرض کریگی کہ آپ کو حقتعالے نے اپنی ید قدرت سے بنا کر اپنی روح تمہارے جسد پاک میں پھونکی اور تفاخر اور عزت اتم تم کو عطا کرکے مسجود ملائک کیا اس واسطے ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں کہ آپ اول پیغمبر اور باپ سب آدمیوں کے ہیں آج ہم کو اس مقام ہیبتناک سے نجات دلوائیے تو حضرت آدم علیہ السلام یہ سن کر گریہ وزاری کرکے کہینگے کہ میں اس کے لائق نہیں کیونکہ میں خود شرمندہ اپنی زلات سے ہوں۔ مگر تم حضرت نوح علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کہ اوّل پیغمبر ہیں چنانچہ یہ حضرت نوح علیہ السلام سے حضرت عیسےٰ علیہ السلام تک سب کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض حال اپنا کرینگے اور وہ سب حضرات مثل آدم علیہ السلام کے گریہ وزاری کرکے جواب دینگے کہ ہم سب کا قول آج نفسی نفسی ہے مگر تم جاؤ پاس جناب خاتم النبیین سید المرسلین کے جو خاص بندے اور محبوب رب العالمین ہیں اُن کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوکر عرض حال کرو تاکہ یہ تمام مخلوق اُس عذاب سخت سے نجات پاوے چنانچہ کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ روز ایسا سخت ہوگا کہ ماں باپ بیٹے کو اور بیٹا ماں باپ کو اور شوہر زن کو اور زن شوہر کو اور برادر بھائی کو اور یار آشنا کو بھول جائینگے اور اپنے اپنے نفس کی خیر مانگینگے اور تمام پیغمبر نفسی نفسی کرینگے اور آتش دوزخ معصیت کی حرارت سے سب آدمیوں کے اندر اندر کھوپری کے ایسے پکینگے جیسے ہانڈی چولھا پر پکتی ہے اور کسی کا یار اور مددگار بجز پروردگار کے اُس مقام ہیبت گاہ میں نہ ہوگا اس وقت پُر آشوب میں جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم جو شفیع المذنبین ہیں اُس میدان زہرہ گداز شیر میں ایسے سراسیمہ اور بیقرار اور چشم پُرنم گھومتے پھرتے ہونگے جیسے کہ کوئی عورت بیوہ اپنے اکلوتے بیٹے کو سُن کر میلہ اور بازار میں ڈھونڈتی پھرتی ہے چنانچہ اس وقت حقتعالیٰ کی طرف سے یہ ندا ہوگی کہ اے محبوب میرے ایسے میدان میں کہ جس میں نبی ولی ولایت کو بھولے جاتے ہیں

اور تمام نبی نفسی کہتے ہیں آپ کس کی جستجو اور تلاش میں ایسے مضطر اور بیقرار ہیں تو آپ بعد عجز و نیاز کے عرض کرینگے کہ الہ العالمین تو دانا اور بینا ہے ہیں اپنی اُمت ناتواں کو ڈھونڈتا پھرتا ہوں کہ دیکھوں اُن گنہگاروں کا کیا حال ہے۔ روحی فداک یا حبیب اللہ اُمت کو آپ کہیں نہ بھولے چنانچہ کتابوں میں لکھا ہے کہ آپ کی عادت شریف اس طرح پر تھی کہ کچھ رات کو نماز اور ذکر الٰہی میں صرف کرتے اور کچھ رات کو استراحت فرماتے ایک روز بظاہر خواب میں یعنی وہ خواب جو تمام عارفوں اولین اور آخرین کی بیداری سے ایک ساعت اُس خواب کے لاکھوں حصے بہتر اور اچھی تھی مشغول باستراحت رہے ناگہاں جبرئیل امین تشریف لائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ سبحانہ تعالےٰ بعد تحفہ درود اور سلام کے آپ سے یہ ارشاد فرماتا ہے نظم

اے محمدؐ خواب تو زیبندہ نیست	ہر کہ در خدمت نباشد بندہ نیست
من فرستادم ترا از بہرِ آں	تا شوی پشتِ پناہِ امتاں
گر تو پردازی بخوابِ نیم شب	کردم اینک اُمتانم را غضب

یہ خطاب پُرعتاب سنکر سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بخاطر ملول اور سینۂ مجروح یہ فرمانے لگے خداوندا کس زبان سے عذر خواہی کروں یہ کہکر عمامہ سر مبارک سے جدا کیا اور قطرات اشک آنکھوں سے بہاتے ہوئے سربسجدہ ہو کر یہ عرض کی نظم

زار مے نالید مے گفت اے الٰہ	تا نہ بخشی اُمتانم را گناہ
من نہ بردارم سرِ خود از زمیں	تا بروزِ حشر باشم ایں چنیں
ایں چنیں مے گفت و مے نالید زار	با دلِ پُردرد و چشمِ اشکبار

اے عاشقاں روئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم و اے شیفتہ گان گیسوئے احمد صلی اللہ علیہ وسلم دیکھو کیا شفقت اور رحمت اپنی اُمت مرحومہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ حد بیان سے باہر ہے چنانچہ یہ حدیث بخاری اور مسلم میں بروایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے وارد ہے کہ

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر پیغمبر کی اللہ تعالے ایک ایک دعا یقینی قبول فرماتا ہے اگرچہ پیغمبروں کی بہت سی دعائیں قبول ہوتی ہیں لیکن اور دعاؤں میں امید ہے اور اس میں یقین۔ سو آپ فرماتے ہیں کہ ہر نبی نے اپنی اپنی دعا مقبول اللہ تعالے سے مانگ لی مگر میں نے اپنی یقینی مقبول دعا واسطے اُمت اپنی کے ذخیرہ کر رکھا ہے کہ قیامت کے دن اُن کے کام آئے چنانچہ وہ حدیث یہ ہے اِنَّ لِکُلِّ نَبِیٍّ دَعْوَۃً وَاِنِّیْ اِخْتَبَأْتُ دَعْوَتِیْ شَفَاعَۃً لِّاُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ رَوَاہُ اَنَسٌ

گفت پیغمبر کہ روزے رستخیز	کے گذارم مجرماں را اشک ریز
من شفیع عاصیاں باشم بجاں	تا رہا نداز عتاب نقص آں
در جمیعم ہجر شاں دوری وہم	پس رحیق وصل شاں برکف نہم
ہر نبی درخواست چیزے از خدا	من شفاعت خواستم روز جزا

مدارج النبوت میں بروایت والدہ ماجدہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منقول ہے کہ آپ فرماتی ہیں جب حضرت حوّا اور مریم اور ہاجرہ رضی اللہ عنہما نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیکر مجھ کو دیا دیکھا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے سجدہ کیا اور پیچھے یہ کہا حدیث اَللّٰھُمَّ ھَبْ لِیْ اُمَّتِیْ اے پروردگار بخش تو میرے واسطے اُمت کو اور بروایت صحیح ثابت ہے کہ اللہ جل شانہ فرشتوں سے فرماتا ہے۔ گواہ ہو فرشتو میرے کہ دوست میرا نہ بھولا اپنی امت کو وقت ولادت کے پھر کیونکر بھولیگا اپنی اُمت کو دن قیامت کے اُنتہے اور حالات شب معراج میں لکھا ہے کہ جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے براق کو دیکھا آبدیدہ ہوئے جناب باری نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ارشاد کیا کہ میرے حبیب سے پوچھو کہ یہ وقت شادمانی اور عیش و کامرانی کا ہے سبب رنج اور ملال کا کیا ہے آپ نے فرمایا کہ اے جبرئیل آج مجھے خلعت سرفرازی کا عنایت ہوا براق سواری کو اور ملائک مقربین استقبال کو آئے۔ آہ قیامت کے دن میری امت کے لوگ بھوکے پیاسے

Marfat.com

ننگے ۔ بوجھ گناہوں کے گردن پر رکھے ہاتھ مظلومی اور بیکسی کا پھیلائے بیچارے مصیبت کے مارے اپنی قبروں سے نکلینگے ۔ پچاس ہزار برس کی راہ قیامت اور تیس ہزار برس کی راہ پلصراط باریک و تاریک دوزخ پر کھینچی ہوگی یہ سب غریب فقیر بے بضاعت اس قدر قطع مسافت کیونکر کرینگے اور کس طرح سے قدم اٹھاویں گے یہ ہرگز شرط مروّت اور طریقہ شفقت مقتضی نہیں کہ میں آج ان بیچاروں کا غم غربت اور بیکسی بھول جاؤں اور میں بخوشی و خرمی براق پر سوار ہوں حکم آیا کہ اے رحمۃ للعالمین آپ اس کا کچھ غم نہ کیجئے جس طرح آج آپ کے در دولت پر براق بھیجا ہے قیامت کو آپ کی ہر ایک امت کی قبر پر ایک ایک براق بھیجونگا اور سب کو سوار کرکے طرفۃ العین میں راہ قیامت اور پلصراط طے کرا کے داخل بہشت کرونگا پس خواجہ عالم صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوکر براق پر سوار ہوئے انتہٰے ۔ اور قیسم بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جس وقت جسد مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قبر شریف میں سر پر خاک پر لٹایا چہرہ نورانی سے پردہ کفن اُٹھایا میں نے دیکھا کہ لب ہائے مبارک کو جنبش ہے آہستہ آہستہ کچھ فرماتے ہیں میں نے اپنے کانوں سے بخوبی سنا کہ قبر میں بھی آپ امتی فرماتے تھے غرضکہ اے سالک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے بہرحال شفیع ہیں اور جو شخص آپ کو شافع نہ جانے وہ مردود ہے کیونکہ یہ عقیدہ اہل سنت کا ہے اَلشَّفَاعَۃُ حَقٌّ لیکن شفاعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چھ طرح پر ہوگی چنانچہ بخاری اور مسلم میں یہ حدیث وارد ہے یعنی اوّل تو حشر میں بوقت حساب کتاب کے یعنی جب لوگ قبروں سے اُٹھیں گے حساب کے میدان میں کھڑے گرمی کی شدت سے بیقرار ہونگے اور سب پیغمبر جواب دے چکینگے تو اس وقت ہمارے حضرت کمر شفاعت باندھ کر حساب کتاب کروا کر مخلوق کو اُس مصیبت سے نجات دلا کر داخل بہ بہشت کرینگے چنانچہ اس کا نام شفاعت کبرٰے ہے اور یہ شفاعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مخصوص ہے دوسرے کا اُس میں دخل نہیں اور اسی مقام کو مقام محمود اور شفاعت عظمٰے کہتے ہیں اور پہلے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے شفاعت اس واسطے نہ

شروع ہوئی تاکہ تمام خلق کو پیغمبروں کی زبان سے ثابت ہو جاوے کہ سوائے حضرت کے کسی کو ایسا رتبہ نہیں ہرچند اور اولیا اور انبیا اور علمائے کی شفاعت ثابت ہے لیکن وہ شفاعت جزئی ہے کلی نہیں۔ غرضکہ اول میدان شفاعت میں سوائے حضرت کے کوئی قدم نہ رکھ سکیگا پھر جب شفاعت کا دروازہ کھلا اور قہر ایزدی بہ سبب ملاحظہ محمدی فرو ہؤا تو اور پیغمبر اور امام بھی بقدر اپنے مراتب کے شفاعت پر مستعد ہونگے تو اے سالک اس حدیث سے معلوم ہؤا کہ یہ جو بعضے پڑھے جاہل کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اس کو شفیع کردے۔ یہ کہنا ان کا محض غلط ہے اور جھوٹ بلکہ در پردہ انکار شفاعت ہے کیونکہ شفاعت عظمےٰ مخصوص آپ کے واسطے ہے اور دوسری شفاعت اُس وقت واقع ہوگی کہ جس کو اللہ تعالیٰ بعد حساب کے مستحق جہنم کا کرے طرف جہنم کے روانہ کریگا اُن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم راہ سے پھیر لاکر اُن کی شفاعت کرکے داخل بہشت کرینگے اور تیسری اُس وقت کہ کچھ لوگ جہنم کے کنارے مستحق بہ جہنم ہو کر پہنچینگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُن کی شفاعت کرکے اُن کو بہشت میں داخل کرینگے اور چوتھی اُس وقت کہ کچھ لوگ جہنم میں داخل ہونگے اُن کے واسطے حضرت اپنے رب سے اذن مانگ کر اُن کی شفاعت کرکے دوزخ سے بچادینگے اور پانچویں شفاعت تخفیف عذاب کی ہوگی اُن لوگوں کے لئے جو بامر الٰہی دوزخ ہی میں رہینگے اور چھٹی شفاعت ترقی درجات کی ہوگی اہل جنت کے واسطے اور بعض علما کے نزدیک مقام شفاعت کے پانچ اس طور پر ہیں کہ اول شفاعت موقف حشر میں آپ فرمائینگے تابش آفتاب کی حرارت اور انتظار حساب کی شدت کو کم کرائینگے دوسری شفاعت سوال وجواب کے وقت آپ فرمائینگے اور بے حساب اُمتیوں کو بخشوا کر بہشت میں داخل کرینگے تیسری شفاعت بعد حساب نیکی اور بدی کے ہوگی اُن لوگوں کے حق میں جو حساب میں پورے نہ اُترینگے اور مستحق عذاب ہوجائینگے آپ کی شفاعت کے ذریعہ سے اللہ جل شانہ اُن کا عقاب رفع کرے گا۔ اور چوتھی شفاعت اُن لوگوں کے واسطے ہوگی جو دوزخ میں ڈالدیئے جائیں گے آپ کی شفاعت

Marfat.com

کے وسیلہ سے اللہ جل شانہ ان لوگوں کو دوزخ سے نکال کر بہشت میں داخل کرے گا۔ پانچویں شفاعت اہل جنت کے واسطے ہوگی بلندی درجات کے واسطے آپ کی شفاعت کے واسطے جنتیوں کے درجے بلند فرمائیگا۔ بعض علما چھٹی شفاعت اور لکھتے ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خاص اپنے چچا ابوطالب کے واسطے تخفیف عذاب کی فرمائینگے اور بعضوں کے نزدیک ساتویں شفاعت اور بھی ہے کہ حضور سرورکائنات صلی اللہ علیہ وسلم اہل مدینہ کے واسطے فرمائینگے۔ شیخ ابن حجر مکی کہتے ہیں کہ یہ سب شفاعتیں انہیں پانچ قسموں میں داخل ہیں جن کا ذکر کیا گیا ورنہ اور بھی اقسام ان پانچ قسموں کے سوا پیدا ہوسکتی ہیں جیساکہ فرمایا ہے آنحضرت سرورعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے میں اوّل شفاعت مدینہ والوں کی کرونگا۔ پھر مکہ والوں کی پھر طائف والوں کی پھر ان لوگوں کی جنہوں نے میری قبر کی زیارت کی پھر ان لوگوں کی جو اجابت کرتے ہیں اذان کی یعنی اذان سنتے ہی نماز کے واسطے مسجد کو جاتے ہیں اور درود بھیجتے ہیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر صلحا کی تقصیرات کے معاف کرانے میں پھر اُن لوگوں کی جن کی نیکی بدی برابر ہونگی۔ الغرض حضرت سرورعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات اور کمالات کی حد نہیں اور پایاں نہیں ؎

گر بگویم شرح ایں بے حد شود
مثنوی ہفتاد من کاغذ شود

اے سالک جو لوگ زلہ خوار فلاسفہ ہیں ان کی چشم بصیرت نابینا ہے حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو نظر نہیں آتی معاذ اللہ وہ آپ کو بشر ہیچو خود سمجھتے ہیں جیسا کہ ابوجہل مردود انکار ہی کرتا رہا اور ایمان نہ لایا خوب کہا کسی نے ؎

گر شان محمد کی ابوجہل پہ کھلتی
ایمان کے لانے میں کبھی ننگ نہ کرتا

Marfat.com

پس اس زلہ خوار فلاسفہ کے کفریات پر ہرگز اعتقاد نہ رکھنا چاہئے اور اہل ہوا کی ہزلیات سے بچنا چاہئے اور اہل اللہ کے دامن سے لگنا چاہئے کہ نفس و شیطان کی راہوں سے نجات ملے اور اتباع و اطاعت حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی حاصل ہو جو باعث بہبودیئے دارین ہے۔ رَزَقَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ اِتِّبَاعَ رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَنَبِيِّهِ الْعَظِيْمِ اَحْمَدَنِ الْمُجْتَبٰى مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۞

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

"تمام حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں"

اردو ترجمہ کتاب خلاصۃ العارفین

یہ مجموعہ ملفوظات حضرت خواجہ قطب الاقطاب حضرت بہاؤ الدین ذکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت بابا فریدالدین گنجشکر و حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت اور حضرت محبوب الٰہی نظام الدین قدس اللہ سرہ کی زبان مبارک سے لکھے گئے ہیں ۔ کاغذ اعلےٰ قسم ۔ قیمت ۴ر

اردو ترجمہ رسالہ نقشبندیہ

اس رسالہ میں نقشبندیہ طریقہ کے ذکر اور لطائف قلبی و مراقبہ وغیرہ کا بیان ہے اور اس کے ساتھ طریق مراقبہ بھی بتایا گیا ہے اور دل کا نقشہ دکھلا کر ہر ایک لطیفہ کا مقام دکھایا گیا ہے ۔ قیمت ۴ر

اردو ترجمہ کتاب مونس جاں

یہ کتاب حضرت شاہ ابوالمعالی قادری علیہ الرحمۃ کی تصنیف سے ہے اس میں پانچ مقالے ہیں (۱) میں حقائق (۲) میں احادیث اور کلمات مشائخ (۳) میں محبت (۴) میں مطائبات اور ہزلیات (۵) میں ذکر شعر۔ نہایت ہی دلچسپ کتاب ہے اور موزات تصوف کو دلکش پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے قیمت .. ۴ر

اردو ترجمہ گلدستہ باغ ارم

یہ کتاب بھی حضرت شاہ ابوالمعالی قادری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف میں سے ہے اور اس میں چار طراز ہیں طراز اوّل در حالات خواجہ کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم طراز دوم در لطائف اولیا طراز سوم در سخنان حکما جو بے زبانوں کی تمثیل میں ہیں طراز چہارم در نصیحت ۔ قیمت ۲ر

اردو ترجمہ کتاب نفحات الانس

یہ بے نظیر کتاب حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی اعلےٰ تصنیفات میں سے ہے حضرت موصوف کی تصنیف کسی تعریف کی محتاج نہیں۔ اس میں اکثر اولیا اور خاتونان باصفا کا جو اولیا راللہ میں سے گذری ذکر ہے قابل دید لاجواب کتاب ہے ۔ قیمت .. .. ۱۲ للعہ

عقائد انوار

عقائد جامی رح مندرجہ سلسلۃ الذہب کا بامحاورہ منظوم اردو ترجمہ ۔ قیمت .. ۱۰ر

اردو ترجمہ ہر سہ دفتر

مکتوبات شریف

امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرھندی رحمۃ اللہ علیہ

مع مفصل سوانح عمری

کون شخص ہے جو مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی و اسم گرامی سے واقف نہ ہو۔ یہ آپ کا مجموعہ مکتوبات ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً اپنے پیر دستگیر حضرت باقی باللہ قدس سرہٗ کی خدمت اقدس میں اور نیز دیگر احباب کی طرف ارقام فرمائے تھے اور جن کی تلاش اور جستجو میں مدت مدید اور عرصہ بعید سے طالبان مولےٰ عموماً اور حلقہ بگوشان سرکار عالیہ نقشبندیہ خصوصاً حیران و سرگرداں پھرتے تھے۔ چونکہ یہ گنجینہ اسرار معانی نہایت دقیق فارسی زبان میں ہر ادنےٰ و اعلےٰ کی فہمید سے باہر تھا۔ لہٰذا ہم خادمان فقراء نے بپاس خاطر ہر چہار سلاسل عالیہ و حلقہ بگوشان خاندان عالیہ نقشبندیہ کے لئے بصرف زر کثیر اردو ترجمہ کرا کر نہایت خوشخط اعلےٰ درجہ کے کاغذ پر طبع کرائے ہیں جن کو خرید کر ہر ایک طالب مولےٰ بیساختہ یہ شعر اپنی زبان سے ورد کریگا۔

جہانے چند دادم جاں خریدم   بنام ایزد عجب ارزاں خریدم

قیمت دفتر اول صہ   دفتر دوم عا   دفتر سوم عا

سوانح عمری مجدد صاحب علیحدہ بھی مل سکتی ہے۔ قیمت ۸/

المشتہر

اللہ والے کی قومی دوکان مالک ملک چنن الدین خلف ملک فضل الدین ککے زئی

تاجر کتب قومی۔ بازار کشمیری

لاہور

یکم دسمبر ۱۹۲۵ء

Marfat.com

اس کتاب کے تمام حق حقوق بموجب ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۸۴۷ء کے رو سے ملک چنن الدین کے نام محفوظ ہیں

سلسلہ تصوف نمبر (۱۵۴)

اردو ترجمہ کتاب

ریاض السالکین

یعنی

سراج السالکین

تصنیف لطیف

امام ہمام حجۃ الاسلام امام محمد الغزالی رحمۃ اللہ علیہ

جسے

اللہ والے کی قومی دکان مالک

ملک چنن الدین خلف ملک فضل الدین ککے زئی نقشبندی مجددی تاجر کتب قومی

کوچہ ککے زئیاں منزل نقشبندیہ بازار کشمیری

لاہور نے

مشہور عالم پریس لاہور میں باہتمام پنڈت رگناتھ کے چھپوا

قیمت با جلد عصر

تصوف کی بیش بہا رحمت بے نظیر کتابوں کا لاجواب سلسلہ

اردو ترجمہ چہل مکتوب حضرت خواجہ عثمان جالندھری نقشبندی

ان چالیس مکتوبات میں حضرت نے مسائل توحید کو جس خوبی سے بیان فرمایا ہے۔ وہ انہیں کا حصہ تھا قیمت عہ/

اردو ترجمہ مکتوبات میر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت میر سید علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات کا اردو ترجمہ۔ طالبان راہ حقیقت کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہے۔ حضرت موصوف نے دنیا کی بے ثباتی اور ذات باری تعالے کی محبت کو اس طریق سے بیان فرمایا ہے کہ پڑھتے وقت طبیعت متاثر ہو جاتی ہے۔ قیمت ... ۱۴/

اردو ترجمہ کتاب زبدۃ المقامات

یہ نادر اور بے مثل کتاب حضرت قطب الاقطاب ہادئے شیخ وشاب حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ و خواجہ خواجگان والامکان حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے خلفائے نامدار اور آپ کی اولاد پاک کے حالات پاک سے پُر ہے۔ قیمت ... عہ/۲

اردو ترجمہ مقامات احمدیہ وملفوظات معصومیہ

حضرت خواجہ محمد میاں نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت مجدد صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور نبیرہ صاحب دوکان والا تبار کے حالات قلمبند فرمائے ہیں ہر ایک نقشبندی مجددی کا فرض ہے کہ اس کتاب کو خرید کر مطالعہ فرمائیں اس کتاب میں بارہ باب ہیں۔ قابل دید ہے قیمت ... ۱۲/

اسرار الاولیا اردو

ملفوظات حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ۔ مرتبہ حضرت بدر الدین رحمۃ اللہ علیہ۔ قیمت ... ۸/

اردو ترجمہ راحت المحبین

ملفوظات حضرت محبوب الٰہی نظام الدین بدایونی رحمۃ اللہ علیہ مرتبہ حضرت خسرو دہلوی قیمت ... ۱۲/

اردو ترجمہ فوائد الفواد

ملفوظات حضرت محبوب الٰہی نظام الدین بدایونی۔ مرتبہ حضرت خواجہ حسن دہلوی۔ قیمت ... عہ/

۲۲۳۷۵

Marfat.com

اُردو ترجمہ کتاب

ریاض السالکین یعنی سراج السالکین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سب طرح کی تعریف خدا ہی کے لئے سزاوار ہے۔ جو مالک حکمت والا۔ اور صاحب بخشش کریم۔ اور کامل عزت والا مہربان ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اپنی قدرت سے پیدا کیا۔ اور اپنی حکمت کے ساتھ دونوں جہان کے کام سنوارے اور صرف اپنی عبادت ہی کے لئے انسان اور جنات کو پیدا کیا۔ لہذا سالکوں کے لئے راہ صاف ہے۔ اور ناظرین کے لئے دلیل واضح ہے۔ ولیکن خدائے تعالےٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے ہدایت عنایت فرماتا ہے۔ اور جو لوگ اپنے اعمال صالحہ کے ذریعہ مستحق ہدایت ہیں اُن کو خوب اچھی طرح جانتا ہے۔ اور صلوٰۃ اور سلام نازل ہو محمد (صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) پر اور آپ کے تابعداروں پر جو نیکوکار اور پاک ہیں ✱

میرے پیارے بھائیو! اللہ تعالےٰ مجھے اور آپ کو رضامندیوں کی سعادت عنایت فرمائے۔ بعد حمد اور صلوٰۃ کے اس بات کو جان لو۔ کہ عبادت علم کا پھل اور عمر کا فائدہ۔ اور بندے کا مدعا اور اللہ کے دوستوں کا سرمایہ۔ اور پرہیزگاروں کا طریقہ اور پیاروں کا نصیب۔ اور ہمت والوں کا مقصد۔ اور کریموں کا لباس۔ اور مردوں کا پیشہ۔ اور بصیرت والوں کا پسندیدہ طریق ہے۔ عبادت کی راہ میں سعادت اور بہشت ہے۔ وَاَنَا رَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْنِ۔ (میں ہی تمہارا پروردگار ہوں۔ میری ہی

عبادت کرو)۔

نیز حق تعالےٰ کا ارشاد ہے۔ اِنَّ ھٰذَا کَانَ لَکُمْ جَزَآءً وَّ کَانَ سَعْیُکُمْ مَّشْکُوْرًا (ضرور تمہاری کوشش کا یہی بدلہ ہے۔ اور تمہاری کوشش پسندیدہ ہے) مذکورہ بالا فرمان قیامت کے روز حق تعالےٰ کی طرف سے نیکوکار پسندیدہ بندوں کو ہوگا۔

لہٰذا بندے کو عبادت سے چارہ نہیں ہے۔ ہم نے عبادت کے طریقے میں خوب نظر سوچ بچار کی ہے۔ ہم نے عبادت کی راہ کو شروع سے اخیر تک مشکل اور سخت گھاٹیوں سے۔ اور جان جوکھوں مشقتیں۔ اور مسافت دراز۔ اور بڑی بڑی آفتیں۔ اور بہت سی رکاوٹیں۔ اور زبردست دشمنوں۔ اور بے شمار ڈاکوؤں سے پٹا ہوا پایا ہے اور اِس راہ میں پوشیدہ طور پر آفات اور جان لیوا مصیبتوں کی بھرمار ہے۔ اور مدد دینے والے دوست بہت کم۔ اور ضرور یہ راستہ ایسا ہی ہونا چاہیئے تھا۔ کیونکہ بہشت کی راہ ہے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ بہشت تنگیوں اور ناگوار چیزوں کے ساتھ ڈھانپا گیا ہے۔ اور دوزخ آسانی اور شہوت اور لذّتوں کے ساتھ ڈھانپا گیا ہے۔

باوجود اِن دشواریوں کے۔ جو مَیں نے بیان کی ہیں۔ بندہ ضعیف۔ اور زمانہ نازک۔ اور دین کے کام میں نقصان۔ اور فرصت تھوڑی۔ اور کام بہت۔ اور عمر کم۔ اور عمل ناتمام۔ اور آنکھوں والے تھوڑے۔ اور موت قریب۔ اور سفر دُور کا ہے۔ اور عبادت راہ کی خوراک۔ کہ جس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے۔ اگر گرہ سے جاتی رہی تو اُس کا حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔ جو شخص اُس پر کامیاب ہوا اُس نے سعادت ابدی پائی۔ اور جس سے کھوئی گئی وہ ہمیشہ کے لئے بدبخت ہوا۔

لہٰذا یہ کام۔ خدا کی قسم انتہایت مشکل ہے۔ اور اِس کا اندیشہ بہت بڑا ہے۔ اِسی واسطے بہت ہی تھوڑے لوگ اِس راستے کا ارادہ کرتے ہیں۔ اور جو ارادہ کرتے ہیں اِن میں سے بہت تھوڑے چلتے ہیں۔ اور جو چلتے ہیں اِن میں سے بہت تھوڑے منزلِ مقصود پر پہنچکر کامیاب ہوتے ہیں۔ اور جو لوگ مقصود پر پہنچتے ہیں۔ وہی خدا کے

Marfat.com

پیارے ہیں۔ جن کو اپنی معرفت اور محبت کے لئے انتخاب کیا ہے۔ اور اُن کو نیک توفیق اور پاک دامنی کی حفاظت پر قوت عنایت فرمائی ہے۔ پھر اُن کو اپنے فضل سے اپنی خوشنودی اور بہشت کی طرف رہبری کی ہے۔ سب کے خدا! مجھ کو اور تمام مسلمانوں کو ان ہی لوگوں میں سے کر دے!

اب سُنو! کہ جب ہم نے عبادت کی راہ کو ان صفات پر پایا۔ تب ہم نے نہایت باریک نگاہ سے اس سفر کے طے کرنے کی کیفیت کو ملاحظہ کیا۔ کہ بندہ کس چیز کا محتاج ہے کہ اس سفر کو زادِ راہ اور حیلۂ علم و عمل کے ساتھ سلامتی سے طے کرے۔ اور ہلاک کرنے والی گھاٹیوں میں تھک کر نہ رہ جائے۔ تاکہ برباد ہونے والوں کے ساتھ برباد نہ ہو جائے پناہ بخدا!

اسی واسطے ہم نے اس سفر اور سلوک کو طے کرنے کے لئے اس طریق میں کئی کتابیں تصنیف کیں۔ جیسے احیاء علوم الدین۔ کتاب الاسرار۔ کتاب قربۃ الی اللہ۔ وغیرہ۔ جو مشکل اور باریک علموں پر شامل ہیں۔ اور عام لوگوں کا فہم وہاں تک نہ پہنچا۔ تو اعتراض کرنے لگے۔ اور ان کتابوں پر آوازے کسے۔ اور اُن چیزوں میں غور کرنے لگے کہ جو اُن کو معلوم نہ ہوئیں۔ یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ خدا تعالٰے کے کلام سے اور کلام کونسا زیادہ فصاحت والا ہے۔ جب اس کو نہ معلوم کر سکے تو اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ (پہلوں کی کہاوتیں) کہنے لگے۔

لہذا دین داری کے طور پر وقت نے یہی تقاضا کیا۔ کہ ہم تمام مخلوق کو رحمت کی نظر سے دیکھیں۔ اور تو تو۔ میں میں۔ میں نہ پڑیں۔ اور خدائے تعالٰے سے دعا کی۔ کہ ایسی کتاب کے تصنیف کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ کہ جس پر سب لوگ اتفاق کریں۔ اور اس کے پڑھنے سے سب کو مساوی فائدہ حاصل ہو۔ چونکہ خدائے تعالٰے عاجزوں کی دعا قبول کرتا ہے۔ اس نے میری دُعا قبول کی۔ اور اپنے فضل سے اس کام پر اطلاع فرمائی۔ اور اس کتاب میں عجب طرح کی ترتیب الہام فرمائی۔ جو اس علم کی میری دوسری تصنیفات میں نہیں ہے۔ اور اس ترتیب کی میں صفت بیان کرتا ہوں۔

سُنو! اس طرح ہے۔ پہلی چیز جو انسان کو خوابِ غفلت سے بیدار کرتی ہے۔ اور اس راہ پر چلنے کے لئے آمادہ کرتی ہے۔ یہ امداد آسمانی اور توفیق خاص خداوندی ہے۔

Marfat.com

اور بندے کے دل میں گذرتا ہے۔ کہ میں اپنے آپ کو طرح طرح کی نعمتوں میں مستغرق پاتا ہوں۔ جیسے حیات، قدرت۔ اور عقل۔ اور طاقت گویائی۔ اور کئی طرح کے شریف مطالب۔ اور کئی طرح کے نقصانوں اور آفتوں سے سلامتی میں ہوں۔ اور کوئی نعمت دینے والا ضرور ہے۔ جس کا مجھ کو خادم اور شکر گذار ہونا چاہیئے۔ اور اگر میں نے غفلت کی تو اپنی نعمتیں مجھ سے چھین لیگا اور عذاب کے شکنجے میں کسے گا۔ اور حجت پوری کرنے کے لئے۔ رسول علیہ السلام کو مبعوث فرمایا ہے۔ اور خبر دی ہے کہ تیرا پروردگار قادر۔ عالم۔ زندہ۔ ارادے والا۔ کلام کرنے والا۔ امر کرنے والا۔ اور روکنے والا ہے۔ اور اس بات پر قادر ہے۔ کہ اگر گناہ کرو گے تو عذاب دیگا۔ اور اگر تابعداری کرو گے تو ثواب عنایت کرے گا۔ تمام رازوں کو اور جو کچھ دل میں گذرتا ہے جانتا ہے۔ بہشت کا وعدہ دینے والا۔ اور دوزخ سے ڈرانے والا ہے قرآن کے قانون اور شرع کی میزان پر چلنے کا حکم دیا ہے۔ جب یہ مطالب انسان کے دل پر گذرتا ہے۔ اور اپنی جان پر خوف کرتا ہے اور گھبراتا ہے۔ اور چاہتا ہے کہ اپنی خلاصی کا کوئی راستہ جانے۔ اور اس کے لئے کوئی راستہ نہیں ملتا ہے۔ سوائے اس کے کہ عقل کے ذریعے دلائل میں نظر کرے۔ اور صنعت کے ذریعے صانع پر دلیل حاصل کرے۔ تاکہ اس کو علم اور یقین حاصل ہو جائے۔ اس چیز پر جو غیب ہے۔ اور کہ بندے کیلئے پروردگار ہے۔ جس نے کہ بندے کو مکلّف بنایا ہے۔ اور امر و نہی کیا ہے۔ یہ پہلی گھاٹی ہے۔ جو بندے کو راہِ عبادت میں پیش آتی ہے۔ اس کا نام علم کی گھاٹی ہے۔

بندہ لاچار علم کی گھاٹی طے کرنے میں مشغول ہوتا ہے۔ دلائل میں نظر کرتا ہے۔ اور علمائے آخرت سے جو رہبر اور امت کے چراغ ہیں۔ پوچھنے اور دریافت کرنے لگتا ہے۔ تاکہ اس منزل کو توفیق الٰہی سے طے کرے۔ اور اس کو غیب پر علم اور یقین حاصل ہو۔ اس طرح کہ وہ جان لے کہ اس کا خدا واحد لاشریک ہے۔ اور وہی پیدا کرنے والا۔ اور اپنی تابعداری اور خدمت کا۔ ظاہر اور باطن میں امر کرنے والا ہے۔ کفر اور نافرمانی سے منع کرنے والا ہے۔ تابعداری کی صورت میں ہمیشہ کا ثواب۔ اور گناہ و نافرمانی کی حالت میں ہمیشہ کے عذاب کا حکم فرمایا ہے۔ جب یہ معرفت حاصل ہو جائے اور غیب پر یقین ہو جائے۔ تو ضرور خدمت کے لئے چست ہو کر عبادت کی طرف توجہ کریگا۔ لیکن یہ نہ جانے گا۔ کہ کس طرح عبادت کرے۔ اور عبادت ظاہری اور باطنی میں کس چیز

Marfat.com

کی ضرورت ہے؟ پھر خدائے تعالیٰ کی معرفت - اور جو کچھ اس پر واجب ہے شرعی فرائض سے ظاہر اور باطن میں حاصل کرے - عبادت کو شروع کرنا چاہے گا - اپنی نگاہ کو قائم کریگا - گناہوں میں جکڑا ہؤا ہوگا - طرح طرح کی نافرمانیوں اور بدیوں میں ٹھٹھرا ہوگا - کہے گا - کہ میں عبادت کا رخ کس طرح کروں؟ کیونکہ میں گناہوں کی پلیدی سے بھرپور ہوں - لہٰذا مجھ پر واجب ہے - کہ پہلے توبہ کروں - اور خدائے تعالیٰ کی طرف رجوع کروں - تاکہ میرے گناہ بخشے - اور گناہوں کی قید سے نجات عنایت فرمائے - اور نافرمانیوں کی نجاست سے پاک کرے - تاکہ مجھ کو خدمت اور قربت کے فرش پر کھڑے ہونے کی قابلیت حاصل ہو - لہٰذا اس مقام پر بندے کے سامنے توبہ کی گھاٹی آتی ہے ؛

بندے پر لازم ہؤا کہ توبہ کی گھاٹی کو عبور کرے - تاکہ منزل مقصود پر پہنچے - اور جب توبہ کی - اور تمام شرطیں توبہ کی بجا لایا - اور اس گھاٹی کو طے کرکے فارغ ہؤا - چاہا کہ عبادت کرے - تو اپنے آس پاس بہت سی رکاوٹیں دیکھیں - تاکہ ہر ایک ان میں سے خاص طرح سے عبادت سے روکتی ہے - جب اُن میں سوچ بچار کی تو چار رکاوٹیں معلوم کیں - دُنیا - مخلوق - شیطان - نفس - پھر مجبور ہؤا کہ اپنے آپ سے اِن رکاوٹوں اور حجابوں کو دُور کرے ورنہ اِن کے غلبہ کی صورت میں عبادت کا کرنا ناممکن ہے - اِس منزل میں بندے کے سامنے رکاوٹوں کی گھاٹی آتی ہے ؛

چار چیز کے ذریعے اِس گھاٹی کو عبور کرنے کی ضرورت ہوئی - دُنیا کو ترک کرنا اور خلقت سے جُدا ہونا - اور شیطان کے ساتھ جنگ کرنا - اور اپنے نفس کو پرہیزگاری کی لگام دینا - جب یہ سب کچھ کر لیا - اور اِس گھاٹی کو طے کرکے فارغ ہؤا پھر چاہا کہ عبادت کرے - پھر کئی چیزیں سامنے آتی ہیں - اور عبادت سے روکتی ہیں - جب سوچا تو چار چیزیں معلوم ہوئیں - اوّل رزق - کیونکہ نفس کہتا ہے کہ میرے لئے رزق اور پائیداری کی ضرورت ہے - اور تو نے دُنیا کو ترک کر دیا - اور خلقت سے دُور ہو گیا - میرے لئے رزق اور پائیداری کہاں سے ہوگی - دوسرے کئی طرح کے کاموں کا اندیشہ - کیونکہ اُن کی دُرستی اور خرابی کا نتیجہ معلوم نہیں ہے - یہ دل کی مشغولی کا باعث ہے - تاکہ کسی طرح کے فساد اور آفت میں مُبتلا نہ ہو جائے - تیسرے کئی طرح کی سختی اور مُصیبت جو آدمی پر سب طرف سے آتی ہے خاص کر ایسے شخص پر کہ جس نے مخلوقات کی مخالفت کی ہو - اور اپنے نفس

Marfat.com

کے ساتھ جہاد کر رہا ہو۔ اور شیطان کے ساتھ جنگ کر رہا ہو۔ ایسے شخص کو کس قدر رنج و غم کا سامنا ہو گا۔ اور کس قدر سختیاں جھیلنی ہونگی۔ چونکہ کئی طرح کی قضائے الٰہی جو ساعت بہ ساعت نازل ہوگی۔ گاہے مناسبِ حال بھی ہوگی۔ اِس منزل میں بندے کے لئے عوارضات کی گھاٹی پیش آتی ہے۔

اِس گھاٹی کو چار چیز کے ذریعے طے کرنا ضروری ہوا۔ رزق کے بارے میں خدا تعالیٰ پر توکل کرنا۔ اور سب کام خدا کے سپرد کرنے۔ خواہ کسی طرح کا خطرہ ہو۔ اور سب طرح کی آفات پر صبر کرنا۔ اور راضی بقضا رہنا۔ جب یہ سب کچھ کر لیا۔ اور اِس گھاٹی کو طے کر چکا تو یہ مسافر عبادت کرنی چاہے گا۔ اور اپنے نفس کو عبادت میں سُست اور کمزور پائے گا۔ ذکر میں خوش نہ ہو گا۔ اور فکر میں فراغت نہ ہوگی۔ بلکہ غفلت اور آرام طلبی۔ بیکاری اور حرص۔ فضولیات حماقت۔ اور جہالت کی طرف مائل ہو گا۔ لہذا اپنے نفس کے بارے میں رہبر کا محتاج ہو گا۔ جو اِس کو تابعداری اور کارِ خیر کی طرف رہبری کرے۔ اور عبادت کے شغل میں خوش گوار کرے۔ شرارت اور نافرمانی کی رغبتوں اور خواہشات کو جڑھ سے اُکھاڑ کر پھینک دے۔ یہ رہبر خوف اور اُمید ہے۔ کیونکہ خدائے تعالیٰ سے ثواب کی اُمید رکھنی جو اس نے طرح طرح کی بخششوں کا وعدہ فرمایا ہے۔ یہ ایسا رہبر ہے۔ جو نفس کو طاعت اور عبادت پر اُبھارتا ہے۔ اور خدا تعالیٰ کے دردناک عذاب۔ اور اس کی سختی سے خوف کرنا۔ کہ طرح طرح کے عذاب اور ذلت و خواری کا وعدہ کیا ہوا ہے نفس کو گناہ سے روکنے کے لئے ایک زبردست تنبیہ کرنے والا ہے۔ یہ باعثات کی گھاٹی ہے۔ جو اِس منزل میں پیش آتی ہے۔ اور اِس کو خوف اور اُمید کے ذریعہ طے کر لیتا ہے۔

جب اِس سے بھی فراغت پائی اور عبادت کرنے لگا۔ تو اپنے آپ کو ہر ایک رکاوٹ اور مزاحمت سے فارغ پایا۔ خوشی اور شوق اور رغبت سے عبادت میں مشغول ہوا اور اسی پر کاربند ہو گیا۔ اسی اثنا میں عبادت کے بارے میں۔ جو بندے نے محنت اور مشقت برداشت کی ہے۔ بہت بڑی دو آفتیں دیکھتا ہے۔ ایک ریا۔ دوسرے اترانا۔ کیونکہ طاعت میں ریا ہو۔ تو طاعت باطل و بیکار ہو جاتی ہے۔ اور اگر کسی وقت ریا سے رُک جائے۔ تو اِس کے باعث اترانے لگتا ہے۔ اور اترانا بھی عابد کو مرتبے سے

Marfat.com

گرا دیتا ہے۔ اِس منزل میں قوادح کی گھاٹی پیش آتی ہے ✣

اِس کو اخلاص کے ذریعے طے کرنا پڑتا ہے۔ اور خدا کا احسان یاد کرے۔ تاکہ اُس کا عمل سلامت رہے۔ جب اِس سے بھی فارغ ہوا۔ تو اُس کو مقام عبادت جیسا کہ چاہیئے حاصل ہوا۔ اور تمام آفات سے سلامتی میں آیا۔ ولیکن جب دیکھا تو اپنے آپ کو طرح طرح کی نعمتوں کے دریا میں غرق پاتا ہے۔ جو خدا تعالےٰ نے اِس کو عنایت فرمائی ہیں۔ اور ڈرتا ہے کہ ایسا نہ ہو کہ شکر میں غفلت کرکے۔ کفرانِ نعمت میں جا گروں۔ اور صالحین کے مقام سے گر کر موردِ غضب الٰہی نہ بن جاؤں۔ اِس منزل میں بندے کے لئے شکر اور حمد کی گھاٹی پیش آتی ہے ✣

جب حمد اور شکر خداوندی کرکے۔ جتنا کہ ہو سکے۔ اِس گھاٹی کو عبور کر لیتا ہے تو اپنے مطلوب اور مقصود کو۔ اپنے سامنے معلوم کر لیتا ہے۔ اور زیادہ وقت نہیں گذرتا ہے۔ کہ اپنے آپ کو صحرائے شوق اور میدانِ محبت میں پاتا ہے۔ اور وہاں سے خوشنودی الٰہی کے باغات۔ اور اُنسیت کے چمنوں میں پہنچکر۔ کئی طرح کے انعامات اور بیش بہا خلعتیں اپنے پروردگار کی جناب سے حاصل کرتا ہے۔ اور اُس کی حالت ایسی ہوتی ہے۔ کہ جسم دُنیا میں اور دل آخرت میں ہے۔ ہر وقت رسُول حق کا منتظر ہوتا ہے۔ خلقت سے رنجیدہ۔ اور دُنیا کو ناپاک جانتا ہے۔ اِسی حالت میں پروردگار عالم کے رسول حاضر ہوتے ہیں۔ پروردگار کی طرف سے۔ خوشی اور خرمی۔ راحت اور رضامندی۔ اور کبھی بھی غصّے نہ ہونے کی بشارت دیتے ہیں۔ پھر دارِ فانی سے لے جاتے ہیں۔ اور اُس کا ٹھکانہ درگاہ الٰہی میں ریاض جنت میں بناتے ہیں۔ اُس جگہ اپنے نفس فقیر حقیر ضعیف کو دیکھتا ہے۔ کہ بہت بڑی سلطنت ملی ہے۔ اور ہر وقت اپنے سردارِ رحیم سے۔ لطف اور انعام قربت اور اکرام مشاہدہ کرتا ہے۔ کوئی شخص اِس مرتبہ کی صفت بیان نہیں کر سکتا ہے۔ اور ابدالآباد تک بڑھتا رہتا ہے۔ کیا ہی بڑی سعادت! اور کتنا بڑا ابندہ نیک نصیب! اور نہایت بڑی دولت! کیسے بنے ہوئے کام! اور میں خداوند تعالےٰ سے دعا مانگتا ہوں۔ کہ مجھ کو اور تمام مُسلمانوں کو۔ یہ نعمت ہائے بزرگ عنایت فرمائے؟ اور اُن لوگوں میں سے نہ کرے۔ کہ جو اِس انعام سے بے نصیب ہیں۔ جن کا کام صرف۔ بیان کرنا۔ اور آرزو۔ اور سُننا دیکھنا بے فایدہ؟ اور ہمارے علم کو ہمارے لئے حجاب نہ کرے۔ اور ہم کو عمل صالح

Marfat.com

کی توفیق عنایت فرمائے۔ اور رضائے خدا۔ اور اُس کی پسندیدگی پر قائم رہیں۔ کیونکہ وہی سب سے زیادہ بخشش کرنے والا۔ اور سب کریموں سے بڑھ کر کریم ہے۔ یہ وہی ترتیب ہے کہ جو خداوند تعالےٰ جل شانہٗ نے۔ مجھ کو عبادت کے بارے میں الہام فرمائی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ عبادت کی منزل کے سفر میں۔ سات گھاٹیں آتی ہیں۔ علم۔ توبہ۔ مانعات۔ عوارضات۔ باعثات۔ قادحات۔ حمد و شکر۔ ان گھاٹیوں کے تمام ہونے پر۔ کتاب منہاج العابدین الی الجنۃ (بہشت کی طرف عابدوں کا زینہ) تمام ہوتی ہے۔ اب میں ان گھاٹیوں کی شرح مختصر الفاظ میں کرتا ہوں۔ جو نہایت عمدہ نکات پر شامل ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔ جو توفیق اور استقلال کا مالک ہے۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (اور نہیں ہے باز رہنا گناہ سے۔ اور نہ طاقت نیکی کی۔ مگر ساتھ توفیق اللہ بلند تر بزرگ کے)۔

(پہلی گھاٹی علم ہے)

طالبانِ اخلاص و عبادت! پہلے تم پر علم فرض ہے۔ کیونکہ اسی پر دونوں جہان کا دارومدار ہے۔ اور جان لو! کہ علم اور عبادت دو جوہر ہیں۔ کہ جن کے باعث اہل تصانیف کی تصنیف۔ اور معلموں کی تعلیم۔ اور ناصحوں کی نصیحت سُنتے اور دیکھتے ہو۔ بلکہ علم اور عبادت ہی کے لئے۔ کتابوں اور رسولوں کو خدا نے مبعوث فرمایا ہے۔ اور آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُن میں مخلوقات ہے۔ خدا نے پیدا کیا ہے۔ اور قرآن مجید کی ان دو آیتوں میں اچھی طرح غور کرو۔

پہلی آیت جو حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَھُنَّ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَھُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا (اللہ ہی کی ذات پاک ہے۔ کہ جس نے سات آسمانوں کو۔ اور مثل اُن کی زمین کو پیدا کیا۔ اپنا حکم اُن کے درمیان نازل فرماتا ہے۔ تاکہ تم اچھی طرح جان لو! کہ اللہ ہر ایک چیز پر قادر ہے اور یقیناً اللہ کا علم ہر ایک چیز کو احاطہ کرنے والا ہے) یہ آیت علم کی شرافت پر۔ خصوصاً علم توحید پر دلیل کافی ہے۔

Marfat.com

دوسری آیت۔ حق تعالیٰ کا فرمان ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ (میں نے جنّ اور اِنسان کو صرف اپنی عبادت ہی کے لئے پیدا کیا ہے) یہ آیت شرافتِ عبادت اور عبادت کرنے پر دلیل کافی ہے۔ لہٰذا علم اور عبادت کی نہایت ہی قدر کرو۔ کیونکہ دونوں جہان کو پیدا کرنے کا یہی باعث ہے۔ بنا برین بندے پر واجب ہے کہ ان ہی میں نظر رکھے اور ان ہی میں مشغول رہے۔ اور جان رکھو! کہ ان دو کے سوا باقی سب کام بے فائدہ اور لغو اور لاحاصل ہیں ۔

جب تم علم اور عبادت کی فضیلت جان چکے۔ تو اب یہ بات معلوم کرو۔ کہ علم۔ عمل سے شریف تر ہے۔ اِسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ اصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ عالم کی فضیلت عابد پر اتنی ہے۔ کہ جتنی میری فضیلت میری اُمت پر ہے ۔

نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ایک نظر عالم کی طرف کرنی۔ خدا تعالیٰ کے نزدیک ایک سو سال کی عبادت نماز اور روزہ سے زیادہ محبوب ہے ۔

نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ میں تمہیں اہل بہشت میں سے شریف ترین لوگ بتاؤں ؟ حضور کے اصحاب نے عرض کی ہاں! یا رسُول اللہ۔ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ارشاد فرمائیے ؟ فرمایا کہ وہ لوگ میری اُمت کے عالم ہیں ۔

اِس جگہ یہ بات واضح ہوگئی ہے۔ کہ عبادت کی نسبت۔ علم نہایت شریف ہے ولیکن بندے کو بغیر عبادت کے چارہ نہیں ہے۔ ورنہ علم بغیر عمل کے بیکار محض ہے کیونکہ علم بمنزلہ درخت ہے۔ اور عمل بمنزلہ ثمرہ ہے۔ اور شرافت درخت کے لئے ہے۔ جو اصل ہے۔ ولیکن درخت کے وجود سے فائدہ اور نفع پھل سے ہے۔ جب ایسا ہے تو بندے کے لئے لازم ہے۔ کہ علم اور عمل میں حصّہ ہو ۔

اِسی واسطے حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ علم کو اِس طرح طلب کرو کہ عبادت میں رکاوٹ نہ ہو۔ اور عبادت کو اِس طرح کرو کہ تحصیل علم میں رکاوٹ نہ کرے۔ لہٰذا علم کو طلب کرو اور بے عبادت نہ رہو۔ اور عبادت کرو۔

اس طرح کہ علم کے حصول میں خلل نہ ہو۔

جب معلوم ہوا کہ بندے کو علم اور عبادت کے بغیر چارہ نہیں ہے۔ تو اب جان لو! کہ علم کو عمل پر مقدم رکھنا بہتر ہے کیونکہ علم اصل اور رہبر ہے۔

اسی واسطے پیغمبر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ علم۔ عمل کا امام ہے۔ اور عمل۔ علم کا تابعدار ہے۔

علم اصل اور امام ہے۔ اور عبادت پر دو طرح سے مقدم ہے۔ اول یہ ہے۔ کہ عبادت کرنے سے پہلے معبود کی شناخت واجب ہے۔ پھر عبادت کرنی چاہئے۔ جس ذات کی شناخت نہیں۔ اور اس کا نام اور صفت نہیں جانتے ہو۔ اس کی عبادت کس طرح کر سکتے ہو؟ اس کے بارے میں کیا عقیدہ رکھو گے؟ اور کس چیز پر اعتقاد رکھو گے؟ اور ایسا ہی ہوتا ہے کہ تم کسی چیز کا اعتقاد اس کی ذات اور صفت میں کر لو۔ حالانکہ وہ اعتقاد حق کے خلاف ہے۔ اس باعث سے تمام عبادت کی کرائی ضائع ہو گی۔

لہٰذا ضرور ہے کہ شرع شریف میں جن چیزوں کے کرنے کا حکم ہے۔ اور جس طرح کہ بجا لانے کا امر ہے۔ پہلے اس کو جان لو۔ اور جن چیزوں کی ممنوعات سے ترک واجب ہے۔ تاکہ ان کی ترک کرو۔ اس بات کو بھی جان لو۔ اور عبادت کے لئے کس طرح فارغ ہو سکتے ہو۔ تاوقتیکہ یہ نہ جانو کہ کیا ہے؟ اور کس طرح ہے؟ اور کس طرح بجا لانا ہے۔ اور گناہ سے کس طرح پرہیز کرو گے۔ جب تک کہ نہ جان لو۔ کہ یہ گناہ ہے اور اس سے کس طرح بچنا ہے۔

لہٰذا عبادت شرعی جیسے طہارت اور نماز اور روزہ تمام شرائط اور احکام کے ساتھ سیکھو۔ تاکہ ان پر قائم رہو۔ بسا اوقات ایسا ہی ہوتا ہے۔ کہ تم ایک چیز کے کرنے پر چلے ہوئے ہو۔ حالانکہ وہ عبادت کو فاسد کرنے والی ہے۔ یا سُنّت طریق کے مخالف ہے۔ اور تم کو اس کی اطلاع نہیں ہے۔

اور ایسا ہی ہوتا ہے۔ کہ تم کو عبادت میں کوئی مشکل پیش آئے۔ جس کو تم نہ خود جانتے ہو اور نہ کوئی ایسا شخص موجود ہے۔ کہ جس سے دریافت کر سکو۔

پھر اس بات کو یاد رکھو۔ کہ عبادت ظاہری کا دارومدار عبادت باطنی پر ہے جس کا تعلق دل کے ساتھ ہے۔ اس کا سیکھنا بھی تم پر فرض ہے۔ جیسے توکل اور سپردِ خدا

Marfat.com

رضا صبر توبہ اخلاص وغیرہ۔ اِن چیزوں کا بیان انشاء اللہ تعالیٰ اِس کتاب میں آئیگا۔
سُنو! جسم کا پاک رکھنا اور جسم کی عبادت ایک حصہ عبادت کا ہے۔ اور
دل کو پاک رکھنا اور دل کی عبادت ۹۹ حصے عبادت کے ہیں۔ لہذا عبادت باطنی کے
ارکان کی ضدوں کا بھی سیکھنا تم پر فرض ہے۔ جیسے عدم توکل۔ درازی اُمید، حسد
ریا، تکبر۔ اترانا وغیرہ۔ تاکہ تم اِن چیزوں سے پرہیز کرو۔ اِن امور کا علم اور عمل از روئے
حکم قرآن مجید فرض ہے ✤

حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ
(اگر تم ایمان والے ہو تو صرف اللہ پر بھروسہ رکھو) ✤

پھر ارشاد ہوتا ہے۔ وَاشْكُرُوا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ
(اگر تم خاص اللہ ہی کی عبادت کرتے ہو۔ تو اُس کا شکر بھی کرو) ✤

اور دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے۔ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ
(صبر کر اور نہیں ہے صبر کرنا تیرا۔ مگر اللہ کی توفیق کے ساتھ) ✤

پھر ارشاد ہوتا ہے۔ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا (سب سے قطع تعلق کر کے
اللہ ہی کے ساتھ ہو جاؤ) ✤

اِن کے علاوہ اِس بیان میں اور آیات قرآنی بھی ہیں۔ جیسے کہ نماز اور روزہ
کی فرضیت میں ہیں۔ پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ نماز اور روزہ اور زکوٰۃ کو فرض جانتے ہو
اور اِن باطنی فرائض کو ترک کرتے ہو؟ حالانکہ دونوں کا فرمانے والا ایک ہے۔ اور
قرآن مجید بھی ایک ہے۔ بلکہ تم اِن فرائض سے بالکل غافل ہو۔ اور اِن کے نام تک
نہیں جانتے ہو ✤

میں نہیں جانتا کہ تم نے کس شخص کے فتوے پر اعتقاد کر رکھا ہے۔ مگر ایسے
شخص کے فتوے پر کہ جس کی ہمت کا دار و مدار محض دُنیا ہی ہے۔ کہ نیک کو بد سمجھا ہے
اور بد کو نیک!! اور جن علوم کا خدا تعالےٰ نے قرآن مجید میں۔ نور اور حکمت۔ اور ہدایت
نام رکھا ہے۔ اُن کو بالکل ترک کر دیا ہے۔ اور مال حرام جمع کرنے کی طرف کامل توجہ
کر رکھی ہے ✤

خدا سے ڈرو! کہ اِن فرائض کو ترک کر رہے ہو۔ اور نماز روزہ نفلی میں لگے

Marfat.com

ہوئے ہو۔ یہ تمہیں کچھ بھی فایدہ نہ دینگے۔ اور بسا اوقات گناہ پر اصرار کرتے ہو۔ جو دوزخ میں لیجانے کا باعث ہے۔ اور مباح چیزوں کو کھانے اور پینے اور خواب وغیرہ کو ترک کرتے ہو۔ اور تمہارا خیال ہے۔ کہ اس طرح خدا کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ حالانکہ تم غلط راستے پر چل رہے ہو ✣

اور اس سے بھی بڑی بات یہ ہے۔ کہ تم درازیِ اُمید میں مُبتلا ہو۔ حالانکہ درازیِ اُمید۔ محض گناہ اور مُصیبت ہے۔ اور اپنی جہالت کے باعث اُس کو نیّت خیر خیال کرتے ہو۔ باوجودیکہ نیّت خیر اور درازیِ اُمید میں بڑا فرق ہے ✣

اِسی طرح بھوک اور من کے مارنے میں ہوتے ہو۔ اور گمان کرتے ہو کہ میں عاجزی اور انکساری کر رہا ہوں ✣

اور اِسی طرح صرف ریاکاری میں ہوتے ہو۔ اور گمان کرتے ہو کہ میں خدا تعالیٰ کی حمد و تعریف کر رہا ہوں۔ یا گمان کرتے ہو۔ کہ مَیں لوگوں کو نیکی کی طرف بُلا رہا ہوں ✣

حاصل یہ ہے۔ کہ خدا کے بارے میں۔ گناہوں کو عبادت۔ اور دردناک عذاب کی جگہ بہت بڑے ثواب کی اُمید رکھتے ہو۔ بنابریں بہت بڑے غرور اور بھاری غفلت میں رہتے ہو ✣

قسم بخدا! یہ فعل جاہل عابدوں کے لیے۔ ایک بہت بڑی بھاری مُصیبت ہے ✣

اِس کے بعد جان لو! کہ اعمال ظاہری کو اعمال باطنی کے ساتھ ایک خاص تعلق ہے۔ کہ جن کے باعث درست ہو جائیں۔ یا بگڑ جائیں۔ جیسے اخلاص اور ریا اترانا اور احسان کا ذکر کرنا وغیرہ۔ لہٰذا جو شخص اعمال باطن کو نہیں جانتا۔ اور اُن کی تاثیر اعمال ظاہری میں نہیں پہچانتا۔ اور بچنے کا طریق۔ اور اس سے اعمال کی حفاظت نہیں جانتا ہے۔ تو ایسے شخص کا کوئی عمل اعمال ظاہر میں سے سلامت نہیں رہ سکتا ہے اور اُس کی ظاہری اور باطنی عبادت فوت ہو جاتی ہے۔ اُس کے ہاتھ میں سوائے رنج اور بدبختی کے کوئی چیز نہیں رہتی ہے۔ اور یہ ظاہر نقصان ہے ✣

اِسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جاہل کے نماز پڑھنے سے عالم کا خواب کرنا بہتر ہے۔ اور عامل بے علم صلاحیت کی

Marfat.com

نسبت خرابی بہت کرتا ہے *

نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ نیک بختوں کو علم الہام ہوتا ہے۔ اور بدبخت علم سے محروم ہوتے ہیں۔ بدبختی اس باعث سے ہے۔ کہ علم نہ سیکھا۔ اور بے علمی کی حالت میں عمل کیا۔ جو قیامت کو فائدہ نہ دیگا۔ اسی واسطے پہلے زمانے کے زاہدان رضی اللہ عنہم نے علم حاصل کرنے کے بارے میں سخت تاکید کی ہے۔ اور سب کاموں میں سے علم کے کام کو اختیار کیا ہے۔ کیونکہ عبودیت کا مدار علم پر ہے۔ جب تم نے یہ جان لیا کہ عبادت علم کے بغیر نہیں ہے۔ تو ثابت ہوا کہ علم عبادت پر مقدم ہے *

دوسری وجہ علم کے عمل پر مقدم ہونے کی یہ ہے۔ کہ علم نافع دہشت اور خوف خدا کا سبب ہے۔ جیسے کہ اللہ جل شانہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمَاءُ (خدا کے بندوں میں سے صرف عالم ہی ڈرتے ہیں) *

یہ اس وجہ سے ہے۔ کہ جو شخص خدا تعالےٰ کی شناخت۔ جو حق شناخت نہیں کرتا ہے۔ وہ خدا سے نہیں ڈرتا ہے۔ جو ڈرنے کا حق ہے۔ اور حرمت نہیں کرتا ہے۔ اور تعظیم نہیں کرتا ہے۔ جو حق تعظیم کرنے کا ہے۔ لہذا سب طرح کی عبادتیں علم کا ثمرہ ہیں۔ اور علم ہی سب گناہوں سے بچانے والا ہے۔ ان دو کے سوا بندے کے لئے خدا تعالےٰ کی عبادت میں۔ اور کوئی چیز مقصود نہیں ہے۔ بنابریں راہ آخرت کے سفر کرنے کے لئے۔ تم پر علم ہی فرض ہے۔ اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے *

سوال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَۃٍ (ہر ایک مسلمان مرد اور عورت پر۔ علم کا طلب کرنا فرض ہے) کونسا علم ہے کہ جس کا طلب کرنا لازم اور فرض ہے؟ اس کی حد اور مقدار کیا ہے؟ کہ بندے کو عبادت کے کام میں اس کو حاصل کرنا چاہئے؟

جواب جن علموں کا طلب کرنا ضروری اور فرض ہے تین ہیں۔ علم توحید علم سر یعنے جس کا تعلق دل کے ساتھ ہے۔ علم شریعت *

(۱) علم توحید کی مقدار اِس قدر واجب ہے ۔ کہ جس سے دین کے اصول کی معرفت ہو جائے ۔ یعنے کہ خداوند تعالےٰ علیم ۔ قادر ۔ حیؑ (زندہ) مرید و ارادہ کرنے والا ۔ متکلم کلام کرنے والا ۔ سمیع ۔ بصیر ۔ واحد ۔ لا شریک ۔ صفاتِ کمال کے ساتھ موصوف حدوث (نوپیدگی) سے پاک ۔ تمام چیزوں پر تنہا قدیم ہے ۔

اور حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم اُس کے بندے اور رسول ۔ اور تمام چیزیں جو آنحضرتؐ نے امور آخرت کے متعلق بیان فرمائی ہیں ۔ اُن میں آپ صادق ہیں ۔

اور تم پر لازم ہے ۔ کہ ایسی چیز پر اعتقاد نہ کرو ۔ جب تک کہ اُس کو قرآن مجید اور حدیث شریف میں معلوم نہ کر لو ۔ حاصل یہ ہے کہ جس چیز کا جاننا باعثِ ہلاکت ہے ۔ اُس کا سیکھنا فرضِ عین ہے ۔

(۲) علم سِر اُس قدر سیکھنا فرض ہے ۔ کہ جس سے واجبات اور ممنوعات جان سکو ۔ تاکہ حق تعالےٰ کی تعظیم اور اخلاص اور سلامتی عمل حاصل ہو ۔ اور اِس کا کامل بیان انشاء اللہ تعالےٰ اِس کتاب میں آئیگا ۔

(۳) علم شریعت پر جس قدر عمل کرنا فرض ہے ۔ اسی قدر اُس کا سیکھنا بھی فرض ہے ۔ تاکہ اُس کے حق کے مطابق ادا کر سکو ۔ جیسے طہارت اور نماز اور روزے کا علم ۔ لیکن حج اور زکوٰۃ اور جہاد کا علم اگر یہ بھی تم پر فرض ہو ۔ تو اُس کا بھی سیکھنا فرض ہے ۔ ورنہ خیر ۔

یہ ان ہر سہ علوم کی حد ہے ۔ کہ جن کا سیکھنا فرض ہے ۔ لیکن علم توحید کا بقدر سیکھنا کہ جس سے اہل بدعت کو معقول کرو اور ملزم قرار دے سکو ۔ فرضِ عین نہیں ہے ۔ بلکہ فرض کفایہ ہے ۔ فرض عین اُسی قدر ہے ۔ کہ جس سے اپنا اعتقاد درست رکھ سکو ۔

یہی حالت علمِ سِر کی ہے ۔ عجائبات قلب کی ۔ بہت بڑی شرح ہے ۔ اِس کے سب کی معرفت تم پر واجب نہیں ہے ۔ بلکہ اُسی قدر ۔ جو عبادت میں فائدہ دے جاننا فرضِ عین ہے ۔ تاکہ نقصان دینے والی چیزوں سے پرہیز کرو ۔ اور جن کی سخت ضرورت ہے ۔ جیسے اخلاص توکل حمد شکر ان کو حاصل کرو ۔

Marfat.com

اسی طرح علم فقہ میں واجب نہیں ہے۔ کہ تم سب باب فقہ کے جیسے خرید و فروخت اجازت نکاح طلاق وغیرہ سب کو از بر یاد کرو۔ کیونکہ سب کا جاننا فرض کفایہ ہے۔ فرض عین بقدر ضرورت ہے ॥

سوال۔ اگر یہ پوچھو کہ علم توحید جس قدر کہ فرض ہے۔ صرف مطالعہ کتب سے بغیر استاد کے حاصل ہو سکتا ہے؟

جواب۔ استاد آسان اور واضح کرنے والا ہے۔ اس کے ذریعے علم حاصل کرنا بہت سہل ہے۔ لیکن اگر خدا تعالے اپنے فضل سے کسی کا خود معلم ہو جائے تو خیر ॥

جب یہ سمجھ لیا تو جان لو! کہ علم کی گھاٹی نہایت سخت ہے۔ مطلوب اور مقصود اسی سے حاصل ہوتا ہے۔ اور اس کا نفع بہت ہے۔ اس کا طے کرنا مشکل اور بڑا خطرناک ہے۔ جس نے کہ اس سے منہ موڑا گمراہ ہوا۔ بہت سے لوگ ستر سال تک طے کرتے رہے (والامر کلہ بید اللہ عزوجل) کامیابی خدا تعالے کے قبضہ قدرت میں ہے) ॥

علم کے فائدے کو ہم نے ذکر دیا ہے۔ عبادت کا مدار علم پر ہے۔ اس کی طرف نہایت حاجت ہے۔ خاص کر علم توحید اور علم سِر ॥

حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ خدا تعالے نے حضرت داؤد علیہ وعلی نبینا الصلوٰۃ والسلام کی طرف وحی کی۔ کہ اے داؤدؑ! علم نافع سیکھو۔ آپ نے عرض کی۔ خدایا! علم نافع کونسا ہے؟ جواب ملا۔ کہ جس علم کے ساتھ۔ میرا جلال اور عظمت اور کبریائی اور سب چیزوں پر میرا کمال قدرت معلوم کرو۔ یہی علم ہے۔ جو تم کو میرے قریب کرے گا ॥

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ۔ سے روایت ہے۔ کہ آپ نے فرمایا۔ اگر میں بچپنے میں مرتا۔ اور بہشت میں داخل ہوتا۔ تو مجھے بغیر معرفت خدا تعالے کے۔ بہشت بھلا نہ معلوم ہوتا ॥

علم کی آفت سے بچنا یہی ہے کہ اس کی طلب میں۔ اخلاص کرنا چاہئے۔ جو شخص علم کو اس واسطے طلب کرے۔ کہ لوگ اس کی طرف توجہ کریں۔ اور امیروں کی ہمنشینی حاصل ہو۔ اور محفلوں میں علم کے ذریعے فخر کرے۔ اور دنیا کا مال حرام فخکار کرے

ایسا عالم نہایت ہی سخت نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہے ۔

حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے ۔ میں نے تیس سال مجاہدہ کیا ۔ اور کوئی چیز مجھ پر علم کے کام سے زیادہ سخت نہ تھی ۔

اور اس بات سے پرہیز کرو کہ شیطان تمہارے ساتھ مکر کرے ۔ اور اس طرح کہے ۔ کہ جب علم ایسا خطرناک ہے ۔ اور اس کا حاصل کرنا مشکل ہے ۔ تو اس کا ترک کرنا نہایت بہتر ہے ۔ لہٰذا اس خیال شیطانی پر علم سے رُک نہ جانا ۔

کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ میں نے شب معراج میں دوزخ کو دیکھا ۔ اس میں اکثر دوزخی فقیر تھے ۔ اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی ۔ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ۔ کیا وہ مال کے فقیر تھے ؟ فرمایا نہیں ! وہ علم کے فقیر تھے ۔ یعنے جاہل تھے ۔

لہٰذا جو شخص علم نہ سیکھے گا ۔ اُس کو عبادت کرنیکا حق معلوم نہ ہو گا ۔ اگر کوئی شخص سات آسمان کے فرشتوں کی طرح حق تعالےٰ کی عبادت کرے ۔ اور اُس کو علم نہیں ہے تو ایسا شخص نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہے ۔

لہٰذا علم کی طلب میں بذریعہ بحث اور تلقین اور تدریس ۔ چست وچالاک بنو ۔ سستی اور رنج سے پرہیز کرو ۔ ورنہ گمراہی کے خطرے میں پڑو گے ۔ نعوذ باللہ منہا ۔

حاصل کلام یہ ہے ۔ کہ جب خدا تعالےٰ صنعت کے دلائل میں غور سے نظر کرو گے اور معلوم کرو گے کہ تمہارا معبود قادر ۔ عالم ۔ حی ۔ مرید ۔ متکلم ۔ سمیع ۔ بصیر ۔ حادث سے بری ۔ تمام نقصانوں اور آفتوں سے پاک ہے ۔ جو صفات نوپیدگان اور مخلوقات کے لئے ہیں ۔ اُس کے لئے روا نہیں ہے ۔ وہ کسی چیز میں نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی چیز ہے ۔ مکان اور جہات سے پاک ہے ۔

اور تم نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے معجزات میں نظر کی ۔ اور جان لیا کہ حضورؐ خدا کے رسول ہیں ۔ اور آپ پر خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی ہے ۔ اور جن چیزوں پر گذشتہ نیک لوگوں نے اعتقاد کیا ہے ۔ کہ دیدار الٰہی آخرت میں ہو گا ۔ اور قرآن خدا کا کلام غیر مخلوق ۔ جنس حروف اور آواز سے

نہیں ہے۔ ملک اور ملکوت میں کوئی چیز دل میں نہیں گذرتی ہے۔ اور کوئی چیز جنبش نہیں کرتی ہے۔ مگر خدا تعالٰے کی قضا اور قدرت اور ارادے۔ اور مشیّت کے ساتھ۔ خیر اور شر۔ نفع اور نقصان۔ ایمان اور کفر۔ سب کچھ خدا کی طرف سے ہے ✢

اور مخلوقات کی طرف سے خدا کے ذمّے کوئی چیز نہیں ہے۔ جس کو ثواب دیتا ہے اپنے فضل سے دیتا ہے۔ اور جس کو عذاب کرتا ہے اپنے عدل سے کرتا ہے اور جو کچھ شارع علیہ الصلوٰۃ والسّلام کی زبان مبارک پر امور آخرت کے متعلق وارد ہوا ہے۔ جیسے حشر و نشر۔ نامہ اعمال۔ عذابِ قبر۔ سوال منکر و نکیر میزان۔ پل سراط یہ سب کچھ حق ہے ✢

یہ اصول ہیں کہ جن پر سلف صالحین رضوان اللہ علیہم اجمعین نے خود اعتقاد رکھا اور دوسروں کو امر کیا ہے۔ قبل اس کے کہ اسلام میں بدعتوں کا ظہور ہو۔ سب نے انہی اصولوں پر اجماع کیا ہے ✢

پھر دل کے اعمال میں نظر کرو۔ اور باطن کے واجبات اور ممنوعات کو جانو کہ جن کی شرح اس کتاب میں آئے گی تاکہ تم کو اُن کا علم حاصل ہو۔ جن چیزوں کے کرنے کے تم محتاج ہو۔ اُن کو تم نے جان لیا ہے۔ جیسے طہارت اور صوم صلوٰۃ۔ اور تم نے علم کے بارے میں خداوند تعالٰے جل شانہ کا فرض ادا کر لیا۔ اور آنحضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کی اُمّت کے عالموں میں سے ہو گئے۔ اگر تم نے اس سیکھے ہوئے علم پر عمل کر لیا۔ تو تمہارے لئے بہت بڑی بزرگی۔ اور تمہارے علم کے لئے بے حد و بے شمار قیمت حاصل ہو گئی۔ اور تم نے علم کی گھاٹی کو طے کر لیا۔ اور آگے بڑھے۔ اور تمہارے لئے بے اندازہ ثواب حاصل ہو گیا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (نہیں ہے بازگشت گناہ سے اور نہ طاقت نیکی کی مگر ساتھ توفیق اللہ بلند تر اور بزرگ کے)✢

دوسری گھاٹی توبہ کی ہے

طالبانِ عبادت! اس کے بعد تم پر توبہ واجب ہے۔ اور اس کے دو سبب ہیں ✢

Marfat.com

(اوّل) تاکہ تم کو عبادت کی توفیق ہو۔ کیونکہ آدمی سے گناہ شدنی ہیں۔ جو عبادت سے محروم کر کے خواری اور ذلت کا باعث ہوتے ہیں۔ اور آدمی کو گناہوں کی قید عبادت کی طرف جانے سے روکتی ہے۔ اور گناہوں پر اصرار۔ قلب کی سیاہی کے باعث ہے اَلْقَلْبُ اِذَا قَضٰی لَا یُبَالِیْ اِذَا عَطٰی (جب دل آتا ہے تو انعام کو بھی کھو بیٹھتا ہے)۔

اگر خدا رحمت نہ کرے تو آدمی کے گناہ کفر کی طرف لیجائیں۔ جن کا دل سخت اور گناہوں کی شامت ہے۔ اس کو عبادت کی توفیق کیسے ہو سکتی ہے۔ جس شخص کو گناہوں پر اصرار ہے۔ اس کو طاعت کا راستہ کب ملتا ہے؟ جو آدمی گناہوں کی نجاست میں لتھڑا ہے۔ اس کو سرگوشی کے لئے۔ کب قریب کرتے ہیں؟

حدیث شریف میں وارد ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ جب کوئی بندہ جھوٹ بولتا ہے۔ تو اس کے منہ کی گندگی اور بدبو کے باعث۔ دونوں فرشتے (کراماً کاتبین) اس سے جدا ہوتے ہیں۔ ایسی زبان کو ذکر الٰہی کی صلاحیت کیسے ہو سکتی ہے؟

لامحالہ جس شخص کا گناہ پر اصرار ہے۔ اس کو عبادت کی توفیق نہیں ہو سکتی ہے۔ اگر گاہے توفیق عبادت کی ہو بھی جائے۔ تو اس کو شیرینی عبادت کم اور صفائی حاصل نہ ہو گی۔ اور بہت سی زحمت اٹھائے گا۔ اس کا باعث گناہوں کی شامت اور ترک توبہ ہے۔

کہنے والے نے سچ کہا ہے اگر تم رات کا قیام اور دن کے روزے نہ رکھ سکو۔ تو سمجھ لو کہ تم قیدی ہو۔ اور تمہارے گناہوں نے تمہیں قید کر رکھا ہے۔

(دوسرا) سبب وجوب توبہ کا یہ ہے۔ کہ تمہاری عبادت قبول ہو۔ کیونکہ قرض خواہ۔ قرض دہندہ کے ہدیہ کو قبول نہیں کرتا ہے۔ اس کا باعث یہ ہے۔ کہ گناہوں سے توبہ۔ اور دشمنوں کا خوش کرنا فرض عین ہے۔ تمہاری ساری عبادت نفل ہے۔ فرض عین کی بجائے نفل کو کیسے قبول کیا جائے؟ اور یہ کیسے جائز ہے کہ تم حلال اور مباح کو چھوڑ کر۔ حرام پر اصرار کرو۔ اور اپنے خداوند کے ساتھ کیسے

سرگوشی کرسکتے ہو؟ اور کچھ مانگ سکتے ہو؟ حالانکہ وہ تم سے خفا ہے۔ یہ اُن گنہگاروں کا حال ہے۔ کہ جو اپنے گناہوں پر اصرار کرتے ہیں ؞

سوال اگر پوچھو کہ توبۃ النصوح کیا چیز ہے؟ اور اُس کی تعریف کیا ہے؟ اور کس عمل سے بندہ تمام گناہوں سے نکل سکتا ہے ؞

جواب یہ بات جان لو! کہ توبہ دل کے اعمال سے ہے۔ اور اس کا نتیجہ دل کو گناہوں سے پاک کرنا ہے۔ اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ ابو المعالی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے توبہ کی تعریف میں اس طرح ارشاد فرمایا ہے۔ کہ توبہ گناہ کو ترک کرنے کا نام ہے۔ کہ پھر ایسا گناہ باعتبار مرتبہ اور صورت کے کبھی ظاہر نہ ہو۔ اور اس کے ترک کرنے کا باعث خوف الٰہی ہو۔ لہذا توبہ کے لئے چار شرطیں ہیں ؞

شرط اوّل یہ ہے۔ کہ گناہ سے اس طرح ترک اختیار کرے۔ اور ایسا عزم اور یقین ہو کہ پھر گناہ نہ کرے گا۔ اور اگر گناہ کو ترک کیا۔ اور دل میں اس طرح ہو۔ کہ شاید یہ گناہ پھر ہو جائے۔ یہ شخص تائب نہ ہوگا۔ بلکہ گناہ سے پرہیز کرنے والا ہوگا ؞

دوسری شرط یہ ہے کہ گناہ سے توبہ کرے کہ اس جیسا گناہ پہلے کر چکا ہے اگر اُس جیسا گناہ پہلے کبھی نہیں کیا ہے۔ تو وہ شخص متقی ہے تائب نہیں ہے۔ تمہیں معلوم نہیں؟ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی شان اقدس میں۔ تائب کا لفظ استعمال نہیں کرسکتے ہیں۔ کیونکہ آپ سے کفر کی حرکت ہی۔ کبھی پہلے صادر نہ ہوئی تھی۔ بلکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم متقی کفر سے ہیں۔ اور حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی شان میں کہہ سکتے ہیں۔ کہ آپ تائب کفر سے تھے۔ کیونکہ قبل اسلام کفر کی حرکات صادر ہوئی تھیں ؞

تیسری شرط یہ ہے۔ کہ جو گناہ بندے سے ظاہر ہو چکا ہے۔ اُس گناہ جیسا ہے کہ جس کو ترک کرتا ہے۔ یہ باعتبار صورت کے۔ گذشتہ گناہ کے ساتھ قدر اور مرتبہ میں مماثل ہے۔ مثلاً کوئی ضعیف شخص بڑی عمر والا۔ جو زانی اور رہزن تھا۔ وہ چاہتا ہے کہ ان ہر دو فعلوں سے توبہ کرے۔ اُس کی توبہ درست ہے۔ کیونکہ توبہ کا دروازہ بند نہیں ہے ؞

Marfat.com

سوال اگر یہ اعتراض کرو۔ کہ ایسا شخص زنا اور رہزنی پر اِس وقت قادر ہی نہیں ہے۔ تو پھر اُس کو زنا اور رہزنی سے تارک کیسے کہہ سکتے ہیں؟ بلکہ یہ بوڑھا آدمی عاجز ہے ۔

جواب شخص زیر بحث۔ دوسرے گناہوں پر۔ جو زنا اور رہزنی کے مرتبہ اور درجے میں مساوی ہیں۔ کرنے پر قادر ہے۔ جیسے پارسا عورت کو جھوٹی تہمت لگانا۔ اور غیبت اور غمازی کرنا۔ یہ بھی سب گناہ ہیں۔ اگرچہ گناہ میں مختلف ہیں لیکن یہ سب گناہ۔ جرم ہونے کے حق میں مساوی مرتبہ رکھتے ہیں۔ اور یہ گناہ اعمال بدعت سے مرتبے میں کم ہیں۔ اور اعمال بدعت اعمال کفر سے درجے میں کم تر ہیں۔ لہٰذا جو شخص زنا اور رہزنی اور تمام گناہوں سے۔ کہ جن کے کرنے سے آج عاجز ہے اس صورت میں اگر توبہ کرے گا۔ تو اُس کی توبہ درست ہے ۔

چوتھی شرط یہ ہے۔ کہ توبہ لوگوں سے ڈر کر نہیں۔ دنیا کی رغبت کے باعث نہیں۔ طلب جاہ یا ضعف نفس یا تنگی وغیرہ کے خوف کے سبب نہیں ہے۔ بلکہ محض خدا تعالےٰ کے امر کی تعظیم کے لئے اور اِس کے دردناک عذاب سے بچنے کے واسطے ہے۔ یہ توبہ کے شرائط اور اِس کے ارکان بیان کئے گئے ہیں۔ جب یہ حاصل ہوں تو توبہ درست ہوتی ہے۔ لیکن توبہ کے مقدمات تین وجہ پر ہیں۔ (اوّل) اپنی بربادی کو جو گناہوں کے باعث ہے۔ یاد کرے۔ (دوسرے) خدا تعالےٰ کے عذاب کو کہ جس کی سختی برداشت نہیں کر سکتا ہے۔ یاد کرے۔ (تیسرے) اپنی کمزوری اور بیچارگی کو یاد کرے۔ جو شخص آفتاب کی تپش۔ اور حاکم کے سپاہی کی تھپیڑ اور چیونٹی کے کاٹنے کو برداشت نہیں کر سکتا ہے۔ ایسا آدمی عذاب آتشِ دوزخ۔ اور مؤکلان دوزخ کے گُرز۔ اور اونٹ کی گردن جیسے اژدہاؤں کا ڈسنا۔ اور اونٹ کے برابر کے بچھیوں کا ڈنگ کب برداشت کر سکتا ہے؟ اگر ان سب چیزوں کو رات دن نگاہ رکھو گے اور اپنے دل میں یاد کرو گے۔ تو اِس بات پر آمادہ ہو جاؤ گے۔ کہ تمام گناہوں سے توبۃ النصوح کرو اللہ ہی توفیق دینے والا ہے ۔

سوال آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے۔

Marfat.com

کر توبہ پشیمانی ہے۔ اور جو شرائط کہ آپ نے توبہ کے بارے میں ذکر کی ہیں۔ آنحضرت نے نہیں فرمائی ہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ پشیمان ہونا بندے کی قدرت سے باہر ہے۔ بندہ کئی بار چاہتا ہے کہ پشیمان ہو۔ ولیکن نہیں ہو سکتا ہے۔ اور عمل توبہ بندے کے اختیار میں ہے۔ اور ہمیں یقیناً معلوم ہے۔ کہ اگر کوئی شخص گناہ پر پشیمان ہو۔ اِس واسطے کہ اِس کا مرتبہ لوگوں میں کم ہو گیا۔ یا اُس کا مال گنہگاری کے پیشے میں گم ہو گیا۔ تو ایسی ندامت توبہ نہیں ہے۔ بلکہ خالص گناہ ہے۔ اب تمہیں یہ بھی واضح ہو گیا ہوگا! کہ حدیث شریف کے جو تم نے ظاہری معنی لئے ہیں۔ اُس کے معنی خاص ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ کہ ندامت صرف خدا تعالےٰ کی تعظیم اور اُس کے عذاب کے خوف سے ہو۔ جو آدمی کو توبۃ النصوح پر آمادہ کرے۔ اگر ہر کسہ وجوہات توبہ کو یاد کرے۔ پشیمان ہوگا۔ تو پشیمانی گناہ کی ترک کا باعث ہوگی! اور آئندہ زمانے تک بھی پشیمانی دل میں قائم رہے گی۔ اور بالفعل عاجزی اور فرونادگی کی باعث ہوگی۔ چونکہ پشیمانی توبہ کا باعث ہے۔ اِس واسطے حدیث شریف میں توبہ کو پشیمانی ارشاد فرمایا ہے!

سوال یہ کیسے ہو سکتا ہے! کہ جس نے کبھی گناہ صغیرہ اور کبیرہ نہیں کیا ہے! توبہ کرے۔ اور انبیا علیہم الصلوٰۃ والسّلام جو اشرف ترین مخلوق کے ہیں۔ اُن کے بارے میں اختلاف ہے۔ کہ اُنہوں نے یہ درجہ پایا ہے یا نہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ یہ خیال شیطانی ہے۔ یہ تمہیں کہاں سے معلوم ہوُا۔ کہ پھر گناہ کرنے کے لئے زندہ بھی رہو گے! شاید ہے کہ پھر گناہ کرو یا مر جاؤ لیکن گناہ سے روکنے کے لئے تمہیں اِسی بات کا خوف ہونا چاہئے۔ کہ تمہاری توبہ صدق دل سے ہو۔ اور محفوظ رکھنا خدا کے اختیار ہے۔ اگر محفوظ رہے تو مطلوب حاصل ہوُا۔ ورنہ توبہ سے گذشتہ گناہ بخشے گئے۔ اور اُن سے بالکل پاک ہو گیا۔ اور تم پر اِس گناہ جدید کے سوا اور کوئی گناہ باقی نہ رہا۔ یہ نہایت عمدہ سودا اور بہت بڑا فائدہ ہے۔ اور تم پر لازم ہے کہ پھر دوبارہ گناہ کرنے کے خوف سے۔ ہرگز کبھی بھی توجہ سے باز رہنا۔ کیونکہ دو فائدوں میں سے ایک ضرور حاصل ہوگا۔ اور

Marfat.com

اللہ توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔
لیکن دشمنانِ روحانی۔ اور گناہوں سے نجات پانے کا یہ طریقہ ہے۔ کہ تم جان لو! کہ گناہ تین قسم ہیں۔
(اوّل) جو کچھ تم پر واجب ہے اُس کو ترک کرو۔ جیسے نماز روزہ زکوٰۃ وغیرہ۔ اور بقدرِ امکان جتنا ہو سکتا ہے۔ اُن کی قضا بھی نہ کرو۔
(دوم) وہ گناہ ہے جو تمہارے اور خدا تعالےٰ کے درمیان حائل ہے۔ جیسے شراب خوری۔ مزامیر ساز سارنگی کا سُننا۔ بیاج خوری وغیرہ۔ انسان ان گناہوں سے اِس طرح بچ سکتا ہے۔ کہ نادم ہو جائے۔ اور پکا ارادہ کرے کہ پھر آئندہ ایسا فعل نہ کروں گا۔
(تیسرا) وہ گناہ ہے۔ جو تمہارے اور دوسرے بندوں کے متعلق ہے یہ نہایت سخت اور مشکل ترین ہے۔ یہ کئی قسموں پر ہے۔ مال میں۔ نفس میں۔ عزت وآبرو میں۔ دین میں۔ لونڈی باندی میں عورت کے بارے میں۔
(۱) مال کی بابت یہ ہے۔ کہ تم! اگر ممکن ہو تو صاحب مال کو اُس کا مال واپس کرو۔ اگر واپس کرنے کا مقدور نہیں ہے۔ تو صاحبِ مال سے بخشوا لو۔ اگر صاحبِ مال غائب ہو چکا ہے تو اُس کی روح پر صدقہ کر دو۔ اور حتی المقدور نیکی بہت کرو۔ اور خدا تعالےٰ کی درگاہ میں نہایت عاجزی کے ساتھ دُعا مانگو۔ تاکہ وہ اپنے فضل سے قیامت کے روز۔ صاحب مال کو تم سے خوش کر دے۔
(۲) اور جو نفس کے بارے میں ہے۔ یعنے تم نے خون ناحق کیا ہے۔ تو مقتول کے وارثوں کے پاس جاؤ۔ کہ وہ تم سے قصاص لیں۔ یا معاف کریں۔ اگر ایسا نہ ہو سکے۔ تو خدا تعالےٰ سے دعا مانگو۔ کہ وہ مقتول کو قیامت کے روز تم سے خوش کر دے۔
(۳) عزت وآبرو کی بابت۔ کسی کی غیبت کی ہو۔ بہتان لگایا ہو۔ ظلم کیا ہو۔ اگر ممکن ہو تو جس کی تم نے غیبت کی ہے۔ اُس کے پاس جاؤ اور اُس کے سامنے اپنے جھوٹ کا اقبال کرو۔ یہ اُس صورت میں ہے۔ کہ اُس شخص کے غصہ بھڑکنے سے تم محفوظ رہو۔ اگر وہ اِس صفت کا ہے کہ تمہارے غیبت کے اقرار کرنے

Marfat.com

سے غصّے سے مُرخ ہو جائیگا۔ تو خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرو۔ اور اُس کے لئے دُعاے مغفرت مانگو ٭

(۴) دین کے بارے میں یعنے کسی آدمی کو تم نے کافر یا گمراہ کہا ہے۔ یہ بات نہایت مشکل ہے۔ اگر ممکن ہو تو اُس شخص کے پاس جاکر اپنے جھُوٹ کا اقرار کرو۔ اور بہت سی پشیمانی کرو۔ تاکہ خدا تعالیٰ اِس کو تم سے خوش کرے ٭

(۵) اگر کسی کی عورت اور کنیزک کے بارے میں ہے۔ تو اُس سے معافی نہ مانگو۔ خواہ معافی مانگتے وقت اِس کے غصّے سے بھی محفوظ رہ سکو۔ اِس بات کو ظاہر نہ کرو۔ بلکہ اِس کا طریق یہ ہے۔ کہ خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرو۔ تاکہ خدا تعالیٰ قیامت کے روز۔ اُس شخص کو تم سے خوش کردے گا ٭

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ جہاں تک ہو سکے۔ اُن لوگوں کو راضی کرلو۔ جن کی تم نے حق تلفی کی ہے۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو حق تعالیٰ کی طرف صدق اور عاجزی کے ساتھ رجوع کرو۔ تاکہ وہ قیامت کے دن۔ اُن کو تم سے خوش کردے۔ اور خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے اُمید قوی ہے۔ کہ جب وہ ہمارے کے صدق کی عملی حالت دیکھ لے گا۔ تو وہ اُس سے اُس کے حق خواہوں کو اپنے خزانہ رحمت سے خوش کردے گا ٭

جب تم نے اِن بیان کردہ مسائل پر عمل کرلیا۔ اور گناہوں کی ترک پر اپنے دل کو قائم کرلیا۔ تو سب گناہوں سے پاک ہو گئے۔ اور اگر گناہوں کی ترک اور توبہ کا ارادہ کیا۔ اور گذشتہ کی قضا نہ کی۔ اور حق خواہوں کو خوش نہ کیا۔ تو ضرور قیامت کو پوچھا جائے گا۔ اور باقی گناہ بخشے جائیں گے۔ اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے ٭

(فصل)

اِس بات کو یقین کرلو! کہ توبہ کی گھاٹی نہایت سخت اور بڑی مہم اور نہایت ہی خطرناک ہے۔ یہاں تک کہ روایت بیان کرتے ہیں۔ کہ حضرت ابو اسحاق اسفرائنی رحمۃ اللہ علیہ۔ جو کہ منجملہ مشائخین سے ہیں۔ آپ بیان فرماتے ہیں۔ کہ میں تیس۳۰ سال

Marfat.com

تک خدا تعالیٰ سے توبۃ النصوح بابت دعا مانگتا رہا۔ میری دُعا قبول نہ ہوئی۔ میں نے ایک وقت بطور تعجب عرض کی۔ سُبْحَانَ اللہ۔ تیس سال گذرے ایک ہی مراد مانگی تھی۔ وہ بھی پوری نہ ہوئی۔ پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ ہاتف غیب کہہ رہا ہے۔ تم تعجب کرتے ہو! اور نہیں جانتے ہو کہ کیا مانگتے ہو! یہ چاہتے ہو کہ خدا تعالیٰ تم کو اپنا دوست بنالے؟ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَہِّرِیْنَ (یقیناً اللہ تعالیٰ پاک بندوں کو اور توبہ کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے) میرے پیارے! غور کر کہ ان بزرگوں کو دین کے کام اور دل کی اصلاح۔ اور زادِ راہِ آخرت کے لئے کس قدر اہتمام تھا۔

توبہ نہ کرنے سے یہ نقصان ہے۔ کہ گناہ کی ابتداء دل کی سختی اور سیاہی ہے۔ اور گناہ کا اخیر کفر اور بے نصیبی ہے۔ پناہ بخدا وند تعالیٰ۔ ہوشیار رہو! اور حکایت ابلیس اور بلعم باعور کی مت بھولو! کہ ان کے کام کا اول گناہ تھا۔ اور آخر کفر تھا۔ لہٰذا ہلاک ہونے والوں کے ساتھ ہی ابدالآباد تک ہلاک ہو گئے۔ بنا بریں تم بیدار رہو! اور کوشش کرو! تاکہ اپنے دل سے گناہوں پر اصرار کے تقاضے کا قلع وقمع کر ڈالو۔

صالحین میں سے ایک بزرگ ارشاد فرماتا ہے۔ کہ دل کی سیاہی گناہوں سے ہے۔ اور سیاہی دل کی یہ علامت ہے۔ کہ تم گناہ کرنے سے نہ ڈرو گے۔ اور عبادت میں لذت نہ پاؤ گے۔ اور اگر نصیحت سُنو گے۔ تو دل پر اثر نہ پاؤ گے۔ اور تم پر لازم ہے۔ کہ کسی گناہ کو ادنیٰ درجہ کا نہ جانو۔ اور ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ توبہ نہ کرنے کی صورت میں گناہ کبیرہ پر اصرار ہوتے لگتا ہے۔

حضرت کہمش بن حسن رضی اللہ عنہ جو ابدالان وقت میں سے تھے۔ ان سے روایت ہے۔ کہ اُنہوں نے فرمایا۔ میں نے ایک گناہ کیا۔ اور اُس پر روتے کو چالیس سال گذر گئے ہیں۔ حاضرین نے عرض کی۔ کہ وہ گناہ کیا ہے۔؟ فرمایا کہ ایک بھائی میری مُلاقات کو آیا۔ میں نے اس کے لئے ایک مچھی خریدی۔ اور ہاتھ دھونے کے وقت۔ میں نے تھوڑی مٹی ہمسائے کی دیوار میں سے لی۔ اور ہاتھ دھولئے۔ میں اسی روز سے پشیمان ہوں کہ مالک دیوار کی اجازت کے بغیر

مَیں نے مٹی لی۔ اور اُس پر تصرف کیا۔ یہ مجھ سے گناہ سرزد ہوا ہے ۔

اور بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک شخص کرایہ کے مکان میں رہتا تھا۔ اُس نے خط لکھا اور چاہا کہ اُس گھر کی دیوار کی مٹی سے خط کو خشک کرے۔ پھر اُس کے دل میں خیال آیا۔ کہ یہ مکان کس کا ہے؟ اس طرح خط کو خشک کرنا اچھا ہے؟ پھر خیال آیا معمولی بات ہے۔ اس کی کیا وقعت ہے؟ پھر خط پر مٹی کو چھڑک لیا۔ ہاتف غیبی نے آواز دی۔ سَيَعْلَمُ الْمُسْتَخِلُ مِنَ التُّرَابِ مَا يَلْقَى غَدًا مِنْ طُوْلِ الْحِسَابِ (مٹی کے جائز کرنے والے کو جلدی معلوم ہو جائیگا! کہ قیامت کے دن کتنے سخت حساب میں ڈالا جائے گا!) لہذا میرے پیارے! غفلت نہ کر! اپنے نفس کے ساتھ حساب کر! اور توبہ کرنے میں جلدی کر! کیونکہ موت چھپی ہوئی ہے۔ اور دُنیا فریب دینے والی ہے ۔

حضرت آدم علیہ وعلی نبینا الصلوٰۃ والسلام کی حالت یاد کر خدا نے اُن کو اپنی قدرت کے ہاتھ سے پیدا کیا۔ اور بہشت میں داخل کیا۔ اُنہوں نے صرف ایک گناہ کیا۔ پھر اُن کے ساتھ جو ہونا تھا سو ہوا۔ روایت کرتے ہیں۔ کہ خدا تعالےٰ نے دریافت کیا۔ کہ آدم! میں تیرا کیسا ہمسایہ تھا؟ عرض کی میرے رب! بہت اچھا ہمسایہ۔ فرمایا۔ آدم! میری ہمسائیگی سے نکل جا۔ تاج کرامت اپنے سر سے اُتار ڈال۔ میرا نافرمان میری ہمسائیگی میں نہیں رہ سکتا ہے۔ بیان کرتے ہیں۔ کہ اپنے گناہ پر چالیس سال روئے۔ پھر خدا تعالےٰ نے اُن کی توبہ قبول کی۔ اور ایک گناہ بخشا۔ یہ حال پیغمبر برگزیدۂ خدا کا ہے۔ جس نے ایک گناہ سے زیادہ نہیں کیا ہے دوسرے لوگوں کا کیا حال ہے؟ کہ جن کے گناہ بے شمار ہیں۔ یہ حال ایسے شخص کا ہے۔ جو چالیس سال رویا۔ اور توبہ کی۔ اور ایسے شخص کا کیا حال ہے۔ کہ جو گناہوں پر اصرار کرنے والا ہے۔ اور اگر توبہ کرتا ہے۔ تو توبہ شکنی کرتا ہے۔ پھر گناہ کرتا ہے پھر توبہ کی حالت میں اپنے نفس کو کہتا ہے۔ کہ شاید پھر گناہ کرکے۔ مَیں مروں گا۔ اسی طرح دو بار تین بار چار بار ۔

جتنی بار کہ گناہ کرو۔ توبہ کرو۔ گناہ کرنے کی نسبت توبہ کرنے میں عاجز نہ ہو۔ اور شیطانوں کے منع کرنے سے توبہ سے نہ رکو۔ تم نے سُنا نہیں؟ آنحضرت

Marfat.com

صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تم میں سے بہتر آدمی وہی ہے۔ جو بہت گناہ کرتا ہے۔ اور بہت توبہ کرتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ کے فرمان کو یاد کرو۔ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿ (جو شخص برائی کرتا ہے۔ یا اپنی جان پر ظلم کرتا ہے۔ پھر اللہ سے معافی مانگتا ہے۔ وہ شخص اللہ کو بخشنے والا مہربان پائے گا) اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے ✣

(فصل)

حاصل کلام توبہ کے باب میں یہ ہے۔ جب تم نے گناہوں کی ترک پر ارادہ مستحکم کرلیا۔ کہ خدا تعالےٰ نے تمہارے دل سے جان لیا۔ کہ آئندہ گناہ نہ کرو گے اور تم نے حق خواہوں کو بقدر امکان خوش کرلیا۔ اور حتیٰ المقدور فوت شدہ فرائض کو قضا کرلیا۔ اور باقی عمر خدا تعالےٰ کی درگاہ میں عاجزی سے گذارنے لگا۔ لہٰذا غسل کرکے پاک ہو۔ اور کپڑے پاک پہن۔ اور چار رکعت نماز حضور دل سے گذار۔ پھر اپنا چہرہ زمین پر خالی جگہ رکھ۔ اور سوائے خدا تعالےٰ کے۔ دوسرا آدمی تم کو نہ دیکھے۔ سر پر خاک ڈالو۔ اور اپنا سر اور چہرہ خاک میں ملو۔ چشم گریاں اور دل بریاں سے بلند آواز کے ساتھ۔ عمر بھر کے گناہ ایک ایک کرکے اپنی زبان پر لاؤ۔ اور اپنے نفس کو ملامت کرو۔ کہ اے نفس! کیا توبہ کا وقت نہیں آیا ہے؟ اور خدا کی طرف رجوع نہیں کرنا ہے؟ یا خود تجھ میں طاقت ہے کہ خدا تعالےٰ کے عذاب پر صبر کرسکے گا؟ یا تیرے پاس کوئی ایسی چیز ہے۔ کہ جو عذاب کو روکے گی۔ اس قسم کے بہت سے کلمات بیان کرو۔ اور دونوں ہاتھ اٹھاؤ۔ اور خدا کے ساتھ سرگوشی کرو۔ کہ میرے خدا! عاجز بندہ تیرے دروازے پر آیا ہے۔ آلہی گنہگار بندہ۔ عذر میں توبہ پیش کرتا ہے۔ اس کو معاف کر۔ اور اپنے فضل سے اور نظرِ قبول سے میری طرف دیکھ۔ اے رب! مجھ کو بخش۔ اور میرے تمام گذشتہ گناہوں سے درگذر کر۔ اور میری باقی عمر میں مجھ کو گناہوں سے بچا۔ کیونکہ تمام بھلائی تیرے ہی قبضۂ قدرت میں ہے۔ اور تو ہی بخشنے والا

ہے۔ پھر یہ دعا مانگو اَللّٰھُمَّ یَا مُجْلِیَ عَظَائِمَ الْاُمُوْرِ یَا مُنْتَھٰی ھِمَّۃِ الْمُؤْمِنِیْنَ یَا مَنْ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔ اَحَاطَتْ بِنَا ذُنُوْبُنَا اَنْتَ الْمَدْخُوْرُ لَھَا۔ یَا مَدْخُوْرًا لِکُلِّ شِدَّۃٍ۔ کُنْتُ اَدَّخِرُکَ لِھٰذِہِ السَّاعَۃِ فَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ (اے خدا! بڑے بڑے کاموں کو ظاہر کرنے والے۔ اے نہایت مقصودِ ہمت! تمام ہمت والوں کے۔ اے وہ ذات! کہ جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے۔ تو اُس کو کہتا ہے کہ ہو جا۔ پس ہو جاتی ہے۔ ہمارے گناہ بہت بڑھ گئے۔ تو ہی ذخیرہ کیا گیا ہے۔ اے تمام سختیوں کے لئے ذخیرہ کئے گئے۔ مَیں اِس ساعت میں تجھی کو ذخیرہ کرتا ہوں۔ میری توبہ قبول کر۔ تو ہی تو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے)*

پھر بہت سی گریہ اور زاری کرو اور یہ دعا مانگو۔ یَا مَنْ لَّا یَشْغَلُہٗ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ۔ یَا مَنْ لَّا یُغَلِّطُہٗ کَثْرَۃُ الْمَسَائِلِ۔ یَا مَنْ لَّا یُبْرِمُہٗ اِلْحَاحُ الْمُلِحِّیْنَ۔ وَلَا تُضْجِرُہٗ مَسْئَلَۃُ السَّائِلِیْنَ۔ اَذِقْنَا بَرْدَ عَفْوِکَ وَ حَلَاوَۃَ رَحْمَتِکَ۔ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ*

ترجمہ (اے وہ ذات! کہ جس کو ایک چیز کا سُننا دوسری چیز کے سُننے سے نہیں روکتا ہے۔ اے وہ ذات! کہ جس کو سوالوں کی کثرت غلطی میں نہیں ڈالتی ہے اے وہ ذات! کہ جس کو دل کی فریادیں تنگ نہیں کرتی ہیں۔ اور سائلوں کا سوال سختی میں نہیں ڈالتا ہے۔ ہم کو اپنی معافی کی ٹھنڈک اور اپنی رحمت کی شیرینی کا مزا چکھا۔ یقیناً تو ہر ایک چیز پر قادر ہے)*

پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر درود شریف بھیجو۔ اور سب مُسلمانوں کے لئے بخشش مانگو۔ اور عبادت میں مشغول ہو جاؤ۔ کہ تم نے توبۂ نصوح کی ہے۔ اور سب گناہوں سے نکل کر پاک ہو گئے ہو۔ جیسے کہ آج اپنی مادر کے شکم سے پیدا ہوئے ہو۔ اور خدا تعالےٰ نے تم کو اپنا دوست بنا لیا ہے۔ اور تم کو بہت اجر اور ثواب حاصل ہُوا۔ اور تم پر برکت اور رحمت اس قدر نازل ہوئی ہے۔ کہ کوئی شخص اس کی صفت بیان نہیں کر سکتا ہے۔ اور تم نے دُنیا اور آخرت کی بلا اور عذاب سے نجات پائی۔ اور تم نے خدا تعالےٰ کی توفیق اور مدد سے اِس توبہ

Marfat.com

کی گھاٹی کو بھی طے کر لیا ہے۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ (اور نہیں ہے باز رہنا گناہ سے اور نہ طاقت نیکی کی مگر ساتھ توفیق اللہ برتر بزرگ کے) ✤

(تیسری گھاٹی رکاوٹوں کی ہے)

طالب عبادت! توبہ کی گھاٹی کے بعد۔ تم پر لازم ہے۔ کہ مانعات اور رکاوٹوں کی گھاٹی کو طے کرو۔ تاکہ تمہارے لئے عبادت میں استقامت حاصل ہو۔ اور اہل تحقیق بیان کرتے ہیں۔ کہ عابد کو عبادت کی راہ میں چار طرح کی رکاوٹیں پیش آتی ہیں ✤

پہلی رکاوٹ عبادت کی راہ میں دُنیا ہے۔ اُس کی ترک یہی ہے۔ کہ اس سے دُور رہو۔ اور اس میں زہد کرو۔ اور تمہارے لئے دُنیا کی ترک دو سببوں کی وجہ سے ضروری ہے ✤

پہلا سبب یہ ہے۔ کہ عبادت میں استقامت ہو۔ کیونکہ دُنیا کی رغبت عبادت سے مانع ہے۔ اس واسطے کہ اگر تمہارا ظاہر دُنیا کی طلب میں مشغول ہو۔ اور تمہارا باطن اُس کی ارادت میں ہو۔ تو عبادت کیسے کر سکتے ہو؟ دل ایک ہے۔ جب ایک چیز کی طرف مشغول ہوگا۔ تو دوسری چیز کی طرف مشغول نہ ہوگا۔ اور نیز یہ بھی ہے۔ کہ دُنیا اور آخرت کی مثال دو سوکنوں کی ہے۔ جب ایک کو راضی کرو گے تو دوسری ناراض ہو جائے گی۔ اس طرح کہ ایک کے نزدیک ہو گے۔ تو دوسری سے دُور ہو جاؤ گے۔ اور بات یہ ہے کہ دُنیا اور آخرت۔ مشرق اور مغرب کی طرح ہے۔ ایک طرف جاؤ گے۔ تو دوسری طرف سے دُور ہو جاؤ گے۔ دُنیا کا ظاہر طور پر عبادت سے روکنا خود ظاہر ہے ✤

اور حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ مَیں نے چاہا۔ کہ عبادت اور تجارت کو جمع کروں۔ لیکن جمع نہ کر سکا۔ لہٰذا صرف عبادت کرنے لگا۔ اور تجارت کو ترک کر دیا ✤

اور حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ کہ دُنیا اور آخرت اگر کسی کے لئے جمع ہوتیں تو میرے لئے

جمع ہوئیں۔ اُس قوت کے باعث کہ جو خدا تعالیٰ نے مجھ کو عنایت کی ہے ؛

جب ایسا حال ہے۔ تو فانی میں نقصان اُٹھانا بہتر ہے۔ دُنیا اور دل کی مشغولی عبادت سے اس واسطے مانع ہے۔ کہ جب دل چاہے گا۔ دُنیا میں مشغول ہو جائے گا۔ عبادت میں کیسے لگے گا؟ جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس نے آخرت کو چاہا اس نے دُنیا کا نقصان کیا ؛ اور جس نے دُنیا کو چاہا۔ اُس نے آخرت کا نقصان کیا! لہذا باقی کو فانی پر اختیار کرو ؛

تمہیں یہاں سے معلوم ہو گیا ہو گا۔ کہ جب ظاہر دُنیا میں مشغول ہو۔ اور باطن اُس کی ارادت میں۔ تو اس طرح عبادت کرنا سہل نہیں ہے۔ اور اگر دُنیا کو ترک کرو اور ظاہر اور باطن میں اُس سے دست بردار ہو جاؤ۔ تو عبادت نہایت آسانی کے ساتھ کر سکتے ہو ؛

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت بیان فرمائی ہے کہ جب بندہ دُنیا کو ترک کرتا ہے۔ تو اُس کا دل حکمت سے روشن ہوتا ہے۔ اور اس کے اعضا عبادت کے کام میں مدد کرتے ہیں ؛

دوسرا سبب دُنیا کو ترک کرنے کا یہ ہے۔ کہ تمہارے عمل کی قیمت بڑھ جائے۔ کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ جو شخص عالم زاہد تارک دُنیا ہے۔ اس کی دو رکعت نماز خدا تعالیٰ کے نزدیک قیامت تک کے تمام عابدوں کی عبادت سے محبوب اور پسندیدہ ہے ؛

جب ترک دُنیا کی صورت میں عبادت کا یہ مرتبہ ہے۔ تو طالب عبادت پر واجب ہے کہ دُنیا کو ترک کرے ؛

سوال اگر تم یہ دریافت کرو کہ دنیا میں زہد کا کیا مطلب ہے؟

جواب اہل علم کے نزدیک زہد دو قسم پر ہے۔ زہد اختیاری۔ اور زہد غیر اختیاری۔ زہد اختیاری میں تین چیزیں ہیں ؛

(۱) جو دُنیاوی چیز پاس نہیں ہے۔ اُس کی طلب ترک کرے۔ (۲) دُنیا کی چیز جو پاس ہے۔ اس کو دور کرے۔ (۳) اپنے باطن سے دُنیا کی طلب کو ترک کرے ؛

Marfat.com

زہد غیر اختیاری یہ ہے کہ دُنیا کی طرف سے۔ دل بالکل سرد ہو جائے۔ زہد اختیاری زہد غیر اختیاری کی ابتدا ہے۔ جب بندہ۔ زہد اختیاری بجا لائے۔ یعنے نیست کی طلب نہ کرے۔ اور موجود کو دُور کرے۔ اور دل سے طلب کو ہٹائے۔ تو زہد غیر اختیاری حاصل ہوتا ہے۔ یعنے اُس کا دل۔ دُنیا سے بالکل سرد ہو جاتا ہے۔ میرے نزدیک زہد حقیقی یہی ہے۔ اِن تینوں میں مشکل۔ دُنیاوی محبت کا دل سے نکالنا ہے کیونکہ بہت سے لوگ بظاہر تارک دُنیا ہیں۔ اور باطن میں اس کے محب ہیں۔ اور مقصود یہی ہے۔ کہ دُنیا کی محبت باطن میں نہ رہے ؛

تم نے سُنا نہیں ؟ کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِينَ لَا يُرِيدُونَ عُلُوًّا فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَادًا ۚ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ (ہم نے بہشت انہی لوگوں کے واسطے بنایا ہے کہ جو زمین پر فخر اور فساد نہیں چاہتے ہیں۔ اور نیکوئی عاقبت کی پرہیزگاروں کے واسطے ہے) اس آیت میں سعادت آخرت کا دارو مدار۔ نفی طلب دنیا پر رکھا ہے۔ نہ کہ طلب دنیا پر ؛

مطلب یہ ہے۔ کہ دُنیا کی طلب دل سے دُور ہو۔ اور جب بندہ اِن دو چیزوں پر ہو رہتا ہے۔ تو خدا تعالےٰ توفیق عنایت کرتا ہے۔ کہ دُنیا کی طلب بھی دل سے نکل جائے۔ ترک دُنیا پر یہ چیزیں باعث ہیں۔ کہ دُنیا کی آفات اور عیبوں کو یاد کرے۔ اور دُنیا کی آفات اور عیبوں کے بیان میں مشائخین رحمۃ اللہ علیہم نے بہت سا ذکر کیا ہے ؛

ازاں جملہ یہ ہے۔ کہ ایک بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ مَیں نے دُنیا کو اس کی بے اعتباری اور کثرتِ خست اور سرعتِ فنا اور شریکوں کی تنگ دلی کے باعث ترک کر دیا ہے۔ میرے شیخ نے اس تقریر پر ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اس بات سے دُنیا کی رغبت کی بو آتی ہے۔ کیونکہ جو شخص کسی کے فراق کی شکایت کرتا ہے۔ وہ اُس کے وصال کو چاہتا ہے۔ اور جو کوئی شخص کسی چیز کو اُس کے شریکوں کی مزاحمت کے باعث ترک کرتا ہے۔ اگر مزاحمت نہ ہو تو قبول کرے گا۔ لہذا پوری تقریر دُنیا کی بُرائی میں یہ ہے۔ کہ جو میرے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمائی

Marfat.com

ہے۔ کہ دُنیا خدا تعالیٰ کی دشمن ہے۔ اور تم اُس کو دوست رکھتے ہو۔ جو کوئی کسی کے ساتھ محبت رکھتا ہے۔ اُس کے دشمن کو بھی دشمن جانتا ہے۔ اور یہ بھی ارشاد فرمایا ہے۔ کہ دُنیا مردار ہے۔ جو خوشبو اور زینت سے آراستہ ہے۔ غافل لوگ اِس کے ظاہر پر دھوکہ کھاتے ہیں۔ اور عقل والے ترک کرتے ہیں ؛

سوال دُنیا میں زہد کی بابت کیا حکم ہے؟ فرض ہے یا مستحب ہے؟

جواب زہد حلال میں ہوتا ہے اور حرام میں ہوتا ہے۔ حرام میں فرض اور حلال میں مستحب ہے۔ حرام چیز میں زہد اُن لوگوں کے لئے ہے۔ کہ جن کو عبادت میں استقامت حاصل نہیں ہے۔ بمنزلے مردار کے ہے۔ کہ جس کے کھانے پر اقدام نہیں کرتے ہیں۔ مگر ضرورت کے وقت۔ اِس قدر کہ اُس سے ضرر کا دفعیہ ہو جائے اور حلال چیز میں زہد ابدالان رحمۃ اللہ علیہم کے واسطے حاصل ہے۔ کہ حلال چیز اِن کے نزدیک بمنزلہ مردار کے ہے۔ اِسی قدر کھاتے ہیں۔ کہ جس کے بغیر چارہ نہیں ہے۔ اور حرام چیز اِن کے نزدیک بمنزلہ آتش کے ہے۔ کہ اِس کے کھانے کا خیال کسی حالت میں بھی اِن کے دل میں نہیں گذرتا ہے۔ دُنیا پر دل کے سرد ہونے کا یہی مطلب ہے۔ یعنے اپنی ہمت کامل طور پر۔ دُنیا کی طلب سے قطع کرے۔ اُس سے نفرت ہو۔ اور ناپاک جانے۔ اِس طرح پر کہ اِس کے دل میں۔ دُنیا کی خواہش اور رغبت قطعی نہ کرے ؛

سوال اگر کہو کہ یہ کس طرح ممکن ہے۔ کہ دنیا باوجود اِس قدر لذتوں اور خواہشوں کے۔ اِس کا حرام آگ جیسا ہو؟ اور اِس کا حلال مردار جیسا ہو ؛

جواب اِس بات کو جان لو! کہ جس کو خدا تعالیٰ توفیق عنایت فرماتا ہے۔ اور اُس کو دُنیا کی بربادی اور آفات کا علم دیتا ہے۔ اُس کے نزدیک ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ مَیں نے بیان کیا ہے۔ اور اِس بات پر وہی لوگ تعجب کرتے ہیں۔ کہ جو دین کے عیب اور اُس کی آفات دیکھنے سے اندھے ہیں۔ اور ظاہر دُنیا کا دیکھ کر دھوکہ کھاتے ہیں۔ یہاں پر ہم ایک مثال حسب حال تحریر کرتے ہیں۔ تاکہ تم اچھی طرح سمجھ جاؤ!

سُنو! اِس کا بیان اُس شخص کے مشابہ ہے۔ جس نے کہ نہایت عمدہ حلوا سونے اور چاندی کے ورق ڈال کر بنایا۔ اور اس میں پورے اجزا بادام۔ شکر پستہ۔ مویز اور خوشبو کے لئے زعفران وغیرہ ڈالے۔ پھر اُس میں پوشیدہ طور پر زہر قاتل ملا دی۔ ایک

Marfat.com

شخص نے اِس فعل کو دیکھ لیا۔ اور دوسرے نے نہ دیکھا پھر حلوا بنانے والے نے یہ حلوا ایسے شخص کے سامنے رکھا۔ کہ جس شخص کو زہر ملانے کا علم ہے۔ یہ شخص اِس حلوے کی طرف رغبت نہ کرے گا۔ اور اُس کے دل میں ہرگز خیال نہ آئے گا۔ کہ کسی حالت میں بھی اُس حلوے میں سے کچھُ نہ کچھ کھائے۔ اور یہ حلوا اِس کے نزدیک جلانے والی آگ ہے۔ بلکہ اُس سے بھی سخت ہے۔ کیونکہ وہ آفت پر مطلع ہے۔ اور کسی طرح بھی حلوے کی ظاہری حالت اور اُس کی زینت پر فریفتہ اور شیدا نہ ہو گا۔ لیکن یہ مسکین بیچارہ دوسرا شخص کہ جو زہر ملانے پر مطلع نہیں ہے۔ حلوے کی ظاہری حالت دیکھ کر اُس پر گر پڑے گا۔ اور نہایت رغبت کے ساتھ کھائے گا۔ اور دوسرے شخص پرہیز کرنے والے کو طعن و تشنیع کرے گا۔ اور کہے گا۔ کہ ایسے لطیف حلوے سے کیوں پرہیز کرتے ہو؟ شاید کہ دیوانے خبطی ہو؟ یہ مثال دنیا کے حرام کی اہل بصیرت اور جاہلوں کے نزدیک ہے۔

اِسی طرح حلوائے مذکور میں اگر بجائے زہر قاتل کے۔ ناک سنک کر اُس میں سے آلائش نکال کر ملادی جائے۔ تو جس شخص نے اِس فعل کا مشاہدہ کر لیا ہے اِس کے نزدیک یہ حلوا مکروہ ہو گا۔ اور اُس کی طبیعت اُس سے نفرت کرے گی۔ اور اِس پر ہرگز ہاتھ نہ ڈالے گا۔ مگر نہایت ہی سخت بھوک کے وقت۔ اور وہ دوسرا آدمی کہ جو بے خبر ہے۔ اِس حلوے کو نہایت ہی رغبت اور خواہش کے ساتھ کھائے گا۔ یہ دُنیا کے حلال کی مثال اہل بصیرت اور استقامت اور اہل رغبت اور غفلت کی ہے۔ یہ دو شخصوں کا حلال ہے۔ جو طبعی طور پر برابر یا مختلف ہیں۔ باعتبار علم اور بے خبری کے کہ جو اُس حلوے کے متعلق ہے۔ اگر جاہل کو بھی علم ہوتا جیسا کہ عالم کو ہے۔ تو اُسی طرح زہد کرتا جیسے کہ اُس نے کیا ہے۔ اور اگر عالم بے خبر ہوتا جیسے کہ جاہل بے خبر تھا۔ تو وہ بھی نہایت رغبت کے ساتھ حلوے کو کھا لیتا۔ جیسے کہ جاہل نے کھا لیا تھا۔ لہذا تم کو یہاں سے معلوم ہوگیا۔ کہ تمیز دل میں ہے۔ عادت میں نہیں ہے۔ یہ بات ظاہر اور نہایت ہی مفید اصل ہے۔ جس شخص کو عقل اور انصاف سے حصہ ہے۔ وہ اِس بات کا اقرار کرے گا۔

Marfat.com

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ دُنیا کی کچھ نہ کچھ مقدار لئے بغیر چارہ نہیں ہے۔ کیونکہ وہ نفس کی طاقت کا باعث ہے۔ پھر میں زہد کس طرح کروں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ زہد فضول چیزوں میں ہے۔ جن کی کہ ضروری زندگی میں حاجت نہیں ہے۔ کیونکہ زندگی دُنیا میں اسی قدر مضبوطی اور طاقت کی ضرورت ہے۔ کہ جس کے ذریعہ خدا تعالےٰ کی عبادت کر سکیں۔ نہ کہ کھانا اور پینا اور محض لذات کا حاصل کرنا۔ اور اگر خداوند کریم چاہے تو کسی چیز سے طاقت دے اور اگر چاہے تو بغیر کسی چیز کے طاقت عنایت فرمائے۔ جیسے کہ فرشتوں کو طاقت عطا فرمائی ہے۔ جب اس طرح ہے۔ تو خدا چاہے۔ تو ان چیزوں کے ساتھ طاقت عنایت فرمائے جو تمہارے پاس نزدیک اور موجود۔ اور تمہاری طلب اور کسب میں ہیں۔ اور اگر چاہے۔ تو طاقت ایسی چیز سے عطا فرمائے کہ جو خدا کے پاس ہے۔ اور تمہیں ایسی جگہ سے پہنچائے۔ کہ تم کوشش اور طلب کرنا بھول جاؤ۔ جیسے حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے۔ اللہ اس کو سب طرح کی بندشوں سے نکالتا ہے۔ اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے۔ کہ جو اس کے خیال میں بھی نہیں ہے) جب یہ حال ہے۔ تو کسی وقت بھی رزق کے طلب کرنے کی حاجت نہیں ہے۔ اور اگر تمہاری رسائی یہاں تک نہیں ہے۔ اور طلب ہی کرنے کی نیت ہے۔ تو اس قدر طلب کرو کہ جتنا رزق عبادت الٰہی میں تقویت دے۔ نہ اس قدر کہ شہوت اور لذت حاصل کرو۔ اگر اس نیت سے دُنیا میں رہو۔ تو یہ تمہارے لئے بھلائی ہے۔ اور تمہارے زہد میں بھی رکاوٹ نہ ہوگی ✣

دوسری رکاوٹ مخلوق کی ہے۔ طالب عبادت خدا! پھر تم پر لازم ہے۔ کہ مخلوق کے میل ملاپ سے کنارہ کشی کرو۔ یہ دو چیزوں کے باعث ہے۔ (۱) ایک تو یہ ہے کہ لوگ عبادت کرنے سے روکتے ہیں ✣

ذکر کرتے ہیں کہ ایک نے مشائخان طریقت میں سے بیان کیا ہے۔ میں ایک جماعت پر گذرا کہ جو تیر چلاتے تھے۔ اور ایک شخص ان میں سے دور بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے چاہا کہ اس کے ساتھ بات کروں۔ اس نے جواب دیا کہ میرے نزدیک خدا کا ذکر بہتر ہے۔ میں نے سوال کیا کہ تم تنہا کیوں بیٹھے ہو؟ اس نے جواب دیا! کہ میرے

Marfat.com

ساتھ میرا پروردگار اور دو فرشتے ہیں۔ مَیں نے سوال کیا کہ جماعت میں سبقت والا کون ہے؟ جواب دیا جس کو کہ خدا تعالےٰ نے بخشا ہے۔ مَیں نے پوچھا کہ کونسا راستہ ہے؟ اُس نے اپنے داہنے ہاتھ سے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ اُٹھا اور چلدیا۔

اسی طرح آدمی کو۔ مخلوق عبادت سے روکتی ہے۔ اسی پر کنایت نہیں ہے۔ بلکہ مخلوق تباہی اور نافرمانی میں ڈالتی ہے۔ جیسے کہ حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ سے حکایت کرتے ہیں۔ آپنے بیان فرمایا۔ کہ مَیں نے مخلوق سے پانچ چیزیں طلب کیں اور نہ پائیں مَیں نے طاعت اور زہد طلب کیا اور نہ پایا۔ مَیں نے کہا اچھا! میری طاعت اور زہد پر مدد کرو۔ اُنہوں نے نہ کی۔ مَیں نے کہا اچھا! جب میں طاعت اور زہد کروں تو مجھ سے راضی رہو! وہ راضی بھی نہ رہے۔ مَیں نے کہا اچھا! مجھ کو طاعت اور زہد سے منع نہ کرو وہ منع کرنے لگے۔ مَیں نے کہا اچھا! جس پر خدا راضی نہیں ہے۔ مجھ کو اُس پر نہ بلاؤ۔ اور اگر نہ کروں تو میرے ساتھ عداوت نہ کرنا۔ اُنہوں نے مجھ سے عداوت کی۔ آخر مَیں نے سب کو ترک کیا۔ اور اپنے آپ میں مشغول ہوا۔

میرے دینی برادر! اس بات کو جان لو۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے گوشہ نشینی کے زمانوں کی صفت اور اُس کے اہل کی شرح اچھی طرح سے بیان فرمائی ہے۔ اور مخلوق سے جُدا رہنے کا بیان کردیا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے۔ کہ آنحضرتؐ ہماری مصلحتوں کو خوب جانتے ہیں۔ اور آپ ہمارے لیئے ہم سے زیادہ ناصح شفیق ہیں۔ جب زمانے کی وہ صفت پاؤ جو آپنے بیان فرمائی ہے۔ تو آپ کا حکم بجا لاؤ اور حضور کی نصیحت قبول کرو۔ اور اس بات میں شک نہ کرو۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سب لوگوں سے زیادہ دانا ہیں۔ اور اس زمانے کی ہماری مصلحتوں کو اچھی طرح جانتے تھے۔ بیہودہ عذر کرکے اپنے آپ کو نقصان میں نہ رکھو۔ تاکہ ہلاک ہونے والوں میں سے نہ ہو جاؤ۔

اور جو کچھ آپنے ارشاد فرمایا ہے یہ ہے۔ کہ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم نے بیان کیا ہے۔ کہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا۔ کہ آپ نے فتنے کا ذکر کیا۔ اور ارشاد فرمایا۔ کہ جب تم لوگوں کو دیکھو۔ کہ اپنے عہدوں سے پھر گئے۔ اور امانتوں میں خیانت کرنے لگے؟ مَیں نے عرض کی۔ کہ اے رسول خدا!

اللہ مجھ کو آپ پر قربان کرے۔ مَیں اُس زمانے میں کیا کروں؟ فرمایا کہ اپنے گھر میں رہو۔ اور اپنی زبان کی حفاظت رکھو۔ جو کچھ جانتے ہو اس پر عمل کرو۔ اور جو کچھ نہیں جانتے ہو۔ اُس کو ترک کرو۔ اور اپنا کام کرنا۔ اور دوسرے کے کام کو ترک کرنا ۔

اور دوسری حدیث شریف میں ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و الہ و اصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ وہ ہرج کے دن ہوں گے۔ اصحاب رضی اللہ عنہم نے عرض کی کہ ہرج کے دن کیا ہیں؟ فرمایا کہ ایسا زمانہ ہے۔ کہ لوگ اپنے ہمنشینوں سے امن میں نہ ہوں گے ۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ دوسری روایت آنحضرت صلی اللہ علیہ و الہ و اصحابہ وسلم سے بیان کرتے ہیں۔ کہ آپ نے حارث بن عمر کو فرمایا کہ اگر تمہاری عمر دراز ہوئی تو تم پر ایک زمانہ آئے گا۔ اُس زمانے میں واعظ بہت ہوں گے۔ اور عالم کم۔ اور سائل بہت ہوں گے۔ اور دینے والے تھوڑے۔ اُس زمانے میں جہاں کو حرص کھینچے لئے پھرے گی۔ مَیں نے عرض کی کہ وہ دن کب آئے گا؟ فرمایا کہ جس دن نماز کو ترک کریں گے۔ اور دین کو تھوڑے سامان دنیاوی کے عوض فروخت کرینگے۔ دور رہ اے نیک بخت! اُس زمانے سے دور رہ ۔

مَیں بیان کرتا ہوں کہ جو کچھ اِن احادیث میں وارد ہے۔ مَیں نے اپنے زمانے میں اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔ لہٰذا اچھی طرح سے غور کرو کہ تم کو کیا کرنا چاہیئے۔ اور سلف صالحین رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے اپنے زمانہ میں اہل زمانہ سے دور رہنے پر اتفاق کیا ہے۔ اور گوشہ نشینی کو اختیار کیا ہے۔ اور گوشہ نشینی کا حکم دیا ہے۔ اِس بات میں کوئی شک نہیں ہے۔ کہ وہ لوگ ہم سے زیادہ دانا اور زیادہ سمجھدار تھے اور اُن کے بعد زمانہ بہتری پر نہیں آیا ہے۔ بلکہ اُن کے وقت سے آگے کو۔ اور زیادہ تباہی بڑھتی گئی ہے ۔

حضرت یوسف بن اسباط رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ کہ مَیں نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے سُنا ہے۔ کہ آپ فرماتے تھے۔ قسم بخدا کہ جس کے سوا دوسرا خدا نہیں ہے۔ اِس زمانہ میں گوشہ نشینی حلال ہو گئی ہے۔ اور مَیں کہتا ہوں۔ کہ اگر زمانہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ میں گوشہ نشینی حلال ہوئی تھی تو ہمارے زمانے میں واجب اور فرض ہو گئی ہے ۔

Marfat.com

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے خاصانِ خدا کی طرف خط لکھا۔ کہ تم اس زمانے میں ہو۔ کہ اصحاب رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ واصحابہ وسلم اس زمانے کو پانے سے پناہ مانگتے تھے۔ اور ان کو وہ علم تھا۔ کہ جو ہم کو نہیں ہے۔ تو ہمارا حال کیا ہو گا! کہ اس زمانہ میں ہم۔ تھوڑے علم اور تھوڑے صبر کے ساتھ اور ذکر کے ساتھ موجود ہیں۔ لوگوں میں بہت سا فساد بڑھ گیا ہے اٹھو!

اور حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ بُرے ہمنشینوں سے گوشہ نشینی میں راحت ہے۔ حضرت سفیان بن عینیہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کی۔ کہ آپ مجھے کچھ وصیت ارشاد فرمائیں۔ لوگوں کے ساتھ میل ملاپ کم کردو۔ میں نے عرض کی کہ یہ نہیں ہے! کہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ لوگوں کے ساتھ میل ملاپ زیادہ کرو کیونکہ ہر ایک ایماندار کے لئے شفاعت ہے۔ فرمایا کہ میں معلوم نہیں کرتا ہوں؟ کہ کسی وقت تم کو کسی جان پہچان سے کوئی بات قابلِ نفرت پہنچی ہو؟ میں نے ایجاب میں جواب دیا۔ پھر میں نے آپ کو آپ کے فوت ہونے کے بعد۔ کئی سال گذرنے پر خواب میں دیکھا۔ میں نے عرض کی کہ آپ مجھ کو کچھ وصیت فرمائیں؟ ارشاد فرمایا کہ لوگوں کی ملاقات ترک کردو۔ کیونکہ ان سے نجات پانا مشکل ہے۔

اور حضرت فضیل رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے۔ کہ اس میں زبان کی حفاظت کرنی چاہئے۔ اور پوشیدہ جگہ میں رہ کر دل کا علاج کرنا چاہیئے۔ اور جو کچھ جانتے ہو اس کو کرو۔ اور جو کچھ نہیں جانتے ہو۔ اس کو ترک کرنا چاہیئے۔

حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ دُنیا میں روزہ رکھو۔ اور آخرت میں افطار کرو۔ اور لوگوں سے اس طرح بھاگو کہ جیسے شیر کو دیکھ کر بھاگتے ہو۔

حضرت ابو عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میں نے کسی حکیم کو نہیں دیکھا۔ مگر اس نے مجھ کو وصیت کی کہ اگر تم کسی کو دوست بناؤ۔ تو ایسے کو کہ جو تم کو پہچانتا نہیں ہے۔ پھر اس بات کو جان لو! کہ تمہیں خدا کے پاس کام ہے۔

دوسری خصلت کہ جس کے باعث گوشہ نشینی اختیار کی جاتی ہے۔ یہ ہے۔

Marfat.com

کہ کی کرائی عبادت کو۔ لوگ باطل اور بیکار کر دیتے ہیں۔ کیونکہ اُن کی طرف سے ریا اور ظاہری ٹیپ ٹاپ پیش آتی ہے۔ اور حضرت یحیٰ بن معاذ رازی رحمتہ اللہ علیہ نے سچ بیان فرمایا ہے۔ کہ زاہدانِ گذشتہ اور مردانِ میدان کی زیارت میسّر نہیں ہوئی ہے بنا بریں ہم نے کلی طور پر ایک دوسرے کی مُلاقات کو ترک کر دیا ہے۔ اور روایت کرتے ہیں۔ کہ حضرت ہرم بن حیان رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ آؤ ایک دوسرے کی مُلاقات کریں۔ اور ایک جگہ رہیں آپ نے جواب دیا کہ غائبانہ دُعا ایک دوسرے کی مُلاقات سے بہتر ہے۔ کیونکہ میل ملاپ میں ریا اور ظاہر داری ہوتی ہے۔

لوگوں نے حضرت سلیمان خواص رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمتہ اللہ علیہ تشریف لائے ہیں۔ اُن کی زیارت کو آپ کیوں نہیں جاتے ہیں؟ جواب دیا کہ اُن کی مُلاقات سے شیطان کی ملاقات کرنی بہتر ہے! لوگوں نے یہ بات سُن کر نہایت تعجب کیا۔ آپ نے جواب دیا۔ کہ جب میں ابراہیم ادہم رح کو دیکھوں گا۔ تو ریا کروں گا۔ اور جب میں شیطان کو دیکھوں گا۔ تو ریا سے پرہیز کروں گا۔

میرے شیخ پیرو مرشد نے عارفانِ الٰہی میں سے ایک عارف کی مُلاقات کی۔ اور محفل میں دیر تک بیٹھے رہے۔ جب محفل ختم ہوئی تو دُعا مانگ کر اُٹھے۔ اور میرے شیخ رحمتہ اللہ علیہ نے بیان کیا۔ مجھے یاد نہیں کہ اِس محفل کی نسبت کسی دوسری محفل میں۔ میں زیادہ اُمیدوار بیٹھا ہوں؟ عارف رح نے جواب دیا۔ کہ مجھے یاد نہیں کہ میں اِس محفل کی نسبت کسی دوسری محفل میں زیادہ خوف کھانے والا بیٹھا ہوں؟ کیونکہ آپ نے بہت سی باتیں۔ اور عجیب و غریب علوم بیان کئے۔ اور میں نے بھی ایسے بیان کئے۔ لہٰذا ہم دونو میں ریاکاری کا وقوع ہُوا۔ یہ بات سُن کر میرے پیرو مرشد شیخ رح بہت روئے۔ یہاں تک کہ بیہوش ہو کر گر پڑے۔ اہلِ زہد اور ریاضت کا باہمی مُلاقات میں یہ حال ہے۔ اہلِ غربت اور دُنیاداروں کا کیا حال ہے؟ بلکہ جاہلوں اور شریروں کی کیا حالت ہے۔

اِس بات کو جان لو! کہ زمانہ بالکل نکما ہو گیا ہے۔ اور لوگ پورے طور پر تباہ ہو گئے ہیں۔ اِس حد تک نوبت پہنچی ہے۔ کہ تم عبادت سے روکیں۔ اور تم کبھی بھی عبادت

نہ کرسکو۔ اور تمہارے کئے کرائے کو بھی بیکار اور ضائع کردیں۔ لہٰذا تم پر واجب ہے کہ گوشہ نشینی اختیار کرو۔ اور لوگوں سے جدا ہوجاؤ۔ اور زمانہ اور اہل زمانہ کی تباہی سے خدا تعالےٰ کی پناہ مانگو۔ وَاللّٰہُ الْحَافِظُ بِفَضْلِہٖ وَرَحْمَتِہٖ (اور اللہ ہی اپنے فضل اور رحمت کے ساتھ حفاظت کرنیوالا ہے)۔

سوال۔ اگر پوچھو کہ گوشہ نشینی! اور لوگوں سے جدا ہونے کا کیا حکم ہے؟ اور بیان کرو کہ لوگوں سے جدا ہونے کا کیا طریقہ ہے۔ اور کس حد تک یہ کام واجب ہے؟

جواب یہ بات جان لو! کہ اس کام میں دو قسم کے لوگ ہیں۔ ایک وہ شخص ہے۔ کہ جس کے علم کی لوگوں کو ضرورت نہیں ہے۔ ایسے آدمی کو چاہیئے کہ لوگوں سے بالکل جدا رہے۔ اور ہرگز میل جول نہ رکھے۔ مگر جمعہ یا جماعت۔ عید الفطر عید الضحیٰ۔ حج یا کوئی علمی نفع دینے والی مجلس۔ یا کسی اور ضرورت کے واسطے۔ کہ لوگ اُس کو پہچانیں اور وہ لوگوں کو نہ پہچانے۔ ضرور حاضر ہوا کرے۔ اور اگر یہ چاہے کہ لوگوں سے بالکل قطع تعلق کرے۔ دین اور دُنیا کے سب کاموں میں۔ اور کسی طرح کا اختلاط نہ رکھے۔ کسی مصلحت کے باعث کہ جو اُس کو معلوم ہے۔ تو ایسا قطع تعلق اُس کے لئے جائز نہیں ہے۔ تا وقتیکہ دو کاموں میں سے ایک کو نہ کرے۔ یا تو کسی دُور کے مقام پر رہائش اختیار کرے۔ کہ اُس پر جمعہ اور جماعت فرض نہ ہو۔ جیسے پہاڑ اور جزائر۔ شاید کہ یہی سبب ہے کہ عابد لوگ دوسرے آدمیوں سے الگ ہوکر۔ ان جیسی جگہوں میں سکونت رکھتے ہیں۔ یا حقیقی طور پر اس بات کو جانتا ہے۔ کہ جو نقصان لوگوں سے حاصل ہوگا۔ جمعہ اور جماعت میں حاضر ہوکر۔ وہ نقصان جمعہ اور جماعت کے ثواب سے بہت زیادہ ہے۔ لہٰذا اگر گناہ ثواب سے زیادہ ہو تو ایسے شخص کے لئے جمعہ اور جماعت کو ترک کرنا جائز ہے۔

مَیں نے مشائخین کبار میں سے ایک شخص کو مکہ شریف میں بچشم خود دیکھا۔ کہ جو اہل علم میں سے تھے۔ جمعہ اور جماعت کے لئے مسجد حرام میں تشریف نہ لاتے تھے اور ان کے لئے بظاہر کوئی رکاوٹ نہ تھی۔ اور میں کچھ فائدہ حاصل کرنے کے لئے ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور اس بات بابت بھی دریافت کیا۔ انہوں نے جواب دیا کہ جس قدر گناہ لوگوں کے میل جول سے حاصل ہوتا ہے۔ وہ اُس ثواب سے کہ جو جمعہ اور جماعت سے حاصل ہوتا ہے۔ بہت بڑا ہے۔ میں بیان کرتا ہوں کہ حاصل کلام یہ ہے۔ کہ

Marfat.com

جو شخص معذور ہے۔ اُس پر عتاب نہیں ہے۔ اور خدا تعالےٰ عالم الغیب دانا اور بینا ہے۔ اور ہر ایک شخص کے عذر کو خوب جانتا ہے ؛

بہترین طریق عدل یہ ہے کہ ایسا آدمی جمعہ اور جماعت اور دوسرے خیرات کے کاموں میں۔ لوگوں کے ساتھ مخالفت کرے۔ اور ان کے سوا دوسرے کاموں میں جُدا رہے۔ اور اگر چاہے کہ دوسرے طریق پر عمل کرے۔ تو لوگوں سے قطعی تعلق توڑے اور جمعہ اور جماعت میں حاضر نہ ہو۔ اُس عذر کے باعث کہ جس کو وہ جانتا ہے۔ اس کا طریقہ یہی ہے۔ کہ ایسی جگہ سکونت اختیار کرے کہ جہاں پر جمعہ اور جماعت فرض ہی نہیں ہے۔ اور تیسرا طریقہ یعنے جو شخص شہر میں رہتا ہے اور جمعہ اور جماعت میں حاضر نہیں ہوتا ہے۔ اُس عذر کے باعث جس کو کہ وہ جانتا ہے۔ یعنے ملاقات مردمان سے سخت نقصان اُٹھاتا ہے۔ یہ شخص نظر دقیق کا محتاج ہے۔ اور اس میں غلطی کا اندیشہ ہے۔ اور پہلے طریق میں سب طرح سے سلامتی ہے۔ اور اللہ ہی اپنے فضل سے توفیق دینے والا ہے ؛

لیکن دوسرے گروہ کا آدمی کہ جو علم میں مقتدا ہے۔ اور لوگ دین کے کاموں میں اُس کے محتاج ہیں۔ کہ وہ علم اور حکمت اور حق کو بیان کرتا ہے۔ اور اہل بدعت کی تردید کرتا ہے۔ اور اپنے قول اور فعل سے نیکی کی طرف بُلاتا ہے۔ ایسے آدمی کو لوگوں سے قطعی طور پر دور نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ اُن کے درمیان رہے۔ اور مخلوق خدا کو نصیحت کرے۔ اور اُن کو آخرت کے احکام سُنائے ؛

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے ارشاد فرمایا۔ جب بدعتیں ظاہر ہوں۔ اور عالم خاموش رہے۔ تو ایسے عالم پر خدا کی لعنت ہو۔ لہٰذا مخلوق کے درمیان رہے۔ اگر درمیان نہ رہے تو اُس کو قطع تعلق کرنا بھی جائز نہیں ہے ؛

روایت کرتے ہیں کہ حضرت اُستاد ابوبکر بن فورک رحمۃ اللہ علیہ نے ارادہ کیا کہ لوگوں سے گوشہ نشینی اختیار کر کے عبادت الٰہی میں مشغول ہوں۔ اور کسی پہاڑ میں تشریف لے گئے۔ ہاتف غیب نے آواز دی۔ کہ اے ابوبکر! تم خدا کی طرف سے مخلوق پر حجت ہو۔ خدا تعالےٰ کے بندوں کو کیوں چھوڑا؟ لہٰذا آپ واپس ہوئے۔

Marfat.com

اور بندگانِ خدا میں آئے۔ اِس واسطے اُن کی صحبت مخلوقات سے تھی +

میرے رفیق مومن بن احمد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت اُستاد ابو اسحاق رحمۃ اللہ علیہ سے۔ ایک حکایت بیان کی ہے۔ کہ آپ نے جبل لبنان کے عابدوں کو فرمایا۔ گھاس پات کھانے والو! تم نے امّتِ محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو اہل بدعت کے ہاتھ میں چھوڑا۔ اور یہاں گھاس پات کھاتے ہو! اُنہوں نے عرض کی کہ ہم کو لوگوں کی صحبت کی طاقت نہیں ہے۔ حق تعالٰے نے آپ کو طاقت عنایت فرمائی ہے۔ آپ پر فرض ہے۔ کہ بندگانِ خدا کو نصیحت کرو۔ اِس وقوعے کے بعد آپ نے کتاب جامع الجلی والخفی تصنیف کی +

اِس بات کو جان لو! کہ ایسا مرد عالم مخلوق کی صحبت میں نہایت ہی سخت کاموں کی طرف محتاج ہے۔ پہلے صبر دراز اور حلم عظیم اور نظر دقیق ہو۔ اور ہمیشہ سب کاموں میں خدا تعالٰے سے مدد مانگے۔ دوسرے باطن میں تنہا ہو۔ اگرچہ بظاہر لوگوں میں ہو۔ اگر اِس سے بات کریں تو بات کرے۔ اگر اُس کی زیارت کریں۔ تو ہر ایک کے اندازے اور قدر پر تعظیم کرے۔ اور ہر ایک کا شکریہ ادا کرے۔ اور اگر اِس سے روگردانی کریں تو اِس بات کو غنیمت جانے۔ اگر نیک کام کریں تو ان کا یار بنے۔ اگر تباہی میں پڑیں تو اِن کی مخالفت کرے۔ اور منع کرے۔ اگر یہ جانے کہ وہ مان لیں گے۔ ان کے تمام حقوق پر قائم رہے۔ اِن سے مُلاقات کرے۔ بیمار کی بیمار پُرسی کرے۔ اور حتی المقدور اُن کی حاجتوں کو پورا کرے۔ اور اُن سے بدلہ کا خواستگار نہ ہووے۔ اگر قادر ہو تو اُن کو کچھ دیا کرے۔ اور اِن سے کچھ نہ لے۔ اگر دیں بھی تو جہاں تک ہو سکے لینے کا قصد نہ کرے۔ اگر تکلیف دیں تو تحمل کرے اور کسی طریق پر بھی بدلہ نہ لے۔ اور بالکل رنج ظاہر نہ کرے۔ اور اپنی ضرورتوں کو ان سے پوشیدہ رکھے۔ اور جہاں تک ہو سکے اپنی ضرورتوں کو آسانی یا تکلیف کے ساتھ خود پورا کرے۔ باوجود اِن سب باتوں کے ایسے عالم کو سخت ضرورت ہے۔ کہ آخرت کے لئے بھی ذخیرہ جمع کرے +

چنانچہ حضرت امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ تعالٰے عنہ نے ارشاد فرمایا ہے اگر مَیں نے رات میں اپنی آنکھ ضائع پائی ہو۔ اور دن میں رعیت کی آنکھ ضائع پائی ہو

Marfat.com

تو ان چیزوں کے درمیان کیسے جواب کرسکتا ہوں ؟

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ دُنیا میں لوگوں سے اتنا میل ملاپ رکھو کہ تمہارے دین کو نقصان نہ پہنچے۔ لیکن میں بیان کرتا ہوں۔ کہ جب فتنے موج مارنے لگیں۔ اور دین کا کام ایسا ہو کہ عالم کو طلب نہ کریں۔ اور دین کا فائدہ حاصل کرنا چاہیں۔ اور دُنیا کا کام خطرناک ہو جائے۔ تو ایسے وقت میں عالم بھی معذور ہے۔ کہ گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اور لوگوں سے دُور رہے۔ اور علم کو زندہ درگور کرے اور میں ڈر رہا ہوں کہ جس زمانے کا میں نے ذکر کیا ہے۔ یہ میرا ہی زمانہ ہو؛ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ (اور اللہ ہی سے مدد مانگی گئی ہے) یہ لوگوں سے جدا رہنے اور گوشہ نشینی کا حکم ہے۔ اس کو اچھی طرح سے سمجھو۔ کیونکہ عموماً اس کی غلطی بڑی اور اس کا بہت بڑا نقصان ہے۔ اور اللہ ہی نیک توفیق کا مالک اور صاحب ہے ✣

سوال اگر دریافت کرو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تمہیں لازم ہے کہ جماعت کے ساتھ رہو کیونکہ اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور شیطان آدمی کے واسطے بھیڑیا ہے۔ کہ تنہا کو پکڑ لیتا ہے۔ نیز آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شیطان تنہا آدمی کے ساتھ ہے۔ اور دو آدمیوں سے دُور ہے !!

جواب یہ بیشک آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ارشاد ہے۔ لیکن حبیبِ خدا نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے۔ اَلْزِمْ بَیْتَکَ (اپنے گھر ہی میں رہو) نیز آنحضرت نے زمانہ فتنہ و فساد میں لوگوں سے الگ رہنے اور گوشۂ نشینی کا حکم فرمایا ہے۔ حضور کے ارشاد میں تناقض نہیں ہے۔ دونوں حکموں کے جمع کرنے کی بابت۔ میں بیان واضح تحریر کرتا ہوں۔ حضور نے جو جماعت کو لازم پکڑنے کے متعلق ارشاد فرمایا ہے۔ اس کے تین احتمال ہیں ✣

(۱) تم پر جماعت لازم ہے ! دین اور حکم شرع شریف میں۔ کیونکہ اس امت مرحومہ کا گمراہی پر کبھی اجماع نہ ہو گا۔ لہٰذا اجماع سے منہ موڑنا۔ اور اس کے خلاف حکم کرنا۔ جس پر کہ اُمت کا اتفاق ہے۔ باطل اور گمراہی ہے۔ لیکن جو شخص لوگوں سے اصلاحِ دین کے لئے جُدا ہو وہ مراد نہیں ہے ✣

(۲) تم پر جماعت لازم ہے۔ کہ جمعہ اور جماعت وغیرہ میں اِن سے جدا نہ ہونا کیونکہ اُس میں دین کی قوت اور اسلام کی خوبی ہے۔ اور کافروں اور ملعونوں کو غضبناکی ہے اور طرح طرح کی برکتوں سے خالی نہیں ہے۔ اور نیز میں بیان کرتا ہوں کہ گوشہ نشین پر حق ہے۔ کہ لوگوں کے ساتھ تمام نیک کاموں میں شریک ہو۔ اور لوگوں کی صحبت اور مزاحمت سے دوسرے کاموں میں احتراز کرے۔ تاکہ اِن کی آفات سے بچے ؛

(۳) تم پر جماعت لازم ہے۔ فتنہ کا زمانہ ہونے کی صورت میں ارشاد فرمایا ہے۔ ایسے شخص کے لئے کہ جو دین کے کام میں کمزور ہو۔ لیکن قوی مرد صاحب بصیرت دین کے کام میں جب فتنے کو مشاہدہ کرے تو گوشہ نشینی اختیار کرے۔ اور جمعہ اور جماعت کے سوا باہر نہ نکلے۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ظاہری اور باطنی طور پر بچنے کے لئے ارشاد فرمایا ہے۔ اور اگر چاہے کہ بالکل قطع تعلق کرے۔ تو کسی پہاڑ یا جزیرے میں سکونت اختیار کرے۔ تاکہ حسب قرارداد خود اپنے دین کی اصلاح کر سکے ؛

گروہ ابدال رحمۃ اللہ علیہم اجمعین سے اس طرح روایت کرتے ہیں۔ کہ یہ ابدال لوگ جمعہ اور جماعت میں حاضر ہوتے ہیں۔ اور روئے زمین پر جس جگہ چاہتے ہیں۔ ایک ساعت میں جا موجود ہوتے ہیں۔ اور زمین اِن کے واسطے سمیٹ لی جاتی ہے۔ یہ بات اِن کے لئے خوش گوار ہو۔ جس پر کہ وہ کامیاب ہوئے ہیں ؛

سوال اگر یہ دریافت کرو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میری اُمت کے راہب وہ لوگ ہیں کہ مسجدوں میں بیٹھے رہتے ہیں ! حدیث شریف سے ثابت ہوا۔ کہ لوگوں سے کنارہ کشی کرنی منع ہے ؛

جواب اِس بات کو جان لو! کہ یہ حکم اُس زمانے کی بابت ہے کہ جس میں فتنہ اور فساد نہ ہو۔ جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ اور رہبانیت کا خوف بھی نہیں ہے۔ کہ مسجد میں بیٹھے اور لوگوں کے ساتھ میل ملاپ نہ رکھے۔ ظاہر میں لوگوں کے ساتھ ہو اور باطن میں اُن سے جدا ہو۔ گوشہ نشینی کے بارے میں جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اُس سے ہمارا یہی مطلب ہے۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ جسم کے ساتھ لوگوں سے دُور ہو جاؤ۔ اور دل کے ساتھ اِن کے نزدیک رہو ؛

اسی بیان میں حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کُن وَحِدًا جَامِعًا۔ وَمِنْ رَبِّكَ ذَا أُنْسٍ۔ وَمِنَ النَّاسِ وَحْشِيًّا (لوگوں کے درمیان رہو۔ تنہا رہو۔ اور اپنے رب کے ساتھ اُنس پکڑو۔ اور لوگوں سے بھاگتے رہو)۔

سوال اگر یہ بات دریافت کرو! علماء آخرت کے مدارس میں سکونت اور صوفیوں کی سرائے میں رہائش کرنی۔ کہ جو راہ آخرت کے سالک ہیں! اس کی بابت آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ اس بارے میں یہ نہایت ہی اچھا طریقہ ہے کیونکہ ایسی جگہوں میں سکونت اختیار کرے۔ جن کا کہ تم نے ذکر کیا ہے۔ یہ دونوں فائدوں کو جامع ہے۔ (۱) لوگوں سے گوشہ نشینی۔ (۲) اُن کے ساتھ جمعہ اور جماعت اور تمام نیک کاموں میں شرکت ہے۔ ایسا شخص سلامتی میں ہے۔ کہ جو گوشہ نشینوں کو حاصل ہے اور ثواب بھی ہے۔ کہ جو تمام مسلمانوں کو حاصل ہے۔ صوفیا کرام کے رباط میں رہنا۔ نہایت عمدہ طریق ہے۔ اسی بنا پر اکثر عارف لوگ۔ لوگوں کے درمیان رہتے ہیں تاکہ لوگوں کو اُن سے فائدہ ہو۔ اور ان کی حالت کو مشاہدہ کریں۔ اور ان جیسا عمل کریں کیونکہ زبان حال زبان مقال کی نسبت زیادہ اثر کرتی ہے۔

سوال اگر یہ پوچھو! کہ مرید کا کیا حال ہے؟ جو لوگ مجاہدہ اور ریاضت میں مشغول ہیں۔ اُن سے میل ملاپ کرے؟ یا نہ کرے۔

جواب اس بات کو جان لو! کہ اگر یہ لوگ گذشتہ مشائخین کے طریقے پر ثابت ہیں۔ تو یہ لوگ تمہارے آخرت برادر ہیں۔ اور خدا تعالیٰ کی عبادت پر تمہارے مددگار ہیں۔ اور اگر ان کے طریقے پر نہیں ہیں۔ اور ان کی راہ و رسم کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ تو مرید کو ان کے ساتھ میل جول نہ رکھنا چاہئے۔ بلکہ جُدا اپنے گوشہ تنہائی میں بیٹھے۔

سوال اگر یہ پوچھو! کہ گوشہ نشین آدمی اگر مدارس علما اور خانقاہ صوفیا سے باہر نکل آئے۔ اور دوسری جگہ سکونت اختیار کرے۔ کہ اس میں اپنے لئے بھلائی معلوم کرتا ہے۔ ایسا چاہئے یا نہیں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ مدارس اور خانقاہیں بمنزلہ قلعہ کے ہیں۔ جو آدمی کو چوروں اور لٹیروں سے حفاظت میں رکھتے ہیں۔ اور قلعہ کا باہر بمنزلے جنگل

Marfat.com

کے ہے۔ جس میں کہ شیطانوں کے سوار انبوہ در انبوہ پھرتے ہیں۔ اِس بات کا خوف ہے کہ اُس کو پکڑ لیں اور قید کریں۔ لہٰذا کمزور آدمی کے واسطے لازم ہے کہ قلعہ میں سکونت اختیار کرے۔ لیکن اگر مرد قوی اور صاحب بصیرت ہو۔ کہ دشمن اُس پر غالب نہیں آسکتا ہے۔ اُس کے واسطے قلعہ اور میدان برابر ہے۔ ایسے شخص کو میدان میں رہنے سے کچھ خوف نہیں ہے۔ پھر بھی سکونت قلعہ میں بہتر ہے!

سوال اگر یہ پوچھو! کہ دینی برادران کی زیارت۔ اور اُن کی مُلاقات اور اِن کے ذکر کی بابت کیا رائے ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ برادران دینی کی زیارت۔ عبادت کے جواہر اور خدا تعالےٰ کی قربت کا باعث ہے۔ اور بہت سے فائدوں پر شامل ہے۔ لیکن اِس میں دو باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔ ایک یہ ہے کہ زیارت ہی میں نہ لگے رہو۔ اور حد سے نہ گذرو (زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا) گاہے گاہے زیارت کرو تاکہ تمہاری محبت بڑھے)

دوسرے یہ ہے۔ کہ زیارت کا حق نگاہ رکھو۔ اور وہ یہ ہے کہ بناوٹ اور فضولیات اور غیبت وغیرہ سے پرہیز کرو۔ تاکہ اپنے آپ کو اور اِس دوست کو گناہ میں نہ ڈالو ۞

سوال اگر یہ پوچھو! لوگوں سے جُدا رہنے اور قطع تعلق پر کیا چیز باعث ہے؟ اور کن چیزوں کے سبب گوشہ نشینی میں آسانی ہوتی ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ تین چیزوں کے باعث گوشہ نشینی میں آسانی ہوتی ہے ۞

ایک یہ ہے کہ بحر عبادت میں غرق ہو جاؤ۔ کیونکہ عبادت میں مشغولی اور خدا تعالےٰ کے ساتھ اُنس۔ میل ملاپ سے روکتا ہے۔ کیونکہ لوگوں کے ساتھ اُنس حاصل کرنا۔ افلاس کی علامت ہے۔ جب یہ بات معلوم کرو! کہ تمہارا نفس لوگوں کے ساتھ مُلاقات کو چاہتا ہے۔ تو سمجھ لو کہ یہ اُس کی بیکاری کا سبب ہے۔ لہٰذا جو شخص عبادت میں مشغول ہو جیسے کہ حق مشغولی کا ہے۔ تو عجز و نیاز الٰہی میں شیرینی پائے گا۔ اور اُس کو خدا تعالےٰ اور اُس کے کلام کے ساتھ اُنس حاصل ہوگا۔ اور دوسروں کی صحبت سے قطعی گریز کریگا ۞

چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ حضرت موسیٰ صلوات اللہ علیہ علیٰ نبینا جب خدا تعالےٰ کی کلام سُن کر اور مناجات کر کے واپس تشریف لاتے۔ تو لوگوں سے

دوڑ بھاگتے اور اپنے دونوں کانوں میں اُنگلیاں دیتے۔ تاکہ لوگوں کی باتیں سُنائی نہ دیں۔ اور اُس وقت لوگوں کی باتیں آپ کے نزدیک گدھے کی آواز کے مشابہ ہوتی تھیں۔
تم پر لازم ہے کہ میرے پیرو مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے مطابق عمل کرو۔ اِتَّخِذِ اللّٰهَ صَاحِبًا وَ ذَرِ النَّاسَ جَانِبًا (خدا سے جوڑ! لوگوں سے توڑ)۔

دوسری بات یہ ہے کہ لوگوں سے کسی طرح کی اُمید نہ رکھو۔ کیونکہ اگر کسی سے اُمید نہ رکھو گے۔ اور اُس کے ضرر سے نہ ڈرو گے۔ تو اُس کا وجود اور عدم تمہارے نزدیک برابر ہو گا۔

تیسری بات یہ ہے کہ میل ملاپ کی آفات کو اپنے دل میں اچھی طرح سمجھ۔ جب اِس بات پر عمل کرو گے۔ تو یہ بات تم کو صحبتِ خلق سے روکے گی۔ اور تنہا رہنا تم پر آسان ہو جائے گا۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔

تیسری رکاوٹ راہِ عبادت میں شیطان ہے۔ طالب عبادت! اِس کے بعد تم پر لازم ہے۔ کہ شیطان کے ساتھ جنگ کرو۔ اور اُس کو مغلوب کرو۔ یہ دو خصلتوں کے باعث ہے۔

پہلی خصلت یہ ہے۔ کہ شیطان دشمن ہے۔ اِس سے مصالحت کی اُمید نہ رکھو۔ جب تک تباہ نہ کرے قانع اور خوشنود نہیں ہوتا ہے۔ ایسے دشمن سے بیخوف رہنا نہایت درجے کی غفلت ہے۔

دوسری خصلت یہ۔ ہے کہ شیطان تمہارا عداوت پر پیدا کیا گیا ہے۔ رات اور دن تمہاری گھات میں لگا رہتا ہے۔ اور تم اُس سے غافل ہو۔ خاصکر شیطان کو تمہارے ساتھ عداوت کرنے کا ایک دوسرا سبب بھی ہے۔ وہ یہ ہے کہ تم حق کی عبادت میں ہر وقت مشغول ہو۔ اور دوسرے لوگوں کو اپنے قول اور فعل سے عبادت کی طرف بلاتے ہو۔ اور یہ شیطان کے کام کے برخلاف ہے۔ گویا کہ تم ہر وقت ہر گھڑی شیطان کو غضبناک اور بھڑکاتے رہتے ہو۔ اُس نے بھی تمہاری تباہی اور بربادی پر کمر باندھ رکھی ہے۔ وہ تمہارے جیسے لوگوں کے ساتھ عداوت کیوں نہ کرے؟ حالانکہ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ۔ جو اہل ضلالت اور اہل بدعت اور اہل کفر ہیں بعض

عالموں میں عداوت کرتا ہے۔ لہٰذا تمہارے ساتھ کہ تم اس کے خلاف لگے رہتے ہو اور اس کو غصہ دلاتے ہو۔ اور اس کے برعکس سب کام کرتے ہو۔ کس طرح عداوت نہ کرے گا؟ اس لحاظ سے اس کو دوسرے لوگوں کے ساتھ عداوت عام ہے۔ اور تمہارے جیسوں کے ساتھ علم وعبادت میں کوشش کرنے والے عداوت خاص ہے۔ تمہارا کام اس کے واسطے بڑی مہم ہے۔ تمہاری بابت شیطان کے اور مددگار بھی ہیں۔ اُن میں سے سخت ترین۔ معاون شیطان تمہاری خواہش نفسانی ہے۔ اور شیطان کی دخل اندازی کے بہت سے اسباب ہیں۔ اور تم اُن سے غافل ہو! اور حضرت یحییٰ بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ نے سچ فرمایا ہے۔ کہ شیطان فارغ ہے۔ اور تم مشغول ہو۔ وہ تم کو دیکھتا ہے۔ اور تم اس کو نہیں دیکھتے ہو۔ وہ تم کو بھلاتا نہیں ہے۔ اور تم اس کو بھول جاتے ہو۔ جب ایسی حالت ہے۔ تو اس کے ساتھ جنگ اور جدال کئے بغیر چارہ نہیں ہے۔

سوال اگر یہ پوچھو! کہ میں! کن چیزوں کے ذریعے شیطان کے ساتھ جنگ کروں؟ اور کس چیز کے ساتھ اس کو مغلوب کروں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ شیطان کے ساتھ محاربہ وجنگ کرنے والوں کے پاس دو طریقے ہیں۔

ایک یہ ہے کہ بعض اہل علم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شیطان کے دفعیہ کی تدبیر اِستِعَاذَہ ہے۔ یعنے خدا تعالےٰ سے پناہ مانگنا ہے۔ اور کوئی دوسری چیز نہیں ہے۔ کیونکہ شیطان ایک کتا ہے کہ جس کو خدا تعالےٰ نے تم پر مسلط کیا ہے۔ اگر تم اس کے ساتھ جنگ کرو گے تو اپنا وقت ضائع کرو گے۔ اور کئی طرح کی تکلیف اٹھاؤ گے۔ لہٰذا کتے کے مالک کی طرف رجوع کرنا بہتر ہے۔ تاکہ وہ اس کو تم سے دور رکھے۔

دوسرا طریق یہ ہے۔ کہ دوسرے عالموں نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شیطان کو دور کرنے کا طریقہ مجاہدہ اور ریاضت ہے۔ لیکن میرے نزدیک بہتر اور عدل کا طریق یہ ہے کہ دونوں طریقوں کو جمع کر لیا جائے۔ پہلے استعاذہ کریں۔ تاکہ اس کے شر سے بچیں۔ جیسے کہ اوپر مذکور ہے۔ اگر استعاذے کے بعد اس کی شرارت ختم نہ ہو

Marfat.com

توجان لیں کہ یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے آزمائش ہے۔ کہ اُس نے شیطان کو ہم پر مسلط کیا ہے۔ تاکہ اُس کی عداوت پر ہمارا صبر اور ہماری قوت مجاہدہ ظاہر ہو۔ گاہے خدا تعالےٰ ہم پر کافروں کو مسلط کرے گا۔ باوجودیکہ ان کی شرارت کے دفعیہ پر قادر ہے تاکہ ہمارے صبر کو اُن پر جہاد کرنے سے ملاحظہ فرمائے۔ اِس بات کو جان لو! کہ شیطان کے ساتھ محاربہ کرنا اور اُس کو مغلوب کرنا تین چیزیں میں منحصر ہے ÷

اوّل یہ ہے کہ شیطان کے مکر اور حیلوں کو معلوم کرو! جب معلوم کرلو گے تو تم پر دلیری نہ کر سکے گا۔ جیسے کہ چور جب صاحب خانہ کو بیدار اور ہوشیار معلوم کرتا ہے۔ تو بھاگ جاتا ہے ÷

دُوسری چیز یہ ہے۔ کہ شیطان کے وسوسے پر توجہ نہ کرو۔ اور اپنے دل کو اُس میں مشغول نہ کرو۔ کیونکہ شیطان کتے کی طرح شور کرتا ہے۔ اگر چھیڑو گے۔ تو پل پڑے گا۔ اگر مُنہ موڑو گے تو خاموش رہے گا ÷

تیسری چیز یہ ہے کہ ہر وقت دل اور زبان کے ساتھ ذکر حق میں مشغول رہو اِس واسطے کہ حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کا ذکر۔ شیطان کے پہلو میں۔ ایسا ہے۔ کہ جیسے بنی آدم کے پہلو میں طاعون کی زہریلی گلٹی ہوتی ہے ÷

سوال اگر یہ پوچھو! کہ شیطان کے مکر و فریب کیسے پہچانے جائیں؟ اور ان کی معرفت کا کیا طریقہ ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ شیطان کے وسوسے بمنزلہ تیروں کے ہیں جن کو کہ وہ ہر وقت ڈالتا رہتا ہے۔ اور حقیقت اُس وقت کھلتی ہے۔ کہ اُس کے خطرات کی سب قسمیں معلوم کرو۔ دوسری بات یہ ہے کہ اُس کے حیلے بمنزلے جالوں کے ہیں۔ کہ جو پھیلائے گئے ہیں۔ اصلیت اُسی وقت روشن ہوتی ہے۔ کہ اُس کے حیلوں کے اقسام جان لو ÷

خطرات کی اصل یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے بنی آدم کے دل پر ایک فرشتے کو موکل کر رکھا ہے۔ کہ ہمیشہ بھلائی کی طرف بُلاتا ہے۔ اِس کو ملہم اور اُس کی دعوت کو الہام کہتے ہیں۔ اور اُس فرشتے کے مقابلہ میں ایک شیطان بھی مسلط کر رکھا ہے کہ وہ ہمیشہ بُرائی کی طرف بُلاتا ہے۔ اِس کا نام وسواس ہے ÷

Marfat.com

میرے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ شیطان خیر کی طرف بھی بلاتا ہے۔ اُس کا مقصود اس میں بُرائی ہوتی ہے۔ کم درجہ خیر کی طرف بلاکر اعلےٰ درجے کو ترک کراتا ہے۔ اور ایسی نیکی کی طرف بلاتا ہے۔ کہ جس کا ثمرہ بدی ہے۔ تاکہ ثواب کی نسبت گناہ زیادہ ہو جیسے خود پسندی وغیرہ۔ اِن اسباب کے علاوہ خدا تعالےٰ نے آدمی کی سرشت میں طبیعت کو بھی مرکب بنایا ہے۔ کہ وہ بھی ہمیشہ خواہشات اور لذات کی طرف مائل ہے۔ خواہشات اور لذات نیک ہوں۔ خواہ بد ہوں ثابت ہوا کہ انسان کے واسطے تین داعی ہیں۔

جب یہ مقدمہ جان چکے! تو اب اس بات کو جان لو! کہ سب خطرات جو بندے کے دل پر پیدا ہوتے ہیں۔ اور فعل اور ترک فعل پر جو باعث ہوتے ہیں۔ باوجودیکہ اُن کی حقیقت حق تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ لیکن چار قسم پر ہیں۔

ایک قسم وہ ہے کہ جس کو خدا تعالےٰ پہلے پہل بندے کے دل پر پیدا کرتا ہے اُس کا کانام خاطر ہے۔

دوسری قسم وہ ہے۔ کہ انسان کی طبع کے موافق پیدا کرتا ہے۔ اس کا نام خواہش نفسانی ہے۔

تیسری قسم وہ ہے کہ ملہم کی دعوت کے بعد پیدا کرتا ہے۔ اس کا نام الہام ہے۔

چوتھی قسم وہ ہے کہ جس کو شیطان کی دعوت کے بعد پیدا کرتا ہے اس کا نام وسوسہ ہے۔

یہ خطرات کی چار قسم ہیں۔ جب اس تقسیم کو جان چکے۔ اب معلوم کرو کہ جو خاطر خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ گاہے اُس کی ابتدا خیر کے ساتھ ہوتی ہے اکرام اور الزام حجت کے واسطے۔ اور گاہے ابتدا شر کے ساتھ ہوتی ہے۔ آزمائش اور محنت کے واسطے۔

اور جو خطرہ فرشتے ملہم کی طرف سے ہوتا ہے۔ وہ صرف خیر ہی کے لئے ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ رہنمائی اور نصیحت کے لئے مسلط ہے۔

اور جو خطرہ شیطان کی طرف سے ہے۔ وہ صرف بدی اور گمراہی اور بہکانے

Marfat.com

کے واسطے ہوتا ہے۔ اور گاہے مکر اور استدراج کیلئے بظاہر خیر بھی ہوتا ہے ❊

اور جو خطرہ کہ خواہش نفسانی سے ہوتا ہے۔ اُس کا انجام شر ہے۔ اُس میں خیر نہیں ہوتی ہے ❊

اور بعض سلف صالحین رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہوائے نفسانی خیر کی طرف بلاتی ہے۔ اور اس کے پیچھے شرارت ہوتی ہے۔ جیسے شیطان بلاتا ہے۔ یہ خطرات کی قسمیں ہیں۔ جب یہ معلوم ہو چکا۔ تو اب تمہارے واسطے تین فرق معلوم کرنے ضروری ہیں۔ جو کہ متصور ہیں ❊

اوّل یہ ہے کہ خاطرِ خیر اور خاطرِ شر میں فرق معلوم کرو ❊

دوسرے ابتدائی خطرہ شر۔ اور خطرہ شیطان۔ اور خطرہ ہوائے نفس میں فرق معلوم کرو۔ اور ہر سہ اقسام کے دفعیہ کا علاج معلوم کرو ❊

تیسرے یہ ہے کہ خطرۂ خیر ابتدائی۔ اور خطرہ الہامی۔ اور خطرہ شیطانی میں فرق معلوم کرو۔ تاکہ جو خطرہ کہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ یا ملہم کی طرف سے ہے اُس کا اتباع کرو۔ اور جو شیطان کی طرف ہے۔ اُس سے پرہیز کرو۔ اسی طرح ہوائے نفسانی اُن لوگوں کی رائے کے مطابق کہ جو اس کے خیر بھی ہونے کے قائل ہیں ❊

(فصل اوّل)

اگر یہ چاہتے ہو! خطرۂ خیر اور خطرۂ شر کو معلوم کرو اور ان میں فرق کو جانو! تو ان تین میزانوں کے ساتھ اس کو وزن کرو۔ تاکہ حقیقتِ حال روشن ہو جائے ❊

(اوّل) جو خطرہ دل پر گذرتا ہے۔ اُس کو شرع شریف پر پیش کرو۔ اگر موافق ہے تو خیر ہے۔ اگر مخالف ہے یا مشتبہ اور مشکوک ہے تو شر ہے۔ اگر اس میزان پر اصلیت واضح نہ ہو۔ تو اُس کو صالحین کے اتباع پر پیش کرو۔ اگر اُس کے کرنے میں نیک لوگوں کی تابعداری ہے۔ تو خیر ہے ورنہ شر ہے۔ اگر اس میزان سے بھی حقیقت حال منکشف نہ ہو تو اپنے نفس اور خواہش پر پیش کرو۔ نیک خطرہ وہ ہے۔ کہ جس سے نفس اور طبع کو نفرت ہو۔ اور خدا تعالےٰ کا خوف پیدا ہو۔ اور بُرا خطرہ

Marfat.com

وہ ہے۔ کہ جس کی طرف نفس اور طبع کا میلان ہو۔ اور خدا تعالےٰ کے ثبوت کی طرف رغبت نہ ہو۔ کیونکہ نفس بدی کا حکم کرنے والا ہے۔ اُس کا میلان نیکی کی طرف کبھی نہ ہوگا جب تم اِن میزانوں پر خطرات کا وزن کرو گے تو نیک خطرہ برے خطرے سے صاف طور پر ظاہر ہو جائے گا ٭

(فصل دوم)

جب چاہو۔ کہ خطرہ شر میں فرق کرو۔ کہ خواہش نفس سے ہے۔ یا ابتدا ءً خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ تو اُس پر بھی تین طرح سے نظر کرو ٭

ایک یہ ہے۔ کہ اگر ایک ہی حال پر پاؤ۔ تو خدا تعالےٰ سے یا ہوائے نفس سے ہے۔ اگر ایک حال پر نہیں ہے بلکہ تردد ہے۔ تو شیطان کی طرف سے ہے ٭

اور ایک عارف رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ہوائے نفسانی کی مثال چیتے کے مشابہ ہے۔ لڑائی میں آسانی کے ساتھ دور نہیں ہوتا ہے۔ اور شیطان کی مثال بھیڑے کی ہے۔ اگر ایک طرف سے ہانکو تو دوسری طرف سے آتا ہے ٭

دوسرے یہ ہے کہ اگر خطرے کو گناہ کرنے کے بعد پاؤ۔ تو خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ اِس کا باعث عذاب اور ذلت ہے۔ جو گناہ کی شامت سے حاصل ہے۔ اور اگر یہ خطرہ پہلے پہل ہے اور گناہ کے بعد نہیں ہے۔ تو جان لو۔ کہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔ کیونکہ شیطان ہر ایک حالت میں بہکانا چاہتا ہے ٭

تیسرے یہ ہے۔ کہ اگر اُس خطرے کو کسی وقت بھی خدا تعالےٰ کا نام لینے سے کم اور کمزور نہ پاؤ۔ تو سمجھ لو۔ کہ خواہش نفس سے ہے۔ اور اگر خدا کا ذکر کرنے سے گم ہو جائے۔ تو یہ خطرہ شیطان سے ہے۔ کیونکہ ذکرِ خدا کی صورت میں شیطان پیچھے ہٹتا ہے۔ اور غفلت کی حالت میں وسوسہ ڈالتا ہے ٭

(فصل سوم)

جب یہ چاہو۔ کہ خطرہ خیر میں فرق کرو۔ کہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ یا فرشتے کی طرف ہے۔ تو بھی تین طرح پر نظر کرو ٭

Marfat.com

(۱) اگر ہمیشہ اس خطر کو قوت اور یقین کے ساتھ پاؤ تو خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ اگر اس میں تردد ہے تو فرشتے کی طرف سے ہے۔ کیونکہ فرشتہ بمنزلے ناصح کے ہے کئی کئی طرح سے نصیحت کرتا ہے۔ جس طرز پر کہ امکان ہو ❊

(۲) اگر یہ خطر خیر اور طاقت کے بعد ہے۔ کہ جو تم نے کی ہے۔ تو حق تعالےٰ کی طرف سے۔ تمہارے اکرام اور اعزاز کے واسطے ہے۔ اگر طاعت کے بعد نہیں ہے۔ ابتدائی ہے۔ تو اکثر اوقات فرشتے کی طرف سے ہوتا ہے ❊

(۳) اگر یہ خطرہ! اصول اور باطنی علوم کے بارے میں ہے۔ تو جان لو! کہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ اور اگر فروع اور اعمال ظاہر میں ہے۔ تو اکثر اوقات فرشتے کی طرف سے ہوتا ہے۔ کیونکہ فرشتے کو بندے کے باطن پر اطلاع نہیں ہے اور جو خیر کے خطرات شیطان کی طرف سے۔ مکر اور استدراج کے واسطے ہیں۔ ان میں غور کرو! اگر نفس کو اس فعل میں خوشی ہے۔ خوف نہیں ہے۔ اور جلد بازی ہے۔ آہستگی نہیں ہے۔ اور امن کی حالت ہے۔ خوف نہیں ہے۔ اور دل کی تاریکی ہے۔ نور بصارت نہیں ہے۔ تو جان لو! کہ یہ شیطان کی طرف سے ہے۔ اس سے پرہیز کرو۔ اور اگر نفس کو ان امور کی ضد پر پاؤ۔ یعنے خوف۔ خوشی آہستگی ہے جلدی نہیں۔ خوف ہے۔ امن نہیں انجام کار میں بصارت ہے۔ تاریکی دل نہیں ہے۔ تو جان لو! کہ یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے یا فرشتے کی طرف سے ہے ❊

میں بیان کرتا ہوں! کہ خوشی سے مراد سبکی ہے کہ جو آدمی کو کاموں میں حاصل ہوتی ہے۔ قطع نظر اس سے کہ ثواب کا لالچ ہو؟ اور آہستگی سب جگہ بہتر ہے سوائے چند جگوں کے۔ جیسے بالغ لڑکی کا نکاح کرنا۔ اور قرض ادا کرنا۔ اور میت کو دفن کرنا۔ اور مہمان کو کھانا دینا۔ اور گناہوں سے توبہ کرنا۔ خوف کا مطلب یہ ہے کہ اس فعل کو تمام کرنے اور ادا کرنے کے بعد۔ جیسے کہ حق ادا کرنے کا ہے۔ احتمال ہو۔ کہ خدا تعالےٰ اس کو قبول کرے یا رد کرے ❊

اور انجام کار کی بصارت کا یہ مطلب ہے۔ کہ اس میں نظر کرے اور یقین کرے۔ کہ رشد اور خیر ہے۔ اور آخرت کے ثواب کی اس میں امید ہو۔ خواطر کو جاننے کے لئے۔ ان تین فصلوں کا تم پر جاننا واجب ہے۔ اور ان فصلوں میں حتی الامکان خوب

Marfat.com

غور کرو۔ کہ ان میں لطیف علوم اور شریف اسرار ہیں۔ اور اللہ ہی اپنے فضل کے ساتھ توفیق عنایت فرمانے والا ہے ٭

بہرحال شیطان کے مکروں کی تفصیل یہ ہے۔ کہ شیطان کو بنی آدم کے ساتھ عبادت کے کام میں سات قسم کے فریب اور دھوکے ہیں ٭

اوّل یہ ہے کہ نفس عبادت سے روکتا ہے۔ اگر بندہ اللہ تعالےٰ کی توفیق کے ساتھ مدد کرے۔ اور کہے۔ کہ میں عبادت کا محتاج ہوں۔ کیونکہ مجھ کو آخرت کے زادراہ سے چارہ نہیں ہے۔ ضرور مجھے عبادت کرنی چاہئے۔ اور دُنیائے فانی سے آخرت کے لئے توشہ اور عبادت چاہئے ٭

پھر شیطان دوسری وجہ پیش کرتا ہے۔ آخرت کے لئے توشہ اور عبادت میں تاخیر کا امر کرتا ہے۔ اگر بندہ اللہ کی توفیق سے اس کو بھی رد کرے۔ اور جواب دے کہ میری موت میرے ہاتھ میں نہیں ہے۔ اور میری عمر وفا کرے یا نہ کرے۔ نیز یہ بھی ہے کہ اگر آج کے عمل میں کل تک توقف کروں تو کل کا عمل کب کروں گا۔ کیونکہ ہر روز عمل کرنا ٹھیرا ٭

پھر شیطان تیسری وجہ پیش کرتا ہے! اور عبادت میں جلدی کرنے کو کہتا ہے۔ اور ادا کرنے کا جو حق ہے اُس سے روکتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ جلدی کرو تاکہ یہ کام بھی کرلو۔ اور وہ کام بھی کرلو۔ اگر بندہ اللہ تعالےٰ کی توفیق سے اس بات کو بھی رد کردے۔ اور کہے کہ میرا تھوڑا عمل آہستگی اور احتیاط کے ساتھ۔ بہتے عمل سے کہ جو نقصان اور جلدی کے ساتھ ہو۔ بہتر ہے ٭

پھر شیطان چوتھی وجہ پیش کرتا ہے! اور عمل کے تمام کرنے کو جیسے کہ اس کا حق ہے امر کرتا ہے۔ یہاں تک کہ ریاکاری میں ڈالتا ہے۔ پھر اگر اللہ تعالےٰ کی توفیق کے ساتھ رد کرے۔ اور کہے کہ لوگوں کو دکھانا میرے کس کام ہے؟ میرے لئے خدا کا دیکھنا کافی اور وافی ہے ٭

پھر شیطان پانچویں وجہ پیش کرتا ہے۔ اور خود پسندی میں ڈالتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ آج تمہارے جیسا مخلص بندہ کون ہے؟ تیری بیداری کا علم کیا ہی اچھا ہے؟ اگر بندہ اللہ تعالےٰ کی توفیق کے ساتھ اس کو بھی رد کرے۔ اور کہے کہ خدا تعالےٰ

کا احسان ہے کہ مجھ کو اس قابل کیا ہے۔ اگر اس کی توفیق نہ ہوتی تو میری اور میرے عمل کی کیا قدر ہوتی؟ ❊

پھر شیطان چھٹی وجہ پیش کرتا ہے۔ اور اس وجہ پر سوائے عالمانِ دانا اور بیدار مغز کے کوئی شخص مطلع نہیں ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ شیطان کہتا ہے۔ کہ اپنی عبادت کو اچھی طرح ادا کرو۔ کیونکہ خدا تعالےٰ تمہاری حالت کو مخلوق پر ظاہر کرے گا۔ اور اس سے شیطان کا مقصود ایک قسم کی پوشیدہ ریاکاری ہے۔ اگر اللہ تعالےٰ کی توفیق سے۔ اس کو بھی بندہ رد کرے اور کہے۔ کہ اے شیطان ملعون! اس وقت تک تو میری عبادت کو فاسد کرنے میں لگا رہا۔ اب تو اصلاح کرنے کے لئے آگے بڑھا ہے۔ تاکہ مجھے عبادت ظاہر کرا کے۔ مجھ کو خراب اور برباد کرے۔ میں بندہ ناچیز ہوں۔ مجھ کو عبادت کرنی چاہئے۔ اگر خدا تعالےٰ چاہے گا تو ظاہر کرے گا۔ اور اگر چاہے گا تو پوشیدہ رکھے گا۔ اور یہ بھی ہے کہ مخلوق کے ہاتھ میں کیا ہے؟ جو مجھ کو عبادت کے ذریعے ملے گا۔ ❊

پھر شیطان ساتویں وجہ پیش کرتا ہے۔ اور بحث و تکرار کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ تم کو عمل کی بالکل ضرورت نہیں ہے؟ کیونکہ اگر تم کو نیک بخت اور سعید پیدا کیا ہے۔ تو ترکِ عمل سے نقصان نہ ہوگا۔ اور اگر بدبخت اور شقی پیدا کیا ہے۔ تو جو عمل کرو گے فائدہ نہ دیگا۔ اگر خدا تعالےٰ کی توفیق اور حفاظت عنایت فرمائے تو بندہ جواب دے گا۔ اے شیطان ملعون! میں بندہ ہوں۔ اور بندے پر پروردگار کی فرمانبرداری فرض ہے۔ سعادت اور شقاوت کا حکم صرف اُسی کو معلوم ہے۔ مجھ کو اس بات سے کیا مطلب؟ اور میں ہر ایک طرز پر عمل کا محتاج ہوں۔ اگر میں نیکبخت ہوں۔ تو زیادتی کا محتاج ہوں۔ اور اگر نعوذ باللہ منہا بدبخت ہوں۔ تو بھی عمل کا محتاج ہوں۔ تاکہ اپنے آپ کو ملامت نہ کروں کہ یہ بدبختی میری طرف سے ہوئی ہے اور اگر میں فرمانبردار ہو کر آتشِ دوزخ میں جاؤں۔ تو اُس سے بہتر ہے۔ کہ آتشِ دوزخ میں نافرمانبردار ہو کر جاؤں۔ باوجود اس کے کہ میں خوب جانتا ہوں۔ کہ خدا تعالےٰ عبادت پر عذاب نہ کرے گا۔ بلکہ اس نے ثواب عنایت کرنے کا وعدہ فرمایا ہوا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کا وعدہ خلاف ہونے والا نہیں ہے۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت

Marfat.com

فرمانے والا ہے۔

چوتھی رکاوٹ راہ عبادت میں نفس کی ہے۔ طالبِ عبادت! اس کے بعد تم پر لازم ہے کہ نفس سے خوف کرو۔ جو تباہی کا امر کرنے والا ہے۔ اور وہ تمام دشمنوں سے بدترین ہے۔ اور اس کی بلا تمام بلاؤں سے زیادہ سخت ہے۔ اس کا علاج بہت مشکل ہے۔ اور اس کی دوا اور بھی مشکل ہے۔

اس کا باعث دو چیزیں ہیں۔ سبب اول یہ ہے۔ کہ نفس اندرونی دشمن ہے جب چور گھر میں سے ہو تو اس کا دور کرنا مشکل ہے۔ دوسرا سبب یہ ہے۔ کہ نفس محبوب دشمن ہے۔ اور انسان اپنے محبوب کے عیبوں سے اندھا ہوا کرتا ہے۔ جو کچھ اپنے نفس سے نباہی دیکھتا ہے۔ اس کو بھلائی معلوم ہوتی ہے۔ جب ایسی حالت ہے تو وہ یہ نہ ہوگی۔ تاوقتیکہ خدا تعالےٰ اپنے فضل اور رحمت سے اس کی مدد نہ کرے۔ لہٰذا ایک نکتے پر جس سے کہ قناعت ہو جائے تامل کرو۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ جب اچھی طرح سے غور کروگے۔ تو اس نفس امارہ کو۔ تمام فتنوں اور رسوائی اور خواری اور بربادی کی جڑھ پاؤگے۔ اور جس قدر آفات مخلوق پر آئی ہیں یا آئیں گی۔ ابتدائے پیدائش سے روز قیامت تک۔ ان سب کا باعث یہی نفس شوم ہے۔ جو شخص کہ بلا میں پڑا ہے۔ یا تو صرف نفس کے باعث۔ یا نفس کی مدد اور مشارکت کے باعث۔ یا شیطان کے باعث پڑا ہے۔ کیونکہ پہلے پہل خدا تعالےٰ کی نافرمانی ابلیس نے کی ہے۔ اور اس کا سبب حکم سابق کے بعد۔ خواہش نفسانی تھی۔ کیونکہ تکبر اور حسد نے شیطان کو۔ آٹھ ہزار سال کی عبادت کے بعد گمراہی کے دریا میں غرق کیا ہے۔ اس طرح کہ ابدالآباد کے لئے ڈوب گیا۔ اور اس وقت اس کا باعث نہ دنیا تھی۔ اور نہ شیطان تھا۔ اور نہ کوئی مخلوق تھی۔ بلکہ صرف ابلیس کا نفس تھا۔ کہ تکبر اور حسد نے اس کے ساتھ کیا! جو کچھ کہ کیا!

اس کے بعد حضرت مہتر آدم علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کی خطا تھی۔ کہ شہوتِ نفس اور بقائے حیات کی حرص نے۔ ان کو اس بلا میں ڈالا۔ کہ ابلیس کے کہنے

لہ نفس انسان کے نہایت ہی نزدیک ہے۔ اسی واسطے اس کے عیب نظر نہیں آتے ہیں جیسے کہ سلائی سرمہ آلود۔ جب تک کہ آنکھ سے دور ہے نظر آتی ہے۔ اور جب آنکھ میں ڈال لیتے ہو۔ تو نظر نہیں آتی ہے۔ جو چیز کہ نہایت ہی قریب ہو۔ اس کی یہی حالت ہے۔

Marfat.com

سے دھوکے میں پڑے۔ اور شیطان اور خواہش نفس کے دھوکے کے باعث خدا تعالیٰ کی ہمسائیگی اور فردوس بریں سے اِس ذلیل اور فانی دُنیا میں گرے۔ اور اُنہوں نے دیکھا! جو کچھ کہ دیکھا! اور ابد الآباد تک دیکھتے رہیں گے۔

اِس کے بعد ہابیل رحمۃ اللہ علیہ اور قابیل کی حالت پر غور کرو۔ کہ اُن میں گناہ کا سبب حسد اور بخل تھا۔ پھر ہاروت اور ماروت کی بات یاد کرو۔ کہ اِن میں بھی نافرمانی کا باعث شہوتِ نفسانی ہی تھی۔ اِسی طرح روزِ قیامت تک شمار کرتے جاؤ! مخلوقات میں فتنہ اور گمراہی اور نافرمانی اور رسوائی کا باعث۔ نفس اور اُس کی خواہش ہی ہوگی۔ ورنہ سب مخلوق خیریت اور سلامتی میں رہتی۔ لہذا جب دشمن اِس صفت کا ہو۔ تو عقلمندوں پر اُس سے بھگتنے کا بندوبست کرنا فرض ہے۔

سوال اگر پوچھو! کہ ایسے دشمن کے دور کرنے کا کیا حیلہ ہے؟ اور اُس کے ساتھ نپٹنے کی کیا تدبیر ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ ہم نے اوپر بیان کر دیا ہے۔ کہ نفس کا کام نہایت مشکل ہے۔ دوسرے دشمنوں کی طرح اِس کو ایک دم مغلوب کر لینا ناممکن ہے۔ کیونکہ یہ ایک مرکب آلہ ہے۔ اور ایک دم اِس کو چھوڑ بھی نہیں سکتے ہیں۔ کیونکہ اِس میں بھی نقصان ہے۔ لہذا اُس کے ساتھ دونوں طریقے برتنے چاہئیں۔ ایک یہ ہے۔ کہ اِس کی پرورش کرو اور تقویت دو۔ اِس قدر کہ فعلِ خیر برداشت کرے۔ اور اِس کو کمزور کرو اور بند رکھو۔ اِس حد تک کہ تمہارا حکم مانے۔ لہذا تم نفس کے علاج میں سخت طریق اور نظرِ دقیق کے محتاج ہو۔ اور ہم نے بیان کر دیا ہے۔ کہ اُس کا طریق یہ ہے کہ تم نفس کو پرہیزگاری کی لگام دو۔ تاکہ تمہارے لئے دو فائدے جو میں نے بیان کئے ہیں۔ حاصل ہو جائیں۔

سوال اگر یہ پوچھو! کہ نفس ایک چوپایہ نافرمان ہے۔ اِس کو لگام کس طرح دیں؟ اور اِس کے بارے کیا حیلہ ہے کہ اِس کو لگام دے سکیں؟

جواب تم سچ کہتے ہو! اِس بات کو جان لو! کہ اُس میں حیلہ یہ ہے۔ کہ پہلے اِس کو نرم کرو۔ تاکہ لگام دے سکو۔ اور اِس کام کے عالموں نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ نفس کو تین چیزوں کے ساتھ نرم کر سکتے ہیں۔ ایک یہ ہے۔ کہ شہوتوں اور لذتوں سے بالکل

Marfat.com

روک رکھو۔ کیونکہ سرکش چوپائے کو جب خوراک نہیں ملتی ہے۔ تو نرم ہو جاتا ہے ٭
دوسرے یہ ہے کہ اُس پر عبادت کا بھاری بوجھ لادو۔ کہ گدھے پر جب بہت بھار لادیں۔ اور خاصکر جب خوراک بھی کم کریں تو نرم ہو جاتا ہے ٭
تیسرے یہ ہے۔ کہ خدا تعالےٰ سے مدد مانگو۔ اور نفس کے سامنے مت گرو۔ ورنہ اِس کی شرارت سے نجات پانی مشکل ہو جائے گی۔ تم نے سُنا نہیں کہ حضرت یوسف علیہ وعلیٰ نبینا الصّلوٰۃ والسّلام نے کیا فرمایا ہے؟ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ (یقیناً نفس برائی کی طرف امر کرنے والا ہے۔ مگر وہ شخص (بچا رہتا ہے) کہ جس پر میرا رب رحم کرے) اگر تم اِن تین چیزوں پر ہمیشہ خیال رکھو گے، تو نافرمان نفس۔ فرمانبردار ہو جائے گا۔ اور اِس حالت میں جلدی کرو۔ اور اُس کو پرہیز گاری کی لگام دو۔ اور اُس کی شرارت سے بے خوف ہو جاؤ ٭
سوال اگر یہ پوچھو! کہ ہم کو پرہیز گاری بتائیے؟ تاکہ ہم جان لیں۔ کہ وہ کیا چیز ہے!
جواب اِس بات کو جان لو! کہ تقویٰ ایک بہت بڑا خزانہ ہے۔ اگر تم اِس پر کامیاب ہو جاؤ۔ تو خیر کثیر۔ اور رزق کریم۔ اور کامیابی بڑی۔ اور بھاری غنیمت۔ اور ملک عظیم ہے۔ تم کہو گے کہ تمام چیزیں دنیا اور آخرت کی اِسی ایک خصلت میں جمع کر دی گئی ہیں۔ کہ جس کا نام تقویٰ ہے۔ اور قرآن مجید میں غور کرو کہ اُس کا ذکر کتنی جگہ پر آیا ہے۔ اور کس قدر خیر اور ثواب اِس کے متعلق ہے۔ اور جس قدر کہ سعادتیں تقویٰ کے متعلق منسوب ہیں۔ میں اِن میں سے بارہ کا شمار کرتا ہوں ٭
(۱) مدح اور ثنا حق تعالےٰ ارشاد فرمایا ہے وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ (اور اگر تم صبر کرو۔ اور تقویٰ کرو تو یہ کام کی باتوں سے ہے) یعنے اِن کاموں میں سے ہے۔ کہ جن پر عزم کرنا واجب ہے ٭
(۲) دشمنوں سے حفاظت اور نگہبانی ہے۔ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا (اور اگر تم صبر کرو۔ اور تقویٰ کرو تو کافروں کا فریب تمہیں کسی طرح کا نقصان نہ دے گا) ٭
(۳) خدا کی مدد۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

وَالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ (یقیناً اللہ انہی کے ساتھ ہے کہ جو تقویٰ کرتے ہیں اور جو لوگ نیکوکار ہیں)۔

(۴) سختیوں سے نجات اور حلال کی روزی۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے۔ اللہ اس کو تمام تنگیوں سے نکالتا ہے۔ اور اس کو رزق ایسی جگہ سے دیتا ہے۔ کہ جس کو وہ نہیں جانتا ہے)۔

(۵) اصلاح عمل۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ (اے ایمان والو اللہ سے ڈرو۔ اور سچی بات کہو تاکہ تمہارے لئے تمہارے اعمال کی اصلاح ہو)۔

(۶) گناہوں کی بخشش۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ (تقویٰ کرو) تاکہ اللہ تمہارے گناہ تم کو بخشے)۔

(۷) خدا تعالےٰ کی محبت۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ (یقیناً اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے)۔

(۸) عبادت قبول ہوتی ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ (سوائے اس کے نہیں۔ کہ اللہ تعالےٰ پرہیزگاروں ہی سے قبول کرتا ہے)۔

(۹) خدا کے نزدیک عزت۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ (یقیناً اللہ کے نزدیک زیادہ مکرم وہی شخص ہے کہ جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے)۔

(۱۰) فوت ہوتے وقت بشارت ملتی ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ ۝ (جو لوگ کہ ایمان لائے۔ اور رہیں وہ پرہیزگار ان کے واسطے زندگی دنیا میں اور آخرت میں خوشخبری ہے)۔

(۱۱) دوزخ سے نجات ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے ثُمَّ نُنَجِّی الَّذِیْنَ اتَّقَوْا۔ (پھر ہم پرہیزگاروں کو (آتش دوزخ سے) نجات دیں گے)۔

Marfat.com

(۱۴) بہشت میں ہمیشہ رہیں گے۔ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِیْنَ۔ (پرہیزگاروں کے واسطے بہشت تیار کیا گیا ہے)۔

یہ ہے دونوں جہان کی خیر اور سعادت جو پرہیزگاری کے تحت میں ہے۔ لہٰذا اپنے نصیب کو پرہیزگاری کے متعلق مت بھولو۔

اِس بات کو جان لو! کہ فعل عبادت میں تین چیزیں اصل ہیں۔

(۱) توفیق اور امداد الٰہی جو خاص پرہیزگاروں کے واسطے ہے۔ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ؕ (یقیناً اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے)۔

(۲) عمل کی اصلاح اور نقص کا نہ رہنا۔ یہ بھی پرہیزگاروں کے واسطے ہے جیسے کہ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے یُصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ ؕ (اگر تقویٰ کرو گے تو تمہارے واسطے تمہارے اعمال سنوارے گا)۔

(۳) قبول عمل وہ بھی پرہیزگاروں ہی کے واسطے ہے حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ؕ (سوائے اس کے نہیں! کہ قبول کرتا ہے اللہ پرہیزگاروں سے) عبادت تین چیز پر موقوف ہے اوّل توفیق تاکہ عمل کرے۔ پھر اصلاح تاکہ کمی کو پورا کرے۔ اور جب تمام ہو جائے تو قبولیت ہو۔ الٰہی تین چیز کے واسطے سب لوگوں کا سوال اور گریہ و زاری ہے۔ تمہیں معلوم نہیں؟ کہ اس طرح دعا کرتے ہیں۔ رَبَّنَا وَفِّقْنَا بِطَاعَتِكَ وَتَمِّمْ تَقْصِیْرَنَا وَتَقَبَّلْ مِنَّا (ہمارے رب! ہم کو عبادت کی توفیق عنایت فرما۔ اور ہمارے عمل کی کمی کو پورا کر۔ اور ہم سے قبول فرما) ان سب چیزوں کا اللہ تعالیٰ نے پرہیزگار کے واسطے وعدہ کیا ہے۔ اور متقیوں پر یہ سب مہربانی ہوئی ہے۔ سوال کریں یا نہ کریں۔

تم پر لازم ہے۔ اگر تم طالب عبادت ہو۔ بلکہ اگر دنیا اور آخرت کی سعادت کے طالب ہو! تو۔ اس ایک ہی قاعدے میں غور کرو۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ تم نے عمر بھر عبادت میں تکلیف اٹھائی اور مجاہدہ کیا۔ یہاں تک کہ تمہارا ارادہ پورا ہوا۔ مگر قبولیت عبادت کا حال معلوم نہ ہوا۔ تمہیں معلوم ہے! کہ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ؕ (اللہ تعالیٰ صرف پرہیزگاروں ہی سے قبول کرتا ہے) لہٰذا اس کام کی اصلیت تقویٰ ہی ہے۔

Marfat.com

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو دُنیا میں سے سوائے پرہیزگار کے اور کچھ اچھا معلوم نہ ہوتا تھا۔

اور حضرت قتادہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ توراۃ شریف میں ہے۔ کہ اے فرزندانِ آدمؑ! تقویٰ کرو۔ اور جہاں چاہو! سو رہو! اور بیان کرتے ہیں کہ حضرت عامر بن قیس رحمۃ اللہ علیہ۔ رات اور دن میں ایک ہزار رکعت نماز نفل پڑھتے۔ جب اپنے بستر پر آتے تو اپنے نفس کو مخاطب کرتے۔ کہ نفس! تمام بدکاریوں کی جگہ! میں ایک پلک مارنے کا وقفہ بھی تجھ سے راضی نہ ہُوا۔ تو تقوے کی طرف توجہ نہیں کرتا ہے۔ فرمایا کہ خدا تعالےٰ کا یہ فرمان! اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ط (اللہ تو پرہیزگاروں ہی سے قبول کرتا ہے)۔

اب تم ایک دوسرے نکتے میں غور کرو۔ اور یہ تمام اصلوں کا اصل ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ایک شخص نے صالحین میں سے اپنے شیخ کی خدمت میں عرض کی۔ کہ آپ مجھ کو کچھ وصیت فرمائیں۔ شیخؒ نے ارشاد فرمایا۔ کہ میں تم کو وہ وصیت کرتا ہوں۔ جو ربُّ العالمین نے وصیت فرمائی ہے وَلَقَدْ وَصَّیْنَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتَابَ مِنْ قَبْلِکُمْ وَاِیَّاکُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰہَ ط (اور ہم نے تم سے پہلے اہل کتاب کو وصیت کی ہے اور تم کو بھی (یہی وصیت ہے) کہ خدا سے ڈرو!) میں کہتا ہوں! کہ یہی نہیں کہ خدا تعالےٰ بندوں کی مصلحتوں کو سب سے خوب جانتا ہے۔ اور یہی نہیں کہ وہ سب سے زیادہ بندوں پر مہربان ہے۔ بنابریں اگر جہاں میں کوئی اور خصلت ہوتی۔ جو بندے کے لئے زیادہ مفید ہوتی۔ اور تمام خیرات کو جامع۔ اور ثواب میں زیادہ۔ اور عبادت کے لئے بڑی شان والی۔ اور تمام امیدوں کو بر لانے والی اس خصلت سے کہ جس کا نام تقویٰ ہے۔ تو حق تعالےٰ ضرور بندوں کو اس کا امر فرماتا۔ اور اس کی وصیت کرتا۔ چونکہ اور کوئی خصلت ایسی نہ تھی۔ لہٰذا اسی پرہیزگاری پر کفایت کی۔ اور جان لیا کہ یہی ایک خصلت دُنیا اور آخرت کی بھلائی کے واسطے جامع ہے۔ اور تمام مہمات کو کافی ہے۔ اور بندے کو۔ عبادت کے بلند ترین درجات تک

Marfat.com

پہنچانے والی ہے۔ اور یہ ایسا اصل ہے کہ اس سے بڑھ کر دوسرا نہیں ہے۔ اور جو شخص کہ نظر غور سے دیکھے اور اس پر عمل کرے۔ اُس کے واسطے کافی ہے۔ اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے ❖

سوال اگر یہ پوچھو! کہ یہ خصلت نہایت ہی اعلیٰ ہے۔ اور اس کی معرفت کی سخت ضرورت ہے۔ تو اب اس بات کے سوا چارہ نہیں ہے۔ کہ آپ تقوے کی خصلت کو مفصل بیان کریں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ جیسے سائل نے بیان کیا ہے۔ سچ ہے۔ ضرور ہے۔ کہ اس خصلت کی طرف کامل ضرورت ہے۔ لیکن اس بات کو جان لو! کہ جو چیز معزز اور محترم ہوگی۔ اس کے حاصل کرنے میں رنج اور زحمت بھی ہوگی اور بلند ہمت چاہیئے تاکہ ہاتھ لگے۔ لہذا یہ خصلت جیسے بزرگ اور محترم ہے ویسے ہی اُس کی طلب میں ثابت قدم رہنا اور مجاہدہ کرنا بھی سخت مشکل ہے کیونکہ عظمت محنت کے اندازے پر ہے۔ اور مشقت کے موافق ہوتی ہے۔ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا (جو لوگ ہماری طلب میں مجاہدہ کرتے ہیں ہم ان پر اپنے کئی رستے کھول دیتے ہیں) لہذا سُنو! اور ہوشیار ہو جاؤ! اور اس خصلت کو سمجھو! اور پھر اس پر عمل کرنے کے لیئے چست و چالاک ہو جاؤ۔ اور عمل پر خدا تعالےٰ سے مدد مانگو اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ❖

میں کہتا ہوں۔ کہ اِدھر کان لگاؤ! پہلے اس بات کو جان لو! کہ ہمارے مشائخ رح کے قول ہیں۔ گناہوں سے دل کو پاک کرنے کا نام تقویٰ ہے۔ کہ اُن گناہ کی مثل کبھی تم سے سرزد نہیں ہوا ہے۔ تاکہ تم کو اُس کی ترک پر عزم کی قوت حاصل ہو۔ اور تمہارے گناہوں کے درمیان پردہ ہو۔ اور قرآن مجید میں تقوے کو تین چیزوں پر بولا گیا ہے ❖

(۱) خدا تعالےٰ سے خوف اور وحشت پر۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَاِیَّایَ فَاتَّقُوْنِ ۝ (مجھ ہی سے ڈرو!) ❖

(۲) طاعت اور عبادت پر۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہٖ (ایمان والو! خدا کی تابعداری کرو جو حق تابعداری کرنے کا ہے) یہ ترجمہ بروایت حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما ہے ۔

(۳) دل کو گناہوں سے پاک کرنا ہے۔ اور یہی حقیقی تقویٰ ان دو باتوں کی تہ کے نیچے ہے۔ تمہیں معلوم نہیں ہے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَیَخْشَی اللّٰہَ وَیَتَّقْہِ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۔ (اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی تابعداری کرے گا۔ اور اللہ سے خوف کرے گا اور اس سے ڈرے گا۔ پس یہی لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں) پہلے خدا تعالےٰ نے اطاعت اور خوف کا ذکر کیا۔ پھر تقوے کا ذکر کیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ تقوے کی حقیقت خوف اور اطاعت سے جدا ہے۔ اور وہ دل کا پاک کرنا ہے۔ جیسے کہ میں نے اوپر بیان کیا ہے ۔

اور مشائخ رحمہم اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تقویٰ کی تین منزلیں ہیں۔ شرک سے تقویٰ۔ بدعت سے تقویٰ۔ اور فروعاتی گناہوں سے تقویٰ۔ اور ان تینوں منزلوں کا خدا تعالےٰ نے ایک ہی آیت میں ذکر فرمایا ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے لَیْسَ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِیْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۔ (نہیں ہے گناہ ان لوگوں پر کہ جو ایمان لائے۔ اور انہوں نے نیک عمل کئے۔ ان چیزوں میں کہ جن کو وہ کھاتے ہیں۔ جب ڈریں وہ اور ایمان کو قائم رکھیں اور نیک عمل کریں۔ پھر ڈریں وہ اور ایمان کو قائم رکھیں۔ پھر ڈریں وہ اور احسان کریں۔ اور اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے) پہلا تقویٰ شرک سے ہے۔ اور ایمان کا جو ذکر ہے وہ ایمان بالتوحید ہے۔ دوسرا تقویٰ بدعت سے ہے۔ اور ایمان کا جو ذکر ہے۔ وہ طریق سنت الجماعت پر رہنے کا اقرار ہے۔ تیسرا تقویٰ فروعاتی گناہوں سے ہے۔ چونکہ اس پر استقامت نہایت مشکل ہے۔ لہذا اس کو طاعت اور احسان کے بالمقابل ذکر فرمایا۔ اور تقوے کے ذریعہ فروعاتی گناہوں پر استقامت ہے۔ اس آیت میں حق تعالےٰ نے تین چیزوں کو جمع کیا۔ منزلت ایمان منزلت سنت۔ منزلت

استقامت طاعت پر۔ یہ وہ بیان ہے کہ اہل علم نے تقوے کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے۔

میں بیان کرتا ہوں۔ کہ میں نے فضول حلال سے بچنے کو بھی تقویٰ کے معنوں میں دیکھا ہے۔ چنانچہ مشہور حدیث شریف میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ پرہیزگاروں کو پرہیزگار اس واسطے کہتے ہیں۔ کہ ایسی چیز کو ترک کرتے ہیں کہ جس میں خوف نہیں ہے۔ اس وجہ سے کہ ایسی چیز میں مبتلا نہ ہوں۔ کہ جس میں خوف ہے۔

بنابریں میری خوشی یہ ہے کہ جو کچھ علما بیان فرماتے ہیں۔ اور جو کچھ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے۔ ان دونوں کو ایک جگہ جمع کروں۔ تاکہ اپنے اندرونی معنی کے لئے۔ اور بیرونی کو روکنے کے لئے ایک حد معین ہو جائے۔ لہذا میں گذارش کرتا ہوں۔ کہ تقویٰ کے معنی ہیں پرہیز کرنا ایسی ہر ایک چیز سے کہ جس سے دین میں نقصان کا خوف ہو۔ تمہیں معلوم نہیں؟ کہ بیمار پرہیز کرنے والے کو متقی کہتے ہیں کیونکہ وہ ہر ایک چیز سے۔ کہ جو نقصان دینے والی ہے پرہیز کرتا ہے۔ جیسے کھانے اور پینے کی چیزیں اور میوہ جات وغیرہ۔

جن چیزوں سے دین میں ضرر کا خوف ہے۔ وہ دو قسم پر ہیں۔ ایک محض حرام اور گناہ دوسرے حلال کہ جو فضولیات سے ہے۔ کیونکہ فضول حلال میں مشغول ہونا۔ انسان کو حرام اور صرف گناہوں کی طرف دھکیلتا ہے۔ جو شخص اپنے دین کی سلامتی چاہتا ہے۔ اس خطر سے پرہیز کرے۔ اور فضول حلال سے اپنے آپ کو بچائے لہذا جامع اور مانع تقویٰ یہ ہے۔ کہ ہر ایک چیز سے پرہیز کریں۔ جس سے کہ دین میں نقصان ہو۔ اور وہ چیز گناہ اور فضول حلال ہے۔ تقوے کی بابت یہی تفصیل ہے۔

اور اب اس بات کو جان لو! کہ حرام سے پرہیز فرض ہے۔ اس کی ترک سے گناہ لازم آتا ہے۔ اور فضول حلال سے پرہیز کرنا نہایت ہی عمدہ کام ہے۔ اس کی ترک سے حبس اور حساب اور عیب لازم آتا ہے۔ اور حرام سے پرہیز کرنے والا تقوے کے ادنیٰ درجہ میں ہے۔ اور جو شخص فضول حلال سے پرہیز کرے۔ وہ شخص تقوے کے اعلیٰ درجہ میں ہے جب بندہ دونوں پرہیزوں کو جمع کرے۔ یعنے معصیت اور فضول

Marfat.com

دونوں سے پرہیز کرے۔ تو اُس کا تقویٰ کمال کو پہنچا ہوا ہوگا۔ اور جو حق ہے اُس کو پورا کیا ہوگا۔ یہ تقوے کے معنی اور اُس کا بیان ہے۔ اِس کو اچھی طرح سمجھ رکھو۔

سوال اگر یہ پوچھو! کہ اب بیان کرو؟ کہ اِن معنی پر نفس میں کیسے عمل کروں؟ اور اُس کو تقوے کی لگام کس طرح دوں؟ اُس لحاظ سے کہ جو آپ نے تفصیل بیان کی ہے۔ اور جس کا نام تقویٰ رکھا ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اِس کی تفصیل نفس کے بارے میں یہ ہے۔ کہ پوری طاقت کے ساتھ قائم ہو جاؤ۔ اور نفس کو تمام گناہوں سے روکو۔ اور تمام فضولیات سے پرہیز کرو۔ جب اِس طرح کروگے تو آنکھ اور کان اور زبان اور دل اور شکم اور شرمگاہ اور سب اعضا کا تقویٰ کر لیا ہے۔ اور نفس کو تقوے کی لگام دی گئی۔

لیکن اِس بات کے علم بغیر چارہ نہیں ہے۔ وہ یہ ہے کہ میں بیان کرتا ہوں جو شخص کہ تقویٰ کرنا چاہتا ہے۔ اِن پانچ اعضا کو۔ کہ جو اصل میں نگاہ رکھے۔ اور وہ آنکھ کان۔ زبان۔ دل۔ اور شکم ہے۔ تو اِن پانچ کو نگاہ میں رکھو۔ ایسی چیز سے کہ جس میں تمہیں نقصان کا خوف ہے۔ گناہ اور حرام اور فضول حلال سے۔ جب اِس طرح کی حفاظت حاصل ہوگی۔ تو اُمید ہے کہ تمام اعضا حفاظت میں رہیں گے۔ اور تقوے میں جن باتوں کی ضرورت ہے۔ اِن میں پورا اور کامل ہوگا۔ لہٰذا ضرورت ہوئی کہ پانچ فصلیں اِن پانچ اعضا کے بیان میں ذکر کریں۔ اور ہر ایک میں حرام اور فضول کی تفصیل اِس کتاب کے لائق بیان کریں۔

پہلی فصل

آنکھ کے بیان میں

تم پر لازم ہے کہ آنکھ کی حفاظت کرو! کیونکہ وہی بہت سی آفتوں اور فتنوں کا سبب ہے۔ اور آنکھ کے کام کے متعلق اِن تین اصول کو یاد رکھو۔

اصل اوّل حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا اَبْصَارَ

هُمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ

(ایمان والوں کو کہدو! کہ اپنی نگاہوں کو دبائے رکھیں۔ اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں۔ یہ اِن کے لئے نہایت ہی پاکیزگی کی بات ہے۔ یقیناً اللہ جو کچھ کہ وہ کرتے ہیں باخبر ہے) ؛

اِس بات کو جان لو! کہ میں نے اِس آیت میں تامل کیا۔ باوجودیکہ آیت نہایت مختصر ہے۔ اپنے اختصار پر بھی تین عظیم الشان مطالب پر حاوی ہے۔ ایک ادب کرنا دوسرے بیدار کرنا تیسرے متنبہ کرنا۔ بہرحال ادب! مالک کی فرمانبرداری ہے ورنہ بے ادب ہوگا۔ اور بے ادب کو مجلس سے نکال دیتے ہیں۔ اور اس لائق نہیں ہے۔ کہ درگاہ میں ٹھیرے۔ اِس بات کو سمجھو! اور اِس میں خوب غور کرو! کیونکہ سب کچھ اِسی میں ہے! اور بیدار کرنا یہ ہے کہ اُس پاک کرنے والے نے ارشاد فرمایا ہے یعنے جو بندوں کے دلوں کو پاک کرنے والا ہے۔ اور یہ اِس طرح ہے۔ کہ اگر آنکھ دبائے نہ رکھوگے۔ اور جدھر چاہوگے دیکھوگے۔ تو اِس امر سے خالی نہیں ہے۔ کہ تمہاری آنکھ حرام پر پڑے۔ اور اگر عمداً دیکھوگے تو گناہ کبیرہ ہوگا۔ اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ تمہارا دل اُس میں پھنس جائے۔ اور اُس کے باعث ہلاک ہو جاؤ اور اگر نظر کسی معمولی چیز پر پڑے۔ تو ایسا اتفاق بھی ہوتا ہے۔ کہ تمہارا دل اُس میں لگ جائے۔ اور طرح طرح کے وسواس پیدا ہوں۔ اور شاید ہے کہ اِس سے خوف کرو۔ اور دل پریشان رہے۔ اور بھلائی سے دور جا پڑو۔ اور اگر نگاہ کو دبائے رکھوگے۔ تو تمام بلاؤں سے محفوظ رہوگے ؛

اِسی مطلب کے بیان میں سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ وعلی نبینا الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ نظر سے پرہیز کرو! کیونکہ دل میں شہوت کا تخم بوتی ہے۔ صاحب نظر کو یہی فتنہ کافی ہے ؛

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ نگاہ کا بند رکھنا تمام آرزوؤں کے لئے حجاب ہے۔ لہٰذا اگر آنکھ کو دبائے رکھوگے! اور اوپر نہ اُٹھاؤگے۔ تو فارغ دل اور تمام وسوسوں سے محفوظ رہوگے ؛

اور آیت مذکور میں جو تنبیہ بیان فرمائی ہے۔ یہ ہے کہ حق تعالےٰ جو کچھ وہ کرتے

ہیں جانتا ہے۔ گناہوں سے پرہیز کرنے کے لئے یہی ایک بات کافی ہے۔ اِن لوگوں کے واسطے کہ جو خوفِ خدا رکھتے ہیں۔ یہ ایک اصل ہم نے خدا تعالےٰ کی کتاب سے تحریر کیا ہے ۔

اصل دوسرا یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ خوبصورت عورت کی طرف نگاہ کرنا۔ ایک زہر آلودہ تیر شیطان کے تیروں میں سے ہے۔ جو کوئی اُس نگاہ کو دبائے رکھے۔ تو حق تعالےٰ اُس کو عبادت کا ذائقہ اور حلاوت اور مناجات کی لذت عنایت فرمائیگا ۔

یہ ایک بڑا عظیم الشان کام ہے۔ اور یہ بالکل صحیح ہے۔ کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ اور اِس کو تجربہ کار آدمی ہی جانتا ہے۔ کہ نظر کا بند رکھنا عبادت کی لذت اور حلاوت۔ اور صفائی قلب کا باعث ہے ۔

تیسرا اصل یہ ہے کہ اپنے اعضا میں سے ہر ایک عضو پر نگاہ کرے۔ کہ حق تعالےٰ نے اُس کو کس واسطے پیدا کیا ہے؟ جس واسطے اُس کو پیدا کیا ہے۔ نگاہ رکھے۔ کہ پاؤں بہشت کے باغوں اور محلوں میں چلنے کے واسطے عنایت کئے ہیں۔ اور ہاتھ بہشت کے میوے! اور شراب طہورا کے پیالے پکڑنے کے واسطے پیدا کئے ہیں۔ اسی طرح تمام اعضا۔ اور اسی طرح آنکھ حضرت رب العالمین کے دیدار کے واسطے پیدا کی گئی ہے اور دونوں جہان میں دیدارِ الٰہی جیسی اور کوئی نعمت نہیں ہے۔ لہذا اِس سعادتِ عظمیٰ کے حصول کے لئے آنکھ کا دبائے رکھنا نہایت ضروری ہے۔ یہ تین اصل ہیں۔ جب اِن میں اچھی طرح غور کروگے۔ تو یہ نگاہِ چشم کو دبائے رکھنے کے واسطے کافی ہیں ۔

دوسری فصل

کان کے بیان میں

فحش اور فضول باتوں سے کان کی حفاظت کرو۔ اِس کے دو باعث ہیں۔ ایک یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے روایت ہے۔ کہ کلام کرنے والے کے ساتھ۔ سُننے والا بھی شریک ہے۔ دوسرے یہ ہے۔ کہ سُننے سے دل میں خطرات

Marfat.com

پیدا ہوتے ہیں۔ اور وسوسے اُٹھتے ہیں۔ بعدہ دل اور جسم میں کئی طرح کے شغل پیدا کرتے ہیں۔ اس طرح کہ دل میں۔ عبادت کا کوئی خیال نہیں رہتا ہے۔

اور اس بات کو جان لو! کہ دل میں جو بات کان سے آتی ہے۔ ایسی ہے کہ جیسے پیٹ میں کھانا آتا ہے۔ بعضی غذا نقصان دینے والی۔ اور بعضی نفع دینے والی اور بعضی زہر قاتل ہوتی ہے۔ اور دل میں بات بہ نسبت کھانے کے پیٹ میں دیر تک قائم رہتی ہے۔ کیونکہ طعام معدے سے خواب وغیرہ کے ذریعے زائل ہو جاتا ہے۔ اور بسا اوقات بات کا اثر دل میں مدت تک رہتا ہے۔ بلکہ عمر بھر بھی نہیں جاتا ہے۔ پھر اس سے زیادہ تباہ کرنے والی اور کون سی چیز ہو گی؟ جو ہمیشہ رنج اور بلا میں رکھتی ہے۔ اور اُس کے باعث دل میں کئی طرح کے وسوسے اور خطرات پیدا ہوتے ہیں۔ کہ جو بلا میں ڈال دیتے ہیں۔ اگر کان کو فضولیات کے سُننے سے بچائے رکھو گے۔ اور اللہ ہی توفیق دینے والا ہے۔

تیسری فصل

زبان کے بیان میں

تم پر زبان کا بند رکھنا اور اس کو قید رکھنا اور نگاہ رکھنا ضروری ہے کیونکہ نافرمانی میں۔ زبان سب اعضا سے سخت ترین ہے۔ اور اُس کی خرابی بہت ہے۔

حضرت سفیان بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم۔ وہ کیا چیز ہے؟ کہ جس کے باعث آپ کو مجھ پر بہت خوف ہو! آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم نے اپنی زبان کو پکڑا۔ اور فرمایا کہ یہ ہے! اور حضرت یونس بن عبداللہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میرا نفس نہایت سخت گرمی میں روزہ رکھ سکتا ہے۔ اور ایک فضول کلمہ کو ترک نہیں کر سکتا ہے۔ جبکہ زبان اور نفس کا یہ معاملہ ہے۔ تو تم پر لازم ہے کہ زبان کو سب طرح کی معلومہ جد و جہد کے ساتھ حفاظت میں رکھو۔ اور ان پانچ اصل میں نگاہ رکھو۔

اصل اوّل یہ ہے کہ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت کرتے ہیں

Marfat.com

کہ جب آدمی صبح کو اُٹھتا ہے۔ تو تمام اعضا۔ زبان کو خدا تعالیٰ کی قسم دیتے ہیں۔ اور سوال کرتے ہیں۔ کہ تم راست رہو۔ کیونکہ تمہاری راستی کے ساتھ ہم سب راست ہیں۔ اور تمہاری کجی کے ساتھ ہم سب کج ہیں۔ یعنے کلام کرنے سے تمام اعضا میں بھلا یا بُرا اثر ہوتا ہے ✤

اور اسی طلب کی تائید میں حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے۔ جو آپ نے فرمایا ہے۔ جب تم دل میں سختی اور جسم میں سستی اور رزق میں گھاٹا دیکھو تو معلوم کرو کہ تم نے کوئی واہیات بات بولی ہے ✤

دوسرا اصل زبان کو کلام کرتے وقت نگاہ رکھنا ہے۔ کیونکہ ذکر الٰہی کے سوا باقی اکثر باتیں لغو ہیں۔ جن سے کہ وقت ضائع ہوتا ہے ✤

حسان بن سنان رضی اللہ تعالےٰ عنہ ایک نئے بالاخانہ کے پاس سے گذرے۔ فرمایا کہ یہ بالاخانہ کس نے بنایا ہے؟ پھر اپنے نفس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور کہنے لگے کہ اے نفس مغرور! جو اپنے کام کی بات نہیں ہے۔ اُس کی بابت کیا دریافت کرتے ہو؟ پھر آپ نے اپنے نفس پر ایک سال کے روزوں کا جرمانہ کیا ✤

میں کہتا ہوں! کہ ایسے لوگ کیا ہی خوش قسمت ہیں۔ کہ جو اپنے دین کا اس قدر اہتمام رکھتے ہیں؟ اور ان غافلوں پر افسوس ہے۔ کہ جنہوں نے اپنے نفس کی لگام ڈھیلی چھوڑ رکھی ہے۔ کہ جدھر چاہتا ہے مارا مارا پھرتا ہے ✤

تیسرا اصل یہ ہے کہ زبان کو نگاہ رکھنے میں۔ عمل ضائع کا نگاہ رکھنا ہے۔ کیونکہ جو آدمی زبان کو نگاہ میں نہیں رکھتا ہے۔ اور باتیں بہت کرتا ہے۔ بالضرور لوگوں کی غیبت میں پڑے گا۔ جیسا کہ کہتے ہیں۔ کہ جو شخص بہت باتیں کرے گا۔ بہت سا خطاب کرے گا۔ اور غیبت بجلی ہے کہ جو تمام طاعات کو تباہ کر دیتی ہے۔ جیسا کہ بیان کرتے ہیں۔ جو شخص لوگوں کی غیبت کرتا ہے۔ اس کی مثال اُس شخص کے مشابہ ہے۔ کہ جو منجنیق (گوپیا) کے ذریعے سے اپنی نیکیوں کو پورب پچھم اور دکن اور اتر کی طرف پھینکتا ہے ✤

روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ کو کسی شخص نے کہا۔ کہ فلاں شخص آپ کی غیبت کرتا ہے۔ آپ نے ایک طباق کھجوروں کا بھر کر اُس کی طرف

Marfat.com

بھیجا۔ اور ساتھ ہی کہلا بھیجا کہ مَیں نے سُنا ہے کہ آپ نے اپنی نیکیاں بطور ہدیہ میری طرف ارسال کی ہیں۔ اُن کے بدلے میں مَیں نے یہ بھیجا ہے۔

اور حضرت ابن مُبارک رحمۃ اللہ علیہ کی محفل میں غیبت کے بارے میں بات چل پڑی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں کسی کی غیبت کروں۔ تو اپنے ماں باپ کی غیبت کروں۔ کیونکہ وہ حق دار ہیں کہ میری نیکیوں کو لیں۔

اور بیان کرتے ہیں کہ حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ کو ایک بار شب کا قیام فوت ہوا۔ آپ کی عورت نے آپ کے پاس تعزیت کی۔ حاتمؒ نے جواب دیا۔ کہ ایک گروہ نے رات کا قیام کیا ہے۔ اُنہوں نے صبح کے وقت میری غیبت کی ہے۔ اُن کی نماز قیامت کے روز میرے نامہ اعمال کی میزان میں ہوگی۔

چوتھا اصل یہ ہے۔ کہ حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا ہے۔ ایسی بات زبان سے نہ کہو کہ جو دانتوں کو توڑے۔ اور ایک دوسرے بزرگؒ نے فرمایا ہے۔ کہ اپنی زبان کو کشادہ نہ کرو۔ تاکہ تم پر تنگی نہ ہو۔ اور بطور مثال بیان کرتے ہیں۔ کہ بہت سے کلمات اپنے بولنے والے کو کہتے ہیں۔ کہ ہم کو چھوڑو۔

پانچواں اصل یہ ہے۔ کہ انجام کار کی خرابی اور آفات کو یاد کرو۔ اور ایک نکتہ سُن لو۔ اور وہ یہ ہے کہ تمہاری بات دو حال سے خالی نہیں ہے۔ یا حرام ہوگی یا فضول حلال ہوگی۔ اگر حرام ہے تو اس میں اتنا عذاب ہے۔ کہ جس کی تم کو برداشت نہیں ہے۔

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ مَیں نے شب معراج میں ایک گروہ کو دوزخ میں مردار کھاتے ہوئے دیکھا۔ مَیں نے دریافت کیا کہ بھائی جبرائیلؑ! یہ کون لوگ ہیں؟ جواب دیا کہ یہ وہ آدمی ہیں کہ جو لوگوں کا گوشت کھاتے تھے۔ یعنے غیبت کرتے تھے۔

اگر تمہاری بات مباح ہے۔ تو اُس میں چار آفتیں ہیں۔

ایک تو یہ ہے کہ تم نے بے فائدہ میں کراماً کاتبین کو لگایا۔ اور انسان پر لازم ہے کہ کراماً کاتبین سے شرم کرے۔ اور اُن کو تکلیف نہ دے۔

دوسرے یہ ہے کہ بہت بات کرنا خدا تعالےٰ کی طرف لغو اور بیہودہ خط

املا کرنے کے مشابہ ہے۔ لہذا پرہیز کرو۔ اور سوچو کہ کیا کرتے ہو؟ اور ایک نے بزرگوں میں سے ایک شخص کو دیکھا۔ کہ گالی گلوچ بکتا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ فلانے! فکر نہیں کرتا ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کی طرف کیسا خط لکھ رہا ہے۔ ڈر اور خوف کر۔ تاکہ قیامت کے روز افسوس اور پشیمانی نہ ہو +

تیسرے یہ ہے۔ کہ جو کچھ بولو گے۔ خدائے جبّار کے سامنے پیش ہو گا۔ اور تمام عالم کے سامنے پڑھا جائے گا +

چوتھے یہ ہے کہ قیامت کے روز عیب اور ملامت ہو گا۔ کہ فضول بکواس کیوں کیا؟ اور خدا سے شرم نہ کی۔ اور بکواسی کی حجتیں توڑی جائیں گی پھر اس کو دوزخ میں ڈالیں گے۔ جو شخص خوب اچھی طرح سے غور کرے گا۔ یہ اصول اُس کے واسطے کافی ہیں +

چوتھی فصل

دل کے بیان میں

تم پر لازم ہے۔ کہ دل کو نگاہ رکھو اور اُس کی اصلاح کرو۔ کہ اُس کو نگاہ رکھنا دوسرے اعضا کی نسبت بہت مشکل ہے۔ اور اس کا خطر بہت بڑا ہے۔ اور اُس کو نگاہ میں رکھنا بہت باریک اور سخت مشکل ہے۔ اور اس کام میں پانچ اصول کو یاد رکھنا کافی ہے +

پہلا اصل۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے یَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ (اللہ تعالےٰ آنکھوں کی خیانت اور سینے کے رازوں کو جانتا ہے) دوسری جگہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ (اور اللہ تمہارے دلوں کی چیزوں کو جانتا ہے) اور نیز ارشاد فرمایا ہے اِنَّہٗ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (یقیناً وہ سینے کے رازوں کو جانتا ہے) +

دیکھو! قرآن مجید میں کتنی جگہ ذکر ہے۔ اور پھر مکرر بیان ہے۔ تمہارے پرہیز کرنے کے واسطے یہی کافی ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کے علم اور نظر میں ہے خدا تعالےٰ

کا مطلع ہونا اور عَلَّامُ الْغُیُوْبْ کے ساتھ معاملہ پڑنا نہایت ہی عظیم الشان امر ہے لہٰذا اچھی طرح غور کرو۔ اور اپنے کام کو سوچو! کہ خدا تعالےٰ تمہارے دل کی نیت نیک اور بد کو جانتا ہے۔

دوسرا اصل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلَا اِلٰی اَعْمَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَنِیَّاتِکُمْ (یقیناً حق تعالےٰ تمہاری صورتوں اور عملوں کو نہیں دیکھتا ہے۔ ولیکن تمہاری نیتوں اور دلوں کو دیکھتا ہے) چونکہ خداوند عالم کی نظر گاہ قلب ہے۔ جو شخص کہ اپنے چہرے اور جسم کو صاف ستھرا رکھتا ہے۔ یہ نظر گاہِ خلق ہے۔ اِس واسطے کہ لوگ اُس کے عیب اور گندگے پن پر مطلع نہ ہوں۔ اور دل جو نظر گاہ پروردگار ہے۔ اُس کو حرص اور طمع میں گندا کر رکھا ہے۔ اُس کو صاف اور ستھرا کرنے کی طرف توجہ نہیں کرتا ہے۔ اور خوف نہیں کرتا ہے۔ کہ خدا تعالےٰ اُس کی نیت اور عیبوں پر مطلع ہے۔ اگر مخلوق کسی کے عیب اور خرابی پر مطلع ہو جائے۔ تو اُس سے بیزار ہو جاتی ہے۔ اور اُس کو اپنے سے جُدا کر دیتی ہے۔

تیسرا اصل یہ ہے کہ دل بادشاہ ہے۔ اور باقی اعضا اُس کے تابع ہیں۔ اگر بادشاہ خوش ہو گا تو رعیت بھی خوش ہو گی۔

جیسے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اِنَّ فِی الْجَسَدِ لَمُضْغَۃً لَوْ صَلُحَتْ لَصَلُحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَلَوْ فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ اَلَا وَھِیَ الْقَلْبُ (جسم میں ایک گوشت کا ٹکڑا ہے۔ اگر درست ہو جائے تو سارا جسم درست ہو جاتا ہے۔ اور اگر وہ خراب ہو جائے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ یاد رکھو! وہ دل ہے)۔

بنابریں جبکہ تمام اعضا کی اصلاح دل کی اصلاح پر موقوف ہے۔ تو واجب ہے۔ کہ دل کی اصلاح میں پوری طرح کوشش کرو!۔

چوتھا اصل یہ ہے۔ کہ دل نفیس جوہر کا خزانہ ہے۔ اُس میں اول عقل ہے۔ اور سب نفائس میں اعلےٰ خدا تعالےٰ کی معرفت ہے۔ کہ وہ دونوں جہان کی سعادت کا باعث ہے۔ پھر بصیرت ہے کہ جس کے باعث حق تعالےٰ کے نزدیک بزرگی حاصل ہوتی ہے۔

Marfat.com

اس کے بعد نیت خالص ہے کہ جس کے طفیل ثواب ابدی حاصل ہوتا ہے۔ پھر سب طرح کے علوم اور حکمتیں ہیں۔ کہ جن کے ذریعہ انسان کے واسطے شرف حاصل ہے۔ لہٰذا واجب ہے۔ کہ ایسے خزانے کو چوروں اور ڈاکوؤں کی دست برد سے بچاؤ۔ تاکہ ان بیش قیمت جواہر کو آفت نہ پہنچے۔ اور ان پر دشمن کو کسی طرح کی دسترس نہ ہو ٭

پانچواں اصل یہ ہے کہ میں نے دل کی حالت پر غور کیا۔ اس میں پانچ چیزیں معلوم کیں۔ کہ دوسرے اعضا میں نہیں ہیں۔ کہ جن کے باعث دشمن اس پر حملہ کرتا ہے ٭

ایک یہ ہے کہ قلب الہام اور وسوسے کی منزل ہے۔ اور یہ دونوں۔ دل کو خیر اور شر کی طرف بلاتے ہیں۔ الہام فرشتے کی طرف سے اور وسوسہ شیطان کی طرف سے ہے ٭

دوسرا یہ ہے۔ کہ دل بڑے معرکے کی جگہ ہے۔ اس میں ایک خواہش نفسانی اور اس کا لشکر ہے۔ اور دوسرے عقل اور اس کا لشکر ہے۔ دل اور ایمان اس محاربہ اور مقاتلہ کی کش مکش ہے۔ لہٰذا اس کی حفاظت واجب ہے اور خوف کی جگہ میں غافل نہ رہنا چاہئے ٭

تیسرے یہ ہے کہ دل کے واسطے بہت سے عوارضات ہیں۔ اور خطرات کے تیر بارش کی طرح اس میں برستے رہتے ہیں۔ اور تم ان کو کسی طرح سے روک نہیں سکتے ہو کیونکہ دل کی حالت آنکھ کے مشابہ نہیں ہے۔ کہ دو پلکوں کے اندر بند کر لو! اور یا کسی تاریک مکان میں جاکر بیٹھ جاؤ۔ اور امن میں ہو جاؤ۔ اور دل زبان کے مشابہ بھی نہیں ہے۔ کہ لبوں کے پردوں اور دانتوں کے درمیان ہے۔ بلکہ دل بہت سے خطرات کی آماجگاہ ہے۔ اور تم ان کے روکنے پر قادر نہیں ہو۔ باوجود ان باتوں کے نفس ان خطرات کے پیچھے دوڑنے والا ہے۔ لہٰذا اس کام میں احتیاط نہایت مشکل اور بہت بڑا کام ہے ٭

چوتھے یہ ہے کہ دل کا کام تم پر نہایت مشکل ہے۔ کیونکہ وہ تم سے زور والا ہے۔ اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ تم اپنی لاعلمی کی حالت میں کسی نہ کسی آفت میں مبتلا ہو جاتے ہو ٭

پانچویں یہ ہے کہ دل کی طرف آفات دوڑ کر آتی ہیں۔ اور اس کی حالت بھی بدل جاتی ہے۔ اور بیان کرتے ہیں۔ کہ جوش مارنے والی دیگ سے بھی زیادہ دل کی حالت

Marfat.com

میں تیزی ہے۔ اور نعوذ باللہ منہا۔ دل کی لغزش کی حالت میں۔ ابتدا سیاہی ہے۔ اور غیر اللہ کی طرف رغبت کرنا ہے۔ اور انجام کار دل کا۔ کفر کی محبت ہے۔ لہٰذا دل کا کام نہایت ہی خطرناک ہے۔ اور یہ بھی ہے۔ کہ اس کا ادنیٰ کام سخت دلی ہے۔ اور اخیری کام خدا تعالےٰ کے ساتھ تکبر ہے ٭

تم نے حق تعالےٰ کا فرمان سنا نہیں ہے اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ ہ (اس نے انکار کیا اور تکبر کیا اور کافروں میں سے ہوا) اور دلی تکبر کو کفر کا پھل لگتا ہے۔ اسی مطلب کے باعث خاصانِ خدا۔ دلوں کی حالتوں پر نہایت ہی خوف کھاتے اور کانپتے اور گریہ وزاری کرتے ہیں۔ اور اپنی پوری توجہ اسی میں خرچ کرتے ہیں۔ حق تعالےٰ ان کی صفت میں ارشاد فرماتا ہے۔ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْہِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ہ (وہ اس دن سے ڈرتے ہیں کہ جس دن نگاہیں اور دل پلٹا کھاتے ہیں) ٭

سوال اگر یہ پوچھو! کہ جب دل کا کام ایسا سخت ہے جیسا کہ آپ نے بیان کیا ہے۔ تو اب آپ وہ مطالب بیان فرمائیں۔ کہ جن سے دل کی اصلاح ہو۔ تاکہ آفات اور تباہی سے نجات ہو۔ اور ان پر عمل کرنے کی توفیق ہو؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ ان مطالب کی تفصیل دراز ہے۔ اس مختصر رسالہ میں گنجائش نہیں ہے۔ اور علمائے آخرت نے اس بارے میں بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ اور ستر خصلتیں مفید اور اسی قدر مضر بیان کی ہیں۔ جس شخص کو دین کے کام کی طرف توجہ ہو۔ اور خواب غفلت سے بیداری ہو۔ اور خدا تعالےٰ سے ان کے حصول کی توفیق حاصل ہو۔ ان تمام کتابوں کا مطالعہ اور ان پر عمل کرنا مشکل نہ ہوگا۔ اور ہم اس کتاب میں چند اصول کہ جن کے سوا چارہ نہیں ہے۔ ذکر کرتے ہیں۔ اور وہ چار ہیں۔ لمبی امید۔ اور عجلت۔ اور حسد۔ اور کبر۔ اور ان کے مقابلے میں چار صفات عمدہ ہیں۔ کوتاہی امید۔ اور کاموں میں آہستگی۔ اور مخلوق کو نصیحت اور تواضع۔ یہ وہ اصول ہیں۔ کہ جن کے سوا۔ دل کی اصلاح میں چارہ نہیں ہے ٭

اب کانوں کو ادھر لگاؤ! اور سنو! کہ ہر ایک میں کیا آفات ہیں۔ اور چست و چالاک ہو کر ان آفات کے دفعیہ میں جد و جہد کرو ٭

Marfat.com

اوّل طولِ عمل یہ تمام خیرات اور طاعات کو روکنے والی ہے۔ اور تمام شرارتوں اور فتنوں کا باعث ہے۔ اور سخت درد ہے کہ خلقت کو طرح طرح کی آفات اور بلا میں مبتلا کرتا ہے۔ اور سب طرح کی خرابی اور بربادی اُسی کے باعث ہے۔ اِس بات کو جان لو کہ اگر اپنی اُمید کو دراز کرو گے۔ تو اُس سے چار طرح کی آفتیں پیدا ہوں گی ⁂

اوّل عبادت کی ترک اور اُس میں سستی۔ تم کہو گے کہ ابھی بہت دن باقی ہیں۔ حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ درازی اُمید سب طرح کی خیرات کو روکنے والی ہے ⁂

دوسرے توبہ کی ترک اور اُس میں تاخیر کرنا ہے۔ تم کہو گے کہ ابھی بہت روز پڑے ہیں۔ توبہ کر لوں گا۔ میں جوان ہوں۔ ابھی تھوڑی عمر ہوئی ہے۔ اور مجھے قدرت ہے۔ جب چاہونگا توبہ کر لوں گا۔ حالانکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ موت آجاتی ہے۔ اور اصلاح عمل سے پہلے ہی لے جاتی ہے۔ اور تم کہتے ہو کہ بڈھا ہوں گا۔ تو توبہ کرونگا بہت لوگ جوان مرتے ہیں اور بڑھاپے تک نہیں پہنچتے ہیں ⁂

تیسرے مال جمع کرنے کی حرص۔ اور دُنیا کا شغل ہے۔ اور آخرت کی تیاری کو چھوڑنا ہے۔ تم کہو گے کہ بڑھاپے کی حالت میں تنگی سے ڈرتا ہوں۔ کمانے سے ضعیف اور عاجز ہو جاؤں گا۔ میرے واسطے رزق کی بچت کے سوا چارہ نہیں ہے۔ تاکہ بیماری وغیرہ کی حالت میں میرے کام آوے۔ اِس قسم کے بہت سے اندیشے درازی اُمید کے باعث دنیاوی تحریک کرتے رہتے ہیں۔ اور تم کو حرص۔ اور بھی زیادتی پر مائل کرتی ہے۔ یہاں تک کہ تم کہتے ہو۔ کہ جاڑے میں کیا پہنوں گا۔ اور گرمی میں کیا کھاؤنگا عمر لمبی ہوگی تو لوگوں کا محتاج ہونگا؟ اور بڑھاپے میں محتاج ہونا نہایت ہی تکلیف دہ ہے ⁂

چوتھے دل کی بات میں لگے رہنا۔ اور آخرت کو بھلا دینا۔ کیونکہ درازی اُمید کی صورت میں موت اور قبر کو یاد نہ کرو گے۔ اور دل کی نرمی اور صفائی موت اور قبر کی یاد سے ہوتی ہے۔ اور ثواب اور عذاب اور احوالِ آخرت سے حاصل ہوتی ہے۔ اور جس دل میں اِن باتوں کا گذر نہیں ہے۔ اِس کے واسطے صفائی اور نرمی کیسے حاصل ہوگی؟ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ

(اُن کی اُمید دراز ہوئی لہذا اِن کے دل بدکار ہوئے) اگر اُمید دراز کرو گے تو تمہاری طاعت تھوڑی۔ اور توبہ میں تاخیر۔ اور گناہوں میں کثرت۔ اور حرص میں زیادتی ہوگی اور غفلت مضبوط ہوگی۔ بلکہ خوف ہوگا۔ کہ آخرت کو بھی برباد کر دو گے۔ اِس سے بُرا حال اور کونسا ہوگا؟ اور اِس سے بڑی آفت اور کیا ہوگی۔ اور یہ سب کچھ درازیٔ اُمید کے باعث ہے۔ اور اگر اُمید کو تاہ اور موت کو نزدیک جانو گے۔ اور اُن بھائیوں اور دوستوں کی حالت یاد کرو گے۔ جن کو موت نے ایسے وقت میں آلیا کہ اُن کو خیال بھی نہ تھا۔ ممکن ہے۔ کہ تمہاری حالت بھی اُن ہی لوگوں کی حالت کے مشابہ ہوجائے۔

لہذا مغرور! بیدار ہوجا۔ اور غفلت کو چھوڑ۔ اور یاد کر جو کچھ کہ حضرت عوف بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰے عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ بہت سے اُمیدوار دن کے ہیں کہ اُنہوں نے دن کو رات تک نہ پہنچایا۔ اور بہت سے منتظر فردا کے ہیں کہ اُنہوں نے فردا کو نہ پایا۔ اگر تم موت اور اِس کی آمد کی طرف خیال رکھو۔ تو درازیٔ اُمید تم کو بہت ہی بری معلوم ہوگی۔

حضرت عیسٰی بن مریم صلوات اللہ علیہ وعلی نبینا ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ دُنیا تین روز ہے۔ روزِ گذشتہ کہ گذر گیا اُس میں سے کوئی چیز تمہارے پلّے نہ پڑی۔ اور فردا کی اُمید نہیں ہے۔ کہ دیکھنا نصیب ہو یا نہ ہو۔ اور تیسرا دن کہ جس میں تم اب موجود ہو۔ یہی تمہارے سامنے ہے۔ اِس کو اپنے ہاتھ میں غنیمت جانو!

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ دُنیا تین گھڑی سے زیادہ نہیں ہے۔ جو ساعت گذری اُس میں سے تمہارے ہاتھ کچھ بھی نہیں ہے اور آیندہ ساعت کا علم نہیں ہے۔ کہ تم پاؤ۔ یا نہ پاؤ۔ اور تیسری گھڑی وہ ہے۔ کہ جس میں اب۔ تم موجود ہو۔ لہذا حقیقتاً تم دُنیا میں ایک گھڑی سے زیادہ کے مالک نہیں ہو۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ دُنیا صرف تین سانس ہے۔ ایک سانس تو گذر گیا اُس میں تم نے کیا جو کچھ کر کیا! اور ایک سانس آنے والا ہے۔ معلوم نہیں ہے۔ کہ تم اُس کو پاؤ یا نہ پاؤ۔ بہت سے آدمیوں کو ایک سانس کے بعد دوسرا سانس نہیں آیا ہے۔ تیسرا سانس وہ ہے کہ جس میں تم اب موجود

Marfat.com

ہو۔ لہٰذا تم سوائے ایک سانس کے دوسرے کے مالک نہیں ہو۔ لہٰذا اِس میں جلدی سے توبہ اور طاعت الٰہی کرو۔ ممکن ہے کہ دوسرے سانس میں دم نکل جائے۔ اور رزق کے لئے غم نہ کھاؤ۔ شاید ہے۔ کہ جب وقت ضرورت کا پاوے۔ تم زندہ نہ رہو۔ آدمی کو ایک روز یا ایک ساعت یا ایک سانس کا خیال رکھنا چاہیئے۔ اور دوسرے سانس میں تو مرنا ضرور ہے ٭

اس بات کو یاد رکھو جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کو حضرت اُسامہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمائی ہے۔ کہ وہ درازی مدت پر تامل نہیں کرتا ہے۔ کہ ایک ماہ کی مہلت پر کنیزک خریدی ہے۔ اُسامہؓ دراز امید شخص ہے۔ قسم بخدا! کہ میں قدم رکھتا ہوں اور ساتھ ہی گمان ہوتا ہے کہ اِس کو اٹھاؤں گا یا نہیں۔ اور کھانے کا نوالہ اُٹھاتا ہوں۔ اور ساتھ ہی گمان ہوتا ہے۔ کہ اِس کو حلق کے نیچے اُتار سکوں گا یا نہیں ٭

بنابریں طالب مولےٰ! اگر اِن بیان کردہ چیزوں کو یاد رکھو گے۔ اور اِن کو وظیفہ بناؤ گے۔ اور رات اور دن دُہراتے رہو گے۔ تو حق تعالےٰ کی عنایت کے ساتھ اپنی اُمید کو کوتاہ پاؤ گے۔ اور اپنے نفس کو طاعت میں جلدی کرنے والا۔ اور توبہ میں فوراً متوجہ ہونے والا۔ اور دُنیا کے بارے میں زہد کرنے والا پاؤ گے اور دل کو خدا تعالےٰ سے خوف والا۔ اور آخرت کی سعادت کا اُمیدوار معلوم کرو گے۔ اور یہ سب کچھ خدا تعالےٰ کے فضل کے بعد۔ کوتاہی اُمید کا نتیجہ ہے ٭

حکایت بیان کرتے ہیں۔ کہ حضرت زرارۃ بن ابی اوفیٰ کو۔ لوگوں نے اِن کی وفات کے بعد خواب میں دیکھا۔ دیکھنے والوں نے سوال کیا کہ آپ کے نزدیک کونسا عمل نہایت ہی اعلےٰ ہے؟ آپ نے جواب دیا۔ کہ رضا بحکم خدا۔ اور کوتاہی اُمید! میرے بھائی! اپنے آپ میں نگاہ کرو۔ اور اِس اعلےٰ بات میں اپنی کامل کوشش صرف کرو۔ کہ یہ اِصلاح قلب اور نفس کے واسطے نہایت ہی اعلےٰ مقصد پُر اثر ہے۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ٭

اب حسد کا بیان سُنو! کہ یہ عبادت کو خراب کرنے والا۔ اور گناہوں کا باعث ہے۔ یہ ایسا درد ہے۔ کہ اِس میں عام اور جاہل لوگوں کے سوا۔ عالم اور عابد بھی مبتلا ہیں

Marfat.com

تاکہ حسد کے باعث دوزخ میں جائیں۔ تم نے سُنا نہیں؟ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ چھ قسم کے آدمی چھ دروازوں دوزخ میں داخل ہونگے عرب بہ سبب عداوت اور ہمدردی قوم۔ کہ جس کا باعث ظلم ہو۔ امیر لوگ ظلم اور ناانصافی کے باعث۔ اور دہقان لوگ تکبر کے باعث۔ اور کاشتکار جہالت کے باعث۔ اور عالم لوگ باہمی حسد کے باعث۔ عالم جس بلا کے باعث دوزخ میں جائیں گے۔ اُن کو اُس سے بچنا واجب ہے۔

اِس بات کو جان لو! کہ حسد سے پانچ چیزیں ظہور میں آتی ہیں۔

پہلی۔ عبادت کی تباہی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ حسد نیکیوں کو اِس کھاتا ہے کہ جیسے آگ لکڑیوں کو بھسم کر ڈالتی ہے۔

دوسرے بد افعال کا ظہور میں آنا۔ چنانچہ حضرت وہب رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ حاسد کی تین علامتیں ہیں۔ پاس ہے تو خوشامد کرتا ہے۔ غائب ہے تو غیبت کرتا ہے۔ آفت میں پڑے تمہاری طرف رجوع کرتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ حاسد کی بُرائی میں حق تعالےٰ کا ارشاد کافی ہے۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَہٗ (اور خدا کی پناہ ہے۔ شرارت حاسد سے جب وہ حسد کرتا ہے) جیسے شرارت شیطان اور جادوگر سے پناہ مانگنے کا حکم ہے۔ اُسی طرح حاسد سے ہے۔

تیسرے بہت سے نقصان کے باعث فضول رنج اور غم برداشت کرتا ہے جیسے کہ حضرت ابن اسماک رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ ظالم جو مظلوم کے مشابہ ہے۔ حاسد سے بڑھ کر اور کوئی نہیں ہے۔ اور ہمیشہ رنج میں دائم غم میں اور غافل سویا پڑا ہے۔

چوتھے یہ ہے کہ حاسد دل کا اندھا ہے۔ خدا تعالےٰ کے احکام کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ تمہیں بالکل خاموش رہنا چاہیے۔ تاکہ تقوے کے مالک بن جاؤ۔ اور دُنیا پر حرص نہ کرو۔ تاکہ جو کچھ سُنو یاد رکھو۔ اور کسی پر طعنہ نہ کرو تاکہ لوگوں کی زبان سے نجات پاؤ اور حاسد نہ بنو۔ تاکہ زود فہم ہو جاؤ۔

پانچویں چیز یہ ہے۔ کہ حاسد کو محرومی اور شرمندگی ہے۔ اُس کو مراد نہیں ملتی

Marfat.com

ہے۔ اور نہ دشمن پر کوئی اُس کی مدد کرتا ہے۔ جیسے کہ حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ کینہ ور بیدین ہے۔ اور غیبت کرنے والا عابد نہیں ہے اور لگانے بجھانے والا امانت دار نہیں ہے۔ اور حاسد کا کوئی مددگار نہیں ہے۔

میں بیان کرتا ہوں۔ کہ حاسد کیسے کامیاب ہو سکتا ہے؟ کیونکہ اُس کی مراد یہ ہے۔ کہ مسلمان بندے سے خدا تعالےٰ کی نعمت زائل ہو جائے۔ اور دشمنوں پر مدد کیسے دیں۔ کیونکہ مسلمان خدا کے بندے ہیں۔

اور حضرت ابو یعقوب رحمۃ اللہ علیہ نے کیا ہی خوب فرمایا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَبِّرْنَا عَلٰی تَمَامِ النِّعَمِ عَلٰی عِبَادِكَ وَحَسِّنْ اَحْوَالَهُمْ

(اے خدا اپنے بندوں پر نعمتیں پوری ہونے کے واسطے ہم کو صبر عنایت فرما اور اُن کے احوال پسندیدہ کر) حاصل یہ ہے کہ حسد ایسی زحمت ہے۔ کہ عبادات کو تباہ کرتی ہے۔ اور انسان کو شرمسار کرتی ہے۔ روح کو آرام نہیں لینے دیتی ہے۔ قلب کی بصارت نہیں رہتی ہے۔ اور دشمنوں پر مدد نہیں ملتی ہے۔ اور اس کے باعث مقصد سے نامرادی ہے۔ اُس سے درد ناک اور کونسا درد ہو گا؟ لہٰذا اپنے نفس کا حسد کے بارے میں اچھی طرح علاج کرو۔

اور جلد بازی کا حال سُنو! کہ تمام مقصودوں سے دُور۔ اور گناہوں میں ڈالتی ہے۔ اس عادت میں چار آفات ہیں۔

ایک یہ ہے کہ عابد کا ارادہ۔ ہوتا ہے۔ کہ کسی مرتبہ کے حصول میں کوشش کرے۔ اور وہ اُس کی طلب میں عجلت کرتا ہے۔ حالانکہ یہ بات قبل از وقت ہوتی ہے۔ لہٰذا جلدی کے باعث نا اُمید ہو جاتا ہے۔ اور عبادت کو ترک کرنے کا ارادہ کر لیتا ہے۔ اور اُس مرتبے سے محروم رہ جاتا ہے۔ یا اُس کی طلب میں اور نفس کو رنج دینے میں حد سے بڑھ جاتا ہے۔ کہ عجلت کے باعث اُس سے اُمید منقطع ہو جاتی ہے۔ لہٰذا وہ کمی اور بیشی میں پڑ جاتا ہے۔ حالانکہ حد سے بڑھنا اور کمی کرنا دونوں فعل مذموم ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ہمارا دین نہایت ہی محکم ہے۔ لہٰذا اُس میں نرمی اور آہستگی کے ساتھ آؤ۔ اور یہ مثال مشہور ہے اِنَّ التَّمَنِّيَ لَتَسْتَعْجِلُ

Marfat.com

(اگر جلدی نہ کروگے تو مراد کو پہنچ گے)۔

دوسرے یہ ہے۔ کہ عابد کو کچھ ضرورت ہوتی ہے۔ اور خدا تعالےٰ سے مانگتا ہے۔ اور پوری کوشش سے دعا مانگتا ہے۔ اور قبولیت دُعا میں جلد بازی کرتا ہے اور قبل از وقت مطلوب ملتا نہیں ہے۔ اس واسطے اُس کی رغبت کم ہو جاتی ہے۔ اور دُعا مانگنا چھوڑ دیتا ہے۔ اور اپنی حاجت اور مقصود سے محروم رہ جاتا ہے۔

تیسرے یہ ہے۔ کہ اُس پر کوئی ظلم کرتا ہے۔ اور وہ بد دُعا میں جلدی کرتا ہے۔ کہ مسلمان اس کے باعث ہلاک ہو جائے۔ اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بد دُعا کرنے میں حد سے گذر جاتا ہے۔ اس سبب سے گنہگار ہو جاتا ہے۔

چوتھے یہ ہے کہ عبادت کا اصل تقویٰ ہے۔ اور تقوے کا اصل چیزوں میں احتیاط سے نظر کرنا ہے۔ لہٰذا جو آدمی کہ کاموں میں جلد باز ہوگا۔ وہ شخص کھانے اور پینے اور لباس اور کلام وغیرہ میں غور و فکر نہ کریگا۔ اور فوراً بھول بھلیاں میں پڑ کر قعر ضلالت میں جا گرے گا۔

اب تکبّر کا حال سُنو! تمہیں معلوم نہیں ہے۔ کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اَبیٰ وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکَافِرِیْنَ (اُس نے انکار کیا اور تکبر کیا اور کافروں سے ہوا) اس بات کو جان لو! کہ خصلت تکبّر دوسری خصلتوں جیسی نہیں ہے کیونکہ اس کا نقصان ظاہر اعمال کے علاوہ ایمان کی بیخ کنی کرنے والا ہے۔ اور جب یہ نعوذ باللہ منہا مستحکم اور مضبوط ہو جائے۔ تو اس کا تدارک ناممکن ہے۔ اور کم سے کم اس خصلت کے باعث چار آفتیں پیدا ہوتی ہیں۔

پہلی آفت یہ ہے کہ متکبر حق سے محروم ہوتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ کی آیات اور فہم احکام سے اُس کا دل اندھا ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیَاتِیَ الَّذِیْنَ یَتَکَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ (جو لوگ زمین پر ناحق تکبر کرتے ہیں۔ اُن کو میں اپنی آیتوں سے پھیر دوں گا)۔

دوسری آفت یہ ہے کہ متکبر غضب الٰہی میں مبتلا ہوتا ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَکْبِرِیْنَ (یقیناً حق تعالےٰ اترانے والوں

کو پسند نہیں کرتا ہے)*

روایت کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰ صلوات اللہ علیٰ نبینا وعلیہ نے درگاہ رب العزت میں عرض کی میرے خدا! مخلوق میں سب سے زیادہ تیرے نزدیک مورد غضب کون شخص ہے؟ ارشاد ہوا جس کے دل میں تکبر ہو۔ اور اس کی زبان سخت ہو۔ اور اس کی آنکھ حق سے بند ہو۔ اور اس کا ہاتھ بخیل ہو۔ اور اس کا خُلق بد ہو*

تیسری آفت یہ ہے کہ متکبر کو دُنیا میں ذلت اور آخرت میں عذاب ہے۔ حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ لوگوں کی تین حالتوں سے بچو تکبر اور حرص اور حرام سے۔ کیونکہ متکبر دُنیا سے سفر نہیں کرتا ہے۔ مگر اپنے سے نہایت ہی کم در لوگوں سے ذلت اور خواری اُٹھا لیتا ہے۔ اور حریص دُنیا سے نہیں جاتا ہے۔ تا وقتیکہ روٹی کے ٹکڑے اور پانی کے گھونٹ کا محتاج نہ ہو جاوے۔ اور حرام خور دُنیا سے نہیں جاتا ہے۔ جب تک کہ اپنے بَول اور نجاست میں نہ لوٹ پوٹ ہو جائے*

چوتھی آفت ہے۔ کہ متکبر کو آخرت میں دوزخ اور عذاب دردناک ہے۔ جیسے کہ روایت کرتے ہیں۔ کہ حق تعالٰے ارشاد فرماتا ہے (حدیث قدسی) اَلْكِبْرِيَاءُ رِدَائِيْ وَ الْعَظَمَةُ اِزَارِيْ (فخر میری چادر ہے اور عظمت میرا ازار ہے) جو کوئی شخص اس بارے میں میرا مقابلہ کرے گا۔ اس کو دوزخ کی آتش میں ڈالوں گا*

لہٰذا جس خصلت سے کہ معرفتِ حق زائل ہو۔ اور آیات اور احکام کا فہم نہ رہے۔ جو اصل مقصود ہے۔ پھر خدا تعالٰے کو غضبناک کرے۔ اور دُنیا میں ذلت اور آخرت میں دوزخ کا باعث ہو۔ عقلمند کو ایسا نہ چاہیئے کہ اس سے غفلت کرے۔ اور اس کے دُور کرنے میں اپنے نفس کی اصلاح نہ کرے۔ یہ مذکور ان چار خصلت کی بعض آفات کے بیان میں ہے۔ اور اللہ ہی اپنے فضل کے ساتھ توفیق دینے والا ہے*

سوال اگر ان خصلتوں میں اس قدر آفات ہیں۔ اور اپنے آپ کو اُن سے بچانا فرض ہے۔ لہٰذا ہر ایک کی حد اور حقیقت کا جاننا گزیر ہے۔ آپ بیان فرمائیں تاکہ ہر ایک سے بچنے کا طریقہ معلوم ہو جائے۔ کہ کس طرح انسان کو اپنی نگاہ داشت چاہیئے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ ہر ایک خصلت کے بارے میں بہت سا

کلام ہے۔ اور ہم نے اُس کو مفصّل طور پر کتاب احیاء العلوم میں بیان کر دیا ہے۔ اور اِس جگہ جس قدر کہ نہایت ضروری ہے۔ اُس کو چار اصل میں بیان کرتے ہیں ✤

پہلا اصل اُمید کے بیان میں۔ اہل علم نے اُمید کی یہ تعریف بیان کی ہے۔ اپنی زندگی میں کسی چیز کا ارادہ کرنا۔ کہ آیندہ اُس کو ضرور یقیناً کروں گا۔ اور کوتاہی اُمید کا یہ مطلب ہے۔ کہ اُس چیز کے یقیناً کرنے کو ترک کرے۔ اور انشاء اللہ تعالےٰ کہکر خدا کی مشیت اور علم اور ارادے کے سپرد کرے۔ یا اُس میں خدا کی طرف سے خیر اور اصلاح کی شرط لگا دے پھر اگر زندگی کی صورت نکل آوے۔ یعنے دوسرا سانس یا دوسری گھڑی یا دوسرا دن آجاوے تو یقیناً اُمیدوار ہو جاؤ گے۔ کیونکہ کرنے اور مصروف ہونے کا موقع مل گیا ہے۔ اور اگر تم اسی طرح کہو۔ کہ اگر خدا نے چاہا یا اُس کے علم میں ہوا۔ یا میں کل تک زندہ رہا اور خدا نے چاہا۔ یا خدا تعالےٰ کے حکم میں ہو۔ تو ان صورتوں میں تمہارے ذمے اُمید کے بارے میں کچھ بوجھ نہیں رہا ہے۔ اسی طرح اگر اپنی زندگی کا دوسرے وقت تک تصوّر کرو گے۔ تو صاحبِ اُمید کہلاؤ گے۔ اور اگر خدا تعالےٰ کی صلاح کے سپرد کرو گے تو صاحبِ اُمید نہ ہو گے۔ یعنے کوتاہی اُمید کے ساتھ موصوف ہو گے۔ کیونکہ تم نے یقینی ارادے کو ترک کر دیا ہے۔ لہذا اپنی زندگی کے بارے میں قطعی ارادے کو ترک کر دو۔ اِس سے مراد صرف زبان کا ذکر نہیں ہے۔ بلکہ دل کا فکر اور اُس کی ثابت قدمی ہے ✤

اور اِس بات کو یاد رکھو! کہ اُمید دو قسم پر ہے۔ ایک اُمیدِ عوام دوسرے اُمیدِ خواص۔ عام لوگوں کی اُمید یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی اور بقا دنیاوی مفاد اور دُنیاوی مال جمع کرنے کے واسطے چاہتے ہیں۔ اور یہ صرف گناہ ہے۔ اور اِس کی ضد اُمید کی کوتاہی ہے۔ اور خاص لوگوں کی اُمید یہ ہے۔ کہ وہ زندگی اور بقا کو عمل پورا کرنے کے واسطے چاہتے ہیں۔ ایسا عمل کہ جس میں بھلائی یقینی نہیں ہے۔ کیونکہ ایسے بہت سے اعمال ہیں۔ کہ جو بذاتِ خود خیر ہیں۔ مگر بندے کے لئے اُن میں خیر نہیں ہوتی ہے ممکن ہے۔ کہ ایسے عمل کے باعث کسی آفت میں مُبتلا ہو جائے۔ جب ایسا حال ہے تو بندے کے واسطے لائق نہیں ہے۔ کہ جب نماز یا روزہ شروع کرے۔ تو ساتھ ہی یقین کرے کہ میں اُس کو ضرور پورا ابھی کر لونگا۔ کیونکہ یہ علم غیب خداوندی میں ہے۔

Marfat.com

اور یہ بھی نہ خیال کرے کہ میں اس کو خیر و خوبی کے ساتھ پورا کروں گا۔ ممکن ہے۔ کہ اُس کو پورا کرنے کے بعد خیر و خوبی نہ ملے۔ بلکہ لازم ہے کہ انشاء اللہ تعالے کہے۔ اور خدا کی طرف سے صلاح کی شرط لگا دے۔ تاکہ امید کے عیب سے نجات ملے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کو ارشاد فرمایا ہے وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّا اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ (کسی چیز کی بابت ایسا مت کہو۔ کہ میں اس کو کل کرلوں گا (بلکہ اس طرح کہو) کہ اگر خدا نے چاہا (تو کل کو کروں گا) اور ان خاص لوگوں کی امید کی ضد۔ نیت نیک ہے۔ اور نیت نیک کو امید کی ضد کہنا مجازاً ہے۔ کیونکہ نیت نیک والا امید سے باز رہنے والا ہے۔ کیونکہ نیت نیک والا شخص عمل کے شروع میں یقین کا خواستگار ہے۔ اور اس کے پورا ہونے کو انشاء اللہ کہہ کر خدا کے سپرد کرتا ہے ❊

سوال اگر یہ دریافت کرو کہ ابتدا میں عمل کے کرنے پر یقین رکھنا کیوں جائز ہے؟ اور اس کے پورا کرنے میں انشاء اللہ کہنا اور سپردِ خدا کرنا کیوں واجب ہے؟

جواب اس بات کو جان لو کہ ابتدا میں کوئی خطرہ نہیں ہے۔ اور عمل کے تمام کرنے تک دو خطرے ہیں۔ ایک خطرہ تو یہ ہے کہ بندے کو علم نہیں ہے کہ پورا کرے گا یا نہیں۔ دوسرا خطرہ عمل کے فاسد ہونے کا ہے۔ کیونکہ اس بات کا علم نہیں ہے کہ اس میں بندے کے لئے انجام کار بہبودی بھی ہے یا نہیں ہے۔ بنا برین وصول کے خطرے کے باعث انشاء اللہ کہنا۔ اور فاسد ہو جانے کے خطرے کے باعث سپردِ خدا کرنا واجب ہے ❊

اور اس بات کو جان لو! کہ امید کو کوتاہ کرنے کا علاج موت کی یاد ہے۔ اور اس سے بھی بڑھ کر علاج یہ ہے۔ کہ ناگہانی موت کو ہر وقت یاد رکھے۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ❊

دوسرا اصل حسد کے بیان میں ہے۔ اس بات کو جان لو کہ خدا تعالےٰ کی نعمت کا زوال۔ کسی مسلمان بھائی سے چاہنا۔ جس میں کہ اس کی خیر اور بہتری ہے۔ اس کا نام حسد ہے۔ اور اگر کسی شخص کا ارادہ زوالِ نعمت نہ ہو۔ بلکہ اس طرح کی نعمت اپنے واسطے بھی چاہتا ہے۔ تو یہ حسد نہیں ہے۔ بلکہ اس کا نام غبطہ ہے۔ یعنے آرزو

Marfat.com

کرنا۔ یہ جائز ہے۔ اور حسد کی ضد نصیحت ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کی نعمت کی بقا اپنے مسلمان بھائی کے واسطے چاہیں۔ جس میں کہ اس کے واسطے خیر اور بہبودی ہے +

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ ہمیں کیسے علم ہے؟ کہ اُس نعمت میں صلاح ہے یا فساد۔ یا نصیحت۔ یا حسد ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ ایسے امور کے متعلق۔ غالب ظن بمنزلے علم ہے۔ اور شتبہ حالت میں کسی مسلمان سے نعمت کا زوال نہ چاہو۔ مگر اُس کو صلاحیت کی شرط لگا کر سپرد خدا کرو۔ تاکہ حاسد بننے سے نجات پاؤ۔ اور نصیحت کا فائدہ بھی حاصل کرو۔ اور نصیحت جو حسد سے روکنے والی ہے۔ اس پر اس طرح کاربند ہو سکتے ہو کہ خدا تعالےٰ کے وعدے یاد کرو۔ جو اُس نے مسلمانوں کے ساتھ محبت رکھنے میں کئے ہیں۔ اور بہترین علاج دو چیزیں ہیں۔ کہ جو حق تعالےٰ نے ایمان دار کے حق میں فکر کی ہیں۔ اُس کے لئے بڑی کرامات ہیں۔ اور اُس کا قدر اور مرتبہ خدا تعالےٰ کے نزدیک آخرت میں نہایت بلند ہے۔ اور دُنیا میں انسان کو دوستوں سے جمعہ اور جماعت میں جمع ہونے کے علاوہ۔ کام و کاج میں امداد کے بہت سے فائدے ہیں۔ اور آخرت میں اہل ایمان ایک دوسرے کی شفاعت کریں گے۔ اس قسم کی باتوں کا یاد رکھنا اہل اسلام کے لئے نصیحت کا باعث ہیں۔ اور جو نعمتیں اُن کو خدا تعالےٰ نے عنایت فرمائی ہیں۔ اُنہیں حسد کرنے سے روکتی ہیں +

تیسرا اصل جلدبازی کے بیان میں ہے۔ اس بات کو جان لو! کہ عجلت ایک چیز دل میں ثابت ہے۔ جس کے باعث کاموں پر فوراً توجہ ہوتی ہے۔ بے توقف اور بے سوچے سمجھے کام کرنے لگتا ہے۔ اور اُس کی ضد توقف ہے۔ یہ ایک قوت دل میں قائم ہے۔ جس کے باعث صدور افعال میں احتیاط ہوتی ہے۔ اور اُن کے کرنے میں خوب غور اور تامل ہوتا ہے اور توقف کی ضد تعسّف ہے +

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ توقف اور آہستگی میں یہ فرق ہے۔ کہ توقف بہترین کام کے شروع کرنے سے پہلے ہوتا ہے اور آہستگی کام میں داخل ہونے کے بعد ہوتی ہے۔ تاکہ کام کے ہر ایک حصہ کو ایسا ادا

کرے۔ کہ جو اُس کے ادا کرنے کا حق ہے۔ آہستگی اسی صورت میں ہوتی ہے۔ کہ عجلت کے باعث جو خطرات پیش آتے ہیں۔ اُن کو مدِ نظر رکھے۔ اور آہستگی کے باعث جو سلامتی ہے۔ اُس پر غور کرے۔ ایسی باتوں کے یاد کرنے سے۔ انسان کام میں توقف اور تامل کرتا ہے۔ اور جلد بازی سے رُک جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ مصالح کو خوب جانتا ہے۔ اور اُسی کے دستِ قدرت میں توفیق کی ڈور ہے ٭

چوتھا اصل تکبر کے بیان میں ہے۔ اس بات کو جان لو! کہ کبر ایک خطرہ آدمی کے دل میں پیدا ہوتا ہے۔ کہ اپنے نفس کی بلندی اور عظمت۔ اور دوسروں کی ذلت چاہتا ہے۔ اور اُس کے تابع تکبر ہے۔ اور ضَعت ایک خطرہ ہے کہ جس کے باعث انسان اپنے نفس کو ذلیل اور خوار جانتا ہے۔ اور اُس کے تابع تواضع ہے۔ اور عام اور خاص لوگوں کے واسطے تواضع اور تکبر جُدا جُدا ہے۔ عام لوگوں کی تواضع یہ ہے۔ کہ وہ لباس اور طعام اور مکان اور سواری بقدر کفایت پسند کرتے ہیں۔ اور اُن کا تکبر یہ ہے کہ وہ بہترین اور نہایت اعلےٰ لباس اور کھانا۔ اور گھر اور سواری طلب کرتے ہیں۔ اور خاص لوگوں کی تواضع یہ ہے۔ کہ حق بات کو قبول کریں۔ اُس کا بیان کرنے والا خواہ چھوٹا ہو یا بڑا۔ خواہ اعلےٰ ہو یا ادنےٰ۔ اور اُن کا تکبر یہ ہے۔ کہ حق بات کو نہ سُنیں۔ یہ بڑی نافرمانی اور بھاری گناہ ہے ٭

عوام الناس کی تواضع کا یہ علاج ہے۔ کہ اپنی حالت کے ابتدا کو اور درمیان کو اور اخیر کو سوچیں۔ اُن کی حالت کی ابتدا۔ منی کا گندہ پانی ہے۔ اور درمیان حالت کا یہ ہے کہ وہ ہر وقت نجاست کی گٹھڑی کو اُٹھائے پھرتے ہیں۔ اور آخر حالت میں گندے مردار ہیں۔ اور خاص لوگوں کی تواضع کا یہ علاج ہے۔ کہ وہ خدا تعالےٰ کے عذاب کو اُن لوگوں کے متعلق یاد کریں۔ کہ جو حق کو ترک کرتے ہیں اور باطل میں مشغول ہوتے ہیں ٭

پانچویں فصل

شکم کے بیان میں ہے

طالبِ عبادت! تم پر لازم ہے کہ شکم کو نگاہ رکھو اور اُس کی اصلاح کرو۔ کیونکہ شکم کی اصلاح نہایت ہی مشکل اور مرید پر بہت بڑی مہم ہے۔ اور اس کا ضرر بڑا اور اثر بہت قوی ہے۔ اس واسطے کہ تمام آخرت کے گناہوں کا منبع اور معدن شکم ہی ہے۔ اور تمام اعضا میں قوت اور ضعف۔ اور عصمت اور معصیت شکم ہی سے اُٹھ کر جاتے ہیں۔ بنابریں شکم کی حفاظت فرض ہے۔ اول حرام سے اور مشتبہ حرام سے۔ پھر فضول حلال سے۔ اگر عبادت کرنے کی ہمت ہے۔ اور حرام اور شبہ حرام سے پرہیز کرنا چاہتے ہو۔ تو اس کے تین باعث ہیں۔

پہلا باعث یہ ہے کہ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَ سَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا ؕ (جو لوگ کہ ظلم کے ساتھ یتیموں کا مال کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ کو کھاتے ہیں۔ اور وہ عنقریب ہی دوزخ میں پہنچیں گے) اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس گوشت نے حرام سے پرورش پائی ہے۔ اُس کے واسطے آگ بہتر ہے۔

دوسرا باعث یہ ہے۔ کہ حرام اور شبہ حرام کھانے والا راندۂ درگاہ آلہی ہے کہ عبادت کی توفیق نہیں رکھتا ہے۔ کیونکہ پاک لوگ ہی خدمتِ حق تعالےٰ کے لائق ہیں۔

میں کہتا ہوں! کہ حق تعالےٰ نے جُنبی شخص کو اپنی مساجد میں آنے کو منع کیا ہے۔ اور بے وضو آدمی کو اپنی کتاب قرآن مجید چھونے سے منع فرمایا ہے۔ باوجودیکہ جنابت اور بے وضو ہونا۔ ایک فعل مباح کا اثر ہے۔ بنابریں ایسا آدمی حق تعالےٰ کی عبادت میں کیسے باریاب ہو سکتا ہے؟ کہ جو سر سے پاؤں تک حرام میں ڈوبا ہؤا ہے۔ اور ایسی زبان کو ذکر آلہی کی کیسے توفیق ہو سکتی ہے؟ کہ جو حرام اور شبہ

Marfat.com

حرام کی نجاست میں آلودہ ہے ✤

حضرت یحیٰ بن معاذ ثوری رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ طاعت خدا تعالےٰ کے خزانے کے اندر ہے۔ اور اُس خزانے کی چابی دعا ہے۔ اور اُس چابی کے دندانے اکل حلال ہے۔ اگر چابی کے دندانے نہ ہوں تو دروازہ نہیں کھلے گا۔ اور جب خزانے کا دروازہ نہ کھلے گا۔ تو عبادت جو خزانے کے اندر ہے کیسے ہاتھ لگ سکتی ہے؟

تیسرا باعث یہ ہے۔ کہ حرام اور شبہ حرام کھانے والا خیرات کے افعال سے محروم ہے۔ اور اگر اچانک اس سے خیر ہو جائے تو مقبول نہیں ہے۔ پھر اُس کے مُنہ پر ماری جاتی ہے۔ پھر اُس عمل سے سوائے زحمت کے اور کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا ہے ✤

جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ بہت سے لوگ قیامِ شب کرتے ہیں۔ مگر اُن کو اُس قیامِ شب سے سوائے بیداری کے اور کچھ فائدہ نہیں ہے۔ اور کئی روزے دار ہیں۔ اُن کو روزہ رکھنے سے سوائے بھوکے مرنے کے کچھ حاصل نہیں ہے ✤

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس شخص کے پیٹ میں حرام ہے۔ اُس کو خدا تعالےٰ کی قبولیت حاصل نہیں ہے ✤

یہ حرام اور شبہ حرام کی حالت ہے۔ اب فضول حلال کی بابت سُنو! یہ عابدوں اور مجاہدوں کے واسطے آفت ہے۔ اور مَیں نے فضول حلال کو شکم پُر کر کے کھانے میں خوب غور کیا ہے۔ اس میں مَیں نے دس آفات معلوم کئے ہیں۔ کہ ہر ایک فعل عبادت میں دخل اصل ہیں ✤

پہلی آفت یہ ہے۔ کہ حلال کے زیادہ کھانے میں دل سخت ہوتا ہے۔ اور اُس کا نور جاتا رہتا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ زیادہ کھانے اور زیادہ پینے سے دل مر جاتے ہیں۔ کیونکہ دل بمنزلے زراعت کے ہے۔ اور زراعت بہت پانی سے تباہ ہو جاتی ہے ✤

دوسری آفت یہ ہے۔ کہ زیادہ خوری تمام اعضا کے لئے فتنہ ہے۔ اور فضول اور فساد کا باعث ہے۔ کیونکہ جب آدمی سیر ہوتا ہے۔ تو اُس کی آنکھ اونچا دیکھنے لگتی

Marfat.com

ہے۔ اور بیہودہ باتیں سُننے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اُس کی زبان بیہودہ بکواس کرنے لگتی ہے۔ اور یہی حالت شرمگاہ اور ہاتھ اور پاؤں وغیرہ کی ہو جاتی ہے۔ اور اگر بھوکا ہو تو اُس کے تمام اعضا سکون میں ہوتے ہیں۔ حضرت استاد ابو جعفر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شکم ایسا عضو ہے۔ کہ اگر یہ بھُوکا ہو تو سب اعضا نافرمانی سے سیر ہوتے ہیں۔ اور اگر شکم سیر ہو تو سب اعضا نافرمانی کے واسطے بھُوکے ہوتے ہیں ؞

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ انسان کے سب اقوال اور افعال اُس کے کھانے اور پینے کے مطابق ہیں۔ اگر شکم میں حرام جاتا ہے۔ تو اُس کے اقوال اور افعال حرام سے باہر آتے ہیں۔ لہٰذا اس طرح کہو! کہ طعام اقوال اور افعال کا تخم ہے۔ اور اقوال اور افعال پورے ہیں کہ جو اُس سے نکلے ہیں ؞

تیسری آفت یہ ہے۔ کہ بہت کھانے سے عقل اور فہم کی کمی ہوتی ہے۔ کہ سیر ہو کر کھانا طبیعت کی زیرکی اور جولانی کو دُور کر دیتا ہے۔ حضرت ابو سلیمان دلدانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اگر کوئی دین یا دُنیا کا کام کرنے لگو۔ تو جب تک اُس سے فارغ نہ ہو جاؤ۔ کھانا نہ کھاؤ۔ کیونکہ طعام عقل کو مارنے والا ہے۔ اور یہ ایسے شخص کا بیان ہے کہ جس نے خود تجربہ کیا ہے ؞

چوتھی آفت یہ ہے کہ بہت کھانے سے عبادت کم ہوتی ہے۔ کیونکہ زیادہ کھانے سے جسم بھاری ہوتا ہے۔ اور خواب غلبہ کرتی ہے۔ باوجود کوشش کرنے کے عبادت نہیں کر سکتا ہے۔ مگر بے حس و حرکت مردار کی طرح پڑا رہتا ہے۔ اور اگر گاہے کچھ عبادت کو بھی کر لے تو لذت اور شیرینی عبادت کی نہیں پاتا ہے ؞

ایک بزرگ رحؒ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس وقت آدمی کا شکم پُر ہو جائے تو اپنے آپ کو گرا پڑا ہوا جانے ؞

حضرت یحیٰ صلوات اللہ علے نبینا و علیہ نے ابلیس ملعون کو دیکھا۔ کہ اُس کے ہاتھ پر بہت سے پھندے ہیں۔ حضرت نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ اُس نے جواب دیا کہ یہ شہوات ہیں۔ اُن کے ذریعے لوگوں کو شکار کرتا ہوں۔ حضرت نے فرمایا کہ ان میں کوئی ایسی چیز بھی ہے کہ جس سے مجھے شکار کر سکو؟ اُس نے جواب دیا کہ نہیں!

مگر ہاں ایک رات آپ نے سیر ہو کر کھانا کھایا تھا۔ اور جسم بوجھل ہو گیا تھا۔ تو آپ کو نماز سے روکا تھا۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے جواب دیا۔ کہ میں آئندہ کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہ کھاؤں گا! ابلیس نے کہا کہ میں بھی پھر کبھی کسی کو۔ سچی بات نہ بتاؤں گا ÷

یہ حالت اُس شخص کی ہے کہ جس نے عمر بھر ایک بار سیر ہو کر کھانا کھایا تھا۔ تو ایسے شخص کی کیا حالت ہے؟ کہ جو عمر بھر ایک رات بھی بھوکا نہ رہا؟ اور اُس کو عبادت کرنے کی بھی خواہش نہ ہو ÷

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ عبادت ایک پیشہ ہے۔ اور اُس کی دکان خلوت ہے۔ اور اُس کے ہاتھ کو اونچا کرنے والی بھوک ہے ÷

پانچویں آفت یہ ہے کہ شکم پری سے عبادت کی حلاوت جاتی رہتی ہے ÷

حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میں جس روز سے مسلمان ہوا ہوں۔ میں نے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا ہے۔ تاکہ عبادت کی حلاوت حاصل کروں۔ اور میں نے اپنے پروردگار کے شوق میں۔ پانی بھی سیر ہو کر نہیں پیا ہے ÷

اور حضرت ابو سلیمان دارانی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میرے نزدیک عبادت کی حلاوت اسی وقت ہے۔ کہ شکم کمر کے ساتھ جڑا ہوا ہے ÷

چھٹی آفت یہ ہے۔ کہ بہت کھانے کی طلب میں۔ حرام اور شبہ حرام میں پڑنے کا اندیشہ ہے۔ کیونکہ حلال سوائے مقدار قوت کے حاصل نہیں ہوتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ حلال! مقدار قوت سے زیادہ نہ پاؤ گے۔ اور حرام بہت سا مل جائے گا ÷

ساتویں آفت یہ ہے۔ کہ بسیار خوری کیلئے جسم اور دل کی مشغولی ہے۔ پہلے حاصل کرتے ہیں۔ پھر سنبھالتے ہیں اور پھر کھاتے ہیں۔ پھر بار بار خلا خانے میں جانے کیواسطے ہے۔ حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دوستوں کو فرمایا۔ دوستو! میں وضو خانے میں اس قدر جاتا ہوں۔ کہ مجھ کو تم سے شرم آتی ہے ÷

آٹھویں آفت یہ ہے۔ کہ سکرات موت کی سختی کا دارومدار حیات کی لذت پر ہے۔ جس شخص کو زندگی کے دنوں میں بہت لذت ہے۔ اُس پر سکرات موت کے

بہت ہی سخت ہیں +

نویں آفت یہ ہے۔ کہ زیادہ خوری میں ثواب آخرت کا نقصان ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ (تم نے زندگی دُنیا کی خوبیوں کو حاصل کیا۔ اور اُن سے فائدہ اُٹھایا۔ لہذا آج ذلت کے عذاب کا بدلہ دیئے جاؤ گے۔ اِس باعث سے کہ تم زمین پر ناحق تکبر کرتے تھے۔ اور اِس وجہ سے کہ تم بدکار تھے) اور اِسی واسطے ہے کہ جب دُنیا آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم کے سامنے پیش کی گئی۔ اور کہا گیا۔ کہ اِس شرط پر قبول کرو۔ کہ آخرت میں سے کوئی چیز کم نہ ہو۔ بنابریں آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم نے فقر کو اختیار کیا۔ یہ بات آنحضرت کے غیر کے واسطے ذلیل ہے۔ کہ دُنیا کے باعث اُس کی آخرت کا نقصان ہوتا ہے +

اور روایت کرتے ہیں کہ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ کو پیاس لگی ایک شخص نہایت ہی سرد پانی کہ جس میں کھجوریں ڈالی ہوئی تھیں لایا۔ جب حضرت نے پیا تو اُس کو نہایت سرد اور شیریں پایا۔ آپ نے مُنہ سے دُور کیا اور آہ سرد بھری۔ اِس شخص نے عرض کی۔ کہ یا امیر المومنین! پانی سرد اور شیریں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ کسی چیز نے مجھ کو پینے سے رُوک دیا ہے۔ اے نیک بخت! اگر آخرت کا خوف نہ ہوتا۔ تو میں بھی کھانے اور پہننے میں تمہارے ساتھ شامل ہوتا +

دسویں آفت یہ ہے۔ کہ بہت کھانے میں۔ حبس اور حساب۔ اور ملامت اور ترک ادب فضول ہیں۔ اور خواہشات نفسانی کی طلب ہے۔ کیونکہ دُنیا کا حلال حساب ہے۔ اور دُنیا کا حرام عذاب ہے۔ یہ وہ دس چیزیں ہیں۔ کہ جو حلال کے زیادہ کھانے کے متعلق ہیں۔ اور اِن میں سے ہر ایک۔ اُس شخص کے لئے کافی ہے۔ کہ جو اپنے دین میں اہتمام رکھتا ہو +

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ ہمارے واسطے حرام اور مشتبہ حرام کا حکم بیان فرمائیں۔ اور اُن میں سے ہر ایک کی واضح تعریف بیان کیجئے +

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اِس بارے میں اہل علم کی مختلف رائیں ہیں

Marfat.com

بعض عالم یہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ جس چیز کو یقیناً جان لو۔ کہ وہ دوسرے کی ملکیت ہے اور شرع شریف نے اس کے لینے کو منع فرمایا ہے۔ تو ایسی چیز محض حرام ہے۔ اور اگر یقیناً معلوم نہ ہو کہ وہ دوسرے کی ملکیت ہے۔ مگر ظن غالب ہے تو یہ مشتبہ حرام ہے۔ حرام سے بچنا واجب ہے اور شبہ حرام سے بچنا تقویٰ اور پرہیزگاری ہے ۔

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ ہمارے زمانے میں بادشاہ لوگ جو وظائف دیتے ہیں۔ ان کی بابت کیا حکم ہے ؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ اس بارے میں علماء نے اختلاف کیا ہے ایک قوم کی رائے ہے۔ کہ جس چیز کی بابت تمہیں حرام ہونے کا یقین نہیں ہے۔ تمہارے واسطے جائز ہے کہ اس کو لے لو! اور بعض اہل علم کی رائے ہے۔ کہ جس چیز کے حلال ہونے کی بابت یقین ہو اس کا لینا حلال ہے۔ اور چونکہ اکثر ہمارے زمانے کے بادشاہوں کے مال حرام ہیں۔ اور حلال ان کے ہاتھ میں نادر یا معدوم ہے ۔

اور بعض اہل علم کی رائے ہے۔ کہ بادشاہوں کے عطیے اور وظائف جبتک کہ ان کے حرام ہونے کا یقین نہ ہو۔ ہر ایک شخص غنی اور فقیر کے واسطے لینے حلال ہیں۔ ان علماء نے اپنے قول کی سند میں بیان کیا ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے شاہ مقوقس والئے اسکندریہ کا ہدیہ قبول فرمایا تھا۔ اور آپ نے ایک یہودی سے قرض لیا تھا۔ باوجودیکہ حق تعالےٰ نے یہود کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے۔ اَکّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ (کہ یہود حرام خور ہیں) اور اس وقوعے سے بھی سند حاصل کی ہے کہ ایک جماعت صحابہ رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین نے سلاطین اہل ظلم کا زمانہ پایا ہے اور ان سے عطیات قبول کئے ہیں۔ چنانچہ اسی جماعت میں سے حضرت ابو ہریرہ اور عبد اللہ بن عباس اور عبد اللہ بن عمر رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین ہیں ۔

اور بعض دوسرے اہل علم کی رائے ہے۔ کہ بادشاہوں کا مال غنی اور فقیر کسی کے واسطے بھی لینا حلال نہیں ہے۔ کیونکہ وہ ظالم ہیں۔ اور ان کے اکثر اموال حرام ہیں۔ اور اعتبار اکثریت کا ہوتا ہے۔ لہٰذا ان کے مالوں سے اجتناب کرنا واجب ہے ۔

اور بعض متاخرین میں سے اہل علم کی رائے ہے۔ کہ جس مال کے حرام ہونے

Marfat.com

کا یقین نہیں ہے۔ اُس کا لینا غنی آدمی کو ناجائز۔ اور فقیر کو جائز ہے۔ اور اگر فقیر کو بھی یقین ہو جائے۔ کہ وہ مال بیگانہ حق چھینا ہوا ہے۔ تو اُس کو صاحب مال کی طرف واپس کرے۔ اُس کا لینا جائز نہیں ہے۔ اِس صورت کے علاوہ فقیر کو مالِ سلاطین میں سے۔ کچھ لینے کا خوف نہیں ہے۔ کیونکہ مال اگر بادشاہ کی مِلک خاص ہے۔ تو مالک نے فقیر کو دیا ہے۔ تو کیوں نہ لے؟ اور اگر مال۔ مالِ غنیمت یا خراج یا عُشر کا ہے۔ تو بھی فقیر کیواسطے اُس میں حق ہے ✣

اِسی طرح خاص الخواص اہلِ علم میں سے۔ حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جو کوئی شخص اپنی رضاء ورغبت سے اسلام میں داخل ہووے اور قرآنِ مجید پڑھتا ہے۔ تو اُس شخص کے واسطے بیت المال۔ اہلِ اسلام میں حق ہے۔ کہ چالیس درم سالانہ وظیفہ حاصل کرے۔ اور ایک روایت میں بجائے درم کے لفظ دینار ہے۔ اور شرط یہ ہے۔ کہ یہ شخص صرف طالب آخرت ہو۔ اور دُنیا دار نہ ہووے ✣

جب یہ حالت ہے۔ تو مسئلہ صاف ہو گیا۔ تنگ دست لوگ اور اہلِ علم جو وظائف لیتے ہیں۔ وہ اپنا حق لیتے ہیں۔ اور اِن مسائل کے متعلق نہایت تحقیق اور بحث کے بعد فتویٰ دینا ممکن ہے۔ اگر میں پوری تقریر بیان کروں۔ تو مطلب سے بہت دُور جا پڑوں گا۔ اور اگر اِن مسائل کی معرفت پورے طور پر حاصل کرنا چاہتے ہو۔ تو کتاب احیاء العلوم میں۔ کتاب حلال اور حرام کا مطالعہ کرو ✣

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ اہل بازار وغیرہ کے عطیات کی بابت کیا حکم ہے؟ کہ اُن کو واپس کرنا یا اُن کے بارے میں بحث کرنی واجب ہے یا نہیں۔ اور بازاریوں کی حالت اور اُن کا جھوٹ۔ اور معاملات کے بارے میں اُن کی بے اعتنائی معلوم ہے؟ اور اسی طرح دوسرے برادران کے عطیات کی بابت کیا فرمان ہے۔ کیا واپس کئے جائیں یا قبول کئے جائیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ انسان کی ظاہری حالت پردہ پوشی اور صلاحیت ہے۔ لہذا ایسے لوگوں کے صدقات اور عطیات قبول کرنے میں خوف نہیں ہے۔ اور تمہارے واسطے بحث اور کہنا کہ زمانہ تباہ ہو گیا ہے۔ واجب نہیں ہے

Marfat.com

کیونکہ یہ اہل اسلام پر گمان بد کرنا ہے۔ اور ہمیں حکم ہے کہ مسلمان پر نیک گمان رکھیں +

پھر اِس بات کو جان لو! کہ اِس جگہ دو باتیں ہیں۔ ایک شرع شریف کا حکم اور اُس کا ظاہر۔ دوسرے پرہیز گاری کا حکم اور اُس کا حق۔ اور شرع کا حکم یہ ہے۔ کہ اگر کوئی شخص تم کو کوئی چیز دے۔ اور بظاہر صلاحیت معلوم ہوتی ہے۔ تو اُس کو لے لو۔ اور یہ سوال کرو کہ کہاں سے لائے ہو؟ ہاں اگر تمہیں یقیناً معلوم ہو جائے کہ یہ چیز لوٹ کا مال ہے۔ یا حرام کا مال ہے تو ترک کر دو۔ اور تقوے کا حکم یہ ہے۔ کہ کسی سے کوئی چیز نہ لو! تاوقتیکہ اُس کی بابت اچھی طرح بحث نہ کر لو! پھر اگر یقین ہو جائے کہ وہ چیز مشتبہ نہیں ہے تو لے لو۔ ورنہ واپس کر دو +

روایت کرتے ہیں کہ حضرت امیر المؤمنین ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا غلام اُن کے واسطے دودھ لایا۔ جب آپ پی چکے۔ تو غلام نے عرض کی۔ کہ جب کبھی پہلے اِس سے کوئی چیز میں آپ کے پاس لاتا۔ تو آپ دریافت فرمایا کرتے تھے۔ کہ یہ چیز کیسی ہے؟ اور آپ نے دودھ کی بابت حالت دریافت نہیں فرمائی ہے؟ آپ نے دریافت فرمایا۔ کہ اچھا اِس دودھ بابت واقعہ بیان کرو؟ غلام نے عرض کی کہ کسی قوم کے یہاں میں نے زمانے جاہلیت کا ٹونا ٹوٹکا کیا تھا۔ وہاں سے یہ دودھ ملا تھا۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے۔ اپنی انگشت مبارک اپنے گلے میں ڈالی۔ اور دودھ کو بذریعہ قے نکالدیا۔ اور درگاہِ خداوند تعالےٰ میں عرض کی۔ کہ یا رب! اِسی قدر میرے اختیار میں تھا۔ اور جو بقیہ میری رگوں اور ریشوں اور گوشت پوست میں رہ گیا ہے۔ اُس کی بابت تیری ذات کفایت کرنے والی ہے +

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ تقریر بالا سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ تقویٰ شرع شریف کے مخالف ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ شرع شریف کی وضع آسانی پر ہے۔ اور تقوے کی وضع تکلیف پر ہے۔ جیسے کہ کہتے ہیں۔ کہ لوہے کی گرہ سے بھی زیادہ پرہیز گار کے کام میں تنگی اور دقت ہے۔ باوجود اِس کے تقویٰ۔ شریعت کے خلاف نہیں ہے۔ اور دونوں اصل میں ایک ہی ہیں۔ ولیکن شریعت کے دو حکم ہیں۔ ایک حکم جواز۔ اور

دوسرا حکم افضلیت - اور افضلیت کو تقوے کا حکم کہتے ہیں - لہذا شریعت اور تقویٰ اصل میں ایک ہیں - اور بظاہر نظر جُدا جُدا معلوم ہوتے ہیں ❖

سوال اگر یہ دریافت کرو ! کہ اگر میں بحث اور احتیاط نہایت درجے کی نگاہ کروں گا - تو مجھے ہر ایک بات میں یک لخت تنگی اور مُصیبت کا سامنا ہوگا - اور اِس زمانے میں تو صرف زندگی بچانے کے واسطے بھی رزق حلال میسر نہ ہو سکے گا ؛

جواب اِس بات کو جان لو ! کہ پرہیز گار اور متقی بننا - خالہ جی کا گھر نہیں ہے ! اور جو شخص متقی بننا چاہے - تو اُس کے واسطے لازم ہے - کہ تمام آفات اور مصائب کو اپنی جان پر جھیلے - ورنہ تقویٰ میسر نہ ہوگا - اسی واسطے بہت سے عابد اور زاہد - پہاڑ لبنان وغیرہ میں سکونت اختیار کرتے ہیں - اور وہیں پر ساگ اور جنگلی میوے کھا کر جو کسی حالت میں بھی مشتبہ نہیں ہیں - قناعت کے ساتھ گذران کرتے ہیں - بنابریں جو شخص بلند ہمت ہے - اور تقوے کا مرتبہ حاصل کرنا چاہتا ہے - اُس کو اس کے سوا چارہ نہیں ہے - کہ سختیوں کی برداشت کرے - اور اُن پر صبر کرے - اور پرہیز گاروں کے رستے کا سلوک کرے - تاکہ اُن کی منزل اور مرتبہ حاصل کرے - اور اگر یہ چاہتا ہے - کہ لوگوں ہی کے درمیان رہے - اور جہاں سے وہ کھاتے ہیں - وہیں سے یہ بھی کھائے - تو اس طرح کھائے کہ جیسے مردار کھایا جاتا ہے - کہ ضرورت کے سوا اس پر ہاتھ نہ ڈالے - اور اِس قدر کھائے کہ اُس کے ذریعے عبادت کر سکے - اِس مقدار پر معذور ہے - اور کچھ نقصان نہیں ہے - اگرچہ ایسے کھانے کی اصل مشتبہ ہی کیوں نہ ہو - اسی واسطے حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں فَسَدَ السُّوْقُ فَعَلَیْکُمْ بِالْقُوْتِ (بازار خراب ہوا لہذا تم پر صرف طلب قوت ہی لازم ہے) ❖

اور روایت کرتے ہیں کہ حضرت وہب بن ورد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے - کہ ایک دن - دو دن - تین دن بھوکے رہو - اور پھر ایک روٹی لو - اور پانی میں بھگو کر کھاؤ - اور اِس طرح کہو - کہ میرے خدا ! تجھ کو معلوم ہے - کہ اگر میں نہ کھاؤں تو عبادت نہ کر سکوں گا - ورنہ میں یہ نہ کھاتا - میرے خدا ! اگر یہ حرام ہے - یا مشتبہ حرام ہے - تو اِس پر میرا مؤاخذہ نہ کرنا ❖

میں کہتا ہوں کہ یہ دو طریق اُن لوگوں کے واسطے ہیں - کہ جو تقوے میں مرتبہ

Marfat.com

بلند حاصل کرنا چاہتے ہیں۔لیکن اِن کے سوا دوسرے لوگوں کے واسطے بھی اُن کی بحث اور احتیاط کے موافق حصہ ہے ۔

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ یہ بیان حرام کے متعلق تھا۔ اب ہم کو حلال کے متعلق خبر دیں۔اور فضول حلال کی کیا حد ہے؟ کہ جس کے باعث حبس اور حساب لازم ہے۔اور اُس کی کتنی مقدار ہے؟ جتنی کہ بندہ حاصل کرے۔ادب ہو۔اور فضول نہ ہو۔ کہ جس کے باعث بندے پر حبس اور حساب لازم نہ آوے؟

جواب اس بات کو جان لو۔ کہ سب طرح کے حلال تین قسم پر ہیں ۔

ایک قسم یہ ہے کہ انسان حلال کو حاصل کرے۔اور اُس کی نیت میں فخر اور بڑھائی اور ریا اور کثرتِ مال ہو۔ ایسا حصول۔ایک بُرا فعل۔باعث حبس اور حساب اور ملامت اور عذاب ناک ہے۔اپنی ظاہری حالت اور باطنی حالت میں۔موجب عذاب دوزخ ہے ۔

دوسری قسم یہ ہے۔کہ مال کو اپنی نفسانی خواہشات کے واسطے کماؤ۔یہ بھی بُرا ہے۔اور باعث حبس الٰہی اور موجب حساب ہے۔چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے۔حَلَالُهَا حِسَابٌ (کہ دُنیا کا حلال حساب ہے)۔

تیسری قسم یہ ہے کہ مال حلال حالتِ عذر اور تنگی میں حاصل کرے۔اس قدر کہ عبادت الٰہی کے واسطے مددگار ہو۔اور اُس کو ضرورت سے زیادہ حاصل نہ کرے۔ ایسا حاصل کرنا خیر اور نیکی اور ادب ہے۔اِس پر کسی طرح کا حساب اور عتاب الٰہی نہیں ہے۔بلکہ اجر اور مدح کا باعث ہے ۔

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ مالِ حلال حاصل کرنے کی کیا شرط ہے؟ تاکہ باعث خیر اور نیکی کا ہووے ۔

جواب اس بات کو جان لو۔ کہ اس میں دو شرطیں ہیں۔ ایک حالت۔ اور دوسرے ارادہ۔حالت کا یہ مطلب ہے۔کہ ایسے حال میں حاصل کرے۔کہ اگر نہ حاصل کرے تو اُس کو مواخذہ ہو۔اِس کا مطلب یہ ہے۔کہ ایسی حالت میں ہو۔کہ اگر اُس حالت میں مالِ حلال کو حاصل نہ کرے۔تو اُس کے باعث فرض یا سُنّت یا نفل سے رک جاوے۔کیونکہ وہ فرض اور سُنّت اور نفل ترک مباح سے کہیں افضل ہے۔کیونکہ دنیا کے مباح کی ترک بھی فضیلتوں میں داخل ہے۔جب ایسا حال ہو تو انسان معذور ہے ۔

Marfat.com

اور ارادے کا یہ مطلب ہے۔ کہ حصولِ مال سے یہ مقصد ہو۔ کہ اُس سے خدا تعالےٰ کی عبادت میں تقویت حاصل ہو۔ اور یہ اِس صورت میں ہے۔ کہ اپنے دل میں نیت کرے کہ اگر میں نے عبادت نہ کرنی ہوتی تو اِس مال کو حاصل نہ کرتا۔ جب اِن دو شرطوں سے حاصل کرے گا۔ تو یہ حصولِ مال محض خیر اور نیکی اور ادب ہے۔ اگر یہ دو شرطیں نہ پائی جائیں تو ایسا حصولِ مال۔ خیرات میں سے نہ ہوگا ؞

سوال اگر یہ دریافت کرو! اگر کوئی شخص دنیا میں حلال مال اپنی خواہش برآری کے واسطے طلب کرتا ہے۔ ایسا حصولِ مال گناہ ہے یا نہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ طلب مال حالت ضرورت میں فضیلت ہے اور اِس کا نام خیر اور حسنہ ہے۔ اور شہوت نفسانی کے واسطے حاصل کرنا بُرائی اور گناہ ہے۔ اور اُس میں حبس آلہٰی اور حساب اور ملامت ہے۔ البتہ عذاب دوزخ نہیں ہے ؞

سوال اگر دریافت کرو! کہ حبس اور حساب کیا چیز ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ حساب کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے روز دریافت کیا جائے گا۔ کہ مال تم نے کہاں سے کھایا؟ اور کہاں صرف کیا؟ اور اُس کے کمانے اور صرف کرنے میں۔ تمہارا کیا ارادہ تھا۔ اور حبس کا مطلب یہ ہے کہ ایسا شخص ایک مُدت تک قیامت کے میدانوں میں۔ بہشت میں داخل ہونے سے روکا جائیگا۔ اور وہاں پر طرح طرح کی سختیاں اور وحشتیں دیکھے گا۔ اور بھوکا پیاسا برہنہ پڑا رہے گا ؞

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ جب خدا تعالےٰ نے کسب کو حلال ٹھیرایا ہے تو پھر ملامت اور عیب کیا ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ ایسا شخص ترکِ ادب کے باعث مستحق عیب اور ملامت ہے۔ جیسے کہ کسی شخص کو بادشاہی دستر خوان پر بٹھائیں۔ اور وہ شخص ادب کو نگاہ میں نہ رکھے۔ ایسا آدمی ضرور مستحق عیب اور ملامت ہے۔ اگرچہ طعام اُس کے واسطے مباح ہے ؞

اور حاصلِ کلام اِس باب میں یہ ہے۔ کہ حق تعالےٰ نے بندوں کو اپنی عبادت

کے واسطے پیدا کیا ہے۔ لہذا بندے پر واجب ہے کہ ہر ایک طرز پر عبادتِ حق تعالےٰ کرے۔ اور تمام کام اِس طرح کرے۔ کہ عبادت ہی کر رہا ہے۔ جس طرح بھی ہو سکے۔ اور اگر ایسا نہ کرے۔ اور اپنی خواہش اور نفس کا اتباع کرے۔ اور اِس باعث سے عبادت پروردگار سے رُک جائے۔ بنابریں مستحقِ عیب اور ملامت ہوگا۔ کیونکہ دُنیا عبادت خانہ ہے۔ اور نعمت خانہ نہیں ہے۔ اِس قاعدے پر خوب اچھی طرح سے غور کرو۔ یہی بیان ہمارا مقصود تھا۔ نفس کی اصلاح میں۔ اور اُس کو تقوے کی لگام دینے میں۔ اِس کو خوب سمجھو اور اِس پر عمل کرو۔ تاکہ تمہارے لئے سعادت دارین حاصل ہو۔ انشاءٔ اللہ تعالےٰ۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔

فصل دُنیا اور مخلوق اور شیطان اور نفس کے علاج میں

طالبِ عبادت! تم پر لازم ہے۔ کہ اِس دراز اور بڑی کھاٹی کے طے کرنے میں۔ پوری جدوجہد کے ساتھ چارہ جوئی کرو۔ کہ یہ تمام گھاٹیوں میں سے سخت اور گراں گذار گھاٹی ہے۔ اور اِس میں سخت محنت اور بڑے بڑے فتنے ہیں۔ کیونکہ جو شخص ہلاک ہوا۔ اور خدا تعالےٰ تک نہ پہنچا۔ اُس کا سبب۔ دُنیا یا خلقت۔ یا نفس یا شیطان ہے حقانی رستے میں یہی چار چیزیں حجاب ہیں۔ لہذا ہر ایک بیان میں قناعت بخش نکتہ سُنو! دُنیا کا بیان یہ ہے۔ کہ اُس سے خوف کرو۔ اور اُس میں زہد کرو۔ کیونکہ تمہاری حالت تین صفت سے خالی نہیں ہے۔ کیونکہ تم عبادت میں، یا اہلِ بصیرت ہو۔ یا اہلِ ہمت ہو۔ یا اہلِ غفلت ہو۔ اگر تم اہلِ بصیرت ہو تو۔ تمہارے لئے یہی کافی ہے۔ کہ دُنیا حق تعالےٰ کی دشمن ہے۔ اور حق تعالےٰ تمہارا دوست ہے۔ پھر دنیا بھی تمہاری دوست ہو؟ جو تمہاری عقل کو زائل کرتی ہے۔ حالانکہ عقل ہی کے ذریعے تمہاری قیمت ہے۔

اور اگر تم اہلِ ہمت سے ہو۔ تو تمہارے لئے یہی جان لینا کافی ہے۔ کہ شامتِ دنیا۔ اِس حد تک ہے کہ تم کو عبادت سے روکتی ہے۔

اور اگر تم اہلِ غفلت ہو۔ تو تمہارے لئے اِس بات کو جاننا کافی ہے۔ کہ دُنیا باقی رہنے والی چیز نہیں ہے۔ یا تم اِس سے جُدا ہو جاؤ گے۔ اور یا وہ تم سے جُدا ہو جائے گی

Marfat.com

لہٰذا اُس کی طلب میں سوائے عمرِ عزیز ضائع کرنے کے اور کیا فائدہ ہے؟

شیطان کا بیان یہ ہے۔ کہ تمہارے لئے اُس سے بچنے کے واسطے حق تعالےٰ کا ارشاد کافی ہے۔ جو اُس نے اپنے نبی صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم کو مخاطب کر کے فرمایا ہے۔ قُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ (اس طرح دُعا مانگو! کہ میرے رب! میں تیرے ذریعے شیطانوں کے وسوسوں سے پناہ مانگتا ہوں۔ اور تیرے ذریعے سے میرے رب! ان کے نزدیک آنے سے پناہ مانگتا ہوں) کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم کی یہ حالت ہے۔ کہ جو تمام جہانوں سے بہتر اور زیادہ عقل والے اور زیادہ فضل والے ہیں۔ کہ آپ شیطانوں کے سر سے پناہ مانگنے کے واسطے خدا تعالےٰ کے محتاج ہیں۔ لہٰذا یہاں سے معلوم کرنا چاہئے کہ دوسرے لوگوں کی کیا حالت ہے؟ جن میں جہالت اور نقصان عقل اور غفلت پڑے سرے کی ہے۔

خلقت کا بیان یہ ہے۔ کہ اس میں تمہارے لئے اس بات کو جان لینا کافی ہے۔ کہ اگر تم ان کے ساتھ میل ملاپ رکھو۔ اور خواہشات میں ان کے ساتھ موافقت کرو۔ تو اُن کے رستے پر چلے۔ اور آخرت کا کام تم سے جاتا رہا۔ اور اگر تم ان کے ساتھ مخالفت کرو۔ تو ستائیں گے۔ اور تمہارے دینی اور دنیاوی کام کو خراب کرینگے اور تم بھی اُن کی عداوت میں پڑے رہو گے۔ اور اگر تمہاری مدح اور تعظیم کریں تو فتنے اور اترانے کا خوف ہے۔ اور ان کی اس کرتوت پر بھی نگاہ کرو۔ کہ تمہیں قبر میں رکھنے کے بعد۔ تین ہی روز میں کس طرح بھول جاتے ہیں؟ تمہارا ذکر زبان پر بھی نہیں لاتے ہیں۔ گویا کہ ایسا ہے کہ انہوں نے تم کو دیکھا ہی نہیں ہے۔ اور تم نے ان کو دیکھا نہیں ہے۔ اور قبر میں تمہارے ساتھ حق تعالےٰ کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ تو اس سے بڑھ کر اور کون سا نقصان ہو گا۔ کہ اپنی عمر عزیز کو بیوفا مخلوق کے ساتھ ضائع کرو؟ اور خدا تعالےٰ کی خدمت کو ترک کرو۔ جس کی طرف کہ آخر کار بازگشت ہے۔ مسکین بھائی! اس بات میں غور کرو! امید ہے کہ تمہیں راہِ راست ملجائے گا۔

نفس کا بیان یہ ہے۔ کہ کاروبار میں اُس کے نمونے کا مشاہدہ کرتا ہی

Marfat.com

کافی ہے۔ اُس کی حالتوں اور خواہشوں کو دیکھو۔ شہوت کی حالت میں چوپایہ ہے۔ غصّے کی میں درندہ ہے۔ نافرمانی کی حالت میں بچّہ ہے۔ نعمت کی حالت میں فرعون ہے۔ اور بھوک کی حالت میں دیوانہ ہے۔ پیٹ بھر کر اترانے والا ہے ✽

اگر تم نفس کو سیر کرو تو نافرمانی کرتا ہے۔ اگر بھوکا رکھو تو فریاد کرتا ہے۔ اور گدھے کی طرح شور وغل کرتا ہے۔ اگر جو ملیں تو لوگوں پر دولتی جھاڑتا ہے۔ اگر بھوکا رکھو تو شور مچاتا ہے ✽

ایک بزرگ نے صلحا میں سے رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تباہی اور نفس کی جہالت اس طرح ہے۔ کہ جب گناہ کرنا چاہتا ہے۔ یا کسی آرزو کی طلب کرتا ہے۔ اگر خدا تعالیٰ کا واسطہ ڈالو۔ پھر رسولِ خدا۔ اور تمام کتابوں اور انبیا علیہم السلام اور سلف صالحین رضوان اللہ علیہم اجمعین کو پیش کرو۔ موت اور قبر اور قیامت اور بہشت اور دوزخ کو یاد دلاؤ۔ تو اپنے عناد اور سرکشی کو ترک نہیں کرتا ہے۔ اور اُس گناہ اور شہوت سے رُکتا نہیں ہے۔ اور اگر کھانے کو نہ دو۔ تو شہوت کو ترک کرتا ہے اُس کی جہالت اور خست کی یہی حالت ہے۔ لہٰذا تم پر لازم ہے کہ اُس سے غفلت نہ کرو اور اُس کی حالت کو پروردگار عالمین نے اِس طرح ارشاد فرمایا ہے اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ ط (یقیناً نفس بدی کا حکم کرنے والا ہے) جو شخص عقل رکھتا ہے۔ اُس کے واسطے یہ تنبیہ حق تعالیٰ کی طرف سے کافی ہے ✽

اور بعض صالحین سے روایت ہے۔ کہ آپ کا اسم شریف حضرت احمد اللہ قلیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا۔ کہ میرے نفس نے میرے ساتھ نزاع کیا کہ جہاد کے واسطے خلوت سے باہر نکلے۔ میں نے سوچا کہ سبحان اللہ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ (یقیناً نفس بدی کا حکم کرنے والا ہے) اور نفس مجھے نیکی کی طرف بلاتا ہے۔ یہ تو ہرگز نہیں ہو سکتا ہے؟ مَیں نے اپنے نفس کو کہا۔ کہ تو تنہائی سے تنگ آگیا ہے۔ اِس جہاد کے بہانے سے لوگوں سے ملنا چاہتا ہے۔ تاکہ لوگ تیری تعظیم کریں۔ پھر میں نے کہا کہ میں آبادی میں نہ اُتروں گا۔ نفس نے اِس بات کو قبول کر لیا۔ میں بدگمان ہوا۔ اور میں نے کہا کہ حق تعالیٰ نے بالکل راست فرمایا ہے۔ پھر میں نے اپنے نفس کو کہا۔ کہ میں کافروں کے ساتھ بغیر ہتھیاروں کے

Marfat.com

جنگ کروں گا تاکہ پہلے جو شخص شہید ہو۔ وہ میں ہوں گا۔ میرے نفس نے اس بات کو بھی قبول کر لیا۔ اسی قسم کی میں نے اس پر بہت سی باتیں شمار کیں میرے نفس نے سب کچھ قبول کر لیا۔ آخر میں نے درگاہ حق تعالے میں عرض کی میرے خدا! مجھ کو نفس کے مکر و فریب پر مطلع فرما؟ تاکہ میں جان لوں۔ کہ تو سچا ہے۔ اور نفس جھوٹا ہے۔ پھر میں نے اپنے مکاشفات میں دیکھا کہ گویا کہ میرا نفس مجھ کو کہتا ہے! کہ احمد! تم ہر روز مجھکو میری خواہشوں سے روک کر تازہ کرتے ہو! اور کسی آدمی کو اس پر اطلاع نہیں ہے۔ اور اگر میں نے دشمن کے ساتھ جنگ کیا اور مارا گیا۔ تو اس عذاب سے نجات پاؤں گا۔ اور مجھے لوگوں میں مرتبہ حاصل ہو گا۔ کہیں گے کہ احمدؒ شہید ہو گیا ہے۔ پھر میں نے اس سال میں جہاد کا ارادہ ترک کر دیا۔ اور خلوت میں بیٹھا رہا +

بنابریں طالب عبادت! نفس کے مکر اور دھوکے پر غور کرو۔ کہ مرنے کے بعد مرتبے کا۔ لوگوں میں طالب ہے۔ اس بات کو جان لو! کہ اس جگہ ایک بڑا اصل ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ تم اس بات کو جان لو! کہ عبادت کے دو حصے ہیں۔ ایک حصہ کسب کرنا ہے۔ اور دوسرا حصہ پرہیز کرنا ہے۔ یعنے عبادت کا کسب کرنا۔ اور گناہوں اور شبہات سے پرہیز کرنا ہے۔ اور یہی تقویٰ ہے۔ اور پرہیز کا حصہ کسب کے حصے پر افضل اور اشرف ہے +

اسی واسطے اہل عبادت مبتدی۔ کہ جو ابتدائی درجے میں ہیں۔ کسب کے حصے میں مشغول ہوتے ہیں۔ اور ان کی پوری ہمت اسی بات پر ہوتی ہے۔ کہ روزہ رکھیں اور رات کو قیام کریں۔ اور اسی طرح دوسری عبادات بدنی کی طرف توجہ کرتے ہیں +

اور اہل عبادت۔ جو کامل اور اہل بصیرت ہیں۔ وہ دوسرے حصے پر یعنے گناہوں سے پرہیز کرنے کی طرف مشغول ہوتے ہیں۔ اور ان کی کامل ہمت یہ ہوتی ہے کہ اپنے دل کو غیر خدا تعالے کی طرف رغبت کرنے سے نگاہ میں رکھتے ہیں۔ اور نگاہ کو ادھر اُدھر اوپر کو نہیں اٹھاتے ہیں +

یہی مطلب دوسرے عابد نے سات عابدوں میں سے۔ اپنے ساتھی یونس کو رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ یونس! بعض لوگ نماز کو دوست رکھتے ہیں۔ اور بعض لوگ روزے کو دوست رکھتے ہیں۔ اور بعض لوگ صدقہ دینے کو دوست

رکھتے ہیں۔ تمہاری نماز یہ ہے کہ کسی کو ستاؤ نہیں۔ اور روزہ یہ ہے کہ بات نہ کرو اور پرہیز کا صدقہ دو۔ کیونکہ کوئی نماز اور روزہ اور صدقہ اس سے بہتر نہیں ہے ❊

جب تم یہ جان چکے۔ کہ پرہیز کرنے کا حصہ عبادت۔ افضل اور اولیٰ ہے اور اگر دونوں حصے پورے ہو جائیں تو تمہارا کام پورا اور کامل ہو جائے گا۔ اور تم کو غنیمت اور سلامتی میسر ہو گی۔ اور اگر دونوں حصے پورے نہ کر سکو۔ تو پرہیز کی جانب کی رعایت کرو۔ تاکہ غنیمت نہ ملے تو خود ہی سلامتی میں رہو۔ ورنہ دونوں حصوں میں نقصان اُٹھاؤ گے۔ کیونکہ دن کا روزہ اور رات کا قیام۔ تم کو کیا فائدہ دے گا؟ کہ جو ایک ہی کلمہ بولنے سے بیکار ہو جاتا ہے ❊

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے لوگوں نے دریافت کیا۔ کہ دو آدمیوں کے بارے میں آپ کا کیا ارشاد ہے۔ کہ ایک اُن میں سے نیکی بھی بہت کرتا ہے۔ اور بدی بھی بہت کرتا ہے۔ اور دوسرا نیکی بھی تھوڑی کرتا ہے۔ اور بدی بھی تھوڑی کرتا ہے۔ آپ نے جواب میں فرمایا۔ کہ کوئی نیکی بھی سلامتی کے برابر نہیں ہے ❊

اور اس بیان کی نظیر بیمار کی حالت ہے۔ کیونکہ بیمار کے علاج کے دو حصے ہیں۔ ایک حصہ دوا کا پینا۔ اور دوسرا حصہ پرہیز کرنا ہے۔ اور اگر بیمار دونوں حصوں کو جمع کرے گا۔ تو خود صحت پائے گا۔ اگر دونوں باتیں میسر نہ ہوں۔ تو پرہیز کرنا نہایت ہی بہتر ہے۔ کیونکہ پرہیز نہ کرنے کی صورت میں کوئی دوا بھی فائدہ نہ دے گی۔ لیکن صرف پرہیز کرنا۔ دوا نہ پینے کی صورت میں بھی فائدہ دیتا ہے ❊

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ دونوں باتوں میں سے اصل پرہیز کرنا ہی ہے

اور بیان کرتے ہیں۔ کہ ہندوستان کے طبیب۔ بیمار کا علاج صرف پرہیز ہی کے ذریعے کرتے ہیں۔ اور بیمار کو ان دنوں میں کھانے اور پینے اور باتوں سے روکتے ہیں۔ اسی طرح دوا دینے کے بغیر ہی تندرست ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہاں سے معلوم ہوا۔ کہ اصلی کام تقویٰ ہی ہے۔ اور پرہیزگاروں کا مرتبہ صرف عبادت کرنے والوں سے نہایت ہی بلند ہے ❊

Marfat.com

فصل چار اعضا کے علاج میں کہ جو اصل ہیں

سب سے پہلے آنکھ ہے۔ آنکھ کے متعلق اس امر کا جان لینا کافی ہے۔ کہ دین اور دُنیا کے کاموں کا دارومدار دل پر ہے۔ اور فساد اور خطرات قلبی۔ اور اس کا شغل اکثر اوقات اور احوال میں صرف آنکھ ہی کے ذریعے سے ہے۔ اِسی واسطے حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جو کوئی شخص اپنی آنکھ کی نگاہ رکھتا ہے اس کے نزدیک دل کی کوئی قیمت نہیں ہے ✦

دوسری زبان ہے۔ زبان کے کام کے متعلق اس بات کو جان لینا کافی ہے۔ کہ تمہارا نفع اور قیمت تکلیف کا ثمرہ اور مجاہدہ۔ طاعت اور عبادت ہے۔ اور عبادت کے واسطے خطرہ اور اس کا ضائع اور فاسد ہونا۔ اکثر احوال میں زبان ہی کے باعث ہے۔ کیونکہ ایک سال کی ریاضت بلکہ دس اور پچاس سال کی ریاضت کو۔ زبان ایک ہی لفظ سے مثلاً غیبت اور بناوٹ اور بڑے بول سے بیکار اور ضائع کر دیتی ہے۔ یہ بات مشہور ہے۔ کہ انسان اگر اپنے اعضا کو روکے تو سب سے اول مستحق روکنے کے واسطے زبان ہی ہے ✦

تیسرے شکم ہے۔ اس کے متعلق صرف اس قدر جان لینا کافی ہے۔ کہ تمہارے لئے مقصود عبادت ہے۔ اور کھانا اور پانی تخم ہے۔ کہ جس سے عمل پیدا ہوتا ہے۔ تخم اگر اچھا ہے۔ تو پھل اچھا دے گا۔ ورنہ زمین کو بھی خراب کرے گا۔ کہ جس کی اصلاح بھی نہ ہو سکے گی ✦

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جب روزہ رکھو تو اس بات کو نگاہ میں رکھو کہ کس چیز کے ساتھ اور کس شخص کے پاس افطار کرتے ہو۔ اور کھانا زیادہ نہ کھاؤ۔ کیونکہ شکم پری دل کی حالت کو بدل دیتی ہے۔ کہ پھر اپنی اصلی حالت پر واپس نہیں آتا ہے۔ اور بہت کھانا شب کے قیام سے محروم کر دیتا ہے اور بہت سی نظر بازی قرآن مجید کی تلاوت سے روکتی ہے۔ اور بعض طعام ایسا ہوتا ہے کہ اس کے باعث۔ ایک سال کے روزوں سے انسان محروم رہ جاتا ہے ✦

مردِ خدا! تم پر لازم ہے۔ کہ اگر پروردگار کی عبادت میں ہمت رکھتے ہو۔ تو کھانے خوراک

Marfat.com

کے بارے میں کامل احتیاط کے ساتھ نگاہ رکھو۔ یعنے روزی حلال کی وجہ سے ہو۔ جب حلال کے ذریعے روزی حاصل ہو۔ تو پھر اُس کا ادب جیسے مَیں نے بیان کیا ہے۔ خیال میں رکھو۔ ورنہ کھانے کو اُٹھا کر لئے پھرو گے۔ اور اپنی عزیز عمر اور وقت کو ضائع کرو گے۔ کیونکہ مجھے یقیناً معلوم ہے۔ بلکہ مَیں نے اپنی آنکھ سے مشاہدہ کیا ہے۔ کہ جب شکم پُر ہو تو عبادت ہرگز نہیں ہو سکتی ہے۔ اور اگر زبردستی عبادت کر بھی لی تو اُس میں حلاوت اور لذت نہیں ہوتی ہے۔ اسی واسطے کہتے ہیں۔ کہ بہت کھا کر حلاوت عبادت کی اُمید نہ رکھو۔ نفس میں بغیر عبادت کے اور عبادت میں بے لذت کے۔ کیا نور ہو گا؟

حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مطلب کے متعلق ارشاد فرمایا ہے۔ کہ مَیں نے کوہِ لبنان میں بہت سے مردانِ خدا کو دیکھا۔ اور سب نے مجھ کو وصیت کی۔ کہ جب فرزندانِ دُنیا کی طرف جاؤ۔ تو اُن کو چار نصیحتیں کرنا ✣

ایک یہ ہے۔ کہ جو کوئی شخص بہت کھائے گا۔ عبادت کی لذت نہ پائیگا ✣

دوسرے یہ ہے کہ بہت سونے والے کی عمر میں برکت نہ ہو گی ✣

تیسرے یہ ہے۔ کہ لوگوں کی رضامندی چاہنے والا حق کی رضامندی حاصل نہ کرے گا ✣

چوتھے یہ ہے۔ کہ بہت بکواس کرنے والا بیہودہ گو۔ اور غیبت کرنے والا۔ دُنیا میں مسلمانی کے دین پر نہیں ہے ✣

حضرت سہل تستری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ تمام خیرات کا انحصار اِن چار خصلتوں میں ہے۔ اور انہی چار خصلت کے باعث ابدالیوں کو ابدالیت کا مرتبہ عنایت ہوا۔ تھوڑا کھانا۔ تھوڑا سونا۔ تھوڑا بولنا۔ اور مخلوق کے ساتھ تھوڑا میل ملاپ رکھنا ✣

عارفوں میں سے ایک بزرگ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ بھوکے رہنا ہمارا سرمایہ ہے۔ یعنے ہم کو فراغت اور سلامتی۔ عبادت۔ علم اور عمل نافع بھوک ہی کے ذریعے حاصل ہوتے ہیں ✣

چوتھا عضو کہ جس کی حفاظت لازم ہے قلب ہے۔ دل کے کام کے متعلق

Marfat.com

اس بات کو جان لینا کافی ہے۔ کہ تمام اعضا کا اصل دل ہے۔ اگر یہ فاسد ہوگا تو تمام اعضا فاسد ہوں گے۔ اور اگر یہ صلاح پر ہوگا۔ تو تمام اعضا صلاح پر ہوں گے۔ کیونکہ دل بمنزلہ درخت کے ہے۔ اور باقی اعضا بمنزلہ شاخوں کے ہیں۔ اور شاخیں درخت سے پانی حاصل کرتی ہیں۔ اور شاخوں کی صلاحیت اور فساد۔ درخت کی صلاحیت اور فساد پر موقوف ہے۔ اور دل بمنزلہ بادشاہ کے ہے۔ اور باقی اعضا بمنزلہ رعیت کے ہیں۔ اگر بادشاہ صالح ہے۔ تو رعیت بھی صالح ہوگی۔ اور اگر بادشاہ فاسد ہے۔ تو رعیت بھی فاسد ہوگی۔ لہذا آنکھ اور زبان اور شکم کی درستی۔ دل کی درستی کی دلیل ہے۔ اگر ان اعضا میں خلل اور فساد معلوم کرو تو یہ دل کے خلل اور فساد کے باعث ہے۔ بلکہ دل میں ان سے بہت زیادہ فساد ہے۔ لہذا اپنی پوری توجہ دل کی اصلاح میں صرف کرو۔ تاکہ دل کی اصلاح سے تمام اعضا کی دفعتہً اصلاح ہو جاوے۔ اور تمہارے واسطے راحت اور آرام حاصل ہو۔

اس بات کو جان لو! کہ دل کا کام نہایت مشکل ہے۔ کیونکہ دل کے کام کا مدار خطرات پر ہے۔ اور خطرات انسان کے بس کی بات نہیں ہے۔ لہذا جہاں تک ہو سکے خطرات کو روکنا چاہئے۔ اسی باعث سے اصلاح قلب مجاہدہ کرنے والوں پر نہایت ہی مشکل امر ہے۔

سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں نے اپنے دل کا علاج دس سال۔ اور زبان کا دس سال۔ اور نفس کا دس سال کیا۔ اور ان تین میں سے دل کے علاج کو بہت مشکل پایا۔

لہذا تم پر لازم ہے۔ کہ ان چار خصلتوں کے ذریعے سے۔ جن کا کہ اوپر بیان ہوا ہے۔ علاج میں کامل طور پر اہتمام کرو۔ اور تمام کاموں میں جلدی کرو۔ اور حسد اور کبر وغیرہ کا خیال رکھو۔ اور جو کچھ دل کے بیان میں چار خصلتوں کا ذکر ہوا ہے۔ کیونکہ اکثر عالم درازی امید میں مبتلا ہیں۔ اور اس طول امل کو نیت خیر سمجھتے ہیں۔ اور اس کے باعث نیک کاموں میں سستی کرتے ہیں۔ اور عابد لوگ نیک کام کے حاصل کرنے میں جلدی کرتے ہیں۔ اور اس جلدی کے باعث مقصود سے محروم رہتے ہیں۔ اور یا کسی شخص کے واسطے دعائے بد کرنے میں جلدی کرتے ہیں۔

اور پھر پشیمان ہوتے ہیں ٭

چنانچہ حضرت نوح علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسّلام کے متعلق روایت مشہور ہے۔ کہ بار دُعا کرنے کے بعد اپنے بیٹے کنعان کے واسطے نجات طلب کرتے تھے٭

اور بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ عابد لوگ قرآن مجید پڑھنے پر حسد کرتے ہیں۔ اور لوگوں کو نصیحت کرنا ترک کرتے ہیں۔ اسی واسطے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں اپنے خون پر عالموں اور عابدوں سے خوف کھاتا ہوں۔ یہ بات آپ کی طرف سے لوگوں کو بُری معلوم ہوئی۔ آپ نے فرمایا کہ یہ مَیں نے نہیں کہا ہے۔ بلکہ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے٭

اور حضرت عطار رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ مجھ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جن عالموں کو دوست رکھتے ہو۔ اُن سے پرہیز کرو۔ اگر تمہارے ساتھ انار کے بارے میں مخالفت کریں۔ تو تم کہو کہ انار شیرین ہے۔ اور وہ کہیں کہ انار ترش ہے۔ تو اُن سے امن میں نہ رہنا۔ اسی مخالفت کے باعث۔ بادشاہ ظالم کے پاس تمہارے خون لینے میں سعی و کوشش کریں گے ٭

اور حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں عالموں اور عابدوں کی گواہی مخلوق کے متعلق سُنوں گا۔ اور اُن کے باہمی تعلق میں نہ سُنوں گا۔ کیونکہ وہ آپس میں ایک دوسرے پر حاسد ہیں ٭

اور حضرت فضیل رحمۃ اللہ علیہ اپنے فرزند کو ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میرے واسطے عالموں اور عابدوں سے دُور کوئی مکان خرید کرو۔ کیونکہ اُن کی نزدیکی میں کچھ بھی لطف نہیں ہے۔ اگر مجھ میں کوئی لغزش دیکھیں گے تو خوار کریں گے۔ اور اگر کوئی نعمت دیکھیں گے تو حسد کریں گے۔ علاوہ ازیں انسان کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ٭

اور اسی طرح۔ تم عابدوں کو دیکھو گے۔ کہ دو رکعت نماز رات کو پڑھ کر لوگوں پر تکبر کرتے ہیں۔ اور تمہیں معلوم ہوگا۔ کہ لوگوں پر احسان کرتے ہیں۔ یا اس طرح کہو۔ کہ اُن کو خدا تعالیٰ کی طرف سے بہشت کی بشارت یا آتش دوزخ سے نجات مل گئی ہے یا اس طرح کہو کہ اپنی سعادت اور دوسرے لوگوں کی شقاوت کا یقین رکھتے ہیں۔ باوجود

Marfat.com

اِس کے درویشوں اور تواضع کرنے والوں کا لباس۔ از قسمِ صوف وغیرہ پہنتے ہیں اور اُس لباس کے ذریعے اپنے آپ کو پارسا ظاہر کرتے ہیں ؁

روایت کرتے ہیں کہ حضرت فرقد سنجری رحمۃ اللہ علیہ۔ حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تشریف لائے۔ اوّل الذکر گلیم پہنے ہوئے تھے۔ فرقدؒ حضرت حسن بصریؒ کا حلّہ چھُونے لگے۔ آپنے فرمایا۔ کیا دیکھتے ہو؟ میرا لباس! اہل بہشت کا لباس ہے۔ اور تمہارا لباس! اہل دوزخ کا لباس ہے۔ کپڑوں میں زہد اور سینوں میں تکبر ہے قسم بخدا! نرم اور دھاریدار پہننے والوں کی نسبت گلیم پوشوں میں تکبر زیادہ ہے ؁

لہٰذا طالب عبادت! ان چار خصلتوں خصوصاً تکبر سے بچو۔ کیونکہ پہلی تین خصلتیں انسان کو نافرمان کرتی ہیں۔ اور تکبر کافر کرتا ہے۔ ابلیس ملعون کی حکایت اور اُس کے فتنے کو مت بھُولو! کیونکہ اُس کا تکبر کفر کا باعث ہؤا۔ خدا تعالےٰ کی راہ میں پرہیز گار بنو۔ تاکہ وہ تم کو اپنے فضل کے ساتھ تمام آفات سے محفوظ رکھے ؁

فصل چار رکاوٹوں کے روکنے میں

دُنیا اور مخلوق اور نفس اور شیطان کی۔ رکاوٹیں دُور کرنے میں حاصل کلام یہ ہے۔ کہ اپنی عقل خداداد کے ساتھ خوب ہی سوچو کہ دُنیا کو بقا نہیں ہے۔ اور اُس کا نفع اُس کے نقصان سے زیادہ ہے۔ جسمانی رنج اور دل کی مشغولی اِس کے تابع ہے۔ اور آخرت میں عذاب دردناک اور اس کا حساب ہے۔ لہٰذا فضولیات کے متعلق دُنیا میں زہد کرو۔ اور صرف اِسی قدر حاصل کرو۔ کہ جتنی عبادت خدا تعالےٰ کے واسطے ضروری ہے۔ اور بہشت کے حصول کے واسطے لذتوں اور نعمتوں دُنیاوی کو ترک کرو ؁

اور اِس بات کو جان لو! کہ مخلوق بیوفا ہے۔ لہٰذا لوگوں کی مُلاقات کو اور اُن کی صحبت کو سوائے ضروریات کے ترک کرو۔ تاکہ نقصان نہ اُٹھاؤ ؁

یہ بات بھی جان لو! کہ شیطان نہایت چستی اور چالاکی کے ساتھ۔ تمہاری عداوت میں تُلا ہؤا ہے۔ لہٰذا خدا تعالےٰ قادر قیوم کی طرف رجوع کرو۔ تاکہ وہ اپنے فضل کے ساتھ ملعون کیتے سے بچائے۔ اور اُس کے حیلوں سے غافل نہ رہو۔ اُس کو خدا تعالےٰ

Marfat.com

کے ذکر کی مدد سے دفع کرو۔ اور شیطان سے خوف نہ کرو۔ مردانہ عزم کے ساتھ اس کا دُور کرنا نہایت آسان ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطَانٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ (یقیناً ایمان والوں پر اور اُن لوگوں پر کہ جو اپنے رب پر ہی بھروسہ رکھتے ہیں۔ شیطان کا کچھ زور بھی نہیں چلتا ہے)۔

حضرت ابو حازم رحمۃ اللہ علیہ نے سچ بیان فرمایا ہے۔ کہ دُنیا کیا ہے؟ اور شیطان کیا چیز ہے؟ گذشتہ دُنیا تو یہ ہے۔ خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا اور جو باقی دُنیا ہے وہ صرف تمنا اور آرزو ہے۔ اور شیطان کی یہ حالت ہے قسم بخدا! اگر تابعدار ہوجائے تو نفع نہ دیگا۔ اور اگر نافرمان رہے تو نقصان نہ کرے گا۔ اور تمہیں اس نفس کی جہالت بھی معلوم ہے۔ کہ یہ مضر اور مہلک چیزوں کی طلب کرتا ہے۔ لہذا نفس کے کام کو شفقت اور مہربانی کی نگاہ سے دیکھو۔ جیسے کہ عقلمند اور عالم لوگ سب کاموں کے نتائج کو دیکھتے ہیں۔ اور جاہلوں اور بچوں کی طرح نگاہ نہ کرو۔ کہ اُن کی نگاہ امور میں سطحی طور پر ہوتی ہے۔ اور انجام کے نقصان معلوم نہیں کرتے ہیں۔ اور تلخ ہونے کے باعث دوا کو پیتے نہیں ہیں۔ لہذا نفس کو تقوے کی لگام دو۔ اور جن چیزوں کی نفس کو اشد ضرورت نہیں ہے۔ اُن چیزوں سے دُور رکھو۔ فضول کلام اور لباس اور نظر سے بچاؤ۔ اور اس طرح تمام فضولیات سے نفس کو روکو۔ کہ جن کی ضرورت نہیں ہے۔ کیونکہ خدا تعالےٰ نے بندوں کی ضرورتوں کو۔ اُن کے واسطے فراخ کر رکھا ہے اور جن چیزوں کی دین کے کام میں ضرورت نہیں ہے۔ اُن سے بے پرواہ کر رکھا ہے لہذا ضرورت سے زیادہ چیزوں کے حاصل کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

اور اس بات کو یاد رکھو! کہ جب تم نے دُنیا کو ترک کر دیا۔ اور تمہارا نام زاہد ہُوا۔ گویا کہ تمہیں ہزار نام قابل تعریف حاصل ہوئے۔ اور سب طرف سے کٹ کر خدا تعالےٰ کے ساتھ علاقہ ہوگیا۔ اور خدا تعالےٰ کے ساتھ اُنس والوں میں۔ تم بھی شامل ہوگئے۔ اور جب تم نے شیطان کے ساتھ محاربہ کیا۔ تو مجاہدین راہ خدا میں سے ہوگئے۔ کہ خدا تعالےٰ نے ان کی بابت شیطان کو فرمایا ہے۔ اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ مِّنْ سُلْطَانٍ (یقیناً میرے بندوں پر تیرا داؤ پیچ نہ چلے گا) اور جب تم نے تقویٰ کیا تو متقیوں میں سے ہوگئے۔ کہ جن کے واسطے دنیا اور آخرت میں سعادت ہے

Marfat.com

اور مقربین فرشتوں سے بھی آگے بڑھ گئے۔ جب یہ سب کچھ کر لیا۔ تو تم نے یہ لمبی اور سخت گھاٹی بھی طے کر لی۔ اور جو رستے میں رکاوٹیں تھیں سب کو پس پشت ڈال دیا۔

اور اس بات کو جان لو! کہ یہ گھاٹی نہایت ہی سخت اور مشکل ہے۔ ڈرنا نہیں۔ اور بد دل نہ ہونا۔ کیونکہ خدا تعالےٰ کی عنایت سے سب کچھ آسان ہو جاتا ہے۔ یہ وہ مضمون ہے۔ کہ جس کو میں چار موانعات کی شرح میں بیان کرنا چاہتا تھا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ﴿اور نہیں ہے پھر گناہ سے اور نہ طاقت نیکی کی مگر ساتھ توفیق اللہ تعالےٰ بلند اور بزرگ کے)۔

چوتھی گھاٹی پیش آنے والی چیزوں کے بیان میں

طالب عبادت! تم پر لازم ہے کہ جو چیزیں عبادت کو روکنے والی ہیں اُن کو دفع کرو۔ اور ہم نے بیان کر دیا ہے۔ کہ عوارضات چار ہیں۔

ایک اُن میں سے نفس کا مطالبہ رزق کے واسطے ہے۔ اور اس کے دفعیہ کا طریقہ خدا تعالےٰ پر توکل کرنا ہے۔ اور وجوب توکل کے دو سبب ہیں۔

ایک یہ ہے کہ عبادت کرنے کے واسطے فراغت حاصل ہو۔ کیونکہ اگر توکل نہ کروگے تو عبادت نہ ہوگی۔ کیونکہ ظاہر جسم طلب اور کسب میں مشغول ہوگا۔ اور باطن یعنے دل ارادے اور تقاضے میں لگا رہے گا۔ اور دل کی فراغت عبادت میں شرط ہے۔ اور یہ متوکلوں کے سوا دوسرے شخص کو حاصل نہیں ہے۔ بلکہ میں کہتا ہوں۔ کہ جو شخص ضعیف دل۔ اور نادار ہے اُس کے دل کو قرار نہیں ہوتا ہے۔ ایسا آدمی کوئی بڑا کام دینا یا آخرت کا نہیں کر سکتا ہے۔

مَیں نے اپنے پیر و مرشد حضرت شیخ علیہ الرحمۃ سے یہ بات بارہا سُنی ہے۔ کہ دو آدمی جہان میں اپنے حسب منشا کام کر سکتے ہیں۔ ایک وہ مرد کہ جو توکل والا ہے۔ دوسرا وہ آدمی جو دلیر اور بے باک ہے۔

مَیں کہتا ہوں! کہ یہ کلام اپنے مطلب میں نہایت جامع ہے۔ کیونکہ دلیر مرد جب کسی کام کو شروع کرتا ہے۔ تو اُس پر پوری طاقت خرچ کرتا ہے۔ اور کسی قسم کی رکاوٹ کی طرف توجہ نہیں کرتا ہے۔ بنا بریں اپنے کام کو حسب منشا کے اپنے مقصود

Marfat.com

کو حاصل کر لیتا ہے ❖

اور متوکل مرد جب کسی کام کو شروع کرتا ہے۔ تو پوری قوت اور وعدۂ خدا پر کامل یقین کر کے ابتدا کرتا ہے۔ اور اُس کو خدا تعالےٰ کی ذمے واری پر کامل بھروسہ ہوتا ہے۔ اور ڈرانے دھمکانے والے انسان۔ اور وسوسہ ڈالنے والے شیطان کی طرف ذرا توجہ بھی نہیں کرتا ہے۔ لہذا یقیناً اپنے مطلوب اور مقصود پر کامیاب ہو جاتا ہے ❖

اور جو شخص عاجز سُست دل اور کمزور ہے۔ وہ ہمیشہ تردد اور حیرانی میں رہتا ہے۔ جیسے گدھا اپنے چارے کی جگہ کھڑی پر۔ یا پرندے کی طرح کہ جو ہر وقت اپنے پنجرے میں بند ہے۔ اِس بات کے منتظر ہیں کہ مالک کھانے کو کچھ اِن کے آگے ڈالے ایسے لوگ کسی بڑے کام کا ارادہ کم کرتے ہیں۔ اور بہت ہی کم ہوتا ہے۔ کہ کامیابی حاصل کریں۔ تم نے فرزندانِ دُنیا کی طرف نہیں دیکھا ہے؟ کہ اُنھوں نے مرتبہ بلند پایا۔ مگر اپنے مال اور سر اور جان پر کھیل گئے ہیں۔ اور بادشاہ بھی ملک گیری کے لئے اپنے مال اور جان سے ہاتھ دھوتے ہیں۔ اور دشمن کے بالمقابل تلوار مارتے ہیں۔ یہ ٹھان کر کہ یا ملک مل گیا۔ اور یا دُنیا سے چل بسے ❖

بیان کرتے ہیں۔ کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ کے ساتھ جنگ کے دن میں۔ جب دونوں لشکروں کو دیکھا تو فرمایا جو کوئی شخص بڑا کام کرنا چاہتا ہے۔ اُس کو اپنی جان پر کھیل جانا چاہئے؟

اور سوداگر لوگ مال حاصل کرنے کے واسطے دریا میں سوار ہوتے ہیں۔ اور خشکی تری کا سفر اختیار کرتے ہیں۔ اور اپنی جان اور مال کو خطرات میں ڈالتے ہیں۔ اور وہ غریب سوداگر کہ جس کا دل کمزور اور ارادہ سُست ہے۔ اور اپنے دل کے تعلق کو اپنے نفس اور مال اور اہل سے منقطع نہیں کر سکتا ہے۔ وہ ہمیشہ گھر سے دکان میں اور دکان سے گھر میں پڑا رہتا ہے۔ اور بادشاہوں اور دوسرے سوداگروں کی طرح کسی اعلیٰ مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا ہے۔ بلکہ دکان میں اگر روپیہ یا دھیلی یا اس کے قریب قریب کچھ ملجائے تو اُس کو بہت بڑی مار سمجھتا ہے۔ یہ حالت دُنیا کے طالبوں کی ہے ❖

اور جو لوگ آخرت کے طالب ہیں اُنکے متعلق اِس بات کو جان لو کہ اُن کا

Marfat.com

سرمایہ خصائت توکل ہے۔ اور اپنے دل کو تمام علاقوں سے توڑ لیتے ہیں۔ کیونکہ توکل کی صورت میں جان لیتے ہیں۔ کہ وہ حق تعالیٰ کی عبادت۔ قلب کی فراغت کے ساتھ کر سکیں گے۔ اور مخلوق کی طرف توجہ نہیں کرتے ہیں۔ اور روئے زمین پر نڈر ہو کر سفر کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ لوگ دین کے مرد ہیں۔ اور لوگوں کے درمیان آزادی اور عزت پاتے ہیں۔ اور حقیقت میں روئے زمین کے بادشاہ یہی لوگ ہیں۔ کیونکہ جس جگہ چاہتے ہیں جاتے ہیں۔ اور جو جگہ پسند ہوتی ہے۔ وہاں قیام کرتے ہیں۔ اور جو کام کہ سب کاموں سے بڑا ہے۔ یعنے علم اور عبادت۔ اُس کو کرتے ہیں۔ اُن کے واسطے کوئی مانع اور رکاوٹ نہیں ہے۔ کیونکہ سب جگہ اِن کے نزدیک برابر ہے۔ اور تمام زمانے اِن کے واسطے ایک ہی زمانہ ہے۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے۔ مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّکُوْنَ اَکْرَمَ النَّاسِ فَلْیَتَّقِ اللّٰہَ وَمَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّکُوْنَ اَقْوَی النَّاسِ فَلْیَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ۔ وَمَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّکُوْنَ اَغْنَی النَّاسِ فَلْیَکُنْ بِمَا فِیْ یَدِ اللّٰہِ اَوْثَقَ مِنْہُ بِمَا فِیْ یَدِہٖ۔ (جو شخص لوگوں سے مکرم بننا چاہے۔ تو اللہ ہی سے ڈرے۔ اور جو شخص لوگوں میں سے قوی بننا چاہے۔ تو اللہ ہی پر توکل کرے۔ اور جو شخص لوگوں میں سے غنی بننا چاہے۔ تو اپنے ہاتھ کی چیز کی بہ نسبت۔ خدا کے ہاتھ کی چیز پر کامل اعتماد رکھے)۔

اور حضرت سلیمان خواص رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص خدا تعالیٰ پر صدق کے ساتھ توکل کرے۔ تو بادشاہ اور اُن کے سوا سب لوگ اُس کے محتاج ہوں گے۔ اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو گا۔ اور ایسا شخص محتاج کیوں ہونے لگا ہے؟ حالانکہ اُس کا مالک خدا تعالیٰ غنی اور حمید ہے۔

اور حضرت ابراہیم خواص رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں نے جنگل میں ایک جوان کو دیکھا۔ گویا کہ چاندی کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے۔ میں نے دریافت کیا کہ تم کہاں جاؤ گے؟ اُس نے جواب دیا کہ میں مکّہ شریف کو جا رہا ہوں۔ میں نے پوچھا کہ بغیر سامان خوراک اور سواری کے؟ اُس نے جواب دیا کہ یقین کے پورے! جس ذات نے زمین اور آسمان کو اپنی قدرت کے ساتھ سنبھالا ہوا ہے۔ مجھ کو بغیر سامان خوراک اور سواری۔ ضرور مکّہ شریف میں پہنچائے گی۔ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ جب میں بھی مکہ شریف پہنچا۔ تو میں نے اس جوان کو دیکھا کہ طواف کعبہ کر رہا ہے۔ جب اُس نے بھی مجھ کو دیکھا تو فرمایا۔ شیخ! کیا تمہارا یقین اب بھی بطور سابق بودا ہے؟

اور حضرت ابو مطیع رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ میں نے سُنا ہے کہ آپ تمام جنگلات کو محض توکل پر بغیر سامانِ خوراک اور سواری کے طے کرتے ہو؟ آپ نے جواب دیا کہ میرا سامان چار چیزیں ہیں۔ میں نے دریافت کیا کہ وہ کیا کیا ہیں؟ آپ نے جواب دیا۔ کہ میں دُنیا اور آخرت کو خدا کی ملکیت جانتا ہوں۔ اور تمام مخلوق کو خدا تعالےٰ کے بندے جانتا ہوں۔ اور سب طرح کی روزی اور اس کے اسباب کو خدا تعالےٰ کے ہاتھ میں سمجھتا ہوں۔ اور خدا تعالےٰ کا حکم تمام روئے زمین پر جاری ہوتا ہوا دیکھ رہا ہوں۔

دوسری چیز جو توکل کا باعث ہے یہ ہے۔ کہ اس کا ترک کرنا نہایت ہی خطرناک ہے۔ میں کہتا ہوں کہ حق تعالےٰ نے پیدا کرنے اور رزق دینے کا ایک ہی جگہ ذکر فرمایا ہے وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ (اور اللہ ہی نے تم کو پیدا کیا اور پھر تم کو رزق دیا ہے) پھر حق تعالےٰ رزق کا وعدہ فرماتا ہے اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝ (یقیناً اللہ ہی رزق دینے والا بڑی قوت والا ہے) اس کے بعد اپنے ضامن ہونے کا ذکر کرتا ہے وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (کوئی سرکنے والی چیز زمین پر نہیں ہے۔ مگر اللہ نے اس کا رزق اپنے اوپر لازم کر رکھا ہے) پھر حق تعالےٰ رزق پہنچانے کے واسطے قسم کھاتا ہے۔ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۝ (قسم ہے آسمانوں اور زمین کے پروردگار کی جو کچھ کہ تمہارے ساتھ وعدہ کیا ہے۔ حق ہے) پھر حق تعالےٰ نے توکل کرنے کا امر فرمایا ہے وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ ۝ (اور توکل کرو اس زندہ پر کہ جو کبھی نہیں مرے گا)

جو شخص کہ حق تعالےٰ کے قول پر اعتبار نہیں کرتا ہے۔ اور اُس کی ضمانت پر اُس کا دل قرار نہیں پاتا ہے۔ اور اُس کی قسم پر قناعت نہیں کرتا ہے۔ اور اُس کے فرمان کی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ تم سوچو کہ ایسے شخص کا کیا حال ہوگا؟ اور اُس کو کتنی مصیبتوں

Marfat.com

کا سامنا کرنا پڑے گا؟ قسم بخدا! اس بڑی غفلت کے برابر اور کوئی سخت ترین آفت نہیں ہے +

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما کو ارشاد فرمایا ہے۔ تم کیا کرو گے؟ اگر زندہ رہو گے! تو ایک قوم پیدا ہوگی۔ کہ جو اپنے ضعف ایمان کے باعث رزق کا ذخیرہ ایک سال کے واسطے جمع رکھے گی۔ آپ نے عرض کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم! خدا کی پناہ کہیں ایسی قوم کا منہ دیکھوں۔ کہ جو خدا تعالےٰ سے نہیں ڈرتی ہے؟

اور حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ اس قوم پر خدا کی لعنت ہو! کہ جس کے پروردگار نے اس کو رزق رسانی کے لئے قسم کھا رکھی ہے اور وہ اس کی قسم پر بھروسہ نہیں رکھتی ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ - فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ (اور آسمانوں میں تمہارا رزق ہے اور جس کا کہ تم وعدہ دیئے گئے ہو۔ پس قسم ہے۔ آسمانوں اور زمین کے رب کی! تحقیق وہ حق ہے۔ جس چیز کا کہ تم وعدہ دیئے گئے ہو) +

جب یہ آیت نازل ہوئی تو فرشتوں نے آپس میں کہا۔ کہ بنی آدم ہلاک ہوئے اور اپنے پروردگار کو غصے میں لائے۔ اور اس کی قوت پر بھروسہ نہ رکھا۔ یہاں تک کہ حق تعالےٰ نے رزق رسانی کے واسطے قسم کھائی +

اور حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اگر تم حق تعالےٰ کی عبادت اس قدر کرو۔ کہ اہل آسمان اور زمین کرتے ہیں۔ تو قبول نہ ہوگی۔ جب تک رزق پہنچانے میں اس پر بھروسہ نہ رکھو! لوگوں نے عرض کی کہ بھروسہ رکھنے کا کیا طریقہ ہے؟ فرمایا کہ رزق کے بارے میں بالکل بے خوف رہو +

حضرت ہرم بن حبانؒ نے حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں عرض کی۔ کہ میں سکونت کہاں اختیار کروں؟ آپ نے فرمایا کہ ملک شام میں آپ نے عرض کی کہ ملک شام میں زندگی بسر کرنے کی کیا صورت ہے۔ حضرت نے جواب دیا۔ ان دلوں پر افسوس ہے! کہ جو شک سے بھرے ہوئے ہیں۔ ان کو نصیحت کیا نفع دے گی؟

Marfat.com

روایت کرتے ہیں کہ ایک کفن چور نے حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھ مبارک پر اپنے فعل سے توبہ کی۔ آپ نے اُس کے کام کی بابت کچھ حالات دریافت فرمائے۔ اُس نے عرض کی۔ کہ میں نے ایک ہزار قبر کھولی صرف دو آدمیوں کا چہرہ قبلہ شریف کی طرف دیکھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ قبلہ شریف سے اُن کے چہرے پھرنے کا یہ باعث ہے۔ کہ وہ لوگ حق تعالےٰ پر رزق کے بارے میں بھروسہ نہ رکھتے تھے ❖

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ توکل کی حقیقت اور اُس کا حکم کیا ہے؟ اور بندے کو رزق کے بارے میں۔ توکل کس طرح کرنا واجب ہے؟

جواب یہ بات چار بیانوں کے سمجھنے سے پوری ہو سکتی ہے۔ بیان لفظ توکل۔ بیان موضع توکل۔ بیان حد توکل۔ بیان علاج توکل ❖

پہلے لفظ توکل کا بیان سُنو! یہ لفظ وکالت سے نکلا ہے۔ لہذا کسی پر توکل کرنے کا یہ مطلب ہے۔ کہ اُس کو اپنے کام میں اور اپنی بھلائی میں وکیل اور ضامن جان لو اور بے تکلف اس پر کفایت کرو ❖

موضع توکل کو اس طرح جانو! کہ توکل تین جگہ پر ہوتا ہے۔ ایک قسمت کی جگہ پر۔ کہ خدا تعالےٰ پر اعتماد کرو جو کچھ مقسوم میں ہے فوت نہ ہوگا۔ اور اُس کا حکم بدل نہیں سکتا ہے۔ دوسرے مدد حاصل کرنے کی جگہ پر۔ کہ خدا تعالےٰ کی مدد پر ہمارے میں اعتماد کرو۔ تیسرے رزق اور حاجت کی جگہ پر۔ اس کا بندے پر لازم اور فرض ہونا۔ دلائل عقلی اور نقلی سے ثابت ہے۔ اور ہمارا مقصود توکل کے بیان میں اسی توکل کی معرفت ہے لہذا توکل کا موضع رزق اور مضمون ہے۔ یعنے جس رزق کا کہ حق تعالےٰ ضامن ہے ❖

اور اس بات کو جان لو! کہ رزق چار قسم پر ہے۔ مضمون۔ مقسوم۔ مملوک۔ موعود ❖

رزق مضمون وہ ہے کہ جو انسان کی غذا اور صرف قوت بدنی کے واسطے ہے۔ اتنے رزق کا حق تعالےٰ ضامن ہے۔ اور دلائل عقلی اور نقلی سے ثابت ہے۔ کہ اس قدر رزق کا حق تعالےٰ ضامن ہے۔ اور اُس پر اس کے بارے میں توکل کرنا واجب ہے۔ کیونکہ حق تعالےٰ نے بندے کو اپنی عبادت اور طاعت کی تکلیف دی ہے۔ اور

Marfat.com

عبادت میں مشغول ہونے کے لئے بندے کو بقائے بدن کی ضرورت ہے۔

اور ایک بزرگ نے مشائخ میں سے رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ۔ اپنے مذہب اور اس اصل پر خوب تقریر کی ہے۔ اور اس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ حق تعالےٰ پر بندوں کا رزق پہنچانا تین سبب کے باعث واجب ہے۔ ایک سبب یہ ہے۔ کہ وہ مالک ہے۔ اور ہم بندے ہیں۔ بندے پر مالک کی خدمت واجب ہے۔ اور مالک پر بندے کا خرچ واجب ہے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ حق تعالےٰ نے بندوں کو رزق کا محتاج پیدا کیا ہے۔ اور طلب کا کوئی رستہ نہیں بتایا ہے۔ کیونکہ ان کو معلوم نہیں ہے کہ ان کا رزق کیا ہے؟ اور کہاں سے ہے؟ اور کب پہنچے گا؟ تاکہ اسی چیز کو جہاں ہے جس وقت ہے طلب کریں۔ جب ایسا ہے تو اس پر واجب ہے کہ ان کی محنت کی کفایت کرے۔ اور ان کو روزی پہنچائے۔ تیسرا سبب یہ ہے۔ کہ حق تعالےٰ نے بندوں کو عبادت اور طاعت کا حکم دیا ہے۔ اور رزق کی طلب عبادت سے روکنے والی ہے۔ لہٰذا حق تعالےٰ پر واجب ہے کہ بندوں کی محنت کی کفایت کرے۔ تاکہ دل کی فراغت سے خدمت کر سکیں۔

یہ تینوں سبب ایسے شخص کا کلام ہے۔ کہ جو اسرارِ ربوبیت پر اطلاع نہیں رکھتا ہے۔ کیونکہ حق تعالےٰ کے ذمے کسی چیز کا واجب کہنا خطا ہے۔ اور ہم نے ایسے کلمات کی خرابی کو علمِ بیان میں اچھی طرح سے بیان کر دیا ہے۔

رزقِ مقسوم وہ ہے کہ جو حق تعالےٰ نے اپنے بندوں کی قسمت میں مقرر فرما دیا ہے۔ جو کچھ وہ کھائیں گے۔ اور پئیں گے اور پہنیں گے۔ اور ہر ایک چیز کی مقدار اور وقت مخصوص مقرر ہے۔ کہ اس میں کسی طرح کی تقدیم اور تاخیر اور زیادتی اور نقصان نہ ہوگا۔ جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ رزق تقسیم ہو چکا ہے۔ اور اس سے فراغت ہے۔ پرہیزگار کی پرہیزگاری سے زیادتی نہیں ہوتی ہے۔ اور نافرمان کی نافرمانی سے رزق میں نقصان نہیں ہوتا ہے۔

رزقِ مملوک وہ ہے۔ کہ جو دنیا کے مال ہر ایک شخص کی ملکیت میں ہیں۔ جیسے کہ خدا تعالےٰ نے ہر ایک کی تقدیر اور قسمت میں کر دیئے ہیں۔

Marfat.com

رزق موعودوہ ہے۔ کہ جس کا حق تعالےٰ نے پرہیزگاروں کے ساتھ بشرط تقویٰ۔ وجہ حلال سے بے زحمت عنایت کرنے کا وعدہ فرمایا ہے۔ چنانچہ حق تعالےٰ ارشاد فرمایا ہے وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے تو اللہ بھی اُس کے واسطے سبیل نکال دیتا ہے۔ اور اُس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے۔ کہ جس کا اُس کو گمان بھی نہیں ہے) یہ بیان کردہ شدہ چار اقسام رزق کے ہیں۔ اور جو قسم رزق کی رزق مضمون ہے۔ اُس میں توکل کرنا واجب ہے۔

اب سُنو! کہ حد توکل کی یہ ہے۔ کہ بعض اہل علم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تعریف توکل کی یہ ہے۔ کہ دل حق تعالےٰ پر ہی اعتماد کرے۔ اور غیر خدا تعالےٰ سے نااُمید ہو کر قطع تعلق کرے۔

اور بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ توکل علاقے کے ترک کرنے کا نام ہے اور خدا تعالےٰ کی عطا کردہ چیز ہی کے ساتھ جسم کا بقا ہو۔ اور یہ دونوں قول ایک ہی اصل کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ خدا تعالےٰ پر دل کو کامل بھروسہ ہو جائے۔

اس بات کو جان لو! کہ جس چیز کے ساتھ بدن کا بقا ہے۔ وہ خدا ہی کی طرف سے ہے۔ کسی دوسرے کی طرف سے نہیں ہے۔ نہ اس کا باعث دُنیا ہے۔ اور نہ اسباب دُنیاوی ہیں۔ اور خدا تعالےٰ قادر ہے۔ جسم کا بقا خواہ اسباب سے کرے۔ خواہ بغیر اسباب کے کرے۔ جب یہ بات دل میں قائم کرلو۔ اور اُس پر ثابت ہو جاؤ۔ اور اپنے دل کو لوگوں سے اور تمام اسباب سے بالکل اُٹھالو۔ تو تمہارے واسطے توکل جو حق توکل ہے حاصل ہو جائے گا۔

اور جو چیزیں کہ انسان کو متوکل بناتی ہیں! یہ ہیں۔ کہ رزق پر خدا تعالےٰ کی ضمانت کو یاد کرو۔ اور قوی ترین دوسرا علاج یہ ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کا جلال اور اس کے علم اور قدرت کا کمال۔ اور وہ وعدہ خلافی اور بھولنے اور عاجزی اور نقصان سے پاک ہے۔ جب بندہ ان باتوں کو ہر وقت یاد رکھے۔ تو یہ چیزیں بندے کو۔ رزق کے بارے میں۔ حق تعالےٰ پر بھروسہ رکھنے کے لئے باعث ہوں گی۔

Marfat.com

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ بندے کے واسطے کسی حالت میں رزق کا طلب کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ رزق مضمون جو غذا ہے۔ اس کے ساتھ جسم کا بقا ہے۔ اس کے سوا چارہ نہیں ہے۔ اور ممکن نہیں ہے۔ کہ ہم اُس کو طلب کریں۔ کیونکہ وہ بندے پر موت اور زندگی کی طرح خدا تعالےٰ کا فعل ہے۔ کہ بندہ اس کے حاصل کرنے پر اور اُس کے دُور کرنے پر قادر نہیں ہے۔ اور جو رزق مقسوم ہے۔ اُس کے طلب کرنے کی بندے کو حاجت نہیں ہے۔ کیونکہ ضروری رزق مضمون ہے۔ اور اُس کی بابت خود حق تعالےٰ ضامن ہے ❖

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ رزق مضمون اسباب کے ساتھ ہے۔ ہم اُن اسباب کو طلب کریں یا نہ کریں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ اسباب کا طلب کرنا تم پر لازم نہیں ہے کیونکہ حق تعالےٰ اگر چاہے تو اسباب سے۔ اور اگر چاہے تو بلا اسباب کے پہنچائے گا۔ لہٰذا اسبب کا طلب کرنا لازم نہیں ہے۔ اور یہ بھی بات ہے۔ کہ خدا تعالےٰ بغیر شرط طلب اور کسب کے خود ضامن مطلق ہے۔ اور یہ کس طرح جائز ہو سکتا ہے؟ کہ بندے کو ایسی چیز کے طلب کرنے کا حکم ہو! کہ جس کی جگہ نہیں ہے؟ کیونکہ اُس کو معلوم نہیں ہے۔ کہ کونسی چیز اُس کے رزق کا سبب ہے۔ اور کونسی چیز اُس کی غذا ہوئے گی ❖

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ رزق طلب سے اور ترکِ طلب سے زیادہ اور کم ہوتا ہے۔ یا نہیں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ رزق طلب کرنے سے۔ اور طلب کو ترک کرنے سے کم و بیش نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ رزق کو لوحِ محفوظ میں اندازے اور وقت کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کا حکم بدلتا نہیں ہے۔ اور قسمت میں تبدیلی نہیں ہوتی ہے۔ اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے جب ایک درویش کو روٹی کا ٹکڑا عنایت کیا تو ارشاد فرمایا۔ خذھا لو لم تاتھا لاتتک (یہ لو! اگر تم نہ آتے۔ تو یہ تمہارے پاس ضرور آتا!)

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ ثواب اور عذاب لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا ہے؟

باوجود اس کے ہم پر طلب کرنا لازم ہے؟ کیا طلب کرنے اور نہ طلب کرنے سے کچھ کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ ثواب کا طلب کرنا واجب ہے۔ کیونکہ حق تعالےٰ نے ثواب کا طلب کرنا ہم پر واجب کیا ہے۔ اور اس کی طلب کے ترک پر عذاب کا وعدہ کیا ہے۔ اور بغیر عمل ضائع کرنے کے۔ حق تعالےٰ ثواب دینے پر ضامن نہیں ہے۔ رزق کے درمیان اور ثواب اور عذاب کے درمیان ایک نکتے سے فرق ظاہر ہو جاتا ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ اہل علم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ لوح محفوظ میں جو کچھ لکھا ہے۔ دو قسم پر ہے۔ ایک مطلق بغیر کسی شرط کے ہے۔ اور بندہ کے فعل کے ساتھ معلق نہیں ہے۔ اور یہ رزق اور موت ہے۔ تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ حق تعالےٰ نے قرآن مجید میں۔ مطلق طور پر ان دونوں چیزوں کو کس صورت میں ارشاد فرمایا ہے وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (اور نہیں ہے کوئی چیز زمین پر چلنے والی۔ مگر اللہ کے ذمے اس کا رزق ہے) اور دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے۔ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُونَ ۝ (جب ان کی موت آتی ہے تو نہ پیچھے ہٹتے ہیں اور نہ آگے بڑھتے ہیں) اور صاحب شریعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ چار چیزوں سے فراغت حاصل ہو چکی ہے۔ ایک ظاہری صورت کہ جس کا نام خَلق ہے۔ دوسرے باطنی خصلت کہ جس کا نام خُلق ہے۔ تیسرے رزق۔ چوتھے موت ۞

دوسری قسم تقدیر معلّق ہے۔ کہ جو بندے کے فعل پر موقوف ہے۔ اس کا نام ثواب اور عذاب ہے۔ تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ حق تعالےٰ نے اس کو کس شکل میں بندے کے فعل کے ساتھ معلق کر کے ارشاد فرمایا ہے وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأَدْخَلْنَاهُمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ ۝ (اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگار بنتے۔ تو ہم ان کے گناہ بخش دیتے۔ اور ان کو نعمتوں کے بہشتوں میں داخل کرتے) ۞

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ ہم طلب کرنے والوں کو۔ تونگر اور مالدار دیکھتے ہیں۔ اور ترک طلب کرنے والوں کو فقیر اور عاجز دیکھتے ہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ تم کہتے ہو۔ کہ طالب کو فقیر اور محروم نہیں دیکھتے ہو۔ اور تارک کو رزق دیا گیا۔ اور غنی نہیں دیکھتے ہو۔ تمہارے اِس خیال کو غلط ثابت کرنے کے لئے بہت سی نظیریں موجود ہیں *

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ ہم غنی ہو کر جنگل اور بیابان میں بغیر سامان کے چلے جائیں؟ اور وہیں سکونت اختیار کرلیں یا نہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اگر تم میں طاقت ہے۔ اور خدا تعالےٰ پر پورا اعتماد رکھتے ہو۔ تو چلے جاؤ۔ ورنہ عام لوگوں بیچاروں کی طرح تعلقات میں مشغول رہو۔ اور مَیں نے حضرت امام ابو المعانی رحمۃ اللہ علیہ سے سُنا ہے۔ کہ جو کوئی شخص خدا تعالےٰ کے ساتھ لوگوں کی عادت کے موافق معاملہ کرتا ہے۔ تو حق تعالےٰ بھی معاملات کے پورا کرنے میں ایسے شخص کے ساتھ لوگوں جیسا معاملہ کرتا ہے۔ اور یہ بات نہایت ہی عمدہ اور مفید ہے۔ اور غور کرنے والے کے واسطے اِس کے ماتحت بہت سے فائدے ہیں *

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ۝ (اور توشہ حاصل کرو۔ کیونکہ بہترین توشوں کا پرہیزگاری ہے)*

جواب اِس بات کو جان لو! کہ آیت کا بیان دو طرح پر ہے۔ ایک یہ ہے کہ توشے سے مراد آخرت ہے۔ کیونکہ ارشاد فرمایا ہے اِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی (کہ بہترین توشوں کا پرہیزگاری ہے) اور اِس طرح ارشاد نہیں فرمایا ہے اِنَّ خَیْرَ الزَّادِ حُطَامُ الدُّنْیَا وَاَسْبَابُھَا ۝ (کہ بہترین توشوں کا دُنیا کا مال اور اُس کا اسباب ہے)*

دوسرا مطلب یہ ہے کہ بعض لوگ سفرِ حج میں اپنے ساتھ توشہ نہیں لے جاتے تھے۔ اور دوسرے لوگوں سے مانگتے تھے۔ اور اُن کو تکلیف دیتے تھے۔ اُن کو تنبیہ کرنے کے واسطے سامان سفر لیجانے کا حکم دیا ہے۔ کہ لوگوں سے سوال کرنے اور اُن پر بھروسہ کرنے سے بہتر ہے۔ کہ اپنے مال میں سے سامان سفر لیکر جائیں *

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ متوکل مرد کے واسطے اپنے سفروں میں توشہ لیجانا جائز ہے۔ یا نہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ بہت سے سفروں میں متوکل مرد سامانِ سفر لیجاتا ہے۔ مگر اُس کا دل اِس کے ساتھ پھنسا ہوا نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ اُس کے دل کا اعتماد اور

Marfat.com

تعلق صرف خدا تعالےٰ پر ہی ہوتا ہے۔ اور اُس کی نیت عموماً مسلمان کیسی ہوتی ہے۔ اور سامان لینے اور اُس کی ترک پر کچھ بھی موقوف نہیں ہے۔ بلکہ دار و مدار دل کی والبستگی پر ہے۔ ایسا ہونا چاہیئے کہ دل کا تعلق صرف خدا تعالےٰ کے وعدے اور اُس کی ضمانت پر ہی ہو۔ کیونکہ ایسے بہت سے لوگ ہیں کہ اُنہوں نے سفر کے واسطے سامان لیا۔ اور اُن کا دل خدا کے ساتھ ہے۔ سامان کے ساتھ نہیں ہے۔ اور ایسے بھی لوگ ہیں۔ کہ اُنہوں نے سامان لیا۔ اور اُن کا دل سامان کے ساتھ ہے۔ حق تعالےٰ کے ساتھ نہیں ہے +

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم اور آپ کے اصحاب اکرام اور تمام سلف صالحین رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین توشے کو حاصل کرتے رہے ہیں؟

جواب میں کہتا ہوں! کہ توشے کا حاصل کرنا مباح ہے۔ حرام نہیں ہے۔ بلکہ دل کا توشہ کے ساتھ چسپاں ہو جانا۔ اور خدا تعالےٰ پر توکل کو ترک کرنا حرام ہے دوسرے آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کے متعلق تمہارا کیا گمان ہے؟ کہ آپ کا قلب مبارک کھانے اور پینے اور روپے اور اشرفی کے ساتھ تعلق رکھتا تھا؟ ہرگز نہیں! ہرگز نہیں! کہ ایسا ہو۔ بلکہ آپ کا دل خدا تعالےٰ کے ساتھ تھا۔ اور آپ کو ذات حق ہی پر کامل توکل تھا۔ کیونکہ تمام دُنیا آپ کے سامنے پیش کی گئی۔ اور روئے زمین کے خزانوں کی چابیاں لائی گئیں۔ آپ نے قبول نہ فرمائیں۔ اور توشے کو نیت خیر کے ساتھ لیتے تھے۔ اور دل کا میلان توشے کی طرف نہ ہوتا تھا۔ اور اعمال میں نیت کا ہی اعتبار ہے +

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ بہتر کیا ہے؟ سفر میں سامان لے جانا یا ترکِ سامان کرنا؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ حالت کے اختلاف سے یہ حکم مختلف ہے اگر کوئی شخص پیشوا ہے۔ اور توشے کے لینے کو مباح بیان کرنا چاہتا ہے۔ یا اپنی ہی اُس کے متعلق نیت خیر رکھتا ہے۔ تو ایسی آدمی کے واسطے توشہ لینا ہی بہتر ہے۔ اور اگر کوئی شخص تنہا ہے۔ اور اُس کا دل خدا تعالےٰ کے ساتھ قوی ہے۔ اور توشہ اُس کو

Marfat.com

خدا تعالےٰ کی عبادت سے روکتا ہے۔ تو ایسے آدمی کو توشے کا ترک کرنا ہی افضل ہے
اِس کو اچھی طرح سمجھ لو! اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ✣

اب دوسرے عارضے کا حال سُنو! جن کا نام کاموں کے انجام کا خطرہ ہے
اور اِس کا دفعیہ سب کچھ خدا کے سپرد کر دینے سے ہوتا ہے۔ لہٰذا تم سب کام حق تعالےٰ
کے سپرد کر دو۔ اِس کا باعث دو چیزیں ہیں ✣

ایک یہ ہے کہ دل کو فوراً سکون اور اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ صلاحیت
اور خرابی کے متعلق نتیجہ معلوم نہیں ہے۔ لہٰذا دل پریشان رہے گا۔ اور جب خدا کے
سپرد کر دو گے۔ اور حق تعالےٰ صرف صلاح اور خیر کا ہی امر کرتا ہے۔ تو خطرے سے
امن ہو گا۔ اور دل کو اُسی وقت تسکین حاصل ہو گی۔ اور دل کے واسطے سکون اور امن
اور راحت بہت بڑی نعمت ہے ✣

اور میرے حضرت پیر و مرشد مجلسوں میں یہ بات بہت ارشاد فرمایا کرتے تھے
دَعِ التَّدْبِيْرَ اِلٰى مَنْ خَلَقَكَ وَلْيَسْتَرِحْ ؕ (تدبیر اپنے خالق کی سپرد کر دو اور
آرام پاؤ) ✣

دوسرے یہ ہے۔ کہ صلاح اور خیر زمانہ آئندہ پر موقوف ہے۔ کیونکہ کاموں
کے نتیجے معلوم نہیں ہیں۔ بہت سی بُرائی ہوتی ہے۔ کہ بظاہر بھلائی معلوم ہوتی ہے
اور بہت سے نقصان نفع کی صورت میں ہوتے ہیں۔ اور بہت سے زہر شہد کی
صورت میں ہوتے ہیں۔ اور تمہیں کاموں کے اسرار اور نتائج معلوم نہیں ہیں۔
اگر تم کسی کام کی بابت یقین کر لو۔ کہ وہ تمہارے نزدیک نیک ہے تو نزدیک
ہے کہ تم جانو بھی نہیں۔ اور تباہی میں مُبتلا ہو جاؤ ✣

حکایت

بیان کرتے ہیں کہ ایک حق تعالےٰ کا عابد تھا۔ اُس نے دعا مانگی کہ ابلیس نظر
آوے جواب مِلا کہ خدا تعالےٰ سے نیک عاقبت مانگو۔ وہ نہ مانا اور وہی درخواست
پھر کی۔ تو خدا تعالےٰ نے شیطان کو اِس پر ظاہر کر دیا۔ عابد نے شیطان کو مارنے
کا ارادہ کیا۔ شیطان نے جواب دیا۔ کہ اگر تمہاری عمر ایک سَو سال کی نہ ہوتی۔ تو

میں تمہیں مار ڈالتا۔ عابد اس بات سے غرور میں آگیا۔ اور اپنے آپ سے کہنے لگا۔ کہ ابھی میری عمر لمبی ہے۔ جو کچھ چاہوں کروں۔ اور پھر توبہ کرلونگا۔ تو بدکاری کرنے لگا اور عبادت ترک کردی۔ اور ہمیشہ کے واسطے تباہ اور برباد ہوگیا ✤

لہٰذا یہ حکایت انسان کو بیدار کرنے والی ہے۔ کہ حکم الٰہی کو ترک نہ کرے اور اپنا مطلوب حاصل کرنے میں ترجیح نہ کرے۔ اور اگر سب کام خدا تعالےٰ کے سپرد کردو۔ اور اُس سے طلب کرو کہ جو کچھ میری خیر اور صلاح ہے۔ وہی کر۔ تو پھر تم انشاءاللہ خیر اور صلاح ہی دیکھو گے ✤

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ سپردِ خدا کرنا کیا ہے؟ اور اُس کا حکم کیا ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ اس جگہ دو فرق ہیں۔ کہ اُن کے ساتھ مطلب واضح ہوتا ہے۔ ایک سپرد کرنے کا موقع۔ اور دوسرے سپرد کرنے کے معنی اور اُس کی تعریف اور اُس کی ضد ✤

موقع سپرد کرنے کا یہ ہے۔ کہ اس بات کو جان لو! کہ مرادیں تین قسم پر ہیں ✤

ایک مراد یہ ہے کہ اُس کے عمل میں شرارت اور فساد یقینی ہے۔ جیسے آتش جہنم اور عذاب الٰہی۔ اور کفر اور بدعت اور نافرمانی خدا۔ ایسی مراد کا تو کبھی بھی قصد نہ کرنا چاہئے ✤

دوسری مراد یہ ہے کہ اُس میں نیکی یقینی ہے جیسے بہشت اور ایمان۔ اور فرض سُنت۔ ایسی مراد کا یقینی اور قطعی طور پر طلب کرنا روا ہے۔ اور یہ سپردِ خدا کرنے کا محل نہیں ہے۔ کیونکہ اس کی طلب میں کسی طرح کا خطرہ نہیں ہے۔ یقیناً خیر اور اصلاح ہے ✤

تیسری مراد یہ ہے کہ اُس کی بابت قطعی طور پر خیر اور صلاح معلوم نہیں ہے۔ اور یہ نوافل اور مباح جیسی چیزیں ہیں۔ یہ سپردِ خدا کرنے کا محل ہے۔ اور یقینی اور قطعی طور پر اُس کا طلب کرنا جائز نہیں ہے۔ بلکہ خیر اور اصلاح کی شرط لگا کر انشاءاللہ تعالےٰ کہنا چاہئے۔ جب اپنے ارادے کو انشاءاللہ تعالےٰ کی قید لگاؤ گے۔ تو یہی سپردِ خدا کرنا ہے۔ پس اگر انشاءاللہ نہ کہو۔ اور قطعی اور یقینی طور پر چاہو۔ تو یہ ناجائز منع اور طمع کے قبیلے سے ہے۔ لہٰذا سپردِ خدا کرنا اُس مراد پر ہے۔ کہ جس میں خطرہ ہو۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ اُس میں اپنی بھلائی کا یقین نہ ہو ✤

Marfat.com

اور سپردِ خدا کرنے کا مطلب میرے پیرومرشد شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس چیز میں خطرہ ہے اُس کے اختیار کو ترک کرنے کا نام سپردِ خدا ہے۔ یعنے مختار ہے۔ اور مدبّر ہے۔ اور مصلحت مخلوق سے خوب واقف ہے۔ اور میں بیان کرتا ہوں۔ کہ جس چیز میں خطرے سے امن نہ ہو۔ اُس کی صلاحیت حق تعالےٰ سے طلب کرنے کا نام سپردِ خدا کرنا ہے۔ اور اِس کی ضد طمع ہے۔ اور طمع دو قسم پر ہے۔ ایک طمع کے معنی امید ہے۔ وہ ایسی چیز کی طلب ہے۔ کہ جس میں خطرہ نہیں ہے۔ اور یہ یا خطرناک چیز کو انشاء اللہ کہکر طلب کیا جائے اور یہ طمع محمود ہے۔ جیسے کہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے قرآن مجید میں منقول ہے وَالَّذِیْ اَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَلِیْ خَطِیْٓئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ؕ (حق تعالےٰ کی وہ ذات پاک ہے کہ جس سے میں طمع کرتا ہوں۔ کہ وہ میری خطائیں قیامت کے روز بخش دے)۔

دوسری طمع بد ہے۔ جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ طمع سے پرہیز کرو۔ کیونکہ وہ موجودہ تنگی ہے۔

اور میرے پیرومرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ دو چیزیں بُری ہیں۔

ایک دل میں ایسی چیز کو جگہ دینا کہ جس کے نافع ہونے میں شک ہے دوسرے کسی خطرناک چیز کو یقینی اور قطعی طور پر طلب کرنا۔ یہ دوسری چیز سپردِ خدا کی ضد ہے۔ سپردِ خدا کو ترک نہ کرنے کا یہ علاج ہے۔ کہ کاموں میں نتائج کے خطرات کو یاد کرو۔ اور ہلاکت اور فساد کے امکان کو یاد کرو۔ اور اُس کے فاسد ہو جانے کا تصوّر کرو۔ اور سب سے بڑا علاج یہ ہے۔ کہ اپنی عاجزی کو خطرات میں نہ پڑنے کے واسطے مدِ نظر رکھو۔ اگر تم اِن دو باتوں کو ہر وقت یاد رکھو گے۔ تو اِن کے باعث ہمیشہ سب کام حق تعالےٰ کے سپرد کیا کرو گے۔ اور کسی کام کو بشرطِ صلاح و خیر و انشاء اللہ تعالےٰ کہے بغیر طلب نہ کرو گے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ وہ کونسا خطرہ ہے۔ کہ جس کے باعث کام کو خدا کے سپرد کرنا واجب ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ خطرہ دو قسم پر ہے۔ایک خطرۂ شک ہے۔ کہ کام ہو گا یا نہیں۔اور اُس تک پہنچے گے یا نہیں۔ایسے کام کے واسطے انشاء اللہ تعالےٰ کہنا ضروری ہے۔دوسرا افساد کا خطرہ ہے۔کیونکہ یقینی طور پر معلوم نہیں ہے۔کہ اُس میں صلاحیت ہے۔یا فساد ہے۔اور اِس میں پیرہیز کرنے کی ضرورت ہے÷

اور اِس بات کو جان لو! کہ اماموں کی عبادتیں خطرے کے بیان میں مختلف ہیں بعض کا بیان ہے۔کہ اندیشہ اُس فعل میں ہوتا ہے۔کہ جس کے بغیر نجات ممکن ہے۔اور اُس میں گناہ ہوتا ہے۔لہذا ایمان اور سُنّت اور استقامت میں خطرہ نہیں ہے۔کیونکہ اِن کے بغیر نجات ممکن نہیں ہے۔اور استقامت کے ساتھ گناہ جمع نہیں ہوتا ہے۔لہذا ایمان اور استقامت کو قطعی اور یقینی طور پر طلب کرنا چاہیئے÷

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔کہ فعل میں خطرہ یہ ہے۔کہ خطرے کا امکان ایسی چیز میں ہو۔کہ اُس میں آئندہ کے لئے مشغول ہونا اور اُس فعل کا کرنا بہترین ہوتا ہے۔ایسا خطرہ مباح چیزوں اور سُنّتوں اور فرضوں میں ہوتا ہے۔مثلاً ایک شخص پر نماز کا وقت تنگ ہو رہا ہے۔اور اُس کو ادا کرنا چاہتا ہے۔اور کسی شخص کو دیکھا کہ وہ آگ میں گر رہا ہے یا پانی میں ڈوب رہا ہے۔اور اُس کو بچانا ممکن ہے لہذا اُس کو بچانا نماز پڑھنے سے بہتر ہے÷

بنابریں بہت سے مباحات اور نوافل اور فرائض ایسے ہیں کہ اُن کا قطعی اور یقینی طور پر طلب کرنا روا نہیں ہے÷

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ کیا یہ جائز ہے؟ کہ خدا تعالےٰ بندوں پر کوئی چیز فرض کرے۔اور اُس کی ترک پر عذاب کرے۔اور اُس کے کرنے میں بندے کے واسطے صلاحیت نہ ہو؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ میرے پیر مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔کہ حق تعالےٰ بندے کو کسی چیز کا حکم نہیں دیتا ہے۔تا وقتیکہ اُس میں بندے کے واسطے صلاحیت نہ ہو۔جبکہ سب طرح کے عوارضات اور رکاوٹیں دور ہوں اور کسی فعل کے کرنے پر مجبور نہیں کرتا ہے۔تا وقتیکہ بندہ اُس فعل سے روگردانی نہ کر سکے مگر اُس میں بندے کے واسطے بہتری ہوتی ہے۔اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ گاہے خدا تعالےٰ

Marfat.com

کوئی سبب پیدا کر دیتا ہے۔ کہ اس کے باعث دو چیزوں میں سے ایک کی طرف توجہ کرنا بہتر ہوتا ہے۔ اور دوسری کو ترک کرنا پڑتا ہے۔ ایک چیز سے معذور رہونے سے دوسری چیز میں اجر ملتا ہے۔ فرض کی ترک کے باعث نہیں۔ بلکہ فرض سے بہتر چیز کے کرنے کے باعث ثواب ہے ٭

مَیں نے حضرت امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے اس مسئلہ کی بابت سُنا ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا۔ جو چیزیں کہ حق تعالےٰ نے بندوں پر فرض کی ہیں۔ جیسے نماز روزہ وغیرہ اُن میں بندے کے واسطے ضرور صلاحیت ہے۔ اور اُن کی طلب یقینی طور پر کرنی صحیح ہے۔ اور میرا بھی اس مسئلہ میں اُن کے ساتھ اتفاق رائے ہے۔ باقی رہے مباح اور نفل ان کو خوب سمجھ لو۔ کیونکہ دقیق علم میں سے ہیں ٭

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ جو کوئی شخص کاموں کو خدا کے سپرد کرتا ہے۔ وہ ہلاکت اور فساد سے امن میں ہے یا نہیں؟ اور دُنیاوی مقام، مقامِ محنت ہے؟

جواب اس بات کو جان لو۔ کہ خدا کے سپرد اُنہی امور کو کرے کہ جن میں خدا کی طرف سے صلاحیت ہو۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جس میں صلاحیت نہ ہو۔ اُس کو سپردِ خدا نہ کرنا چاہیئے۔ یعنے نیک امور کو حق تعالےٰ کے سپرد کرو ٭

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ دو چیزوں میں سے افضل کو کرنا۔ خدا کے ذمے واجب ہے؟

جواب اس بات کو جان لو۔ کہ حق تعالےٰ کی شان میں ایسے کلمات استعمال کرنا کہ جن سے اُس پر کسی بات کی ذمّہ واری ٹھیرائی جائے ناجائز ہیں۔ کیونکہ بندوں کی طرف سے خدا پر کوئی چیز واجب نہیں ہے۔ اور بندے کو ایسے کام کرنے جائز ہیں۔ کہ جن میں خوبی ہے۔ خواہ افضلیت نہ ہی ہو۔ تمہیں معلوم نہیں ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم اور آپ کے اصحاب کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین۔ ایک سفر میں رات بھر طلوعِ آفتاب تک سوتے رہے تھے۔ یہاں تک کہ فجر کی نماز اُن سے فوت ہو گئی تھی۔ حالانکہ نماز۔ خواب سے افضل ہے۔ اور ایسا بھی ہے۔ کہ حق تعالےٰ بندے کو دُنیا میں نعمت اور مال عنایت فرماتا ہے۔ باوجودیکہ اُس کے واسطے درویشی افضل ہے۔ اور حق تعالےٰ عورت اور فرزند عنایت فرماتا ہے۔ حالانکہ عبادت الٰہی کے واسطے

Marfat.com

مجبُور رہنا افضل ہے۔کیونکہ حق تعالےٰ اپنے بندوں کے متعلق مصالح کو خوب جاننے والا ہے۔ اِس کی مثال اِس طرح ہے۔کہ طبیب حاذق اور ناصح مریض کو ماءُ الشعیر (جَو کا پانی) پلاتا ہے اگرچہ شربت کا پلانا افضل ہوتا ہے۔کیونکہ جانتا ہے۔کہ مریض کی اصلاح ماءُ الشعیر میں ہے کیونکہ بندے کا مقصود ہلاکت سے نجات ہے۔اور افضل اور بزرگی باوجود فساد اور ہلاکت کے مقصود نہیں ہے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ سپرد کرنے والے کو کسی چیز کا اختیار کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ ہمارے علماء رحمۃ اللہ علیہم کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ سپرد کرنے والا مختار ہے۔اور یہ اختیار سپرد کرنے کی حالت کو مضر نہیں ہے۔کیونکہ دونوں چیزوں میں خیر نہیں ہے ایک اعلیٰ ہے اور ایک ادنیٰ ہے اور بندہ حق تعالےٰ سے اعلیٰ کو طلب کرتا ہے۔ جیسے کہ مریض طبیب کی خدمت میں عرض کرتا ہے۔کہ میرا علاج بجائے ماءُ الشعیر کے شربت کے ساتھ کرو۔چونکہ میرے واسطے دونوں چیزیں اچھی ہیں۔مگر میں اپنے واسطے اچھی اور افضل چیز طلب کرتا ہوں اسی طرح بندے کے واسطے جائز ہے۔کہ حق تعالےٰ سے ایسی چیز طلب کرے کہ جس میں صلاحیت اور افضلیت ہو۔تاکہ اُس کے واسطے خوبی اور افضلیت دونوں حاصل ہو جائیں۔لیکن شرط یہ ہے کہ اگر حق تعالےٰ بندے کی مصلحت غیر افضل چیز میں دیکھے تو بندہ اسی چیز پر راضی ہو جائے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ بندہ افضل چیز کو کیوں اختیار کرے ؟ کیا اس کے واسطے جائز نہیں ہے۔کہ صرف نیکی ہی کو پسند کرے ؟

جواب صلاحیت اور فساد۔اور ادنیٰ اور اعلیٰ چیز کو معلوم کرو۔اور اِس بات کو معلوم کرو۔کہ افضل چیز کا حق تعالےٰ سے سوال کرنے کا یہ مطلب ہے۔کہ خدا تعالےٰ بندے کی مصلحت کو افضل چیز میں مقرر کردے۔ یہ بات نہیں ہے کہ بندہ کسی چیز کی بابت حق تعالےٰ پر زور ڈال سکتا ہے۔اِس کو خوب سمجھو! کیونکہ یہ دقیق علوم اور اسرار میں سے ہے۔اگر تنبیہ کی ضرورت نہ ہوتی تو ہم ذکر ہی نہ کرتے۔کیونکہ علم مکاشفہ پر آفت آتی ہے۔اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔

تیسرا عارضہ قضا۔ اور اُس کی اقسام کا وارد ہونا ہے۔ پھر خدا تعالےٰ کی قضا پر راضی رہو۔ اِس کے دو باعث ہیں ؛

ایک تو یہ ہے کہ عبادت کے واسطے فراغت حاصل ہو۔ کیونکہ اگر راضی بہ قضا نہ ہوگے۔ تو ہمیشہ غمگین رہو گے۔ اور غم ہی میں عمر کو برباد کرو گے۔ کہ یہ کیوں ہوُا؟ اور یہ کیوں نہ ہوُا؟ اور یہ کس واسطے ہے؟ اور یہ کس واسطے نہیں ہے؟ دل انہی باتوں میں لگا رہے گا۔ اور عبادت نہ کر سکو گے۔ کیونکہ ایک سے زیادہ دل نہیں ہیں۔ اور اس کو غم سے بھر لیا ہے۔ لہٰذا دل میں ذکر عبادت۔ اور فکرِ آخرت کے لئے جگہ نہ رہی ؛

دوسرے یہ ہے کہ قضا پر راضی نہ ہونے میں خطرہ ہے۔ روایت کرتے ہیں۔ کہ ایک پیغمبر کو پیغمبروں میں سے صلوات اللہ علی نبینا و علیہم کوئی بات خلاف طبع پیش آئی۔ آپ نے خدا تعالےٰ کی درگاہ میں شکایت کی۔ خدا تعالےٰ کی طرف سے وحی آئی۔ کہ تم مجھ کو خدائی کرنا سکھاتے ہو۔ کہ میری شکایت کرتے ہو۔ اور میں ایسا نہیں ہوں! کہ میری بُرائی کرو اور شکایت کرو۔ میرے علم غیب میں پہلے ہی تمہارے واسطے یہ بات مقرر ہو چکی تھی۔ تم میری قضا پر کس واسطے راضی نہیں رہتے ہو۔ یہ چاہتے ہو کہ تمہارے باعث دُنیا کو پھیر دوں۔ یا لوحِ محفوظ کو بدل دوں۔ جو فائدہ تم چاہتے ہو وہ نہ ہوگا اور جو کچھ میں چاہتا ہوں وہی ہوگا۔ جو تم پسند کرتے ہو وہ نہ ہوگا۔ اور جو کچھ میں پسند کرتا ہوں وہی ہوگا۔ مجھکو قسم ہے! اپنے عزت اور جلال کی۔ اگر دوسری بار ایسا خطرہ تمہارے دل میں پڑا۔ تو پیغمبری کا خلعت تم پر سے اتار کر۔ دوزخ میں بھیج دونگا اور مجھے کسی طرح کا ڈر نہیں ہے ؛

میں کہتا ہوں کہ غافل! اس سیاست عظیم اور خوفناک عذاب پر ایک نظر غور کر کہ جب انبیا اور اصفیا کا ایسا حال ہے۔ تو دوسرے عام لوگوں کو شکایت کرنے کا کیا محل ہے؟

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ راضی بہ قضا ہونے کے کیا معنی ہیں؟ اور اس کی حقیقت اور حکم کیا ہے؟

جواب ہمارے علما رحمۃ اللہ علیہم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ رضا کے معنیٰ اپنے غصے کو ترک کرنا ہے۔ اور جو کچھ خدا تعالےٰ نے حکم لگایا ہے۔ وہی بہتر اور پر از مصلحت

Marfat.com

ہے۔ خواہ بندہ اُس چیز کی صلاح اور فساد کو بھی یقیناً جان لے ٭

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ نافرمانی اور شرارتیں قضائے الٰہی سے ہیں۔ لہٰذا بندہ گناہ اور نافرمانی پر کیوں راضی ہو؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ رضا قضا پر واجب ہے۔ اور شر کی قضا شر کے ساتھ نہیں ہے۔ بلکہ خیر کے ساتھ ہے۔ کہ جو قضا کی ہے۔ لہٰذا قضا کے ساتھ۔ رضا شر نہیں ہے ٭

اور ہمارے مشائخ رحمتہ اللہ علیہم اجمعین نے ارشاد فرمایا ہے کہ جن چیزوں پر قضا لگی ہے۔ چار قسم پر ہیں۔ نعمت اور سختی۔ خیر اور شر۔ نعمت کا یہ بیان ہے۔ کہ نعمت کے حاکم اور نعمت کے حکم اور نعمت دی گئی چیز پر راضی رہے۔ اور اِس لحاظ سے کہ نعمت ہے اس پر شکر واجب ہے ٭

اور سختی کا یہ بیان ہے۔ کہ حاکم اور حکم اور حکم کی گئی چیز پر راضی رہے۔ اور اِس لحاظ سے کہ سختی ہے اُس پر صبر کرنا واجب ہے ٭

اور خیر کا یہ بیان ہے۔ کہ حاکم اور حکم اور حکم کی گئی چیز پر راضی رہے۔ اور اِس لحاظ سے کہ وہ خیر ہے۔ اور اُس پر توفیق عنایت ہوئی ہے۔ احسان حق تعالےٰ کو یاد کرنا واجب ہے ٭

اور شر کا یہ بیان ہے کہ حاکم اور حکم اور حکم کی گئی چیز پر راضی ہے۔ اِس لحاظ سے کہ اُس چیز کا حکم کیا گیا ہے۔ اِس لحاظ سے نہیں کہ وہ چیز قضا کے ساتھ شر ہے اور اُس سے پناہ مانگنا اور توبہ کرنا واجب ہے ٭

سوال اگر یہ بات دریافت کرو! کہ راضی بہ قضا شخص زیادتی کی طلب کرے یا نہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ زیادتی کی طلب بشرط خیر و صلاح جائز ہے اور بطور قطع اور حکم کے ناجائز ہے۔ اور بشرط خیر و صلاح زیادتی طلب کرنے کی صورت میں۔ مقام رضا سے نہ نکلے گا۔ بلکہ طلب زیادت رضامندی کی دلیل ہے۔ کیونکہ جس کو کوئی چیز اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اور اُس پر راضی ہوتا ہے۔ یقیناً اِس چیز کو زیادہ طلب کرتا ہے جب دودھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم کے سامنے پیش

Marfat.com

کرتے۔ تو آپ فرماتے بیسے خدا! اس لکھے ہوئے میں مجھ کو برکت عنایت فرما۔ اور اس کو میرے واسطے زیادہ کر۔ اور دودھ کے علاوہ دوسری چیز کی بابت ارشاد فرماتے میرے خدا! مجھ کو اس سے بہتر عنایت فرما۔ ان دونوں مقاموں میں کوئی بات راضی بہ قضا نہ ہونے پر دلالت نہیں کرتی ہے ؛

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے ہر ایک امر میں انشاء اللہ کہنا اور شرط خیر وصلاح کی لگانا منقول نہیں ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ ان باتوں کا تعلق دل کے ساتھ ہے۔ اور زبان تو صرف عبارت ہی بیان کرتی ہے۔ جب دل میں حاصل ہو گیا۔ تو عبارت کا اعتبار نہیں ہے۔ اس کو خوب سمجھ لو! اور اللہ ہی توفیق خیر عنایت فرمانے والا ہے ؛

چوتھا عارضہ سختی اور مصیبتیں ہیں۔ ان کا علاج صبر ہے۔ لہٰذا تم پر لازم ہے کہ ان جگہوں میں دو چیز کے باعث صبر کرو ؛

ایک یہ ہے کہ اگر صبر کرو گے تو عبادت کر سکو گے۔ کیونکہ عبادت کے کام کی بنا۔ صبر اور مشقت کی برداشت پر ہے۔ جو شخص صابر نہیں ہے۔ اس سے حقیقی طور پر عبادت نہیں ہو سکتی ہے۔ اور جو شخص خدا تعالےٰ کی عبادت کرنا چاہتا ہے۔ اور اس کے واسطے تجرد اختیار کرے۔ اس کو چار طرح کی محنت اور مصیبت پیش آتی ہے۔ ایک یہ ہے کہ کوئی عبادت نہیں کہ جس میں مشقت نہیں ہے۔ اسی واسطے عبادت کے کام ہیں۔ کئی طرح کی ترغیب اور عبادت کے وعدے ہیں۔ کیونکہ عبادت خواہش نفس کی مخالفت کے بغیر نا ممکن ہے۔ اس واسطے کہ نفس خیرات سے روکنے والا ہے۔ اور انسان پر نفس کی مخالفت کرنا نہایت ہی مشکل کام ہے ؛

دوسرے یہ ہے کہ جب آدمی مشقت کے ساتھ نیکی کرے تو اس پر احتیاط کرنی واجب ہے۔ تاکہ کوئی خرابی پیدا نہ ہو۔ اور عمل کی احتیاط میں صبر کرنا۔ عمل پر صبر کرنے سے بھی نہایت مشکل ہے ؛

تیسرے یہ ہے کہ دنیا محنت کا مکان ہے۔ لہٰذا جو شخص دنیا میں ہے۔ اس کو سختی اور مصیبت کے ابتلا پر ضرور صبر کرنا ہوگا۔ مصیبت اہل اور قرابت ہو

Marfat.com

یا بھائیوں اور دوستوں میں ہو۔ مرنے اور کوچ کرنے کے متعلق ہو۔ اپنی ذات میں ہو۔ کوئی بیماری لاحق ہو۔ یا لوگوں کے باعث ہو۔ کوئی بُرا کہتا ہے۔ ذلیل جانتا ہے۔ غیبت کرتا ہے۔ تہمت لگاتا ہے۔ یا مال میں آفت آئی۔ کوئی لے گیا یا ضائع ہو گیا۔ اور ہر ایک کا اِن مصائب میں سے جُدا عذاب اور جُدا زخم ہے۔ اور بندے کو اِن پر صبر کرنا ضرور ہے۔ ورنہ افسوس اور گھبراہٹ اور پریشانی عبادت سے روکے گی ؂

چوتھے یہ ہے کہ طالب آخرت کو بلا کا سامنا اور محنت بہت کرنی پڑتی ہے جو شخص دُنیا میں خدا تعالےٰ کا مقرب ہے۔ اُس پر مصائب اور آفات سخت تر ہیں۔ تم نے سُنا نہیں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم نے ارشاد فرمایا ہے سب سے سخت بلائیں پیغمبروں پر صلوات اللہ علیہم اجمعین۔ پھر اولیا اللہ اور شہیدوں پر رضوان اللہ علیہم اجمعین۔ پھر اُن پر جو اِن کے قریب مرتبے میں ہیں ؂

لہٰذا جو شخص نیکی کا ارادہ کرتا ہے۔ اور راہِ آخرت کے سلوک کے واسطے کمربستہ ہوتا ہے۔ اُس کو ضرور آفات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر اُن پر صبر نہ کرے گا اور اُن کی طرف توجہ کرے گا۔ تو ضرور رستے سے کٹکر رہ جائے گا۔ اور ثواب عبادت سے محروم رہے گا ؂

حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص راہ آخرت میں سفر کرنا چاہے۔ اُس کو چار طرح کی موت قبول کرنی چاہئے۔ موت سفید۔ موت سیاہ موت سُرخ موت سبز۔ موت سفید بھُوک ہے۔ موت سیاہ لوگوں کی عیب جوئی ہے۔ موت سرخ شیطان کی مخالفت ہے۔ موت سبز ہر ایک قسم کے واقعات سے ہاتھ اُٹھانا ہے ؂

دوسری چیز جو صبر کا باعث ہے یہ ہے۔ کہ دُنیا اور آخرت کی بھلائی صبر میں رکھی گئی ہے۔ ایک نجات ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرمایا ہے۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے۔ تو اللہ اِس کے واسطے سبیل نکالتا ہے اور ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے۔ کہ اُس کو گمان بھی اُس کا نہیں ہے) یعنے سب مصائب سے حق تعالےٰ

Marfat.com

نجات عنایت فرماتا ہے ۔

دوسرے دشمنوں پر فتح ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ فَاصْبِرْ اِنَّ الْعَاقِبَۃَ لِلْمُتَّقِیْنَ ۝ (صبر کرو! کیونکہ آخر کامیابی پرہیز گاروں ہی کے واسطے ہے) ۔

تیسرے مراد پر کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَتَمَّتْ کَلِمَۃُ رَبِّکَ الْحُسْنٰی عَلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ بِمَا صَبَرُوْا (اور بنی اسرائیل پر تیرے رب کا حکم۔ بہشت بابت مکمل ہو چکا ہے اس وجہ سے کہ انہوں نے صبر کیا ہے) ۔

چوتھے امام اور پیشوا بننا ہے۔ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَجَعَلْنَاھُمْ اَئِمَّۃً یَّھْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا (اور ہم نے اُن کے صبر کے باعث اُن کو امام بنایا۔ کہ وہ ہمارے امر کی ہدایت کرتے ہیں) ۔

پانچویں حق تعالےٰ کی طرف سے صابروں کی مدح اور ثنا ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے اِنَّا وَجَدْنٰہُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّہٗٓ اَوَّابٌ ۝ (ہم نے ایوبؑ کو صابر پایا۔ اچھا بندہ ہے۔ کیونکہ ہماری طرف رجوع کرنے والا ہے) ۔

چھٹے صابر کے واسطے بشارت ہے۔ جیسے کہ ارشاد ہے۔ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ (اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو) ۔

ساتویں صابر خدا کے محبوب ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ (اللہ صبر والوں کو دوست رکھتا ہے) ۔

آٹھویں صابروں کے بہشت میں درجے بلند ہیں۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اُولٰٓئِکَ یُجْزَوْنَ الْغُرْفَۃَ بِمَا صَبَرُوْا (اُن کو اُن کے صبر کے باعث بلند بالا خانے۔ بہشت میں عنایت کئے جائیں گے) ۔

نویں صابروں کو حق تعالےٰ کی طرف سے سلام ہے۔ جیسے کہ ارشاد ہوتا ہے۔ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ (تمہارے صبر کے باعث تم پر سلامتی ہے) ۔

دسویں صابروں کے واسطے بیحد وحساب ثواب ہے۔ چنانچہ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَھُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ (صبر کرنے والوں کو اُن کا بدلہ بے شمار بھرپور دیا جائے گا) ۔

بنابریں غور کرو! کہ حق تعالےٰ ایک گھڑی بھر صبر کرنے والوں کو۔ دین اور دُنیا میں۔ کس قدر انعام اور اکرام عنایت فرماتا ہے۔ جب تم نے معلوم کر لیا۔ کہ سعادت دارین صبر پر موقوف ہے۔ لہٰذا مصائب کا صبر کے ساتھ مقابلہ کرو! اور اِس شریف خصلت کو غنیمت سمجھو! اور اِس کے حاصل کرنے میں کامل طور پر جدوجہد کرو! اور اللہ تعالےٰ اپنے فضل کے ساتھ توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ صبر کی حقیقت اور اُس کا حکم کیا ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ صبر کے معنیٰ لغت میں قید کرنے کے ہیں حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَاصْبِرْ نَفْسَكَ یعنے اپنے نفس کو قید کرو! گھبراہٹ اور پریشانی سے روکو! ہمارے علماء رحمۃ اللہ علیہم کا فرمان ہے۔ کہ سختی کے باعث اپنی عاجزی کو یاد نہ کرنا صبر ہے۔ اور بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ گھبراہٹ کے معنیٰ ہیں۔ کہ سختی سے قطعی طور پر نکلنے کا ارادہ کرے۔ اور صبر اِس کی ضد ہے بہرحال صابر ہونے کا یہ انتظام ہے۔ کہ اِس بات کو جان لو! کہ تمہاری گھبراہٹ اور پریشانی سے امر مقدّر میں کمی بیشی اور زیادتی اور نقصان نہ ہوگا۔ لہٰذا گھبرانے میں کیا فائدہ ہے؟ اور سب سے بڑھ کر یہ علاج ہے! کہ سختی اور آفت کے مقابلے میں خدا تعالےٰ کے ثواب اور انعام و اکرام کو یاد کرے۔

فصل

تم پر لازم ہے! کہ اِن چار عارضوں کو دور کر کے۔ اِس سخت اور مشکل گھاٹی کو طے کرو! ورنہ یہ عوارضات مقصود پر نہ پہنچنے دیں گے۔ بلکہ عبادت کی طرف نظر بھی نہ کرنے دیں گے۔ کیونکہ اِن چاروں میں ایک دوسرے کی طرف مشغولی ہے۔ اور اِس بات کو جان لو! کہ اِن چاروں میں سب سے مشکل۔ رزق کے متعلق کا کام ہے۔ اور اِس کام کی تدبیر بڑی بھاری بلا ہے۔ کہ اِس نے تمام مخلوق کو رنج و فکر میں رکھا ہے۔ اور اُن کے دلوں کو مشغول کیا۔ اور اُن کی عمروں کو ضائع کیا ہے۔ اور اُن کو بہت سا نقصان پہنچایا ہے۔ اور حق تعالےٰ کی درگاہ سے۔ اور اُس کی عبادت سے روک رکھا ہے۔ اور دُنیا اور مخلوق کی خدمت میں مشغول کر دیا ہے۔ غفلت اور ظلم اور رنج اور ذلت میں عمر گذاری ہے۔ اور آخرت میں شرمندہ اور مفلس گئے ہیں۔ عذاب گلے کا ہار ہوا۔ اور حساب دینا پڑا ہے۔

Marfat.com

اور غور کرو! کہ حق تعالےٰ نے رزق کے بارے میں کس قدر آیات نازل فرمائی ہیں؟ اور کتنی جگہ رزق کا وعدہ کیا ہے؟ ضمانت بھی کی اور قسم بھی کھائی ہے ×

اور ہمیشہ انبیا علیہم السّلام اور اولیائے کرام اور علماءِ عظام نے رزق کے بارے میں نصیحت کی ہے۔ کہ خدا تعالےٰ پر توکل کرو! باوجود اِن باتوں کے لوگ پرہیز نہیں کرتے ہیں۔ اور خدا تعالےٰ کے وعدے کے ساتھ اپنے دل کو تسکین نہیں دیتے ہیں۔ اور اصلیت اِس گناہ کی یہ ہے۔ کہ حق تعالےٰ کی آیات اور صنعت میں۔ اُس کی اور اُس کے رسُول کے کلام میں غور نہیں کرتے ہیں۔ بلکہ ابلیس ملعون اور جاہلوں کی بات پر کان لگاتے ہیں۔ یہاں تک کہ شیطان نے اُن پر قابو پالیا ہے۔ اور احمقوں کی عادتیں اور رسمیں اُن کے دلوں میں جگہ پکڑ چکی ہیں۔ اُن کے دل کمزور اور ایمان سُست ہو گیا ہے ×

بہرحال جو لوگ صاحبانِ بصیرت اور اصحاب کوشش اور اجتہاد ہیں۔ چونکہ آسمانی اسباب اُن کے طریق مشاہدہ میں ہیں۔ لہٰذا زمین کے اسباب کی طرف توجہ نہیں کرتے ہیں۔ اور خدا تعالےٰ کی مضبوط زنجیر کو تھامے ہوئے ہیں۔ شیطان اور خلقت اور نفس کے وسواس کی طرف توجہ نہیں کرتے ہیں۔ اور اگر شیطان یا نفس یا کوئی آدمی اُن کو وسوسے میں ڈالے۔ تو اُس کے دفعیہ اور مخالفت میں۔ پوری کوشش کے ساتھ اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ شیطان اُن سے نااُمید ہو گیا۔ اور خلقت نے اُن سے مُنہ پھیر لیا۔ اور اُن کا نفس فرمانبردار ہو گیا۔ اور اُن کو اپنی حالت میں استقامت حاصل ہو گئی ×

حکایت

بیان کرتے ہیں۔ کہ حضرت ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ارادہ کیا۔ کہ کسی جنگل کو بغیر توشے اور سواری اور بغیر کسی رفیق سفر کے طے کریں۔ شیطان نے آپ کو ڈرایا۔ کہ یہ جنگل نہایت خطرناک ہے۔ اور آپ کے پاس سفر خرچ نہیں ہے۔ آپ نے پختہ ارادہ کر لیا کہ انشاء اللہ اس سفر کو بغیر توشے ختم کروں گا۔ اور ہر ایک میل کے نشان پر ایک ہزار رکعت ادا کروں گا۔ آپ اپنے ارادے میں کامیاب ہوئے۔ اور دس سال اِس جنگل میں گذارے ×

Marfat.com

بیان کرتے ہیں کہ خلیفہ ہارون الرشید عباسی۔ اس سال میں بیت اللہ شریف کے حج کو جا رہا تھا۔ حضرت کو دیکھا کہ آپ ایک میل کے نیچے نماز پڑھ رہے ہیں۔ خلیفہ پاس آیا اور عرض کرنے لگا۔ ابا اسحاق ابراہیمؒ! آپ کیسے ہیں؟ پھر خلیفہ نے یہ بیت پڑھے ؎

نُرَقِّعُ دُنْيَانَا بِتَمْزِيقِ دِينِنَا فَلَمْ يَبْقَ دُنْيَانَا وَلَا مَا نُرَقِّعُ
فَطُوبىٰ لِعَبْدٍ آثَرَ اللّٰهَ رَبَّهُ وَجَادَ بِدُنْيَاهُ لِمَا يَتَوَقَّعُ

ترجمہ۔ ہم دین کا پیراہن پھاڑ کر دنیا کو پیوند لگاتے ہیں۔ نہ پیوند ہی رگا رہا اور نہ دنیا ہی باقی رہی۔

لہٰذا اُس بندے کے واسطے خوشخبری ہے۔ کہ جس نے اپنے رب کو اختیار کر لیا ہے۔ اور اپنی اصل امید پر دنیا کو قربان کر دیا ہے۔

ایک بزرگ صالحین میں سے اپنا قصہ اس طرح بیان کرتے ہیں۔ کہ میں جنگل میں تھا۔ شیطان ملعون نے مجھ کو وسوسہ کیا۔ اور کہا کہ تو جنگل میں تنہا ہے۔ اور تیرے پاس کچھ کھانے کو بھی نہیں ہے۔ اور یہ جنگل نہایت ہی خطرناک ہے۔ نہ لوگ ہیں اور نہ کسی طرح کی آبادی ہے۔ میں نے اپنے نفس پر ارادہ کر لیا۔ کہ میں اسی طرح جنگل کو طے کروں گا۔ اور رستے کو چھوڑ دوں گا۔ تاکہ مجھ کو سوائے ذاتِ حق کے اور کوئی نہ دیکھے۔ اور کوئی شخص مجھ کو کچھ نہ دے۔ اور کوئی چیز نہ کھاؤں گا۔ تاوقتیکہ میرے مُنہ میں زبردستی گھی اور شہد نہ ڈالیں۔ اپنے دل میں یہ بات ٹھان کر۔ میں راہ سے بے راہ ہو گیا۔ اسی طرح کسی طرف کو نکل گیا۔ یہاں تک کہ میں نے ایک قافلہ کو دیکھا کہ جو راستہ بھولا ہوا تھا۔ میں نے اپنے آپ کو زمین پر گرا دیا۔ تاکہ مجھ کو صرف حق تعالےٰ ہی دیکھے۔ اور وہ لوگ نہ دیکھیں۔ پھر خدا تعالےٰ اُن کو میرے پاس لایا۔ یہاں تک کہ قافلہ والوں نے مجھ کو دیکھ لیا۔ میں نے آنکھیں بند کر لیں۔ انہوں نے پاس آکر آپس میں کہا۔ کہ یہ بیچارہ رستہ بھول گیا ہے۔ اور بھوک اور پیاس سے بیہوش ہو گیا ہے۔ ایک دوسرے کو کہنے لگے کہ گھی اور شہد لاؤ۔ جب آگیا تو میرے مُنہ میں ڈالنے لگے۔ میں نے لب اور دانتوں کو بند کر لیا۔ پھر انہوں نے میرے دانت کھولنے کے واسطے چھری منگائی۔ میں ہنس پڑا اور مُنہ کھول دیا۔ بولے کہ تو پاگل ہے۔

Marfat.com

مَیں نے کہا نہیں! الحمد اللہ۔ پھر مَیں نے اُن کو اپنا کچھ تھوڑا سا قصہ سُنایا۔

اور ہمارے مشائخ رحمۃ اللہ علیہ میں سے ایک بزرگ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں طالب علمی کے زمانے میں اپنے سفروں میں سے ایک سفر میں تھا۔ میں ایک مسجد میں اترا۔ تنہا اور بے توشہ تھا۔ اولیا اللہ کی عادت کے مطابق شیطان آیا۔ مجھ کو وسوسہ کیا۔ اور بولا کہ یہ مسجد لوگوں کی آمد و رفت سے دُور ہے۔ دوسری مسجد میں جاؤ کہ جو لوگوں کے درمیان ہو۔ تاکہ تمہیں دیکھیں۔ اور تمہاری گذر کا انتظام کریں۔ مَیں نے اپنے دل میں کہا قسم بخدا! میں یہیں شب باشی کروں گا۔ اور سوائے حلوائے مرغن کے کوئی اور چیز نہ کھاؤں گا۔ اور تاوقتیکہ میرے مُنہ میں لقمہ لقمہ کر کے نہ ڈالیں۔ نہ کھاؤں گا۔ پھر مَیں نے عشا کی نماز پڑھی اور دروازہ بند کر لیا۔ جب تھوڑی رات گذری تو کسی نے مسجد کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ مَیں نے کوئی جواب نہ دیا۔ جب بہت دیر تک یہی حالت رہی تو مَیں نے دروازہ کھول دیا۔ ایک بڑھیا عورت داخل ہوئی۔ جس کے ایک ہاتھ پر حلوے کا طباق اور دوسرے ہاتھ میں چراغ تھا۔ اور اس کے ساتھ ایک لڑکا تھا۔ اُس نے حلوے کا طباق میرے سامنے رکھا۔ اور بولی۔ مَیں نے یہ مرغن حلوا اپنے لڑکے کے واسطے تیار کیا تھا۔ جب کھانے لگا تو ہم میں بات چیت ہوئی۔ لڑکے نے قسم کھائی کہ میں حلوا نہ کھاؤں گا۔ مگر کسی مسافر آدمی کے ساتھ بیٹھ کر۔ پھر اُس عورت نے ایک نوالہ میرے مُنہ میں ڈالا۔ اور دوسرا نوالہ اپنے لڑکے کے مُنہ میں ڈالا۔

اگر تم صالحین کے مجاہدے نفس اور مخالفت شیطان کی طرف غور کرو۔ تو تین طرح کے فائدے حاصل ہوں گے۔

ایک یہ ہے کہ مقدّر رزق کسی حال میں بھی زائل نہیں ہوتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ رزق پر توکل کرنا بہت بڑی مہم ہے۔ کیونکہ شیطان رزق کے بارے میں بڑے بڑے وسوسے ڈالتا ہے۔ یہاں تک کہ بزرگوں کو بھی اس سے نجات نہ ملی۔ باوجود سخت ریاضات اور مجاہدات کے شیطان اُن سے نااُمید نہ ہوا۔ یہاں تک کہ اِن مناقضات کی طرف اُن کو ضرورت پڑی۔

اس بات کو جان لو! کہ جس شخص نے ستر سال تک بھی شیطان اور نفس سے مجاہدہ کیا۔ وہ بھی اِن وسوسوں سے امن میں نہ رہ سکا۔ کیونکہ جب فرصت ملتی ہے تو عبادت

میں وسوسہ ڈالتے ہیں۔ جیسے نو آموز کو بہکاتے ہیں۔ بلکہ ایسے شخص کو۔ کہ جو ایک گھڑی ریاضت اور مجاہدے سے غافل ہو گیا ہو۔ اور اگر اُس پر کامیاب ہو جائیں تو اُس کو رسوا اور برباد کر دیتے ہیں۔ اُن کی غافلوں اور مغرور لوگوں جیسی گت بنا دیتے ہیں +

تیسرا فائدہ یہ ہے۔ کہ تم کو معلوم ہو جائے۔ کہ مجاہدے کا کام موت تک ختم نہیں ہوتا ہے۔ اور مشائخ سلف رحمۃ اللہ علیہ اجمعین بھی تمہاری طرح گوشت اور خون اور جسم اور روح رکھتے تھے۔ بلکہ تمہاری نسبت اُن کا جسم کمزور اور ہڈیاں باریک تھیں۔ مگر اُن کے واسطے قوت علم اور نور یقین اور ہمت بڑی تھی۔ اسی واسطے دین کے کام میں مجاہدات پر قدرت رکھتے تھے۔ اور اُن کی طاقات کو اُن کے حق کے مطابق پورا کرتے تھے۔ تم بھی اپنے نفس کی طرف خیال کرو! اور اِن مشکلات میں اسی طرح دوڑ دھوپ کرو تاکہ نجات پاؤ انشاءاللہ تعالےٰ +

فصل

اُن نکات کے بیان میں ہے۔ کہ جن کے ذریعے عوارضات دفع ہوتے ہیں۔ اور اِس کے آخر میں مقامِ تفویض اور رضا کا ذکر ہے۔ اور اِسی میں چار نکات بیان کروں گا۔ کہ جن کے ذریعے قناعت حاصل ہو گی۔ کان دھرو! اور سُنو! اور اِس پر عمل کرو! اور اللہ ہی اپنے فضل کے ساتھ توفیق عنایت فرمانے والا ہے +

توکّل کا بیان سُنو! اِس میں چار نکتے قناعت دینے والے ہیں +

پہلا نکتہ یہ ہے کہ اِس بات کو جان لو! کہ خدا تعالےٰ نے ہماری روزی قبول کی ہے۔ اور اُس پر قرآنِ مجید میں ضامن ہوا ہے۔ اچھا یہ بات بتاؤ! کہ اگر کوئی دُنیا کے بادشاہوں میں سے تمہارے ساتھ وعدہ کرے۔ کہ آج کی رات میں تمہیں مہمان رکھوں گا۔ اور یا شام کو کھانا کھلاؤں گا۔ اور تمہارا خیال ہے کہ وہ سچا ہے اور جھوٹ نہیں بولتا ہے۔ اور وعدہ خلافی نہیں کرے گا۔ یا کسی بازاری آدمی یا یہودی یا نصرانی یا مجوسی یا کسی دوسرے آدمی نے وعدہ کیا ہو۔ کیا تم اُس کے وعدے پر اعتبار نہ کرو گے؟ اور تمہارے دل کو اطمینان نہ ہو گا؟ اور کیا اُس رات کھانے کی فکر کرو گے؟ پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ حق تعالےٰ کے وعدے پر۔ کیوں اعتبار نہیں کرتے ہو؟ اور اُس کے فرمان پر

اپنے دل کو تسکین کیوں نہیں دیتے ہو؟ اور حق تعالٰے کی قسم کو پائدار کیوں نہیں سمجھتے ہو؟ اور رزق کے بارے میں شک کرنا ایمان کو زائل کر دیتا ہے۔ اس بات کو یاد رکھو! اسی واسطے حق تعالٰے ارشاد فرماتا ہے وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ (اگر تم ایمان والے ہو! تو خدا ہی پر توکل رکھو)۔

دوسرا نکتہ یہ ہے۔ کہ اس بات کو جان لو! کہ رزق مقسوم ہو چکا ہے۔ اور حق تعالٰے کی تقسیم میں کمی بیشی ناممکن ہے۔ پھر رزق کی طلب میں مرنے کھپنے سے۔ سوائے دنیاوی ذلت اور خواری کے اور کیا فائدہ ہے؟ اور آخرت کا نقصان کہیں بڑھ چڑھ کر ہے۔ اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ ہر ایک کھجور کے دانے کی پشت پر لکھا ہوا ہے۔ کہ یہ فلاں بیٹے فلاں کے واسطے ہے۔ لہٰذا لالچی کو لالچ کرنے میں سوائے لالچ کے اور کچھ بھی فائدہ نہیں ہے۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس کا چبانا تمہارے ہی دانتوں کے واسطے مقدر ہو چکا ہے اس کو دوسرا شخص ہرگز نہ چبا سکے گا۔ لہٰذا اپنے رزق کو عزت کے ساتھ کھاؤ۔ اور بے فائدہ اپنے آپ کو ذلیل نہ کرو۔ تاکہ دنیا اور آخرت میں نقصان نہ اٹھاؤ۔ یہ نکتہ نہایت ہی عمدہ اور انسان کو قناعت دینے والا ہے۔

تیسرا نکتہ وہ ہے کہ جو میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ توکل کے بارے میں مجھ کو اس بات نے نفع دیا۔ کہ جو میں نے اپنے آپ کو کہی۔ کہ رزق زندوں کے کام آتا ہے۔ اور مردہ رزق کو کیا کرے گا؟ چونکہ بندے کی زندگی رزق کے بارے میں خدا تعالٰے کے خزانے میں ہے۔ اور حق تعالٰے کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اگر چاہے عنایت کرے۔ اور اگر چاہے نہ دے۔ پھر میری بیجا کوشش کا کیا فائدہ ہے؟ یہ نکتہ اہل تحقیق کے واسطے آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔

چوتھا نکتہ وہی ہے کہ جو ہم گذشتہ فصل میں بیان کر چکے ہیں۔ کہ حق تعالٰے خود ضامن ہوا ہے۔ اور اس کا نام رزق مضمون ہے۔ کہ بندے کی غذا اور زندگی کا باعث ہے۔ اور باقی اسباب کھانے اور پینے کے۔ اگر ہوں یا نہ ہوں ان پر

Marfat.com

توجہ نہیں ہے۔ کیونکہ خدا تعالےٰ نے اُس کو ضرور قوت عنایت کرنی ہے۔ تاکہ عبادت کے واسطے زندہ رہے۔ اور رزق کے بارے میں صرف اِسی قدر طاقت ہے۔ اور کچھ زیادہ نہیں ہے۔ اور حق تعالےٰ قادر ہے۔ اگر چاہے۔ تو اپنے بندے کے جسم کو کھانے اور پینے سے قائم رکھے۔ اور اگر چاہے تو خاک اور دُھول سے قائم رکھے۔ اور اگر چاہے۔ تو اپنی تسبیح اور تہلیل سے قائم رکھے۔ جیسے فرشتوں کو قائم رکھا ہے۔ اور اگر چاہے تو اِن سب ذرائع کے بغیر ہی قائم رکھے۔ اور بندے کے واسطے مطلوب عبادت میں طاقت اور توانائی ہے۔ کھانا اور پینا نہیں ہے۔ اِسی واسطے عابدوں اور زاہدوں نے پوری طاقت کے ساتھ سفر طے کئے ہیں۔ اور رات اور دن نہ کچھ کھایا ہے اور نہ پیا ہے۔ بعضوں نے اِن میں دس روز تک کچھ نہیں کھایا پیا ہے۔ اور بعضوں نے ریت کھا کر گذر کی ہے۔

جیسے کہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ کا مکّہ شریف کے راستے میں کھانے اور پینے کا سامان ختم ہو گیا۔ پندرہ دن آپ نے صرف ریت کھا کر گذارے۔ حضرت ابو معاویہ اسود رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا۔ کہ آپ نے بیس روز تک صرف مٹی پر گذر کیا۔

میں کہتا ہوں کہ تم اِس وقوعے پر تعجب نہ کرو! کیونکہ حق تعالےٰ قادر ہے۔ جس طرح چاہتا ہے۔ کرتا ہے تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ کئی بیمار ایک ایک ماہ تک کچھ نہیں کھاتے ہیں اور زندہ رہتے ہیں۔ حالانکہ بیمار شخص تندرست کی نسبت بہت کمزور ہوتا ہے۔ اور جو شخص کہ بھوک سے مرجاتا ہے۔ وہ اِس واسطے ہے کہ اُس کی عمر تمام ہو جاتی ہے۔ اُس کی مثال ایسے آدمی کی ہے۔ کہ جو بہت کھانے سے مرجاتا ہے۔

حضرت ابو سعید خراز رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میری حالت خدا تعالےٰ کے ساتھ یہ تھی۔ کہ مجھ کو تین روز کے بعد کھانا عنایت فرماتا تھا۔ ایک بار میں جنگل میں تھا۔ تین دن گذر گئے۔ اور مجھ کو کھانا نہ ملا۔ میں کمزور ہو کر اپنی جگہ پر بیٹھ گیا۔ پھر میں نے ہاتف غیبی کی آواز سُنی۔ اُس نے کہا۔ ابا سعید! کیا چیز پسند

کرتے ہو؟ طاقت چاہتے ہو! یا طاقت کا سبب! میں نے سوچا! کہ رزق سبب ہے جب طاقت ملے تو رزق کو کیا کرنا ہے؟ میں نے جواب دیا۔ کہ میں طاقت چاہتا ہوں! پھر میں اُٹھا۔ اور اُن تین روز کے علاوہ بارہ روز تک کھانا نہ کھایا۔ اور کسی طرح کی کمزوری محسوس نہ کی۔

بنابریں جب بندہ جانتا ہے۔ کہ خدا تعالےٰ نے اس پر رزق کے اسباب روک دیئے ہیں۔ اور بندہ متوکل ہے۔ تو یقیناً جانے کہ حق تعالےٰ اُس کو بغیر اسباب کے طاقت عنایت فرمائے گا۔ جیسے کہ فرشتوں کو عنایت کی۔ لہذا ان باتوں سے تنگ نہ آئے۔ بلکہ حق تعالےٰ کا بہت سا شکریہ ادا کرے۔ کہ اصل مقصود اس کو عنایت کر رکھا ہے۔ اور زحمت اور اسباب کی گرانی اُٹھا دی ہے۔ اور عادت کے تعلقات اُس سے دُور کر دیئے ہیں۔ اور قدرت کا راستہ اُس پر کھول دیا ہے۔ اور اُس کی حالت فرشتوں کے مشابہ کر دی ہے۔ اور اِن کرامات کے باعث چوپاؤں اور عام لوگوں سے اُس کو ممتاز کر لیا ہے۔ پھر اس اصل میں خوب غور کرو! اس کے ذریعے سے بڑا فائدہ حاصل کرو گے۔

مَیں کہتا ہوں! شاید تم سوال کرو گے! کہ آپ نے توکل کے بارے میں اس کتاب کے اختصار کی نسبت بہت زیادہ بیان کر دیا ہے۔ لہذا سُنو! جو کچھ میں نے توکل کے بارے میں لکھا ہے۔ بہت تھوڑا ہے۔ کیونکہ عبادت کا دارومدار صرف توکل پر ہی ہے۔ بلکہ دین اور دُنیا کا کام توکل پر موقوف ہے۔ اور عبادت بغیر توکل کے ناممکن ہے۔ لہذا توکل کے ساتھ لپٹے رہو! اور اُس کا حق نگاہ رکھو۔ ورنہ کبھی بھی مقصود تک رسائی حاصل نہ ہو گی۔ اور اللہ ہی توفیق خیر عنایت فرمانے والا ہے۔

اب تفویض کا حال سُنو! جس کے معنی سپردِ خدا کرنا ہے۔ اس کی بابت اِن دو اصلوں میں غور کرو۔

پہلا اصل یہ ہے! کہ اس بات کو جان لو! ایسا آدمی کسی کام کو اختیار کر سکتا ہے۔ کہ جو اُس کام کے ظاہر اور باطن کو۔ اور موجودہ حالت اور اُس کے انجام کو خوب اچھی طرح جانتا ہو۔ ورنہ اس کا نتیجہ خراب ہو گا۔ اور فساد اور بربادی میں پڑیگا۔ سُنو! اگر تم نے روپیہ وغیرہ کسی انجان آدمی کو پرکھنے کے واسطے دیا۔ تو کچھ بھی فائدہ

Marfat.com

نہ ہوگا۔ اُلٹا اُس کی جہالت سے نقصان ہوگا۔ اگر صراف یا کسی واقف آدمی کے پاس لیجاؤ گے جو پرکھنے کے کام کو خوب جانتا ہے۔ تو فائدہ حاصل ہوگا۔ بنابریں تمام کاموں کے وجوہات پر سوائے ذات حق کے اور کوئی شخص احاطہ کرنے والا نہیں ہے۔ لہذا خدا تعالٰے کے سوا کسی اور شخص کو کسی کام کے اختیار کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔ بیان کرتے ہیں۔ کہ ایک شخص کو صالحین میں سے حق تعالٰے کا حکم ہوا کہ کچھ مانگو؟ تا کہ ملجائے۔ اس نے عرض کی۔ خدایا! تو ہر ایک چیز کا عالم ہے۔ اور میں ہر ایک چیز سے جاہل ہوں۔ مجھے کیا معلوم ہے؟ کہ مجھ کو کیا مانگنا چاہیئے؟ جو کچھ مجھے چاہیئے وہی کچھ عنایت فرما۔

دوسرا اصل یہ ہے۔ اگر کوئی شخص تم کو کہے! کہ میں تمہارے رب کاموں کی تدبیر کروں گا۔ اور جو تدبیر کا حق ہے اُسی طرح کروں گا۔ لہذا اپنے سب کام میرے حوالے کرو۔ اور تم اپنے کسی مہم کام میں مشغول ہو جاؤ۔ اور ایسا کفیل شخص تمہارے نزدیک سب لوگوں سے بڑا عالم بڑا مشفق بڑا راست گو اور بڑا وفادار ہے۔ کیا تم ایسے شخص پر اعتبار نہ کرو گے؟ اور کیا اُس کو بڑی نعمت نہ جانو گے؟ اور سب کام اُس کے حوالے نہ کرو گے؟ اور ہر وقت اُس کے شکر گذار نہ رہو گے؟ اور اگر کوئی کام تمہارے واسطے ایسا پسند کرے کہ جو بظاہر تمہاری خواہش کے خلاف ہو۔ تو کیا اُس شخص سے تنگ ہو جاؤ گے؟ ہرگز نہیں! بلکہ کہو گے کہ وہ میرے مطلب کو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔ اسی واسطے میرے لئے پسند کیا ہے۔ کہ اُس میں میرے واسطے دونوں جہان کی بہتری ہے۔

بنابریں تم اپنے سب کام خدا تعالٰے کے حوالے کیوں نہیں کرتے ہو! کہ رب آسمانوں اور زمین کی تدبیر کرنے والا ہے۔ اور سب علم والوں سے بڑھ کر عالم ہے اور سب قدرت والوں سے زیادہ قادر ہے۔ اور تمام رحیموں سے زیادہ رحیم ہے۔ تاکہ اپنی تدبیر کامل کے ساتھ جو کچھ کہ تمہارے واسطے بہتر ہے پسند کرے۔ اور جس چیز کو اس کی حکمت تقاضا کرے۔ اُس پر راضی اور خوش رہو۔ کیونکہ اُسی میں تمہارے واسطے صلاح اور مصلحت ہے۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔

اب راضی بہ قضا ہونے کا حال سُنو! یہ صرف دو باتوں پر منحصر ہے۔

پہلا اصل یہ ہے کہ اس بات کو جان لو! کہ راضی بہ قضا رہنے سے دو فائدے ہیں۔ ایک موجودہ دوسرے انجام کار نتیجہ ہے۔ موجودہ فائدہ دل کی فراغت اور اندوہ و

Marfat.com

رنج کی نفی ہے۔ جب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہما کے بارے میں۔ کہ اپنے غم و فکر کو ترک کرو۔ جو کچھ مقدر میں ہے آئے گا۔ اور جو چیز تمہارا رزق نہیں ہے۔ وہ ہرگز نہ ملے گی۔

اور رضا کا انجام کار میں یہ فائدہ ہے کہ حق تعالےٰ خوش ہوتا ہے۔ جیسے کہ ارشاد فرمایا ہے۔ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ (حق تعالےٰ اُن سے راضی ہے۔ اور وہ حق تعالےٰ سے راضی ہیں)۔

دوسرا اصل یہ ہے۔ کہ حق سے کشیدگی کی صورت میں اس کے بڑے زبردست غصے کا خوف ہے۔ اور کفر اور نفاق کے حزر کا اندیشہ ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ لَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (قسم ہے تیرے رب کی! وہ لوگ ہرگز ایمان والے کہلانے کے مستحق نہیں ہیں۔ یہاں تک کہ اپنے اختلاف میں۔ آپ کو حاکم نہ بنالیں۔ پھر آپ کے حکم پر۔ اپنے دلوں میں کسی طرح کی تنگی نہ پائیں۔ اور کامل طور پر تسلیم کرلیں) جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے فیصلے پر راضی نہیں ہے۔ حق تعالےٰ نے اُس کے ایمان کی نفی بذریعہ قسم کے فرمادی ہے۔ تو ایسے شخص کا کیا حال ہے؟ کہ جو خدا کے حکم پر راضی نہیں ہے۔

یہ بھی روایت کرتے ہیں کہ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جو شخص میری قضا پر راضی نہیں۔ اور میری بلا پر صابر نہیں۔ اور میری نعمتوں پر شکرگذار نہیں ہے۔ تو ایسے شخص سے کہدو! کہ میرے سوا دوسرے رب کی تلاش کرے۔ یہ شخص گویا کہ راضی نہیں ہے۔ کہ میں اُس کا پروردگار رہوں۔ کیونکہ میری قضا پر راضی نہیں ہے۔ لہٰذا کوئی دوسرا رب طلب کرے۔ کہ جس کی رضا پر راضی رہے (حدیث قدسی) یہ نہایت درجے کا خوف دلانا اور عذاب پر تنبیہ ہے۔ جو شخص عارف ہے۔ اچھی طرح سمجھ سکتا ہے۔

اب صبر کا بیان سُنو! اس بات کو جان لو! کہ صبر نہایت ہی تلخ دارو ہے۔ اور اس کا پینا بڑا ناگوار ہے۔ اور نفس کے لئے نہایت ہی نفرت والا شربت ہے۔

Marfat.com

اِس کے پینے والا مُبارک شخص ہے۔ جو سب فائدے حاصل کرتا ہے۔ اور تمام نقصانوں سے بچا رہتا ہے۔ جب یہ صفت ہے۔ تو عقل والے پر لازم ہے۔ کہ زبردستی نفس کو پلائے اور اُس کی تلخی پر صبر کرے۔ کیونکہ ایک گھڑی کا صبر ایک سال کا آرام ہے۔ بلکہ اِس سے بھی کہیں زیادہ آرام ہے۔

صبر کے منافع سُنو! اِس بات کو جان لو! کہ صبر چار قسم پر ہے۔ عبادت پر صبر گناہ سے بچنے پر صبر۔ فضول دُنیاوی چیزوں سے بچنے پر صبر۔ اور سب طرح کی محنتوں اور آفات پر صبر۔ اگر اِن چار جگہ پر صبر کی تلخی کو برداشت کرے گا۔ تو اُس کو عبادت اور استقامت اور بہت سا ثواب حاصل ہو گا۔ اور انجام کار گناہوں کی آفات میں مُبتلا ہونے سے امن میں ہو گا۔ اور دُنیا کی بلاؤں اور آخرت کے عذابوں سے نجات پائے گا۔

صبر جن ضرورتوں کو دفع کرتا ہے۔ اُن کی بابت سُنو! اِس بات کو جان لو! کہ اُس کا پہلا فائدہ یہ ہے۔ کہ دُنیاوی گھبراہٹ اور پریشانی کو دُور کرتا ہے۔ اور پھر آخرت کے عذاب سے بھی نجات دیتا ہے۔ اور نیز اِس بات کو جان لو! کہ جو شخص صبر سے عاجز ہو۔ اور پریشانی ظاہر کرے۔ اُس سے تمام فوائد فوت ہو جاتے ہیں۔ اور سب طرح کے نقصان پاتا ہے۔ کیونکہ جو شخص عبادت کی مشقت پر صبر نہ کر سکے گا۔ وہ عبادت نہ کر سکے گا۔ اور جو شخص عبادت کی حفاظت پر صبر نہ کرے گا۔ اُس کی عبادت ضائع ہو جائے گی۔ اور جو شخص عبادت کی ہمیشگی پر صبر نہ کرے گا۔ شریف اور اعلیٰ مرتبے پر نہ پہنچے گا۔ اور استقامت کا درجہ نہ پائے گا۔ اور جو شخص گناہ سے نہ بچے گا۔ گناہ میں مبتلا ہو گا۔ اور جو شخص فضول دُنیا سے پرہیز نہ کرے گا۔ اُس میں ضرور مشغول ہو گا۔ اور جو شخص مُصیبت پر صبر نہ کرے گا۔ صبر کا ثواب نہ پائے گا۔ بنابریں ایسے شخص پر دو مصیبتیں وارد ہوتی ہیں۔ ایک تو اجر اور صبر کا نہ ملنا۔ کیونکہ کہتے ہیں۔ کہ ثوابِ صبر سے محروم ہونا مصیبت سے بھی بڑھ کر سخت ہے۔

حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ کسی کے یہاں ماتم پرسی کرنے کے واسطے تشریف لے گئے۔ تعزیت کے بعد آپ نے ارشاد فرمایا۔ جو کچھ تقدیر میں تھا۔ وہی کچھ ہوا۔ اگر صبر کرو گے تو اجر پاؤ گے۔ اور اگر گھبرا کر فریاد کرو گے۔ تو نقصان اٹھاؤ گے۔

پھر اِس بات کو سُنو! اور سمجھو! کہ جن چیزوں اور عادتوں اور علاقوں کے ساتھ دل جکڑا ہوا ہے۔ اُن سے قطع تعلق۔ توکل بر خدا کے ذریعے سے کرنا۔ اور سب کاموں میں ترک تدبیر کرکے۔ راضی بہ قضا ہونا۔ اور حق تعالیٰ کے سپرد کرنا۔ اور سب بلاؤں پر صبر کرنا۔ اور نفس کو خشکی سے بچانا۔ یہ نہایت سخت علاج اور بڑا مشکل کام ہے۔ اور نہایت بھاری بوجھ ہے۔ لیکن سیدھا راستہ ہے۔ اور اِس کا انجام اچھا ہے سُنو! مہربان مشفق اور دولت مند باپ کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ کہ جو اپنے عزیز فرزند کو کھجوریں کھانے سے منع کرتا ہے۔ اور دوسرے لوگوں کو دے رہا ہے۔ اِس کے سبب اور مصلحت اور باعث کو باپ ہی خوب جانتا ہے۔ یا لڑکا چیختا ہے اور باپ اُس کے پچھنے لگواتا ہے۔ کیا یہ باتیں بخل اور دشمنی کے باعث ہیں؟ ہرگز نہیں! ہرگز نہیں! کیونکہ بیگانوں کو مفت دیتا ہے۔ اور فرزند عزیز کو روکتا ہے۔ اِس کا باعث یہ ہے۔ کہ وہ اپنے بچے کی مصلحت اور پائندہ مفاد کو دیکھتا ہے۔ کیونکہ تھوڑی سی پرہیز اور تکلیف کے بعد بہت سا فائدہ حاصل ہو گا۔ اِس واسطے روکتا ہے۔

لہٰذا حق تعالیٰ تم کو جب سختی میں مُبتلا کرتا ہے۔ تو یقین جانو! کہ وہ تمہارے امتحان سے بے پرواہ ہے۔ اور وہ تم پر مشفق اور مہربان ہے۔ اور تم کو آفات میں تمہاری مصلحتوں کے باعث مبتلا کرتا ہے۔ اور تم کو اُن مصالح کا علم نہیں ہے۔ اگر حق تعالیٰ تم سے روٹی کا ٹکڑا یا روپیہ پیسہ روک لے۔ باوجودیکہ وہ مالک ہے تمہاری طلب کو پورا کرسکتا ہے۔ اور اُس چیز کے دینے پر قادر ہے۔ تمہاری حالت کو جانتا ہے۔ عاجز اور بخیل بھی نہیں ہے۔ تو اُس کو حقیقت میں روکنے سے کیا فائدہ ہے؟ مگر اُس فعل میں تمہارے ہی لئے خیر اور مصلحت ہوتی ہے۔ اِسی واسطے انبیا علیہم السلام اور اولیائے کرام اور اصفیائے عظام پر بلاؤ آفات کا نزول زیادہ ہوتا ہے جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اگر خدا تعالیٰ کسی قوم کے ساتھ محبت رکھتا ہے۔ تو اُس کو بلا میں مُبتلا کرتا ہے۔

لہٰذا جب دیکھو کہ خدا تعالیٰ تم سے دُنیا کو دُور رکھتا ہے۔ اور تم کو بلا اور سختی میں مبتلا کرتا ہے۔ تو سمجھ لو! کہ حق تعالیٰ کے نزدیک عزت رکھتے ہو! اور جیسے کہ اُس نے معاملہ اپنے دوستوں کے ساتھ کیا ہے۔ وہی معاملہ تم سے کرنا چاہتا

ہے۔ لہٰذا اُس کا شکریہ ادا کرو +

فصل

حاصل کلام یہ ہے کہ جب تم نے یقیناً جان لیا۔ کہ حق تعالےٰ رزق پر خود ضامن ہے۔ تو تمام علاقوں سے ہاتھ اُٹھا کر۔ اُسی پر توکل کرو۔ کیونکہ علاقہ فائدہ مند نہیں ہے اور رزق رساں صرف ذاتِ حق ہی ہے۔ اور اپنی کاریگری کو ترک کرو۔ اور حق تعالےٰ جو آسمانوں اور زمین کی تدبیر کرنے والا ہے۔ اُس کے سپرد کرو۔ اسی طرح خدا تعالےٰ کی قضا پر راضی رہو۔ اور مصیبت میں صبر کرو۔ اور حتی المقدور عبادت میں بھی صبر کرو۔ اور جہاں تک ہمت ہے۔ ان سب باتوں پر عمل کرو۔ جب ان سب بیان کردہ باتوں پر عمل کرو گے۔ تو چار عوارضات کو اپنے نفس سے دُور کر دو گے۔ اور توکل اور صبر اور سپرد خدا اور اُس سے راضی رہنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ اور تمہارے دل و جان کو دُنیا میں راحت اور آخرت میں بہت بڑا ثواب حاصل ہو گا۔ اور دُنیا و آخرت میں بھلائی اور استقامت عبادت میں نصیب ہوگی۔ اور یہ گھاٹی کہ جو نہایت سخت اور مشکل تھی تم نے طے کر لی۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم (اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت نیکی کی مگر ساتھ توفیق اللہ بزرگ اور بلند کے) +

پانچویں گھاٹی آمادہ کرنیوالی چیزوں کے بیان میں

میرے بھائی! پھر تم اس کے راہ عبادت میں چل سکو گے۔ جب استقامت ہوئی نور کا وٹیں اور عوارضات اُٹھ گئے۔ اور راہ عبادت میں چلنے کے واسطے اُمید اور خوف نہایت ضروری ہے۔ خوف کا لازم ہونا دو چیز کے باعث ہے +

پہلا سبب یہ ہے کہ خوف گناہوں سے بچانے والا ہے۔ کیونکہ نفس بدی کا حکم کرنے والا۔ اور فتنوں کی طرف مائل کرنے والا ہے۔ نہایت ہی ڈرنا اور زبردست خوف اور کاموں کی تدبیر اس کو روکنے والی ہے۔ قول اور فعل اور فکر کے ساتھ ہمیشہ نفس پر تازیانے لگاتے رہو +

Marfat.com

چنانچہ بعض صالحین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ کو نفس نے گناہ کی طرف بلایا۔ آپ اُٹھے اور کپڑے اُتار کر گرم ریت پر لیٹنے لگے۔ اور اپنے نفس کو بولے! کہ آتشِ دوزخ کی تپش اِس سے بہت زیادہ تیز ہے۔ مردار! تو نے رات اور دن بدکرداری پر کمر باندھ رکھی ہے؟

دوسرا سبب یہ ہے۔ کہ خوف طاعت اور عبادت میں اترانے سے روکتا ہے۔ تاکہ غرور سے ہلاک نہ ہو جاؤ۔ بلکہ ہمیشہ عیش و عشرت کی مذمت اور برائی کرتے رہو۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ اگر مجھ کو اور میرے بھائی مسیح عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ وسلم کو مواخذہ کریں۔ اس باعث سے کہ جو کچھ ہم دونوں نے کسب کیا ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے اپنی دو انگشت مبارک کے ساتھ اشارہ کیا۔ تو ہم کو ایسا عذاب ہو۔ کہ کسی دوسرے آدمی کو ایسا عذاب ہرگز نہ کریں ۞

حضرت سید الطائفہ امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے ارشاد فرمایا۔ ہم میں سے کس طرح کوئی شخص نڈر ہو جائے؟ کیونکہ ممکن ہے کہ اُس نے کوئی گناہ ایسا کیا ہو۔ کہ اُس پر بخشش کا دروازہ بند ہو گیا ہو۔ اور وہ بغیر ضروری عمل کرتا ہو۔ اور ناحق زحمت اُٹھاتا ہو ۞

حضرت ابن سماک رحمۃ اللہ علیہ اپنے نفس پر عتاب کرتے اور فرماتے۔ نفس! تو زاہدوں جیسی بات کرتا ہے۔ اور عمل منافقوں جیسے کرتا ہے۔ اور بہشت کی طمع کرتا ہے۔ دُور ہو! بہشت کی مستحق دوسری قوم ہے۔ اُس کے عمل تیرے عملوں سے جُدا ہیں۔ یہ اور اسی قسم کی دوسری باتیں۔ بندے پر لازم ہے۔ کہ اپنے نفس کو کہے۔ اور بار بار تکرار کرے۔ تاکہ عبادت میں اترا کر نافرمانی میں نہ گر پڑے ۞

اور اُمید کا واجب ہونا بھی دو چیز کے باعث ہے۔ پہلا سبب یہ ہے۔ کہ اُمید طاعت کا باعث ہے۔ کیونکہ عبادت نفس کے واسطے مشکل ہے اور شیطان عبادت سے روکتا ہے۔ اور خواہش نفسانی گناہ کی طرف بلاتی ہے اور ثواب جس کا وعدہ ہے۔ آنکھ سے غائب ہے۔ اور اُس ثواب کو پہنچنے کا وقت

بندے کے گمان میں دُور ہے۔ جب ایسی حالت ہے۔ تو نفس عبادت کے واسطے جنبش تک نہ کرے گا۔ اور رغبت نہ کرے گا۔ مگر اُن چیزوں کے ساتھ کہ جو رکاوٹوں کے برابر نہ ہوں۔ بلکہ اُن سے بڑھ کر ہوں۔ یہ خدا تعالےٰ کی رحمت کی اُمید۔ اور اُس کی طرف سے نیکی اور ثواب میں رغبت دلاتا ہے ؎

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ غم طعام سے روکتا ہے۔ اور خوف گناہ سے روکتا ہے۔ اور اُمید عبادت کرنے پر طاقت دیتی ہے۔ اور موت کو یاد کرنا فضول دُنیاوی کاموں کے متعلق زاہد بناتا ہے ؎

دوسرا سبب یہ ہے کہ اُمید کے باعث سختی اور مشقت کو برداشت کرنا آسان ہے۔ کیونکہ جو شخص مطلوب کی قدر کو پہچانتا ہے اُس کے واسطے جو کچھ بھی دے آسان معلوم ہوتا ہے۔ اور جس شخص کو کوئی چیز بھلی معلوم ہوتی ہے اِس کے واسطے سختی برداشت کرتا ہے۔ اور راہ میں جو مشقت پیش آئے اُس کی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ اور جس کو دوست رکھتا ہے۔ اُس کی راہ میں محنت اُٹھاتا ہے بلکہ محنت میں لذت اُٹھاتا ہے۔ تم شہد کے مشتاق کو نہیں دیکھتے؟ کہ شہد کی شیرینی کے باعث مکھی کے ڈنگ کی ذرا بھی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ اسی طرح مزدور سیڑھی پر چڑھنے اور اُترنے کی طرف توجہ نہیں کرتا ہے۔ اور بھاری بوجھ گرما کے لمبے دن میں۔ صرف آٹھ آنے کی خاطر کہ جو رات کو ملیں گے اُٹھاتا ہے۔ یہی حالت کاشتکار کی ہے۔ کہ غلے کی خاطر سب طرح کی مُصیبت گرمی اور سردی میں برداشت کرتا ہے۔ میرے بھائی! یہی طریقہ عابد لوگوں کا ہے۔ کہ جو اہل مجاہدہ ہیں۔ جب بہشت اور طرح طرح کی نعمتیں اور حور و قصور اور طعام شراب اور حلے اور جامے۔ اور جو کچھ اُس جگہ حق تعالےٰ نے وعدہ فرمایا ہے۔ یاد کرتے ہیں۔ تو اُن پر عبادت کی سب زحمتیں آسان ہو جاتی ہیں۔ اور لذات دُنیاوی کو ترک کر کے سب طرح کی مشقت اُٹھاتے ہیں ؎

Marfat.com

حکایت

حضرت سفیان ثوری رحمتہ اللہ علیہ کے دوستوں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ استاد! یہ خوف اور مجاہدہ اور مشقت جو برداشت کر رہے ہو۔ اگر اس میں سے کچھ کم کردو۔ تو بھی اُمید ہے کہ اپنی مراد کو پہنچو گے۔ آپ نے جواب دیا۔ میں کس طرح اجتہاد نہ کروں؟ میں نے سُنا ہے کہ اہل بہشت اپنی منزلوں میں ہوں گے۔ ایک نور ایسا چمکے گا۔ کہ آٹھ بہشت کو روشن کردے گا۔ لوگوں کو معلوم ہوگا۔ کہ یہ حق تعالےٰ کا نور ہے۔ سب سجدے میں گر پڑیں گے۔ پھر آواز آئے گی۔ کہ اپنے سروں کو اُٹھالو! جو کچھ تم نے گمان کیا ہے۔ وہ نہیں ہے۔ یہ نور اُس باندی کے دانتوں میں سے نکلا ہے۔ کہ جو اپنے شوہر کے ساتھ ہنسی ہے۔ یہ اور اسی قسم کی دوسری باتیں مجاہدے کا ثمرہ ہیں*

میں کہتا ہوں! کہ جب کہ عبادت دو چیز پر موقوف ہے۔ ایک عبادت پر قائم ہونا دوسرے گناہ سے بچنا۔ یہ دونوں نفس سے نہیں ہوسکتی ہیں۔ کیونکہ نفس بدی کی طرف امر کرنے والا ہے۔ مگر ڈرانے اور اُمیدوار کرنے سے۔ کیونکہ اڑیل چوپائے کو کھینچنے والے کی اور چلانے والے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور بسا اوقات تنگ راستے میں آفت آتی ہے۔ کہ اُس کو ایک طرف سے چابک مارکر دوسری طرف چلانا پڑتا ہے۔ تاکہ کو وکر اُس تنگ جگہ سے خلاصی پائے۔ اسی طرح نفس بھی ایک اڑیل چوپایہ ہے۔ اور دُنیاوی خواہشات اور اُن کی بلا میں پڑا ہوُا ہے۔ اُس کو تازیانے اور ہنکنے والے کا خوف ہے۔ اور چلانے والے سے کچھ بخشش کی بھی اُمید ہے۔ لہذا دوزخ اور عذاب کا ذکر اُس کو ڈرانے والا ہے۔ اور بہشت اور ثواب کا ذکر اُس کو اُمید دلانے والا ہے۔ اسی واسطے بندے پر کہ جو طالب عبادت ہے۔ لازم ہے کہ اپنے نفس کو دوزخ سے ڈرائے۔ اور بہشت کا اُمیدوار کرے۔ ورنہ نفس عبادت میں موافقت نہ کرے گا۔ اسیواسطے حق تعالےٰ نے قرآن مجید میں دونوں باتوں کا ذکر کیا ہے۔ یعنے وعدہ جنت کا اور وعید دوزخ سے۔ ترغیب جنت کی اور دہشت دوزخ سے۔ اور ہر ایک کو خوب

بڑھا چڑھا کر بیان کیا ہے۔ ثواب کا اِس قدر بیان کیا ہے۔ کہ اُس سے صبر ناممکن ہے۔ اور عذاب کو اِس قدر بیان کیا ہے کہ اُس پر بھی صبر ناممکن ہے۔ لہٰذا تم اِن دونوں باتوں کو ضروری جانو! تاکہ عبادت کی مراد حاصل ہو جائے اور مشقت کو آسانی سے برداشت کرنے لگو۔ اور اللہ ہی توفیق خیر کا مالک ہے ÷

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ خوف اور امید کی حقیقت کیا ہے؟ اور اِن دونوں کا حکم کیا ہے؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ ہمارے علماء رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک خوف اور اُمید قلبی خطرات میں سے ہیں۔ اور مقدمات خوف اور رجا کا بھی اندازہ لگایا ہے۔ اور خوف کی تعریف اِس طرح بیان فرماتے ہیں۔ کہ خوف ایک لرزہ ہے۔ جو بندے کے دل میں کسی مکروہ چیز کے حاصل ہونے سے پیدا ہوتا ہے ÷

اور خوف کے چار مقدمات ہیں۔ پہلا یہ ہے۔ کہ اپنے گذشتہ گناہوں کو یاد کرنا۔ اور کہ بہت سے حق خواہ قیامت کے روز اپنا حق طلب کریں گے ÷

دوسرا یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کے سخت عذاب کو یاد کرنا۔ کہ اُس کے تحمل کی طاقت نہیں رکھتے ہو ÷

تیسرے یہ ہے کہ تمہارا نفس کمزور ہے۔ اُس عذاب کو برداشت نہ کر سکیگا۔

چوتھے یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کو تم پر ہر وقت قدرت ہے۔ جس طرح چاہے مواخذہ کر سکے گا ÷

اب اُمید کا بیان سُنو! دل کے خوش ہونے کا نام ہے۔ اور خدا کے فضل کے ساتھ راحت پانا ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کی رحمت نہایت فراخ ہے۔ یہ بھی خطرات قلبی میں سے ہے۔ اور بندے کے اختیار میں نہیں ہے۔ ایک دوسری اُمید ہے۔ کہ جو بندے کے اختیار میں ہے۔ یعنے خدا کے فضل اور اُس کی فراخی رحمت کو یاد کرنا ہے۔ یہ بھی اوّل کے قریب قریب ہے۔ اور اُمید کی ضد نا اُمیدی ہے۔ اور یہ خدا تعالےٰ کی رحمت کے فوت ہونے کا تصوّر کرنا ہے۔ اور اپنے دل سے اِس کے فضل کو قطع کرنا ہے۔ اور یہ صرف گناہ ہی ہے۔ خوف کی طرح اُمید کے بھی چار مقدمات ہیں ÷

اول خداتعالےٰ کی گذشتہ نعمتوں کو یاد کرنا ہے۔ کہ اُس نے بغیر کسی سفارش کے اور بغیر کسی طرح کے استحقاق کے عنایت فرمائی ہیں۔ دوسرے خداتعالےٰ کے بہت سے ثواب کے وعدے اور اُس کی طرف سے کرامت اور بزرگی کو یاد کرنا ہے۔ تیسرے خداتعالےٰ کی کثرت نعمت کو یاد کرنا۔ کہ اُس نے دین اور دُنیا میں بغیر سوال اور بغیر استحقاق کے عنایت فرمائی ہیں۔ چوتھے خداتعالےٰ کی فراخی رحمت کو یاد کرنا ہے۔ کہ اُس کی رحمت اُس کے غضب سے کہیں آگے بڑھی ہوئی ہے۔ جیسے کہ ارشاد فرمایا ہے سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ (کہ میری رحمت میرے غضب سے بڑھی ہوئی ہے) (حدیث قدسی) جب اِس قسم کے دونوں ذکروں کو ہر وقت یاد رکھو گے تو تمہارے واسطے خوف اور اُمید کا مقام حاصل ہو جائے گا۔ اور اللہ تعالےٰ ہی توفیق خیر عنایت فرمانے والا ہے۔

فصل

مردِ خدا! تم پر لازم ہے کہ اِس گھاٹی کو نہایت ہی احتیاط کے ساتھ طے کرو۔ کیونکہ یہ گھاٹی نہایت ہی دقیق اور خطرناک ہے۔ کیونکہ اس کا راستہ دونوں طرف کی آفتوں سے محدود ہے۔ یعنے دو طرفی آفات برباد کن اور تباہ کن ہیں۔ ایک طرف امن مہلک ہے۔ اور دوسری طرف نااُمیدی مہلک ہے۔ اور اُمید و بیم کی راہ اِن دونوں کے درمیان سے ہے۔ جو طریق عدل ہے۔ کیونکہ اگر امید غالب آجائے اِس طرح کہ خوف نہ رہے۔ تو صرف امن ہوگا یہ مہلک ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَلَا یَأْمَنُ مَکْرَ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ (سوائے خسارے والے لوگوں کے۔ اور کوئی شخص اللہ کے عذاب سے بے خوف نہیں ہوتا ہے) اور اگر خوف غالب ہو جائے۔ اِس طرح کہ اُمید نہ رہے۔ تو صرف نااُمیدی ہوگی یہ بھی مہلک ہے۔ جیسے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّہٗ لَا یَیْأَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکٰفِرُوْنَ (سوائے کافر لوگوں کے اور کوئی شخص خدا کی رحمت سے نااُمید نہیں ہوتا ہے) اور اگر مقام خوف اور اُمید کو جمع کرو گے۔ تو یہ طریقہ عدل اور استقامت ہے۔ بنابریں تمہارے واسطے اِس گھاٹی میں تین راستے ظاہر ہوئے ہیں

Marfat.com

ایک طریق امن۔ دوسرے طریق ناامیدی۔ تیسرے خوف اور اُمید کا طریق۔ جو دونوں راستوں کے درمیان ہے۔ لہٰذا اگر دائیں اور بائیں جھک جاؤ گے تو ہلاک ہو جاؤ گے۔ اور برباد ہونے والوں کے ساتھ حشر ہوگا۔ مشکل یہ ہے کہ دونوں مہلک طریقے آسان ہیں۔ اور عدل کا طریق مشکل ہے۔ کیونکہ امن میں راحت ہے خوف نہیں ہے خدا تعالےٰ پر بھروسہ کر کے بے خوف ہو گیا۔ اگر خوف کی طرف نظر کرو۔ تو سیاست اور ہیبت اور مناقشہ اولیا اور اصفیا پر بھی ہے۔ کسی طرح کی اُمید نہیں رہتی ہے۔ لہٰذا دفعتاً ناامیدی ہو جاتی ہے۔ لہٰذا تنہا رحمت اور تنہا عذاب کو مت دیکھو۔ بلکہ دونوں کی طرف نگاہ کر کے ایک درمیانی باریک راستہ اختیار کر لو۔ تاکہ سلامت رہو۔ میرے اس بیان پر خوب غور کرو۔ اور اس مشکل کام کے لئے خوب چاق و چوبند اور ہوشیار ہو جاؤ۔

اور اس بات کو جان لو! کہ اس نفس کاہل اور شوخ کو ممنوعات اور گناہوں سے بچاؤ۔ اور اس کے واسطے عبادت کا کسب کرو۔ اور تین اصل کو یاد رکھو۔

ایک یہ ہے کہ حق تعالےٰ کے احکام رغبت دلانے اور ڈرانے کے یاد رکھو۔

دوسرے ان فعلوں کو یاد رکھو۔ کہ جن کے ذریعے عذاب اور مواخذہ ہے۔

تیسرے قیامت کے روز حق تعالےٰ جو کچھ بندوں کو عذاب اور ثواب دیگا۔ اس کو یاد رکھو۔ اور ان تین اصل کی تفصیل نہایت دراز ہے اور ان کے بیان میں میں نے ایک کتاب تنبیہ الغافلین تصنیف کی ہے۔ تاہم اس کتاب میں بھی چند کلمات اس بارے میں ذکر کرتا ہوں۔ کہ جن سے مقصود کی طرف اشارہ ہوگا۔

پہلا اصل حق تعالےٰ کے اقوال کے بیان میں ہے۔ مرد خدا! حق تعالےٰ کی کتاب میں غور کر۔ کہ ترغیب اور ترہیب۔ خوف اور اُمید کے متعلق کیا ارشاد فرمایا ہے؟ اُمید کے متعلق آیات سُنو!

(۱) لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا (خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہونا۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ سب گناہوں کو بخش دے گا۔

(۲) وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ٭ (خدا کے سوا گناہوں کو کون

Marfat.com

بخشتا ہے ؟)

(۳) غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ ۝ (حق تعالیٰ گناہوں کو بخشنے والا اور توبہ کو قبول کرنے والا ہے) ٭

(۴) وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُوا عَنِ السَّيِّئَاتِ ۝ (وہی خدا ہے کہ جو توبہ کو اپنے بندوں سے قبول کرتا ہے۔ اور گناہوں کو معاف کرتا ہے) ٭

(۵) كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (تمہارے رب نے اپنے آپ پر رحمت کو فرض کر رکھا ہے) ٭

(۶) وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۝ (میری رحمت میں ہر ایک چیز کی سمائی ہے۔ میں نے پرہیزگاروں کے واسطے ہی مقرر کر رکھی ہے) ٭

(۷) إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ (یقیناً اللہ لوگوں کو بخشنے والا مہربان ہے) ٭

(۸) وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا (اور اللہ ایمان والوں پر مہربان ہے) ٭

مذکورہ بالا آیات امید کے متعلق ہیں۔ اب خوف اور سیاست کے متعلق آیات سنو! ٭

(۱) يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ (میرے بندو! مجھی سے ڈرو!) ٭

(۲) أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا (کیا تمہارا گمان ہے۔ کہ ہم نے تم کو فضول ہی پیدا کر دیا ہے؟) ٭

(۳) أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ يُتْرَكَ سُدًى (کیا انسان گمان کرتا ہے کہ ہم اس کو یونہی چھوڑ دیں گے) ٭

(۴) وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ (اور جو شخص برا عمل کرے گا۔ اس کو سزا دیا جائے گا) ٭

(۵) وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَنْثُورًا (اور بڑھے ہم ان کے عمل کی طرف۔ پس کر دیا ہم نے اس کو ملیا میٹ) ٭

اب ان آیات کو سنو! کہ جو خوف اور امید دونوں کے متعلق ہیں ٭

Marfat.com

(۱) نَبِّئْ عِبَادِیْٓ اَنِّیْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۙ (میرے بندوں کو میری طرف سے خبر دو! کہ میں یقیناً بخشنے والا مہربان ہوں) *

(۲) وَاَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ۙ (یقیناً میرا عذاب نہایت ہی دردناک عذاب ہے) *

(۳) شَدِیْدُ الْعِقَابِ (خدا تعالےٰ سخت عذاب دینے والا ہے) *

(۴) ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (اللہ فضل والا ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے) *

(۵) وَیُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ (اور اللہ تم کو اپنے آپ سے ڈراتا ہے) *

(۶) وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۠ (اور اللہ بندوں کو بخشنے والا مہربان ہے) *

(۷) مَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ (کون شخص ہے؟ کہ جو رحمان سے بن دیکھے ڈرتا ہے؟) *

ایک میں رحمت: دوسرے میں ساتھ ہی عذاب ہے۔ تیسرے میں عذاب۔ چوتھے میں ساتھ ہی فضل ہے۔ تاکہ خوف غالب نہ ہو جائے۔ پانچویں میں عذاب۔ چھٹے میں ساتھ ہی مہربانی ہے۔ اب نمبر سات پر غور کرو! خوف کو لفظ رحمان کے ساتھ بیان کیا۔ جبّار۔ قہار۔ منتقم۔ متکبر۔ کے اسم کے ساتھ ذکر نہیں کیا ہے۔ تاکہ خوف ذکر رحمت کے ساتھ ہو۔ اور تمہارا دل خوف کے ساتھ ایک دم بھڑک اُٹھے جیسا کہ بیان کرتے ہیں۔ اپنی مادر مہربان سے نہیں ڈرتے ہو؟ اور اپنے باپ مہربان سے خوف نہیں کھاتے ہو؟ اور امیر کریم سے نہیں ڈرتے ہو؟ ان آیات بالا سے یہ مراد ہے۔ کہ اُمید اور خوف کے درمیان درمیان متوسط راہ پر چلو!

دوسرا اصل یہ ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کے افعال اور اُس کے معاملے میں نظر کرو! بہر حال خوف کا بیان سُنو! کہ شیطان نے اسّی ہزار سال عبادت کی۔ یہاں تک کہ راوی لوگ بیان کرتے ہیں۔ کہ روئے زمین پر ایک قدم کی جگہ سجدے سے باقی نہ رہی۔ شیطان نے خدا کے ایک فرمان کا انکار کیا۔ لہٰذا اسّی ہزار سال کی عبادت اُس کے مُنہ پر ماری گئی۔ روزِ قیامت تک ملعون ہوا۔ اور ہمیشہ کے عذاب میں گرفتار ہے *

یہاں تک کہ روایت کرتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ و اصحابہ وسلم نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا کعبہ شریف کے پردے پر ہاتھ ڈالے ہوئے عرض کرتے ہیں۔ میرے خدا! میرے نام اور جسم کو بدل نہ کرنا۔

حق تعالےٰ نے حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو۔ اپنے دست قدرت سے پیدا کیا۔ اور فرشتوں سے سجدہ کرایا۔ اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عنایت فرمائی۔ میرے بھائی! سوچو! صرف ایک گستاخی کی۔ یعنے بے اجازت ایک پھل کھایا۔ حکم ہؤا کہ تم نافرمان ہو۔ اور میرے ہمسائے میں رہنے کے قابل نہیں ہو۔ اور فرشتوں کو حکم ہؤا کہ آدم کو ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک اُتارتے جاؤ۔ یہاں تک کہ حضرت آدم علیہ السلام زمین پر آگرے۔ چالیس سال تک گریہ وزاری کی تو پھر آپ کی توبہ قبول ہوئی۔ آپ کو اور آپ کی اولاد کو ذلت اور خواری جو ہمیشہ کے لئے پیش آئی وہ سب پر روشن ہے۔

پھر شیخ المرسلین حضرت نوح علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کا واقعہ سنو! آپنے اپنی قوم کی وعظ ونصیحت میں جو تکلیف اُٹھائی ظاہر ہے۔ صرف ایک کلمہ بلا وجہ بول اُٹھے۔ تو آواز آئی۔ میں تم کو نصیحت کرتا ہوں! کہ وہ چیز مت طلب کرو کہ جس کے انجام بابت تم کو علم نہیں ہے۔ اور انجان نہ ہو! روایت کرتے ہیں۔ کہ آپنے۔ پھر آسمان کی طرف شرم کے باعث چالیس سال تک نگاہ نہ کی۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کا ماجرا سنو! کہ آپ سے صرف ایک لغزش ہوئی۔ آپ نے خوف اور وحشت سے اس قدر گریہ وزاری کی۔ کہ حق تعالےٰ نے آپ پر جبرائیل علیہ السلام کو نازل فرمایا اور حکم آیا۔ ابراہیمؑ! کیا تم نے دیکھا ہے؟ کہ دوست اپنے دوست کو آگ کا عذاب دیتا ہے؟ آپ نے جواب دیا! جبرائیلؑ! جب میں گناہ کو یاد کرتا ہوں۔ تو اُن کی دوستی بھول جاتی ہے۔

پھر حضرت موسیٰ بن عمران علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کا حادثہ یاد کرو! صرف اپنے غصے سے ایک تھپڑ مارا تھا۔ ڈرے اور استغفار کی۔ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ

(اے میرے خدا! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ تو مجھ کو بخش دے)۔

پھر آپ ہی کے زمانے میں بلعم باعور ہو گذرا ہے۔ اُس کی حالت یہ تھی۔ کہ جب اوپر کو نظر کرتا تھا۔ تو عرش کو دیکھتا تھا۔ دُنیا اور دُنیا داروں کی طرف راغب ہوا۔ اور اولیاء اللہ میں سے ایک ولی کی حرمت نہ کی۔ اور اپنے مرتبے پر اترایا تو کتے کی طرح دھتکارا گیا۔ اور ہمیشہ کے لئے گمراہی اور بربادی کے دریا میں غوطے کھانے لگا۔ میں نے ایک عالم سے سُنا کہ جو بیان کرتے تھے۔ کہ بلعم باعور کی محفل میں بارہ ہزار دوات ہوتی تھی۔ اُن طالب علموں کی کہ اُس سے علم سیکھتے تھے۔ پھر جب خدا تعالیٰ کی درگاہ سے راندہ گیا۔ تو پہلے پہل جو اُس نے کتاب تصنیف کی اُس میں یہ مضمون تھا کہ جہان کے واسطے کوئی صانع نہیں ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ سَخَطِہٖ (ہم اللہ ہی کے ساتھ اُس کے غضب سے پناہ مانگتے ہیں) غور کرو! کہ دُنیا کی دوستی اور اُس کی شامت اہل علم کو کدھر لے جاتی ہے؟ لہٰذا بیدار ہو جاؤ! کہ بہت بڑا کام ہے اور عمر اور عمل کوتاہ ہے۔ اور آنکھوں والے تھوڑے ہیں۔

پھر خلیفۃ اللہ حضرت داؤد علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام کا حال سُنو! کہ آپ نے صرف ایک گناہ کیا اور اس قدر گریہ وزاری کی۔ کہ آپ کی آنکھوں کے آنسوؤں سے زمین پر گھاس پیدا ہو گئے تھے۔ پھر آپ نے دعا مانگی میرے خدا! میری گریہ اور زاری پر رحم نہ کرے گا؟ جواب ملا کہ داؤد! کیا گناہ کو بھول گئے ہو؟ اور رونے کو یاد کرتے ہو؟ چالیس روز تک آپ کا رونا قبول نہ ہوا۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ آپ چالیس سال تک روتے رہے تھے۔

اس کے بعد حضرت یونس علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے وقوعے پر غور کرو۔ کہ آپ نے صرف ایک بار بیجا غصہ کیا تھا۔ مچھلی کے پیٹ میں چالیس روز تک قید رہے۔ اور سمندر کی گہرائی میں یہ دُعا مانگتے رہے۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے! اور میں بیشک ظلم کرنے والوں میں سے ہوں) فرشتوں نے آدمی کی آواز سُنی۔ اور عرض کی: ہمارے خدا! مشہور آواز! نامعلوم مکان سے آتی ہے! حق تعالیٰ

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ یہ آواز میرے بندے یونسؑ کی ہے۔ پھر فرشتوں نے آپ کے واسطے سفارش کی۔ تاہم بجائے یونسؑ کے آپ کا اسم شریف ذوالنون (مچھلی والا) بدلا گیا۔

اسی طرح حضرت سید المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تک سلسلے وار چلے آؤ۔ اب تمام مخلوق میں معزز اور مکرم ہیں۔ حضور کو ارشاد ہوتا ہے فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (آپ اور آپ کے ساتھ توبہ کرنے ...... والے لوگ۔ استقامت حاصل کرو۔ اور سرکش نہ ہو! کیونکہ حق تعالےٰ تمہارے اعمال کو جانچنے والا ہے) یہاں تک کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ کو سورہ ہود نے بوڑھا کر دیا ہے۔ اور اس قدر رات کو قیام کرنے کرنے لگے۔ کہ آپ کے پاؤں مبارک پر ورم ہو جایا کرتا تھا۔ اصحاب کرام نے عرض کی کہ یا رسول اللہ حق تعالےٰ نے آپ کے آئندہ اور گزشتہ گناہ بخش دیئے ہیں۔ پھر یہ تکلیف کس واسطے ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ میں شکر گزار آدمی نہ ہوں پھر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کے ایک واقع پر نگاہ کرو۔ کہ جو بہترین قرون میں تھے۔ ایک بار باہمی دل لگی کر رہے تھے۔ یہ آیت نازل ہوئی۔ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ (کیا ایمان داروں کیواسطے وقت نہیں آیا ہے؟ کہ ان کے دل یادِ خدا میں پاش پاش ہو جائیں) خیال کرو! کہ یہ امت مرحومہ بہترین امتوں کی ہے۔ اس پر بھی کس قدر حد اور سیاست قائم کی گئی ہے۔

حضرت یونس رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں! ایسے شخص سے نڈر نہ ہونا! کہ جس نے ایک روپیہ چار آنے کے عوض میں تم کو ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا ہے! ممکن ہے کہ قیامت کے روز اس کا عذاب بھی اسی طرح کا ہو؟

اب امید کی بابت سنو! کہ خدا تعالےٰ کی رحمت کس قدر فراخ ہے؟ اس کی حد اور نہایت کو کون شخص پہچان سکتا ہے؟ اور اس کی صفت کوئی کیا بیان کرے گا؟ حق تعالےٰ کی رحمت ایسی ہے۔ کہ ستر سال کے کافر کو ایک گھڑی کے ایمان سے بخش دیتا ہے۔ تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ فرعون کے جادوگر حضرت

Marfat.com

موسیٰ علیہ وعلیٰ نبینا الصّلوٰۃ والسّلام کے ساتھ جنگ کرنے کے واسطے آئے۔ اور اُنہوں نے اپنے غالب ہونے کے واسطے فرعون کی عزّت کی قسم کھائی۔ پھر اُنہوں نے صدقِ دل سے ایک ہی بات کہی۔ آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ (ہم ربُّ العالمین۔ ربّ موسیٰؑ اور ہارونؑ پر ایمان لائے ہیں) تو حق تعالےٰ نے اُن کی توبہ قبول کی۔ اور اُن کے تمام گزشتہ گناہ بخش دیئے۔ اور وہ بہشت میں شہیدوں کے سروار بنے۔ یہ حق تعالےٰ کا معاملہ اُن لوگوں کے ساتھ ہے کہ جنہوں نے اس کو صرف ایک گھڑی پہچانا تھا۔ لہٰذا اُن لوگوں کے ساتھ کیا اچھا معاملہ ہوگا؟ کہ جنہوں نے اپنی ساری عمر توحید الٰہی میں گذار دی ہے۔

تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ اصحاب کہف نے اپنی سب عمر کفر میں گذاری تھی۔ جب اُنہوں نے یہ کہا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (ہمارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے) تو حق تعالےٰ نے اُن کو قبول کر کے عزیز اور مکرم بنایا۔ اور اُن کو کس قدر حرمت اور ہیبت عنایت فرمائی۔ یہاں تک کہ اُن کی بابت بہترین خلق سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلّم کو ارشاد ہوتا ہے۔ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا (اگر آپ اُن پر جھانکو! تو اُن سے مُنہ پھیر کر بھاگو! اور اُن کے رعب سے پُر ہو جاؤ!) بلکہ اُن کے کتّے نابعدار کو کسی قدر مکرم فرمایا؟ کہ قرآن مجید میں اُس کا ذکر بھی کئی جگہ آیا ہے حالانکہ وہ کتّا صرف چند قدم عارفان الٰہی کے ساتھ چلا تھا۔ بنا بریں حق تعالےٰ کے فضل اور رحمت کی حالت ایماندار بندے کے ساتھ کیسی ہوگی؟ کہ جس نے ستّر سال عبادت میں گذارے۔ اور اگر ستّر ہزار سال تک بھی زندہ رہتا۔ تو بھی عبادت کرتا رہتا۔

اور کیا تم نے سُنا نہیں ہے؟ کہ حضرت نوح علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسّلام پر گنہگاروں کی ہلاکت کے لئے بددُعا کرنے پر کس قدر عتاب الٰہی نازل ہُوا تھا۔ اور قارون کے بارے میں حضرت موسیٰ علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسّلام پر کس قدر عتاب ہُوا تھا۔ کہ قارون نے زمین میں دھنستے وقت آپ سے فریاد کی اور آپ نے نہ سُنی! مجھ کو میری عزّت اور جلال کی قسم ہے۔ کہ قارون مجھ سے فریاد کرتا۔ تو میں اُس کی فریاد ضرور قبول کرتا۔ اور اُس کی نافرمانی سے درگذر کرتا۔

Marfat.com

اور حضرت یونس علیٰ نبیّنا و علیہ الصلوٰۃ والسّلام پر آپ کی قوم کی بابت کس قدر عتاب نازل ہوا! کدو کی بیل پر کہ جس کو مَیں نے ایک گھڑی میں پیدا کیا۔ اور ایک گھڑی میں خشک کر دیا۔ غم کھاتے ہو! اور اُن لوگوں پر کہ جو ایک لاکھ نفوس سے زیادہ تھے۔ اُن کو وعدۂ عذاب دینے میں کچھ بھی غم نہ آیا ✤

اور نیز آنحضرت سید المرسلین صلے اللہ علیہ و آلہٖ و اصحابہٖ وسلّم پر کس طرح عتاب نازل فرمایا ہے ✤

چنانچہ روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ باب بنی شیبہ سے مسجد حرم شریف میں داخل ہوئے۔ کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ ہنس رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ کہ ہنستے کیوں ہو؟ مَیں ہنسی میں بھلائی نہیں دیکھتا ہوں۔ جب آپ حجر اسود کے قریب پہنچے تو آپ پچھلے پاؤں اُن کی طرف واپس آئے۔ اور ارشاد فرمایا۔ کہ جبرائیل علیہ السّلام نازل ہوئے۔ اور مجھ سے کہا! کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ کہ یا محمدؐ! میری رحمت سے میرے بندوں کو نا اُمید مت کرو! نیک بندوں کی قسم ہے۔ کہ میں اپنے بندوں پر بخشش اور مہربانی کرنے والا ہوں ✤

اور مشہور حدیث شریف ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ و اصحابہٖ وسلّم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ حق تعالےٰ کی رحمت کے ایک سَو حصّے ہیں۔ ایک حصّہ دُنیا میں جن اور انسان اور باقی جانداروں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اور ننّاوے حصّے قیامت کے روز بندوں پر رحمت کے ذخیرے رکھے گئے ہیں ✤

اور اس بات کو جان لو! کہ جب کہ حق تعالےٰ نے تم کو اپنی معرفت عنایت فرمائی ہے۔ اور اس اُمّت مرحومہ میں پیدا کیا ہے۔ خاص کر اہل سُنّت والجماعت میں۔ اور ظاہری اور باطنی نعمتیں عنایت فرمائی ہیں۔ لہٰذا اُس کے فضل عام سے اُمید ہے۔ کہ اُن ننّاوے حصّوں رحمت سے کہ جو اُس نے ذخیرہ رکھے ہوئے ہیں۔ تم کو ضرور کامل حصّہ رحمت فرمائے گا ✤

تیسرا اصل قیامت کے وعدے اور وعید کے ذکر میں ہے۔ اِن چار حالتوں کو یاد کرو! موت قبر۔ قیامت۔ دوزخ اور بہشت۔ اور ہر ایک مقام میں جو خطرات تابعداروں اور نافرمانوں۔ کاہلوں اور کوشش کرنے والوں کے واسطے ہیں ✤

موت کا حال سُنو! اور دو مردوں کی حالت پر غور کرو! حضرت شبرمہ رحمۃ اللہ علیہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ کسی شخص کی بیمار پرسی کے واسطے گئے۔ جو سکرات موت میں مُبتلا تھا۔ اور ایک شخص اُس کو کلمہ شہادت تلقین کر رہا تھا۔ شعبیؒ نے اُس شخص کو کہا کہ نرمی کے ساتھ مریض کو تلقین کرو! مریض نے کہا کہ میں تلقین کو کبھی نہ چھوڑوں گا۔ شعبیؒ نے کہا کہ خدا کا شکر ہے کہ جس نے میرے دوست کو نجات عنایت فرمائی ہے۔

دوسری حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد کی حکایت ہے شاگرد سکرات موت میں تھا۔ آپ اُس کو سورہ یٰسین شریف سُنانے لگے۔ شاگرد نے کہا۔ اُستاد! یہ سورہ مت پڑھو! حضرت فضیلؒ خاموش ہوئے۔ پھر کلمہ شہادت تلقین کرنے لگے۔ شاگرد بولا کہ میں نہ پڑھوں گا۔ میں کلمہ سے بیزار ہوں۔ پھر وہ اسی حالت میں مرگیا۔ حضرت فضیلؒ اپنے گھر واپس آکر چالیس روز تک روتے رہے۔ پھر آپ نے اُس کو خواب میں دیکھا کہ دوزخ کی طرف لئے جاتے ہیں۔ آپ نے شاگرد سے دریافت کیا کہ کس چیز کے باعث تجھ سے خدا تعالیٰ کی معرفت چھینی گئی؟ حالانکہ تو میرے شاگردوں میں بڑا عالم تھا۔ اُس نے جواب دیا کہ تین چیز کے باعث غمازی یعنے آپ کے فرمان کے خلاف دوستوں کو بتایا تھا۔ دوسرے حسد۔ تیسرے یہ ہے کہ مجھ کو ایک بیماری تھی طبیب نے مجھ کو کہا۔ کہ اگر ہر ایک سال میں ایک پیالہ شراب نوش کرو گے۔ تو تمہاری بیماری جاتی رہے گی۔ لہذا میں ایک جام شراب پیتا رہا۔

اب دوسرے اور دو مردوں کی حالت سُنو! حضرت عبداللہ بن مُبارک رحمۃ اللہ علیہ حکایت بیان فرماتے ہیں۔ کہ ایک مرد خدا۔ سکرات موت کی حالت میں آسمان کی طرف نظر کرکے ہنستا تھا۔ اور کہتا تھا لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ (عمل کرنے والوں کو چاہیئے کہ اسی طرح کے عمل کریں) دوسرے مرد کی بابت حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا۔ کہ میں اپنے پڑوسی کے پاس اس کے سکرات موت کے وقت گیا۔ اُس نے کہا کہ مالکؒ! میں اپنے سامنے دو پہاڑ آتشین دیکھ رہا ہوں۔ اور مجھے وہاں جانے کے لئے مجبور کر رہے ہیں۔ میں نے اُن کے گھر والوں سے دریافت کیا۔ کہ اُس کی حالت کیا تھی؟ انہوں نے کہا کہ

Marfat.com

اس کے پاس دو پیمانے ناپنے کے تھے۔ ایک کے ساتھ خریدتا تھا۔ اور دوسرے کے ساتھ فروخت کرتا تھا۔ میں نے دونوں پیمانے طلب کئے۔ ایک کو دوسرے پر مار کر توڑ ڈالے پھر میں نے اس مرد سے پوچھا کہ کیا حالت ہے اس نے کہا کہ پہلے کی نسبت اور بھی حالت بد ہے ✤

پھر قبر اور اس کی حالت بعد موت کے یاد کرو! اور دو مردوں کا حال سنو! حضرت صالح رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کو ان کی وفات کے بعد خواب میں دیکھا۔ میں نے عرض کی۔ یا ابا عبد اللہ آپ کی کیسی حالت ہے؟ آپ نے چہرہ پھیر لیا اور فرمایا کہ یہ وقت کُنیّت کے ساتھ پکارنے کا نہیں ہے۔ پھر میں نے عرض کی! سفیانؒ! آپ کی حالت کیسی ہے؟ فرمایا کہ میں نے اپنے پروردگار کو دیکھا۔ اس نے میرے مشاہدے کے بعد ارشاد فرمایا! کہ تجھ کو خوش گوار ہو! میری رضا کے ساتھ تاریک جنگلات میں پھرنا۔ اور چشم گریاں کے ساتھ میرے شوق میں قیام کرنا! لہٰذا اس وقت تم کو اختیار ہے کہ ایک محل پسند کر لو! اور میری زیارت کرتے رہو! کیونکہ میں تم سے دور نہیں ہوں ✤

ایک دوسرے بزرگؒ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ میں نے ایک مرد کو خواب میں دیکھا۔ کہ اس کے چہرے کا رنگ بدلا ہوا ہے۔ اور اس کے دونوں ہاتھ گردن پر بندھے ہوئے ہیں۔ میں نے دریافت کیا کہ حق تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا کیا؟ اس نے جواب دیا کہ جس زمانے میں ہم بازی کرتے تھے۔ وہ گذر گیا۔ اب یہ زمانہ ہے۔ کہ ہمارے ساتھ بازی کرتے ہیں ✤

پھر اور دو مردوں کا حال سنو! ایک ہے۔ کہ حضرت صالح رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ میرا ایک لڑکا اسی رات میں شہید ہوا تھا۔ جس رات کہ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے وفات پائی تھی۔ میں نے اپنے فرزند کو خواب دیکھا۔ اور اس سے دریافت کیا میرے فرزند! کیا تو مرا نہیں تھا؟ اس نے کہا نہیں! میں تو شہید ہوا تھا۔ اور خدا تعالیٰ کے نزدیک زندہ ہوں۔ مجھے وہ رزق عنایت فرماتا ہے۔ پھر میں نے دریافت کیا۔ کہ کیا باعث ہے؟ کہ میں نے تم کو اب تک نہ دیکھا! اس نے جواب دیا کہ آسمان میں منادی کی گئی تھی۔ کہ تمام انبیا علیہم السلام اور اولیائے

کرام اور سب صدیق اور شہید رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین۔ حضرت عمر بن عبد العزیز کے جنازے کی نماز میں حاضر ہو جائیں۔ لہٰذا میں بھی حاضر ہوُا۔ اور نماز جنازہ ادا کی۔ پھر میں وہاں سے آرہا ہوں کہ آپ کو اسلام علیکم کہوں!

دوسرے مرد کی حکایت یہ ہے کہ حضرت ہشام بن حبان رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ کہ میرا ایک جوان بیٹا مر گیا۔ مَیں نے اُس کو خواب میں دیکھا کہ بوڑھا ہو گیا ہے میں نے اُس سے دریافت کیا۔ کہ بیٹا! یہ بڑھاپا کیسا ہے؟ اُس نے جواب دیا۔ کہ جب ہم کو فرشتگان عذاب دوزخ کے پاس لے گئے۔ تو اُنہوں نے ایک نہایت ہی سخت نعرہ مارا جس کے باعث ہم سب بوڑھے ہو گئے ہیں۔

روزِ قیامت کی بابت حق تعالےٰ کے اس فرمان پر غور کرو۔ یَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا (حشر کے روز پرہیز گار لوگ رحمان کی طرف گروہ در گروہ ہو کر جائیں گے۔ اور گنہگاروں کو پیاس کی حالت میں دوزخ کی طرف گھسیٹ کر لیجائیں گے) پرہیز گار جب قبر سے نکلے گا تو تاج اور خلعت پہن کر براق پر سوار ہو گا اور عزت کے باعث اُس کو پیدل نہ چلنے دیں گے۔ اور گنہگار قبر سے نکلتے ہی فرشتگان عذاب اور قہر دیکھے گا۔ اور اُس کی ذلت کے باعث اُس کو اپنے پاؤں چلنے نہ دیں گے۔ بلکہ گھسیٹ کر دوزخ میں لیجائیں گے۔

اور میں نے ایک عالم سے سُنا ہے اس نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم سے روایت ہے۔ کہ قیامت کے روز ایک قوم قبروں سے نکلے گی۔ اور پر دار اونٹوں پر سوار ہو کر میدان قیامت کو طے کرکے۔ بہشت کی دیواروں پر اترے گی۔ جب فرشتے اُن کو دیکھیں گے تو ایک دوسرے سے باہم دریافت کریں گے۔ کہ یہ کون لوگ ہیں؟ پھر ایک دوسرے کو جواب دیں گے۔ کہ شاید ہوں تو ہوں اُمت حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کی ہو گی۔ پھر چند فرشتے آگے بڑھ کر دریافت کریں گے کہ کون ہو؟ اور کس کی اُمت ہو؟ وہ لوگ جواب دینگے کہ ہم حضرت محمدؐ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وصحابہ وسلم کی اُمت میں سے ہیں۔ فرشتے دریافت کریں گے کہ تمہارا حساب ہو گیا ہے؟ کہیں گے نہیں! پھر دریافت کریں گے

کہ تمہارے عملوں کا وزن ہو چکا ہے؟ کہیں گے نہیں! پھر پوچھیں گے۔ کہ تم نے اپنے نامہ اعمال پڑھ لئے ہیں؟ کہیں گے نہیں! پھر فرشتے کہیں گے کہ واپس ہو جاؤ۔ یہ باتیں ابھی تمہارے درپیش ہیں۔ پھر یہ لوگ فرشتوں سے دریافت کریں گے۔ کہ تم نے ہم کو کچھ دیا ہے؟ کہ ہم سے حساب لیا جائے؟ پھر منادی آواز دے گا کہ بندگانِ خدا سچ کہتے ہیں مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ۔ نیکو کاروں پر کسی راہ سے گرفت نہیں ہے)۔

پھر بہشت اور دوزخ کے حال بابت اِن دو آیتوں پر غور کرو!

(۱) حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا (اور اُن کا رب اُن کو پاک شربت پلائے گا)۔

(۲) اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ۔ (یہ تمہارے نیک اعمال کا بدلہ ہے۔ اور تمہاری کوشش قابلِ شکریہ ہے)۔

اور دوزخی گروہ اس طرح کہے گا۔ جیسا کہ حق تعالےٰ اُن کی زبانی ارشاد فرماتا ہے۔ رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ۔ قَالَ اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ۔ (ہمارے رب! ہم کو دوزخ سے نکال۔ اگر پھر ہم ایسا کریں گے۔ تو ہم ظالم ہیں۔ حکم ہوگا! دور دفع رہو اسی میں اور زیادہ بکواس مت کرو!) روایت کرتے ہیں کہ جب یہ حکم ہوگا۔ تو دوزخی کتے ہو جائیں گے۔ اور کتوں کی طرح بھونکیں گے۔ حق تعالےٰ اپنے فضل اور کرم سے ہم سب کو اس ذلت اور عذاب سے نگاہ میں رکھے۔ کیونکہ یہ بڑی خطرناک مصیبت ہے۔

حضرت یحییٰ بن معاذ رازی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نہیں جانتا ہوں کہ ان دو مصیبتوں میں سے کونسی سخت تریں ہے؟ نعمتِ بہشت کا فوت ہونا یا دوزخ میں داخل ہونا۔ بہر حال نعمت کا فوت ہونا۔ عذابِ دوزخ سے آسان ہے کیونکہ ہمیشہ عذاب میں رہنا بہت بڑی آفت ہے۔ اگر ہمیشگی نہ ہو تو سب کام آسان ہیں۔ اور ہمیشگی عذاب کی نہایت ہی دشوار امر ہے۔ کونسا دل اس کو برداشت کر سکتا ہے؟ اور کونسا نفس اس پر صبر کریگا؟

اسی واسطے حضرت عیسیٰ علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں۔

Marfat.com

کہ ہمیشگی عذاب کو یاد کرنا خوف والے دلوں کو پاش پاش کرتا ہے ٭

حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ سب سے پیچھے ایک شخص دوزخ میں سے نکالا جائے گا۔ کہ جس کا نام ھنّاد ہو گا۔ اس پر ایک ہزار سال تک عذاب ہو گا۔ بعد ہزار سال کے وہ فریاد کرے گا۔ اور کہے گا یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ (میرے غمخوار! سب سے بڑھ کر احسان کرنے والے!) یہ بیان کر کے آپ رو پڑے۔ اور فرمانے لگے۔ کاش! کہ ھنّاد میں ہی ہوتا! حاضرین نے اس بات سے تعجب کیا۔ آپ نے فرمایا کہ تعجب کیوں کرتے ہو؟ کیا اس کے دوزخ سے نکلنے کا وقت نہیں ہے؟

مَیں کہتا ہوں کہ حاصل کلام ایک ہی اصل پر رجوع کرتا ہے۔ اور وہ ایک نکتہ ہے۔ کہ جو کمروں کو توڑتا ہے اور چہروں کو زرد کرتا ہے۔ اور دلوں کو کاٹتا ہے۔ اور جگر کو پاش پاش کرتا ہے۔ اور آنکھوں کو رُلاتا ہے۔ اور وہ معرفت الٰہی کے سلب ہو جانے کا خوف ہے۔ یہ خوف کھانے والوں کے خوف کی غایت اور نہایت ہے ٭

عارفانِ الٰہی میں سے ایک بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تین طرح کے غم ہیں ایک عبادت کا غم کہ قبول ہو گی یا نہیں۔ دوسرے گناہ کا غم کہ بخشا جائے گا۔ یا نہیں۔ تیسرے معرفت کا غم۔ ایسا نہ ہو کہ سلب ہو جائے ٭

اور اہل اخلاص ارشاد فرماتے ہیں کہ غم صرف ایک ہی ہے۔ کہ معرفت الٰہی سلب نہ ہو جائے! اور اس کے سوا سب غم آسان ہیں۔ کیونکہ ان کی حد ہے۔ ختم ہو جاتے ہیں ٭

اور روایت کرتے ہیں کہ حضرت یوسف اسباط رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میں حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تھا۔ میں نے دیکھا کہ آپ ساری رات روتے رہے مَیں نے عرض کی کہ آپ گریہ کیوں کرتے ہیں؟ شاید کہ آپ کا رونا گناہوں کے باعث ہے۔ پھر زمین میں سے گھاس پیدا ہوا۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ گناہوں کا بخشنا حق تعالےٰ کے نزدیک اس سے بھی آسان ہے۔ مگر مجھے خوف اس امر کا ہے کہ مجھ سے معرفت الٰہی سلب نہ ہو جائے؟

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ دونوں راستوں میں سے کونسا اختیار کیا جائے خوف کا رستہ؟ یا اُمید کا راستہ؟

جواب دونوں رستوں میں سے مرکب راہ پسند کرو۔ کیونکہ اس طرح ارشاد ہے کہ جس شخص پر اُمید غالب ہے۔ وہ فرقہ مُرجیہ میں سے ہے۔ اور جس شخص پر خوف غالب ہے۔ وہ خارجی فرقہ میں سے ہے اور مطلب یہ ہے کہ امید و بیم دونوں کو جمع کیا جائے یہ طریقہ اہل سُنّت والجماعۃ کا ہے ؁

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ کس کس حالت میں خوف اور اُمید کو ایک دوسرے پر ترجیح ہے؟ کیا ایسا ہو سکتا ہے یا نہیں؟

جواب جب بندہ صحیح اور تندرست ہو تو خوف کا غلبہ بہتر ہے اور کمزور اور بیمار ہے اور خاصکر سکرات موت کا وقت ہے تو اُمید کا غلبہ بہتر ہے۔ میں نے اہل علم سے اسی طرح سُنا ہے ؁

میں کہتا ہوں کہ اس تفریق کا یہ باعث ہے کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے کہ جو دل میرے خوف کے باعث شکستہ ہیں۔ میں اُن کے قریب ہوں۔ لہذا سکرات موت میں اُمید کا پہلو غالب ہونا چاہیئے۔ کیونکہ صحت میں جو گناہ کئے ہیں۔ اُن کے باعث سکرات الموت میں دل شکستہ ہو رہا ہے ؁

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ حق تعالےٰ کے ساتھ نیک گمان رکھنے کے متعلق بہت سی روایات موجود ہیں؟

جواب یہ بھی حق تعالےٰ کے ساتھ نیک گمان رکھنے کے قبیلے سے ہے کہ خدا کی نافرمانی سے خوف کرے اور اُس کے عذاب سے ڈرے۔ اور اُس کی عبادت میں کوشش کرے ؁

اور اِس بات کو جان لو! کہ اس جگہ ایک نہایت ہی اعلیٰ اور باریک نکتہ ہے کہ اکثر لوگ اُس میں غلطی کرتے ہیں۔ اور وہ اُمید اور تمنّا میں فرق کرنا ہے اُمید بر اصل ہوتی ہے۔ اِس کی مثال یہ ہے۔ کہ ایک شخص زراعت کرتا ہے اور زحمت اُٹھاتا ہے پھر کہتا ہے کہ مجھ کو اُمید ہے۔ کہ اس زراعت سے مجھ کو سَو من اناج حاصل ہوگا۔ اِس فعل میں تمنّا اور اُمید دونوں چیزیں ہیں۔ اور ایک دوسرا شخص ہے۔ کہ زراعت کرتا نہیں ہے۔ اور ہر وقت سوتا رہتا ہے۔ اور سال بھر غافل رہا ہے۔ جب فصل کاٹنے کا وقت آتا ہے تو کہتا ہے۔ کہ میں بھی اُمید رکھتا ہوں کہ مجھ کو سَو من اناج حاصل ہوگا۔ لوگ

Marfat.com

اُس کو کہیں گے کہ یہ آرزو تیری کہاں سے پوری ہوگی؟ اس کا نام بے اصل تمنا ہے۔

اسی طرح جو بندہ کہ حق تعالےٰ کی عبادت میں کوشش کرے ، اور گناہ سے رکا رہے۔ اور کہے کہ میں اُمید رکھتا ہوں کہ خدا تعالےٰ میری اس تھوڑی عبادت کو قبول فرمائے گا۔ اور کمی کو معاف کرے گا۔ اور ثواب عظیم عنایت کرے گا۔ اور لغزشوں کو معاف کرے گا۔ اِس میں تمنا اور اُمید دونوں چیزیں ہیں۔ لیکن اگر بندہ غافل ہے۔ اور عبادت کو ترک کر کے گناہوں کا ارتکاب کرتا ہے۔ اور غضب الٰہی کی پرواہ نہیں کرتا ہے اور اُس کی خوشنودی پر توجہ نہیں کرتا ہے۔ اور اُس کے وعدے اور وعید پر دھیان نہیں کرتا ہے۔ پھر کہتا ہے۔ کہ میں حق تعالےٰ سے اُمیدوار ہوں۔ کہ مجھ کو بہشت عنایت فرمائے۔ اور مجھ کو دوزخ سے نجات دے۔ یہ تمنا بے حاصل ہے۔ اور اس میں کچھ بھی فایدہ نہیں ہے۔ اور اپنی جہالت سے اس کا نام اُمید اور حسن ظن رکھتا ہے۔ حالانکہ یہ خیال محض خطا اور گمراہی ہے۔

مَیں کہتا ہوں! کہ اسی اصل کی تائید میں ہے۔ کہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم سے روایت ہے۔ کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ عقلمند وہی آدمی ہے کہ جو اپنے نفس کے ساتھ حساب کرتا ہے اور موت کے لئے نیک عمل کرتا ہے۔ اور وہ شخص احمق ہے۔ جو اپنے نفس کی تابعداری کرتا ہے۔ اور حق تعالےٰ سے بخشش کی طمع رکھتا ہے۔

اور اسی مطلب میں حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک قوم کو مغفرت کی تمنا نے عمل سے روک رکھا ہے۔ یہاں تک کہ دُنیا سے نابود ہوئی۔ اور اس کے پاس کوئی نیکی نہ تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا حق تعالےٰ کے ساتھ نیک گمان ہے۔ حالانکہ انہوں نے جھوٹ کہا۔ اگر اُن کا حق تعالےٰ کے ساتھ نیک گمان ہوتا تو وہ نیک عمل میں مشغول ہوتے۔ جیسا کہ حق تعالےٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِىْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ (اور یہی تمہارا گمان ہے کہ جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا۔ جس نے کہ تم کو برباد کیا۔ لہٰذا تم خسارے والوں میں سے ہو گئے)۔

حضرت جعفر صبیحی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ مَیں نے ابومیسرہ عابد رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا بکثرت ریاضت کے باعث اُن کی پسلیاں باہر نکلی ہوئی

تھیں۔ میں نے عرض کی کہ اس قدر مجاہدہ کیوں کرتے ہو؟ حق تعالٰے کی رحمت اُس کے غصے کی نسبت نہایت فراخ ہے! اُنہوں نے جواب دیا۔ کہ تم نے مجھ میں نا اُمید ہونے کی کیا بات دیکھی ہے۔ حق تعالٰے ارشاد فرماتا ہے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ (یقیناً اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں کے قریب ہے) حضرت جعفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اُس عابد کی اس بات نے مجھ کو رلادیا ہے۔ اِس نکتے کو خوب سمجھو! اور خوابِ غفلت سے بیدار ہو جاؤ۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ؛

فصل

حاصل کلام یہ ہے کہ جب حق تعالٰے کی فراخی رحمت یاد کرو۔ اور پھر سمجھو کہ تم اُمت مرحومہ میں سے ہو۔ تم نے اِس کے غایت درجے فضل اور کمال کو یاد کر لیا۔ اور جو کتاب تمہاری طرف بھیجی ہے۔ اِس کے عنوان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو دیکھ لیا بہت سی نعمتیں بغیر سوال کے معلوم کرلیں ؛

اور دوسری طرف اُس کے کمال جلال اور عظمت اور ہیبت کو دیکھا۔ اُس کے غضب کی طاقت کی سہار آسمان اور زمین بھی نہیں رکھتے ہیں۔ اپنی غفلت اور بہت سے گناہ دیکھے۔ پھر اپنے عملوں کے بارے میں معاملہ نازک دیکھا۔ اِن سب باتوں کی بابت خوف اور اُمید پیدا ہوئی۔ اور عدل کا راستہ چلنا پڑا۔ اور دونوں طرف ہلاک کرنے والی سے امن میں ہوئے۔ یعنے اُمید اور خوف کو ملا کر شربت مرکب خوشگوار کر کے پی لیا۔ اور اُمید کی سخت سردی کو خوف کی سخت گرمی سے معتدل کر کے نجات پائی۔ اور اپنے مقصود کو پہنچ گئے۔ اور دونوں بیماریوں سے سلامتی کے ساتھ گذر گئے۔ اور اپنے نفس کو عبادت میں چاق وچوبند پایا۔ اور سستی کو ترک کر کے طاعت الٰہی کرنے لگا۔ اور گناہوں کی غفلت سے ایک دم نجات مل گئی۔ اور خاص بندوں برگزیدہ اور عابدوں میں سے ہو گیا۔ اور اِس خطرناک گھاٹی کو پس پشت ڈالا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ (اور نہیں ہے طاقت نیکی کی اور پھرنا گناہ سے مگر ساتھ توفیق اللہ بلند اور بزرگ کے) ؛

Marfat.com

چھٹی گھاٹی عیبناک چیزوں کے بیان میں ہے

میرے بھائی! اس کے بعد تم پر لازم ہے! کہ اپنے آپ کو ان چیزوں سے بچاؤ! کہ جو تمہارے عمل کو فاسد اور بیکار کر دینے والی ہیں۔ اور یہ دو چیزیں ہیں۔ ایک دکھاوا۔ دوسرے اترانا ہے ؛

پہلے ریاکاری کا حال سُنو! اس سے دو چیزوں کے باعث بچنا ضروری ہے پہلا سبب یہ ہے کہ اگر عبادت میں ریاکاری نہ کروگے تو قبول ہوگی ؛ اور اس میں بہت سا ثواب حاصل ہوگا۔ ورنہ تمہارے ہی مُنہ پر دے ماریں گے۔ لہٰذا ایسے ثواب یا بہت حصوں سے محروم ہو جاؤ گے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ حق تعالےٰ فرماتا ہے۔ کہ میں شرک کے بارے میں تمام غنیوں سے غنی ہوں۔ یعنے جو شخص کہ عمل کرے اور اس کے کسی حصے میں غیر حق کو شریک بنا دے ۔ میں اُس کے عمل کو ہرگز قبول نہ کروں گا۔ مگر اُسی کو کہ جو میرے ہی لئے خالص ہے ؛

اور روایت کرتے ہیں۔ کہ حق تعالےٰ قیامت کے روز بندے کو کہے گا جس وقت کہ بندہ عمل کے ثواب کی درخواست کرے گا۔ کیا تجھ کو مجلسوں میں بلند جگہ پر نہیں بٹھایا تھا؟ کیا تجھ کو دُنیا میں سردار نہیں بنایا تھا؟ کیا تیرے ہاتھ ارزاں چیزیں فروخت نہ ہوئی تھیں؟

دوسرا سبب یہ ہے کہ ریاکاری کا خطر سخت اور باعث ضرر عظیم ہے میں کہتا ہوں کہ بعض خطرات ریاکاری میں سے دو فضیحت اور دو مصیبت ہیں ؛

پہلی فضیحت یہ ہے کہ فرشتوں کے سامنے رسوائی ہے۔ جیسا کہ روایت کرتے ہیں۔ کہ فرشتے بندے کے عمل کو اوپر لیجاتے ہیں۔ حق تعالےٰ حکم دیتا ہے کہ لیجاؤ اور قعر جہنم میں ڈالدو۔ کہ اُس کا مقصود اس عمل سے میری ذات نہ تھی۔ لہٰذا رسوائی ہوتی ہے ؛

دوسری فضیحت قیامت کے روز سب مخلوق کے سامنے ہے۔ جیسے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے ارشاد

Marfat.com

فرمایا ہے۔ کہ ریاکار کو قیامت کے روز چار ناموں سے پکارا جائے گا۔ کافر! فاجر! مکار! ریاکار! تیری کوشش اکارت ہوئی۔ اور تیرا اجر برباد ہُوا۔ آج تیرا کچھ حصّہ نہیں ہے۔ جس کے واسطے تو نے عمل کیا تھا۔ اس سے طلب کر۔

اور روایت کرتے ہیں۔ کہ قیامت کے روز منادی پکارے گا۔ اس طرح کہ سب مخلوقات سُنے گی۔ وہ لوگ کہاں ہیں؟ کہ جو لوگوں کی پرستش کرتے تھے۔ اُٹھیں اور اُن سے اپنا اجر طلب کریں۔ کیونکہ میں ملاوٹ والے عمل کو قبول نہیں کرتا ہوں۔

اب دو مصیبتوں کا حال سُنو! پہلی مصیبت یہ ہے۔ کہ بہشت ہاتھ سے نکل جائے گا۔ جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ بہشت کہتا ہے کہ میں بخیل اور ریاکار پر حرام ہوں! اس حدیث شریف کے دو مطلب ہیں۔ ایک یہ ہے کہ بخیل سے وہ شخص مراد ہے کہ جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنے میں بخل کرتا ہے اور ریاکار سے وہ شخص مراد ہے کہ جو ایمان اور توحید میں ریاکاری کرتا ہے۔ دوسرا مطلب اس سے بھی اعلیٰ ہے۔ کہ ریاکاری اور بخل سے اپنے نفس کو پاک نہ کیا ہو۔ ایسے شخص کے ایمان کے زائل ہونے کا خوف ہے۔ لہٰذا کفر میں پڑے گا۔ اور بہشت اس کے ہاتھ سے نکل جائے گا۔

دوسری مصیبت یہ ہے۔ کہ ریاکار دوزخ میں داخل ہو گا۔ اس واسطے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ قیامت کے روز پہلے ایک مرد کو لائیں گے کہ جس نے قرآن مجید پڑھا ہو گا۔ اور دوسرے کو لائیں گے کہ جو راہِ خدا میں مارا گیا ہو گا۔ اور تیسرے مالدار کو لائیں گے کہ جس نے راہِ خدا میں مال خرچ کیا ہو گا۔ پھر حق تعالیٰ قرآن مجید کے قاری سے دریافت کرے گا۔ کہ میں نے تجھ کو وہ چیز سکھائی کہ جو میں نے اپنے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر اتاری تھی؟ وہ عرض کرے گا کہ ہاں میرے رب! پھر حکم ہو گا۔ کہ تو نے جانے ہوئے کو کیا کیا؟ وہ عرض کرے گا۔ میرے خدا! میں نے رات اور دن تیرے ہی واسطے پڑھا! حکم ہو گا کہ تو جھوٹا ہے اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو جھوٹا ہے۔ حق تعالیٰ کہے گا۔ کہ تیرا مقصود تو یہ تھا۔ کہ لوگ کہیں کہ فلاں آدمی قرآن خواں ہے

Marfat.com

سو اُنہوں نے کہہ دیا ہے؛ پھر اُس شخص کو لائیں گے کہ جو راہ خدا میں مارا گیا ہے۔ حق تعالیٰ دریافت کرے گا۔ کہ تو نے کیا کیا؛ وہ عرض کرے گا کہ میرے خدا! تو نے مجھ کو جہاد کرنے کا حکم دیا۔ تیرے رستے میں جہاد کیا یہاں تک کہ مارا گیا حکم ہوگا کہ تو جھوٹا ہے۔ اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو جھوٹا ہے۔ حق تعالیٰ کہے گا کہ تیرا مقصود تو یہ تھا۔ کہ لوگ کہیں کہ فلاں آدمی بڑا دلیر ہے۔ سو اُنہوں نے کہہ دیا ہے؛ پھر صاحب مال کو لائیں گے۔ حکم ہوگا۔ کیا میں نے تجھ پر نعمت فراخ نہ کی تھی؛ اور مَیں نے تجھ کو کسی کا محتاج نہ کیا تھا؛ وہ عرض کرے گا۔ کہ ہاں! میرے رب! حکم ہوگا۔ کہ ہمارے دیئے کو تم نے کیا کیا؛ وہ عرض کرے گا۔ کہ مَیں نے قریبیوں کے ساتھ سلوک کیا۔ اور صدقہ بھی دیا۔ حکم ہوگا کہ تو جھوٹا ہے۔ اور فرشتے بھی کہیں گے کہ تو جھوٹا ہے۔ حق تعالیٰ کہیگا کہ تیرا مقصود تو یہ تھا۔ کہ لوگ کہیں کہ فلاں آدمی سخی ہے۔ سو اُنہوں نے کہہ دیا ہے؛ پھر اِن کو رب کے سامنے گھسیٹ کر دوزخ میں گرا دیں گے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم یہاں تک بیان فرما چکے تو میرے زانو پر ہاتھ مارا۔ اور فرمایا۔ ابو ہریرہ یہی لوگ مخلوقِ خدا سے ہیں۔ کہ جن کے ساتھ پہلے پہل دوزخ کی آگ بھڑکائی جائے گی؛

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے سُنا ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا۔ کہ دوزخ اور اہل دوزخ ریاکاروں سے فریاد کریں گے۔ حاضرینِ محفل نے عرض کی یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم دوزخ کس طرح فریاد کرے گا؛ فرمایا کہ آگ کی گرمی سے کہ جو اُن کو عذاب ہوگا؛

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ ریاکاری اور اخلاص کی حقیقت کیا ہے؛ اور اُن کی بابت حکم کیا ہے؛ اور اُن کے اعمال میں تاثیر کیا ہے؛

جواب اس بات کو جان لو! کہ اہل علم کے نزدیک اخلاص دو چیزیں ہیں؛ ایک اخلاص عمل میں اور دوسرا اخلاص اجر کی طلب میں ہے۔ اخلاص عمل یہ ہے کہ قربت حق تعالیٰ کا ارادہ ہو۔ اور اُس کے امر کی عظمت ہو۔ اور اُس کی دعوت کو

قبول کیا جائے۔ اور اس کا باعث صحیح اعتقاد ہے۔ اور اخلاص طلب اجر میں یہ ہے۔ کہ عمل نیک سے آخرت کا فائدہ مطلوب ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے اخلاص کی بابت سوال کیا گیا۔ آپ نے فرمایا۔ کہ اخلاص یہ ہے کہ تم کہو! کہ میرا پروردگار حق تعالےٰ عزت اور جلال والا ہے۔ لہذا جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اُس پر راستی کے ساتھ قائم رہو۔ یعنے اپنی خواہش اور نفس کی پرستش مت کرو! اپنے پروردگار ہی کی عبادت کرو۔ اور حسب ارشاد اسی پر استقامت رکھو۔ اور اس میں اشارہ ہے کہ سوائے حق تعالےٰ کے ہر ایک چیز سے قطع تعلق کرلو! اسی کا نام حقیقی اخلاص ہے ؎

اور اخلاص کی ضد ریا کاری ہے۔ اور وہ آخرت کے عمل سے دُنیا کا ارادہ رکھنا ہے۔ اس کی بھی دو قسم ہیں۔ ایک خالص ریا ہے۔ اور دوسرے ملا جلا ریا ہے۔ خالص ریا کاری یہ ہے کہ صرف دُنیاوی فائدہ مدِ نظر ہو۔ اور ملا جلا ریا یہ ہے کہ دُنیا اور آخرت دونوں کا فائدہ مقصود ہو۔ یہ بیان اخلاص اور ریا کاری کی حد ہے ؎

اب ان کی تاثیر کی بابت اعمال میں سُنو! اس بات کو جان لو! کہ عمل میں اخلاص فعل کو قربت الٰہی کا سبب بناتا ہے۔ اور طلب اجر میں اخلاص۔ فعل کو مقبول اور پورے اجر والا بناتا ہے۔ اور نفاق عمل کو گرا دیتا ہے۔ اور عمل کو قربت کا ذریعہ ہونے نہیں دیتا ہے۔ اور ثواب کے حق کو دفع کر دیتا ہے۔ کہ جو اُس عمل پر وعدہ کیا گیا ہے ؎

اور بعض اہل علم بیان کرتے ہیں کہ عارف سے خالص ریا نہیں ہوتی ہے۔ اگرچہ اُس کے نصف ثواب کو ضائع کر دیتی ہے۔ اور بعض اہل علم بیان کرتے ہیں۔ کہ عارف سے محض ریا کا صادر ہونا ممکن ہے۔ اور وہ ثواب کے دگنوں حصوں کے نصف کو باطل کرتی ہے۔ اور ملی جلی ہوئی ریا کاری ثواب کے دگنوں حصوں کی چوتھائی کو بیکار کرتی ہے۔ اور ہمارے اہل علم کے نزدیک عارف سے باوجود ذکر آخرت کے محض ریا صادر نہیں ہوتی ہے۔ البتہ سہواً ممکن ہے۔ اور پسندیدہ بات یہ ہے۔ کہ ریا کا اثر رفع قبول اور ثواب کے نقصان میں ضرر ہے۔ اور ربع اور نصف نیت پر مقدر ہے۔ اور اہل مسائل کی شرح نہایت طویل ہے ہم نے کتاب احیا العلوم میں اور کتاب

Marfat.com

اسرار معاملات دین میں مفصل طور پر ذکر کیا ہے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ اخلاص کے مواضع کون سے ہیں؟ اور کس طاعت میں اخلاص واجب ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ اعمال بعض اہل علم کے نزدیک تین قسم پر ہیں ایک قسم یہ ہے کہ اُس میں اخلاص عمل اور اخلاص طلب اجر دونوں ہیں۔ یہ عبادت ظاہری اصلی ہے۔

دوسری قسم یہ ہے کہ اُس میں دونوں اخلاص نہیں ہیں۔ اور یہ اعمال باطنی ہے۔

تیسری قسم یہ ہے کہ اُس میں اخلاص طلب اجر ہے۔ اور اخلاص عمل نہیں ہے اور یہ اعمال مباح ہیں۔ جن کو مضبوطی کے واسطے کرتے ہیں۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جس عمل عبادت اصلی میں احتمال ہے۔ کہ وہ غیر خدا کے واسطے ہی ہو سکتا ہے۔ اُس میں اخلاص عمل کی اشد ضرورت ہے۔ اس قول کی بنا پر اکثر عبادات باطنی میں بھی اخلاص عمل کی ضرورت ہے۔ اور اخلاص طلب اجر کی بابت حضرات مشائخ کرامیہ رحمۃ اللہ علیہم ارشاد فرماتے ہیں کہ اخلاص طلب اجر باطنی میں نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ سوائے ذات حق کے کوئی بھی باطن پر مطلع نہیں ہے۔ لہٰذا اس میں ریاکاری نہیں ہو سکتی ہے۔ بنا بریں اخلاص طلب کی ضرورت نہیں ہے۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اگر مرید عبادت باطنی کر کے۔ حق تعالےٰ سے دُنیاوی مفاد چاہتا ہے تو یہ بھی ریاکاری ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ امر بعید نہیں ہے۔ کہ عبادات باطنی کے اکثر میں دونوں اخلاص کا ہونا ضروری ہے۔ اسی طرح نوافل میں بھی شروع کرتے وقت۔ دونوں اخلاص کا ہونا ضروری ہے۔ اور مباحات کہ جو طلب استقامت کے واسطے کئے جاتے ہیں اُن میں اخلاص طلب اجر کی ضرورت ہے۔ اور اُن میں اخلاص عمل کی صلاحیت نہیں ہے۔ کیونکہ وہ بذاتہ قربت نہیں ہیں۔ بلکہ قربت حقانی کے ذرائع ہیں۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ مواضع اخلاص معلوم ہو گئے ہیں۔ اب ان کے عمل کا وقت بیان فرمائیے؟

Marfat.com

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اخلاص عمل فعل کے ساتھ ہی ہے۔ اُس سے پیچھے نہیں ہے۔ اور اخلاص طلب اجر بسا اوقات فعل کے بعد بھی ہوتا ہے۔ اور بعض اہل علم کے نزدیک فعل کے فراغت حاصل کرنے کے وقت کا اعتبار ہے کہ عمل کا خاتمہ اخلاص پر ہے یا ریاکاری پر ہے۔ جس کا کہ تدارک دوبارہ ممکن نہیں ہے۔ اور حضرت مشائخ کرامیہ کے عابدوں کے نزدیک اِس طرح پر ہے کہ جب تک فائدہ مطلوب ہے۔ ریاکاری ہے اُس عمل میں اخلاص کا قائم کرنا ممکن ہے۔ جب مطلوب پالیا تو اخلاص جاتا رہا۔

اور بعض اہل علم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ فرائض میں موت کے وقت تک اخلاص کا قائم رکھنا ممکن ہے اور نوافل میں ممکن نہیں ہے۔ اور فرق یہ بیان کیا ہے۔ کہ فرائض حق تعالےٰ کے امر سے ادا کئے جاتے ہیں۔ لہٰذا ادائے فرائض میں فضل آلٰہی کی اُمید ہے اور نوافل بندے کی اپنی مراد ہے اُن کے بارے میں اپنی نفسانی تکلیف کے حق کو طلب کرتا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ اِن مسائل میں بڑا فائدہ ہے۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ جو شخص ریاکاری کرتا ہے۔ یا ترک اخلاص کرتا ہے۔ اُس کے واسطے اپنے عمل کا تدارک ممکن ہے۔ اِن وجوہات کی بنا پر کہ جو میں نے اوپر بیان کی ہیں۔ اور مختلف مذاہب کی نقل سے میرا مقصود اِن باریکیوں کو بیان کرنا تھا۔ تاکہ مبتدی پر عبادت کا کام آسان ہو جائے۔ اگر ایک قول میں اپنی بیماری کی دوا نہ پائے تو دوسرے قول کی طرف رجوع کرے۔ اِس کو اچھی طرح سے سمجھ لو!

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ ہر ایک عمل کے واسطے جُدا جُدا اخلاص کی ضرورت ہے یا نہیں؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اِس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں۔ کہ جملہ عبادات کے لئے ایک ہی اخلاص کافی ہے۔ جیسے وضو اور نماز ایک کا دوسرے کے ساتھ از روئے صلاح اور فساد تعلق ہے۔ لہٰذا ایک ہی اخلاص دونوں کے واسطے کافی ہے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ کوئی شخص نیک عمل کرتا ہے۔ اور اُس کی مراد لوگوں

Marfat.com

سے نفع لینا یا تعریف کرانا نہیں ہے۔ بلکہ اس کی مراد حق تعالےٰ سے دُنیاوی فائدہ طلب کرنا ہے۔ یہ عمل بھی ریا ہے یا نہیں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ یہ عمل بھی ریاکاری میں داخل ہے۔ کیونکہ اہل علم رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ ریاکاری میں اعتبار مراد پر ہے۔ اس بات پر نہیں ہے کہ کس سے مراد طلب کرتا ہے۔ لہذا اگر مراد عمل نیک سے فائدہ دُنیاوی ہے تو یہ ریاکاری ہے۔ فائدہ لوگوں سے طلب کرے خواہ حق تعالےٰ سے۔ جیسا کہ حق تعالےٰ جل شانہ اپنی کتاب مقدس میں ارشاد فرماتا ہے مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ جو شخص دُنیا کی کھیتی باڑی طلب کرتا ہے۔ اس کو ہم اُسی سے دیں گے۔ اور ایسے شخص کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے) لہذا لفظ ریا کا معنی اپنے اشتقاق میں صرف لوگوں ہی کو دکھانا معتبر نہیں ہے۔ اور جس شخص نے ریا کا معنی لوگوں کو دکھانا بیان کیا ہے۔ اُس کا باعث یہ ہے۔ کہ اکثر لوگوں کی طرف سے لوگوں ہی کو دکھانا ہوتا ہے۔ اس کو اچھی طرح سمجھ لو!

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ جو شخص نیک عمل سے دُنیا کو حق تعالےٰ کی عبادت کے واسطے طلب کرتا ہے۔ تاکہ عبادت پر تقویت ہو۔ اور دُنیا داروں کا محتاج نہ ہو۔ یہ بھی ریاکاری ہے۔ یا نہیں؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ لوگوں سے بے رو حاصل کرنا بہت سے مال اور مرتبے سے نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ قناعت کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور حق تعالےٰ پر بھروسہ رکھنے سے ہوتا ہے۔ اور اگر اس کی مراد صرف عبادت پر تقویت حاصل کرنا ہے۔ تو یہ ریاکاری نہیں ہے۔ اور جس چیز کا بھی تعلق کار آخرت کے ساتھ ہو۔ اُس کو عمل نیک کے ذریعے طلب کرنا ریا نہیں ہے۔ اسی طرح اگر تمہاری مراد یہ ہے کہ دنیا دی مال کے باعث لوگ تعظیم کریں۔ اور محبت کریں۔ تاکہ مذہب حق کی تائید ہو۔ اور لوگوں میں علم دین شائع ہو۔ اور لوگ عبادت الٰہی پر توجہ کریں۔ تو یہ فعل بھی ریا نہ ہوگا۔ اور اگر تمہارا مقصود اپنی ذاتی شرافت ہو۔ یا صرف دُنیا مطلوب ہو تو یہ فعل ریاکاری ہے۔

اس بات کو جان لو! کہ میں نے اپنے بعض مشائخ رحمۃ اللہ علیہم سے سوال کیا۔ کہ اولیاء اللہ اپنے تنگی کے دنوں میں سورہ واقعہ پڑھتے ہیں۔ اُن کی مراد اس سورہ کے

Marfat.com

پڑھنے سے یہ ہوتی ہے۔ کہ خدا تعالےٰ اُن سے تنگی سے کو دُور کرے۔ اور دُنیا کی چیزوں میں سے اُن پر فراخی کرے۔ لہٰذا یہ کیسے جائز ہے؟ کہ نیک عمل کے ذریعے دُنیاوی سامان طلب کریں ❖

مجھ کو جواب میں ارشاد فرمایا کہ اُن کی مراد یہ ہوتی ہے کہ خدا تعالےٰ قناعت عنایت فرمائے۔ یا روزی کہ جس سے عبادت کر سکیں۔ اور علم حقانی پڑھ سکیں۔ اور یہ سب کچھ خیر کا ارادہ ہے دُنیا کا نہیں ہے ❖

نیز اِس بات کو جان لو! کہ تنگی اور سختی رزق کی بابت سورہ واقعہ پڑھنا سلف صالحین کے طریقوں میں سے ہے۔ اور اِس باب میں بہت سی احادیث اور آثار آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلّم سے اور اصحابِ کرام رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین سے وارد ہیں ❖

چنانچہ روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو لوگوں نے آپ کے فرزندوں کے بارے میں سرزنش کی۔ کیونکہ آپ نے اُن کے واسطے کوئی دُنیاوی چیز نہ چھوڑی تھی۔ آپ نے جواب دیا کہ مَیں نے اُن کے واسطے سورہ واقعہ چھوڑی ہے ❖

اور نیز علما اور مشائخ سلف رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ اِس سورہ کی تلاوت کرتے چلے آئے ہیں۔ اُن کی تلاوت کا بھی یہی باعث ہے۔ ورنہ اُن کو خدا کے فضل سے دُنیا کی سختی اور تنگی کی طرف کچھ بھی توجہ نہیں ہے۔ بلکہ یہ مقدس گروہ وہ لوگ ہیں۔ کہ دُنیا کی سختی اور تنگی کو غنیمت جانتے ہیں۔ اور حق تعالےٰ کا احسان سمجھتے ہیں۔ اور اگر کوئی دُنیاوی چیز اُن پر فراخ ہو جائے تو ڈرتے ہیں اور ناراض ہوتے ہیں۔ اور اُس کو حق تعالےٰ کی طرف سے آزمائش اور ابتلا جانتے ہیں۔ اُن کا تو یہ بیان ہے کہ دُنیا میں ہمارا سرمایہ بھوک ہے۔ اور مذہب اہلِ تصوف کا مدار بھی اسی پر ہے میرا اور میرے حضرت مشائخ رحمۃ اللہ علیہم کا بھی یہی مذہب ہے! اور تمام سلف صالحین اسی پر ہو گذرے ہیں ❖

اور بعض پچھلے لوگوں سے اِس بات میں کمی ہو جانے کا کچھ اعتبار نہیں ہے اور میرا اِس فصل کو اِس جگہ ذکر کرنے کا یہ باعث ہے۔ کہ ایسا نہ ہو کہ کوئی مخالف اِس حقانی

Marfat.com

قوم کے مقصود پر بغیر اطلاع پائے رہ جائے۔ اور اس بارے میں غلطی کرے۔ اور یا کوئی مبتدی سادہ لوح۔ کہ جس کو علم۔ علم کے حق کے مطابق نہیں ہے۔ دھوکا کھا جائے اور کہنے لگے کہ یہ حالت باوجود اہل زہد اور تجرد! اور اصحاب صبر ہونے کے کیسے مستحسن ہے؟

اِس بات کو جان لو! کہ سورہ واقعہ کی تلاوت کرنی سُنّت طریق ہے۔ اور مقصود قناعت کا حاصل ہونا۔ اور عبادت پر تقویت ہے۔ حرص اور شہوت پرستی اِس سے مطلوب نہیں ہے۔ اور سختی اور بھُوک کی برداشت سے تنگ آنا نہیں ہے اور سب سے بڑھ کر یہ بات ہے۔ کہ اِس سورہ کی تلاوت کے بعد دل میں قناعت پیدا ہوتی ہے۔ اور بھُوک کی حرص دور ہو جاتی ہے۔ اور دل کو کھانے سے تسکین ہو جاتی ہے۔ اِس کو وہی شخص جان سکتا ہے کہ جس نے تجربہ کیا ہو؟

دوسری چیز خود پسندی اور اترانا ہے۔ اِس سے پرہیز کرنا دو چیزوں کے باعث ہے:

پہلا سبب یہ ہے کہ خود پسند آدمی توفیق خیر سے محروم رہتا ہے۔ کیونکہ اترانے والا ذلیل ہے۔ اور جب بندے کو توفیق نہ رہے گی تو جلدی برباد ہو جائیگا۔ اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں۔ ایک بخل کہ جس کا پیچھا کیا جائے۔ دوسرے خواہش کہ جس کا اتباع کیا جائے۔ اور تیسرے اپنے آپ پر اترانا ہے:

دوسرا سبب یہ ہے کہ خود پسندی عمل صالح کو برباد کرتی ہے۔ اسی واسطے حضرت عیسےٰ علیہ وعلی نبینا الصلوٰۃ والسّلام نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اے میرے حواریوں کی جماعت! بہت سے چراغوں کو ہوا گل کر دیتی ہے۔ اور بہت سے عابدوں کو خود پسندی نے خراب کر دیا ہے!

اور چونکہ مقصود انسانی عبادت ہے اور یہ خصلت عبادت ہی سے بندے کو محروم کر دیتی ہے۔ اور اگر کچھ تھوڑی بہت عبادت کر بھی لے تو خود پسندی اس کو ضائع کر دیتی ہے۔ لہٰذا ایسی خصلت سے بچنا واجب ہے۔ اور اللہ ہی توفیق خیر عنایت فرمانے والا ہے:

سوال اگر یہ دریافت کرو ! کہ خود پسندی کے معنی اور حقیقت کیا ہے ؟ اور اُس کا اثر اور حکم کیا ہے ؟

جواب اِس بات کو جان لو ! کہ خود پسندی کی حقیقت عمل صالح کو بڑا جاننا ہے ۔ اور اِس کی تفصیل ہمارے علما کے نزدیک یہ ہے کہ بندہ عمل صالح کی شرافت کو یاد کرے ۔ کسی بہتر چیز کے ساتھ خدا تعالےٰ کی طرف سے یا لوگوں کی طرف سے یا اپنے نفس کی طرف سے یا کسی چیز کی طرف سے ✣

اور بیان کرتے ہیں کہ خود پسندی مُثَلَّث شکل ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ عمل صالح کو اور اِن تین چیزوں کو نفس کو خلق کو اور دوسری چیز کو جانے ۔ اور ایک خود پسندی دوہری ہے ۔ کہ عمل صالح کے ساتھ دو چیزوں کو یاد کرے ۔ اور ایک خود پسند اکہری ہے اور وہ یہ ہے کہ عمل صالح کے ساتھ ایک چیز کو یاد کرے ✣

اور خود پسندی کی ضد احسان کو یاد کرنا ہے ۔ اور وہ یہ ہے کہ عمل صالح کو حق تعالےٰ کی توفیق کے ساتھ جانے ۔ کہ اُس کو مشرف فرمایا اور ثواب اجر عظیم عنایت کیا ہے ۔ اور احسانِ حق کا یاد کرنا ۔ خطرات اور آمدِ خود پسندی اور سب اوقات میں واجب ہے ✣

اب عمل صالح میں خود پسندی کے اثر بابت سنو ! بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں ۔ کہ خود پسند کے عمل اکارت جاتے ہیں ۔ اگر موت سے پہلے توبہ کرلے تو عمل سلامت رہ جاتے ہیں ✣

حضرت محمد صابر رحمۃ اللہ علیہ نے جو مشائخ کرامیہ میں سے ہیں ۔ اسی بات کو پسند کیا ہے ۔ اور آپ کے نزدیک عمل کا ضائع ہونا یہ ہے ۔ کہ اُس میں بالکل ثواب نہ رہے ۔ اور آپ کے سوا دوسرے بزرگوں کا فرمان ہے ۔ کہ عمل کے ضائع ہونے کا یہ مطلب ہے ۔ کہ اُس میں سے ثواب کے دگنے حصے ضائع ہو جائیں ۔ اور بالکل ثواب کا ضائع ہونا مراد نہیں ہے ✣

سوال اگر یہ دریافت کرو ! کہ بندے عارف پر یہ بات کس طرح پوشیدہ ہو سکتی ہے ؟ کہ عمل صالح کی توفیق کا ہونا ۔ خدا تعالےٰ کی طرف سے نہ جانے ؟

جواب اِس بات کو جان لو ! کہ اِس جگہ ایک پاکیزہ نکتہ ہے ۔ اور وہ یہ ہے :

Marfat.com

کہ خود پسندی کے بارے میں۔ لوگوں کی تین قسم ہیں ÷

ایک قسم تو ہر حال میں خود پسند رہتی ہے۔ یہ لوگ معتزلہ اور قدریہ ہیں یہ لوگ اپنے فعل خیر میں خدا تعالےٰ کے احسان کے قائل نہیں ہیں۔ اور اُس کی عنایت اور توفیق اور لطفِ خاص کے منکر ہیں۔ اور اِس کا باعث ایک شُبہ ہے کہ جو اِن لوگوں پر غالب آرہا ہے ÷

دوسری قسم وہ ہے کہ ہر ایک حالت میں خدا تعالےٰ کا احسان مانتے ہیں۔ یہ لوگ اہل استقامت ہیں۔ اور اِن کے کسی فعل میں خود پسندی نہیں ہے۔ اور اِس کا باعث ایک نورِ بصیرت ہے۔ کہ جو حق تعالےٰ نے اِن کو عنایت فرمایا ہے۔

تیسری قسم لوگ ملے جلے ہیں۔ یہ عام لوگ اہل سُنّت والجماعت میں سے ہیں۔ گاہے بیدار ہوتے ہیں اور حق تعالےٰ کا احسان مانتے ہیں۔ اور گاہے غافل ہو کر خود پسند ہو جاتے ہیں۔ اِس کا باعث عارضی غفلت۔ اور اجتہاد میں سستی اور نقصان بصیرت ہے ÷

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ قدریہ اور معتزلہ کا اِن کے افعال میں کیا حال ہے ؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اِس میں اختلاف ہے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اُن کے اعتقاد کے باعث اُن کے اعمال ضائع ہیں۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اُن کے اعتقاد کے باعث اُن کا کوئی عمل ضائع نہیں ہے۔ تاوقتیکہ اُن کے ہر ایک عمل کے ساتھ ساتھ ایک ایک خود پسندی نہ ہو۔ جیسا کہ اہل سُنّت و الجماعت کا اعتقاد ہر ایک عمل سے خود پسندی کو روکنے والا نہیں ہے۔ جب تک کہ اُس میں حق تعالےٰ کا احسان ذکر کیا جائے ÷

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ ریا اور خود پسندی کے علاوہ اور کوئی چیز بھی عمل کو ناقص کرنے والی ہے یا نہیں ؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ اِن دو کے سوا اور چیزیں بھی ہیں۔ چونکہ یہ دو چیزیں اصل تھیں۔ اور اِن پر دارو مدار تھا۔ اِس واسطے خاص طور پر اِن کا ذکر کیا گیا ÷

بعض مشائخ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین نے ارشاد فرمایا ہے کہ بندے پر واجب ہے

کہ عمل میں دس چیزوں سے پرہیز کرے - نفاق - ریا کاری - بلا جلا لینا - احسان جتانا - تکلیف دینا - شرمندہ ہونا - اترانا - افسوس کرنا - سُست ہونا - لوگوں کی ملامت سے ڈرنا +

اور میرے پیرو مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ہر ایک خصلت کی ضد ارشاد فرمائی ہے - نفاق اخلاص ہے - ریا کاری اخلاص طلب اجر میں ہے - ملانے جلانے کی ضد - وحدانیت عمل میں ہے - احسان جتانے کی ضد - عمل خدا کے سپرد کرنا ہے - تکلیف دینے کی ضد - عمل کی حفاظت ہے - شرمندہ ہونے کی ضد - نفس کو قائم رکھنا ہے - اترانے کی ضد - احسان کو یاد کرنا ہے - افسوس کرنے کی ضد - خیر کو غنیمت جاننا ہے - سُستی کی ضد - توفیق آلہٰی کو بڑا سمجھنا ہے - لوگوں کی ملامت سے ڈرنے کی ضد - خوفِ خدا ہے +

اِس بات کو جان لو ! کہ نفاق عمل کو باطل کرتا ہے - اور ریا کاری عمل کو رد کرتی ہے - اور احسان جتانا یا تکلیف دینا صدقے کو بالکل ضائع کرتا ہے +

اور بعض مشائخ کے نزدیک احسان جتانا اور تکلیف دینا ثواب کے دُگنے حصّوں کو ضائع کرتا ہے - اور تمام مشائخ کے نزدیک نیک عمل کرکے پشیمان ہونے سے - عمل ضائع ہو جاتا ہے - اور اترانے سے عمل کے دُگنے حصّے ضائع ہو جاتے ہیں - اور حسرت اور سُستی اور خوفِ ملامت عمل کو ہلکا کر دیتے ہیں - اور اُس کے وزن کو دُور کر دیتے ہیں +

مَیں کہتا ہوں - کہ قبولیت حاصل ہو کر پھر رد ہو جاتا ہے - اُس کی عظمت نہیں رہتی ہے - استخفاف اور حبط کردن کے معنی ضائع کرتا ہے - یہ نقص ہیں کہ جو عمل میں ہوتے ہیں - اور ضائع کرنے لگا ہے سارے ثواب کا جاتے رہنا ہے - اور لگا ہے اس کے دُگنے حصّے کا باطل ہونا ہے - اور ثواب کی نفی ہے - جیسے کہ فعل کا تقاضا ہو ! اور تضعیفِ ثواب - اِس پر زیادتی ہے - اور فعل کی گرانی بھی زیادتی ہے - کہ جو حالتوں کے قرینے سے فعل میں حاصل ہوتی ہے - جیسے کسی نیک آدمی کے حق میں بھلائی کرنی - پھر ماں باپ کے حق بھلائی کرنی - پھر کسی پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے حق میں بھلائی کرنی - نیک خصائل میں بھی گرانی وزن ہے - ولیکن ثواب کے حصّے دُگنے نہیں ہیں - یہ تہذیب اور خلاصہ اُس مطلب کا ہے - کہ جو ہم نے تحقیق کیا ہے - اس کو خوب

اچھی طرح سمجھ لو! اور اللہ ہی توفیق خیر عنایت فرمانے والا ہے ÷

فصل

تم پر لازم! کہ اس گھاٹی کو کامل کوشش کے ساتھ طے کرو۔ کیونکہ یہ خطرناک ہے۔ جب صاحب عبادت ان تمام گھاٹیوں کو طے کرے گا۔ اور سب مشقتیں برداشت کرے گا۔ تو اُس کو عبادت کا سرمایہ حاصل ہوگا۔ اور عابد پر صرف اسی گھاٹی کا خوف ہے۔ لہٰذا اس سے بچنا ضروری ہوا۔ اب ہم ریاکاری اور خودپسندی کے متعلق زرین اصول بیان کرتے ہیں۔ ریا کی بابت ان چار اصل کو یاد رکھو ÷

پہلا اصل حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اَلَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا (اللہ ہی نے سات آسمانوں کو اور اُن کی مثل زمین کو پیدا کیا۔ اُن کے درمیان امر الٰہی نازل ہوتا ہے۔ تاکہ تم جان لو! کہ اللہ ہر ایک چیز پر قادر ہے۔ اور اللہ نے باعتبار علم کے ہر ایک چیز کو گھیر رکھا ہے) گویا کہ ارشاد ہوتا ہے۔ کہ میں نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ کہ اُن کے درمیان ہے پیدا کیا ہے۔ اور طرح طرح کے عجائبات اور صنعتیں اُن میں رکھی ہیں۔ جن کو کہ تم دیکھتے ہو۔ تاکہ تم جان لو! کہ میں قادر اور عالم ہوں۔ اور تم دو رکعت نماز بہت سے عیب اور قصوروں کے ساتھ پڑھتے ہو۔ اور میری نظر اور میرے علم اور میری ثنا اور شکر کے ساتھ کفایت نہیں کرتے ہو۔ اور چاہتے ہو۔ کہ تمہارے عمل کو مخلوق جانے تاکہ تیری مدح کرے۔ کیا یہ جائز ہے؟ اور کوئی عاقل اس کو پسند کرتا ہے؟

دوسرا اصل یہ ہے کہ جس شخص کے پاس بیش قیمت موتی ہو! اور اُس کی قیمت مثلاً دس ہزار دینار ہے۔ اور وہ کسی مفلس کنگال کے پاس فروخت کرنے لگے۔ تو یہ شخص بہت بڑا بھاری نقصان اُٹھائے گا۔ اور اس کی کم ہمتی اور نادانی اور جہالت کی دلیل ہوگی۔ اسی طرح بندے کو خواہ کتنی بھی مخلوق کی طرف سے مدح حاصل ہو اور کتنا بھی سامان دُنیا مل جائے۔ اُس کو جو چیز پروردگار کی خوشنودی اور ثنا اور ثواب اور شکر سے حاصل ہوتی ہے۔ اُس کی نسبت ایک پیسہ سے بھی کم ہے۔ بہ نسبت دس ہزار

Marfat.com

ودینار کے۔ بلکہ تمام دُنیا کی نسبت عطاء ربانی کے بالمقابل ہیچ ہے۔ لہٰذا یہ شخص بہت بڑے خسارے میں پڑے گا۔ کہ اتنی بڑی عزت والی اور شریف کرامات۔ اِن حقیر اور ذلیل دنیاوی چیزوں کے عوض میں ضائع کرتا ہے۔ اور اگر تمہاری ہمت میں خسّت اور کم ظرفی ہے تو عبادت سے آخرت کا قصد کرو! کہ آخرت کے پیچھے دُنیا بھی مل جائیگی بلکہ عبادت سے صرف ذات حق کو طلب کرو۔ تاکہ دونوں جہان تم کو مل جائیں۔ کیونکہ حق تعالےٰ دونوں جہان کا مالک ہے۔ جیسا کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ مَنْ کَانَ یُرِیْدُ ثَوَابَ الدُّنْیَا فَعِنْدَ اللّٰہِ ثَوَابُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ؕ (جو شخص دُنیا کا ثواب مانگتا ہے تو اللہ کے نزدیک دُنیا اور آخرت کا ثواب ہے) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ حق تعالےٰ آخرت کے عمل کے ساتھ دُنیا بھی عنایت کرتا ہے مگر دُنیا کے عمل کے ساتھ آخرت نہیں دیتا ہے۔ لہٰذا اگر نیّت کو خالص کرو! اور اپنی ہمّت صرف آخرت پر لگادو! تو دُنیا اور آخرت دونوں حاصل ہوجائیں گی۔ اور اگر صرف دُنیا طلب کروگے۔ تو آخرت فوراً تمہارے ہاتھ سے نکل جائے گی۔ اور بسا اوقات ایسی صورت میں دُنیا بھی نہیں ملتی ہے۔ اور اگر مل بھی گئی تو باقی نہیں رہتی ہے۔ لہٰذا تمہارے واسطے دُنیا اور آخرت۔ دونوں میں نقصان حاصل ہوگا۔

تیسرا اصل یہ ہے کہ جس مخلوق کے واسطے عمل کرتے ہو۔ وہ تم سے دشمنی کریگی لہٰذا عقلمند ابلیسوں کے واسطے کب عمل کرتا ہے۔ کہ جن کی رضا میں دشمنی ہے مسکین! ایسے کے واسطے عمل کر! کہ جب اُس کو خوش کرے تو تجھ کو دوست بنالے۔ اور سب سے بے پرواہ کردے۔ یہ اصل سمجھدار آدمی کے واسطے نہایت مفید ہے۔

چوتھا اصل یہ ہے۔ کہ جس شخص کو کوئی چیز حاصل ہو۔ اور چاہتا ہے۔ کہ اِس کے ذریعے دُنیا میں شہنشاہ معظم کی رضا حاصل کرے۔ پھر اِس بات کو ترک کردے اور اِس کے ذریعے کسی خسیس آدمی کی رضا طلب کرے۔ تو یہ بات اِس کی نادانی اور حماقت کی دلیل ہے۔ اِس کو لوگ کہیں گے۔ کہ تجھ کو کیا ضرورت پڑی ہے کہ بادشاہ کی خوشنودی مزاج کی طلب کو چھوڑ کر ایک کمینے آدمی کو خوش کرتا ہے؟ حالانکہ خسیس کی رضا میں عداوت ہے۔ لہٰذا تم سے دونوں کی خوشنودی جاتی رہی۔ نہ اِدھر کے رہے

Marfat.com

اور نہ اُدھر کے ہوئے۔ یہ حالت ریاکار کی ہے۔ کیونکہ مخلوق ناچیز حقیر سے کیا حاجت رکھتا ہے؟ حالانکہ اُس کو پروردگار عالمین کی رضا حاصل کرنے کی طاقت ہے۔ اور اگر لوگوں کی رضا کو ترک نہ کر سکو۔ تو اُس کا یہ طریقہ ہے کہ اپنے ارادے کو مجرد کرو۔ اور حضرت حق تعالےٰ کی رضا طلب کرو۔ تاکہ تم لوگوں کو بھی رضامندی حاصل ہو۔ کیونکہ سب لوگوں کے دل خدا کے ہاتھ میں ہیں۔ جدھر چاہتا ہے پھیرتا ہے۔

حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ ایک شخص نے قسم کھائی۔ اور کہا کہ میں حق تعالےٰ کی عبادت کروں گا۔ تاکہ میں مشہور ہو جاؤں۔ سب سے پہلے وہ مسجد میں آتا۔ اور سب کے بعد مسجد میں سے جاتا۔ اور اُس کو آنے جانے والے ہر وقت نماز میں دیکھتے تھے۔ اسی طرح سات ماہ گذر گئے۔ اور اس عرصے میں جن لوگوں کے پاس گذرتا۔ وہ اُس کو کہتے۔ کہ یہ ایسا کرتا ہے۔ اور اس ریاکار نے یہ کہا ہے پھر اس شخص نے رجوع کیا اور اپنے دل میں کہا۔ کہ اب میں عمل صرف حق تعالےٰ ہی کے واسطے کرونگا۔ خواہ میرے عمل کا بدلہ کچھ بھی نہ دے۔ صرف نیت کے بدلنے سے یہ ہؤا۔ کہ جس جماعت کے پاس سے گذرتا۔ لوگ کہتے۔ کہ فلاں شخص پر خدا کی رحمت ہو! کہ نیک کام میں مشغول ہے۔ جب حضرت امام رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حکایت ختم کی تو یہ آیت قرآن مجید کی پڑھی۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا (تحقیق جو لوگ کہ ایمان لائے اور اُنہوں نے نیک عمل کئے۔ جلدی اُن کے واسطے اللہ رحمان دوستی کا ذریعہ پیدا کر دے گا)

اب خود پسندی کا حال سُنو! اس میں تین اصل ہیں:۔

پہلا اصل یہ ہے۔ کہ بندے کے عمل کی قیمت اور مقدار اسی واسطے ہے۔ کہ حق تعالےٰ قبول کرتا ہے۔ اور اُس پر راضی ہوتا ہے۔ تمہیں معلوم نہیں؟ کہ مزدور صرف آٹھ آنے کے واسطے دن بھر کام کرتا ہے۔ اور چھ آنے کے واسطے رات بھر پہرے دار جاگتا ہے۔ اور یہی حالت سب طرح کی صنعت اور حرفت والوں کی ہے سب لوگ رات اور دن عمل کرتے ہیں۔ اور اُن کے عملوں کی قیمت معمولی پیسے ہیں۔ لہٰذا تم اگر اپنا عمل صرف خدا تعالےٰ ہی کے واسطے کرو۔ اور اُس کے واسطے مثلاً روزہ رکھو۔ تو حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَ

Marfat.com

ھُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ (صبر والوں کو اُن کا بدلہ بے حساب بھر پور دیا جائے گا) اور یہ وہ دن ہے کہ جس کی قیمت باوجود سخت محنت اور تکلیف کے صرف آٹھ آنے تھے۔ اور ساتھ ہی تم نے سحری اور افطار کا کھانا بھی کھایا ہے اُس کی قیمت حق تعالےٰ نے بے حساب عنایت فرمائی ہے۔

اور اگر رات کو کوئی عمل خیر صرف رضائے حق کے واسطے کرو۔ تو اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِیَ لَھُمْ مِّنْ قُرَّۃِ اَعْیُنٍ جَزَآءً بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ٥ (کوئی نفس نہیں جانتا ہے۔ کہ اُس کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک کس قدر پوشیدہ کر رکھی ہے؟ یہ اُن کے عملوں کا بدلہ ہے) یہ وہی رات ہے کہ جس کی قیمت صرف چند آنے تھے۔ اب کس قدر قیمت حق تعالےٰ کے یہاں سے عنایت ہوئی ہے بلکہ اسی رات دن کی ایک گھڑی میں۔ اگر دو رکعت نماز معمولی قرئت سے پڑھ لو! یا صرف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہو! تو حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِکَ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ یُرْزَقُوْنَ فِیْھَا بِغَیْرِ حِسَابٍ جو شخص مرد ہو یا عورت نیک عمل کرے اس حال میں کہ ایمان دار ہے۔ وہی لوگ ہیں کہ جو جنّت میں داخل ہوں۔ اُن میں بے حساب رزق دیئے جائیں گے)۔ یہ تمہارے اوقات میں سے صرف ایک ساعت ہے۔ یا تمہارے سانسوں میں سے ایک سانس ہے۔ اور اس ادنے وقت کی تمہارے نزدیک اور دنیا داروں کے نزدیک کوئی قدر اور قیمت نہیں ہے۔ حالانکہ ایسے بہت سے اوقات اور سانس تم نے ضائع کر دیئے ہیں۔ لہٰذا اِن ساعات اور دموں کی قیمت بڑھاؤ۔ لہٰذا عاقل مرد پر لازم ہے۔ کہ اپنے عمل کو حقیر جانے۔ اور اُس کی شرافت اور قدر حق تعالےٰ کی درگاہ سے تصوّر کرے۔ اور عمل کو بے ڈھنگے طور پر کرنے سے پرہیز کرے۔ تاکہ خدا کی قبولیت کے قابل ہو۔ یا اپنی اصلیت پر آئے۔ اور پھر بھی کچھ تھوڑی قیمت پائے۔ اِس کی مثال انگور کا خوشہ یا گُل ریحان کا دستہ ہے۔ اُس کی قیمت بازار میں تین آنے ہے۔ اور اگر اُس کو بطور ہدیہ بادشاہ کے پاس لے جاؤ۔ اور وہ قبول کرے۔ تو بسا اوقات ایسا بھی ممکن ہے کہ اُس کے عوض ایک ہزار دینار بخشش عنایت کرے۔ اور اگر

اُس کو قبول نہ کرے اور رد کر دے۔ تو پھر بھی وہی معمولی بازاری قیمت وصول ہو جائے گی۔ یہی عبادت کے متعلق مثال ہے۔ لہٰذا بیدار ہو جاؤ۔ اور اس کو خوب سمجھو!

دوسرا اصل یہ ہے۔ کہ اگر کوئی دنیاوی بادشاہ۔ کسی شخص کا کپڑے یا کھانے یا روپیہ بابت وظیفہ مقرر کرے۔ تو اس کو رات اور دن طرح طرح کی خدمت فرمائیگا۔ اور نہایت خواری اور ذلت کے ساتھ رکھے گا۔ اور بسا اوقات بہت دیر تک کھڑا رہنے سے اُس کے پاؤں سوج جائیں گے۔ اور جب سوار ہو گا۔ تو اُس کے ہمراہ پا پیادہ دوڑے گا۔ اور گاہے اس کے دشمن کے ساتھ لڑ کر جان دیدے گا۔ یہ سب طرح کی خدمت اور مشقت اور ذلت اور نقصان دُنیائے فانی کیواسطے ہے۔ جو ازروئے حقیقت حق تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ بنابریں حق تعالےٰ کہ جس نے تم کو پیدا کیا ہے۔ اور پرورش کیا۔ اور پھر ظاہر اور باطن میں دُنیاوی اور دینی نعمتیں عنایت فرمائیں۔ پھر نفس عنایت فرمایا۔ کہ جس کی حقیقت کو کوئی بھی سمجھ نہیں سکتا ہے۔ اور تم دو رکعت نماز ہزاروں عیب اور نقصان کے ساتھ پڑھو۔ اور وہ بے شمار ثواب عنایت فرمائے۔ اس نماز کو بڑا کام سمجھو اور اس پر اتراؤ۔ ایسا کرنا کسی عقلمند کا فعل نہیں ہے!

تیسرا اصل یہ ہے کہ اگر کوئی بادشاہ ہو۔ اور اُس کا طریقہ یہ ہو۔ کہ بادشاہوں اور امیروں کو خدمت عنایت کرے۔ جس کے سامنے اولیا اور حکما کھڑے ہوں۔ اور اہل عقل اور اہل علم اُس کی خدمت میں دوڑتے پھرتے ہوں۔ اور اگر وہی بادشاہ کسی بازاری یا کسان آدمی کو۔ اُس پر مہربانی کرکے۔ ان بادشاہوں اور سرداروں اور بزرگوں اور فاضلوں کے ساتھ برابر کھڑے کر دے۔ اور اُس پُر عیب خدمت کو نظرِ رضا دیکھے۔ پھر اگر یہ شخص اپنی خدمت پُر عیب کے ساتھ بادشاہ پر احسان رکھے۔ تو سب لوگ کہیں گے کہ یہ ایسا شخص ایسی خدمت پر کیوں مقرر کیا گیا ہے؟

اب اس بات کو جان لو! کہ حق تعالےٰ بادشاہ ہے۔ آسمان اور زمین اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے اس کی تسبیح بیان کرتے ہیں۔ اور اُس کے خادموں میں سے حضرت جبرائیلؑ اور میکائیلؑ اور اسرافیلؑ اور عزرائیلؑ۔ اور تمام کرّوبی

Marfat.com

اور روحانی علیہم السلام ہیں۔ کہ اُن کا شمار سوائے خدا تعالےٰ کے اور کوئی نہیں جانتا ہے۔ وَمَا یَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ (اور تمہارے پروردگار کے لشکر کو سوائے اُس کے اور کوئی نہیں جانتا ہے)۔

پھر اِن کے بعد حق تعالےٰ کے خادموں میں سے حضرت آدمؑ اور حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ اور حضرت موسےٰؑ اور حضرت عیسےٰؑ علیہم السلام اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہیں۔ جو تمام جہانوں اور تمام انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام سے افضل اور اعلےٰ ہیں۔ مراتب اور مناقب میں عزیز اور شریف ہیں۔ آپ کے واسطے مقامات کریم۔ اور عبادات عظیم ہیں پھر اُن کے بعد علمائے کرام اور ائمہ عظام ہیں جن کے ایام وینداری میں گذرتے ہیں۔ اور جن کے دل پاک اور عبادتیں خالص ہیں۔ اور اُس کے دروازے پھر سب ذلیل خادم بادشاہانِ دنیاوی اور جابر لوگ ہیں۔ پھر حق تعالےٰ نے باوجود اِس قدر عظمت اور جلال کے اجازت عنایت فرمائی ہے۔ کہ تم اُس کی عبادت کرو! اور دو رکعت نماز پر عیب۔ اِس کے واسطے پڑھ لو! اور علاوہ اِس کے بہت بڑے ثواب کا وعدہ عنایت فرمایا ہے پھر تم اُن دو رکعت نماز پر اتراؤ! اور اِس کو بڑا کام سمجھو! کیسے بُرے آدمی! اور جاہل شخص ہو! وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَیْهِ الْمُشْتَكٰى مِنْ هٰذِهِ النَّفْسِ الْجَاهِلِیَّةِ وَعَلَیْهِ التُّكْلَانُ۔ (اللہ ہی مددگار ہے۔ اور اِس نفس جاہل سے اُسی کی طرف شکایت ہے۔ اور اُسی پر بھروسہ ہے)۔

فصل

اِس کی دوسری مثال اِس طرز پر ہے۔ کہ اگر کوئی بڑا بادشاہ اپنے واسطے ہدیئے پیش کرنے کی اجازت فرمائے۔ کہ نفیس مال اور بیش قیمت جواہرات پیش کئے جائیں پھر اگر کوئی سبزی فروش۔ مولیوں کا ایک گٹھا۔ یا کوئی کسان انگور کا ایک خوشہ کہ جس کی قیمت دو چار آنے ہوتے ہیں۔ بادشاہ کے دربار میں لائے۔ اور جوہری بچوں اور سوداگروں کے ساتھ مزاحمت کرے۔ اور یہ بادشاہ دوسروں کے ہدیئے چھوڑ کر اِس حقیر ہدیئے کو قبول کرلے۔ اور نظرِ رحمت اور رضا سے دیکھے۔ اور

اُس کو خلعت نفیس مرحمت فرمائے کیا یہ بادشاہ کی طرف سے نہایت درجے کا فضل اور کرم نہیں ہے؛ پھر اگر یہ شخص بادشاہ پر احسان جتائے۔ اور اُس مولی کے دستے یا انگور کے خوشے پر اترائے۔ تو لوگ اس کو دیوانہ اور پاگل کہیں گے ✣

بنابریں اگر رات کو اُٹھو! اور چند رکعت نماز پڑھو! تو اُس گھڑی غور کرو! کہ کتنے آدمی خشکی اور تری اور شہروں اور جنگلوں میں۔ صدیق اور متقی اور مشتاق اور عاجزی کرنے والے اُٹھے ہوئے ہیں جو حق تعالےٰ کے دروازے پر عبادت کے واسطے کھڑے ہیں۔ جن کے دل بریاں اور چشم گریاں اور زبانِ پاک ہیں اور تمہاری نماز خواہ کتنی ہی کوشش کرو۔ اور درستی کے ساتھ پڑھو۔ اُس شہنشاہ معظم کے قابل نہ ہوگی ✣

اور میرے شیخ حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ غافل! غور کر! کہ جو نماز تم حق تعالےٰ کی طرف بھیجتے ہو! ایسی ہے کہ جیسے تم خوانچہ مالداروں کی طرف بھیجو! ✣

اور حضرت ابو بکر وراق رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ جب میں نماز سے فارغ ہوتا ہوں۔ تو مجھ کو اُس عورت سے بھی زیادہ شرم آتی ہے۔ کہ جو زنا کر کے فارغ ہوئی ہو! ✣

فصل

اس کے بعد میں کہتا ہوں کہ مردِ غافل! اپنے خوابِ غفلت سے اس گھاٹی میں بیدار ہو جا! ورنہ نقصان اُٹھائے گا۔ کہ یہ گھاٹی نہایت سخت اور تلخ اور دشوار ہے۔ اور سب گھاٹیوں سے جو اس راہ میں ہیں زیادہ خطرناک ہے۔ کیونکہ تمام گذشتہ گھاٹیوں کا اس جگہ فائدہ ظاہر ہوگا۔ اگر اس میں سلامت رہے۔ تو فائدہ اُٹھا لیا۔ ورنہ تمام کوشش بیکار ہو گئی۔ اور ساری عمر بیہودگی میں گذری ✣

پھر اس بات کو جان لو! کہ اس گھاٹی میں تین چیز دشواری کا باعث جمع ہوئی ہیں۔ پہلی یہ ہے۔ کہ باریک کام ہے۔ دوسری یہ ہے۔ کہ نقصان سخت ہے تیسری یہ ہے کہ خطر عظیم ہے ✣

Marfat.com

باریک کام اس واسطے ہے۔ کہ ریا کاری اور خود پسندی کا کام اعمال میں نہایت دقیق اور پیچیدہ ہے۔ چونکہ ایسی نازک حالت ہے۔ تو سوائے عالم کے اور دانا بصیرو دینی کے اور پرہیزگار بیدار دل کے اور کوئی شخص مطلع نہیں ہو سکتا ہے۔ جب ایسی حالت ہے۔ تو اُس پر جاہل اور غافل شخص کیسے علمائے نیشاپور میں سے ایک عالم نے میرے پاس حکایت بیان کی۔ کہ حضرت عطا اسلمی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک تھان کپڑا بُنا۔ اور بنتے وقت حتی الامکان نہایت احتیاط کی۔ پھر آپ بازار لے گئے۔ اور بزاز کے سامنے رکھ دیا۔ بزاز نے اُس کی قیمت گھٹا دی۔ اور کہنے لگا کہ اس کپڑے میں کئی عیب ہیں۔ حضرت عطا رونے لگے۔ اور بہت روئے بزاز پشیمان ہو کر عذر خواہ ہوا۔ اور بولا کہ آپ کو اس کی قیمت جتنی چاہیے لیں حضرت عطا نے کہا کہ میرا رونا اس باعث سے نہیں ہے۔ کہ جو تم گمان کر رہے ہو میں اس صنعت کو خوب جانتا ہوں۔ اور حتی المقدور اس کپڑے کے بننے میں احتیاط کی ہے۔ تاکہ اس میں کوئی عیب نہ رہے۔ جب میں نے ایسے شخص پر پیش کیا۔ کہ جو عیبوں کو جانچنے والا تھا۔ تو اُس نے اتنے عیب بتائے کہ جن سے میں غافل تھا لہذا قیامت کے روز کس طرح ہو گا؟ کہ جب اعمال حق تعالےٰ کے سامنے پیش کرینگے تو اُن میں اس قدر عیب اور نقصان ظاہر ہوں گے۔ کہ جن سے آج ہم غافل ہیں۔

اور ایک شخص نے صالحین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین میں سے ارشاد فرمایا ہے کہ میں ایک رات سحری کے وقت بالا خانہ پر۔ کہ جو شارع عام پر واقع تھا۔ سورہ طٰہٰ پڑھ رہا تھا۔ پھر ختم کر کے سو گیا۔ پھر خواب میں دیکھا کہ ایک شخص آسمان سے اترا ہے۔ اور اُس کے پاس ایک کاغذ ہے کہ جو اُس نے میرے سامنے کھولا۔ میں نے دیکھا کہ سورہ طٰہٰ لکھی ہوئی ہے۔ اور ہر ایک کلمے کے نیچے دس دس نیکی مقرر ہے۔ مگر ایک کلمے کے نیچے نہیں ہے۔ میں نے کہا قسم بخدا! میں نے یہ کلمہ بھی پڑھا تھا۔ اس کے نیچے ثواب کیوں نہیں ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا کہ تو سچ کہتا ہے۔ اور ہم نے اُس کا ثواب بھی لکھا تھا۔ پھر منادی نے عرش کے نیچے سے آواز دی۔ کہ اُس کو مٹا دو۔ لہذا ہم نے اس کو کاٹ دیا۔ وہ شخص بیان کرتا ہے۔ کہ میں خواب میں رونے لگا۔ اور پوچھا کہ ایسا کیوں ہوا؟ اُس نے جواب دیا

Marfat.com

کہ جب تو اِس کلمے پر پُہنچا تھا۔ تو ایک مرد شارع عام پر گذر رہا تھا۔ اور تو نے اُس کے باعث اس کلمے پر آواز بلند کر دی تھی۔ لہذا اِس کلمے کا ثواب اڑ گیا ٭

سخت نقصان یہ ہے کہ ریاکاری اور خود پسندی ایک دم میں آفتِ عظیم کا سامنا ہو جاتا ہے۔ اور بسا اوقات ایک پل میں نوے سال کی عبادت ضائع ہو جاتی ہے ٭

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ اور آپ کے دوستوں کو مہمان بنایا۔ پھر وہ شخص اپنے آپ بولا۔ کہ جو طباق میں پہلے حج میں لایا تھا۔ لاؤ۔ بلکہ دوسرے حج کا طباق بھی لے لاؤ۔ جب اُس شخص نے یہ کہا تو حضرت سفیان رحمۃ اللہ علیہ نے اُس کی طرف دیکھا اور ارشاد فرمایا مسکین! تو نے دونوں حجوں کو دو کلموں کے ساتھ بیکار کر دیا ٭

لیکن ان کا خطرِ عظیم ہونا چار وجہ سے ہے۔ ایک یہ ہے کہ حق تعالےٰ کے جلال اور عظمت کی کوئی حد نہیں ہے ٭

دوسرے خدا تعالےٰ کی تم پر نعمتیں بے شمار ہیں ٭

تیسرے تمہارا بدن پوشیدہ عیبوں اور بہت سی آفات سے پر ہے ٭

چوتھے اگر کوئی خوفناک کام واقعہ ہو تو تمہارا نفس اُس کی طرف بہت جلدی دوڑتا ہے۔ لہذا تمہیں ضرورت ہے۔ کہ عیبناک بدن اور نفس مائل بہ شر سے۔ عمل صاف اور سالم نکالو! کہ جو دربار خداوندی کے شایانِ شان ہو۔ تاکہ اُس کا جلال اور عظمت اور اُس کی نعمتوں کی کثرت تم پر باقی رہے۔ ورنہ ایک بہت بڑا حصہ تمہارے ہاتھ سے نکل جائیگا۔ اور کوئی نفس اُس کے ضائع ہونے میں غفلت نہیں کر سکتا ہے بلکہ مصیبت میں پڑوگے کہ اُس کے تحمل کی طاقت نہ رکھوگے۔ اور یہ قسم بخدا! بہت بڑا کام ہے ٭

اور جلال اور عظمتِ حق تعالےٰ اس قدر ہے۔ کہ مقربین فرشتے رات اور دن اُس کی خدمت میں کھڑے ہیں۔ اور اُس کی عبادت کر رہے ہیں۔ بعض اُن میں سے جب سے پیدا ہوئے ہیں قیام میں ہیں۔ اور بعض رکوع میں ہیں۔ اور بعض تسبیح بیان کرتے ہیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہی کہتے ہیں نفخِ صور تسبیح بیان کرنیوالا

تسبیح میں ہے اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے والا اسی حال میں ہے۔ جب اس خدمت عظیم سے فارغ ہوتے ہیں۔ تو سب جمع ہو کر پکارتے ہیں۔ سُبْحَانَکَ مَا عَبَدْنَاکَ حَقَّ عِبَادَتِکَ (تو پاک ہے۔ ہم نے تیری عبادت کا حق پورا نہیں کیا ہے)۔

اور سید المرسلین دونوں جہان کے برگزیدہ حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ (تو نے جتنی ثنا آپ اپنی کی ہے۔ میں اس کا شمار نہیں کر سکتا ہوں)۔

اور حق تعالیٰ کی نعمتیں اس قدر ہیں کہ ان کا شمار ممکن نہیں ہے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا (اور اگر تم خدا کی نعمتوں کو شمار کرنے لگو تو شمار نہ کر سکو گے)۔

روایت کرتے ہیں۔ کہ لوگوں کو تین دفتروں پر پیش کریں گے۔ ایک دفتر نیکی۔ دوسرا دفتر بدی۔ تیسرا دفتر نعمت۔ پھر نعمتوں کو نیکیوں کے مقابلے میں رکھیں گے اور پھر سب نیکیوں کو نعمتوں کے عوض میں اٹھالیں گے۔ اور بدیاں باقی رہیں گی۔ اور ان کی بابت خدا کا حکم ہے جیسا چاہے گا کرے گا۔

نفس کے عیب اور اس کی آفات کا بیان اس کے محل میں ہو چکا ہے۔ اور مشکل کام یہ ہے۔ کہ ستر سالہ عبادت کی مشقت ایک گھڑی میں بیکار ہو جاتی ہے۔ اور اپنے عیب سے انسان غافل رہتا ہے۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ اس میں سے کچھ بھی قبول نہیں ہوتا ہے۔ اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ کئی سال کی مشقت ایک پل میں ضائع ہو جاتی ہے۔ اور سب سے بڑا خطرہ اس میں یہ ہے۔ کہ حق تعالیٰ نظر قبولیت ڈالتا ہے۔ اور بندہ ریاکاری میں مصروف ہوتا ہے۔ اور اپنا ظاہر خدا کے واسطے اور باطن مخلوق کے واسطے کر رکھا ہے۔ لہٰذا حق تعالیٰ ایسوں کو اپنے دربار سے دور کر دیتا ہے۔ اور معلوم نہیں کہ پھر کب بلائے؟

میں نے ایک عالم سے سنا ہے۔ کہ جو حضرت امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے حکایت بیان کرتا تھا۔ کہ اس نے حضرت کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا اور آپ کی حالت کا استفسار کیا۔ آپ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ کو اپنے سامنے کھڑا کیا۔ اور فرمایا کہ حسن! وہ دن یاد ہے کہ جب تم نے مسجد میں نماز پڑھی۔ اور جب

Marfat.com

لوگوں کو تم نے معلوم کیا کہ تمہاری طرف دیکھتے ہیں۔ تو اور اچھی طرح پڑھنے لگے۔ اگر تمہاری پہلی نماز سب کے لئے خالص نہ ہوتی تو میں تم کو آج اپنے دربار سے نکال دیتا۔ اور تم سے یک لخت کشیدہ خاطر ہو جاتا ؞

اصحاب بصیرت باریکی کار اور مشکل کی وجہ سے اپنے پر متنبہ ہوئے ہیں۔ یہاں تک کہ ان میں سے بعض اپنے اعمال پر اعتبار نہیں کرتے ہیں۔ جن اعمال کو کہ لوگ جانتے ہیں۔ حضرت رابعہ بصریہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ کہ جو میرا عمل مجھ پر ظاہر ہو جاتا ہے۔ اس کو میں حساب میں نہیں رکھتی ہوں! اور ایک دوسرے بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اپنی نیکیوں کو اس طرح پوشیدہ رکھو۔ جیسا کہ اپنی برائیوں کو چھپاتے ہو! اور ایک دوسرے بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اگر کسی عمل خیر کو کرو! تو چھپا کر کرو! ؞

اس کے بعد! میں مصلحت اس طرح دیکھتا ہوں۔ کہ ایک حدیث شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم سے بیان کروں۔ حضرت ابن مبارک سے روایت کرتے ہیں۔ اور وہ ایک مرد سے روایت کرتے ہیں۔ کہ اس مرد نے حضرت معاذ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ مجھ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سناؤ۔ جو آپ کو یاد ہے۔ اور جس کی سختی اور دقت کی وجہ سے جو اس میں ہے۔ اس کو ہر روز پڑھتے ہو۔ حضرت معاذ نے فرمایا کہ میں بیان کرتا ہوں۔ پھر آپ بہت دیر تک روتے رہے اور ارشاد فرمایا وَاشَوْقَاہُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَاِلٰی لِقَائِہٖ (ہائے رسول اللہ کا! اور آپ کی ملاقات کا شوق!) پھر آپ نے فرمایا کہ میں ایک وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا۔ آپ سوار ہوئے اور اپنے پیچھے مجھ کو بٹھایا۔ جب ہم کچھ تھوڑا چلے تو آپ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف کیا اور ارشاد فرمایا۔ سب حمد خدا تعالےٰ عزت اور جلال والے کے واسطے ہے۔ وہ اپنی مخلوقات میں جو کچھ چاہتا ہے حکم کرتا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا معاذؓ! میں نے عرض کی لَبَّیْکَ یَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ (سب رسولوں کے سردار! میں حاضر ہوں) آپ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک بات کہتا ہوں! اگر اس کو یاد رکھو! تو تمہیں فائدہ دے گی! اور اگر ضائع کرو گے تو تمہاری حجت خدا تعالےٰ کے نزدیک کٹ جائے گی۔ معاذؓ!

Marfat.com

سُنو! کہ حق تعالےٰ نے سات فرشتے پیدا کئے ہیں۔ اور سات آسمانوں کے دروازوں پر ایک ایک کو دربان مقرر کیا ہے۔ جب کراماً کاتبین فرشتے کہ جو بندوں کے اعمال کے محافظ ہیں بندے کے عمل صبح سے شام تک کئے ہوئے۔ جو نور کی طرح چمکتے ہیں آسمان کی طرف لیجاتے ہیں۔ اور بندے کے اعمال کی ثنا بیان کرتے ہیں۔ تو پہلے آسمان کا فرشتہ کہتا ہے کہ یہ عمل اُس بندے کے مُنہ پر دے مارو! میرا نام غیبت کا فرشتہ ہے۔ مجھ کو حق تعالےٰ کا امر ہے کہ غیبت کرنے والوں کے اعمال کو اپنے سے آگے گذرنے کے واسطے راستہ مت دو۔

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کے عمل کو لے جاتے ہیں۔ کہ جس نے غیبت نہ کی ہو۔ جب دوسرے آسمان پر پہنچتے ہیں۔ تو فرشتہ دوسرے آسمان پر موکل ہے۔ کہتا ہے کہ یہ اُس کا عمل اُس کے مُنہ پر دے مارو کیونکہ اُس کی اس عمل سے مراد دُنیاوی غرض تھی۔ اور مجھ کو حکم پہنچ گیا ہے۔ کہ اُس نے اِس عمل سے دنیا کو طلب کیا ہے۔

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کے عمل کو لے جاتے ہیں۔ صدقہ روزہ نماز حج عبادت صلہ رحمی۔ دوسرے آسمان تک کے فرشتے اُس عمل پر ثنا کرتے ہیں۔ جب تیسرے آسمان پر پہنچتے ہیں تو تیسرے آسمان کا فرشتہ کہتا ہے۔ کہ ٹھہر جاؤ! اور یہ عمل کرنے والے کے مُنہ پر دے مارو! کیونکہ میں تکبر کا فرشتہ ہوں اور اُس نے لوگوں میں تکبر کیا ہے۔ اور ایسوں کے عمل کو راہ دینے کا میرا دستور نہیں ہے۔

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کا عمل۔ روشن ستارے جیسا تسبیح لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ۔ اور نماز اور حج اور زیارت کعبہ شریف۔ لیکر جائیں گے۔ جب چوتھے آسمان پر پہنچیں گے۔ تو چوتھے آسمان کا فرشتہ کہے گا۔ کہ ٹھہرو! اور یہ عمل اُسی کے چہرے پر دے مارو! کیونکہ میں خود پسندی کا فرشتہ ہوں! اُس کے عمل کو اپنے پاس سے گذرنے نہیں دوں گا۔ اُس نے خود پسندی کے بغیر کوئی کام نہیں کیا ہے۔

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کے عمل کو لیکر جائیں گے۔ جیسے کہ نو عروس آراستہ پیراستہ تخت بیٹھی ہوئی۔ ہوا کرتی ہے۔ تو پانچویں آسمان کا فرشتہ کہے گا۔ کہ یہ عمل اُس کے مُنہ پر دے مارو! میں حسد کا فرشتہ ہوں! کیونکہ یہ شخص

مخلوق پر مخلوق کی نعمت کے باعث حسد کرتا تھا۔ اور عمل کرنا سیکھنے والوں پر بھی حسد کرتا تھا۔ لہذا میں اس کے عمل کو اپنے پاس سے گذرنے نہ دوں گا۔

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کے عمل کو چھٹے آسمان تک لے جائیں گے اور وہ عمل آفتاب کی طرح روشن ہوگا۔ نماز روزہ حج عمرہ زکوٰۃ اور اس کی تعریف کریں گے۔ تو چھٹے آسمان کا فرشتہ کہے گا۔ کہ یہ عمل اس بندے کے منہ پر دے مارو! کیونکہ وہ کسی پر بھی رحمت نہ کرتا تھا۔ اور لوگوں کی بدحالی پر خوش ہوتا تھا۔ اور میں رحمت کا فرشتہ ہوں! لہذا میں اس کے عمل کو اپنے پاس سے نہ گذرنے دوں گا۔

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کے عمل کو لے جائیں گے۔ ساتویں آسمان تک۔ نماز روزہ صدقہ تقویٰ مجاہدہ۔ اور سب آسمانوں کے فرشتے اس پر ثنا کریں گے۔ اور یہ عمل آفتاب کی طرح چمکتا ہوگا۔ جب ساتویں آسمان تک پہنچیں گے۔ تو ساتویں آسمان کا فرشتہ کہے گا۔ کہ ٹھہرو! اور یہ عمل اس کے چہرے پر دے مارو! کیونکہ میں مرتبے اور جاہ کا فرشتہ ہوں! اور اس بندے کے عمل سے مراد صرف جاہ طلبی تھی۔ تاکہ لوگوں میں عزت ہو! لہذا میں اس کا عمل اپنے پاس سے گذرنے نہ دوں گا۔ کیونکہ مجھ کو حکم ہے کہ جو عمل حق تعالےٰ کے واسطے نہ ہو۔ اس کو آگے مت آنے دو!

پھر کراماً کاتبین دوسرے بندے کا عمل لے جائیں گے! جیسے نماز روزہ زکوٰۃ حج عمرہ نیک خلق خاموشی ذکرِ خدا تعالےٰ۔ اور اس عمل کو فرشتے سات آسمانوں سے آگے لیجائیں گے۔ اور تمام حجابوں کو طے کرکے حق تعالےٰ تک پہنچیں گے۔ اور حق تعالےٰ کے سامنے کھڑے ہوجائیں گے۔ اور اس بڑے بندے کے عمل صالح پر گواہی دیں گے! حق تعالےٰ ارشاد فرمائے گا۔ کیا تم اس بندے کے عمل پر نگاہ بان تھے؟ حالانکہ میں جو کچھ اس کے دل میں ہے۔ اس پر محافظ ہوں۔ اس کی مراد اس عمل سے میری ذات نہ تھی! اور مجھ کو معلوم ہے۔ کہ اس کی مراد اس عمل سے کیا تھی؟ اس پر میری لعنت ہو! کہ اس نے لوگوں کو دھوکہ دیا۔ اور مجھ کو دھوکہ نہیں دے سکتا ہے۔ کیونکہ میں غیب کو جاننے والا ہوں۔

Marfat.com

اور دلوں کے اسرار پر مطلع ہوں۔ اور ظاہر اور باطن کو جانتا ہوں۔ اُس پر میری لعنت ہو! اور سات آسمانوں اور زمین کے فرشتوں کی لعنت ہو! اور تین ہزار فرشتے مقرب کہ جو حق تعالےٰ کے پاس ہیں۔ کہیں گے! ہمارے رب! اُس پر تیری لعنت! اور ہماری لعنت! اور سب لعنت کرنے والوں کی لعنت ہو! ٭

پھر حضرت معاذؓ یہ سب بیان سُن کر رو پڑے! اور زور سے نعرہ مارا! اور عرض کی۔ یا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلّم کہ جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا ہے۔ اس سے کس طرح نجات ہو گی؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔ یا معاذؓ! اپنے پیغمبر کی تابعداری یقین میں کرو! پھر معاذؓ نے عرض کی۔ کہ آپ حق تعالےٰ کے رسُولؐ ہیں۔ اور میں معاذ ہوں۔ نجات اور خلاصی کس طرح ہو گی؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔ یا معاذ! اگر تمہارے عمل میں کمی ہو۔ تو اپنی زبان کو غیبت سے نگاہ رکھو! اور جس عیب میں خود مُبتلا ہو! اُسی عیب کی دوسروں میں گرفت نہ کرو! اور دوسروں کی ذلّت میں اپنی عزّت طلب نہ کرو! اور اپنے عمل میں ریاکاری نہ کرو! اور دُنیا میں اس طرح مشغول نہ رہو۔ کہ آخرت کا کام نہ بھُولو! اور اپنے آپ کو لوگوں سے بزرگ نہ جانو! ورنہ دُنیا اور آخرت کی خیرات سے کٹ جاؤ گے! اور اپنی مجلس میں فحش باتیں نہ بولو! تاکہ لوگ تمہاری بداخلاقی سے بیزار نہ ہو جائیں! اور لوگوں کے جسموں کو بریاں اور پارہ پارہ نہ کرو۔ تاکہ دوزخ کے کتے تم کو پارہ پارہ نہ کریں! ٭

مَیں نے عرض کی یا رسُولؐ اللہ! اِن خصلتوں کے پورا کرنے کی کس میں طاقت ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا۔ یا معاذؓ! جو کچھ میں نے تم کو کہا ہے۔ آسان ہے۔ جس پر کہ حق تعالےٰ آسان کرے۔ اور تمہارے واسطے یہی خصلت کافی ہے! کہ لوگوں کے واسطے وہی کچھ چاہو کہ جو اپنے واسطے چاہتے ہو۔ اور جو چیز اپنے واسطے نہیں چاہتے ہو۔ وہ چیز لوگوں کے واسطے بھی نہ چاہو! جب ایسا کرو گے۔ تو سلامتی میں رہو گے! راوی مرو بیان کرتا ہے کہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالےٰ عنہ اس حدیث شریف کے سُننے کے بعد۔ اس کو قرآن مجید سے زیادہ پڑھا کرتے تھے ٭

لہٰذا مرد حقانی! جب تم نے یہ حدیث سخت اور خوفناک۔ اور دلوں کو گلانے والی۔ اور پہلو اور کمر کو توڑنے والی سُنی۔ تو اپنے حق تعالےٰ پر پنجہ مارو۔ اور عاجزی اور

گریہ زاری کے ساتھ اُسی کا ملازم ہو جا۔ کیونکہ اس کام میں اسی کی رحمت کے ساتھ نجات ہے۔ اور اُسی کی توفیق اور عنایت کے ساتھ سلامتی ہے۔ لہذا خوابِ غفلت سے بیدار ہو جاؤ۔ تاکہ ہلاکت اور آفت سے بچو! ٭

فصل

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ جب تم نے غور کیا۔ اور خدا تعالےٰ کی عبادت کا اندازہ کیا۔ اور مخلوق کا ضعف اور عاجزی اور جہالت کا مشاہدہ کیا۔ تو پھر اُس کی طرف دھیان نہ کر۔ اور مخلوق کی مدح اور ثنا اور تعظیم کو چھوڑ دے۔ کیونکہ اس فعل میں کچھ بھی فائدہ نہیں ہے۔ اور جبکہ تم نے دُنیا کی ذلت اور حقارت اور سرعت زوال دیکھ لیا ہے۔ تو اس کی تابعداری اور رضا کو ترک کرو! اور اس طرح کہو کہ اے نفس! پروردگار عالمین کی ثنا بہتر ہے۔ یا دنیاوی سامان کی کہ جو فانی ہے۔ اور نفس! ممکن ہے کہ تو عبادت سے نعمت ابدی حاصل کرے۔ لہذا کم ہمتی نہ کر۔ تجھے معلوم نہیں ہے کہ جب کبوتر بلند پرواز ہوتا ہے۔ تو اُس کی قیمت کتنی بڑھ جاتی ہے؟ لہذا بلند ہمتی اور بلند پروازی کر۔ اور صرف حق تعالےٰ ہی کا ہو جا۔ اسی طرح اگر خوب غور کرو گے۔ اور اپنے اوپر خدا تعالےٰ کی بڑی نعمت دیکھو گے۔ تو عبادت کی توفیق پر۔ اور رکاوٹوں کے دُور ہونے پر کہو گے! کہ نفس! احسان صرف حق تعالےٰ کا ہے۔ کہ یہ سب کچھ اُس کے لطف اور کرم سے ہے۔ اور اپنے عمل پر دیکھنے سے شرم کر۔ پھر جب ان اذکار کو اپنے دل پر ہمیشہ دوہراتے رہو گے۔ اور حق تعالےٰ سے استقامت طلب کرو گے۔ تو مخلوق پر توجہ کرنے سے اور اپنے عمل پر اترانے سے محفوظ رہو گے۔ اور اخلاص کا دروازہ کھلے گا۔ اور طاعت پاک اور عبادت مقبول حاصل ہوگی۔ لہذا مسکین! غور کر! اور غافلوں میں سے نہ ہو۔ اور جب ایسا کرو گے! جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے۔ تو اخلاص مندوں میں سے ہو جاؤ گے اور حق تعالےٰ کا احسان جانو گے۔ اور اس خوفناک گھاٹی کو پس پشت ڈال جاؤ گے! اور تمام آفات سے سلامت رہو گے اور نجات پاؤ گے۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے

اور نہ طاقت نیکی کی مگر ساتھ توفیق اللہ بلند اور بزرگ کے) ﴿

ساتویں گھاٹی حمد اور شکر کی ہے

طالبِ عبادت! تم پر لازم ہے۔ کہ جب اِن گھاٹیوں کو طے کر لو! اور عبادت کے مقصود پر آفات سے نکل کر کامیاب ہو جاؤ! تو اس نعمت عظمیٰ اور عطیہ کبریٰ پر حق تعالےٰ کا شکر اور حمد بیان کرو۔ اور حمد اور شکر کا واجب ہونا دو چیز کے باعث واجب ہے۔ ایک ہمیشگی نعمت کی وجہ سے ہے اور دوسرے حصول زیادت کی وجہ سے ہے ﴿

پہلے ہمیشگی نعمت کا بیان سُنو! اور اس بات کو جان لو! کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اَلنِّعْمَۃُ وَحْشِیٌّ قَیِّدُوْھَا بِالشُّکْرِ (نعمت ایک وحشی ہے اُس کو شکر کے ساتھ قید کرو!) کیونکہ خدا کے ساتھ نعمت قائم اور دائم رہتی ہے۔ اور اس کی ترک سے زائل ہو جاتی ہے۔ چنانچہ حق تعالےٰ ایک قوم کے حق میں ارشاد فرماتا ہے فَکَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰہِ فَاَذَاقَھَا اللّٰہُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا کَانُوْا یَصْنَعُوْنَ (انہوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی۔ تو اللہ نے اُن کو بھوک اور خوف کا لباس پہنایا۔ اُن کرتوتوں کے باعث کہ جو وہ کرتے تھے) ﴿

پھر حصول زیادت نعمت کا حال سُنو! کہ شکر ہر طرح نعمت کو قید کرتا ہے اسی طرح زیادتی نعمت کا بھی باعث ہے جیسا کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَلَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ (اور اگر شکر گذار رہو گے تو ہم اور بھی بڑھائیں گے) اور حکمت والا آقا جب دیکھتا ہے کہ بندہ نعمت کے حق پر قائم ہے۔ تو اور نعمت عنایت فرماتا ہے۔ ورنہ پہلی دی ہوئی بھی چھین کر کفرانِ نعمت کے وبال میں مبتلا کرتا ہے ﴿

پھر اس بات کو جان لو! کہ نعمت دو قسم پر ہے۔ دُنیاوی اور دینی۔ دنیاوی نعمت دو قسم پر ہے۔ ایک نعمت اور دوسرے نفع نعمت۔ نفع۔ نعمت یہ ہے کہ تم کو مصالح اور منافع عنایت فرمائے ہیں اور منافع دو قسم پر ہیں۔ ایک کامل صورت۔ سلامتی اور عافیت۔ الہام اور تدبیر کے ساتھ ہے۔ دوسرے لذات جو کھانے اور پینے اور لباس اور نکاح وغیرہ سے حاصل ہوتی ہیں۔ اور نعمت کا نفع یہ ہے کہ تم سے ضرر کو دُور کیا ہے اور ضرر دو قسم پر ہے۔ ایک جان کی سلامتی۔ کہ تم کو سب طرح کی ماندگی اور آفات

Marfat.com

اور نفسانی بیماریوں سے سلامتی میں رکھا ہے۔ دوسرے ضرر کا دفع کرنا ہے۔ کہ کسی طرح کے علائق تم کو لاحق نہیں ہوتے ہیں۔ کسی دشمن نے آدمی اور جنات اور درندوں اور حشرات الارض میں سے تمہاری طرف آنکھ نہیں اُٹھائی ہے ۔

دین کی نعمت دو قسم پر ہے۔ نعمت توفیق اور نعمت عصمت ۔ نعمت توفیق یہ ہے کہ ایک تمہیں اسلام عنایت کیا۔ دوسرے اہل سنت الجماعت بنایا۔ تیسرے عبادت کی توفیق عنایت فرمائی۔ اور نعمت عصمت یہ ہے۔ کہ پہلے تم کو شرک اور کفر سے نجات دی۔ پھر گمراہی اور بدعت سے۔ اور پھر سب طرح کے گناہوں سے۔ اور ان نعمتوں کی تفصیل اور شمار سوائے حق تعالےٰ کے اور کوئی نہیں جانتا ہے۔ وَ اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا (اور اگر خدا کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو گے۔ تو شمار نہ کر سکو گے) ۔

پھر اس بات کو جان لو! کہ ان نعمتوں کا دوام اور زیادتی جیسا کہ میں نے اوپر بیان کیا ہے۔ جو وہم اور قیاس سے باہر ہے۔ صرف ایک چیز کے متعلق ہے۔ اور وہ حمد اور شکر ہے۔ پھر جس خصلت کی کہ یہ قیمت ہے۔ اور اس کا اس طرح کا فائدہ ہے واجب ہے کہ اس میں غفلت نہ کرے کیونکہ قیمتی جوہر اور عزیز کیمیا ہے۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ حمد اور شکر کی حقیقت کیا ہے۔ اور ان دونوں کے معنی کیا ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ اہل علم نے حمد اور شکر میں فرق بیان کیا ہے کہ حمد سُبحان اللہ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے قبیلے سے ہے۔ لہٰذا ظاہری اعمال سے ہے۔ اور شکر ہر حال میں صبر اور سپرد خدا کے قبیلے سے ہے۔ لہذا باطنی افعال میں سے ہے ۔

اور ایک دوسری دلیل فرق میں بیان کی ہے کہ حمد ملامت کے بالمقابل ہے اور شکر کفران نعمت کے بالمقابل ہے۔ اور دوسری ایک دلیل بھی بیان کی ہے۔ کہ حمد عام زیادہ ہے۔ اور شکر خاص اور بہت تھوڑا ہے۔ جیسا کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَقَلِیْلٌ مِّنْ عِبَادِیَ الشَّکُوْرُ (اور میرے بندوں میں سے شکر گذار تھوڑے ہیں)

Marfat.com

لہذا ثابت ہوا کہ حمد اور شکر کے جُدا جُدا معنی ہیں۔ حمد کسی کے نیک فعل پر ثنا کرتا ہے۔ میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا یہی مطلب ہے۔

شکر کے معنی میں بہت کلام ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شکر یہ ہے کہ تمام اعضا حق تعالےٰ کی اطاعت ظاہر اور باطن میں کریں۔

اور ہمارے مشائخ رحمۃ اللہ علیہم میں سے ایک بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے کہ شکر ظاہر اور باطن میں سب طاعتوں کا ادا کرنا ہے۔ پھر رجوع کیا۔ اور فرمایا ہے۔ کہ شکر۔ ظاہر اور باطن میں گناہوں سے بچنے کا نام ہے۔

اور دوسرے بزرگ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شکر۔ دل اور زبان اور تمام اعضا کا نگاہ رکھنا ہے۔ تاکہ ان تین میں سے کوئی بھی کسی طرح گناہ ظاہر نہ کرے۔ اور فرق اس قول میں اور میرے پیر و مرشد شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے قول میں یہ ہے۔ کہ اس میں نگاہ رکھنا۔ زیادہ معنی ہیں۔ گناہوں کے اجتناب سے۔ اور اجتناب کے یہ معنی ہیں۔ کہ گناہ نہ کرے۔ بغیر اس کے کہ وقت اور باعث کے معنی نفس میں موجود اور حاصل ہوں۔ کہ کرنے والا اس میں مشغول ہو۔ اور کفران سے بچے۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ شکر نعمت دینے والے کی تعظیم اس کی نعمت کے مقابلہ پر ہے۔ اس حد تک کہ نعمت عطا کرنے والے کے ظلم سے۔ اور اپنے کفران نعمت سے رُکے۔ اور اگر میں کہوں! کہ شکر۔ محسن کی تعظیم ہے۔ احسان کے مقابلہ پر تو یہ بھی صحیح ہے۔ اور خدا تعالےٰ کا شکر بندے کے واسطے نہایت ہی نیک خصلت ہے۔ اور شکر کے بیان میں بہت سی تفصیل ہے۔ جس کی ہم نے کتاب احیا العلوم میں شرح کی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ بندے کی طرف سے شکر یہ ہے۔ کہ محسن کی رنجش کو روکے اور اس کی صورت یہ ہے کہ محسن کے احسان کو یاد کرے۔ جو حسن شکر کی حالت میں شاکر ہے۔ اور بُری حالت کے اظہار کرنے والا کافر اور کفران نعمت کرنے والا ہے۔ اور میں بیان کرتا ہوں! منعم کی نعمت کو گناہ کا سبب نہ بنائے۔ اُس شخص کی

Marfat.com

تباہ حالت ہے۔ کہ جو منعم کی نعمت کو۔ اُس کی نافرمانی کا سبب بناتا ہے۔ لہٰذا بندے پر شکر اس قدر فرض ہے۔ کہ حق تعالےٰ کی تعظیم اس قدر کرے۔ کہ نعمتوں کو یاد کر کے۔ اپنے میں اور گناہوں میں حائل کرے۔ جب یہ کیا تو شکر کے بارے میں اصل چیز کو بجالایا۔ لہٰذا طاعت میں پورے طور پر کامل کوشش کرے۔ اور خدمت میں اس طرح قائم رہے۔ کہ حقوق نعمت کے پورے ہو جائیں۔ بہر حال گناہوں کی نگاہداشت سے چارہ نہیں ہے۔ اور اللہ ہی توفیق خیر عنایت فرمانے والا ہے۔

سوال اگر یہ دریافت کرو۔ کہ شکر کا محل کونسا ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ شکر کا محل دینی اور دُنیاوی نعمتیں ہیں۔ اور نفس کے لئے جو سختیں اور مصائب دُنیا میں۔ اپنے اہل اور مال کے متعلق ہیں۔ اس کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔ کہ ان پر بندہ کے واسطے شکر واجب ہے یا نہیں بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ سختی اور مصیبت میں شکر واجب نہیں ہے۔ صبر واجب ہے۔ اور شکر نعمت پر ہوتا ہے۔

اور بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ کوئی سختی اور مصیبت نہیں ہے۔ کہ اس کے مقابلے میں خدا تعالےٰ کی نعمت نہ ہو۔ لہٰذا اُن نعمتوں پر کہ جو مصائب کے ساتھ ساتھ ہیں۔ شکر واجب ہے۔ نہ کہ نفس مصیبت پر۔ اور جو نعمتیں کہ مصائب کے بالمقابل ہیں یہ ہیں۔ کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میں کسی بلا میں مبتلا نہیں ہوا مگر اُس میں حق تعالےٰ کی طرف سے میرے واسطے چار نعمتیں تھیں۔ ایک یہ کہ وہ بلا دین میں نہ پڑی۔ تیسرے یہ کہ مجھکو بلا پر راضی راضی رہنے محروم نہ کیا۔ چوتھے یہ کہ اُس بلا کے صبر پر مجھ کو ثواب کی اُمید ہے۔

اور بعض دوسرے اہل علم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ نعمتوں میں سے ایک نعمت یہ ہے کہ بلا قائم نہیں رہتی ہے۔ اور اُس کا ثواب ہمیشہ رہتا ہے۔ لہٰذا بندے پر واجب ہے کہ تمام نعمتوں پر شکر کرے کہ جو بلا کے ساتھ ساتھ ہیں۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بہتر یہی ہے کہ دُنیا کے شدائد پر بھی شکر واجب ہے۔ کیونکہ شدائد حقیقی طور پر نعمت ہیں۔ اسواسطے کہ بندے کو اُن کے بالمقابل آخرت میں ثواب ہے۔ جس کے بالمقابل شدائد ناچیز

محض ہیں۔ اور اس سے بڑھ کر اور کونسی نعمت ہوگی؟ اور اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی شخص تم کو دوا تلخ پلاتا ہے۔ یا تمہارے پچھنے لگاتا ہے۔ یا تمہاری فصد کھولتا ہے اُس بیماری کے باعث کہ جو تم میں ہے۔ تاکہ اس مرض سے نجات پاؤ۔ اِس میں کیا شک ہے؟ کہ دوا کا پلانا۔ اور فصد اور پچھنے کے ذریعے خون کا نکالنا ایک بھاری نعمت ہے۔ اگرچہ بظاہر حالت بری چیز ہے۔ اور طبیعت اس سے نفرت کرتی ہے اِسی پر دُنیاوی مصائب کو خیال کرلو! چنانچہ حق تعالےٰ جل شانہ ارشاد فرماتا ہے۔ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا۔ (اور شاید کہ تم کسی چیز کو بُرا سمجھو۔ اور خدا تعالےٰ اس میں تمہارے واسطے بہت بڑی بھلائی کردے)۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ شکر افضل ہے یا صبر؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ شکر افضل ہے۔ کیونکہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ (اور میرے بندوں میں سے شکر گذار تھوڑے ہیں) اس میں شکر گذاروں کو اپنا خاصانِ خاص بیان فرمایا ہے۔ اور حق تعالےٰ حضرت نوح علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کی مدح میں ارشاد فرماتا ہے اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا (کہ وہ شکر گذار بندہ تھا) اور حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کے حق میں ارشاد فرمایا ہے۔ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ اِجْتَبٰهُ (کہ وہ خدا کی نعمتوں کا شکر گذا تھا۔ اِس کو برگزیدہ کیا)۔ اور دوسری دلیل یہ ہے کہ شکر بمنزلہ انعام ہے۔ لہذا ایک بزرگؒ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اگر نعمت عطا ہو اور شکر کروں۔ تو یہ اس سے بہتر ہے۔ کہ بلامیں پڑوں اور صبر کروں۔

اور بعض اہل علم ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ صبر! شکر سے افضل ہے۔ کیونکہ صبر میں مشقت بہت ہے۔ لہذا اس کا ثواب زیادہ ہے۔ اور اُس کا مرتبہ بلند تر ہے اور حق تعالےٰ حضرت ایوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسّلام کی مدح میں ارشاد فرماتا ہے اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا نِعْمَ الْعَبْدُ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ (ہم نے اُس کو صابر پایا۔ اچھا بندہ ہے۔ کیونکہ وہ رجوع کرنے والا ہے) اور نیز حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ (اور صابر لوگ اپنا اجر بغیر حساب کے

بھرپور عنایت کئے جائیں گے) اور دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے۔ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ پیار کرتا ہے)۔

میں کہتا ہوں کہ شکر کرنے والا حقیقت میں صابر ہے۔ اور صبر کرنے والا حقیقت میں شاکر ہے۔ کیونکہ اس دُنیادار محنت میں شاکر بھی مشقت کرے گا۔ اور اس پر صابر بھی ہوگا۔ اور صابر بھی خالی نہیں ہے۔ جو نعمتیں اس پر ہیں۔ اُن پر شکر کریگا اور مَیں نے بارہا ذکر کیا ہے۔ کہ سختی حقیقت میں نعمت ہے۔ لہٰذا سختی پر صبر کرنا حقیقت میں شکر بھی ہے۔ اور دوسری دلیل یہ ہے۔ کہ شاکر اپنے نفس کو کفرانِ نعمت سے روکے گا۔ اور اُسی کا نام نافرمانی سے رکنے پر صبر ہے۔ اور صابر اپنے نفس کو گھبراہٹ اور پریشانی سے روکے گا۔ اسی کا نام شکر ہے۔

فصل

مردِ خدا تم پر لازم ہے۔ کہ اس گھاٹی تھوڑی مشقت والی کو کامل کوشش کے ساتھ طے کرو۔ اور ان دو اصل پر غور کرو! پہلا اصل یہ ہے کہ نعمت اُس کو دیتے ہیں۔ کہ جو نعمت کی قدر کرے۔ اور نعمت کی قدر شاکر جانتا ہے۔ اسکی دلیل یہ ہے کہ حق تعالےٰ کفار کی حالت بیان کرکے اُن پر رد کرتا ہے۔ اَھٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ مِّنْۢ بَیْنِنَا اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰکِرِیْنَ (کیا ہم میں سے اللہ نے انہی پر احسان کیا ہے؟ (جواب) کیا اللہ شکر گذاروں کو نہیں جانتا ہے) مطلب یہ ہے کہ جاہل لوگ خیال کرتے ہیں۔ کہ بڑی نعمت اور احسان بزرگ کے حقدار مالدار اور بزرگ زادے ہیں۔ اسی واسطے کہتے ہیں۔ کہ یہ کیا بات ہے؟ کہ خدا تعالےٰ دینی نعمت ان فقیروں کو دیتا ہے۔ اور ہم کو نہیں دیتا ہے حق تعالےٰ نے اُن کو جواب دیا۔ کہ میں شکر گذار بندوں کو خوب جانتا ہوں مطلب یہ ہے۔ کہ آقا کریم اُسی کو نعمت دیتا ہے۔ جو نعمت کا قدر شناس ہے۔ اور دل و جان سے اُس کو ہر ایک چیز پر مقدم جانتا ہے۔ اور اُس کی راہ میں مشقت کو برداشت کرتا ہے۔ اور تنگ نہیں ہوتا ہے۔ اور ہمیشہ اُس کے دروازے پر کھڑا ہو کر شکریہ ادا کرتا رہتا ہے۔ اور حق تعالےٰ کے علم میں تھا کہ یہ ضعیف لوگ ہی ہماری نعمت

کی قدر کریں گے۔ اور اُس کے شکر پر قائم رہیں گے۔ لہٰذا یہی لوگ تمہاری نسبت نعمت کے حق دار ہیں۔ لہٰذا تمہارے دنیاوی مرتبے اور دولت مندی کا اور تمہاری حسب و نسب کا کچھ اعتبار نہیں ہے۔ کیونکہ تم دُنیاوی ساماں کو نعمت جانتے ہو۔ اور دین حق اور معرفت الٰہی کو کچھ نہیں جانتے ہو۔ اور تم اپنے مال اور جان کو دنیاوی جاہ و جلال پر قربان کرتے ہو۔ اور یہ ضعیف لوگ اپنے کو مارتے ہیں۔ اور اپنی جانوں کی ہماری راہ میں خرچ کرنے کی کچھ پرواہ نہیں کرتے ہیں۔ تاکہ تم جان لو! کہ یہی لوگ ہماری نعمت کو جانتے ہیں۔ اور اس عظیم نعمت اور بزرگ احسان کے مستحق ہیں۔

اور میں بیان کرتا ہوں۔ کہ تمام لوگوں کا حال۔ جن کو کہ حق تعالےٰ نے اپنی نعمت کے ساتھ خاص کیا ہے۔ نعمت دینی ہو۔ یا علمی۔ یا عملی۔ اسی طرح کا ہے۔ یعنے ہر ایک کو ان میں سے۔ بزرگی نعمت کا عارف۔ اور تعظیم کرنے والا۔ اور اُس کی تحصیل میں غایت درجے کی جدوجہد کرنے والا۔ اور اُس کے شکر پر قائم رہنے والا۔ معلوم کرو گے۔ اور جس شخص کو اس نعمت سے محروم اور نامراد دیکھو گے۔ تو ایسا شخص بزرگی نعمت سے جاہل۔ اور اُس کے شکر سے غافل ہوگا کیونکہ اگر علم اور عبادت کی عظمت۔ بازاری اور عام لوگوں کے دلوں میں۔ اُسی قدر ہوتی۔ جس قدر کہ اہل علم اور عابدوں کے دلوں میں ہے۔ تو بازاری کاروبار کو علم اور عبادت پر اختیار نہ کرتے۔ کیا تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ اگر کسی فقیہ کا کوئی مشکل مسئلہ حل ہو جائے۔ تو وہ کس قدر خوش ہوتا ہے۔ اور ایسا معلوم کرتا ہے کہ اُس کو کتنے ہزار اشرفی مل گئی ہے۔ اور بسا اوقات کسی دینی مسئلہ کی فکر میں ایک سال گذارتا ہے۔ اور بسا اوقات دس اور بیس سال سے بھی زیادہ فکر اور غور کرتا رہتا ہے۔ اور اس عرصے کو زیادہ نہیں جانتا ہے۔ اور رنجیدہ خاطر نہیں ہوتا ہے۔ اور جب معلوم کر لیتا ہے تو احسان عظیم اور نعمت بزرگ جانتا ہے۔ اور اپنے آپ کو امیر الامرا تصور کرتا ہے۔ اور ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ بازاری یا سست طالب علم کو۔ کہ جس کو رغبت اور محبت علم میں۔ اپنے جیسا معلوم کرتا ہے۔ تو اُس پر مشکل مسئلہ کہ جو حل نہیں ہوتا ہے۔ اور جس کا حق معلوم نہیں ہے

Marfat.com

پیش کرتا ہے۔ اگر ایسے شخص سے زیادہ کلام کرے۔ تو وہ رنجیدہ خاطر ہو جاتا ہے اور اگر مسئلہ حل ہو جائے تو ایسا آدمی اُس کو بڑا کام نہیں سمجھتا ہے ؛

اور یہی حالت اُس شخص کی ہے۔ کہ جو حق تعالےٰ کی طرف رجوع کرنے والا ہے۔ وہ کامل کوشش کرتا ہے۔ اور بہت سی ریاضت کرتا ہے۔ اور اپنے نفس کو خواہشوں اور لذات سے روکتا ہے۔ تاکہ دو رکعت نماز۔ جیساکہ چاہیئے حاصل ہو۔ یا ایک گھڑی مناجات الٰہی کے واسطے خلوص اور حلاوت سے میسر آئے اور جب اس پر ایک ماہ میں ایک بار یا ایک سال میں ایک بار۔ بلکہ تمام عمر میں ایک بار کامیاب ہو جاتا ہے۔ تو اس کو بڑا احسان اور بڑی نعمت سمجھتا ہے۔ اور بہت خوش ہوتا ہے۔ اور حق تعالےٰ کے شکریئے ادا کرتا ہے۔ اور اُن زحمتوں اور شب بیداریوں کو خیال میں نہیں لاتا ہے ؛

اور دوسرے آدمی کو دیکھتے ہو! کہ وہ بھی گمان کرتا ہے۔ کہ میں عبادت میں رغبت رکھتا ہوں۔ اگر حاصل کرنے کی ضرورت ہو۔ مثلاً اس صاف عبادت کے لئے۔ افطار کے نوالے کو ترک کروں گا۔ یا بیہودہ بات کو چھوڑوں گا۔ یا ایک گھڑی کے لئے خواب کو ترک کروں گا۔ مگر اُس کا نفس اِن باتوں میں مدد نہیں کرتا ہے۔ اور اگر اُس کو گاہے صاف عبادت میسر آ بھی جائے۔ تو وہ اُس کو کسی شمار قطار میں نہیں جانتا ہے۔ اور اُس پر شکریہ ادا نہیں کرتا ہے بلکہ اُس کا شکریہ اور خوشی اُس وقت ہوتی ہے۔ کہ جب روپیہ پیسہ حاصل ہو یا کوئی کھانے کی اچھی چیز۔ یا پکی ہوئی روٹی۔ یا دیر تک سوئے رہنا۔ یا جسمانی سلامتی۔ اور مریدوں کو کہتا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ھٰذَا مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ ۃ (اللہ ہی کی تعریف ہے۔ یہ اللہ کا فضل ہے) پھر ایسے غافل اور عاجز لوگ نیک بختوں اور اجتہاد کرنے والوں کے برابر کس طرح ہو سکتے ہیں؟ اسی واسطے یہ مسکین لوگ اِن چیزوں سے محروم ہیں۔ اور طالب لوگ اِن باتوں پر کامیاب ہوتے ہیں۔ یہ حق تعالےٰ احکم الحاکمین کی طرف سے قسمت ہے۔ وَھُوَ اَعْلَمُ بِالْمُھْتَدِیْنَ ۔ (اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے) یہ علم کی تفصیل ہے جو حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰکِرِیْنَ ۃ (کیا اللہ کو

Marfat.com

شکر گذاروں کا علم نہیں ہے) لہذا اس کو خوب سمجھو! اور اس کا حق ادا کرو!

اور اس بات کو جان لو! کہ جس چیز کی تم آرزو کرتے ہو۔ اُس سے ہرگز محروم نہ رہو گے۔ مگر تمہارا نفس رکاوٹ کرے گا۔ لہذا کامل کوشش کرو۔ تاکہ خدا تعالےٰ کی نعمت کی قدر کرو! اور اُس کے حق مطابق تعظیم کرو۔ تاکہ دوسری نعمت دئے جانے کے مستحق ہو جاؤ۔

فصل

اس بات کو جان لو! کہ جو شخص خدا تعالےٰ کی نعمت کی قدر نہیں جانتا ہے۔ اس سے نعمت چھن جاتی ہے اور اس کی دلیل حق تعالےٰ کا فرمان ہے۔ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ۔ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ۔ ان آیات کا ترجمہ بمعہ حاصل معنی یہ ہے۔ کہ ہم نے اس بندے کو دین کے بارے میں بڑی نعمت عظیم عنایت فرمائی ہے۔ اور عظیم الشان مرتبہ مرحمت کیا ہے تاکہ ہمارے نزدیک اُس کا مرتبہ اور عظمت زیادہ ہو۔ ولیکن اس نے ہماری نعمت کی قدر نہ جانی۔ اور دُنیا حقیر اور خسیس کی طرف مائل ہوا۔ اور کمینے نفس کی خواہش کو پسند کیا۔ اور یہ نہ جانا کہ خدا تعالےٰ کے نزدیک۔ دین کی نعمت کے مقابلے میں۔ تمام دُنیا مچھر کے پر سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ ایسا شخص کتے کے مشابہ ہے۔ کہ عزت اور ذلت میں فرق نہیں جانتا ہے۔ اور سب طرح کی کرامات روٹی کے ٹکڑے اور ہڈی ہیں۔ کہ جو اُس کی طرف پھینکو جانتا ہے۔ اور اُس کو تخت پر بٹھائیں۔ یا مٹی دھول پر کھڑا کریں۔ اس کے نزدیک برابر ہے۔ لہذا اس خراب حال بندے نے جب ہماری نعمت کی قدر نہ جانی۔ اور کرامت کا حق نہ پہچانا۔ اور حقیر دُنیا اور اُس کی ذلیل لذت میں مشغول ہوا۔ پھر ہم نے اُس پر سیاست کی نظر ڈالی۔ اور ہم نے اُس میدانِ عدل میں حاضر کیا۔ اور اُس کو جبروتی حکم کے شکنجے میں کسا۔ اور اُس سے

Marfat.com

کرامت کے خلعت چھین لئے۔ اور اپنی معرفت اُس کے دل سے نکال لی۔ اور اپنے فضائل اور کرامات سے اُس کو برہنہ کر دیا۔ اور اُس کو دھتکارے کتے کی طرح۔ اور رحمت سے راندے ہوئے شیطان کی طرح کر دیا۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ سَخَطِہٖ (خدا کے غضب سے خدا کی پناہ!)

اب اس جگہ ایک بادشاہ کی مثال سنو! کہ جس نے اپنے نوکروں میں سے ایک نوکر کو خاص عزت عنایت کی۔ اور اپنا لباس اس کو پہنایا۔ اور اپنے نزدیک اس کو کیا۔ اور تمام خادموں اور دارو غوں شاہی سے اُس کا مرتبہ بلند کیا۔ اور اپنے دروازے پر اس کو ملازم رہنے کا حکم فرمایا۔ اور دوسری جگہ پر اس کے واسطے ایک عالی شان محل بنوایا۔ کہ اُس میں سب طرح کے خوانچے اور غلام اور باندیاں موجود ہیں۔ جب یہ شخص شاہی خدمت سے واپس ہو تو اُس جگہ بادشاہ اور مخدوم بن کر بیٹھے۔ اگر یہ شخص شاہی دربان یا داروغے کی طرف دیکھے کہ روٹی کھاتا ہے۔ یا شاہی کتے کو ہڈی چٹا ہوا دیکھے۔ اور شاہی خدمت کو ترک کر کے۔ روٹی کے ٹکڑے یا ہڈی کے واسطے ہاتھ پھیلائے۔ تو بادشاہ اس حالت میں کیا کہے گا؟ کہ یہ کمینہ ہے! اس نے ہماری کرامت کا حق نہ جانا۔ اور ہمارے اعزاز کی قدر کو نہ پہچانا۔ یہ گرا ہوا سفلہ آدمی نادان اور بے تمیز ہے۔ اس پر سے تمام خلعتیں اُتار لو۔ اور میرے دروازے سے دھتکار دو۔

یہ عالم کی حالت ہے کہ جب دُنیا کی طرف رغبت کرتا ہے۔ اور یہ عابد کا حال ہے۔ جب خواہش نفس کی تابعداری کرتا ہے۔ حالانکہ اس سے پہلے حق تعالےٰ نے اُس کو علم اور عبادت کے ساتھ مشرف فرمایا تھا۔

لہٰذا مردِ خدا! تم پر لازم ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کی نعمت کی قدر خوب کوشش کے ساتھ پہچانو! اور جب دینی نعمت عنایت فرمائے تو دُنیا کی طرف توجہ مت کرو۔ تم نے سُنا نہیں ہے؟ کہ حق تعالےٰ حضرت سید المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو کیا ارشاد فرمایا ہے۔ وَلَقَدْ اٰتَیْنٰکَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ ۝ لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْکَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِہٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْھُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ۔ اس کلام کا اندازِ بیان اس طرح ہے۔ کہ

جو شخص قرآن جانتا ہے۔ اُس پر واجب ہے کہ ذلیل دُنیا کی طرف نظر نہ کرے اور رغبت نہ کرے۔ کیونکہ حق تعالٰے سامان دُنیاوی کو۔ کافروں اور فرعونوں اور ملحدوں اور بیدینوں اور جاہلوں اور بدکاروں پر کہ جو ذلیل ترین مخلوق کے ہیں گراتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اُسی میں ڈوب جاتے ہیں۔ اور پیغمبروں اور صدیقوں اور عالموں اور عابدوں سے کہ جو عزیز ترین مخلوق کے ہیں۔ وہ دُور رکھتا ہے۔ یہانتک کہ بسا اوقات روٹی کا ٹکڑا اور کپڑے کا چیتھڑا بھی نہیں پاتے ہیں۔ اور اس تنگی کے باعث حق تعالٰے ان پر احسان رکھتا ہے۔ جیسا کہ حضرت موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو ارشاد فرمایا۔ اگر میں چاہتا تو تم کو دُنیا کی زینت اس قدر دیتا۔ کہ فرعون دیکھ کر جان لیتا۔ کہ وہ اس کی نظیر سے عاجز ہے۔ مگر میں دُنیا کو تم سے دُور رکھونگا۔ جیسا کہ مہربان شتربان اپنے اونٹ کو گم ہونے سے بچاتا ہے۔ اور یہ بات نہیں ہے۔ کہ میں دُنیا اُن کو اس واسطے نہیں دیتا ہوں کہ وہ ذلیل ہیں۔ بلکہ اس واسطے کہ میں اُن کو قیامت کے روز پورا کامل حصہ عنایت فرماؤنگا۔ لہٰذا اگر تم کو بصارت ہے۔ تو اس کام میں باریک نظر کرو۔ اور حق تعالٰے کی نعمتوں کا حمد اور شکر کرو۔ خاص کر نعمت اسلام پر۔ کیونکہ یہ بہت بڑی بھاری نعمت ہے۔ اور حقیقی طور پر جان لو! کہ اگر تم ابتدائے آفرینش میں پیدا ہوتے۔ اور اُس وقت سے لیکر اَبَدْ تک نعمتِ اسلام کا شکریہ ادا کرتے تو اُس کا حق ہرگز پورا نہ کرسکتے ✤

روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت بشیر یعقوب علیہ السّلام کے پاس آئے اور اُن کو یوسف علیہ السّلام کی بابت بشارت دی۔ تو یعقوب علیہ السّلام نے فوراً دریافت کیا۔ کہ اُن کو کس دین پر چھوڑ کر آئے ہو۔ اُنہوں نے عرض کیا۔ کہ دین اسلام پر یعقوب علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ اب نعمت تمام ہوئی ✤

لہٰذا نعمتِ اسلام پر شکریہ ادا کرنے سے کبھی غافل نہ ہونا اور موجودہ اسلام پر بے خوف نہ رہنا۔ کیونکہ خاتمہ پر اعتبار ہے ✤

روایت کرتے ہیں کہ حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ جو شخص کہ زوالِ ایمان سے نڈر ہو جائیگا۔ تو یقیناً اُس سے اسلام سلب

ہو جائے گا ۔

اور میرے پیر و مرشد حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ جب تم نے کفار کی حالت اور اُن کا دوزخ میں ہمیشہ کے لئے رہنا سُن لیا ہے ۔ تو اپنے نفس پر نڈر نہ ہونا ۔ کیونکہ تم کو معلوم نہیں ہے ۔ کہ تمہارے کام کی عاقبت کیا ہے ۔

اور حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ ارشاد فرمایا کرتے تھے ۔ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ (اے خدا ! سلامتی میں رکھ ! جیسے کوئی شخص ڈوبتے وقت کہتا ہے ۔

اور میں نے ایک عارف سے سُنا ہے ۔ اُس نے بیان کیا کہ ایک پیغمبر نے حق تعالےٰ سے سوال کیا ۔ کہ بلعم باعور باوجود اس قدر کرامات اور نشانات کے تیری درگاہ سے کیوں دھتکارا گیا ؟ جواب ملا کہ جس قدر میں نے اُس کو نعمتیں عنایت کیں ۔ اُس نے ایک دن بھی شکریہ ادا نہ کیا ۔ اگر تمام عمر میں ایک بار بھی شکریہ ادا کرتا تو میں اپنی نعمتیں ہرگز ہرگز اُس سے سلب نہ کرتا ۔

لہٰذا مردِ خدا ! شکر سے غافل نہ ہو ۔ اور ہر وقت بیدار رہو ۔ اور حق المقدور نعمتوں پر شکر گذار ہو ۔ تاکہ زوالِ نعمت کی بلا میں گرفتار نہ ہو جاؤ ۔ کیونکہ قبول کے بعد رَدّ ۔ اور وصال کے بعد فراق ۔ نہایت مشکل امر ہے ۔ اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے ۔

فصل

حاصلِ کلام یہ ہے ۔ کہ جب حق تعالےٰ کی نعمتوں پر نظر کر چکو ! اور ان مشکل گھاٹیوں کو طے کر لیا ۔ اور نیک اعمال کئے ۔ اور گناہوں سے پاک ہو گئے ۔ اور رکاوٹوں سے نکل آئے اور عوارضات کو دُور کر دیا ۔ اور باعثات پر کامیاب ہوئے اور مانعات سے سلامت رہے ۔ تو تم کو بہت سی خلعتیں شریف اور مراتب بلند حاصل ہو گئے ۔ پھر اُن میں اپنی عقل کے ساتھ غور کرو ۔ اور اپنے حسب طاقت شکر کرو ۔ اور اپنی زبان کو حمد اور ثنا میں مشغول کرو ۔ اور اُس کی نعمت کے ساتھ اپنے دل کو پُر رکھو ۔ اور بقدر امکان نافرمانی سے بچو ۔ جب شکر سے غافل ہو جاؤ تو فوراً شکر کی طرف رجوع کرو اور اس طرح عرض کرو ! اے خداوند کریم ! جیسے تو نے میرے بغیر استحقاق کے پہلے

Marfat.com

فضل کیا! اسی طرح اپنے فضل کے آخر تمام کر۔ اور تضرع اور زاری کے ساتھ ہاتھ اُٹھاؤ۔ اور اِس طرح عرض کرو۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ہ (ہمارے خدا! ہمارے دلوں کو کج نہ کر! جبکہ تو ہدایت دے چکا ہے۔ اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت بخش! یقیناً تو ہی بخشش کرنے والا ہے) اور ہمیشہ زوالِ نعمت کے خوف سے بچو! کیونکہ خطرناک کام ہے ٭

ایک حکیم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جہان میں پانچ مصیبتیں زبردست ہیں۔ ایک سفر میں بیماری۔ دوسرے بڑھاپے میں تنگی۔ تیسرے جوانانِ مرگ۔ چوتھے۔ بینائی کے بعد اندھے ہونا۔ پانچویں وصال کے بعد فراق ٭

اسی طرح جو نعمت بھی تم کو حق تعالےٰ نے عنایت کی ہے۔ اُس کا شکر ادا کرو جب تم نے یہ سب کچھ کر لیا۔ تو تم۔ عارفوں اور عالموں۔ اور توبہ کرنے والوں اور پاک زاہدوں۔ اور گوشہ نشینوں۔ اور نفس اور شیطان پر قہر کرنے والوں۔ اور پرہیزگاروں اور ناصحوں۔ اور صابروں۔ اور خوفِ خدا کرنے والوں۔ اور عاجزوں اور متواضعوں اور راضی ہونے والوں۔ اور امید واروں۔ اور نجات پانے والوں میں سے ہو گئے۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ (نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت نیکی کی۔ مگر ساتھ توفیق اللہ بزرگ اور بلند کے) ٭

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ جب عبادت کا کام اس قدر سخت اور دشوار ہے تو کم لوگ ہیں کہ جو عبادت کریں۔ اور مقصود کو پہنچیں۔ اور کس میں طاقت ہے۔ کہ ان بیان کردہ شرائط کو بجا لائے ؟

جواب اِس بات کو جان لو! کہ حق تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ہ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ہ لَا يَشْكُرُوْنَ ہ لَا يَعْقِلُوْنَ ہ (میرے بندوں میں سے شکر گذار تھوڑے ہیں۔ اور اکثر لوگ نہیں جانتے ہیں۔ نہیں شکر کرتے ہیں۔ نہیں عقل رکھتے ہیں) باوجود اس کے یہ بات آسان ہے۔ جس پر کہ حق تعالےٰ آسان کرے۔ بندے کا فرض کوشش کرنا فرض ہے۔ اور حق تعالےٰ پر راہ راست دکھانا ہے۔ جیسا کہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ (جو لوگ ہم میں جہاد کرتے ہیں۔ ہم اُن کو بہت سے راستے

بتاتے ہیں۔ اور یقیناً اللہ نیکو کاروں کے ساتھ ہے) اور جب بندہ ضعیف اپنے فرائض پر قائم ہوگا۔ تو یہ کیسے گمان کرے گا۔ کہ حق تعالےٰ پروردگار قدیر غنی۔ اور رحیم اس کے عمل کو ضائع کر دے گا؟ ایسا ہرگز نہ ہوگا! اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ (یقیناً اللہ نیکو کاروں کے اجر کو ضائع کرتا ہے)۔

سوال - اگر یہ دریافت کرو! کہ عمر تھوڑی ہے۔ اور یہ گھاٹیاں سخت اور دراز ہیں۔ لہذا عمر کیسے وفا کرے گی؟ کہ انسان تمام شرائط کو بجا لائے۔ اور گھاٹیوں کو طے کرے۔

جواب میری جان! اس بات کو جان لو! اگرچہ گھاٹیاں دراز ہیں۔ اور اُن کی شرائط سخت مشکل ہیں۔ مگر جب خدا تعالےٰ چاہتا ہے۔ کہ کسی بندے کو برگزیدہ کرے۔ اُس کے دراز رستے کو کوتاہ کر دیتا ہے۔ اور اُس کی دشواری کو آسانی سے بدل دیتا ہے۔ یہاں تک کہ گھاٹیوں کو طے کرنے کے بعد کہتا ہے۔ کہ یہ راہ کس قدر نزدیک اور تھوڑا ہے؟ اور یہ کام کس قدر آسان ہے؟ اور میں اس کے خاتمہ پر پہنچکر یہ بھی بیان کر چکا ہوں۔ کہ کوئی آدمی اِن گھاٹیوں کو ستر سال میں طے کرتا ہے۔ اور کوئی بیس سال میں۔ اور کوئی دس سال میں۔ اور کوئی ایک سال میں۔ اور کوئی ایک ماہ میں طے کر لیتا ہے۔ بلکہ ایک ہفتے میں۔ بلکہ ایک دن میں۔ بلکہ ایک گھڑی میں طے کر لیتا ہے۔ یہاں تک کہ کئی لوگ توفیق الٰہی کے ساتھ ایک پل میں طے کر لیتے ہیں۔

تمہیں معلوم نہیں ہے؟ کہ اصحاب کہف کے واسطے ایک پل سے زیادہ وقت نہ لگا۔ کہ جب اُنہوں نے اپنے بادشاہ دقیانوس کی حالت اس تغیر دیکھا۔ تو اُنہوں نے کہا۔ رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (ہمارا رب! آسمانوں اور زمین کا پروردگار ہے) تو اُن کو معرفت حاصل ہوئی۔ اور اس راہ کے دقائق اور حقائق معلوم ہو گئے۔ اور اس راہ کو طے کر لیا۔ اور کاموں کو سپردِ خدا کرنے والوں اور توکل اور استقامت کرنے والوں میں سے ہوئے۔ اور یہ تمام راہ اُن کو ایک گھڑی بلکہ ایک پل میں طے ہو گئی۔

اور کیا تم نے فرعون کے جادو گروں کی طرف نگاہ نہیں کی؟ کہ ان کو بھی صرف ایک ہی لحظہ لگا۔ حضرت موسیٰ علےٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کا معجزہ دیکھ کر

فوراً بول اُٹھے۔ اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ہ (ہم پروردگار عالمین موسیٰؑ اور ہارونؑ کے رب پر ایمان لائے) اور راہ حقانی کو معلوم کر کے ایک ہی ساعت میں طے کر لیا۔ اور عارفوں میں سے ہو گئے۔ اور قضائے آلٰہی پر راضی ہوئے اور بلا پر صابر ہوئے۔ اور نعمتوں پر شکر گذار ہوئے۔ اور حق تعالےٰ کی ملاقات کے مشتاق ہوئے۔ یہاں تک کہ فوراً پکار اُٹھے۔ لَا ضَیْرَ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ (کوئی نقصان کی بات نہیں ہے۔ ہم تو اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں)۔

حکایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ جیسے کہ تھے۔ آپ نے دُنیا کے کام سے مُنہ موڑا۔ اور اِس صدق کے رستے پر چلے۔ آپ پر زیادہ وقت نہ گذرا کہ آپ بلخ سے روم کو جا رہے تھے۔ ایسا ہوا کہ ایک شخص پُل پر سے پانی میں گر گیا۔ اور آپ نے ارشاد فرمایا کہ ٹھیرو۔ وہ شخص ہوا میں ملحق کھڑا ہو گیا۔ اور اُس نے نجات پائی۔

اور حضرت رابعہ بصریہ بڑی عمر کی باندی تھی۔ بازار بصرہ میں فروخت کرنے لگے۔ کوئی گاہک کھڑا نہ ہوا۔ کیونکہ اپنی عمر کو پورا کر چکی تھیں۔ ایک سوداگر نے اُن پر رحم کیا۔ اور پچیس روپیہ کو خرید کر آزاد کر دی۔ پھر حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ علیہا نے یہ راہ اختیار کیا۔ اور عبادت آلٰہی کرنے لگی۔ ایک سال بھی نہ گذرا تھا۔ کہ شہر بصرہ کے عالم اور عابد اُن کی زیارت کو۔ اُن کی بزرگی اور مرتبے کے باعث آنے لگے۔

لیکن جس پر کہ حق تعالےٰ عنایت نہ کرے۔ اور اُس کو اس کے نفس پر چھوڑ دے تو بسا اوقات ایک ہی گھاٹی کی ایک ثلث میں ستر سال تک پڑا رہتا ہے۔ طے نہیں کر سکتا اور رو کر فریاد کرتا ہے۔ کہ یہ راہ کتنا باریک اور مشکل ہے؟ پھر اِس بات کو جان لو! کہ تمام کام ایک ہی اصل پر رجوع کرتا ہے۔ وَذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ الْعَدْلِ الْحَکِیْمِ (اور یہ اندازہ عزت والے علم والے عادل حکیم کا ہے)۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ کیوں یہی ایک شخص توفیق خاص کے ساتھ مخصوص ہوا؟ اور دوسرا شخص کیوں محروم ہوا؟ حالانکہ عبادت میں دونوں شخص برابر ہیں!

جواب۔ اِس بات کو جان لو! کہ جب یہ سوال کرو تو حق تعالےٰ کے عظمت اور جلال کے خیموں سے آواز سنو گے! کہ ادب کو نگاہ میں رکھو! اور اسرارِ ربوبیت اور بندگی

کی حقیقت کو پہچانو! کیونکہ فعل حق کی بنا حکمت پر ہے۔ اُس پر اعتراض ناممکن ہے۔ چنانچہ حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُونَ (فعل حق پر اعتراض نہیں ہے۔ اور لوگوں کے فعلوں کی بابت سوال کیا جائے گا)۔

مَیں کہتا ہوں کہ یہ حالت پُل صراط کے مشابہ ہے۔ کوئی اُس پر سے بجلی کی طرح گذرے گا۔ اور کوئی پرندے کی طرح گذرے گا۔ اور کوئی تیز رَو گھوڑے کی طرح گذرے گا۔ اور کوئی پیدل شخص کی رفتار سے گذرے گا۔ اور کوئی دوزخ کی آواز سُنتے ہی اُس میں گر پڑے گا۔ اور کسی کو دوزخ کے کتے پکڑ کر گرا لیں گے۔ یہی حالت دُنیاوی راستے کی ہے۔ ایک دُنیا کا پل ہے۔ اور دوسرا آخرت کا پل ہے۔ دُنیا کا پل دل ہیں اور اُن کے خطرات کو اہل بصیرت جانتے ہیں۔ اور آخرت کا پل نفس ہیں۔ اور اُن کے خطرات کو اہل بصر دیکھتے ہیں۔ اور آخرت میں سالکوں کی حالت کا اختلاف۔ اُن کی دُنیاوی حالت کے باعث ہے۔ اس بات میں غور کرو! اور اس کو خوب سمجھو! اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے۔

فصل

پھر اس بات کو جان لو! کہ حقیقت اس کام کی یہ ہے۔ کہ اس راہ کی درازی اور کوتاہی۔ اُس راہ جیسی نہیں ہے۔ کہ جس کو پاؤں کے ساتھ طے کرتے ہیں۔ بلکہ یہ روحانی راستہ ہے۔ جس کو دل کے ساتھ عقائد اور بصیرت سے طے کرتے ہیں۔ اور اس اصل آسمانی نور اور الٰہی نظر ہے۔ جو بندے کے دل پر پڑتی ہے۔ کہ اُس کے ذریعے دونوں جہان کا کام یقین کے ساتھ دیکھتا ہے۔ اور اس نور کو بندہ بسا اوقات ایک سَو سال تک طلب کرتا ہے۔ اور نہیں پاتا ہے۔ اور نہ اُس کا کچھ نشان دیکھتا ہے۔ اور اس کا باعث اُس کی طلب میں خطا ہے۔ اور کوشش میں کمی ہے۔ اور کام کی راہ میں اُس کی نادانی ہے۔ اور کوئی آدمی پچاس سال میں پا لیتا ہے۔ اور کوئی بیس سال میں۔ اور کوئی دس سال میں۔ اور کوئی ایک دن میں۔ اور کوئی ایک ساعت میں۔ اور ایک پل میں حق تعالےٰ کی عنایت کے ساتھ پا لیتا ہے۔ بہر حال بندے کو کوشش کرنے کا امر ہے لہٰذا اُس پر واجب ہے۔ کہ جو کچھ فرمان ہے۔ وہی کرے۔ تاکہ موعود چیز کو حاصل کرے۔

Marfat.com

اور کلام کا دار مدار مقسوم اور مقدر پر ہے۔ اور پروردگار حاکم اور عادل ہے یَفْعَلُ اللّٰهُ مَا یَشَاءُ وَیَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ (اللہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے۔ اور اپنے ارادے کے موافق حکم کرتا ہے)۔

سوال اگر یہ دریافت کرو! کہ یہ خطر کس قدر بڑا ہے۔ اور یہ کام کس قدر دشوار ہے؟ اور بندے کو اس راہ میں کس قدر چیزوں کی ضرورت ہے؟ لہذا اتنی شرائط کی تحصیل اور اس قدر عمل کس چیز کے واسطے ہے؟

جواب اس بات کو جان لو! کہ تمہاری تقدیر کے مطابق۔ کام دشوار اور بڑا خطرناک ہے۔ اور تم نے سچ بیان کیا ہے۔ اور یہی حق تعالےٰ کا ارشاد بھی ہے لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ کَبَدٍ (ہم نے انسان کو مصیبت میں پیدا کیا ہے) اسی واسطے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِکْتُمْ قَلِیْلاً وَّ لَبَکَیْتُمْ کَثِیْراً (اگر جانو تم جو کچھ کہ میں جانتا ہوں! تو ہنسو تھوڑا۔ اور روؤ بہت)۔

اسی واسطے حضرت امیر المؤمنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کاش! کہ میں سبزہ ہوتا اور مجھ کو چوپائے کھاتے؟ اور اسی باعث حضرت فضیل رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میری یہ آرزو نہیں کہ فرشتہ مقرب ہو جاؤں یا نبی مرسل بن جاؤں۔ یا مرد صالح ہو جاؤں۔ بلکہ میری آرزو یہ ہے کہ میں ایسا شخص ہو جاؤں کہ جو پیدا ہی نہیں کیا گیا ہے۔

اور اسی باعث سے حضرت عطائے سلمی ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ اگر آگ جلائیں اور کہیں کہ جو شخص اپنے آپ کو اس آگ میں جلائے گا۔ وہ ناچیز اور معدوم محض ہو جائے گا۔ مجھے خوف ہے کہ میں آگ میں گرنے سے پہلے ہی خوشی میں مرجاؤں گا۔

لہذا میرے بھائی! یہ کام میرے بیان کئے سے بھی زیادہ سخت اور مشکل ہے۔ تم کس وہم اور گمان میں پڑے ہو؟ ولیکن یہ کام خدا تعالےٰ کی تقدیر پر ہے۔ اور اس پر قلم چل چکی ہے۔ لہذا بندے کے واسطے اس کے بغیر چارہ نہیں ہے۔ کہ بقدر امکان عبادت میں کوشش کرے۔ اور خدا تعالےٰ کے کرم اور فضل کے ساتھ پنجہ مارے اور گریہ وزاری کرے۔ تاکہ اس کے فضل اور کرم کے ساتھ سلامتی میں رہے۔

اور تمہارے سوال کا یہ حصہ کہ سب کچھ عمل اور کوشش کس چیز کے واسطے

Marfat.com

ہے؟ یہ بات عجیب ہے اور تمہاری بڑی بھاری غفلت پر دلالت کرتی ہے۔ بلکہ بہتر ہے۔ کہ اس طرح دریافت کرو! کہ بندہ ضعیف جو کچھ عمل اور کوشش کرتا ہے۔ اُس ثواب اور اجر کے مقابلے میں کیا چیز ہے؟ تمہیں معلوم ہے کہ بندہ کیا چیز طلب کرتا ہے؟ پہلے یہ ہے ۔ کہ انسان دو چیزیں طلب کرتا ہے۔ ایک دونوں جہان میں سلامتی اور دوسرے دونوں جہان کا ملک ۔:

بہر حال سلامتی دُنیا میں اس قدر آفات ہیں۔ کہ مقرب فرشتے بھی اُس میں امن کے ساتھ نہ رہ سکے۔ چنانچہ تم نے ہاروت اور ماروت دو فرشتوں کی حکایت سُنی ہوگی! یہاں تک کہ بعض لوگ روایت کرتے ہیں۔ کہ جب بندے کی روح کو آسمان پر لے جاتے ہیں۔ تو تعجب کے ساتھ آسمان کے فرشتے کہتے ہیں۔ کہ اس نے کس طرح نجات پائی؟ ایسے مکان سے کہ جس میں ہمارے بہترین ہم جنس برباد اور تباہ ہو چکے ہیں!۔:

اب سلامتی آخرت کا حال سُنو! کہ اُس کی آفات اور دہشتیں اس حد تک ہیں کہ انبیاء اور رسول علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی نفسی نفسی پکاریں گے۔ اور عرض کریں گے کہ خداوند! ہم تجھ سے سوائے اپنی سلامتی کے اور کچھ نہیں مانگتے ہیں۔ یہاں تک کہ روایت کرتے ہیں۔ کہ اگر کسی مردِ خدا کا عمل ستر پیغمبران علیہم السلام کے برابر ہوگا۔ تو اُس کو بھی خیال ہوگا۔ کہ وہ نجات حاصل نہ کر سکے گا۔ لہٰذا جو شخص دُنیا سے دین اسلام کو سلامتی کے ساتھ لے جائے۔ اور روزِ قیامت کی دہشتوں سے بچکر بہشت میں چلا جائے کیا یہ کام تھوڑا ہے؟ پھر بزرگی دنیا اور اس کے ملک کی بابت یہ حالت ہے۔ کہ ملک نفاذ اور امر اور تصرف اور مشیت کا نام ہے۔ یہ بات بھی دُنیا میں اولیاء اللہ ہی کو حاصل ہے۔ کہ راضی بقضائے الٰہی ہیں۔ اور تمام خشکی اور تری اُن کے واسطے ایک قدم ہے پتھر اور اینٹ اُن کے واسطے سونا اور چاندی ہے۔ انسان اور جن۔ چوپائے اور پرندے اُن کے تابع فرمان ہیں۔ جو کچھ چاہتے ہیں۔ وہی کچھ ہوتا ہے کیونکہ وہ صرف خدا تعالےٰ ہی کا چاہا ہوا چاہتے ہیں۔ کسی سے ڈرتے نہیں ہیں اور نہ کسی کی خدمت کرتے ہیں۔ اور سب اُن کے خدمت گذار ہیں۔ اور دُنیاوی بادشاہوں کو اس مرتبہ کا ۱/۱۰۰ بھی نصیب نہیں ہے ۔:

اور ملک آخرت کی بابت حق تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔ "اِذَا رَأَیْتَ ثَمَّ رَأَیْتَ نَعِیْمًا وَّمُلْکًا کَبِیْرًا" (جب اس جگہ تم دیکھو! تو نعمتیں اور بہت بڑا ملک دیکھو گے)۔

لہٰذا ایسے ملک کو بہت بڑا سمجھو! جس کو حق تعالےٰ بہت بڑا ارشاد فرماتا ہے تمہیں معلوم ہے کہ ساری دُنیا تھوڑی ہے۔ اور ہر ایک کے نصیب میں اُس تھوڑی میں سے۔ اور بھی تھوڑی ہے باوجود کمی کے اُس کی طلب میں جان اور مال کو خرچ کر دیتے ہو۔ تاکہ اُس پر کامیاب ہو جاؤ۔ اور اکثر ملتی بھی نہیں ہے۔ اگر ملی بھی تو بڑے عذاب اور نہایت تکلیف کے ساتھ۔ اور اُس پر جانی اور مالی مصارف بہت ہیں جو تمہیں معلوم ہیں! بنا بریں ملکِ کبیر اور ہمیشہ کی نعمت کے حصول کے واسطے کیا کیا کچھ کرنا ہوگا؟ اور اتنے بڑے ملک کے حصول کے بالمقابل۔ دو رکعت نماز پڑھنی۔ یا دو درم صدقہ دینے کو بہت شمار کرتے ہو؟ یہ کیا عقل اور کیا جہالت ہے؟ بلکہ انسان کے واسطے اگر ہزار ہزار نفس۔ اور ہزار ہزار روح۔ اور دُنیاوی عمرِ نوح جیسی بلکہ اس سے بھی بڑی ہزار عمر ہو۔ اور اس سب کو اس عزیز مطلب کے واسطے خرچ کرے۔ تو بھی کم ہے۔ اور اگر مطلوب پر کامیاب ہو جائے۔ تو یہ بہت بڑی غنیمت ہے۔ لہٰذا خواب غفلت سے بیدار ہو جاؤ! اور پھر سُنو! کہ جب بندہ حق تعالےٰ کی عبادت کرتا ہے۔ اور اُس کی فرمانبرداری کرتا ہے۔ اور اسی پر سب عمر گذار دے۔ تو خدا تعالےٰ اس کو چالیس کرامت اور خلعت عنایت فرماتا ہے۔ بیس۲۰ دُنیا میں اور بیس۲۰ آخرت میں۔ بہر حال دُنیا کی کرامت اور خلعتیں یہ ہیں:۔

اوّل یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اُس کو یاد کرتا ہے۔ اور اُس کی ثنا بیان کرتا ہے۔ کیا ہی مُبارک بندہ ہے کہ جس کی حق تعالےٰ صفت و ثنا بیان کرتا ہے:۔

دوسرے یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اُس کی تعظیم کرتا ہے۔ اور شکر گذار ہوتا ہے۔ اگر تمہاری جیسی مخلوق ضعیف تمہارا شکریہ ادا کرے۔ اور تعظیم کرے۔ تو اس کے ساتھ تم مشرف ہو جاتے ہو۔ تو ایسے شخص کی شرافت کس قدر ہوگی؟ کہ جس کا شکریہ اور تعظیم رب العالمین کرتا ہے:۔

تیسرے یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اُس کو اپنا دوست بنا لیتا ہے۔ اگر کوئی محلہ کا رئیس یا امیر تم کو دوست بنائے۔ تو اُس پر خوشی اور فخر کرتے ہو۔ اور کئی طرح کے فائدے

Marfat.com

حاصل کرتے ہو۔ لہذا پروردگار احکم الحاکمین کی محبت کے بارے میں تم کیا کہتے ہو؟

چوتھے یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اُس کا کارساز ہوتا ہے۔ اور اُس کے تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔

پانچویں یہ ہے۔ کہ حق تعالےٰ اُس کے رزق کا ذمہ دار ہوجاتا ہے۔ بغیر مشقت اور تکلیف کے عنایت کرتا ہے۔

چھٹے یہ ہے کہ خدا تعالےٰ اُس کا مددگار بنتا ہے۔ اور اُس کے ساتھ بدی کا قصد کرنے والوں دشمنوں کو دور کرتا ہے۔

ساتویں یہ ہے کہ حق تعالےٰ اُس کا غمخوار ہوتا ہے۔ اور اُس شخص کو کسی حالت میں وحشت نہیں ہوتی ہے۔

آٹھویں یہ ہے کہ اُس کو عزت حاصل ہوتی ہے۔ دُنیا اور دُنیاداروں کی خدمت میں ذلت نہیں اُٹھاتا ہے۔ بادشاہ غصہ نہیں کرتا ہے اور تمام دُنیاوی بادشاہ اور جابر لوگ اُس کی خدمت کرتے ہیں۔

نویں یہ ہے کہ اُس کی ہمت بلند ہوتی ہے۔ دُنیا اور دُنیاداروں کی نجاست میں ٹھیرتا نہیں ہے۔ اُن سے نفرت کرتا ہے۔ اور بلند رہتا ہے۔

دسویں یہ ہے کہ اُس کا دل غنی ہوجاتا ہے۔ لہذا دنیا میں امیر الامرا ہوتا ہے۔ ہمیشہ خوش رہتا ہے۔ اور کسی کی بات سے غمگین نہیں ہوتا ہے۔

گیارھویں یہ ہے کہ اُس کا دل نورانی ہوجاتا ہے۔ جس کے ذریعے علوم حقانی اور اسرار اور حکمت پر اطلاع پاتا ہے۔ اور دوسرا آدمی اُس پر سوائے سخت کوشش اور درازی عمر کے مطلع نہیں ہوتا ہے۔

بارھویں یہ ہے کہ اُس کا دل فراخ ہوجاتا ہے کہ دُنیاوی آفات اور مصائب سے تنگ دل نہیں ہوتا ہے۔

تیرھویں یہ ہے کہ اُس میں ہیبت حقانی ظاہر ہوتی ہے۔ کہ نیک اور بد اُس کی عزت کرتے ہیں۔ اور سب شریر اور سرکش لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔

چودھویں دلوں میں محبت کیونکہ خدا تعالےٰ اُس کو سب کے دلوں میں عزیز بنا دیتا ہے۔

Marfat.com

پندرھویں اُس کی کلام اور نفس اور فعل اور جامہ اور مکان میں عام برکت آ جاتی ہے۔ یہاں تک کہ جس جگہ پر وہ چلے۔ اور جس مقام پر بیٹھے۔ اور جس آدمی نے اُس کو دیکھا ہے۔ لوگ اُسکو تبرک سمجھیں *

سولھویں یہ ہے کہ اُس کے واسطے خشکی اور تری مسخر ہو جاتی ہے۔ اگر چاہے پانی کی سطح پر چلے۔ اور اگر چاہے تو روئے زمین کو ایک ہی گھڑی میں طے کر ڈالے *

ستارھویں تسخیر تمام حیوانات درندے اور پرندے اور وحشی وغیرہ اُس کے تابع فرمان ہو جاتے ہیں۔ وحشی جانور اُس کی بات مانتے ہیں۔ اور شیر اُس کے پہرہ دار ہو جاتے ہیں *

اٹھارھویں یہ ہے کہ حق تعالےٰ اُس کو تمام خزائن کی کلید عنایت فرماتا ہے۔ جدھر بھی جاتا ہے۔ خزانہ موجود ہے۔ اگر پاؤں مارتا ہے تو پانی کا چشمہ موجود ہے۔ اور جہاں مقام کرے دستر خوان حاضر ہے *

انیسویں اُس کو خدا تعالےٰ کے نزدیک مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ کہ لوگ اُس کی خدمت کو وسیلہ ٹھیراتے ہیں۔ اور اُس کے مرتبے کے باعث حق تعالےٰ سے برکت اور اپنی مرادیں مانگتے ہیں *

بیسویں اُس کی دعائیں قبول ہوتی ہے۔ جو کچھ حق تعالےٰ سے مانگتا ہے قبول ہوتا ہے۔ اگر کسی کے واسطے شفاعت کرے تو بھی قبول ہوتی ہے۔ اگر خدا تعالےٰ کے آگے قسم کھائے تو سچی ہو جاتی ہے۔ اگر کسی چیز کے زائل کرنے کا اشارہ کرے تو فوراً زائل ہو جاتی ہے۔ اور جس چیز کا دل میں خطرہ کرے۔ فوراً حاضر ہوتی ہے۔ یہ دُنیاوی کرامات ہیں۔ اب آخرت کی کرامات کا حال سُنو! *

(۱) اللہ تعالےٰ اُس شخص پر سکرات موت کو آسان کر دیتا ہے۔ یہ وہ چیز ہے۔ کہ اس سے انبیا علیہم السّلام بھی کانپتے ہیں۔ ایسے شخص کے واسطے موت ایسی ہوتی ہے۔ جیسے مرنے والے کے واسطے آب سرد اور شیریں *

(۲) حق تعالےٰ ایسے شخص کی معرفت اور ایمان سلامت اور ثابت رکھتا

ہے۔ اور کسی طرح کا خوف اور پریشانی اس کے باعث نہیں ہوتی ہے ✣

(۳) ایسے شخص کے پاس حق تعالےٰ اپنے فرشتوں کو قاصد بنا کر بھیجتا ہے۔ جو خوشی اور راحت اور ایمان کی بشارت دیتے ہیں۔ تاکہ آخرت کی پیشی سے نہ ڈرے۔ اور دُنیاوی چیزوں کے ترک کرنے پر غم نہ کرے۔ یَتَوَفّٰھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ طَیِّبِیْنَ (صاف ستھرے فرشتے اُن کو وفات دلاتے ہیں ✣

(۴) حق تعالےٰ پروردگار عالمین کے ہمسایہ میں ہمیشہ کے لئے بہشت میں رہتا ہے ✣

(۵) اُس کی روح کے استقبال کے واسطے آسمانی فرشتے آتے ہیں۔ ظاہر اور باطن میں اس کی روح کا اکرام اور انعام اور الطاف ہوتا ہے۔ اور اس کے جسم کی تعظیم کے واسطے جنازے پر صدیق اور شہید تشریف لاتے ہیں ✣

(۶) سوال کے فتنے سے امن ہوتا ہے۔ اور جواب باصواب کی تلقین کی ضرورت نہیں ہوتی ہے ✣

(۷) قبر روشن اور فراخ ہوتی ہے۔ اُس کی قبر قیامت تک بہشت کے باغوں میں سے ایک باغ بنی رہتی ہے ✣

(۸) اُس کی روح کو سبز پرندوں کے گھونسلوں میں اکرام اور عزت کے ساتھ۔ صالحین برادران کی ہمراہ۔ اُن کی فرحت اور سرور میں۔ جو اُن کو حق تعالےٰ نے عطا کیا ہے رکھتے ہیں ✣

(۹) اُس کا حشر عزت اور کرامت کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس کو خلعت اور تاج اور براق عنایت ہوتا ہے ✣

(۱۰) ایسے شخص کا چہرہ سفید اور نورانی ہوتا ہے ✣

(۱۱) روزِ قیامت کی دہشتوں سے امن میں ہوتا ہے۔ اُس سے دوسرے مردے بھی فائدہ حاصل کرتے ہیں ✣

(۱۲) وائیں ہاتھ میں نامہ اعمال عنایت ہوتا ہے۔ اور گاہے اس کا ذکر بھی نہیں ہوتا ہے ✣

(۱۳) ایسے شخص کا حساب آسان ہوتا ہے۔ اور گاہے نہیں بھی ہوتا ہے ✣

Marfat.com

(۱۴) اُس کا ترازو نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوتا ہے۔ اور گاہے وزن ہی نہیں کیا جاتا ہے۔

(۱۵) حوضِ کوثر کا پانی نوش کرتا ہے۔ اُس کے بعد کبھی پیاس نہیں لگتی ہے۔

(۱۶) پل صراط پر سے گذر کر آتشِ دوزخ سے نجات پاتا ہے۔

(۱۷) قیامت کے روز انبیا اور رسول علیہم السلام کی طرح شفاعت کریگا۔

(۱۸) بہشت میں ملک ابدی حاصل کرے گا۔

(۱۹) خدا تعالےٰ کی رضا میں رہے گا۔

(۲۰) رب العالمین۔ اولین اور آخرین کے معبودِ برحق کا دیدار بغیر کسی کیفیت کے نصیب ہوتا ہے۔

اِس بات کو جان لو! کہ یہ کرامات جو مَیں نے شمار کی ہیں۔ اپنے فہم اور علم قاصر اور ناقص کے اندازے پر بیان کی ہیں۔ باوجود اِس کے تمام اصول کو مختصر اور مجمل ذکر کیا ہے۔ اگر بعض کو ان میں سے مفصل بیان کرتا تو اِس کتاب میں گنجائش نہ رہتی۔ تمہیں معلوم ہے کہ مَیں نے ملکِ ابدی کو ایک ہی کرامت شمار کیا ہے۔ اور اگر اِس کو میں مفصل بیان کروں۔ تو قریب چالیس اصول کے بلکہ اِس سے بھی زائد ہو جاتے ہیں۔ مثلاً حور اور قصور اور لباس وغیرہ کا ذکر۔ اور ہر ایک اِن میں سے بہت سی تفاصیل پر محیط ہے۔ جس کو سوائے خدا تعالےٰ عالم الغیب والشہادت مالک اور خالق کے کوئی نہیں جانتا ہے۔ اور ہمیں اِس کی معرفت کی جرأت کیسے ہو سکتی ہے؟ حالانکہ حق تعالےٰ جل شانہ ارشاد فرماتا ہے لَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِیَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْیُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ (کوئی شخص نہیں جانتا ہے۔ کہ جو کچھ اُس کے واسطے آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے۔ جو اعمال کا بدلہ ہے) ۔

نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے خَلَقَ فِيْهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ (خدا تعالےٰ نے بہشت میں پیدا کیا۔ جو کچھ کہ آنکھ نے نہیں دیکھا۔ اور نہ کانوں نے سُنا۔ اور نہ کبھی کسی انسان کے دل پر خطرہ گذرا) ۔

لہٰذا اے بھائی! اِس مقصودِ عظیم اور مطلوب عزیز کی طلب میں اپنی کامل کوشش صرف کرو۔ اور اِس بات کو جان لو! کہ عابد کو جملہ عبادات میں چار چیز چارہ نہیں ہے۔ اوّل علم۔ دوسرے عمل۔ تیسرے اخلاص۔ چوتھے خوفِ خدا کیونکہ پہلے علم ضروری ہے۔ ورنہ اندھے ہو۔ پھر اُس علم پر عمل کرو! ورنہ حجاب میں رہو گے۔ پھر اُس عمل کو اخلاص کے ساتھ کرو۔ ورنہ شجر بے ثمر ہے۔ جس کا کچھ فائدہ نہیں ہے۔ جلایا جائے گا۔ پھر ہمیشہ خوفِ خدا رکھ۔ اور نڈر نہ ہو۔ تاکہ امن و امان پاؤ۔ ورنہ مغرور ہو کر تمام کوشش کو رلائے گا اور نامقبول کروگے۔ اور یہ مشقتیں اُن نعمتوں کے عوض میں تھوڑی ہیں ؛

حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ نے سچ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ علم والوں کے سوا سب لوگ مردہ ہیں۔ اور سوائے عمل کرنے والوں کے سب علم والے سوئے ہوئے ہیں۔ اور سوائے اخلاص والوں کے سب عمل کرنے والے مغرور ہیں۔ اور مخلص لوگ نہایت خطرناک کام میں لگے ہوئے ہیں ؛

مَیں کہتا ہوں کہ سب سے بڑھ کر چار آدمیوں سے تعجب ہے۔ ایک جاہل شخص کہ جو بغیر علم کے عمل کرتا ہے۔ دوسرا عالم کہ جو علم پر عمل نہیں کرتا ہے۔ تیسرا عالم کہ جو بغیر اخلاص کے عمل کرتا ہے۔ چوتھا۔ مخلص شخص کہ جس کو خوفِ خدا نہیں ہے ؛

اور اِس بات کو جان لو! کہ سب کاموں کو تفصیل حق تعالےٰ نے چار آیات شریف میں ارشاد فرمائی ہے ؛

(۱) اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ (کیا تمہارا گمان ہے۔ کہ ہم نے تم کو بیکار ہی بنایا ہے۔ اور تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے؟)

(۲) وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (نفس کو چاہئے کہ نگاہ کرے۔ کہ اِس نے کل آئندہ کے واسطے کیا چیز تیار کی ہے۔ اور اللہ سے ڈرو! کیونکہ اللہ تمہارے عملوں سے باخبر ہے) ؛

(۳) وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَاِنَّ اللّٰهَ

Marfat.com

مَعَ الْمُحْسِنِیْنَ۔ (جو لوگ ہماری راہ میں کوشش کرتے ہیں۔ ہم اُن کو اپنے کئی رستے بتا دیتے ہیں۔ اور یقیناً اللہ نیکو کاروں کے ساتھ ہے)۔

(۴) وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا یُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ۔ (جو شخص دوڑ دھوپ کرتا ہے۔ وہ اپنے ہی کے لئے کرتا ہے کیونکہ اللہ تو تمام جہانوں سے بے پرواہ ہے)۔

ہم خدا تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں۔ ہر ایک چیز پر کہ جہاں ہمارا قدم پھسلا ہے۔ اور ہر ایک چیز پر کہ جہاں ہمارے قلم سے خطا سرزد ہوئی ہے۔

اور ہم خدا تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں۔ اپنی اُن گفتاروں سے کہ جو ہمارے کرداروں کے مطابق نہیں ہیں۔

اور ہم خدا تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں۔ اُن چیزوں کی بابت کہ جن کا ہم نے دینی علم کی بابت دعویٰ کیا ہے۔ اور اُن میں عملی طور پر ہم سے تقصیر ہوئی ہے۔

اور ہم خدا تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں۔ اُس خطرے سے کہ جو ہم کو۔ اِس کتاب کی تحریر میں یا کسی علمی بات کے افادۃً بیان کرنے میں۔ خودپسندی کی طرف توجہ دلانے والا آیا ہو۔

اور ہم خدا تعالیٰ سے دُعا مانگتے ہیں۔ کہ ہم کو اور تم کو۔ برادرانِ دین کی جماعت! عالم باعمل بنائے! اور ہمارے علم کو ہم پر وبال نہ کرے۔ کیونکہ وہ صاحبِ فضل اور کرم ہے۔ اور نہایت ہی بخشش کنندہ مہربان ہے۔

وَالسَّلَامُ خَیْرُ اخْتِتَامٍ

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اٰمِیْن

Marfat.com

اُردو ترجمہ کتاب خلاصۃ العارفین

یعنی مجموعہ ملفوظات حضرت خواجہ قطب الاقطاب حضرت بہاؤالدین ذکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت بابا فریدالدین گنج شکر و حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت اور حضرت محبوب الٰہی نظام الدین قدس اللہ سرہٗ کی زبان مبارک سے لکھے گئے ہیں خوش خط کاغذ اعلےٰ قسم قیمت چار آنہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۴ر

اُردو ترجمہ کتاب مونس جاں

یہ کتاب حضرت شاہ ابوالمعالی قادری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف میں سے ہے۔ اس میں پانچ مقالے ہیں (۱) میں حقایق (۲) میں احادیث اور کلمات مشائخ (۳) میں محبت (۴) میں مطائبات اور ہزلیات (۵) میں ذکر شعر۔ نہایت ہی دلچسپ کتاب ہے۔ اور رموزات تصوف کو دلکش پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے قیمت چار آنے ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۴ر

اُردو ترجمہ رسالہ نقشبندیہ

اس رسالہ میں نقشبندیہ طریقہ کے ذکر اور لطائف قلبی و مراقبہ وغیرہ کا بیان ہے اور اس کے ساتھ طریق مراقبہ بھی بتایا گیا ہے۔ اور دل کا نقشہ دکھلا کر ہر ایک لطیفہ کا مقام دکھلایا گیا ہے۔ طالب مولےٰ کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قیمت چار آنہ ۔۔ ۔۔ ۴ر

راحت القلوب اُردو

ملفوظات حضرت بابا گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ مرتبہ حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ قیمت ۶ر

اُردو ترجمہ کتاب شمس العارفین

یہ کتاب بھی حضرت سلطان باہُو کی تصنیف سے سات بابوں پر منقسم ہے۔ اور ہر ایک باب میں ایک ایک مضمون پر دلچسپ بحث ہے۔ مسائل تصوف کو نہایت تفصیل سے بیان کیا ہے۔ قابل دید نایاب کتاب ہے قیمت آٹھ آنہ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۸ر

Marfat.com

اُردو ترجمہ کتاب کلید دانش

یہ کتاب تصنیف حضرت سید اشرف علی صاحب بین سے ہے۔ اس میں حضرت نے تصوف کے بعض مسائل سوال وجواب کے پیرایہ میں لکھے ہیں جو دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ تصوف میں لاجواب کتاب ہے قیمت صرف تین آنہ ... ... ۳؍

اُردو ترجمہ کتاب جنات العارفین

تصنیف لطیف شہزادہ محمد داراشکوہ قادری رحمۃ اللہ علیہ۔ اس کتاب میں شہزادہ موصوف نے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے لے کر جتنے بزرگان دین اور اولیائے اللہ گذرے ہیں سب کے ارشادات میں سے ایک ایک بات اقتباس کرکے اس عجیب وغریب طریق سے بیان فرمائی ہے۔ جو دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ نیز یہ بوضاحت معلوم ہوجاتا ہے کہ ان بزرگان بلند پایہ نے توحید کے متعلق کیا کیا ارشادات فرمائے ہیں۔ بس بے نظیر کتاب ہے۔ قیمت صرف پانچ آنہ ... ... ۵؍

اُردو ترجمہ کتاب مجمع الاسرار

جناب پیر بہادر شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے طریقہ قادریہ کے ذکر اذکار اور اوراد کے علاوہ سلسلہ نقشبندیہ وسلسلہ چشتیہ کے ذکر اذکار بھی بہ تفصیل بیان فرمائے ہیں۔ بلکہ بعض عملیات بھی بوضاحت لکھے ہیں۔ اور اس کے ساتھ طریقہ اویسیہ حالات پر نہایت عمدہ بحث فرماکر طالب کی تسلی فرمائی ہے۔ قیمت صرف دس آنہ ... ... ۱۰؍

لکچر امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

یعنی امام غزالی علیہ الرحمۃ کے خیالات وتحقیق مذہب کی دلچسپ تاریخ اور قریباً سنہ ۵۰۰ھ کی تصنیف ہے نہایت خوبی سے اردو زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے اور ساتھ ہی اس کے اصل کتاب چھپی ہے قابل دید ہے۔ قیمت چھ آنہ ... ... ۶؍

Marfat.com

اردو ترجمہ لطائف خمسہ یا مقامات مظہریہ

حضرت غلام علی شاہ صاحب قدس سرہٗ نے مرزا جانجاناں رحمۃ اللہ علیہ کے حالات و مقامات و ملفوظات و مکتوبات کو جمع فرمایا ہے جو اٹھارہ فصلوں پر مشتمل ہے۔ قیمت عہ/۴/

اردو ترجمہ کتاب مونس الارواح

یعنی حالات حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری رحمۃ اللہ علیہ و حالات حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رح و احوال حضرت خواجہ فرید الدین گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ و قاضی حمید الدین ناگوری رحمۃ اللہ علیہ و حالات حضرت خواجہ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ بہ تفصیل درج ہیں۔ ان حالات کو علیا حضرت جہان آرا بیگم بنت شاہجہان نے نہایت خوش اسلوبی سے لکھا ہے قیمت ۴/

اردو ترجمہ کتاب خلاصۃ العارفین

یعنی مجموعہ ملفوظات حضرت خواجہ قطب الاقطاب حضرت بہاؤ الدین ذکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت بابا فرید الدین گنجشکر و حضرت خواجہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت اور حضرت محبوب الٰہی نظام الدین قدس اللہ اسرارہم کی زبان مبارک سے لکھے گئے ہیں قیمت ۴/

دلیل العارفین اردو

ملفوظات حضرت خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ مرتبہ حضرت خواجہ معین اجمیری قیمت ۴/

راحت القلوب

ملفوظات حضرت بابا فرید گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ۔ مرتبہ حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ قیمت ۶/

اردو ترجمہ کتاب جواہر فریدی

اس میں جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مع جملہ اصحاب کبار اور حالات زندگی و کرامات عالیہ مع مفصل شجرہ والا پاک حضرت بابا فرید گنجشکر چشتی رحمۃ اللہ علیہ درج ہے قیمت عہ/۱۲/

اردو ترجمہ کتاب رفیق السالکین

اس کتاب میں حضرت میر کلال رحمۃ اللہ علیہ کے پاک حالات ہیں جو دلکش پیرایہ میں نہایت محنت اور جستجو سے لکھے گئے ہیں۔ کتاب کیا ہے ایک جوہر بے بہا ہے طالبانِ مولا خرید کر فیض باطنی حاصل کریں قیمت صرف ۶/

Marfat.com

نوٹ :- میری طبع شدہ کتاب پر مہر لگانیکی اجازت نہیں ہے - ملک چنن الدین

اُردو ترجمہ کتاب

روضۃ القیومیہ

مصنفہ جناب صاحبزادہ بزرگوار حضرت مولانا خواجہ کمال الدین شیخ محمد احسان معصومی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

یہ کتاب مستطاب حضرات قیوم اربع رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حالات میں ایسی جامع اور مکمل ہے کہ اس کی مثل اور کوئی کتاب نہیں کتاب ہٰذا کے چار حصے ہیں ہر حصہ میں ایک ایک قیوم کے حالات بہ تفصیل ذیل درج ہیں :-

رکنِ اوّل در احوال حضرت خزینۃ الرحمۃ محبوب سبحانی شہباز لامکانی امام ربانی مجدد الف ثانی قیوم اول علیہ الرحمۃ معہ احوال جملہ فرزندان و خلفائے آنجناب بہ تفصیل ہر سال قیومیت و مکاشفات و کرامات و حادثات زمانہ و واقعات سلطنت وغیرہ +

رکنِ دوم در احوال حضرت عروۃ الوثقےٰ معصوم ربانی قیوم ثانی حضرت خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمۃ مع احوال جملہ فرزندان و خلفائے آنجناب بہ تفصیل ہر سال قیومیت و مکاشفات و کرامات و حادثات زمانہ و واقعات سلطنت وغیرہ +

رکنِ سوم در احوال حضرت امام حزب اللہ حجۃ اللہ قیوم ثالث خواجہ محمد نقشبند ثانی علیہ الرحمۃ مع حالات جملہ فرزندان و خلفائے آنجناب بہ تفصیل ہر سال قیومیت و مکاشفات و کرامات عالیہ معہ واقعات و حادثات سلطنت وغیرہ +

رکنِ چہارم در احوال حضرت پیر دستگیر قیوم زمان خلیفۃ اللہ سلطان الاولیا قیوم رابع خواجہ محمد زبیر علیہ الرحمۃ مع احوال جملہ فرزندان و خلفائے آنجناب بہ تفصیل قیومیت و مکاشفات و کرامات معہ واقعات و حادثات سلطنت وغیرہ +

اس کتاب کو ہزار باب کو بڑی تلاش اور تجسس کے بعد بہم پہنچا کر اردو ترجمہ کرا کے چھپوایا گیا ہے امید ہے کہ عاشقان دربار مجددیہ و دلدادگان سرکار معصومیہ خاکبوسان حضرت حزب اللہ فدایان بارگاہ خلیفۃ اللہ اسے حرزِ جان بنائینگے اور خاکسار ان طبع کنندگان کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے +

قیمت

جلد اوّل ہر دو حصہ ۱۲	جلد دوم ہر دو حصہ ۱۲	قیمت مجلد ۱۸	

المشتہران

اللہ والے کی قومی دوکان مالک ملک چنن الدین خلف ملک فضل الدین ککے زئی تاجر کتب منزل نقشبندیہ

کوچہ ککے زئیاں بازار کشمیری لاہور

۱۹۲۲ء

(بغیر مہر دکان مال مسروقہ تصور ہوگا)

Marfat.com

اس کتاب کے تمام حق حقوق بموجب ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۴ء ملک چنن الدین کے نام محفوظ ہیں

سلسلہ تصوف نمبر ۹

العشق نار یحرق ما سوی اللہ

الحمد للہ کہ کتاب بے نظیر نظم و نثر دلپذیر گلدستہ گلستان یقین چراغ کاشانہ دین متین

موسوم بہ مثنوی

تحفۃ العاشقین

مع

تحفۃ العارفین

من تصنیف لطیف سالک حق پرست بادۂ الست مقبول بارگاہ صمد حضرت شاہ عبد الصمد قدس سرہ

جسے

اللہ والے کی قومی دکان مالک ملک چنن الدین خلف الرشید ملک فضل الدین ککے زئی تاجران کتب

منزل نقشبندیہ

کوچہ ککے زئیاں ——— بازار کشمیری

قومی سٹیم پریس لاہور میں باہتمام [illegible] چھپوا کر شائع کیا

بار سوم قیمت فی جلد ایک روپیہ

Marfat.com